اِفناء ۔ ۱۔ فنا کرنا ۔ ۲۔ مٹا دینا ۔
نیست و نابود کرنا ۔
اَفنداک ۔ دھنک ۔ قوس و قزح ۔
افندی ۔ ۱۔ آقا ۔ بزرگ ۔
افندی پیزی ۔ ۱۔ جو مردِ میدان نہ ہو ۔
۲۔ بھگوڑا ، ۳۔ بزدل ۔
اَفواہ ۔ ۱۔ منہ ۔ دہن ۔ ۲۔ چرچا ۔
۳۔ شہرت ۔
اَفواہاً ۔ ۱۔ زبانی کلامی ۔ ۲۔ ایک
منہ سے دوسرے منہ تک ۔
۳۔ بے بنیاد بات ۔
افیال ۔ جمع فیل کی ۔ ہاتھی ۔
اَفول ۔ غروب ہونے والا ۔
افہام ۔ سمجھانا ۔ بیان کرنا ۔
افیونی ۔ شیرہ تریاک کا استعمال
کرنے والا آدمی ۔

ا ۔ ق

اَقارِب ۔ ۱۔ اقرب کی جمع ۔ ۲۔ عزیز ۔
۳۔ رشتہ دار ۔
اَقاصی ۔ اقصیٰ کی جمع ۔ دور رہنے والے ۔
اَقالیم ۔ ۱۔ اقلیم کی جمع ۔ ۲۔ ولائتیں ۔
اقالیم سبعہ ۔ ۱۔ ہفت اقلیم ۔
۲۔ ساتوں ولائتیں مراد ہے ۔
۳۔ ساری دنیا ۔
اقامت ۔ ۱۔ قیام کرنا ۔
۲۔ رہائش پذیر ہونا ۔ کھڑے ہونا
۳۔ نماز کی تکبیر کو بھی کہتے ہیں ۔
اقامت حدود ۔ شرع دین محمدی
کی حد عائد کرنا ۔ (شرعی سزا دینا)
اقامت خیام ۔ خیمے نصب کرنا ۔
اقامہ دلیل ۔ دلیل پیش کرنا ۔
اقامۂ موقتی ۔ عارضی رہائش گاہ ۔
اقبال ۔ ۱۔ خوش بخت ہونا ۔
۲۔ سامنے سے آنا ۔
اقامۂ حجت ۔ احتجاج کرنا ۔
اِقتباس کردن ۔ ۱۔ اخذ کرنا ۔
۲۔ ادھار لینا ۔ ۳۔ روشنی حاصل کرنا ۔
۴۔ علم سیکھنا ۔

اِقتداء - ۱- پیروی کرنا - ۲- امام کے پیچھے نماز ادا کرنا۔
اِقتراض - قرض لینا۔
اِقتصاد - ۱- میانہ روی - ۲- معاشیات
اقصیٰ - ۱- بہت دور - ۲- نیز فلسطین میں حضرت داؤد علیہ السلام کی تعمیر کی ہوئی مسجد - بیت المقدس
اِقحاط - جمع قحط کی -
اقدامِ عاجل - فوری اقدام -
اقدام کردن - } عملی قدم اٹھانا
اقدام نمودن - } آگے بڑھنا، کوشش کرنا۔
اقدس - بہت زیادہ پاک
اقران - ہمسائے اور نزدیکی نشانی - ہمسر۔
اقرار نامہ - تحریری دستاویز
اقطاع - قطعہ کی جمع - زمین کے ٹکڑے - جاگیریں -
اقطاع خوار - جاگیردار -
اقفال - قفل کی جمع - تالے -
اقل - بہت تھوڑا - نہایت قلیل (للاقل - کم از کم)
اقلاً - کم از کم -

اقلام - قلم کی جمع -
اقلیت - اکثریت کا الٹ، کم تعداد والے -
اقلیدس - ۱- علم ہندسہ - ۲- ایک مشہور و معروف کتاب جو اپنے یونانی مصنف اقلیدس کے نام پر مشہور ہے -
اِقلیم - ولایت - ملک - آب و ہوا۔
اقلیما - حضرت آدم علیہ السلام کی بیٹی کا نام - نیز سونے اور چاندی کی آمیزش -
اِقناع - ۱- مطمئن کرنا - ۲- قانع کرنا۔
اقوات - قوت کی جمع - خوراکیں -
اقوال - ۱- قول کی جمع - ۲- باتیں - ۳- گفتار -
اقوال صداقت مآل - ۱- سچی باتیں ۲- سچے وعدے -
اقویا - ۱- قوی کی جمع - ۲- طاقتور لوگ۔
اِقیانوس - ۱- سمندر - ۲- نئی اور پرانی دنیا کے درمیانی سمندر کا نام۔

ا - ک

اَکابر - ۱- اکبر کی جمع - ۲- بڑے بڑے

طا قتور اور امیر کبیر لوگ۔
اُکَار ۔ ۱۔ کاشتکار ۔۲۔ کسان ۔
۳۔ باغبانی ۔۴۔ کھیتی باڑی
کرنے والا۔
اَکَارِم ۔ ۱۔ اکرم کی جمع ۔۲۔ محترم
اور معزز لوگ ۔۳۔ بہت بخشش
کرنے والے۔
اَکَاسِرَہ ۔ ۱۔ کسریٰ کی جمع ۔۲۔ خسروان
خسرو اسی کا مفرس ہے۔
۳۔ نوشیروان عادل کا لقب تھا
جو بعد میں ایرانی بادشاہوں کے لیے
استعمال ہونے لگا۔ لفظ کسریٰ
شاہان ایران سے اسی طرح مخصوص
ہے جیسے رومی حکمرانوں کے لیے قیصر۔
(قیصر روم)
اَکَالِیل ۔ ۱۔ اکلیل کی جمع ۔۲۔ تاج۔
اَکْبَر ۔ بہت بڑا۔
اکبری ۔ سونے کا ایک سکہ ۔ جو مغلیہ
دور میں اکبر اعظم کے عہد میں رائج
ہوا۔
اکبیر ۔ روحانی کثافت۔
اکبیری ۔ جسے روحانی فلاکت اور
کثافت نے دبا رکھا ہو۔

اِکْتِسَاب ۔ ۱۔ کسب کرنا۔
۲۔ اپنی محنت اور مشقت سے
روزی کمانا۔
اِکْتِشَاف ۔ ۱۔ دریافت کرنا۔
۲۔ کشف کرنا۔
اَکْثَر ۔ بہت زیادہ۔
(حد اکثر ۔ زیادہ سے زیادہ)
اکراد ۔ جمع ہے کُرد کی ۔ ایک قبیلہ
کا نام ہے ۔ یہ قوم اکثر و بیشتر ایران
اور عراق کی سرحد پر بستی ہے اور
اس علاقے کو کردستان کہتے ہیں۔
۲۔ نیز کُرد بمعنی جاہل ۔ احمق ۔ اکھڑ
دِلش کن این کُرد است ۔ اسے
چھوڑ دو یہ تو بس پھوہڑ اور جاہل ہے
اِکْرَاہ ۔ ۱۔ نفرت ۔۲۔ بددلی۔
اَکْرَم ۔ ۱۔ بہت بزرگ۔
۲۔ صاحب بخشش۔
اکسیر ۔ کیمیا۔
اکسیر دولت ۔ خوشحال۔
اکسیر رنگ ۔ شراب۔
اِکْل ۔ کھانا۔
اِکْلِیل ۔ ۱۔ تاج ۔ کلاہ شاہی نیز
۲۔ چاند کی ایک منزل کا نام۔

اَکمل - کامل ترین

اَکمہ - ۱- مادرزاد یعنی پیدائشی اندھا -
۲- اونچا ٹیلا -

اَکناف - ۱- جمع کنف کی - ۲- طرفین
۳- کنارے - (اطراف و اکناف)

آکندن - بھرنا -

اکنون - ۱- اب - ۲- حالا -
۳- اس وقت -

اَکوان - ۱- کون کی جمع - ۲- مخلوقات
۳- موجودات - ۴- نیز شاہنامہ فردوسی میں ایک دیو کا نام بھی ہے - جو ایک لڑائی میں رستم کے ہاتھوں مارا گیا -

اَکول - ۱- پیٹو - ۲- بہت زیادہ کھانے والا -

اَکید - سخت - مضبوط -

اکیداً - ۱- سختی سے - ۲- مضبوطی کے ساتھ -

ا - گ

اگر - حرفِ شرط -

اگِر - مخفف ہے اگر کا اور عامیانہ بول چال میں استعمال ہوتا ہے

اگر آب در دست داری مخور - مراد ہے دیر ہرگز مت کرو جس حال میں بھی ہو فوراً چلے آؤ -

اگر اسپ تازی است یک تازیانہ - بھلے مانس کو ایک بات اور اچھے گھوڑے کو فقط ایک لات ہی کافی ہوتی ہے -

اگر با بیل زنی باغچہ خود را بیل بزن - اگر ایسے ہی رنگریز ہو تو پہلے اپنی داڑھی کو کیوں نہیں رنگتے - مراد ہے کہ جو نقص تم دوسروں میں بتا رہے ہو وہ عیب تو تم میں خود بھی موجود ہے پہلے اس کی اصلاح کیوں نہیں کرتے -

اگر بوشی رختی نشینی تختی بہ بینم بچشم آنوقتی - تم خواہ کتنے ہی بلند و بالا اور اعلیٰ منصب پر پہنچ جاؤ میں تو تمھیں اسی نگاہ سے دیکھوں گا جیسا کہ بچپن میں تمھیں دیکھتا تھا جب تم کچھ بھی نہ تھے -

اگر بدریا رود دریا خشک می شود - نہایت ہی منحوس اور سبز قدم آدمی -

اگر خار کاری سمن نکاری ۔ ۱۔ ببول کے بیج بو کر پھول کیسے کاٹ سکتے ہو ۲۔ جیسا بوؤ گے ویسا ہی کاٹو گے۔

اگر خدا را دوست میداری ۔ یہ جملہ کسی کو قسم دیتے وقت کہتے ہیں کہ اگر تم خدا پر اعتقاد کامل رکھتے ہو تو ایسے ہی کرنا۔

اگر برداری برداریند ۔ دوسروں سے اگر سختی کرو گے تو تم سے بھی سختی کی جائے گی۔ ۲۔ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے۔

اگر یا در حنا داری مشو بہ رجوع کریں۔

اگر تو دولی من بند دو لم ۔ تم اگر سیر ہو تو میں سوا سیر۔ ایسے کو تیسا۔

اگر جراحی رودہ خودت را جا بگذار۔ دوسروں کا مزاج پوچھنے سے پہلے اپنا علاج تو کرا لو۔

اگر چہ زن بلا است الٰہی ہیچ خانہ بی بلا نباشد ۔ بدخو بیوی گھر کو جہنم بنا دیتی ہے۔ ؎

زنی را کہ جہل است و ناراستی
بلائی سر خود نہ زن خواستی
(سعدیؒ)

لیکن اس کے باوجود اس کا ہونا بڑا ضروری ہے، وہ اگر نہ ہو تو گھر جہنم سے بھی بدتر۔

اگر خدا بخواہد از خرہم می دہد۔ خدا جب دیتا ہے تو چھپر کھٹ پھاڑ کر دیتا ہے۔

اگر خر نمی بود قاضی نمی شد ۔ بات یوں ہے کہ کسی رشوت خور قاضی نے گدھا رشوت میں لے کر ملزم کو رہا کر دیا۔ وہ باہر آکر کہنے لگا کہ گدھا ہی کام آیا۔ اگر گدھا نہ ہوتا تو میں قاضی کو کیسے راضی کر سکتا تھا۔

اگر دہانش را نگیرند جی ہا نخواہد شد۔ اگر اس کا منہ بند نہ کیا گیا تو اک ہنگامہ اور فتنہ بپا ہو جائے گا۔

اگر در دم یکی بودی چہ بودی ۔ ہجوم کشمکش میں گھبرا کر انسان پکار اٹھتا ہے ۔ مراد ہے ایک جان اور ہزار دکھ۔

اگر دماغش را گرفتی جانش در می آمد نہایت ہی نحیف و نزار، اور لاغر، بس ایک ہی اشارے کا منتظر۔

اگر دیدند شوخی اگر ندیدند جدّی ۔

بعض احباب ہنسی مذاق میں دوستوں کی چیزیں چھپا لیتے ہیں اگر پکڑے جائیں تو کہہ دیتے ہیں کہ یہ تو فقط از ازراہ مذاق تھا اور اگر نہ پکڑے جائیں تو ہضم کرجاتے ہیں۔

اگر دیر گفتی گُل گفتی ۔ پہلے بات کو تولو پھر منہ سے بولو۔

اگر را کاشتند سبز نشد ۔ اگر مگر سے بات نہیں بنتی جب تک ٹھوس کام نہ کیا جائے۔

اگر راستی کارت آراستی ۔ سانچ کو آنچ نہیں۔

اگر سر بایدت سِر را نگہدار ۔ اگر سلامتی درکار ہے تو افشائے راز سے بچو۔

اگر عبداللطیف بگذارد ۔ خدا بخش دے تو کوئی مقام تعجب نہیں۔ لیکن مولوی صاحب نہ چھوڑیں گے۔

اگر کاہ از تو نیست کاہدان از تست مفت کا کھانا سامنے دیکھ کر پل پڑنے والے اور بُری طرح کھانے والے انسان کو کہتے ہیں کہ کھانا اگر مفت کا ہے تو پیٹ تو تمہارا اپنا ہے۔

اگر گل در دست داری بتو رجوع کریں اگر آب در دست داری

اگر گوید ماست سفید است باور نمیکنم ۔ پرلے درجے کا جھوٹا آدمی جو اگر سچ بول بھی دے تو لوگ یقین نہ کریں۔

اگر لالائی میدانی چرا خوابت نمی برد رجوع کریں اگر جراحی چرا روزہ را جانمی گزاری۔

اگر لُر بازار می رفت بازار می گندد ۔ بیوقوف اور احمق نہ ہوتے تو پھر نکمی چیزوں کو کون خریدتا۔

اگر نان گندم نیست زبان مردمی تو کجا است ۔ اگر خیرات نہیں دیتا تو کڑوا جواب تو نہ دے۔

اگر ہفت دختر کور داشتہ باشد آنا بشوہر می دہد ۔ نہایت ہی چالاک، زرنگ اور آفت کا پرکالا ہتھیلی پر سرسوں جمانے والا۔

ا - ل

الا ۔ ا ۔ حرف تنبیہ،

الا ای یوسف مصری کہ کردت سلطنت مغرور
پدر را باز پرس آخر کجا شد مہر فرزندی
(حافظ)

۲۔ کلمہ خطاب بمعنی اسے
الا یا ایہا الساقی ادر کاساً و ناولہا
کہ عشق آسان نمود اول ولی افتاد مشکلہا
اِلّا ۔ ۱۔ حرف استثنیٰ ۔ ۲۔ مگر ۔ سوا ۔
۳۔ بجز ۔ (ہمہ آمدند الا احمد)
الآن ۔ اسی وقت ۔ فوراً ۔ ابھی ۔
الافون ولافون ۔ سرگردان و پریشان
الاغ ۔ گدھا ۔
الامان ۔ دعائیہ اور التجائیہ کلمہ ہے ، امان اور پناہ مانگنا ۔
اِلاہ ۔ اللہ ۔ خدائے بزرگ و برتر ۔
الٰہیات ۔ ۱۔ علم حکمت کی ایک قسم
۲۔ علم الٰہی کے مسائل ۔
اَلباب ۔ جمع لب کی یعنی عقلیں ۔
فہم و ادراک ہای انسانی ۔
البتہ ۔ یقیناً ۔
اَلبسہ ۔ لباس کی جمع ہے ۔ کپڑے ۔
اَلپ ۔ ۱۔ بہادر ۔ ۲۔ دلیر ۔ ۳۔ ہیرو ۔
اَلپ ارسلان ۔ سلجوقی خاندان کے نامور بادشاہ اور ملک شاہ سلجوقی کے باپ کا نام جو بہت وسیع سلطنت کا مالک تھا ۔ اور جس کی آخری آرامگاہ "مرو" میں ہے ۔

اِلتجا ۔ خواہش ۔ آرزو ۔ پناہ لینا ۔
اِلتحاف ۔ لحاف اوڑھنا ۔
اِلتذاذ ۔ لذت اٹھانا ۔ مزے لینا ۔
اِلتزام ۔
اِلتزام دادن ۔ } بیڑہ اٹھانا ۔
اِلتزام گرفتن ۔ } کسی چیز کی ذمہ داری لینا
اِلتزام نامہ ۔ عہدنامہ ۔ معاہدہ کی سند ۔
اِلتزامی ۔ لازمی ۔ اجباری ۔
التفات کردن ۔ } توجہ کرنا
التفات فرمودن ۔ }
التفات ملوکانہ ۔ شاہانہ نوازش کے لیے توجہ ۔
التماس ۔ خواہش کرنا ۔ عرض ۔ معذرت ۔
اِلتوا ۔ آگے ڈال دینا ۔ دیر اور تاخیر کرنا ۔
اِلتہاب ۔ شعلہ کا بھڑک اٹھنا ۔
اِلتیام ۔ زخموں کا بھر آنا ۔ مندمل ہونا ۔
اَلجبر ۔ الجبرا ۔ جبر و مقابلہ ۔ علم ریاضی کی ایک شاخ کا نام جس میں نامعلوم مقدار کو فرض کر کے سوال حل کر لیتے ہیں ۔
اَلجروح القصاص ۔ زخموں کا بدلہ ۔
اَلحاح ۔ ۱۔ گڑگڑانا ۔ ۲۔ منت

سماجت کرنا۔
اِلحاد ۔ ۱۔ ملحد ہو جانا ۔ ۲۔ دینِ حق سے پلٹ جانا ۔ ۳۔ لحد بنانا ۔ ۴۔ نیز مردے کو لحد میں اتارنا۔
اَلحاصِل ۔ ۱۔ حاصل کلام ۔ ۲۔ قصہ کوتاہ ۔ ۳۔ خلاصہ کلام ۔
اِلحاق ۔ ۱۔ ملحق کرنا ۔ ۲۔ پیوند کرنا ۔ ۳۔ جوڑنا ۔
اِلحاقی ۔ ۱۔ جو کچھ ابتدا میں ہو اُس پر بعد میں کچھ بڑھا دینا ۔ ۲۔ جعلی ۔
اَلحق ۔ حقیقتاً ۔
اَلحال ۔ ابھی ابھی ۔ حال ہی ہیں ۔
اَلحان ۔ ۱۔ جمع لحن کی ۔ ۲۔ آوازیں ۔ ۳۔ نغمے اور گیت ۔
اَلحکمُ للّٰہ ۔ سب حکم اللہ ہی کے واسطے ہیں ۔ ؎
حکمراں ہے اک وہی باقی بتان آذری
اَلحمدُ خواندن ۔ ۱۔ قرآن مجید کی ابتدائی سورت (سورۂ الحمد) پڑھنا ۔ ۲۔ دعا مانگنا ۔ ۳۔ اپنے گناہوں سے تائب ہو کر آمرزش کرنا ۔
الرَّحِیل ۔ ۱۔ قافلے کی روانگی ۔ ۲۔ کوچ ۔ جب قافلے کے چلنے کا وقت آتا ہے تو نقیب بلند آواز سے پکارتا پھرتا ہے الرّحیل ، الرّحیل یعنی اب یہاں سے رحلت یعنی کوچ کا وقت ہے ۔
اِلزام ۔ ۱۔ کسی کام یا چیز کا اپنے اوپر یا کسی دوسرے پر لازم کرنا ۔ ۲۔ کوئی کام کسی کے سپرد کرنا ۔ ۳۔ ترغیب دینا ۔ ۴۔ کسی پر کوئی بات لگانا ۔
اِلزامی ۔ واجب
اَلَستُ ۔ قرآن مجید کی ایک آیت محکمہ اَلَستُ بِرَبِّکُم کی طرف اشارہ ہے آفرینش کائنات کا دن نیز میثاق الست کی طرف اشارہ ۔ جب خدا نے تخلیق کائنات کے وقت روحوں سے پوچھا "اَلَستُ بِرَبِّکُم" کیا میں تمہارا خدا نہیں ۔ تو روحوں نے جواب دیا تھا قالُو بلیٰ ، کہ ہاں تو ہی ہمارا خالق اور مالک ہے ۔
اَلسِّنَّ بِالسِّن ۔ قصاص یعنی دانت کے بدلے ۔
اَلسِنہ ۔ جمع لسان کی ۔ زبانیں ۔
اَلسَّاعَۃ ۔ اسی وقت ۔ الآن ۔

اَلطاف ۔ لطف کی جمع ۔ مہربانیاں
عنایات ۔
العاب ۔ لعب کی جمع ۔ کھیلیں ۔
کھیل کود ۔ بازی ہا ۔
اَلعَطَش ۔ پیاس ۔ نیز پیاس پیاس کی
رٹ لگانا ۔
اَلعِیاذاً باللہ ۔ کلمہ تعجب وحیرت ۔
۲۔ خدا کی پناہ ۔ ۳۔ اللہ امان دے ۔
۴۔ کہیں ایسا نہ ہو جائے ۔ مبادا
ہرگز ۔
اَلعَین بِالعَین ۔ رجوع کریں ۔ السن ۔
اُلُغ ۔ بہت بڑا بزرگ ، نامور ۔
اِلغاء تنسیخ ۔ منسوخی ۔
اَلغاء کردن } منسوخ کرنا ۔
اَلغاء نمودن } باطل کرنا ۔
اَلغرض ۔ حاصل کلام ۔ غرض یہ کہ ۔
اَلغوزا ۔ بانسری کا جوڑا ۔
اَلغیاث ۔ ۱۔ فریاد ۔ ۲۔ دہائی ۔
۳۔ مدد کے لیے پکارنا ۔
اَلف ۔ ایک ہزار ، ۱۰۰۰ ۔
اَلف از باند انستن ۔ ۱۔ مطلق جاہل
۲۔ ان پڑھ ۔
اَلف خنجری ۔ چھوٹا سا الف جو
بعض الفاظ کے اوپر عربی رسم الخط
میں کھینچا جاتا ہے ۔ جیسے موسیٰ ،
عیسیٰ ، اسحٰق ، اسمٰعیل اور رحمٰن ۔
اَلف قامت ۔ ۱۔ راست قد ۔
۲۔ بالکل الف کی طرح سیدھا ۔
۳۔ مژگان ۔
اَلف قد ۔ رجوع بہ بالا ۔ نیز ہزار
سال بعد پیدا ہونے والا دیدہ ور ۔
اَلف کوفی ۔ ٹیڑھا الف ۔
اِلقاء ۔ دل پر کوئی بات ڈالنا ۔
اِلقاء شبہ ۔ کسی کو شبہ میں ڈال دینا ۔
القاء کردن ۔ یاد دلانا ۔
اِلقائی ۔ وہ بات جو بولنے والے کی اپنی
نہ ہو بلکہ دوسرے کی القا کردہ ہو ۔
اَلقاب ۔ لقب کی جمع ۔ ۱۔ وصفی نام
۲۔ وہ نام جس سے عزت یا شرافت
ٹپکتی ہو ۔ ۳۔ وہ خطاب جو حاکم
کی طرف سے عطا ہو ۔ ۴۔ نیز
خط و کتابت میں مخاطب کو ایڈریس
کرنے کا طریق ۔
القصہ ۔ قصہ کوتاہ ۔
اَلَک ۔ نہایت باریک چھاننے والی
چھلنی جس کی تاریں بہت باریک ہوں ۔

الک دولک ۔ گلی ڈنڈا۔
الک کردن ۔ چھاننا۔ آٹا۔ مٹی، ریت یا سیمنٹ وغیرہ کو صاف کرنے کی غرض سے چھاننا۔
الکٹریک ۔ بجلی۔
الکل ۔ الکحل، شراب
الکلی ۔ شراب پینے والا۔
الکن ۔ ۱۔ ہکلا ۔ توتلا۔ ۲۔ گنگ و لال ۳۔ شرابی۔
الگو۔ نمونہ۔ سرمشق۔
اللہ بختی ۔ اتفاقاً
الہ کلنک ۔ بچّوں کی ایک کھیل کا نام
اَلمَکَاتِبات نِصفُ المُلاقات ۔ خط و کتابت آدھی ملاقات کے برابر ہوتی ہے۔
الماس ۔ ہیرا۔
المثنیٰ ۔ دوسرا نسخہ۔
اَلَمْ نَشرح ۔ ظاہر۔ عیاں آشکار۔
الموت ۔ قزوین اور گیلان کے درمیان ایک مشہور قلعہ کا نام جسے حسن بن صباح سے منسوب کرتے ہیں۔
النگو۔ چوڑیاں۔
[illegible]

الواح عشرہ ۔ وہ دس احکام جو حضرت موسیٰ علیہ السّلام اپنی اُمت بنی اسرائیل کے لیے حق تعالیٰ سے لائے اور ہر ایک کو ایک تختی پر لکھا ہوا تھا ان پر عمل کرنے کی بجائے ان کی عدم موجودگی میں سامری کے بہکانے پر وہ بہک گئے اور گائے کے بچھڑے کی پرستش کرنے لگے۔
الوار ۔ لکڑی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے جو لکڑی کے کام میں تختہ بندی کے کام آتے ہیں۔
الواط ۔ لوطی کی جمع ۔ اوباش غنڈے بیہودہ اور بدمعاش۔
الواط بازی ۔ غنڈہ گردی۔
الواطی ۔ مسخرہ پن۔ بیہودگی
الواطی کردن ۔ اوباشوں اور غنڈوں جیسی زندگی بسر کرنا۔
اُولُوالعزم ۔ پختہ عزم اور ارادے والا۔
اَلوان ۔ جمع ہے لون کی ۔ بمعنی رنگ مختلف رنگتیں۔
الوداع گفتن ۔ ایک دوسرے سے ۔ [illegible] باہم [illegible] خدا حافظ کہنا۔

الُوف ۔ الف کی جمع ۔ ہزاروں ہزار
اَلوند ۔ ہمدان میں ایک اُونچے پہاڑ کا
نام ہے ۔
اُلوہیت ۔ معبودیت ۔ خداوندی ۔
الہ و لہ خوردن ۔ الابلا کھانا ۔
الہا ۔ اے خدا ۔ الف ندا یہ ہے ۔
الہام ۔ خدا کی طرف سے دل میں کوئی
بات آنا ۔ ۲ ۔ دل میں نیک خیال
ڈالنا ۔
الش دگش ۔ مبادلہ
الم شنگہ ای ۔ جار دجنجال ۔ ہاؤ ہو
شور و غل ۔
الہام شدن } اچانک خدا کی طرف
الہام کردن } سے کسی بات کا دل
میں آجانا ۔
الہام گرفتن ۔ تعلیم پانا ۔ بہرہ مند ہونا
عمر خیام از بو علی سینا الہام گرفت ۔
الٰہی بزمین گرم بخوری ۔ بددعا ہے
خدا کرے تم ہمیشہ تپتے رہو ۔ کبھی
آرام نصیب نہ ہو ۔
الٰہی طفل بی بابا نباشد ۔ خداوند تعالیٰ
کسی کو یتیمی کے دن نہ دکھائے ۔
الٰہی ہیچ سفرہ بیک نانہ نباشد ۔

اکلوتا بیٹا ماں باپ کی آنکھوں کا
تارا ہوتا ہے مگر وہی عزیز از جان
ہستی مستقل درد سر بھی ہوتی ہے
کیونکہ ہر وقت اس کی صحت، سلامتی
اور جان کا خطرہ دامنگیر رہتا ہے
ذرا آنکھوں سے اوجھل ہوا تو دنیا
اندھیر ۔
اللہ بس اور باقی ہوس ۔ دائمی بقا
صرف ذات خداوندی کو ہے باقی
سب عارضی اور فانی چیزیں ہیں ۔
الیٰ ۔ حرف جار ۔ تک ۔ از ۔ الی ۔
الیٰ الآبد ۔ تا ابد ۔ رہتی دنیا تک ۔
اِلیاس ۔ ایک پیغمبر کا نام جو حضرت
خضر علیہ السلام کے عم زاد ہیں اور
جن کے متعلق مشہور ہے کہ وہ
سمندروں اور پانیوں میں بھٹک
جانے والوں کی رہنمائی کرتے ہیں ۔
ع نہ پکڑیں دامن الیاس گرداب بلا میں ہم
کہ بدتر ڈوب کر مرنے سے ہے جینا سہارے
(ذوق)
اِلیاسین ۔ حضرت الیاس علیہ السلام کے
پیرو ۔
الیاف ۔ ریشے ۔ تار ۔

ا م

اُم ۔ ماں ۔ سرچشمہ ۔ بنیاد
اُمّ الْاَمْراض ۔ ا۔ بیماریوں کی جڑ یا منبع
۲۔ زکام اور کھانسی ۔
اُمّ الجیش ۔ مادر فوج ۔ جھنڈا ۔
اُمّ الخبائث ۔ خباثتوں کی جڑ ۔
شراب ۔
اُمّ الرذائل ۔ رذالتوں کی جڑ ۔
جہالت ۔
اُمّ الصبیان ۔ بچّوں کی ایک بیماری
کا نام ہے جسے عرف عام میں ڈبہ
یا اٹھرا کہتے ہیں ۔
اُمّ الطعام ۔ گندم
اُمّ الفضائل ۔ علم و فضل ۔
اُمّ القریٰ ۔ مکّہ معظمہ ۔
اُمّ الکتاب ۔ لوح محفوظ ۔
قرآن مجید ۔
اما بعد ۔ اس کے بعد
امارت ۔ ا۔ سرداری ۔ امیری ۔
۲۔ نیز ملک کا حصّہ جو کسی شہزادے
یا والی کے تحت ہو (ریاست)
امراطریس ۔ ملکہ ۔

امپراطور ۔ شہنشاہ ۔
امارہ ۔ حساب ۔ شمار
امارہ گیر ۔ حساب لینے والا ۔ اکاؤنٹنٹ
اماس کردن ۔ سوج جانا ۔ ورم آجانا ۔
اَماکن ۔ دکان کی جگہ ۔ مکانات ۔
امالہ ۔ جھکانا ۔ اصطلاح میں الف یا
زبر کو اس قدر زیر کی طرف جھکانا
کہ "ی" کی آواز پیدا ہو جائے
جیسے کتاب سے کتیب اور حساب
سے حسیب ۔
اِمالہ کردن ۔ حقنہ کرنا ۔ معدے کا
پاک کرنا ۔
امام ۔ ا۔ پیشوا ۔ نماز کا امام ۔
امام جماعت ۔ پیش امام ۔
امام سبحہ ۔ تسبیح کے اوپر کا سب سے
لمبا دانہ ۔
امام غزالی ۔ طوس کے نزدیک "غزالہ"
نامی ایک جگہ ہے ۔ امام محمدؒ موصوف
وہاں کے رہنے والے تھے ۔ بہت
بڑے عالم ۔ فاضل ۔ فلسفی اور صوفی
تھے ۔ انھیں مجتہد الامام بھی کہتے ہیں
وہ بہت سی بے مثال اور مفید مطلب
دینی کتب کے مصنف ہیں، جن میں

احیاء علوم والدین سرفہرست ہے
امام غریب - حضرت امام زین العابدینؓ -
امام مظلوم - حضرت امام حسینؓ
امام ناطق - حضرت امام جعفر صادقؓ
امامیہ - شیعوں کا ایک فرقہ جو بارہ اماموں کے سوا کسی کو صاحب ولایت تصور نہیں کرتے -
امان پذیر - پناہ کے سزاوار - بخشش کے لائق -
امان خواستن - پناہ مانگنا، لڑائی سے ہاتھ کھینچ لینا یا ہتھیار رکھ دینا -
امانت کار - امین -
امانت گزار - جو کسی کے پاس اپنی چیز یا کوئی رقم امانت کے لیے رکھے -
امانتی - جو چیز بطور امانت رکھی جائے -
امتثال - ۱- فرمانبرداری - متابعت ۲- مثل بیان کرنا -
(ما امتثالِ امر کردیم)
امتداد - درازی - وسعت - توسیع -

امتداد دادن - وسیع کرنا، وسعت دینا.
امتداد یافتن - وسعت ملنا -
امتزاج - ملاوٹ - آمیزش - دو یا زیادہ چیزوں کا باہم ملنا یا ملانا -
(مزاج سعادت امتزاج یعنی سعادتوں اور خوبیوں سے بھرا ہوا مزاج)
امتعہ - جمع متاع کی - پونجیاں - سرمائے
امتلاء - ۱- معدے کا بھر جانا - ۲- امتلا معدہ - ۳- بدہضمی -
امتناع - روکنا - منع کرنا -
امتناع ورزیدن } انکار کرنا
" کردن }
امتنان - ۱- احسان کرنا - ۲- شکر گزار ہونا - ۳- ممنون ہونا -
امتیاز - خصوصیت - برتری - خصوصی رعایت جو کسی حکومت کی طرف سے کسی چیز کے تیار کرنے یا کسی کان کو کھودنے کے لیے کسی کمپنی، ادارے یا کسی فرد واحد کو دی جاتی ہے -
امتیاز نامہ - ۱- مراعات نامہ - ۲- امتیازی سند - ۳- لائسنس -

امتیاز نفت ۔ تیل نکالنے کی مراعات ۔
امتیاز کردن ۔ برتری دینا ۔
امثال ۔ ۱۔ مثل کی جمع ۔ ۲۔ کہاوتیں ۳۔ سخنان معمولی ۔
۴۔ مانند اور برابر ۔
مثال شما ۔ تمھارے جیسے ۔ آپ جیسے
امثلہ ۔ مثال کی جمع ۔ مثالیں ۔
امجاد ۔ بزرگان ۔
امحاء ۔ ۱۔ محو کرنا ۔ ۲۔ مٹا دینا ۔
۳۔ ملیا میٹ کر دینا ۔
امخنتہ ۔ عادی ۔
آمدم ثواب کنم کباب شدم ۔ گئے تھے نماز بخشوانے ۔ الٹے روزے گلے پڑے ۔
امر ۔ حکم ۔
امر ربی ۔ عام طور پر "موت" کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔
امر فرمودن / " دادن / " کردن } حکم دینا فرمان جاری کرنا
امرار ۔ گذارنا
امرار معاش کردن ۔ / " " نمودن ۔ } اوقات بسر کرنا روزی کمانا
اَمراض داخلی ۔ اندرونی بیماریاں ۔ پوشیدہ امراض ۔
اَمراض مزمن ۔ پرانی اور لمبی بیماریاں
اُمراض مری ۔ وبائی بیماریاں ۔
امرد ۔ بے ریش، خوبصورت لونڈا ۔
امرد پرست ۔ لونڈے باز ۔
امر معروف ۔ ۱۔ نیک کاموں کا حکم دینا یا ۲۔ اچھی باتوں کی تلقین کرنا ۔
امر و نہی کردن ۔ کسی پر حکم چلانا، من مانی کرنا اور کروانا ۔
امروز ۔ آج کا ۔ یا گاہے آج کل
امروز تخم کار کہ فردا مجال نیست آج کا کام کل پر مت چھوڑو ۔
امروز در قلمرو دل وست دست تست (ع ای کہ دستنت می رسد کاری بکن) کچھ کر لو اٹھتی جوانی ہے یا بہتی گنگا میں ہاتھ دھو لو ۔
امروز نقد فردا نسیہ ۔ آج نقد کل ادھار ۔
امروز و فردا کردن ۔ ٹال مٹول کرنا، لیت و لعل کرنا ۔

امروزین - آج کل -
امزجہ - جمع مزاج کی - طبائع -
امیددادن - امید دلانا -
ڈھارس بندھانا -
امید بریدن - } ناامید ہونا
" گسستن } مایوس ہونا
امیدداری - آس - امید نیز
صورت حمل -
امیر - ۱- رئیس - سردار - حاکم
۲- شاہان افغانستان کا لقب
(امیر کابل)
امیرالامرا - وزیر اعظم یا فرمانروائے کل
امیر آب حیوان - حضرت خضرؑ
امیر آخور - داروغہ اصطبل -
امیر البحر - سمندری کمانڈر
امیر الجیش - کمانڈر انچیف
امیر کاروان - قافلے کا سردار
امیر المومنین - ۱- حضرت علیؑ کا لقب
۲- مسلمانوں کا دنیوی حاکم اعلیٰ،
خلیفہ وقت -
امیرال - سمندری کمانڈر -
امیر صاحب ولق - حضرت علیؓ
کا لقب -

امین - امانت دار - قابل اعتبار -
امین وحی - حضرت جبرائیل علیہ السلام
جو پیغمبروں پر وحی لانے کا کام
انجام دیتے تھے -

ا - ن

انابت - ۱- رجوع کرنا -
۲- تائب ہونا - ۳- زاری کرنا -
۴- بازگشت بر حق -
انار یٰسین - وہ انار جو "نوروز" کی
عید ملی کے دن کئی مرتبہ سورۂ
یٰسین پڑھ کر کوئی آدمی خود ہی
اکیلا اسے کھائے ایرانیوں کے
عقیدے کے مطابق وہ انار اسے
سال بھر ہر قسم کی دکھ، بیماری اور
ابتلا و مصائب سے مامون و محفوظ
رکھتا ہے -
اناث - ذکور کا الٹ، عورتیں -
اناجیل - انجیل کی جمع - دین عیسیٰؑ
کی مذہبی کتابیں -
انارت - روشن کرنا - نورانی کرنا -
انار فریاد - مشہور عوام ہے کہ فرہاد کو
کوہ بیستون پر جب شیریں کی موت

کی خبر ملی تو وہ اپنے سر پر تیشہ مار کر مر گیا، اُس تیشے کا دستہ انار کی لکڑی کا تھا۔ جو زمین پر گرا اور گرتے ہی زمین میں پیوست ہوکر سرسبز ہوگیا اور پھر سے انار کا ہرا بھرا درخت بن گیا۔

اَنَاھم ۔ خدا کی مخلوق ۔ بندگانِ خدا ۔

اَنَانیّت ۔ ۱۔ خودی ۔ ۲۔ تکبّر۔ ۳۔ مغرور۔

انبار ۔ ذخیرہ کرنے کی جگہ ۔ سٹور۔

انبار خانہ ۔ میگزین ۔ جہاں پر گولہ بارود جمع کیا جاتا ہے۔

انبار دار ۔ سٹور کیپر ۔ محافظ سٹور ۔

انباردن } ذخیرہ اندوزی کرنا۔
انبارکردن } جمع کرنا۔
انباریدن }

انبار داری ۔ قحط کے دنوں کے لیے غلہ یا دیگر چیزوں کا ذخیرہ کرنا ۔

انباز ۔ شریک ۔ ساجھی ۔

انباشتن ۔ پُر کرنا ۔ بھرنا ۔

انبان ۔ ۱۔ بکری کی عمدہ ترین کھال ۲۔ چمڑے کا تھیلا ۔ ۳۔ نعمت دان ۔ ۴۔ پیٹو ۔

انبان باد ۔ ۱۔ پیٹ ۔ ۲۔ ڈھول کا پول ۳۔ کھوکھلا ۔ ۴۔ شکم خالی ۔

انبان سلیمان ۔ ۱۔ مسافر کا وہ تھیلا جس میں وہ اپنا زادِ راہ ڈال کر سفر پر نکلتا ہے ۔ ۲۔ کہتے ہیں حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس چمڑے کا ایک تھیلا تھا ۔ وہ جو چیز چاہتے تھے اس میں سے نکل آتی تھی ۔

اَنبُر ۔ چمٹا ۔ آتش گیر ۔

انبردست ۔ کاریگروں کے اوزار، جن سے وہ تپتی ہوئی چیزوں کو پکڑتے ہیں ۔

انبساط ۔ ۱۔ کھلنا ۔ ۲۔ کشادہ ہونا ۔ ۳۔ نیز خوشی اور مسرّت ۔

انبعَاث ۔ مبعوث ہونا ۔

اَنبُوہ ۔ بھرا ہوا ۔ گروہ ۔ ہجوم ۔

انبوہ ریش ۔ گھنی داڑھی یا گھنی داڑھی والا انسان ۔

اَنبہ ۔ آم ۔

اَنبیاء ۔ نبی کی جمع ۔ پیغمبران ۔

انباشتن ۔ رجوع بہ انباشتن ۔

انتباہ ۔ ۱۔ خبردار ہونا ۔ ۲۔ ہوش میں آنا ۔

۲۔ بیدار ہونا۔
اِنتحار۔ خودکشی۔
اِنتحار کردن۔ خودکشی کرنا۔
اِنتخابات۔ الیکشن۔ صوبائی یا مرکزی اسمبلیوں کے لیے نمائندے چننا۔
اِنتساب۔ منسوب کرنا۔ اپنا نسب ظاہر کرنا۔ نسبت دینا۔
(افواج ظفر انتساب)
اِنتشار۔ پھیل جانا۔ پراگندہ ہونا۔ اشاعت پانا۔
اِنتشارات۔ مطبوعات۔
(یکی از انتشارات دانشگاہ)
اِنتصاب۔ تقرر ہونا۔ مقرر ہونا۔
اِنتصاف۔ نصف کرنا۔
اِنتظار داشتن } منتظر ہونا
" کشیدن }
اِنتعاش۔ عیش و عشرت کرنا۔
اِنتقاد۔ تنقید۔
اِنتقاد نمودن۔ تنقید کرنا۔
اِنتقال۔ منتقل ہونا ایک جگہ سے دوسری جگہ چلے جانا۔ نقل مکانی کرنا اس دنیا سے اُٹھ جانا (انتقال پُرملال)
اِنتقال دادن۔ تبدیل کرنا۔

اِنتقام کشیدن۔ بدلہ لینے جانا۔
" گرفتن۔ بدلہ لینا۔
اِنجاح۔ حاجت برآری کرنا۔ مطلب پورا کرنا۔
انجاس۔ نجس کرنا۔ پلید کرنا۔
انجام دادن۔ } انجام دینا
" یافتن۔ } ختم ہونا۔ سرے لگنا
اِنجذاب۔ جذب کرنا۔
اَنجُم۔ جمع ہے نجم کی۔ ستارے
اِنجماد۔ منجمد ہونا۔ جم جانا۔
انجم سپاہ۔ ستاروں کی طرح ان گنت فوج یا لاتعداد فوج رکھنے والا۔
انجم سوز۔ سورج۔ جس کے نکلنے پر ستارے غائب ہوجاتے ہیں۔
انجم شکوہ۔ عالیشان۔
انجم شناس۔ ۱۔ ستارہ شناس۔ ۲۔ نجومی ۳۔ جوتشی۔
انجمن آرا۔ انجمن کو تشکیل دینے والا۔
انجیل۔ وہ آسمانی کتاب مقدس جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔
اِنحراف۔ پھر جانا۔ حکم عدولی کرنا۔
اِنحصار۔ ۱۔ منحصر ہونا۔ ۲۔ دار و مدار ہونا۔

۲۔اجارہ داری۔
اِنحطاط۔ زوال۔
اِنحنا۔ ٹیڑھا ہونا منحنی ہونا۔
اَنْد ۔ا۔است کی جمع اور صیغہ جمع غائب
کی صورت۔
۲۔ چند۔ دس سے کم۔ایک اور نو
تک۔مثلاً پدر حسن صد و اند سال عمر کرد
یعنی حسن کا باپ کوئی ایک سو ایک
سال سے لے کر ۱۰۹ سال تک زندہ
رہا۔ہوسکتا ایک سو دو، تین، چار،
پانچ ......
انداختن ۔گرانا۔ڈالنا۔
اندازہ ۔پیمائش۔ناپ۔
اندازہ گرفتن ۔ناپ لینا۔پیمائش کرنا
اندازہ گیر۔ا۔انجینئر۔۲۔معمار۔
۳۔ درزی۔
انداھم ۔ا۔قد۔۲۔جسم۔۳۔جوڑ۔
۴۔عضو۔۵۔ گھر کے سامنے کا
کھلا میدان۔
انداز ۔نصیحت۔بھلے کی بات۔
اندک ۔ تھوڑا۔کم
اندک اندک ۔آہستہ آہستہ
سے

اندک اندک بستگانان آمدند
سوختہ جان و روانان آمدند
اندک خسرد۔ کم عقل۔
اندک اندک جیلی شود و قطرہ سیلی
ع یونہی پھوئیوں پھوئیوں بھرے جھیل تال
یونہی کوڑی کوڑی ہوا جمع مال
(اسمٰعیل میرٹھی)
اندک بقا ۔ا۔تھوڑی عمر پانے والا
۲۔اندک سال۔۳۔کم عمر۔
ع مہر و ماہ بر روی آن اندک بقا بگریستند
اندرابی ۔یای نسبتی ہے۔شہر اندراب
کا رہنے والا۔جیسے لاہوری۔
اندربایست ۔ ضروری۔لازمی۔
اندرخود } مناسب۔لائق
اندرخورد } شائستہ
اندوختہ ۔پس انداز۔ بچائی ہوئی چیز
یا رقم۔
اندرونی ۔ اندر کا حصّہ۔اندرون حویلی
۲۔زنان خانہ ۔ حرم۔
اندونیزی ۔ انڈونیشیا۔
اندود ۔ پلستر۔
اندودکار۔ پلستر کرنے والا۔
اندودن ۔لیپ پوتا کرنا۔پلستر کرنا۔

اندوہ خوردن ۔ غم کھانا۔
اندوہ گین } غمگین
" ناک } غمناک
اندوہ دل سوختہ دلسوختہ داند۔
۱۔ گھائل کی گھت گھائل جانے اور نہ جانے کو
۲۔ جس کی نہ پھوٹی ہو بوائی وہ کیا جانے پیر پرائی
۳۔ گر ہماری طرح تم بھی غیر کے محکوم ہو
پھر ذرا تم کو بھی قدر عافیت معلوم ہو
اندیشہ خام ۔ خام خیال ۔
اندیشیدن ۔ سوچ بچار کرنا۔
انرژی ۔ قوت ۔ طاقت ۔
اِنزجار ۔ دور ہونا ۔ پرے ہٹ جانا۔ کسی سے کٹ جانا۔
اِنزوا ۔ کنارہ کش ہونا۔ گوشہ نشین ہونا۔
انژکسیون ۔ انجکشن ۔
انس گرفتن ۔ محبت ہونا۔
اَنساب ۔ نسب کی جمع ۔ آبائی رشتے
انساج ۔ اِفت سینٹر۔
انسان محل نسیان ۔ انسان خطا کا پُتلا ہے ۔ بھول چوک انسان کا خاصہ ہے۔
اِنسجام ۔ بہناؤ ۔ روانی ۔
اِنسداد ۔ روک تھام ۔

اِنشاء ۔ ۱۔ طرز تحریر ۔ ۲۔ لکھنے کا انداز سٹائل ۔ ۳۔ کوئی چیز اپنے پاس سے لکھنا ۔
اِنشاء اللہ ۔ اگر خدا نے چاہا تو۔
انشاء اللہ گربہ است ۔ دیکھی بات کو ان دیکھی کرنا۔ کسی مسجد کے امام صاحب مسجد کی طرف جا رہے تھے راہ میں ایک بھیگے ہوئے کتے نے جو بھیگ کر اور بھی نجس اور پلید ہو جاتا ہے مولوی صاحب کے کپڑوں کو چاٹ لیا ۔ مولوی صاحب نے آنکھ جھپکی اور کہنے لگا کہ کوئی حرج نہیں انشاء اللہ گربہ است ۔
اَنصاب ۔ جمع ہے نصب کی ۔ بُت اور تھان جن کی خدائے تعالیٰ کے علاوہ پرستش کی جاتی ہے۔
اِنشقاق ۔ جدا ہونا ۔ پھٹ جانا ۔ شق ہونا ۔ (شق القمر)
اَنصار ۔ ۱۔ مددگار ۔ معین ۔ ۲۔ مدینہ منورہ کے وہ لوگ جنھوں نے ہجرت مکہ کے موقع پر حضور سرور کائنات ؐ کو رہنے سہنے اور ہر قسم کی مدد دی۔
اِنصراف ۔ ترک کر دینا ۔

انصراف خاطر۔ خیال ترک کر دینا۔
انصرام ۔ ۱۔ اہتمام ۔ بندوبست کرنا
۲۔ کٹ جانا۔
اِنْضباط۔ ضبط کی پابندی کرنا۔
اِنْضباط اوقات۔ ٹائم ٹیبل۔
اِنْطفاء بجھانا۔
اَنظار۔ نظر کی جمع ۔ نظریں۔
(در انظار حضار مجسم است)
اِنْعکاس ۔ منعکس ہونا۔ پرتو پڑنا۔
اِنْفاس ۔ نفس کی جمع ۔ سانسیں۔
اِنْفجار۔ پھٹنا ۔ پھوٹنا۔
انفصال ۔ جدا کرنا۔ لڑنا۔ وصل کا
الٹ ہے۔ ؎
ما برای وصل کردن آمدیم
نی برای فصل کردن آمدیم
اِنْفعال۔ شرمندگی (عرق انفعال اس
پسینے کو کہتے ہیں جو شرم کے مارے
ماتھے پر آجاتا ہے
موتی سمجھ کے شان کریمی نے چن لیے
قطرے جو تھے مرے عرق انفعال کے
انفت بودن ۔ خرابیٔ دماغ ۔
پاگل پن ۔
انفیہ ۔ نسوار۔

اِنْقباض ۔ قبض ہونا۔ سکڑنا۔
گھٹے گھٹے ہونا۔
انقرہ ۔ انگورہ کا معرب ۔ ترکی کا
مشہور شہر۔
اِنْقراض ۔ ۱۔ کٹ جانا ۔ ۲۔ ختم ہونا
۳۔ زوال آنا۔
(انقراض خانوادۂ مغول)
مغلیہ خاندان کا زوال ۔
اِنْقلابی ۔ انقلاب پسند۔
اَنگارش ۔ کہانی ۔
اِنْکشاف ۔ کھولنا ۔ ظاہر کرنا۔
انگار۔ خیال ۔ تصور۔
انگار نہ انگار۔ بالکل بھلا دینا ۔
جیسا کہ کبھی اپنے پاس تھا ہی نہیں ۔
انگبیں ۔ شہد۔
انگشت شمار۔ محض چند۔ جو انگلیوں پر
گنے جا سکیں ۔
انگز ۔ "کسی" جس سے زمین ہموار کرتے ہیں
انگشت انگشت مبر تا خیک نیک
نریزی ۔ (بندہ جوڑ سے پلی پلی رام
لنڈھا دے کپہ ۔
انگشت بہ بینی کردن محال است ۔
۱۔ ایسی خطرناک جگہ جہاں جاسوسوں کا

اکھاڑا ہو۔ ۲۔ یا ایسے آدمی موجود ہوں جو فوراً چغلی کھانے کے عادی ہوں۔
انگشت توی شیر کردن ۔ ۱۔ چغلی کھانا ۲۔ غیبت کرنا۔
انگشت انکار برداشتن ۔ امان چاہنا۔
انگشت به لب گزیدن / گرفتن } افسوس کرنا
انگشت در سوراخ مار و کژدم کردن ۔ جان بوجھ کر ہلاکت میں پڑنا۔
انگشت در چشم کردن ۔ مزاحم ہونا۔ رکاوٹ پیدا کرنا۔
انگشت حیرت ۔ حیرانی کے بارے انگلی منہ میں لینا۔ ؎
از ہیبت شاہ جہاں لرزو زمین و آسمان
انگشت حیرت در دہاں نیمی برون نیمی درون
انگشت زدن ۔ جنگ کے شعلوں کو بھڑکانا۔
انگشت کردن ۔ تحریک کرنا۔ ترغیب دینا۔
انگشتک زدن ۔ چٹکی بجانا۔
انگشت شہادت ۔ انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی ۔ جو شہادت کے لیے عام طور پر کھڑی کی جاتی ہے ۔ یا نماز پڑھتے وقت التحیات میں بیٹھے ہوئے اشہد ان لا الٰہ الا اللہ و اشہد ان محمد الرسول اللہ کے وقت نمازی اوپر اٹھاتے ہیں۔
انگشت نما شدن ۔ ایسے بدنام ہونا کہ انگلیاں اٹھیں ۔ رسوائے زمانہ ہونا۔
انگشت اعتراض نہادن ۔ کسی تحریر کے پڑھتے وقت کسی مقام یا پوائنٹ پر اعتراض کے لیے انگلی رکھنا۔
انگشت نیل برخان و مان زدن ۔ تباہ و برباد کرنا ۔ گھر بار برباد کرنا۔
ع یا بزن برخان و مان انگشت نیل
انگ اندا ختن ۔ کسی چیز کا پہلے ہی حساب یا شمار کر لینا۔
انگور از انگور رنگ می گیرد ۔ خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے۔
انگو لک کردن ۔ انگلی کے ساتھ چیزوں کو زیر و زبر کرنا ۔ یا کسی مائع چیز کو ہلانا۔

باہم ملانا۔
انگلیسی ۔ انگریزی زبان
انگیزد ۔ محرک ۔ سبب
انوار ۔ نور کی جمع ۔ روشنیاں ۔
انواع ۔ نوع کی جمع ۔ اقسام ۔
انوری ۔ ایک مشہور قصیدہ گو شاعر کا تخلص جو ۵۸۶ ہجری مطابق ۱۱۹۰ عیسوی میں فوت ہوا۔
انوشہ ۔ ۱۔ نوجوان بادشاہ ۔ ۲۔ دولھا۔
انہار اربعہ ۔ چار نہریں یعنی دریائے نیل، فرات، جیحون اور سیحون ۔
انہدام ۔ ڈھا دینا ۔ ویران کرنا ۔ تباہ و برباد کرنا ۔
انہزام یافتن ۔ شکست کھانا ۔ فرار کرنا ۔
انہماک ۔ محو ہونا ۔ کسی کام میں کھو جانا ۔
انیران ۔ قدیم ایرانی کیلنڈر میں شمسی مہینے کا ہر تیسواں دن ۔
۲۔ نیز اُس فرشتے کا نام جو اُس دن کے تمام کاموں کی تنظیم پر اور عقد و نکاح پر بطور موکل ہو۔
انیس ۔ ہمدم ۔ دوست ۔ رفیق ۔ ساتھی ۔ غمخوار ۔

انین ۔ گریہ وزاری ۔ آہ و فغاں ۔
انین المذنبین ۔ گناہگاروں اور غلط کاروں کی آہ و بکا ۔ نالہ و شیون ۔

ا ۔ و

اوّاب ۔ ۱۔ تسبیح و تہلیل کرنے والا۔ ۲۔ تائب ہونے والا ۔ ۳۔ خدا کی طرف رجوع کرنے والا ۔
اوّابین ۔ وہ نوافل جو نماز مغرب اور عشاء کے درمیان پڑھے جائیں ۔
اواخر ۔ انتہائی ۔ آخری حصے ۔
دراواخر سال یا او دراواخر عمر است
اوارجہ ۔ حساب کتاب کا رجسٹر ۔ لین دین کا رجسٹر ۔
اوارہ ۔ بہی کھاتہ ۔
اوامر ۔ امر کی جمع احکام و فرامین ۔
اوان ۔ اون کی جمع ۔ اوقات
اوائل ۔ اوّل ۔ آغاز ۔ ابتدا ۔
اوائل امر ۔ کام کے آغاز میں ۔ پہلا قدم ۔
اوباش ۔ ۱۔ تنہدسے ۔ ۲۔ لچے ۔ ۳۔ لفنگے ۔ ۴۔ غنڈے ۔ ۵۔ بازاری

اور بے سروپا لوگ۔
اوت۔ انگریزی سال کا آٹھواں مہینہ (ماہ اگست)
اوتار۔ ۱۔ میخیں۔ ۲۔ اولیاء اللہ کی ایک جماعت کا نام اورگا ہے۔ ۳۔ مرشد اور پیران طریقت کو بھی کہتے ہیں۔
اَوْثان۔ وثن کی جمع۔ بُت۔ صنم
اَوج۔ بلندی۔ اونچائی۔
اوج شرف۔ کسی ستارے کا نہایت سعد مقام پر ہونا۔
اوج خرام۔ امارت کے نشہ میں اتراکر چلنا۔
اَوْجِ ہما۔ نہایت مبارک فال بلندیاں۔
اوجاق۔ اجاق
اَوجب۔ واجب تر۔
اوج و حضیض۔ ۱۔ بلندی و پستی۔ ۲۔ فراز اور نشیب۔
اَوخ۔ ۱۔ نصیب۔ ۲۔ بخت۔ ۳۔ آہ۔ لہ۔ افسوس۔
اَوراد۔ ورد کی جمع۔ ذکر اذکار الٰہی۔ وظیفے اور دعائیں جو مختلف اور مقررہ اوقات پر پڑھی جاتی ہیں۔
اَوْراق۔ ورق کی جمع۔ پتے۔
اَوْراقِ پریشان۔ منتشر اور بکھرے ہوئے صفحات یا کاغذات۔
اَوْامر۔ ۱۔ مشتری ستارے کا نام۔ ۲۔ ہر شمسی مہینے کا پہلا دن۔ ۳۔ نیز اُس فرشتے کا نام جو اُس دن یعنی شمسی مہینے کی پہلی تاریخ کے کام کاجوں پر موکل ہوتا ہے۔ ۴۔ بہمن کے بیٹے اور اسفندیار کے پوتے کا نام۔
اَوْرنگ۔ ۱۔ شاہی تخت۔ سریرِ سلطنت ۲۔ عقل و دانش۔ ۳۔ شکوہ دبدبہ ۴۔ حسن و خوبی۔ ۵۔ دھوکا، مکر و فریب۔ نیز لکڑی کو کھا جانے والا کیڑا جسے دیمک کہتے ہیں۔
اورنگ زیب۔ ۱۔ تخت شاہی کو زیب دینے والا۔ ۲۔ مغلیہ خاندان کے چھٹے نامور اور عظیم بادشاہ کا لقب جو پچاس سال شاندار حکومت کرنے کے بعد ۱۷۰۷ء میں انتقال کر گیا اور اورنگ آباد دکن میں مدفون ہے۔

اورنگی - قدیم ایرانی موسیقی کی ایک سُر
اَوزان - ۱- اوزان کی جمع - ناپ تول کے بٹّے -
اوزان شعر - وہ مخصوص وزن جو شعروں کے بحور میں استعمال ہوتے ہیں -
اوژن - بمعنی افگن - پھینکنا -
(شیر اوژن = شیر افگن)
اَوساط - جمع وسط کی - درمیانے
اَوسَع - وسیع تر - فراخ تر -
اوشاق - امرد ریش - لونڈا -
اُوشان - ضمیر جمع غائب انسانوں کے سلسلے میں آتا ہے بجائے (ایشان)
اوشنگ - عشق پیچاں کی بیل خود درختوں پر چڑھ کر انھیں سُکھا دیتی ہے -
۲- نیز الگنی - یعنی وہ رسی جس پر کپڑے سکھانے کے لیے اور گاہے انگوروں کو سکھانے کے لیے لٹکاتے ہیں -
اَوصَاف - وصف کی جمع - خوبیاں - صفتیں - محاسن -
اَوضَاع - ۱- وضع کی جمع - ۲- حالت ۳- طور طریقے - ڈھنگ -
۴- کاروبار - ۵- صورت حال -
اوضاع اجتماعی - معاشرے کی صورتِ حال -
اوضاع سیاسی - سیاسی صورتِ حال
اوضاع ناہموار - نامناسب اور ناسازگار صورتِ حال -
اَوطان - جمع وطن کی - رہنے کی جگہیں
اوقات - وقت کی جمع - شب و روز ۲- حیثیت -
اوقات تلخ بودن - } ۱- غصے میں آنا -
" شدن - } ۲- غمگین ہونا -
اوقات تلخی - گالی گلوچ - برا بھلا کہنا - سخت سُست کہنا - لڑنا بھڑنا -
اوقات پوچ شدن - } وقت ضائع ہونا
" کردن - } یا ضائع کرنا
اَوقَاف - جمع وقف - وہ چیزیں جائداد منقولہ یا غیر منقولہ جو وقف کر دی جائیں -
اوقیانوس - رجوع کریں - اقیانوس
اولاد اولاد - پوتے، پوتیاں، نواسے نواسیاں
اولیت - حق تقدم کو ملحوظ خاطر رکھنا -

اُولو اُلاَبصار ۔ صاحب بصیرت
جن کی چشم بینا اور نظر صائب ہو۔
اُولو اُلاَلباب ۔ خردمند۔ عقلمند لوگ۔
اُولو اُلاَمر ۔ فرمانروا۔ عالم۔
اول بہا مشک بہا ۔ پہلی قیمت سب سے
بہتر ہوتی ہے ۔
اوّل خویش پس درویش ۔ پہلے خویش
بعد میں درویش ۔ یعنی خیرات وغیرہ
ان رشتہ داروں سے شروع کرنی
چاہیے جو غریب اور مستحق ہوں ۔
اوّل خم و دردی ۔ ۱۔ پہلے ہی پیالے
میں تلچھٹ ۔
۲۔ کوس نہ چلی بابا میں پیاسی ۔
۳۔ اڑنے نہ پائے تھے کہ گرفتار ہم ہوئے ۔
اوّل دُشت ۔ صبح کے وقت پہلی
فروخت جسے عرف عام میں ہمارے
ہاں "بوہنی" کہتے ہیں ۔
اوّل سفرہ ترشی ۔ رجوع کریں ۔
اول خم
اوّل شب ۔ رات کا پہلا حصہ ۔
(امام ابوحنیفہ اوّل شب برد و
امام شافعی آخر شب برد)
اُولوالعزم ۔ صاحبان عزم ۔
پختہ ارادے اور عزم کے مالک ۔
۲۔ وہ پیغمبر جن پر آسمانی کتابیں نازل
ہوئیں ۔ اور بعض کے نزدیک وہ
پیغمبر جو شدید تکالیف اور مصائب
میں بھی رضائے الٰہی پر شاکر و صابر
رہے اور اف تک نہ کی اور جن کے
اسمائے گرامی بقرار ذیل ہیں ۔
حضرت نوح علیہ السلام ۔ حضرت
ابراہیم علیہ السلام ۔ حضرت داؤد
علیہ السلام ۔ حضرت یعقوب
علیہ السلام ۔ حضرت یوسف علیہ السلام
حضرت ایوب علیہ السلام ۔ اور
حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ۔
اولیاءاللہ ۔ نیک پارسا لوگ خدا کے
بزرگ اور مقبول بندے ۔
اولیائی امور ۔ والیان سلطنت ۔
سلطنت کی باگ ڈور سنبھالنے والے
ارباب اختیار ۔
اولیٹماتم ۔ الٹی میٹم ۔ چیلنج ۔
اونیورستیہ ۔ یونیورسٹی ۔
اَوہام ۔ جمع وہم کی ۔ خیالات ۔
اَویس قرنی ۔ اویس نام ہے ایک
کامل ولی اور عاشق رسول پاک کا

جو یمن کے قصبہ "قرن" کے رہنے والے تھے اس لیے قرنی کہلائے اگرچہ وہ عشق رسول میں فنا فی الرسول تھے اور حضور پاکؐ کے دفنوں میں ہو گزرے ہیں لیکن وہ حضور پاک کی خدمت اقدس میں حاضر ہونے سے معذور رہے۔ وجہ یہ تھی کہ ان کی والدہ بہت ضعیف نحیف اور کمزور تھیں وہ انہی کی خدمت میں ہر دم مصروف رہتے۔ کہتے ہیں ایک مرتبہ کوشش کر کے زیارت سرور کائنات کے لیے گئے مگر آنحضرتؐ موجود نہ تھے۔ واپس لوٹ آئے کہ ماں نے تاکید کر رکھی تھی رات کو گھر پہنچ جانا آپ نے جنگ صفین میں شہادت پائی۔

ا - ہ

اَہَار - کلفت -
اِہانت - ڈرانا - ڈراؤنا -
اِہانت آمیز - ذلت آمیز - رسواکن -
اَہَالی - باشندے - شہری - عوام -
خاندان کے افراد - پیروکار -

اَہَالی مُوَالی - ۱ - عوام - ۲ - امیر و غریب
۳ - درباری - ۴ - مصاحب -
۵ - آس پاس بسنے والے -
اَہَانَت کردن - ۱ - نفرت کرنا -
۲ - حقارت سے پیش آنا -
۳ - ذلیل و خوار سمجھنا -
استہزاز - ۱ - ہلنا - ۲ - جھولنا -
۳ - جھومنا - ۴ - لہلانا -
۵ - خوش ہونا - ۶ - تارے کا چمکنا -
اور ٹمٹمانا - ۷ - ہوا کا چلنا -
(نسیم صبح در استہزاز بود)
اہتمام کردن - ۱ - انتظام کرنا -
۲ - توجہ دینا - ۳ - دیکھ بھال کرنا
۴ - اہم سمجھنا -
اہدا نمودن - } ۱ - ہدایت دینا -
" کردن - } ۲ - ہدیہ یا تحفہ دینا -
۳ - نذر کرنا - ۴ - قربانی کا جانور
مکہ معظمہ کو لے جانا - ۵ - کسی کے
نام کسی چیز کو منسوب کرنا -
اِہدار - ضائع کرنا -
اہداف - ہدف کی جمع - نشانے -
اُہْرام - ہرم کی جمع - ۱ - بہت پرانے
اور بوڑھے - ۲ - مخروطی جسم -

اَہرامِ مصر۔ مصر کے مشہور و معروف مینار جو کئی ہزار سال پرانے ہیں۔ ان کے قدیمی اور پرانے ہونے کی وجہ سے اہل عرب انھیں اہرام کہتے ہیں ان کا شمار دنیا کے عجائبات میں سے ہوتا ہے۔ مصر کے دارالخلافہ قاہرہ اور دریائے نیل سے صرف چند میلوں کے فاصلے پر واقع ہیں انھیں دیکھ کر انسان اس زمانے کے لوگوں کی صنعت اور کاریگری پر دنگ رہ جاتا ہے۔

اَہرمَن۔ } آتش پرستوں کے عقیدے
اَہرمن۔ } کے مطابق دو خدا ہیں۔
۱۔ایک نیکی کا خدا (خدای خیر) اور دوسرا ۲۔ بدی کا خدا (خدای شر) پہلے کو وہ یزدان اور دوسرے کو اہرمن یعنی شیطان کہتے ہیں۔

اہرمنی۔ شیطان سیرت شیطان خصلت

اہل۔ گھر والے ۔آل اولاد، مالک لائق۔
(اہل وعیال) اہل بیت

اہل کجا ہستی۔ من اہل امن کا مہ نیستم وغیرہ وغیرہ۔

اہل اختیار۔ ۱۔صاحبان اختیار۔ ۲۔جن کے ہاتھ میں باگ ڈور ہو۔

اہل ادراک۔ ۱۔لائق فائق ۔۲۔ دانشور

اہل اللہ۔ اللہ والے۔ نیک لوگ۔

اہل باطن۔ ۱۔روحانی لوگ ۔۲۔ صاف باطن والے۔

اہل بخیہ۔ اندر خرابانی

اہل بیت۔ ۱۔ خانوادۂ پیغمبر علیہ السلام حضور سرور کائنات۔ حضرت علیؓ حضرت بی بی فاطمہ، حضرت امام حسن اور حضرت امام حسینؓ۔
۲۔ نیز عام بول چال میں گاہے گاہے اپنے گھر والوں کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔

اہل تصوف۔ صوفی لوگ

اہل تنجیم۔ ۱۔ستاروں کا علم جاننے والے۔

اہل حال۔ صاحب ذوق۔

اہل حجاب۔ پردہ دار۔ باحیا۔

اہل حرفت۔ صنعت وحرفت والے۔

اہل حکمت۔ فلسفی۔ فلاسفر

اہل خانہ۔ گھر والے۔

اہل خبرت۔ باخبر۔ نقاد۔،

اہل خرد۔ عقلمند لوگ دانا۔

اہلِ دانش ۔ علم وفضل والے۔
اہلِ دلق ۔ درویش ۔ فقیر، گودڑی پہننے والے ۔
اہلِ دنیا ۔ دُنیا پرست ۔ دُنیادار ۔
اہلِ دول ۔ دولت مند متموّل۔
اہلِ دیوان ۔ وزیر۔
اہلِ ذمہ ۔ ۱۔ اسلامی حکومت میں بسنے والی غیر مسلم رعایا ۔ ۲ ۔ ذمی ۔
اہلِ ذوق ۔ صاحب ذوق لوگ ۔
اہلِ سخن ۔ فصیح ۔ ادیب وشاعر
اہلِ صفا ۔ صاف باطن والے۔
اہلِ طریقت ۔ شرع دین متین پر چلنے والے صوفی منش لوگ ۔
سے مباش درپئ آزار وہرچہ خواہی کن
کہ درطریقت ماجز ازیں گناہی نیست
۲ ۔ یاظاہری حالت کو دیکھنے والے
اہلِ ظلم ۔ ۱۔ حاکم لوگ ۔ ۲۔ ٹیکس اور رایہ وصول کرنے والے افسران مجاز ۔
اہلِ عرفان ۔ ۱۔ معرفت والے ۔
۲ ۔ سائنس دان ۔
اہلِ غرض ۔ خودغرض ۔ نیز غرض مند ۔
اہلِ فرنگ ۔ یورپ والے ۔
اہلِ فضل ۔ علم وفضل والے ۔ خوبیوں والے ۔

اہلِ قبور ۔ قبروں میں بسنے والے ۔ مُردے ۔
اہلِ قلم ۔ منشی ۔ دبیر ۔ ادیب ۔
اہلِ کار ۔ کلرک ۔
اہلِ کتاب ۔ ان پیغمبروں کے پیروکار جن پر آسمانی کتابیں زبور ۔ توارات انجیل اور قرآن مجید نازل ہوئیں۔ یعنی یہودی عیسائی اور مسلمان ۔
اہلِ کتب ۔ ۱۔ تاجر ۔ ۲۔ کتابوں کا بیوپار کرنے والے ۔
اہلِ کین ۔ کینہ ور لوگ ۔ دشمن ۔
اہلِ محاسبہ ۔ ۱۔ حساب کتاب لینے والے
۲ ۔ اکاؤنٹنٹ ۔
۳ ۔ آڈٹ کا کام کرنے والے
(آنراکہ حساب پاک است ازمحاسبہ چہ باک)
اہلِ معنیٰ ۔ روحانی اور عالم دین ۔
اہلِ نشاط ۔ ۱ ۔ خوش باش رہنے والے
۲ ۔ ناچ گانے میں مصروف رہنے والے ۔
اہلِ نفس ۔ نفسانی خواہشات کے تابع ۔
اہلِ ورع ۔ زاہد و پرہیز گار
اَہلاً ۔ ۱ ۔ مرحبا ۔ ۲ ۔ نیز خدا تمھارا حامی وناصر ہو ۔ ۳ ۔ تم پہ خدا کی

رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں۔
اہلاً و سہلاً ۔ خوش آمدید۔
اہلاک نفس کردن ۔ نفس کشی کرنا۔
نفس امارہ کو مارنا۔
اہلال ۔ نیا چاند دیکھنا یا زیارت کرنا
اہلیہ ۔ بیوی ۔ زوجہ ۔ منکوحہ ۔
اہمال ۔ ۱۔ غفلت برتنا۔
۲۔ لاپرواہی اور تساہل سے کام لینا۔
۳۔ چھوڑ دینا۔
اہمال کار ۔ ۱۔ غافل ۔ ۲۔ تساہل انگار
۳۔ ناکارہ اور بے کار آدمی۔
آہن و تلمب ۔ ۱۔ کبر و غرور۔
۲۔ ناز و تکبر، فخر
اہوال ۔ ۱۔ جمع ہول کی ۔ ۲۔ خطرات
۳۔ آفات و بلیات ۔
اہورا مزدا ۔ خدائے خیر۔
خدای وحدہٗ لاشریک ۔
یزدان پاک ۔

ا ۔ ی

ای ۔ حرف ندا ۔ نزدیک کے لیے
۱۔ ع ای دوست بیا رحم بہ تنہائی ماکن
۲۔ ع ایکہ دستت می رسد کاری بکن

۳۔ یای وحدت کے معنوں میں بھی
مستعمل ہے ۔ دانہ ای ۔ کلمہ ای ۔
اَیا ۔ حرف ندا ۔ دور کے لیے نیز بطور
کلمہ تاسف بھی استعمال ہوتا ہے۔
ایاب ۔ ۱۔ لوٹ آنا ۔ ۲۔ واپس آنا
۳۔ ساقی ۔ ۴۔ جام بردار۔
اَیاب و ذَہاب ۔ آنا جانا ۔ آمد و رفت
آیات ۔ ۱۔ جمع آیت کی ۔ ۲۔ نشانیاں
۳۔ معجزے ۔ ۴۔ قرآن حکیم کے
جملے ۔ ۵۔ آیات متشابہات وہ جو
مختلف طریقوں سے تفسیر کی جاسکیں
آیات محکمات جو بالکل واضح اور
دوٹوک ہیں۔
ای ایاز آن پوستین را یاد دار ۔
سلطان محمود کا چاہیتا اور منظور نظر
غلام سرکاری درباری مناصب جلیلہ
پر پہنچنے سے پہلے ایک گڈریا تھا۔
عام غریب گڈریوں کی طرح اس کا
لباس بھی بھیڑ بکریوں کی پوستین سے
بنا ہوا تھا وہ منظور نظر سلطان بن کر
بھی اپنی اُس حالت کو کبھی نہ بھولا۔
کہتے ہیں وہ لباس اس نے سنبھال کر
ایک مقفل [illegible] مقفل کر کے

میں رکھ چھوڑا تھا۔ ہر صبح دربار جانے سے پیشتر اُسے کھول کر دیکھتا اُسے اپنے گذشتہ ایام اور گذشتہ افلاس یاد آجاتے۔ اور یہ سب کچھ اس لیے تھا کہ کہیں نشۂ امارت میں چور ہو کر راہِ راست سے بھٹک نہ جاؤں۔ حاسدوں اور دشمنوں نے سلطان کے پاس چغلی کھائی کہ ایاز کے پاس ہیرے جواہرات کا بہت بڑا خزانہ ہے جسے وہ ہر وقت مقفل رکھتا ہے اور دربار آنے سے پیشتر دیکھ کر تسلی کر کے آتا ہے۔ سلطان نے ایک دن چھاپہ مارا تو پتہ چلا کہ اصل حقیقت کچھ اور ہی ہے۔ حاسدوں نے منہ کی کھائی اور ایاز اپنے عجز و انکسار سے اور بھی مقبول و محبوب ہوا۔

اَیَادِی ۔ یَد کی جمع بمعنی ہاتھ۔

اِیَازگر ۔ ا۔ حساب کتاب لکھنے والا۔ ۲۔ حساب دان۔ ۳۔ اکاؤنٹنٹ۔

اَیَاز ۔ سلطان محمود غزنوی کا منظورِ نظر غلام اور مصاحب۔

ایاز قدرِ خود بشناس ۔ یعنی اگر عزت آبرو اور عافیت چاہتے ہو تو اپنے صحیح اور اصلی مقام کو کبھی نہ بھولو۔

اَیَاغ ۔ شراب کا پیالہ۔ جام مے۔

اَیَاغ زدن ۔ شراب پینا۔

اَیَالت ۔ ا۔ سلطنت کا ایک بہت بڑا حصہ۔ ۲۔ صوبہ۔ ۳۔ پرگنہ

اَیَالتی ۔ یائے نسبتی ہے۔ صوبہ سے نسبت رکھنے والا۔ ۲۔ صوبائی (مرکزی کا الٹ)

ایام ۔ ا۔ جمع یوم کی۔ ۲۔ روز۔ دن ۳۔ یوم۔ ۴۔ پیریڈ نیز ۵۔ عورت کے حیض کے دن۔

ایام بوقلمون ۔ ا۔ رنگ برنگ کے دن مراد ہے۔
۲۔ بہت جلد بدلنے والے ایام جیسے پانسہ پلٹتے دیر نہ لگے۔

ایامِ تشریق ۔ عیدِ اضحیٰ کے بعد کے تین دن یعنی ماہ ذوالحج کی گیارھویں بارھویں اور تیرھویں تاریخیں۔

ایامِ عشر ۔ ماہ محرم الحرام کے پہلے دس دن جسے (عشرہ محرم) بھی کہتے ہیں۔

ایامِ پیری ۔ ضعف و ناتوانی کے دن۔

ایام جوانی ۔ خوشی، مسرت اور غفلت ولا پرواہی کے دن ۔
ای باد صبا ایں ہمہ آوردہ تست ۔ یعنی یہ سب ہنگامہ تمہارا ہی کھڑا کیا ہوا ہے ۔
ای بسا آرزو کہ خاک شدہ ۔ زندگی میں کتنی ہی خواہشات ہوتی ہیں جو پوری نہیں ہو سکتیں اور حسرتیں بن کر رہ جاتی ہیں ۔
اَیبک ۔ ۱ ۔ بت ۔ ۲ ۔ محبوب ۔ ۳ ۔ صنم ۔ ۴ ۔ نیز بدخشاں میں ایک شہر کا نام ۔
اِیتالیا ۔ یورپ میں ایک ملک اٹلی ۔
اِیتام ۔ یتیم کی جمع ۔ پدر مردگان ۔
اِیتلاف ۔ ۱ ۔ الفت بڑھانا ۔ ۲ ۔ آشنائی پیدا کرنا ۔ ۳ ۔ موانست و موافقت بڑھانا ۴ ۔ رابطہ استوار کرنا ۔ ۵ ۔ خط و کتابت کرنا ۔
اِیثار ۔ ۱ ۔ کسی دوسرے کے کام کو اپنے کام پر ترجیح دینا اور مقدم جاننا ۔ ۲ ۔ قربانی دینا ۔ ۳ ۔ پسند کرنا ۔ ۴ ۔ اختیار کرنا ۔

اِیجاب ۔ ۱ ۔ واجب جاننا ۔ ۲ ۔ منظوری دینا ۔ ایجاب ہے یہ ضروری اور لازمی ہے ۔
ایجاب کردن ۔ واجب قرار دینا ۔
ایجاب و قبول ۔ ۱ ۔ تجویز اور اس کی قبولیت ۔ ۲ ۔ نکاح و عقد مسنونہ کے موقع پر مستعمل ہے ۔
ایجاد کردن ۔ کوئی نئی چیز بنانا یا وجود میں لانا ۔ پیدا کرنا ۔
ایجار ۔ ۱ ۔ اجارہ دینا ۔ ۲ ۔ ٹھیکہ دینا ۳ ۔ کسی کی راہ میں یا کام میں روڑے اٹکانا ۔
اِیجاز ۔ ۱ ۔ مختصر کرنا ۔ ۲ ۔ چھوٹا کرنا ۔
ایچ ۔ کلمہ نفی ۔ بمعنی ہیچ ۔ کچھ نہیں
ای خواجہ درد نیست ۔ تمہاری طلب ہی صادق نہیں ورنہ مراد بر آسکتی تھی ۔
اید ۔ صیغہ جمع حاضر کی علامت کردہ اید ۔
ایدآل ۔ نصب العین ۔ مطمح نظر ۔
اَیدر ۔ ادھر ۔ اس وقت ۔ یہاں ۔
اَیدُوں ۔ یوں ۔ اس طرح ۔ اب اسی وقت ۔

ایذا رسانی - دکھ دینا۔ تکلیف دینا۔
ستانا۔
ایراث - وارث کرنا۔
ایراد - وارد کرنا۔ پیش کرنا۔
نیز اعتراض۔
ایراد کردن - (نطق) تقریر کرنا
نخست وزیر نطق خوبی ایراد کرد۔
ایراد گرفتن - ۱- اعتراض کرنا۔
۲- نکتہ چینی کرنا۔
ایراد اسرائیلی کردن - ۱- سخت
مین میکھ نکالنا - ۲- بات بات پر
نکتہ چینی کرنا۔
ایراق - درختوں کے نئے پتے،
شگوفے اور کونپلیں نکالنا۔
ایران - فارس - پرشیا - براعظم ایشیا
کے ایک ملک کا نام جس کی زبان
فارسی ہے - فریدوں کے بیٹے
ایرج کے نام پر رکھا گیا ہمارے
ملک پاکستان کے مغرب میں واقع
ہے - صدیوں تک یہ شاندار
تہذیب و تمدن کا گہوارہ رہا - ایک
درخشاں ماضی کا حامل ملک ہے
تہران اس کا پایہ تخت ہے۔

ای روشنیٔ طبع تو بر من بلا شدی۔
ہماری لیاقت ہی نے ہمیں پھنسایا
ورنہ انجان اور نالائق مزے میں ہیں
ایرمان - ۱- طفیلی - ۲- مفت خورہ۔
۳- بن بلایا مہمان جو کسی مدعو مہمان
کے ساتھ آ دھمکے - ۴- نیز آہ۔
۵- پشیمانی۔
ایرمانسرای - کرائے کا مکان۔
۲- محبوب کی منزل - ۳- آہ۔
۴- تاسف کا مقام۔
۵- اورگاہ سے مراد یہ دنیا۔
ایزدی - جسے ایزدی یعنی خدا تعالیٰ سے
نسبت ہو - دائمی - ازلی و ابدی۔
ع ایزدی بود آشنائی ہای ما
آشنا داند صدای آشنا
ایزد پناہ - اللہ تعالیٰ کی پناہ لینے والا
ایز دگم کردن - کھوج کھو دینا۔
چھپا ہوا نشانہ۔
ایسار - ۱- دولت مند ہونا۔
۲- خوشحالی و فراخی۔
ایستادن - رکنا - ٹھہرنا - کھڑے ہونا
ایست بودن - رکنا۔
ایستگاہ - سٹیشن۔

ایستگاہ اتوبوس ۔ لاریوں کا اڈہ
ایستگاہ راہ آہن ۔ ریلوے سٹیشن
ایستگاہ رادیو ۔ ریڈیو سٹیشن
ایستگاہ تلویزن ۔ ٹیلی ویژن سٹیشن
ایشک ۔ دیوان خانہ
ایشک باشی ۔ دیوان خانے کا داروغہ
صاحب ۔
ایضاً ۔ وہی چیز جس کا پہلے یا اوپر ذکر آ
چکا ہے ۔
ایضاح ۔ ا۔ واضح کرنا ۔ ۲۔ تشریح کرنا
۳۔ روشن کرنا ۔
ایطاء ۔ ا۔ پامال کرنا ۔ ۲۔ روندنا ۔
۳۔ شعروں میں قافیہ کی تکرار جو معیوب
متصور ہوتی ہے ۔
ایفاء ۔ ا۔ وفا کرنا ۔ ۲۔ وعدے کا
پورا کرنا ۔
ایقاظ ۔ بیدار کرنا ۔ جگانا ۔
ایقان ۔ یقین کرنا ۔ یقین سے جاننا ۔
ای فقیہہ اوّل خود را نصیحت گو ۔
خود میاں فضیحت دوسروں کو نصیحت
ای کہ دستت میرسد کاری بکن ۔
ع
کچھ کرو نوجوانوں اٹھتی جوانیاں ہیں

ایل ۔ ا۔ گھومنے پھرنے والا گروہ ۔
۲۔ خانہ بدوش قبیلے ۔
۳۔ قوم ۔ ۴۔ جماعت
ایلات ۔ ا۔ قومیں ۔ ۲۔ قبیلے ۔
۳۔ فرقے ۔ ۴۔ خانہ بدوش اقوام ۔
ایلچی ۔ قاصد ۔ پیامبر ۔
ایلخان ۔ ا۔ قبیلے کا سردار ۔
۲۔ کمانڈر ۔
۳۔ منگول بادشاہوں کا لقب ۔
ایلخانی ۔ منسوب بہ شاہان منگول ۔
ایلخی ۔ گھوڑوں کا گلہ ۔
ایلغار ۔ ا۔ حملہ ۔ ۲۔ دھاوا ۔ ۳۔ چڑھائی ۔
ایل و تبار ۔ ا۔ خاندان والے ۔
۲۔ قوم قبیلے کے لوگ ۔
ایلیا ۔ ا۔ نہایت راست گو انسان ۔
۲۔ بیت المقدس کا دوسرا نام ۔
۳۔ حضرت خضر علیہ السلام کا اصلی نام
۴۔ حضرت علیؓ کا لقب بھی ہے ۔
ایما ۔ ا۔ اشارہ ۔ ۲۔ نشانی ۔
۳۔ سر ہلانا ۔
ایما و اشارت کردن ۔ ہاتھ یا سر
ہلا کر اشارہ کرنا ۔
ایمن ۔ ا۔ مبارک ۔ ۲۔ دائیں جانب

۳۔ امن وامان ۔ ۴۔ سکون ۔
۵۔ راحت ۔
ایمنی ۔ ۱۔ امان میں ہونا ۔ ۲۔ امنیت
۳۔ سکون ۔ ۴۔ دل کا آرام ۔
ای مگس عرصۂ سیمرغ نہ جولانگہ تست
۱۔ اپنی بساط سے آگے مت بڑھو
۲۔ کہاں راجہ بھوج کہاں گنگو تیلی
ائمہ معصومین ۔ } ۱۔ بے گناہ، پاک اور
ائمہ اطہار } معصوم امام ۔
۲۔ اہل شیعہ کے بارہ امام ۔
این ۔ اشارہ قریب ۔ یہ ۔ اس ۔
این آتش و این نقارہ ۔ ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ۔
این بآن در ۔ اس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے ۔ ترت پھرت کا نقشہ ۔
این باغ ۔ یہ دُنیا ۔
این پردۂ نیلگوں ۔ آسمان
این پردۂ ہفت رنگ ۔ آسمان
این گوز پشت ۔ آسمان
این ترک سلطان شکوہ ۔ سورج
این دو رنگ ۔ دن اور رات
این دو منزل ۔ دنیا اور آخرت
۱۱ / ارد ۔ آسمان ۔

این ستم کدہ ۔ دُنیا
این سہ جوہر ۔ حیوانات، جمادات، نباتات ۔
این ششدر ۔ یہ حیرت گاہ ۔ دنیا
این طلال ۔ رجوع ماقبل ۔
این عجوزۂ عروس ہزار داماد ۔ بے وفا دنیا
این کارگاہ ۔ مراد کارگاہ عالم ۔ دنیا ۔
این کاخ ۔ جہان ۔ دنیا ۔
این کوئی ہفتاد ۔ دنیا کی یہ بھول بھلیاں
این کہنہ رباط ۔ پرانی سرائے دنیا
این نہنگ ۔ دنیا
این جا آہو سم می اندازند ۔ یہاں تو آسمان پر تھگلی لگائی جاتی ہے ۔ یہاں شیطان کے بھی کان کترتے ہیں ۔
این در و آن در زدن ۔ ۱۔ بے تحاشا بھاگ دوڑ کرنا ۔ ۲۔ ہر کسی کا دروازہ کھٹکھٹانا ۔
اینجا ار دستان نیست ۔ ہم آپ کی ان گیدڑ بھبکیوں میں آنے والے نہیں ۔
این جا آتش بہ زر می فروشند ۔ نہایت ہی بخیل اور خسیس جو ناسنگے گا نہ دے ۔
اینجانب ۔ میں ۔ راقم الحروف
این جا نیست ۔ ۱۔ اپنے ہی تنبا لاتیں

۲۔سوچ بچار میں کھویا ہوا۔
۳۔اس قدر محو مستغرق کہ کچھ اپنی
بھی ہوش نہیں ۔
اینجا گرہ بباد می زنند ۔ ۱۔آسمان
میں تھگلی لگانا ۔۲۔رگ گل سے
بلبل کے پر باندھنا ۔۳۔ہتھیلی پر
سرسوں جمانا ۔۴۔ ناممکن کام کرنا۔
این جا موش بہ عصا را دمی رود۔
۱۔پھونک پھونک کر قدم رکھنا ۔
۲۔انتہائی حزم و احتیاط ۔
این چاہ و این ریسمان ۔ آئیے یہ
گو ہی یہ میدان۔
این چنیں را این چنین زمیکند۔
ایسے کو تیسا۔
این چون تو صد کسی را یاد دارد۔
اُس نے تم جیسے بہتیرے دیکھے ہیں۔
لہذا وہ تمھیں کوئی اہمیت نہیں دیتا
نہ تم سے ڈرتا ہے ۔
این خانہ ہمہ آفتاب است ۔
۱۔آوے کا آوا ہی بگڑا ہوا ہے ۔
۲۔یا اس حمام میں سبھی ننگے ہیں ۔
این خر نشد خر دیگری ۔ یہ نہیں اور سہی ۔
این خط و این نشان ۔ پر و بال نکالنا۔

این دست و آن دست کردن ۔
بہلانے بنانا ۔
این دم شیر است ۔ یہ کام آسان نہیں
بھڑوں کے چھتے میں ہاتھ مت ڈالو۔
این رشتہ سر دراز دارد ۔ طویل مثل
شیطان کی آنت ۔
این را باش ۔ ذرا اسے دیکھو ۔ یہ ملاحظہ ہو
این را و آن را بہ یک چوب راندن ۔
۱۔بُرے اور بھلے سب کو ایک ہی
لاٹھی سے ہانکنا ۔۲۔امتیاز ناقص و
کامل نہ رہنا ۔
این زبان پنج پنج می گیرد ۔ بغل میں
چھری منہ میں رام رام ۔
این زمین را آسمانی دیگر است ۔
یہاں کا باوا آدم ہی نرالا ہے ۔
اینسان ۔ این چنین ۔ اس طرح یوں ۔
این سبو گر نشکند امروز فردا بشکند ۔
بکرے کی ماں آخر کب تک خیر منائے گی ۔
این سر و آن سر ۔ ادھر اور ادھر ۔
این سو آنسو ۔ رجوع بہ ما قبل
این کاسہ نیم کاسہ زیر دارد ۔ کچھ
دال میں کالا ہے ۔
این شتر در خانہ ہمہ کس خوابیدہ است ۔

سب ایک ہی ناؤ میں سوار ہیں۔
این گناہیست کہ در شہر شما کنند۔
عیب سے خالی ہیں ہم اور تم۔
این گوی و این میدان ۔ رجوع کریں
این جاہ۔
این مال نیست ۔ ا۔ نکمی چیز۔
۲۔ بے وقعت ، جس کی کوئی مانگ
نہ ہو نہ قدر و قیمت۔
این منم زا تیمش ماماتی ۔ جب کوئی
آدمی اچانک کسی ادنیٰ مقام سے
کسی اعلیٰ اور بلند رتبے پر پہنچ جائے
اور بچوں کی طرح اترائے اور اپنی کھال
میں نہ سمائے تو یہ محاورہ استعمال
کرتے ہیں۔
اینان ۔ این کی جمع ۔ انسانوں کے لیے۔
اینہا ۔ این کی جمع ۔ غیر انسانوں کے لیے۔
این ہلو و این گلو ۔ یہ تو ہمارے بائیں
ہاتھ کا کرتب ہے۔
این ہم پیری است ۔ ایک آدمی جب
بہت ہی بوڑھا ہو گیا تو اُسے طرح
طرح کی بیماریوں نے آگھیرا۔ کسی طبیب
کے پاس جاکر اپنا رونا رویا کہ مجھے فلاں
تکلیف ہے اس نے کہا کہ این از پیری
است کہ یہ بڑھاپے کی وجہ سے ہے
اس نے کہا کہ فلاں بیماری بھی ہے۔
جواب ملا کہ یہ بھی بڑھاپے ہی کا کرشمہ
ہے۔ بڑھاپا خود ایک زبردست
بیماری ہے۔ وہ ایک ہی جواب سن کر
جھلا اُٹھا اور طبیب کا منہ چڑانے لگا
طبیب نے ہنس کر کہا کہ اے بابا
این ہم از پیری است۔ کہ تمھارا یہ
چراچڑا پن بھی بڑھاپے ہی کی وجہ سے ہے۔
اَیْوان ۔ محل ۔ قصر ۔ دالان ۔ ہال۔
اَیْوانِ مدائن ۔ مدائن عراق عجم کے
ایک قدیم اور وسیع شہر کا نام تھا جہاں
نوشیروان کے محلات ہیں ۔ جنھیں
ایوان مدائن کہتے ہیں ۔ مدتوں یہ شہر
ساسانیوں کا دارالخلافہ رہا ۔ آج بھی
وہ کھنڈرات زمانے کو پکار پکار کر
عبرت کا درس دے رہے ہیں اسی ایوان
کی خستہ حالی نے خاقانی کو خون کے
آنسو رلائے اور اُس نے وہ حشر انگیز
قصیدہ لکھا جس کا مطلع ہے ؎
ہاں اے دل عبرت بین از دیدہ نظر کن ہاں
ایوان مدائن را آئینہ عبرت دان
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مشہور

صحابی حضرت سلمان فارسی بھی اسی شہر میں
ابدی نیند سو رہے ہیں - وہ مدائن میں
گورنر رہے - یہ شہر بغداد سے کوئی
بیس پچیس میل کے فاصلہ پر واقع ہے
اور ان دنوں اسے اسی مردِ حق کی
نسبت سے سلمان پاک بھی کہتے ہیں -
ای واللہ گفتن - ۱- ہاں ہیں ہاں ملانا
۲- بلی - آری - ۳- خدا کی قسم -
نیز کسی بات کو سن کر توبہ توبہ کر اٹھنا -
ایوب - ایک نہایت ہی صابر و شاکر
پیغمبر کا نام - جس کے جسم میں مدت مدید
اور عرصہ بعید تک کیڑے پڑے
رہے لیکن وہ رضائے الٰہی میں گم
رہے اور کبھی اف تک زبان پر
نہ لائے - اسی لیے صبرِ ایوب مشہور
ہے -
ایہام داشتن - ۱- وہم میں ڈال دینا
۲- شک میں ڈالنا -
۳- اشارہ و کنایہ سے کام لینا -

ب

(حروفِ تہجی کا دوسرا حرف)
ب - مختلف معانی میں استعمال ہوتا ہے
ملاحظہ ہو - بای اتصال - امشب
بخانۂ خود رسیدم -
بای صلہ - ۱- ہرچہ شاد داده بود بدین رسید
۲- بمعنی ساتھ - شاہ بہ لشکر وارد قلعہ شد
۳- بمعنی سبب - بہ عصیان در رزق
بر کس نہ بست -
۴- بمعنی مقدار - بہ نیم بیضہ کہ سلطان
ستم روا دارد -
۵- بمعنی برائے - رفت و منزل بدیگری
پرداخت -
۶- بمعنی تقابل و توازن - من این
کتاب را بہ پنج روپیہ خریدم
۷- بمعنی موافقت - امروز روزگار
بکام اوست -
۸- بمعنی مانند - بہ خلق جہان آفرین
کار کن -
۹- بمعنی بلحاظ -
بہ تن ژندہ پیل و بجان جبرئیل
بہ کف ابر بہمن بدل رود نیل

۱۰- بمعنی قسم - بخدا، بجانِ شما - بہ رب کعبہ بخدای محمدؐ
۱۱- بمعنی توسّل - خداوندا بہ پیران جوان بخت
۱۲- بمعنی استعانت - بہ قلم خود نویس نوشتم
۱۳- بمعنی اتصال - روز بروز، کو بکو، دربدر
۱۴- بمعنی برائے آغاز - بنام خدای جہان آفرین -
۱۵- بمعنی ابنام شاہد نازک خیالان
۱۶- بمعنی جانب - احمد بہ کراچی رفت
۱۷- بمعنی اضافت - اگر زر داری بہ زور حاجت نیست -
۱۸- بمعنی قابلیت - چہ کنم کہ درد بدرمان نماندہ است
۱۹- بمعنی در - آتش بر جان می زند
۲۰- بمعنی گاہے نہ اید - بہ دریا در منافع بے شمار است -
۲۱- بمعنی را - باد گفتم زود باش -
من کتاب خود بتو دارم
۲۲- بمعنی تا - ز مشرق بہ مغرب سرگردان ماندم
۲۳- برای زینت - بگو - بگفت - برو

با - ا

با آب - جہاں پانی ہو - چمک دار -
با آبرو - باعزت - باشرف - معزز
با آب حمام دوست گرفتن - کسی رنج وتکلیف یا خرچ وغیرہ کے بغیر دوست بنالیا - مفت ہی میں دوست بنانا -
با آب حمام ضیافت کردن -
۱- ہینگ لگے نہ پھٹکڑی -
۲- حلوائی کی دکان داداجی کا فاتحہ -
با آب ورنگ - رجوع کریں باآب وتاب
با انبر بہ اقرار درآوردن - سختی سے اور سزائیں دے دے کر کسی بات کا منوانا -
باآب کشیدن - ۱- دھونا - ۲- پاک کرنا
با این جملہ - اس سبب کے باوجود - با این ہمہ -
با او یکجا نماز نمی خواند - دونوں ایک دوسرے کی ہوا کو تیر مارتے ہیں - جانی دشمن -
باب - (ع) دروازہ - پھاٹک - کتاب کا حصہ - فصل - چیپٹر -
باب - (ف) لائق - شائستہ، سزاوار، معاملہ -
باب الباب - ایران کی سرحد پر پہاڑی

سلسلہ اور دریائے خزر کے درمیان
ایک مضبوط دیوار ہے جس میں ترکستان
سے آنے جانے والے قافلوں کے
گزرنے کے لیے ایک بہت بڑا
دروازہ ہے جسے ایرانی باب الابواب
کہتے ہیں۔
باب عالی ۔ عثمانی بادشاہوں کے وزیر
اعظم کا دربار۔
باب بودن ۔ ۱۔ مناسب ہونا۔
۲۔ معمول کے مطابق ہونا۔
۳۔ رسم ورواج کے مطابق ہونا۔
بآب دادن ۔ پانی میں پھینک دینا۔
باب دست ۔ وہ چیز یا سامان جو
ہاتھ میں قابو آسکے یا سنبھالی جاسکے
باب دندان بودن ۔ ۱۔ نرم ہونا۔
۲۔ ایسی شے جو آسانی سے چبائی
اور کھائی جاسکے۔
۳۔ خوش ذائقہ اور مزیدار۔
۴۔ طبع کے عین موافق۔
باب شدن ۔ ۱۔ فیشن ہونا۔
۲۔ کسی چیز کا رواج پا جانا۔
باب طبع ۔ } طبیعت اور مزاج
باب مزاج ۔ } کے مطابق اور سازگار

(جای باب مزاج من نیست)
بابا ۔ ۱۔ باپ ۔ ۲۔ دادا ۔ بوڑھا۔
۴۔ رفیق ۔ ساقی کے لیے بھی مستعمل
(ای بابا این چہ کردی)
بابای قوم ۔ قوم کا سردار
باباغوری ۔ جس کی آنکھیں حلقوں سے
باہر نکلی ہوئی ہوں۔
باباشمل ۔ لوطی منش لیکن باغیرت۔
باباکوہی ۔ ایک بزرگ جن کا مزار شیراز
میں ایک پہاڑی کے اوپر ہے۔
جہاں حافظ شیراز نے چلہ کاٹا اور
فیضیاب ہوا۔ ے
دوش وقت سحر از غصہ نجاتم دادند
اندران ظلمت شب آب حیاتم دادند
بابای قمار بازان ۔ ۱۔ جوئے کا سخت
عادی ۔ ۲۔ پکا جواری۔
بابکان ۔ اس لفظ میں (ان) نسبتی ہے
منسوب بہ بابک۔
بابل ۔ ۱۔ زمنۂ قدیم کا ایک مشہور ومعروف شہر
۲۔ بخت نصر بادشاہ کا دارالخلافہ۔
یہ شہر اپنے معلق باغات کے لیے
دنیا بھر میں مشہور رہے ۔ یہ کوفہ کے
قریب دریائے فرات کے کنارے

ڈاک خانے کے ٹکٹ بیچنے کی کھڑکی
باجہ بلیت فروشی ۔ ریل یا سینما وغیرہ کے ٹکٹ والی کھڑکی ۔
باجۂ بانک ۔ بینک کے لین دین والی کھڑکی ۔
باجی ۔ بہن ۔ ہمشیرہ ۔ ادب سے بھی کہہ دیتے ہیں ۔
باجی خیرم دہ ۔ روز روز کنواں کھودنا اکا دکا پرچون مال خریدنے کے لیے ہر گھڑی صبح دوپہر شام دکان کا رخ کرنا ۔ یوں بھیک منگوں کی طرح پھرنے کی بجائے بہتر ہے ۔ مہینے بھر کا سامان خورد و نوش اور اشیائے صرف شروع ماہ ہی میں خرید کر رکھ لیا جائے ۔
باحضور ۔ جسے حضوریٔ قلب نصیب ہو ۔
باحقوق ۔ نمک حلال ۔ حق شناس ۔ تنخواہ دار ۔
باخاک برابر شدن ۔ ملیا میٹ ہو جانا نیست و نابود ہو جانا ۔
باخبر ۔ سمجھ دار ۔ ہوشمند ۔
باختر ۔ سرزمین مغرب ۔
باختری ۔ مغربی ۔ (پاکستان باختری)

باختن ۔ ۱ ۔ جوئے میں ہار جانا ۔
۲ ۔ کھیل میں شکست کھا جانا ۔
(بازی را کہ بردو کی باخت)
باخر آمدن ۔ انجام کو پہنچ جانا ۔
باخرس بجوال رفتن ۔ احمق یا ناجنس سے پالا پڑ جانا ۔
باخود شن ۔ تن تنہا ۔ اکیلا ۔
با خواب دیدن آبستن نمی شود ۔
۱ ۔ حلوہ کے نام لینے ہی سے تو زبان میٹھی نہیں ہو جاتی ۔
۲ ۔ زبانی جمع خرچ سے کچھ نہیں بنتا ۔
باخہ ۔ کچھوا ۔
باد ۔ ہوا ۔ (بادمی وزد)
باد ۔ ۱ ۔ کلمہ دعائیہ ۔ ۲ ۔ زندہ باد ۔ پائندہ باد ۔ ۳ ۔ بمعنی غرور ۔ (کبر و منی)
۳ ۔ جو ہو سو ہو (ہرچہ بادا باد)
۴ ۔ نیز آہ (باد سرد)
۵ ۔ نیز ایک فرشتے کا نام جو شمسی مہینے کی بائیسویں تاریخ کو کل امور کا انجارج ہوتا ہے ۔ نیز عقد نکاح کا نگہبان ۔
باد آبلہ ۔ چیچک ۔ چھالے ۔
باد افشاں ۔ غلہ صاف کرنے کی مشین ۔

باد آورد ۔ مفت کا مال ۔ نیز خسرو پرویز مشہور ساسانی بادشاہ کے سات خزانوں میں سے دوسرے خزانے کا نام ۔ ہوا یوں کہ ایران و روم ایک دوسرے سے سخت دشمن تھے ۔ قیصر روم نے خسرو پرویز کے حملے کے ڈر سے زر و جواہر اور نوادرات سے بھر کر ایک کشتی کسی محفوظ مقام کی طرف روانہ کی تاکہ دشمن کی دست برد سے محفوظ رہے خدا کا کرنا کہ اُسے طوفان نے آ لیا اور وہ مخالف اور تند ہوا اُس کے ہاتھوں اُسی جگہ جا پہنچی جہاں خسرو پرویز تھا ۔ لہذا یہ نام ۔
۲۔ نیز ریگستان میں پائے جانے والے ایک کانٹے کا نام ۔

باد آوردہ باد بُردہ ۔ مفت کا آیا ہوا یونہی برباد ہو جاتا ہے ۔
مال حرام بود بجائے حرام رفت

بادِ بروت ۔ ۱۔ نخوت ۔ ۲۔ وغرور وتکبر ۔

باد اندر مشکر داشتن ۔ گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا ۔

باد بادک ۔ پتنگ ۔ گڈی ۔

باد بادک کردن ۔ پتنگ اڑانا ۔

باد بدست آمدن ۔ ۱۔ کچھ ہاتھ نہ لگنا ۔
۲۔ بدنصیب ہونا ۔

باد بزخم خوردن ۔ سست وکاہل ہونا ۔

باد بزن ۔ پنکھا ۔

باد بودن ۔ ملیا میٹ ہونا ۔ فنا ہونا ۔

باد پس پشت ۔ مغربی ہوا ۔

باد تند ۔ آندھی ۔ طوفان ۔

باد در سر داشتن ۔ مغرور ہونا ۔ بد دماغ ہونا ۔

باد رنگین کردن ۔ اپنے منہ میاں مٹھو بننا

باد سلیمان ۔ وہ ہوا جو حضرت سلیمان علیہ السلام کے تخت کو اڑائے پھرتی تھی ۔

باد سموم ۔ زہریلی ہوا جو اکثر ریگستانوں میں چلتی ہے اور مسافروں کی ہلاکت کا باعث بنتی ہے ۔

باد سنجیدن ۔ واہی تباہی ہانکنا ۔

باد سوار ۔ ۱۔ تیز گھوڑے پر سوار آدمی ۔
۲۔ بادگاہ ہے خود تیز رفتار گھوڑا ۔

باد شرط ۔ موافق ہوا ۔

باد صبا ۔ صبح کی ٹھنڈی ہوا
باد فرنگ ۔ آتشک
بباد فنادادن رفتن ۔ مرجانا ۔
باد فتق ۔ خصیوں کی بیماری ۔ ہرنیا
باد غنان ۔ ۱۔ تیز ۔ ۲۔ بحری بیڑہ
باد فر ۔ فرفرہ ۔ لٹو ۔ بھنبیری
باد فروردین ۔ جنوب مغرب سے
آنے والی خوشگوار اور فرحت افزا
ہوا ۔
باد کردن ۔ سوج جانا ۔ ورم آجانا ۔
باد کشیدن ۔ سینگی لگانا ۔
باد گیر ۔ ۱۔ روشندان ۔
۲۔ حقے کی چلم کا ڈھکنا ۔ ۳۔ سرپوش
باد مراد ۔ رجوع بہ باد شرط
باد مسیح ۔ دم عیسیٰ ۔ حضرت عیسیٰ ؑ کی
پھونک جس سے مردہ زندہ ہو جاتے
تھے ۔
باد ھم گرد و نگستن ۔ پھولے نہ سمانا
باد مفاصل ۔ جوڑوں کا درد ۔ گنٹھیا ۔
باد مہرہ ۔ سانپ کے زہر کو زائل کرنے
والی دوائی ۔ تریاق ۔
باد نجان ۔ بینگن ۔
باد نجان دور قاب چین ۔ خوشامدی
جی حضوریہ ۔
باد نزلہ ۔ زکام ۔ نزلہ اور کھانسی
باد و دم ۔ نخوت و پندار
بادۂ مست ۔ نہایت تند و تیز شراب
بادہ پیمودن ۔ شراب پینا ۔
بادہ خوردن و سنگ بجام انداختن
جس ہنڈیا میں کھانا اُسی میں
چھید کرنا ۔
باد ہوا ۔ جھوٹا وعدہ ۔ ایک ایسی چیز
کا ذکر یا وعدہ جس کا وجود ہی نہ ہو ۔
ہیچ پوچ ۔
بادہ جوان ۔ } شراب خام ۔
بادہ نارس ۔ } کچی شراب ۔
بادیان ۔ سونف ۔
بادیک منشین کہ سیاہ بشوی ۔
۱۔ کوئلوں کی دلالی میں منہ کالا ۔
۲۔ بدوں میں مل کر انسان برا بن جاتا ہے ۔
بادیہ پیما ۔ تیز گھوڑا ۔ مسافر ۔
بادیہ نشین ۔ صحرائی ۔ بدوی ۔
بار ۔ بوجھ ۔ حمل ۔
بار ۔ ۱۔ پھل ۔ ۲۔ پھول ۔ ۳۔ چولہا ۔
۴۔ اجازت ۔ ۵۔ نفع و فائدہ ۔
۶۔ نوبت ۔ ۷۔ باری ۔ ۸۔ کھوٹ

۹ - نیز فعل امر از باریدن
بار آمدن - پروان چڑھنا - (خوب بار آمد)
بار آوردن - پھل لانا - پرورش کرنا -
(خوب بار آوردہ - اچھا تربیت یافتہ)
بار پذیرفتن } حاملہ ہو جانا
بار داشتن } حمل کا ہونا
بار دادن - ۱ - شرف باریابی -
۲ - اپنے حضور میں حاضر ہونے کی اجازت دینا -
بار دل - دلی بوجھ
بار عام - عام دربار لگانا -
بار کردن - بوجھ لادنا -
بار نہادن - بوجھ لادنا -
بار یافتن - شرف باریابی پانا -
باران آمدن - بارش برسنا -
بارانی - برساتی -
باران گیر - ۱ - چھاتا - ۲ - چھتری -
۳ - چھجہ - ۴ - سائبان -
باربد - خسرو پرویز کے درباری گویے کا نام جو فن موسیقی میں یکتائے روزگار تھا اور شیراز کے ایک نزدیکی مقام کا رہنے والا تھا -
باران ریز - ۱ - پرنالہ - ۲ - پھوار نہایت ہلکی بارش - ۳ - بوندا باندی -
باربر - ۱ - بوجھ اٹھانے والا -
۲ - مزدور - ۳ - قلی -
بار بستن - رخت سفر باندھنا
بار بر خر نہادن - رجوع بہ ماقبل
بارت آرد شد - تیرا کام ہو لیا -
بار خدایا - یا الٰہی - مرے مولا -
بارد - بدمزہ - سرد - نامرد
بارز - نمایاں - چمک دار -
بار سنج - بوجھ کو تولنے والا آلہ
بارقہ - تلوار - بجلی کی چمک، رعد
بارقہ امید - امید کی کرن
بارک اللہ - کلمہ تحسین - خدا برکت دے
بار کج بہ منزل نرسد - دھوکے اور فریب سے کام نہیں چلتا -
بارگاہ - ۱ - شاہی محل - ۲ - قصر -
۳ - عدالت - ۴ - دیوان خانہ -
۵ - شاہی خیمہ گاہ -
۶ - اور وہ مقام یا گودام جہاں سامان لادا جاتا ہے اور اتارا جاتا ہے -
بار مال شاعرو باشاعر مال - ادھر ڈاکوؤں کے ساتھ ڈاکو اور قافلہ والوں کا بھی رفیق -

بارنامہ ۔ ۱۔ شاہی محلات کا پروانہ
۲۔ شان و شوکت ۔ ۳۔ ٹھاٹھ باٹھ
۴۔ حمد و نعت ۔ ۵۔ شیخی بگھارنا
۶۔ نیز سامان کا بل جس میں بوجھ کی
ساری تفصیل درج ہو۔
بارندگی ۔ بارش کا برسنا۔
بارو ۔ قلعہ ۔ قلعے کی دیوار۔
باروت ۔ بارود۔
بارہ ۔ ۱۔ قلعہ ۔ ۲۔ حصار۔
۳۔ فصیل ۔ ۴۔ نوبت ۔
۵۔ قاعدہ ۔ ۶۔ گھوڑا۔
۷۔ مضمون ۔
باری ۔ خداوند تعالیٰ ۔ باری تعالیٰ
باریک بودن } نحیف و نزار اور
شدن } کمزور و لاغر ہونا
باریک بیں ۔ دقیق نظر ۔ نہایت
گہری سوچ بچار سے کام لینے والا۔
نیز آہیں بھرنے والا۔
باز ۔ ۱۔ شکاری پرندہ ۔ ۲۔ شاہین ۔
عقاب ۔ ۳۔ دوبارہ ۔
۴۔ از سر نو ۔ (تو باز آمدی)
۵۔ کشادہ ۔ کھلا ۔ (رفتم و در را
باز یافتم) ۶۔ گانے کھیلنے والا

اور داؤ لگانے والا۔
(آب باز ۔ قمار باز ۔ جان باز)
باز ایستادن ۔ پیچھے رہ جانا۔
باز آمدن ۔ لوٹ آنا۔
باز بستن ۔ کسی ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑ کر
باندھنا۔
باز پس رفتن ۔ الٹے پاؤں چلنا۔
باز داشتن ۔ منع کرنا ۔ روکنا۔
بازار اول یوسف ۔ وہ قیمت جو
حضرت یوسف علیہ السلام کی ان کے
کنوئیں میں سے نکلنے یا نکالنے پر
قافلہ والوں سے ان کے بھائیوں نے
وصول کی جو نہایت ہی حقیر رقم تھی۔
چند درہم ۔
بازار زد و خورد ۔ میدان جنگ ۔
بازار گرم بودن ۔ خوب مانگ یا
بکری ہونا ۔
بازار مکارہ ۔ عام نمائش کا بازار ۔
بازاری ۔ بدسلیقہ ۔
بازبین ۔ پڑتال کرنے والا۔
بازپرسی ۔ جواب طلبی ۔ جرح ۔
بازداشت ۔ نظر بند کرنا ۔ وقتی قید۔
بازدید ۔ ۱۔ معائنہ ۔ ۲۔ جوابی ملاقات ۔

بازدید کردن ۔ جوابی ملاقات کے لیے جانا۔
(دید و بازدید)
بازرس ۔ جستجو کرنے والا۔ تفتیش کرنے والا
بازرسی کردن ۔ ۱۔ پوچھ کچھ کرنا۔
۲۔ تفتیش و تحقیق کرنا۔
بازرگان ۔ تاجر سوداگر۔
بازغہ ۔ ۱۔ چمک دار۔ ۲۔ نیز ایک عورت کا نام ہے جس نے حضرت یوسفؑ کے دست مبارک پر ہدایت پائی اور روحانی منازل طے کیں۔
بازگشتن ۔ لوٹ آنا۔
بازگشت ۔ واپسی۔
بازماندن ۔ ۱۔ فیل ہو جانا۔ ۲۔ پیچھے رہ جانا۔ ۳۔ ناکام ہونا۔
بازماندہ ۔ ۱۔ بچا کھچا۔ ۲۔ مُردے سے ملنے والا ورثہ۔
بازبردم شکار ۔ موت۔
بازنشستن ۔ ریٹائر ہو جانا۔
ملازمت سے سبکدوش ہونا۔
بازنشستگی ۔ ریٹائرمنٹ سبکدوشی۔
بازن درراز ہرگز مزن ۔ بیوی سے کبھی راز کی بات نہ کہنی چاہیے۔
بازدادن ۔ مدد کرنا۔ کمک کرنا۔

بازو دراز ۔ طاقت ور۔ زور آور۔
بازوکشادن ۔ ۱۔ فراخ دل ہونا۔
۲۔ جوانمردی دکھانا۔
بازو ستون کردن ۔ کان پر چلہ چڑھانے کے لیے بازو کھولنا پوری قوت کے ساتھ
بازی ۔ ۱۔ کھیل کود۔ ۲۔ یا وہ کام جس سے خوشی اور مسرت حاصل ہو۔
بازی بازی باریش بابا ہم بازی ۔
بڑوں کی عزت پر بھی ہاتھ ڈالنا۔ ع
(طفلک نادان ز بازی ہائے بابا غافل است)
بازیچہ ۔ بچوں کا کھیل
(بازیچہ اطفال ہے دنیا مرے آگے)
بازیچہ پنداشتن ۔ بچوں کا کھیل سمجھنا کسی کام کو کوئی اہمیت نہ دینا۔
بازی خوردن ۔ ۱۔ دھوکا کھانا۔
۲۔ فریب میں آجانا۔
بازی میر و وزیر ۔ بچوں کا ایک کھیل۔
بازیار ۔ بازوار۔ کسان۔
بازی گوش ۔ ۱۔ خوش باش۔ ۲۔ کھلنڈرا جس کے کان کھیل کی آواز پر لگے رہیں۔
۳۔ نیز گستاخ۔
بازی گاہ ۔ ۱۔ تھیٹر۔
۲۔ ڈرامے کی سٹیج۔

بازخواہ ۔ ۱۔ کلکٹر ۔ ۲۔ مالیہ یا ٹیکس وصول کرنے والا۔
باژگون ۔ اوندھا ۔ اُلٹا۔
باستان ۔ ۱۔ قدیم ۔ ۲۔ پرانا ۔ ۳۔ کہنہ ۔ گزرا ہوا زمانہ (ایران باستان)
باستان نامہ ۔ تاریخ کی ایک کتاب جس میں ایرانی بادشاہوں کے تاریخی حالات درج ہیں۔
باستان شناس ۔ ماہر آثار قدیمہ
باستانی ۔ مربوط بہ باستان
باسط ۔ فراخی دہندہ ۔ خداوند تعالیٰ کا نام جو فراخی رزق اور کشائش رزق دیتا ہے۔
باسق ۔ ۱۔ لمبا ۔ ۲۔ زرد رنگ کا ایک لذیذ پھل۔ ۳۔ نیز بغداد کے نزدیک ایک مشہور قریہ یا قصبہ کا نام ۔
باسل ۔ بہادر ۔ دلیر ۔ شجاع
باسم تحصیل ۔ پڑھائی کے لیے (او باسم تحصیل بہ المان رفت) پڑھائی کے لیے جرمنی گیا۔
باسہم ۔ خوفناک ۔ ڈراؤنا ۔

باسواد ۔ پڑھا لکھا ۔ تعلیم یافتہ
بی سواد ۔ ان پڑھ ۔
باش تا قائم مقام برگردد ۔ یہ ایک ایرانی وزیر قائم مقام کی طرف اشارہ ہے جو ایک باغ میں گیا اور وہیں قتل ہوگیا ۔ اب محاورہ یوں تھا کہ انتظار کرو جب تک کہ وہ لوٹ آئے ۔ یعنی حشر تک انتظار کرو
باشگاہ ۔ کلب ۔
باشگاہ افسران ۔ افسرانہ کلب ۔
باشگاہ دانشگاہ ۔ یونیورسٹی کلب
باشو ۔ گوہ ۔ سوسمار ۔
باشی ۔ داروغہ ۔ چیف ۔ سردار ۔
باصرہ ۔ دیکھنے کی قوت ۔ بینائی ۔
باطل ۔ ۱۔ ناحق ۔ ۲۔ غلط ۔ ۳۔ جھوٹ ۔ ۴۔ (حق کا الٹ)
باطل ستیز ۔ باطل کے خلاف لڑنے والا یا جہاد کرنے والا۔
باطل کردن ۔ جھٹلانا ۔ مٹا دینا ۔
باطن ۔ چھپا ہوا ۔ پوشیدہ حالاتِ دل
باغ ارم ۔ بہشت
باغ جنان ۔ رجوع بہ ماقبل
باغ وحش ۔ چڑیا گھر ۔

باغی شدن۔ بغاوت کر دینا۔
بافت۔ بننے والا۔ بافندہ کا مخفف
بافراط۔ کثرت سے۔
بافت۔ تانا بانا
بافرہنگ۔ دانا۔ صاحب علم و دانش
باقلا۔ راج ماہنہ۔ لوبیا کی قسم کے دانے
جو کچے بھی اور پکا کر بھی کھائے جاتے
ہیں۔
باقی۔ ۱۔ بچا ہوا۔ ۲۔ ہمیشہ رہنے والی
۳۔ مستقل و مضبوط۔
۴۔ اللہ تعالیٰ کا نام۔ ۵۔ نیز بقایا
باقی داستان بفردا شب۔
حکایت کا باقی حصہ کل رات پر
اٹھا دینا۔
باقیات الصالحات۔ ۱۔ ایسے
نیک کام جو انسان کے مرنے کے
بعد بھی باقی رہتے ہیں۔ مثلاً
۲۔ صدقہ جاریہ۔ ۳۔ نیک و
صالح اولاد۔ ۴۔ اور رفاہِ عام
کے کام۔ ع
نام منظور ہے تو فیض کے اسباب بنا
باکرہ۔ دوشیزہ۔ کنواری۔
باک نداشتن۔ خوف نہ کھانا۔ پروانہ کرنا

باکورہ۔ ۱۔ ہر چیز کا آغاز۔ ۲۔ صبح۔
۳۔ پہلا پھل۔
باگرگ دنبہ می خورد و با دنبہ
رجوع۔ بار مال شاعر۔
باگہر۔ ۱۔ اچھے نسب والا۔
۲۔ نجیب الطرفین۔
بال افگندن۔ ۱۔ تھک جانا۔
۲۔ مطیع اور رام ہو جانا۔
بال زدن } اڑنا۔ پرواز کرنا
بال افشاندن } پروں کا پھڑپھڑانا
بالا۔ بلندی۔ اونچائی۔
بالابلند۔ ۱۔ بہت لمبے قد والا۔
۲۔ بالاپوش۔ ۳۔ اوورکوٹ
بالات را دیدیم زیرنیت راہم دیدیم
ایک فقیر نے بھیک مانگنے کی غرض
سے ایک گھر کے سامنے صدا کی،
گھر والی خانم تھی کوٹھے پر کہنے لگی اے
درویش افسوس میں چھت پر ہوں
اگر نیچے ہوتی تو ضرور تمھیں خیرات
دیتی۔ فقیر آگے بڑھ گیا۔ اتفاق کی
بات کچھ عرصہ بعد پھر اسی گھر پر
مانگنے کے لیے آیا۔ اب کی بی بی
گھر کے صحن میں تھی۔ کہنے لگی اے

درویش افسوس کہ میں نیچے ہوں اگر اوپر کوٹھے پر ہوتی تو تمھیں کبھی خالی ہاتھ نہ جانے دیتی۔ فقیر جو پہلے وہ فقرہ سن چکا تھا مسکرا کر کہنے لگا

بی بی بالات را دیدیم۔

بالا تر از سیاہ رنگی نیست۔
۱۔ بد قسمتی سے بڑھ کر اور کوئی چیز نہیں۔ اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگا۔
۲۔ کسی کی پروا نہ ہونا۔

بالاخص۔ خاص طور پر۔

بالا دست نشستن۔ صدارت کی کرسی پر بیٹھنا۔

بالتقدیر۔ اتفاق سے۔

بالا رفتن۔ ۱۔ ترقی کرنا۔ ۲۔ اوپر چڑھنا ۳۔ قیمتوں کا بڑھ جانا۔

بالا کشیدن۔ ۱۔ لوٹ لینا۔
۲۔ سمجھا لینا۔

بالش۔ سرہانہ

بالش نرم زیر سر کسی کردن۔ کسی کو میٹھی میٹھی باتوں سے خوش کرنا۔

بالصراحتہ۔ واضح طور پر

بالضرورہ۔ ضروری طور پر

بالعکس۔ برعکس۔ الٹ۔

بالغ۔ ۱۔ سن بلوغ کو پہنچا ہوا۔
۲۔ پکی ہوئی چیز۔

بالغ بر۔ مشتمل بر۔

بالکانہ۔ بالکنی۔

بالمرہ۔ آہستہ آہستہ۔ بتدریج۔ درجہ بدرجہ۔

بالمشافہ۔ روبرو۔ سامنے۔

بالمواجہ۔ رجوع بہ ماقبل۔

باللہ۔ بای قسمیہ۔ خدا کی قسم

بالنسبہ۔ دوسروں کی بہ نسبت

بالندگی۔ سبزیاں۔ اگی ہوئی چیزیں۔ غرور۔

بالیدن۔ بڑھنا۔ اترانا۔

بالین۔ سرہانہ۔ یا کسی کے سرہانے

س از سر بالین من برخیز ای نادان طبیب
دردمند عشق را دارو بجز دیدار نیست

بالین شکستن۔ ۱۔ تعظیم کے لیے سرہانے کو ذرا ٹیڑھا کرنا۔ ۲۔ تھوڑی سی عزت کی خاطر

بالین کج نہادن۔ غرور کرنا۔ اترانا۔

بامب۔ دو بستر

بامبول۔ دھوکا۔ فریب

بامبول زدن۔ دھوکا دینا۔

بامبول سوار کردن - فریب دینا۔
بام چشم - آنکھ کی اوپر کی چھت -
بامچہ - ممٹی۔
بامدادان - صبح گاہان۔
بامسکنت - غریب - مسکین -
بام نشین - برباد شدہ -
بامن ہم پلاس - مجھ سے بھی وہی چکمہ یعنی میں جو تمہاری رگ رگ، نخ نخ اور ریشے ریشے سے واقف ہوں تمہارے چکموں میں نہ آؤنگا
بامہ - لمبی داڑھی والا -
بانک - بینک -
بانک استقراضی - قرضہ دینے والا بینک -
بانک بازرگانی - تجارتی امور میں مدد دینے والا بینک۔
بانک دولتی - سٹیٹ بینک
بانک فلاحی - فلاحی کاموں میں امداد دینے والا بینک -
بانک ملی - نیشنل بینک
بانگ - ۱- آواز - ۲- اذان - ۳- کوک فریاد-
بانگِ خلیل اللہ - یہ نعرۂ اللہ اکبر کو کہتے ہیں - روایت ہے کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ اٹھتے بیٹھتے ہر لحظہ اللہ اکبر کہتے تھے اس لیے اسے بانگ خلیل اللہ کہتے ہیں -
بانگ دوارو - باادب باملاحظہ ہوشیار۔
بانگِ رحیل - قافلے کے کوچ کا نقارہ ویسے دستور یہ تھا کہ جب قافلے نے کوچ کرنا ہوتا تو نقیب ہر طرف پکارتا پھرتا تھا کہ الرحیل - الرحیل یعنی اب رحلت یعنی کوچ کا وقت ہے -
بانگ نماز - اذان -
بانو - خانم - بی بی - گھر کی مالکہ -
بانوی مشرق - سورج -
بانوی مصر - زلیخا -
بانوی شہلا چشم - نرگسی آنکھوں والی خوبصورت عورت -
با ہر خماری خمر ہست - ہر پھول کے ساتھ کانٹا ہے - ہر سکھ کے ساتھ دکھ ہے -
باہر کہ راست آید از جیب در است آید - خدا جب دیتا ہے تو چھپر کھٹ پھاڑ کر دیتا ہے -

باہفتاد گلاب شستن ۔ تطہیر کرنا باہمہ یار و باما آشنا ۔ سب سے دل لگی اور شوخی اور ایک ہمیں سے حیا ہے۔

باید ۔ چاہیے ۔ مضارع ہے بائستن مصدر سے۔

باید و شاید ۔ مناسب موزوں ۔ جیسا کہ چاہیے۔

بایر ۔ ۱۔ بنجر۔ ۲۔ بانجھ ۔ ۳۔ ویران نم ۔ خراب ۔

بایست ۔ ضروری ۔

بایست وقت ۔ وقت کی اہم ضرورت

بایزید ۔ ایک بہت بڑے صوفی اور بزرگ کا نام جو بسطام کے رہنے والے تھے

بایک روز مجتہد نمی شوی ۔ ماں کسی تکلیف کے دن یا سخت سردی یا چلچلاتی ہوئی گرمی کے روز بچے کو سکول جانے سے روکتی ہے مگر وہ اپنی ہٹ پر اڑ کر جانا چاہتا ہے ۔ ایسے موقع پر بولتے ہیں کہ آخر ایک ہی دن میں تو عالم فاضل نہ بن جاؤ گے ۔

بایگان ۔ ریکارڈ کیپر ۔ خزانچی ۔

بایک گل بہار نمی شود ۔ اکادکا نیک آدمی سارے معاشرے کے اچھا ہونے کا ضامن نہیں ہو سکتا ۔ اکیلا چنا کیا بھاڑ پھوڑے گا۔

باین سادگی ہم نیست ۔ اتنا آسان بھی نہیں یا وہ اتنا سادہ لوح بھی نہیں جتنا تم سمجھ رہے ہو۔

ب ۔ ب

بباد دادن ۔ تباہ کرنا ۔ برباد کرنا ۔

ببازار افتادن ۔ رسوا ہونا ۔

ببال دیگران پریدن ۔ دوسروں کے بل بوتے پر ۔

بَبَر ۔ شیر کی ایک قسم جس کے سر اور گردن پر لمبے لمبے بال ہوتے ہیں ۔ اور دُم بھی خوب گپھے دار ہوتی ہے ۔

بَبر بیان ۔ رستم کا جنگی لباس شاہنامہ فردوسی کے مطابق ۔ ببر بیان ایک دیو تھا جسے رستم نے شکست دی تھی اور اس کی کھال سے یہ لباس تیار کروایا جس پر نہ تیر اثر کر سکتا تھا نہ تلوار ۔ اس لیے اسے پہن کر لڑنے والا ہر قسم کے گزند سے محفوظ رہتا تھا۔

ببہ۔ مخفف بابا۔ احمق۔ کودن۔
ببین و تبرک۔ نظر بد سے بچانے کے لیے ایک تعویذ گنڈا۔
ببین تا چہ بر آید۔ دیکھیے اونٹ کس کروٹ بیٹھتا ہے۔
ببین تفاوت راہ از کجاست تا بکجا۔ یعنی ان دونوں میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ ع
اس میں اُس میں بڑی تفاوت ہے

ب ۔ پ

بَپا۔ پاؤں پر کھڑا ہوا۔
بپای خود بگور رفتن۔ اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑا مارنا۔ خود موت کے منہ میں چل کر پہنچ جانا۔
بپا شدن۔ } پاؤں کے بل کھڑے ہو جانا
بپا استادہ۔ } سیدھے کھڑے ہونا۔
بپا اندر آمدن۔ پھسل جانا۔ گر پڑنا۔
بپای خود بسلاخ خانہ رفتن۔ خود ہی اپنے پاؤں چل کر مقتل میں پہنچ جانا
بپوست کسی افتادن۔ چغلی کھانا غیبت کرنا۔
بپوش و بپاش۔ خود بھی کھا اوروں کو بھی کھلا۔

ب ۔ ت

بُت: ۱۔ مورتی۔ ۲۔ صنم۔ ۳۔ معشوق۔
بتاراج دادن۔ برباد کرنا۔
بتر۔ بدتر۔
بترک گفتن۔ چھوڑ دینا۔
بترکہ۔ کلمہ نفرین بددعا۔ بترکد۔ پھٹ جائے۔
بتکچی۔ دبیر۔ منشی۔
بتن گرفتن۔ اپنے اوپر ذمہ داری لے لینا۔
بہ تنگ آمدن۔ ناک میں دم ہونا۔ تنگ آجانا۔
بتواز۔ تھوڑے فاصلے پر دو لکڑیاں گاڑ کر اوپر رسی سے باندھ کر پالتو پرندوں یا باز عقاب شکرے کے لیے جو بیٹھنے کی جگہ بنائی جاتی ہے۔
بہ تور افتادن۔ پکڑے جانا۔ گرفتار ہونا۔
بتوک۔ سینی۔ لکڑی کی ٹرے۔
بَتُول۔ ۱۔ پاکیزہ۔ ۲۔ طاہرہ۔ ۳۔ حضرت بی بی فاطمہ [رض] کا لقب۔

بتہ ۔ سبز اور جڑ دار گھاس ۔

بر تیغ خاستن ۔ (موی) رونگٹے کھڑے ہو جانا ۔

ب ۔ ث

بَثّ ۔ ا ۔ بیان کرنا ۔ ۲ ۔ وضاحت کرنا ۔

بَثَر ۔ ا ۔ چھوٹی چھوٹی پھنسیاں ، ۲ ۔ دانے اور چھالے جو جلد پر نکل آتے ہیں ۔

بَث شکوی ۔ اپنی شکایت بیان کرنا اپنی بپتا یا دکھڑا سنانا ۔

ب ۔ ج

بجا ۔ درست ۔ اپنی صحیح جگہ یا مقام پر بیجا کا اُلٹ ۔

بجا آمدن ۔ صحیح مقام پر پہنچ جانا ۔ پایۂ تکمیل کو پہنچ جانا ۔ ع

اندر آ جانان کہ بجا آمدی

بجا آوردن ۔ ا ۔ کسی کو پہچان لینا ۔ ۲ ۔ کسی کام کا کرنا ۔ ۳ ۔ یا حکم بجا لانا ۔ ۴ ۔ نیز کسی خواب کی درست تعبیر کرنا ۔

بجان آمدن ۔ ا ۔ تنگ آنا ۔ ۲ ۔ قریب المرگ ہونا ۔

بجان آوردن ۔ ا ۔ کسی کو سخت تنگ کرنا ۔ ۲ ۔ ناک میں دم کر دینا ۔ ۳ ۔ عاجز کر دینا ۔

بجان من ۔ ا ۔ میرے ذمہ ۔ ۲ ۔ یا میری جان کی قسم ۔

بجای نرسیدن ۔ کسی درجہ یا مقام کو نہ پہنچ سکنا ۔ کسی ٹھکانے نہ لگنا ۔ (بسیار کار کردیم ، جان کندیم اما بجای نرسیدیم ۔)

بجرم عیسیٰ ، موسیٰ را گرفتن ۔ کرے کوئی بھرے کوئی ۔

بہ جوار حق پیوستن ۔ واصل بحق ہونا مرجانا ۔

بجنسہ ۔ ا ۔ ہو بہو ۔ ۲ ۔ بعینہٖ ۔

بجہنم ۔ نفرت سے کہتے ہیں جائے جہنم میں ۔

بجیب زدن ۔ کسی کی جیب کاٹ لینا ۔

ب ۔ چ

بچاک زدن ۔ بھاگ جانا ۔ راہ فرار اختیار کرنا ۔

بچاہ زمزم شاشیدن ۔ ا ۔ کوئی ایسا بُرا کام کرنا جس سے بدنامی کا ہرسو

چرچا ہونے لگے۔ ع
۲- بدنام نہ ہوں گے تو کیا نام نہ ہوگا
بچراغ رسیدن - ا۔کسی امیر کی ملازمت میں منسلک ہوجانا۔
۲- بھلے دن آجانا۔
بچشم - ا۔بمعنی چشم - کلمہ ایجاب قبول کہ آپ کا حکم سر آنکھوں پر
بچشم آمدن - نظر بد لگ جانا۔
بچشم برادری و بچشم خواہری - یوں تو یہ ضرب المثل مردوں میں بھی مستعمل ہے لیکن عورتیں اسے زیادہ استعمال کرتی ہیں۔ وہ جب کسی نامحرم یا بیگانے آدمی کی خوبصورتی اور حسن و جمال کی تعریف کرنا چاہتی ہیں تو پھر اس ضرب المثل کا سہارا لیتی ہیں مطلب یہ کہ میں اس پر عاشق نہیں یا میں اسے بری نظر سے نہیں دیکھتی بلکہ اسے بھائی سمجھتی ہوں۔
بچشم دیگران کشیدن - (خود را) خود نمائی کرنا۔ اترانا۔
بچگی - بچپن - بچپنا۔
بچہ مچہ - محض بچے (بچہ مچہ جمع اند)
بچہ در شکم و نامش مظفر - تہ لٹھ نہ کپاس جولاہے سے گتھم گتھا۔
بچہ رو دہ اش برآید با آن بازی میکند مشہور عوام ہے اور عامیانہ مثل ہے کہ بچے کو کھیل کود بے حد عزیز ہوتی ہے۔ وہ چھوٹی موٹی بیماری کی پروا نہیں کرتے اور اپنی کھیل میں مصروف رہتے ہیں۔ لہذا یہ ماں باپ کا فرض ہے احتیاط کامل کریں۔
بچہ چون دامن شناسد بزمین ننشیند۔ جو بچہ آغوش مادر یا دایہ کی گود کا عادی ہوجائے وہ پھر مشکل ہی سے زمین پر بیٹھتا ہے۔
بچہ حکم طوطی دارد۔ "بندر بالک ایک سمان"
بچہ عزیز است تربیت عزیز تر۔ بچے کو نوالہ سونے کا دو مگر شیر کی نظر سے دیکھو۔
بچہ کوری - حرامزادہ۔
بچہ نازادن بہ از شش ماہہ افگندن جنین بری بات کہنے سے تو چپ رہنا ہی بہتر ہے
بچہ نند - وہ بچہ جو بات بات پر روٹھ جائے۔ اڑے اور ضد کرے۔

ب ۔ ح

بِحَار ۔ جمع بحر کی ۔ سمندر

بِحَال ۔ صحیح حالت ۔ تندرست ۔

بحال آمدن ۔ ہوش میں آنا ۔

بحبوحہ ۔ درمیان ۔ وسط ۔ دوران ۔

بحبوحۂ آبادی ۔ حلقۂ آبادی ۔

بحبوحۂ جنگ ۔ گیرودار اور پکڑ دھکڑ کے دوران ۔

بحبوحۂ بخور بخور ۔ کھانے کے نفسا نفسی کے عالم کے دوران ۔

بہ حجّت برنیامدن ۔ دلیل بازی میں فیل ہو جانا ۔

بہ بحر چیزی رفتن ۔ ۱ ۔ کسی چیز کی تہ یا پاتال تک جانا ۔ ۲ ۔ بڑی چھان بین کرنا

بُحران ۔ ۱ ۔ زبردست تبدیلی ۔
۲ ۔ انقلاب ۔ ۳ ۔ تپ اور بالخصوص مسلسل تپ، یا تپ محرقہ کی صورت میں جو تبدیلی بیمار کی طبیعت میں پیدا ہوتی ہے وہ طبیعت اور مرض میں ایک قسم کا مقابلہ ہوتا ہے ۔ اُسے بحران کہتے ہیں ۔ اس مقابلے میں اگر طبیعت غالب آجائے تو صحت اور اگر مرض غالب آجائے تو مریض مرجاتا ہے ۔

بحرالعُلُوم ۔ فاضل اجل ۔ علم و فضل کا سمندر ۔

بُحران ایجاد کردن ۔ بحران پیدا کرنا ۔

بُحران آمیز ۔ ۱ ۔ نہایت نازک حالت،
۲ ۔ درہم برہم اور آشفتہ حالت ۔

بحران سیاسی ۔ سیاسی صورت حال کا بگاڑ ۔

بحر پیما ۔ سمندری جہاز

بحریہ ۔ سمندری طاقت ۔ بیڑہ ۔

بحق ۔ طفیل ۔ ع
خدایا بحق بنی فاطمہ
نیز قسم کے طور پر ۔ یعنی حق کی قسم

بحق پیوستن ۔ ۱ ۔ حق کا ساتھ دینا ۔
۲ ۔ مرجانا ۔ واصل بحق ہونا ۔

بحِل ۔ معافی ۔ عفو و درگذر ۔

بُحیرا ۔ ایک بڑے عیسائی راہب کا نام ہے ۔ اپنے بچپن میں جب سرور کائنات حضور نبی کریم ؐ اپنے چچا حضرت ابو طالب کے ہمراہ شام کو بغرض تجارت گئے تو راہ میں اس راہب سے ملاقات ہوئی ۔ تو اس نے

حضورؐ کو دیکھتے ہی انجیل کی پیشین گوئیوں کے مطابق گواہی دی کہ یہ بچہ بڑا ہو کر پیغمبر ہوگا اور نیز تاکید کی کہ اسے واپس لے جائیں اور اس کی احتیاط کریں اس امانت کو یوں نہ لیے پھریں۔

بُحَیرِہ ۔ چھوٹا سمندر (بحیرہ عرب)

ب ۔ خ

بخار ۔ بھاپ ۔ سٹیم ۔ تپ ۔

بخار سنج ۔ تھرمامیٹر ۔

بخاری ۔ ۱۔ بھاپ کا چولہا ۔
۲۔ انگیٹھی ۔ ۳۔ آتش دان ۔
۴ ۔ نیز بخارا کا رہنے والا ۔ (امام بخاری)

بخاری برقی ۔ ہیٹر ۔

بخاطر آوردن ۔ ۱۔ خیال میں لانا ۔
۲۔ توجہ دینا ۔

بخاک افتادن ۔ ۱۔ خاک میں ملنا ۔
۲ ۔ ذلیل و خوار ہونا ۔

بخاک بردن ۔ عمر بھر کسی بیماری میں مبتلا رہ کر اُسی سے مرجانا ۔

بخاک نشاندن ۔ کسی کو بالکل مسکین کر دینا

بخاک راہ نشاندن ۔ تباہ حال و ذلیل و خوار کرنا ۔

بخاک سیاہ نشستن ۔ } رجوع بہ
" " افگندن ۔ } ماقبل

بخت آزمائی ۔ ۱۔ قسمت آزمائی ۔
۲۔ لاٹری وغیرہ ۔

بخت بازشدن ۔ (دُختر) لڑکی کو بَر مل جانا ۔

بخت بخت بودن ۔ نصیبے کا یاور ہونا۔

بخت برگشتہ ۔ قسمت کا مارا ۔ بدنصیب ۔

بخت را عوض کردن ۔ قسمت کا ہیٹا ۔

بخت خفتہ ۔ سوئے ہوئے بخت والا

بختک ۔ ہیٹا پن ۔

بخت کہ برگردد اسپ تازی خر گردد
جب بُرے دن آجائیں تو بُرے بھلے کی تمیز اور امتیاز ناقص و کامل نہیں رہتا ۔

بخت نصر ۔ ایک بادشاہ کا نام ہے بچپن میں اسے "بت نصر" کے قریب بے یار و مددگار پایا گیا ۔ چونکہ اس کے باپ کا اتہ پتہ نہ تھا اس لیے اسے اسی بت کے نام سے منسوب کر دیا گیا ۔

بختیار ۔ صاحب نصیب ۔ خوش قسمت
بخت ۔ بمعنی بیٹا ۔
بخدا ۔ بائی قسمیہ ۔ خدا کی قسم ۔
ع بخدا کہ واجب آمد زتو احتراز کردن
بخر دستش نمی رسد بہ پالان می افتد
کمہار سے لڑائی اور کان اینٹھے
گدھی کے ۔
بخرج نادن ۔ ۱ ۔ پروانہ کرنا
۲ ۔ اثر نہ ہونا ۔
بخرج رفتن ۔ ۱ ۔ اثر کرنا ۔ ۲ ۔ ختم ہو جانا
بخردگی منگر ۔ قدر و قامت کو نہ
دیکھو چیز کے اصلی گن دیکھو ۔
بخش ۔ ۱ ۔ حصہ ۔ ۲ ۔ ٹکڑہ ۔ ۳ ۔ بہرہ ۔
بخش ناپذیر ۔ ناقابل تقسیم ۔
بخشایش ۔ ۱ ۔ ہدیہ ۔ ۲ ۔ بخشش ۔
۳ ۔ تحفہ ۔
بخشش کند کند دندان را ۔
احسان و لطف و کرم سے دشمن بھی
رام ہو جاتے ہیں ۔
بخشودگی ۔ ٹیکس کی معافی
بخشودنی ۔ قابل معافی ۔
بخود آمدن ۔ ہوش میں آنا ۔
بخود بریدہ ۔ جس نے نیک و بد بہت کام
کیے ہوں اور بہت بڑی مصیبتیں
جھیلی ہوں ۔
بخود فرو رفتن ۔ سر جھکا کر گہری سوچ
بچار میں پڑنا ۔
بخود نبودن ۔ اپنے آپ میں نہ ہونا ۔
بخور آش بشکن جاش ۔ ۱ ۔ جس
ہنڈیا میں کھائے اسی میں چھید
کرے ۔ ۲ ۔ نمک حرام ۔
بخور دادن ۔ دھونی دینا ۔
بخور و نمیر ۔ تھوڑی سی روزی جس سے
انسان زندہ رہ سکے ۔
بخیدن ۔ روئی دھنکنا ۔
بخیر ۔ خیریت کے ساتھ ۔ خیر و خوبی
کے ساتھ ۔ (صبح شما بخیر)
بخیل بمال دیگران ۔ جو دوسروں کی
بخشش پر کبھی راضی نہ ہو ۔
بخیہ بروی کار افتادن ۔ } کسی
" " انداختن ۔ } شرمناک
عیب یا راز کا افشا ہونا یا کر دینا ۔

ب ۔ د

بُد ۔ مخفف بُود ۔ تھا ۔
بَدادا ۔ ناشائستہ اطوار والا ۔

بَدایَت - ابتدا - آغاز -
(دربدایت حال او کارمند بوده)
بداسلوب - بری وضع والا
بد آمدن - برے لگنا -
(ازین حرف بادم می آید)
بدالحال او - ۱- وای بر حال او -
۲- بداختر - ۳- بدنصیب
بداخم - ترشرو - ماتھے پر تیوری -
بداصل - بدسرشت
بداطوار - بُرے طور طریقے والا -
بَداہَت - ۱- صریح - ۲- آشکار -
۳- ظاہر -
بدائع - ۱- بدیع کی جمع - ۲- نئی ایجادیں
۳- انوکھی اشیا - ۴- نوادرات
بد باطن - بدنفس - بدذات
بد بختانہ - شومیٔ قسمت سے -
بد بدہ - لین دین کا بُرا
بدبین - تاریک پہلو دیکھنے والا -
بدپسران - خانہ کن - وہ بیٹے جو گھر کو
تباہ کردیں -
بدپوز - ۱- بُری شکل والا - ۲- منحوس شکل
بدجنبی کردن - چغلی کھانا -
بدحرفی کردن - بدگوئی کرنا -

بدخواب - ۱- جو آدمی سو کر اٹھنے پر
چڑچڑا ہو اور دوسروں سے خواہ
مخواہ الجھے - ۲- جسے اچھی طرح سے
پرسکون نیند نہ آئے -
بدر - چودھویں رات کا چاند -
۲- گھر سے باہر - (سیزدہ بدر)
بدرام - باغی - سرکش -
بدرقہ - حفاظتی دستہ -
بدبدرقہ - بُرا اور بے وفا ساتھی -
بدرد خوردن - کام آنا -
بدرد نخوردن - کسی کام نہ آنا -
(این کتاب بدردِ من نمی خورد)
بدست افتادن - ہاتھ لگنا -
بدست باش - پاس ہی نزدیک رہنا
جو ضرورت کے وقت بلایا جاسکے -
بدست چپ خفتن - سکھ کی نیند
سونا -
بدست و پائی کسی افتادن -
کسی کے رحم و کرم پر ہونا -
بدست و دندان چسپیدن - بڑی
محنت سے احتیاط سے حفاظت سے -
بدرگ - بداصل
بدسالقہ - جسم کا کھاا، کا، جڑ رسا، ر -

بدست وپا افتادن ۔ سخت بھاگ دوڑ اور تگ ودو میں پڑ جانا ۔
بدست کم گرفتن ۔ حقیر سمجھنا ۔
بدرود گفتن ۔ ۱۔ الوداع کہنا ۔ ۲۔ خدا حافظ کہنا ۔ ۳۔ رخصت کرنا
بدسگال ۔ بداندیش ۔
بدشیر ۔ ۱۔ بری سرشت والا ۔ ۲۔ بدفطرت ۔ ۳۔ کمینہ ۔
بدعنق ۔ متکبر ۔ مغرور
بدقدم ۔ سبز قدم ۔ منحوس
بدقیافہ ۔ بدشکل ۔ بدصورت
بدکنشت ۔ بدکن ۔ برا ۔
بدکیش ۔ بدمذہب
بدگذران ۔ جس کی گذراوقات بڑی مشکل سے ہوتی ہو ۔
بدنیا آمدن ۔ پیدا ہونا ۔
بدل گرفتن ۔ کسی چیز کو نہ بھولنا ۔
بدل برات شدن ۔ الہام ہونا
بدل نقش بستن ۔ ہر وقت وہی خیال رہنا ۔
بدلجام ۔ بدلگام ۔
بدم می آید ۔ اس سے مجھے گھن یا نفرت آتی ہے ۔

بدمہری ۔ سردمہری ۔
بدعائی گربہ باراں نمی آید ۔ کوؤں کے کوسنے ڈھور نہیں مرتے ۔
بدم تیغ سپردن ۔ تلوار کے گھاٹ اتارنا ۔
بدمست ۔ بری طرح نشے میں دھت ۔
بدمکن کہ بدافتی ۔ جیسا کروگے ویسا ہی بھروگے ۔
بدم مار پا گذاشتن ۔ سویا ہوا فتنہ جگانا ۔
بدواً ۔ ابتدا میں
بدوزخ افتادن از نردبان ۔ ۱۔ چولھے سے نکل کر بھاڑ میں یا ۲۔ آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا ۔
بدوستی ۔ یائی قسمیہ ۔ دوستی کی قسم
بدوی ۔ ۱۔ بادیہ نشین ۔ ۲۔ صحرائی ۔ ۳ ۔ بدو
بدہ کار ۔ مقروض ۔
بدہ کاری ہائی ۔ وہ قرضے جو ابھی واجب الادا ہوں ۔
بُدَیل ۔ افضل الدین خاقانی ایران کے مشہور ومعروف قصیدہ گو شاعر کا نام جو چھٹی صدی ہجری میں ہو گزرا ہے

بخارا میں پیدا ہوا۔ تبریز میں مرا اور سرخاب میں مدفون ہے
بدیوار ویران کہ گیرد پناہ۔ گرتے ہوؤں کا کون سہارا لیتا ہے۔
بدیہی۔ آشکارا۔ ظاہر۔ واضح۔
بدیہہ گو۔ وہ شاعر جو فی البدیہہ شعر کرسکے۔

ب۔ ذ

بَذ۔ فتح کرنا۔ جیت۔ نیز ایک شہر کا نام جو آذربائی جان کے نزدیک واقع ہے یہ شہر ایک خاص دریا کے لیے مشہور ہے جو یہیں سے نکلتا ہے اس دریا میں نہانے والے آدمی کا بخار اُتر جاتا ہے۔
بَذاء۔ گستاخی۔ بے حیائی نیز گفتگو میں ناشائستہ انسان۔ فحش کلام اور گندہ منہ بکنے والا انسان۔
بذاتہ۔ بذات خود۔ خود۔ بنفسہ۔
بذبار۔ مسخرہ۔
بذر۔ بیج بیج بکھیرنا یا بونا۔
بذرام۔ فرحت فزا مقام۔
بذرآندنیا۔ آخرت کیلیے نیک اعمال کا توشہ
بذرگری۔ کاشتکاری۔ کھیتی باڑی
بَذرَقہ۔ بدرقہ۔ رہنما۔ سالک۔
بَذرَع۔ خوف۔ ڈر۔ ہراس۔
بُذل۔ سخاوت۔ عطیہ۔ تحفہ۔ ہدیہ نیز کشادہ دلی سے دینا۔ ؎
نیم نانی گر خورد مرد خدا
بذل درویشان کند نیمی دگر
بَذلہ (ع) عوامی استعمال کے کپڑے۔
بذلہ اف۔ ۱۔ چٹکلہ۔ ۲۔ لطیفہ۔
۳۔ دلپسند مذاق۔
بذلہ باذ۔ ۱۔ لطیفہ گو۔ ۲۔ مسخرہ۔
۳۔ حاضر جواب۔
بذلہ پوش۔ عام استعمال کے کپڑے پہننے والا۔
بذلہ گو۔ ندیم۔ مسخرہ۔
بذم۔ دانائی۔ فہم و فراست۔ صبر و شکیب۔ تحمل۔ بردباری۔
بذمی۔ ۱۔ فحش کلام کرنے والا۔
۲۔ یاوہ گو۔ ۳۔ بدزبان۔
۴۔ ہرزہ سرا۔
بذیون۔ ریشمی یا سلک کا قیمتی کپڑا۔

ب ۔ ر

بر ۔ ۱۔ پر ۔ ۲۔ اوپر ۔ ۳۔ آغوش ۔ ۴۔ بغل ۔ ۵۔ طرف ۔ ۶۔ وسعت ۔ ۷۔ بلندی ۔ ۸۔ نیز نوجوان عورت (فرق است میان آنکہ یارش در بر (بغل)
وآنکہ در چشم انتظارش بر در) (پر)

بہ بر کشیدن ۔ ۱۔ آغوش گیر ہونا ۲۔ بغل میں پکڑ لینا ۔

بہ بر تنگ کشیدن ۔ بھینچ کر بغل گیر ہونا ۔

(در بر کردن) پہننا ۔

برّ ۔ خشکی ۔ زمین ۔ (بحر و بر)

بُرّ ۔ کاٹ ۔

بر آب آمدن ۔ نمودار ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔

بر آب نوشتن ۔ تندی و تیزی کے ساتھ لکھنا ۔ ۲۔ نیز مٹا دینا ۔

بر آب و آتش زدن ۔ ۱۔ انتہائی کوشش کرنا ۔ ۲۔ سخت تگ و دو ۔ ۳۔ کوئی کسر نہ چھوڑنا ۔

برانداز کردن ۔ ۱۔ اوپر سے نیچے تک نگاہ ڈالنا ۔ ۲۔ سر سے لے کر پاؤں تک جائزہ لینا ۔

برابر ۔ ۱۔ ہم وزن ۔ ۲۔ مساوی ۔ ۳۔ گنا ۔
(دوبرابر = دگنا سہ برابر سہ گنا)

برابر کردن ۔ ہموار و یکساں کر دینا ۔

برابر رسیدن ۔ بلند ترین مقام پر پہنچ جانا ۔

بَرَابِط ۔ بربط کی جمع

بَرَائت ۔ ۱۔ بری ہونا ۔ ۲۔ آزاد ہونا ۳۔ گناہ ۔ الزام یا کسی جرم سے بری ہونا ۔

بَرَات ۔ ۱۔ حصہ ۔ ۲۔ تنخواہ ۔ ۳۔ ہنڈی ۴۔ چیک ۔ ۵۔ یادہ پروانہ جس کی بنا پر خزانہ سے روپیہ نکلوایا جاسکے ۔ ۶۔ نیز ماہ شعبان کی چودھویں رات ۔

برات بر شاخ آہو ۔ ۱۔ جھوٹے وعدے ۲۔ زبانی جمع خرچ ۔

بر آتش نشاندن ۔ کسی کو سخت مضطرب اور بے چین کرنا ۔

براثر کسی رفتن ۔ ۱۔ کسی کے نقش قدم پر چلنا ۔ ۲۔ کسی کا کھوج لگانا ۔

برادر آخر برادر بود - بھائیوں میں خواہ کس قدر رنجش اور ناچاقی ہو بھائی پھر بھی ماں جایا ہوتا ہے -
برادراندر - سوتیلا بھائی -
برادر رضاعی - ۱- دودھ شریک بھائی - ۲- جن دو بچوں نے ایک ہی دایہ کا دودھ پیا ہو -
برادر زن - بیوی کا بھائی - سالا -
برادر نسبت - رجوع بہ ماقبل -
برادر خواندگی - مُنہ بولا بھائی ہونا -
ا دوست مشمار آنکہ در نعمت زند
لاف یاری و برادر خواندگی (سعدی)
برادر خواندہ - مُنہ بولا بھائی -
برادر دین - ۱- اسلامی بھائی - ۲- ایک ہی مذہب اور دین کے پیروکار -
برادری بجا بز غالہ یکی ہفت صد - رشتہ داری الگ اور ایک طرف مگر نرخ مت توڑ - یعنی حساب تو ماں بیٹی کے درمیان بھی ہوتا ہے -
بَراز - جوڑ - زیب و زینت - نیز گندگی (بول و براز)
بَرازندہ - ۱- شائستہ - ۲- سزاوار - شایان -
برازندگی - سجاوٹ -
بر آسودن - آرام دینا یا کرنا - استراحت
بر آشفتن - ۱- جھنجھلا اٹھنا - ۲- خفا ہونا -
بر آفتاب افگندن - ۱- سوکھنے کے لیے دھوپ میں ڈال دینا - ۲- آشکارا کر دینا -
ع دیگران پوشند و یا در آفتاب افگندہ ایم
برافتادہ - ۱- مغلوب - ۲- عاجز (سعدی) ۳- درماندہ -
برافراشتن - بلند کرنا - سیدھا کھڑا کرنا -
برافروختن - جلانا -
برافشاندن - نچھاور کرنا - نثار کرنا -
بہ آفریدہ سہو رواست - ۱- آدمی خطا کا پتلا ہے - ۲- الانسان محلِ نسیان - ۳- بھول چوک انسان کا خاصہ ہے -
بُراق - وہ چوپایہ جس پر سوار ہو کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم معراج پر تشریف لے گئے -
بُرّاق - ۱- چمکیلا - ۲- درخشاں - چمک دار -
براق جم }
ا سلیمان } مراد ہے ہوا جو

حضرت سلیمان علیہ السلام کے تخت
کو اڑائے لیے پھرتی تھی۔
براق چہارم فلک ۔ سورج ۔
براق شدن ۔ بالوں کا کھڑے ہونا
برآمدن ۔ بڑھ آنا ۔ عزم کرنا ۔
سوج جانا ۔ نمودار ہونا ۔
برآمدگی ۔ ورم ۔ ٹیلہ ۔ وصول ۔
بَرامِکہ ۔ برمک کی جمع ۔ اس خاندان کا
بانی اپنی ماں کی نسبت سے برمکی
کہلایا، وہ خلیفہ بغداد منصور کا وزیر
تھا ۔ وہ یحییٰ کا باپ تھا جو خود
عباسیوں کا وزیر باتدبیر تھا، اور
پھر اس کے بیٹے جعفر اور فضل بھی
ہارون الرشید کے عہد میں کرستے
دھرتے وزیر رہتے، یہ خاندان اپنے
علم و فضل، شان و شوکت جاہ و جلال
اور جود و سخا کے لیے مشہور تھا ۔ کہتے
ہیں اپنے عروج کے دنوں میں روزانہ
ایک لاکھ درہم خیرات کرتے ۔ اور
پھر دنیا کا شاید ہی کوئی ایسا خاندان
ہو جسے اس قدر جلدی زوال آیا ہو ۔
برآمیختن ۔ ملانا ۔
برانداختن ۔ ۱ ۔ ملیامیٹ کرنا ۔
۲ ۔ نیست و نابود کرنا ۔ ۳ ۔ شکست دینا ۔
۴ ۔ منگنی توڑ دینا ۔ ۵ ۔ کسی خرید و فروخت
کے کاغذ یا انتظام وغیرہ کو باطل کر دینا ۔
برانداز ۔ ۱ ۔ خرچ ۔ ۲ ۔ تخمینہ ۔ ۳ ۔ جائزہ
براندازہ جام بخشیدن ۔ ع
دیتے ہیں بادہ ظرف قدح خوار دیکھ کر
بر انگشت پیچیدن ۔ یاد رکھنا یا یاد
رکھنے کے لیے کوئی گرہ دے لینا
ذہن پر نقش کرنا ۔
برانگیختن ۔ ابھارنا ۔ اشتعال دلانا ۔
برآن بودن ۔ فلاں رائے پر ہونا ۔
برآور ۔ ثمردار ۔ پھل دار ۔
برآورد ۔ ۱ ۔ قیمت ۔ ۲ ۔ تخمینہ ۔ ۳ ۔
نمونہ ۔ ۴ ۔ تنخواہ تقسیم کرنے کا رجسٹر
یا کاغذ ۔
برآویختن ۔ لٹکانا ۔
برآہیختن ۔ تلوار سونت لینا ۔ تلوار کا
میان سے نکالنا ۔
براہ افتادن ۔ راہ لگنا ۔
برآہو سوار شدن ۔ نہایت تند و
تیز چلنا ۔
براہ انداختن ۔ ۱ ۔ کام پر لگانا ۔
۲ ۔ کاموں کا سنوارنا ۔ ۳ ۔ روبراہ کرنا ۔

براہ آوردن ۔ راہ راست پر لانا۔
براہین ۔ جمع برہان کی ۔ دلیلیں ۔
برای چہ کار ۔ کاہے کو ۔ کس لیے
برای خالہ نبودن عریضہ ۔
ضمناً ۔ یونہی ۔ فروعی طور پر ۔ محض
خانہ پُری کے لیے ۔
برای شیطان پا پوش دوختن ۔
بہت چالاک و زرنگ ہونا ۔
۲۔ شیطان کے بھی کان کترنا ۔
برای شلختہ ہای فاطمہ زہرا دو نفل
خواندہ است ۔ یہ ضرب المثل عورتیں
اُس وقت استعمال کرتی ہیں جب
وہ دیکھتی ہیں کہ ایک پھوہڑ اور
بے سلیقہ عورت کس مزے سے
اور خوشحالی سے اپنی زندگی کے دن
گزار رہی ہے لہذا وہ رشک کے
مارے کہتی ہیں جیسے ہمارے ہاں
کہتے ہیں کہ یہ تو پچھلے جنم میں کوئی
دان پن کر کے آیا ہے ۔
برای کسی پستان بہ تنور چسباندن
سخت تکلیف اٹھانا ۔
برای کلہ ماہی خور ماہی پیدا می شود ۔
گوشت خورے کو خدا گوشت دے ہی
دیتا ہے ۔
برای گل نرو از زحمت زکام برند ۔
سخت تگ و دو اور انتہائی دوڑ دھوپ
کسی اہم کام کے لیے زیب دیتی ہے ۔
برای ہمہ مادر برای من زن پدر ۔
سبھی سے لاڈ پیار مگر مجھی سے پرخاش
براق کردن ۔ چمکانا ۔ پالش کرنا ۔
بَرْ بَرْ ۔ ۱۔ وحشی ۔ ۲۔ مشرقی ایران کے
ایک قبیلہ کا نام ۔ ۳۔ نیز افریقہ کے
ایک علاقہ کا نام ۔
بَرْ بَری ۔ ۱۔ بربر کا رہنے والا ۔ ۲۔ غیر مہذب
۳۔ نیز ایران میں روٹی کی ایک
قسم کا نام ۔ (نان بربری)
بربستن ۔ باندھنا ۔ کوچ کرنا ۔
(رخت سفر ازین جہان فانی بربست)
بربستہ ۔ ۱۔ جمادات ۔ ۲۔ بے جان ۔
۳۔ وہ چیزیں جو نشو و نما نہ پا سکیں ۔
۴۔ منجمد ۔
بَرْ بط ۔ ایک ساز کا نام ۔
بَرْبط زن ۔ / بَرْبط نواز } بربط بجانے والا ۔
برہیمہ چہ سنبل چہ سنبلہ ۔ بھینس
کے آگے بین بجانا ۔

برپا - قائم - کھڑا ہوا پاؤں پر -
برپا بودن - قائم رہنا
برپا شدن - کھڑے ہونا - اُٹھ کھڑے ہونا -
برپا خاستن
برپای خاک بودن - ذلیل وخوار ہونا -
برپای واشتن - سہارا دینا - آسرا دینا -
برپشت خفتن - خوب لمبی تان کر سونا - بے فکری کی نیند سونا -
برتافتن - مروڑنا - پھیرنا -
برتوکل زانوی اشتر بہ بند - احتیاط سے بھی کام لو اور توکل بھی کرو -
ع کسب کُن پس تکیہ برجبار کُن
بُرج - ۱ - گنبد - ۲ - قلعہ - ۳ - اُونچی جگہ جو پاسبانی کے لیے بنائی جاتی ہے
۴ - نیز آسمان کا $\frac{1}{12}$ حصّہ -
۵ - بارہ ستاروں میں سے ایک کی جگہ ان آسمانی برجوں کے نام مندرجہ ذیل ہیں :-
۱ - برج حمل - ۲ - ثور - ۳ - جوزا
۴ - سرطان - ۵ - اسد - ۶ - سنبلہ -
۷ - میزان - ۸ - عقرب - ۹ - قوس
۱۰ - جدی - ۱۱ - دلو - ۱۲ - حوت
بُرج اولیا - شہر بغداد کو کہتے ہیں - چونکہ یہاں بہت سے بزرگانِ دین اور اولیائے کرام کے مقبرے ہیں -
بُرج کبوتر - کبوتر خانہ - دراصل ایران میں کبوتروں کی بیٹ سے کام لیا جاتا ہے اسے یکجا اکٹھا کرنے کے لیے کبوتروں کو اکٹھے رکھتے ہیں) -
بُرج مسیح - چوتھا آسمان -
برجستگی - ۱ - ابھار - ۲ - اٹھان -
۳ - بلندی - ۴ - نیز منبت کاری -
برجستن - اچھل کر اٹھنا -
برجیس - مشتری ستارے کا نام -
بُرچیپ - ۱ - سرنامہ - ۲ - یادہ چٹ جس پر چیز کی قیمت لکھی ہوئی ہوتی ہے اور وہ اُس چیز کے ساتھ لٹکی ہوئی ہوتی ہے -
برچشم کور سرمہ کشیدن - بھینس کے آگے بین بجانا -
برچیدن - چُننا - کرکس لینا -
برچیدن بساط - ۱ - دکان بڑھانا - یا ۲ - کاروبار بند کر دینا -
برچیدن دامن - دامن سنبھال کر چلنا -
برحسب - مطابق - بموجب -

برحسب دلخواہ - عین دلی خواہشات کے مطابق
برحق - ۱- حقیقی - ۲- اصلی - ۳- حقدار
برخ - ۱- تھوڑا سا - ۲- حصّہ -
۳- ٹکڑا - ۴- شبنم - ۵- بجلی -
برخاست - اٹھنے کا عمل -
(نشست و برخاست)
برخاستن - اُٹھنا
برخاک نشستن - نہایت عاجز و خوار ہونا -
برخ کشیدن - ۱- جلوہ نمائی کرنا
۲- اترانا - ۳- اپنی فوقیت جتانا
برخر نشاندن - ذلیل و خوار کرنا -
برخر خود سوار شدن - اپنے کام میں مگن ہونا - کامیاب ہونا -
برخ مردم کشیدن - دوسروں پر علم و فضل چھانٹنا - جتانا -
برخر شیطان سوار شدن - اپنی ہٹ پر اڑے رہنا -
برخود بالیدن - مغرور ہونا - اترانا
برخود پیچیدن - درد کے مارے لوٹ پوٹ ہونا -
برخود گرفتن - اپنے ذمے لینا -

برخورد اوّلین - پہلی ملاقات -
برخورد کردن - ۱- ربط رکھنا -
۲- تعلق قائم کرنا -
برخوردن - ۱- ملاقات ہونا -
۲- پیچھے سے چل کر کسی کو راہ میں جالینا - ۳- ٹکرانا - ۴- طبیعت کا خراب ہونا - (حالم بہم خورد)
۵- پھل لانا - ۶- تصادم ہونا
برخفتہ قلم نیست - سویا ہوا اور مُردہ ایک برابر ہوتے ہیں -
بَرخہ - حصّہ - ٹکڑہ - جز -
برخہ شمار - شمار کنندہ -
برخہ نما - نسب نما -
بَرخی - تھوڑا سا - کچھ - زر فدیہ -
بَرخیا - حضرت سلیمان علیہ السلام کے وزیر باتدبیر آصف کے باپ کا نام -
برخیدن - کھینچنا - باہر نکالنا - چُننا کاٹنا - حجامت بنانا -
بَرد - ٹھنڈک - سردی -
بُرد - ۱- چادر - ۲- سوتی یا کتانی نیز
۳- شطرنج کی بازی میں ایسی بات جس میں شاہ کے سوا باقی سب مُہرے مارے جائیں -

بُرد پمن بردن ۔ آلٹے بانس بریلی ۔
بُردن ۔ (بازی) لے جانا ۔ جیت جانا
(بازی راکہ بُرد وکہ باخت)
بردار کشیدن ۔ سولی پر لٹکانا ۔
برداشت ۔ حاصل ۔ کھیتی باڑی کی
پیداوار ۔
بردار و رمال ۔ ٹھگ ۔ لٹیرا ۔ چور ۔
برداشتہ خاطر ۔ دل برداشتہ ۔
بردبار ۔ متحمل مزاج ۔ صابر ۔
برد خطی ۔ لکیردار چادر ۔
بر در توفیق چہ دربان چہ میر ۔
اس کی درگاہ میں سب ایک جیسے ہیں
ع تیری سرکار میں پہنچے تو سبھی ایک ہوئے
بر در خود ہر سگی شیر است ۔ اپنی گلی
میں کتا بھی شیر ہوتا ہے ۔
بَرد عجوز ۔ ۱ ۔ موسم سرما کا آخری ہفتہ
جب سردی دم توڑ رہی ہوتی ہے
برد بمعنی سردی اور عجوز بمعنی بڑھیا
اور مطلب ظاہر ہے ۔
بر دفتر افگندن ۔ ۱ ۔ نام رجسٹر کروانا
۲ ۔ اسم نویسی کروانا ۔
برد قمار یافتن ۔ ۱ ۔ جو جیتا سو ہارا
اور جو ہارا سو مارا ۔

بردک ۔ چیستاں ۔ پہیلی ۔
برد کشتی آنجا کہ خواہد خدا کشتی
اسی گھاٹ پانی لگتی ہے جہاں
خدا چاہتا ہے ۔
ع ہوتا وہی ہے جو منظور خدا ہوتا ہے
(خدا کشتی آنجا کہ خواہد برد
وگر نا خدا جامہ از تن درد
بَردگی ۔ غلامی ۔
بر دل گرفتن ۔ ناراحت ہونا ۔
آزردہ ہونا ۔
بر دماغ خوردن ۔ چڑچڑا ہونا ۔
بر دوش ۔ کندھوں پر، شانوں پر
(خرقہ بر دوش)
بُرد و باخت ۔ جیت ہار ۔ فتح و شکست
(بازی بردن و بازی باختن)
بَردہ ۔ غلام ۔ قیدی ۔
بر دہ ویران خراج نیست ۔
جس طرح ویران اور اجڑی ہوئی
بستیوں سے خراج وصول نہیں
ہوتا اسی طرح درویش و بینوا و
قلاش کو کوئی پوچھ کچھ نہیں ہوتی ۔
بر دیدہ جای دادن ۔ ۱ ۔ سر آنکھوں
پہ بٹھانا ۔ ۲ ۔ بہت تعظیم و تکریم کرنا

۳۔ استقبال کرنا۔
بروز دادن ۔ ظاہر کرنا۔ آشکار کردینا۔
بر روی آب آمدن ۔ نمودار ہونا۔
بردیف ۔ قطاریں۔
بردیف چیدن } قطاریں کھڑے کرنا
〃 ایستادن } قطار باندھنا
بررسی ۔ چھان بین۔
بر رسولاں بلاغ باشد و بس ۔
ہمارا کام سمجھا دینا ہے مانو یا نہ مانو تمہیں اختیار ہے۔
بروز آوردن ۔ فکر کرنا۔ آشکار کرنا
بر روی آب آمدن ۔ نمودار ہونا۔
بر روی دریا پل بستن ۔ نہایت مشکل اور محال کام کرنا۔
بَرز ۔ بویا ہوا کھیت۔ بیج۔
برزگر ۔ ۱۔ بیج بونے والا ۔۲۔ کاشتکار ۳۔ کسان ۔۴۔ کھیتی باڑی کرنے والا
بر روی کار بودن ۔ شرف و آبرو پانا۔
بر زبان آوردن ۔ بیان کرنا۔ لب پہ لانا۔
بر زبان ہا افتادن ۔ ۱۔ مشہور عالم ہونا ۔۲۔ جس کا چرچا ہر خاص و عام کی زبان پر ہو۔

بر زبان تسبیح و در دل گاو خر ۔
۱۔ ظاہر کچھ باطن کچھ ۔۲۔ بغل میں چھری اور منہ میں رام رام۔
بَرزخ ۔۱۔ وقفہ ۔۲۔ روک ۔
۳۔ موت سے لے کر حشر کے دن تک کا وقفہ ۔۴۔ نیز بہشت اور دوزخ کے درمیان جو اعراف ہے اُسے بھی برزخ کہتے ہیں ۔۵۔ نیز رنج ۔آزار۔
برزخ بودن } دکھ تکلیف میں ہونا
〃 شدن } آزار میں ہونا۔
برُزدن ۔ تاش کے پتوں کو ملانا۔
بَرزکار ۔ کاشتکار ۔کسان۔
بَرزن ۔۱۔ محلہ ۔۲۔ گلی ۳۔ کوچہ ۔
۴۔ شہر کا یا آبادی کا حصہ۔
بَرزین ۔۱۔ فرزین ۔۲۔ آگ ۔۳۔ نیز زرتشت مذہب کے ایک بہت بڑے پیشوا کا نام ہے جس نے پہلے پہل آتش کدہ بنوایا۔ اور اس کا نام اپنے نام پر آتش کدہ برزین رکھا ۔۴۔ نیز ایران باستان کے ایک مشہور ہیرو اور پہلوان کا نام
برسر آمدن ۔ غالب آنا ۔ سر سے لگنا

ختم ہونا۔(سرآمد روزگار این فقیرے)
ابل جانا۔(دیگ بہ سرآمد)
برسراولادآدم ہرچہ آید بگذرد۔
انسان پر بُری اور بھلی سب گزر ہی جاتی ہے
برسرآن بُودن۔کسی چیز کا ارادہ کرنا۔کسی چیز کے درپے ہونا۔
برسرپاآمدن۔بچے کا پاؤں پر کھڑے ہونے لگنا۔آشکار ہونا۔
برسرپاایستادن۔کسی کام کے کرنے کے لیے آمادہ ہونا۔بالکل تیار ہونا۔
برسرتیرآمدن۔نشانے کی زد میں آنا
برسرچشم۔سرآنکھوں پر۔
برسرحرف بودن۔اپنی بات یا قول اور وعدے پر قائم رہنا۔
برسرفرزندآدم ہرچہ آید بگذرد۔
رجوع کریں برسراولادآدم...
برسرغربال بودن۔آنکھوں کا تارا ہونا۔نہایت ہی عزیز ہونا۔
بُرِش۔۱۔کاٹ۔۲۔تراشہ۔
۳۔قاش۔
برشاخ آہو۔ناممکن الحصول۔
برشتن۔بھونا۔

برشتہ۔بھنا ہوا۔سُرخ شُدہ
برشتہ تحریر درآوردن۔حیطہ تحریر میں لانا۔
برشدن۔اوپر چڑھنا۔بلند ہونا۔سوار ہونا۔
برشگال۔موسم برسات۔
برشوی زن بہ کہ نزد پدر۔عورت کا اصل مقام اس کے خاوند کا گھر ہے۔والپس باپ کے پاس یعنی میکے آنا گویا ازدواجی زندگی کی ناکامیابی کی علامت ہے۔
برشمردن۔دوبارہ گننا۔
برشیر زرین نہادن۔نہایت ہی دلیر اور شجاع ہونا۔
بَرَص۔۱۔پھلبہری۔۲۔وہ سفید داغ جو خرابی خون کے باعث جسم پر نمودار ہوتے ہیں۔
برصحرا افگندن } ظاہر کرنا۔
" نہادن } آشکار کرنا۔
برطاق نسیان نہادن۔بھلا دینا۔فراموش کر دینا۔
برطبق۔مطابق۔بموجب
برطرف شدن۔الگ ہونا۔دور ہو جانا

کام سے ہٹائے جانا۔

برطرفی ۔ تعطل ۔ موقوفی ۔

برعکس ۔ اُلٹ ۔

برغاب ۔ ۱۔ بند۔ ۲۔ ڈیم ۔ ۳۔ جوہڑ

برغبت ۔ بڑی رغبت اور خواہش سے۔

برفاب ۔ برف کا پانی ۔ ٹھنڈا پانی ۔

برف انبار ۔ وہ جگہ جہاں برف جمع کی جاتی ہے ۔ برف کا گودام ۔

برفان ۔ بھیڑ کے بچے کی پشم یا اُون

برف پاک کن ۔ وہ پھاوڑا یا کدال جس سے برف مکانوں کی چھتوں سے اتارتے ہیں۔

برفشاندن ۔ (دست) رقص کرنا ۔

برفلانی چکیدن ۔ کسی پر شک کرنا ۔

برفلاں قلم نیست ۔ ۱۔ اس سے جواب طلبی نہیں کی جاسکتی ۔ ۲۔ وہ پوچھ گچھ سے بالاتر ہے ۔

برف بربام سالخوردہ ماست ۔ جو کریں گے سو بھریں گے ۔

بَرق ۔ ۱۔ بجلی ۔ ۲۔ روشنی ۔ ۳۔ بجلی کی چمک ۔ دو بادلوں کے ٹکرانے سے جو چمک پیدا ہوتی ہے

بَرق آسا ۔ ۱۔ بجلی کی مانند ۔ ۲۔ نہایت تیز و تند ۔

برق کشکر ۔ تلوار ۔

برق انداز ۔ ۱۔ توپچی ۔ ۲۔ بندوقچی

برق زدہ ۔ سوختہ ۔ جلا ہوا ۔

برق گر ۔ EARTH وہ آلہ جو ریڈیو، ٹیلی ویژن یا فرج وغیرہ کے سلسلہ میں نصب کیا جاتا ہے تاکہ بجلی زمین میں جاسکے اور نقصان نہ کرے ۔

برقع کشائی ہر مشکل ۔ ہر مشکل کو حل یا آسان کر دینے والا۔

برق یمن ۔ وہ بجلی جو یمن کی جانب چمکتی ہو جس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ چمکے تو بارش ضرور آتی ہے ۔ جیسے ہمارے ہاں پہاڑ یا مغرب سے بادل اُٹھے تو ضرور برستا ہے ۔

بَرَکات ۔ برکت کی جمع ۔ برکتیں ۔

برکار بستن ۔ کام پر لگانا ۔

برکار سوار بودن ۔ اپنے کام میں محو ہونا ۔ سخت منہمک ہونا ۔

برکاویدن ۔ کپڑے کو پھاڑنا یا خربوزے کو کاٹنا ۔

برکردن ۔ یاد کرنا ۔ حفظ کرنا ۔ پہننا ۔

برکُرسی نشاندن ۔ ۱۔ کسی کام کو احسن طریق سے انجام دینا۔ ۲۔ اپنی بات کو منوانا یا ثابت کرنا۔ (او حرفِ خود را برکُرسی نشاند)

برکُرسی نشستہ فرعون شدہ ۔ ابھی افسری ملی ہی نہیں اور اُس کا دماغ خراب ہو گیا۔

برکشیدن ۔ ۱۔ مرتبہ بڑھانا۔ ۲۔ بلند کرنا ۳۔ اوپر کھینچنا۔

برکف نہادن ۔ پیش کرنا۔ ؎

ہمہ آہوان صحرا سرِ خود نہادہ برکف
بامید اینکہ روزی بشکار خواہی آمد

برکنار شدن } الگ ہونا۔ رانده شدن
" کردن } علیحدہ ہونا۔

برکندن ۔ کھودنا۔ چھیننا۔

برکندہ آمدن ۔ سب کچھ لٹوا کر اور چھنوا کر آنا۔

برکوہان ۔ ۱۔ سازوں کی ہم آہنگی۔ ۲۔ نیز طوطے کی چہکار۔

بِرکہ ۔ ۱۔ حوض۔ ۲۔ تالاب۔ ۳۔ پانی کا چشمہ

بِرکہ آردشیر ۔ ایک شہر کا نام ہے جو ایک ایسے چشمے کی بنا پر رکھا گیا جسے ایران باستان کے ایک بادشاہ نے بنوایا

بَرگۂ لاجورد ۔ آسمان۔ فلک۔

بَرکی ۔ ایک لمبی ٹوپی جسے اکثر درویش پہنتے ہیں۔ نیز درویشوں کا گروہ جسے ہمارے ہاں عرفِ عام میں شاید "بورلے" کہتے ہیں۔

بَرگ ۔ ۱۔ درخت کا پتہ۔ ۲۔ گھاس کا تنکا۔ ۳۔ ساز۔ ۴۔ ارادہ۔ ۵۔ سازوسامان۔ ۶۔ فوج کا راشن اور راتب

بَرگ بی برگی ۔ فقر۔ درویشی

برگ چشم ۔ آنکھ کا اوپر کا حصّہ۔ ڈھکنا۔

برگاو نشاندن ۔ ذلیل وخوار کرنا۔

برگ سبز است تحفۂ درویش ۔ غریب کا حقیر اور معمولی تحفہ بھی قابلِ قدر ہونا چاہیے۔

برگ کاہ ۔ گھاس کا تنکا۔

برگذار ۔ تحفہ

برگذشتہ حسرت خوردن ۔ گزری ہوئی باتوں یا گزرے ہوئے دنوں کو حسرت سے یاد کرنا۔

برگذشتہ صلوٰۃ کردن ۔ گزر گئی گذران کیا جھونپڑی کیا میدان۔

برگرائیدن - پھر سے مائل ہونا۔
برگ ریزاں - ۱۔ پت جھڑ کا موسم۔
۲۔ خزاں کا موسم۔ ۳۔ پائیز۔
برگرد انیدن - ۱۔ الٹ پلٹ کرنا۔
۲۔ پیچھے کی طرف لوٹنا۔
۳۔ دوبارہ لانا۔
برگ گردان - کاربن کاغذ۔ معکوس
برگزار کردن - اجرا کرنا۔
برگرد ہم آوردن - جمع کرنا۔
برگردیدن - لوٹ آنا۔
برگزیدن - چننا۔
برگستوان - ۱۔ پاگھر۔ ۲۔ لڑائی کا لباس وہ زرہ بکتر جو سپاہی اور گھوڑے دونوں کو پہنایا جاتا تھا تاکہ وہ دشمن کے تیروں سے محفوظ رہیں۔
برگشادن - افتتاح کرنا۔ کھولنا۔
برگشتن - لوٹ آنا۔ الٹ آنا۔
برگشتہ بخت - } جس کے برے دن آجائیں
برگشتہ حال - } بدحال۔ بدبخت۔
برگشتگی - الٹ پھیر۔
برگماشتن - مقرر کرنا۔
برگماشتہ - مقرر کیا ہوا۔
ڈیلی گیٹ۔

برگ و بار - ۱۔ ساز و سامان۔
۲۔ مال و دولت۔
برگ و نوا - ۱۔ اسباب۔ سامان۔
برگ و ساز پیدا کردن - مال و اسباب پیدا کرنا۔
برم - ۱۔ میرے پہلو میں۔ (در برمن)
۲۔ نیز برای من۔
برمایون - وہ مشہور و معروف گائے جس کے دودھ پر فریدون بادشاہ ایران نے پرورش پائی۔
برمحل - مناسب۔ عین موقع پر۔
برمزاج گفتن - سننے والوں کے عین مزاج کے مطابق بات یا تقریر کرنا۔
برمک - جعفر برمکی سے مراد ہے۔ نیز اس کے خاندان سے۔
برملا - ۱۔ کھلے بندوں۔ ۲۔ علناً۔
۳۔ اعلانیہ طور پر۔
برمالیدن - ۱۔ راہ فرار اختیار کرنا۔
۲۔ آستین یا پائنچے اوپر چڑھانا۔
برموقع - عین وقت پر۔
(ما بہ راہ آہن برموقع رسیدیم)

بروسنگ بلینداز لغلت باز لبنشہ۔ ۱۔جاؤ جتنا زور بازو لگ سکتا ہے لگا دیکھو۔۲۔جتنی دور پتھر پھینک سکتے ہو پھینکو اور پوری قوت سے پورا بازو کھول کر تاکہ حسرت نہ رہ جائے
بُرنا ۔ جوان ۔ توانا۔
برناخن ایستادن ۔تعمیل حکم کے لیے نہایت ادب اور مستعدی سے کھڑے ہونا۔
بُرنامہ ۔ پروگرام سلیبس ۔نصاب ۔پروگرام۔
برنائی ۔ ۱۔جوانی ۔۲۔جب خون رگوں میں جوانی کے گیت گا رہا ہو ۔۳۔قوت کا زمانہ
برنج ۔چاول ۔پیتل ۔
برنج خورد ۔ ٹوٹا چاول۔
برنجن ۔کنگن ۔چوڑیاں ۔
برنجی ۔ پیتل کا بنا ہوا برتن
بُرندہ ۔ کاٹ کرنے والا ۔ہاضم۔
برنشاندن ۔ بٹھانا۔سوار کرنا۔
برنغار ۔فوج کا دایاں بازو۔
برنشستن ۔گھوڑی پر سوار ہونا۔
برنیاں ۔ریشمی کپڑا۔
برنیاں خو ۔ ۱۔نہایت ملائم عادت والا۔ ۲۔دھیما ۔۳۔خوش خو۔
بروات ۔ ۱۔برات کی جمع ۔نیز ۲۔فرامین مراعات ۔۳۔شاہی سندات ۔
برو بچہ ۔ اہل وعیال ۔زن وفرزند۔ دوست احباب ۔
برو برنگاہ کردن ۔ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔
برو بازو کشادن ۔ ہاتھ پاؤں مارنا جان توڑ کر کوشش کرنا۔
برو باہ گفتند شاہدت کیست گفت دنبہ خواجہ کا گواہ مینڈک ۔
بُرُوت ۔ مونچھیں ۔ (نیز غرور تکبر) (بادوبردت بمعنی نخوت وپندار)
بروت برتافتن ۔ مونچھوں پر تاؤ دینا اکڑفوں دکھانا۔
بروت کسی برکندن ۔ رسوا کرنا۔ ذلیل وخوار کرنا۔
برو پیشانیت را عوض کن ۔ پیشانی میں جو لکھا ہے وہ پیش آکے رہے گا۔
بروج ۔ ۱۔برج کی جمع ۔۲۔آسمان کے بارہ بُرج ۔۳۔نیز قلعے ۔۴۔فصیلیں۔
بُرُودَت ۔ سردی ۔ٹھنڈک ۔آزردگی افسردگی۔

برودت انگیز - یاس انگیز - مایوس کن
بروز - آشکارا - عیاں - ظاہر -
بروز آمدن - ظاہر ہونا -
بروز دادن } ظاہر کرنا -
بروز شدن } نمودار ہونا - پبلک میں نمایاں کرنا -
برو فرو - نشیب و فراز - بلندی و پستی -
بروز سیاہ نشاندن - ۱- کسی کو تباہ و برباد کر دینا - ۲- آبرو کو خاک میں ملا دینا -
بروز کسی خندیدن - کسی کی بدحالی اور تباہ حالی پر خوش ہونا -
برومند - ۱- سرسبز و شاداب - ۲- صحت مند ۳- سالم - تندرست -
برون - باہر -
برون آمدن - باہر نکل آنا - سورج کا چڑھنا
ع سجدہ کی باشد روا چون آفتاب آید برون
(جامی)
برون سرای - وہ سکہ جو سرکاری ٹکسال کی بجائے کہیں باہر بنا ہو - جعلی - قلب
برون مرز - خارج از کشور - خارجہ
بروی خود نیاوردن - ۱- کسی بات کو سن کر ان سنی کر دینا - ۲- کوئی توجہ نہ دینا -

برہ - ۱- بھیڑ کا بچہ - ۲- نیز معصوم - ۳- کپڑے کا بیرونی حصہ - ۴- کمزور
برہ دو مادری - ۱- دو بھیڑوں کا دودھ پینے والا بچہ - ۲- مراد خوشحال -
برہ گرفتن - کمزور کی مدد کرنا -
بُرہان - دلیل -
بُرہانِ قاطع - مسکت دلیل - ایسی دلیل جو باقی تمام دلائل کو کاٹ کر رکھ دے -
بُرہانِ مسیحا - حضرت عیسیٰؑ کا سا معجزہ کوئی حیران کن اور قاطع دلیل -
بُرہانی - ۱- فیصلہ کن - ۲- منطقی - ۳- فلسفیانہ - ۴- نیز ایک شاعر کا تخلص -
بر ہر خرم آخرمی بندد - یہ مثل اور مسور کی دال -
برہم - جمع شدہ - خفا - ناراض -
برہم خوردن - ۱- ٹکرانا - ۲- پریشان ہونا - ۳- الٹ پلٹ ہونا -
برہم زدن - } ۱- الٹ پلٹ کرنا -
برہم شدن - } ۲- شیرازہ منتشر کرنا یا ہونا - ۳- تتر بتر ہونا -
برہم خوردگی - سخت اضطراب و پریشانی -
بُرہنگی - عریانی - ننگاپن

بَرَہنہ : ۱۔ عریان۔ ۲۔ ننگا۔ ۳۔ خالی۔
برہنہ حرف زدن : صاف صاف اور کھری کھری بات بغیر لگی لپٹی رکھے کہ دینا۔ ع
برہنہ حرف نگفتن کمال گویائی است
(اقبالؔ)
بَرَہنہ پا : ننگے پاؤں۔
بَرَہنہ سَری : حاجیان مکہ کی طرح ننگے سر نیز مایوسی و ناامیدی۔
بَرَہنہ خوشحال : جس کے پاس کچھ بھی نہ ہو اور وہ پھر بھی خوش و خرّم ہو۔ حال مست جس حال میں رکھے اُسے اُس حال میں خوش ہے۔
بَرَہنہ فارغ از دزد و طرار : مفلس و قلاش آدمی بے فکر ہوکر لمبی تان کر سوتا ہے یعنی رہا کھٹکا نہ چوری کا نہ ڈاکے کا
بَرَہُوت : ۱۔ سخت گرم جگہ۔ ۲۔ بے آباد اور ویران۔ ۳۔ نیز حضرالموت میں ایک وادی کا نام بھی ہے جس میں ایک کنواں ہے جس کے متعلق مشہور ہے کہ وہاں کفار کی روحیں لٹک رہی ہیں۔
برّی : ۱۔ بیابانی۔ ۲۔ بحری کا الٹ ۳۔ خشکی کا ٹکڑا۔

بری : بے قصور۔ بے گناہ۔
بری الذمہ : جس کے ذمّے کوئی چیز یا رقم واجب الادا نہ ہو۔ پاک دامن۔
بِریان : بھنا ہوا۔
بَریت : سبکدوشی۔ رہائی۔
بر یخ حوالہ کردن : ۱۔ نومید و مایوس ہوجانا۔ ۲۔ کسی چیز سے آس توڑ دینا۔
بَرِید : ۱۔ نامہ بر۔ ۲۔ قاصد۔ ۳۔ ہرکارہ ۴۔ نیز بارہ میل کا فاصلہ۔ غالباً اتنے اتنے فاصلے پر گذشتہ زمانے میں ڈاک کی چوکیاں ہوا کرتی تھیں جہاں سے ایک تازہ دم ہرکارہ تازہ دم گھوڑے پر سوار ہوکر ڈاک لے جایا کرتا تھا۔
بَرِید خوش نوید : خوشخبری لانے والا قاصد۔
برید فلک : چاند کو بھی کہتے ہیں اور ستارہ زحل کو بھی۔
بریدن : ۱۔ کاٹنا۔ ۲۔ جدا کرنا۔ ۳۔ ترک کرنا۔ ۴۔ فاسد ہونا۔ مثلاً (شیر بریدہ) ۵۔ پھٹا ہوا دودھ۔ ۶۔ ختنہ کرنا۔
بریدہ بُریدہ : نہایت ہی باریک لکھنا۔
بریسمان افتادن : قید و بند میں جکڑے جانا۔

برلیسمان پوسیدہ کسی بچاہ رفتن ۔ ۱۔ دوسروں کے کہنے سننے پر اپنی جان کو جوکھوں میں ڈال دینا ۔ ۲۔ جان کو خطرے میں ڈال دینا ۔

بریش کسی خندیدن ۔ کسی کا تمسخر اڑانا ۔

بریش گرفتن ۔ ۱۔ اپنے اوپر ذمہ داری لے لینا ۔ ۲۔ یا کسی کام پر فخر و مباہات کرنا

بریشم ۔ سلک ریشم ۔

ب ۔ ز

بُزْ ۔ ۱۔ بکری ۔ ۲۔ بکرا ۔ ۳۔ ڈرپوک ۔ ۴۔ برج حمل ۔

بُزِ اخفش ۔ ۱۔ بیوقوف ۔ ۲۔ احمق ۔ ۳۔ خالی الذہن ۔ ویسے اخفش پچھلے زمانے میں ایک بڑا نجومی ہو گزرا ہے ۔ وہ علم نحو کو خوب رٹتا تھا ۔ اس کے رٹے کا یہ حال تھا کہ وہ اپنی ایک بکری کے سامنے بیٹھ کر اپنا سبق یاد کرتا اور پہروں تک بیٹھ کر مسلسل باآواز بلند سبق کو دہراتا تھا حتیٰ کہ بکری بچاری تنگ آ کر "نیں نیں" کرا ٹھتی اور وہ سمجھتا کہ بس اب اس کو سبق یاد ہو گیا ۔ بکری کو جب ذبح کیا گیا تو اس کا دماغ خالی تھا مغز نہ تھا ۔

بزِ لنتۂ ملا نصرالدین ۔ ایران و ترکی میں ملا نصرالدین سے مراد وہ شخصیت ہے جسے ہمارے ہاں شیخ چلی کے نام سے یاد کیا جاتا ہے کہتے ہیں کہ ملا نصرالدین کے پاس دو بکریاں تھیں ۔ اتفاق سے ایک دن ایک بکری کھو گئی ۔ ملا نے بہتیری کوشش کی مگر بڑی جستجو اور تلاش کے بعد بھی بکری نہ ملی ۔ تھک کر اور مایوس ہو کر ملا گھر کو لوٹا اور آتے ہی دوسری بکری پر جو بندھی ہوئی تھی پل پڑا ۔ لوگوں نے بیچ بچاؤ کرتے ہوئے کہا کہ ملا آخر اس بچاری کا کیا قصور ہے کہنے لگا کہ یہ بندھی ہوئی ہے اگر یہ بھی کھلی ہوتی تو پھر یہ بھی ایسا ہی کرتی ۔ محاورہ سے مراد ہے کہ کرے کوئی لود بھرے کوئی یا کرے مونچھوں والا اور پکڑا جائے داڑھی والا ، اور گا ہے طویلے کی بلا بندر کے سر ۔

بُزِ کوہی ۔ پہاڑی بکرا ۔ مادہ بارہ سنگا

بزاز ۔ کپڑا بیچنے والا ۔

بُز باز ۔ ۱۔ بکری بندر کا ناچ کرانے والا ۲۔ قلندر ۔ ۳۔ مداری ۔

بُزبان ہا افتادن ۔ ۱۔ مشہور عالم ہونا ۔

رسوا ہونا۔ ۲۔ جس کا چرچا ہر زبان پر ہو
بُزاق : تھوک۔ لعاب دہن جو غذا کے ہضم ہونے میں مدد دیتا ہے۔
بز جامہ ۔ امیرانہ لباس۔
بز پاسنگ ۔ پہاڑی بکرا۔
بز جگر ۔ ڈرپوک۔
بُزدل ۔ ۱۔ کم حوصلہ۔ ۲۔ ڈرپوک۔ ۳۔ ترسو۔
بز را چراغ پا کردن ۔ دوسروں کا آرام حرام کرنے والا خود کبھی چین نہیں پا سکتا۔
بزرجمہر ۔ (بزرگ مہر) نوشیرواں عادل کا دانا اور نیک دل وزیر اعظم کا نام ہے جس کا شمار دنیا کے داناترین انسانوں اور وزیروں میں ہوتا ہے۔
بزرگ ۔ ۱۔ بڑا۔ ۲۔ عزت کے لائق۔ واجب الاحترام۔ ۳۔ طاقتور۔ ۴۔ شاندار۔ ۵۔ ولی اللہ۔ ۶۔ نیز موسیقی کی ایک سُر کا نام۔
بزرگ امید ۔ ایک بزرگ منش حکیم کا نام ہے جو نوشیروان عادل کے پوتے خسرو پرویز کا اتالیق تھا۔
بزرگان خردہ بر خرداں نگیرند ۔ بڑے چھوٹوں کی خطاؤں اور غلطیوں سے درگذر کرتے ہیں۔
بزرگ داشتن ۔ کسی کو واجب الاحترام سمجھنا۔
بزرگ زادہ ۔ امیر۔ کبیر۔ شریف زادہ۔
بزرگ کردن ۔ پرورش کرنا۔ پالنا۔ کسی چیز یا بات کو اہمیت دینا اور بڑھا چڑھا کر پیش کرنا۔
بزرگ منش ۔ بلند نظر۔ صاحب عزم و ہمت نیز مغرور اور خود بین۔
بزرگوار ۔ واجب التعظیم۔
بزرگ ہمت ۔ بلند ہمت۔
بزشک ۔ (پزشک) طبیب
بز غالہ ۔ بکری کا بچہ۔
بُز غالہ فلک ۔ بُرج جدی۔
بز غنج ۔ پستہ کا درخت یا اخروٹ۔ درخت پستہ کو جو پھل لگتا ہے اس میں ایک سال مغز ہوتا ہے اور ایک سال وہ خالی رہتا ہے۔ خالی والے سال کو اُسے بزغنج کہتے ہیں۔
بز قدم ۔ ۱۔ آہستہ چلنے والا۔ ۲۔ ناتوان ۳۔ لیکن طنز و مزاح سے بہت تیز چلنے والے کو بھی کہ دیتے ہیں۔
بزگرفتن ۔ ۱۔ کسی بدھو اور عقلمند کے

اندھے ۔۲۔ دکاندار سے کوئی چیز نہایت سستے داموں لے آنا ۔۳۔ بدھو بنانا ۔
بزک ۔ زینت و آرائش ۔
بزک کردن ۔ عورتوں کے بناؤ سنگار کرنے کو کہتے ہیں ۔
بزک دوزک ۔۱۔ بناؤ سنگار ۔۲۔ لیپ پوت ۔
بزل ۔۱۔ سختی ۲۔ بدبختی ۔۳۔ شگاف ڈالنا ۔
بزلہ ۔ شیریں و دلنشیں باتیں ۔
بزم ۔۱۔ مجلس ۔۲۔ محفل ۔۳۔ جشن ۔ ۴۔ عیش و نشاط کی محفل ۔
بزم آرا ۔۱۔ بزم کو سجانے والا ۔ ۲۔ نیز بزم کو زینت بخشنے والا، مراد ۳۔ مہمان خصوصی ۔ میر مجلس ۔ صدر ۔
بزم آراستن ۔ بزم آرائی کرنا ۔
بزم گسنگین ۔ جہاں بہت حاضرین جمع ہوں ۔
بزمزہ ۔۱۔ گوہ ۔ سوسمار ۔۲۔ بز بمعنی بھیڑ بکری، اور مز بدل بمعنی چوسنا ۔ کہا ہے گوہ و سوسماران کے تھنوں سے دودھ چوس لیتے ہیں جس سے زہر سرایت کر جاتا ہے ۔

بزمین سخت نشاشیدن ۔ کسی بہت طاقتور سے پالا پڑ جانا ۔ کسی ایسے سے مقابلہ جو اپنے سے ہمت میں زیادہ ہو ۔
بزمین نواختن ۔ گرا دینا ۔ پچھاڑ دینا ۔
بزن ۔۱۔ جلاد کو تلوار سے مجرم یا ملزم کا سر اڑا دینے کا حکم ۔۲۔ زدن مصدر سے فعل امر ۔ یائے زینت ہے کہ گردن مار دو ۔
بزن بہادر ۔۱۔ لڑاکا ۔۲۔ جھگڑالو ۔ ۳۔ ہٹا کٹا ۔
بزنگاہ ۔۱۔ ایسی جگہ جہاں ہر وقت کھلبلی مچی رہتی ہو ۔۲۔ یا وہ جگہ جہاں چوروں، ڈاکوؤں اور رہزنوں کا کھٹکا لگا رہے ۔
بزودی ۔ جلدی سے سرعت سے
بزہ ۔ گناہ ۔ جرم ۔
بزہکار ۔ مجرم ۔ گنہگار ۔
بزیر نگین کردن ۔ } فتح کرنا مسخر کرنا ۔
〃 〃 آوردن } حکومت کرنا ۔
بزین ۔ ہوا کا چلنا ۔ نیز نیشاپور میں ایک عبادت گاہ کا نام بھی ہے ۔

ب ۔ ژ

بَرژ ۔ برف ۔ ٹیلہ ۔ پہاڑی ۔
برژم ۔ شبنم ۔ اوس ۔ کہرا ۔
برژمان ۔ غمگین ۔ مایوس ۔ ماتم کناں ۔
برژمندی ۔ لاچاری ۔ مایوسی ۔ ناامیدی ۔

ب ۔ س

بس ۔ ۱۔ بہت ۔ ۲۔ زیادہ ۔ ۳۔ کثرت
۴۔ کافی ۔ ۵۔ اکثر ۔
بَسا ۔ اکثر ۔ بہت ع
۱۔ ای بسا آرزو کہ خاک شدہ
۲۔ یار بسا کسا کہ بروز تو آرزومنداست
بسا بزرگ ۔ بہت زیادہ بزرگ ،
بَسَاتین ۔ بستان کی جمع ۔ باغات ۔
بساز کسی رقصیدن ۔ کسی کے اشارے
پر ناچنا ۔ کسی کی اندھا دھند تقلید کرنا ۔
بَسَاط ۔ ۱۔ چٹائی ۔ ۲۔ فرش ۔ ۳۔ بچھونا ۔
۴۔ دسترخوان ۔ ۵۔ سرمایہ ۔ ۶۔
ہمت ۔ ۷۔ وسعت ۔ ۸۔ نیز شطرنج
کھیلنے کا تختہ ۔
بَسَاط اغبر ۔ غبار آلود فرش ۔
بساط کون و مکان ۔ کائنات ۔
بساط آراستن ۔ آراستہ کرنا ۔
بساط گستردن ۔ دسترخوان بچھانا ۔
بساط گل فروشان ۔ پھول بیچنے والوں کا
کپڑا یا چادر جس پر وہ اپنے پھول
سجاتے ہیں ۔
بَساطت ۔ خالص جس میں کسی قسم کی
ملاوٹ اور آمیزش نہ ہو ۔
بَسَالت ۔ ۱۔ دلیری ۔ ۲۔ بہادری ۔
بسالش ساختہ ایم بہ ماہش ہم می
سازیم ۔ ہم نے اس کے سالوں کے
وعدے بھی سنے اور اب وہ مہینوں
پر آگیا ہے چلو یہ بھی آزما کر دیکھ لیتے ہیں ۔
بَسّام ۔ بہت تبسم کرنے والا ۔ خوش خو
خندہ رو اور خندہ پیشانی والا ۔ خوش باش ۔
بَسَان ۔ مانند ۔
بسبک ۔ (فلاں) فلاں شاعر یا ادیب
کے سٹائل اور اسلوب تحریر پر ۔
بست ۔ ۱۔ بستن مصدر سے باندھنے
کا عمل ۔ ۲۔ مقدس مقام ۔ بند ۔
۳۔ پہاڑی ۔ ۴۔ پناہ گاہ ۔ ۵۔ قلعہ
بستان ۔ لے لو ۔ ستاندن مصدر سے
چھین لو ۔

بُستان۔ ۱۔ مخفف بوستان۔
۲۔ باغ ۳۔ پھلواری۔ ۴۔ چمن۔ باغیچہ
۵۔ جہاں خوشبو والے پھول ہوں
بُستانچی۔ باغبان۔ مالی۔
بُستان کار۔ قرض خواہ
بُستاوند۔ پہاڑی۔ ناہموار جگہ
بستر آہنگ۔ پلنگ پوش۔ چادر
بستر نشین۔ صاحب فراش۔ بیمار۔
بستری۔
بستری بودن } بیمار ہونا اور بستر
بستری شدن } ہی پر لیٹے رہنا۔
بستگی۔ ۱۔ رشتہ داری۔ ۲۔ پیوند۔
۳۔ ٹوٹی ہڈی کا جوڑنا۔ ۴۔ زبان
میں لکنت ہونا یا سرے سے زبان کا
بند ہونا۔
بستن۔ ۱۔ باندھنا۔ ۲۔ لادنا۔
۳۔ مطیع کرنا۔ ۴۔ آگا روکنا۔
بستن آئین۔ آئین بندی۔ کسی کی
آمد پر سجانا۔ زیب و زینت کرنا۔
بستن حساب۔ بینک میں اپنا
اکاؤنٹ یا لین دین بند کر دینا۔
بستن راہ ہا۔ ڈاکوؤں اور رہزنوں
قافلوں اور کاروانوں کے راستوں
کو روکنا۔
بستہ۔ ۱۔ بندھا ہوا۔ ۲۔ پارسل۔
۳۔ بنڈل۔ ۴۔ نیز رشتہ دار۔
نزدیکی۔
بستہ بہ۔ مشروط۔
بست گاہ۔ ۱۔ امن کی جگہ۔ ۲۔ پناہ گا
جہاں پر داخل ہوجانے کے بعد
پولیس اور حکومت دخل اندازی
نہیں کرسکتی۔
بستگان۔ رشتہ دار۔ عزیز و اقارب
ع اندک اندک بستگانان آمدند۔
بستنی۔ برف کی قلفی۔ آئس کریم۔
بستو۔ مٹی کا چھوٹا سا برتن دودھ
بلونے والی رئی۔
بست و بند۔ بندوبست۔ کنٹرول
بست و گشاد۔ حل و عقد امور۔
بستوہ آمدن۔ تنگ آنا۔ عاجز
آجانا۔
بستوہ آوردن۔ ۱۔ تنگ کرنا۔
۲۔ ناک میں دم کر دینا۔ ۳۔ عاجز
کر دینا۔
بستہ رحم۔ ۱۔ بانجھ۔ ۲۔ عقیم۔
نازا۔

بستہ زنجیر ۔ قیدی ۔ اسیر ۔ زنجیروں میں جکڑا ہوا آدمی ۔
بستہ گہوارۂ فنا ۔ دنیا کے مصائب و آلام اور شدائد کا شکار ۔
بستہ میان ۔ کمربستہ ۔ تیار
بستۂ نیشکر ۔ گنوں کا گٹھا ۔
بسخن رسیدہ ۔ معاملہ فہم اور معقول آدمی ۔
بس خواستہ ۔ ۱۔ جس کی بیحد طلب اور خواہش ہو ۔ محبوب ۔
بُسّد ۔ مرجان ۔ مونگا ۔
بُسّدین ۔ ۱ (ی ۔ ن) نسبتی ہے ۲۔ مرمریں ۔ ۳۔ بلوریں ۔ ۴۔ مراد ہے مونگے کا اور مرجان کا ۔
بُشراق ۔ پکھراج ، ایک قسم کا ہیرا ۔
بسر آمدن ۔ ۱۔ ختم ہونا ۔ ۲۔ تمام ہونا ۳۔ سرے لگنا ۔ ۴۔ پایا بال آجانا ۔ بنڈیا ابل مثلاً دیگ بسر آمد ۔ نیز ع سر آمد روزگار ے این فقیرے (اقبال)
بسر بردن ۔ زندگی گزارنا ۔ بسر اوقات کرنا ۔ بردباری سے کام لینا ۔
بسر پا آمدن ۔ ۱۔ بچے کا پاؤں چلنے لگنا ۔ ۲۔ نیز مریض کا از سر نو صحت یاب ہونا ۔
بسر دویدن ۔ ۱۔ سر کے بل دوڑنا ۔ مراد ہے مطیع ہونا ۔ ۲۔ رام ہونا ۔
بسر خشم در آمدن ۔ ۱۔ غصے میں آنا ۔ ۲۔ غصے کے مارے اپنا توازن کھو دینا ۔ ۳۔ برہم ہونا ۔
بسر در آمدن ۔ سر کے بل گرنا ۔
بسر در آمدگی ۔ گراوٹ ۔ لغزش ۔
بسر رشتہ آمدن ۔ اِدھر اُدھر کی چھوڑ کر اصل بات یا موضوع کی طرف رجوع کرنا ۔
بسر رسیدن ۔ عمر کا تمام ہونا ۔ سرے لگنا ۔
بسر و جان ۔ دل و جان سے ۔
بسر و چشم ۔ سر آنکھوں پر ۔
بَسط ۔ بچھانا ۔ کشادگی ۔ فراخی ۔
بَسطامی ۔ (یائے نسبتی ہے) بسطام کا رہنے والا ، جہاں کے مشہور و معروف ولی اللہ حضرت بایزید تھے ۔
بَسطت ۔ کشادگی ۔ فراخی ۔ وسعت ۔
باسم اللہ ۔ اللہ تعالیٰ کے نام سے ۔ بسم اللہ ۔

بسمل - گھائل - نیم جان سخت مجروح
بسم اللہ گفتن - ۱- خندہ پیشانی سے استقبال کرنا - ۲ - بطور تکلف و تعارف کہنا کہ شروع کریں -
بسملہ - بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنا -
بسملگاہ - ۱- مذبح - ۲- ذبح کرنے کی جگہ
بسملی - وہ جانور جو ذبح ہو - ع
تو نگاہ دیدۂ بسملی یکدام آئینہ مائلی
(بیدل)
بسندر - کافی - یکتفی -
بسندہ - سزاوار - شایان
بسندہ کار - مطمئن -
بسنگ آمدن - کمزور ہونا ٹھوکر لگنا
بسودن - ۱- ملنا - ۲- چھونا - ۳- محسوس کرنا - ۴- رگڑنا - ۵- مٹانا -
بسوی - طرف - جانب -
بسوی چراغ قسم - چراغ کو سلام کرنا قبل از اسلام دستور تھا -
بسوی کعبہ راہ بسیار است - خانہ خدا یا خدا تک پہنچنے کی اگرچہ بہت سی مختلف راہیں ہیں لیکن پھر پھرا کر پہنچ سبھی ایک گھاٹ پر جاتے ہیں -

بسوراخ مار انگشت کردن - آبیل مجھے مار - جان بوجھ کر ہلاکت کے گڑھے میں جانا -
بستون - عامیانہ ہیں بستان سے بستون اور ت کبھی غائب اور بسون مراد ہے لے لو -
بسی - بہت زیادہ - اکثر - ؎
بسی رنج بردم درین سال سی
عجم زندہ کردم بدین پارسی
بسیار بر - پھلوں سے لدا ہوا -
بسیار خسپ - نیند کا ماتا اور متوالا -
بسیار خور - پیٹو - بہت کھانے والا -
بسیار دوست - بہت ملنسار - جس کے بہت سے دوست یار ہوں -
بسیار گو - حراف - باتونی -
بسیار وام - بہت زیادہ مقروض -
بسیچ - ۱- عزم - ۲- ارادہ - ۳- خیال - ۴- قصد اور تیاری -
بسیط - ۱- فراخ - ۲- کشادہ - ۳- بچھائی - ۴- روئی زمین - ۵- نیز علم عروض کا ایک بحر -
مستفعلن فاعلن ....

بسیلی روی خود را سُرخ کردن - اندر ہی اندر رنج و غم کا کھانا اور اظہار نہ کرنا۔ ظاہر اور باطن میں فرق آبرو قائم رکھنے کے لیے۔

بسیم آخر زدن - جی کڑا کر کے آخری قدم اٹھا لینا۔

ب - ش

بَش - ۱- پٹی - ۲- لوہے پیتل یا چاندی کی وہ پتریاں جو صندوق باندھنے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں - ۳- خوش و خرم - ۴- شادکام -

بش انداختن - یہ ایک قسم کی قرعہ اندازی ہے جو بچے اپنے کھیل میں استعمال کرتے ہیں۔ ہوتا یوں ہے کہ سب بچے ایک ہی بار باہم مل کر اپنے ہاتھوں کی انگلیوں کو سر کے پیچھے سے لاتے ہیں اور پھر سب انگلیوں کو گن لیتے ہیں اور ایک طرف سے گنتی شروع کر دیتے ہیں آخری نمبر جس پر آئے تو وہ طے شدہ قرار داد کے مطابق جیت یا ہار جاتا ہے۔

بشارت - (دادن - داشتن - آوردن) خوشخبری - مژدہ جانفزا یا خواب میں کسی مقدس ہستی کو دیکھنا۔

بشارت مسیحا - نوید مسیحا حضور سرور کائنات کو کہتے ہیں۔ آپؐ کے آنے کی خوشخبری حضرت عیسیٰؑ نے بھی دی تھی - ع

دعای خلیل اور نوید مسیحا

بَشّاش - ہشاش بشاش - خوش باش خوش و خرم -

بشاشت داشتن - خوش و خرم ہونا۔ خوش طبع ہونا -

بشاهم - ایک خوشبودار جھاڑی جس کی ٹہنیوں سے مسواک بنا کر استعمال کی جاتی ہے - اور جس کے پتوں سے بالوں کے لیے خضاب بنایا جاتا ہے۔

بُش لُبش - اندرائن کے پتے -

بشتاب - شتافتن سے فعل امر جلدی کرو -

بشتر گفتند چرا شاشت از پس است
گفت چہ چیز مثل ہمہ کس است

مراد ہے اونٹ رے اونٹ تیری کونسی کل سیدھی -

بشتر گفتند گردنت کج است ۔ رجوع کریں بہ ما قبل ۔

بشتر مرغ گویند بارکش گوید مرغم گویند پرواز کن گوید اشترم ۔ مراد خوی بدرا بہانہ بسیار است ۔

بُشخور ۔ مخفف آبشخور سے مُراد گلاس یا برتن میں پینے کے بعد جو پانی بچ رہے ۔

بشدّت ۔ سختی سے، مجبوراً ۔ زور شور سے

بَشَر ۔ ۱ ۔ آدمی ۔ انسان ۔ ۲ ۔ انسانیت

بُشر حافی ۔ بغداد میں گورستان شاہی کے نواح میں مدفون ایک ولی اللہ کا نام ہے ۔ حافی کے معنی ہیں ننگے پاؤں آپ چونکہ برہنہ پا رہتے تھے اس لیے یہ نام پڑ گیا ۔ اب عامیانہ ایران میں اس آدمی کو کہتے ہیں جو برہنہ پا رہنے کا عادی ہو ۔

بشر دوست ۔ انسان دوست یعنی نوع انسان سے محبت بھرے جذبات رکھنے والا ۔

بشر دوستی ۔ انسان دوستی ۔

بشر شناسی ۔ علم الانسان ۔

بشرط کارد خریدن } ۱ ۔ کسی پیند پھل
" فروختن } مثلاً خربوزہ، ہندوانہ یا آم کو کاٹ کر چکھ کر خریدنا یا بیچنا ۔ ۲ ۔ نیز اس دوست کو بھی کہتے ہیں جسے پوری طرح آزما کر دوستی کے زمرہ میں شامل کیا جائے ۔

بُشرہ ۔ ۱ ۔ چہرہ ۔ ۲ ۔ رُخ ۔ ۳ ۔ پیشانی ۔ ۴ ۔ حلیہ ۔ ۵ ۔ نیز جلد کا بالائی حصہ

بَشَریّت ۔ آدمیت ۔ انسانیت ۔

بشقاب ۔ رکابی ۔ تھالی ۔ پلیٹ ۔

بُشک ۔ ۱ ۔ عشوہ ۔ ۲ ۔ غمزہ ۔ ۳ ۔ نازو ادا ۔ ۴ ۔ شبنم اور اس کے قطرے ۔

بُشک زدن ۔ نازو ادا سے کام لینا ۔ عشوہ گری ۔

بشکستن ۔ توڑ دینا ۔

بشکفہ ۔ شگوفہ ۔ غنچہ ۔

بشکم ۔ ۱ ۔ ہوادار برآمدہ ۔ ۲ ۔ گیلری یا ۳ ۔ دالان جہاں گرمی آرام سے گزار سکیں

بشکن زدن ۔ ۱ ۔ چٹکی بجانا ۔ ۲ ۔ خوشیاں منانا ۔

بشکن بشکن ۔ ۱ ۔ شکستن مصدر سے فعل امر اور بامعنی زینت ۔ ۲ ۔ تو بشکن بشکن کو کہتے ہیں جس میں عیش و طرب کے سب

سامان اور یاران طریقت اور رندوں کے لیے صلائے عام ہو۔

بشکوہ ۔ باشکوہ ۔ صاحب جاہ و جلال

بشم ۔ ۱۔ غمناک ۔ ۲۔ رنجیدہ ۔ ۳۔ ملول ۴۔ ناگوار ۔ ۵۔ سوگوار ۔ ۶۔ نیز شبنم کے وہ قطرے جو سبزہ پر کثرت سے ہوں اور اسے سفید چادر سی بنا دیں

بشمول ۔ فلاں کی شمولیت کے ساتھ ۔

بشناس قدر خویش کہ گوگرد احمری ۔ تم جنس نایاب ہو اپنی صحیح قدر و منزلت کو پہچانو ۔

بشوریدن ۔ غصے میں آنا ۔ کوسنا ۔ دھاڑنا ۔

بشہر خویش ہر کس شہریار است ۔ اپنی گلی میں تو کتا بھی شیر ہوتا ہے ۔

بشیر ۔ ۱۔ خوشخبری لانے والا ۔ ۲۔ بشارت دینے والا ۔ ۳۔ نیز حضور سرور کائنات کا نام مبارک بھی ہے ۔

ب ۔ ص

بصارت ۔ ۱۔ نظر ۔ ۲۔ بینائی ۔ ۳۔ آنکھ کی روشنی ۔ ۴۔ نگاہ ظاہری آنکھوں کی

بصائر ۔ ۱۔ بصیرت کی جمع ۔ ۲۔ نگاہیں ۔ ۳۔ نظریں ۔ ۴۔ نیز بیّن ثبوت ۔

بصر ۔ دیکھنا ۔ آنکھ ۔ دیدہ ۔

بصرہ ۔ عراق عرب کی مشہور بندرگاہ جو خلیج فارس کے ساحل پر واقع ہے ۔

بصری ۔ یائی نسبتی ۔ بصرہ کا رہنے والا یا والی جیسے رابعہ بصری ۔

بصورت ۔ ۱۔ بظاہر ۔ ۲۔ بھیس میں ۔ ۳۔ شکل میں ۔ مثلاً بصورت انسان بسیرت شیطان ۔

بصیر ۔ ۱۔ دانا و دانشمند ۔ ۲۔ ظاہر و باطن کو دیکھنے والا ۔ ۳۔ اللہ تعالیٰ کے ننانوے صفاتی ناموں میں سے ایک ۔

بصیرت ۔ ۱۔ دل کی بینائی ۔ چشم بصیرت ۲۔ یعنی باطنی آنکھیں ۔

ب ۔ ض

بضاعت ۔ ۱۔ سرمایہ ۔ ۲۔ پونجی ۔ ۳۔ مال و اسباب ۔ ۴۔ ایجنسی ۔ ۵۔ کمیشن ۔

بضاعت مزجات ۔ ۱۔ تھوڑی سی پونجی ۔ ۲۔ قلیل سرمایہ ۔ ۳۔ تھوڑی سی سوجھ بوجھ

بضاعت مزجات بحضرت عزیز آوردن ۔ مراد ہے برگ سبز تحفہ درویش ۔
بضع سنین ۔ ۱۔ چند سال ۔ ۲۔ ایک سے نو سال تک ۔ جیسے فارسی میں (اند) کا لفظ ہوتا ہے وہ بھی متعین عدد نہیں ایک سے نو کے درمیان کا کوئی عدد ۔
بضعہ ۔ ۱۔ گوشت کا ٹکڑا ۔ ۲۔ لوتھڑا ۔

ب ۔ ط

بَط ۔ بطخ ۔ مرغابی ۔ بُت ۔ مینا ۔
بُط ۔ سستی ۔ تاخیر ۔
بطاقہ ۔ ۱۔ آنکھ کی تِلی وسیاہی ۔ ۲۔ یا وہ سلپ یا چیٹ جس پر قیمت لکھی ہوئی ہوتی ہے ۔
بطاق نسیاں گذاشتن ۔ بھلا دینا ۔ فراموش کر دینا ۔
بطّال ۔ ۱۔ بیکار ۔ ۲۔ نکمّا ۔ ۳۔ نکھٹو ۔ ۴۔ نیز بہادر ۔ دلیر ۔
بطال کردن ۔ محو کرنا ۔ مٹا دینا ۔
بطالت ۔ سستی ۔ کاہلی (۔ بطالت گذرانیدن)
بَطحَا ۔ ۱۔ وادیٔ مکہ معظمہ ۔ ۲۔ پتھریلے نالے اور فراخ زمین ۔ عے
خاک بطحا خالدے دیگر بزا
بَطَائن ۔ ۱۔ استر جو کوٹ یا کپڑوں کے اندر لگایا جاتا ہے ۔ ۲۔ نیز وفادار اور مخلص دوست کو بھی کہتے ہیں ۔
بَطَر ۔ ۱۔ شادی ۔ ۲۔ خوشی ۔ ۳۔ طرب نیز نافرمانی ۔ ۴۔ ناشکرگزاری ۔
بُطری ۔ بوتل ۔
بِطریق ۔ ۱۔ عیسائیوں کا بہت بڑا پیشوا ۲۔ لاٹ پادری ۔ ۳۔ قدیم زمانے میں رومی فوج کے جرنیل کو بھی کہتے تھے ۔
بَطَش ۔ ۱۔ دلیری ۔ ۲۔ بہادری ۔ ۳۔ حملہ ۔ ۴۔ ستیزہ ۔
بَطَک ۔ شراب کی چھوٹی صراحی اور چھوٹی بطخ بھی ۔ (کاف تصغیر)
بَطَل ۔ شجاع ۔ دلیر ۔ (بطل جلیل)
بُطلان ۔ باطل کرنا ۔ جھٹلانا ۔ ضائع کرنا ۔
بَطلیموس ۔ ۱۔ یونان قدیم کے ایک مشہور و معروف حکیم کا نام مجسطی اس کی مشہور عالم تصنیف ہے ۔
بطن ۔ ۱۔ شکم ۔ ۲۔ پیٹ ۔ ۳۔ اندرونی حصہ ۔ میان ۔

بطن پرست ۔ پیٹو۔ پیٹ پرست۔
بطناب انداختن ۔ رسیوں میں جکڑ دینا۔ پھانسی دینا۔
بُطُون ۔ بطن کی جمع۔ شکم ہا۔
بطون اودیہ ۔ بطون جمع بطن کی اور اودیہ جمع وادی کی۔ مراد ہے تنگ اور دشوار گزار وادی اور گھاٹی سے
بطوع و رغبت ۔ بڑی خواہش اور شوق سے۔
بطہارت گذراندن ۔ بڑی پاک پاکیزہ اور بے عیب قسم کی زندگی بسر کرنا۔
بطہران طلبیدن ۔ جیسے ہمارے ہاں کہتے ہیں فلاں پولیس افسر کو لائن حاضر کر دیا گیا۔ طہران چونکہ دار الخلافہ ہے جس کی وہاں طلبی ہو جائے۔ مطلب ہے اس کو نوکری سے جواب مل جانے کا امکان ہے۔
بطیٔ نشست ۔ کاہل۔
بطیٔ انتقال ۔ کند ذہن۔ غبی۔
بطیٔ حرکت ۔ آہستہ خرام۔ کچھوے کی چال والا۔
بطیٔ ہضم ۔ ثقیل غذا جو مشکل سے ہضم ہو۔

ب ۔ ظ

بظاہر ۔ ظاہری طور پر۔ دیکھنے میں۔
بظہور آمدن ۔ ۱۔ ظہور میں آنا۔ ۲۔ نمودار ہونا۔ ۳۔ نیز پایہ تکمیل کو پہنچ جانا۔

ب ۔ ع

بِعَاد ۔ ۱۔ دور ہونا۔ ۲۔ دور کرنا۔ ۳۔ لعنت و نفرین۔
بُعَاد ۔ دُور۔ بعید۔
بَعث ۔ ۱۔ اٹھانا۔ ۲۔ بیدار کرنا ۳۔ زندہ کرنا۔ ۴۔ جگانا۔ ۵۔ قیامت رستاخیز۔ نیز ۶۔ نبی اور پیغمبر کا منصب نبوت یا پیغمبری پر منصوب ہونا۔
بِعثت ۔ ۱۔ برانگیختہ کرنا۔ ۲۔ بیداری ۳۔ بھیجنا۔ ۴۔ نیز نبی اور پیغمبر کی ماموریت۔
بِعثت رسول اکرمؐ ۔ مراد ہے ۲۷ رجب سے جس دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خداوند تعالیٰ کی طرف سے پیغمبری عطا ہوئی۔

بعث و نشر ۔ رستاخیز۔ قیامت کا دن ۔
بعجلہ ۔ جلدی سے ۔ عجلت میں ۔
بعدًا ۔ اس کے بعد ۔
بعد از ننہ خبردار ۔ بے وقت اطلاع دینا۔
بعد از مردن سہراب نوشدارو۔ بے فائدہ اور بے وقت کام ۔ ع
جل گیا جب کھیت مینہ برسا تو پھر کس کام کا
بُعد ۔ دُوری ۔
بُعد المشرقین ۔ ا۔ مشرق اور مغرب کا درمیانی فاصلہ ۔ ۲ ۔ بہت دُور دراز ۔
بعصا راہ رفتن ۔ نہایت حزم و احتیاط کے ساتھ چلنا ۔ قدم پھونک پھونک کر رکھنا ۔
بعلاوہ ۔ علاوہ ازیں ۔
بعیار رسیدن ۔ کسوٹی پر پرکھے جانا ۔
بَعلبَک ۔ ملک شام میں ایک شہر کا نام ہے جس میں حضرت الیاس کی قوم بستی تھی ۔ جو بعل نامی بُت کی پوجا کرتی تھی ۔
بعِلّت ۔ بسبب ۔ بوجہ ۔
بعون ۔ مدد سے ۔
بعید ۔ ا۔ دُور ۔ ۲ ۔ ناقابلِ یقین اور حیران کُن جیسے بعید از قیاس یا بعید از مروّت ۔
بعینہٖ ۔ ہو بہو ۔ بالکل اسی طرح ۔

ب ۔ غ

بَغ ۔ ا۔ گڑھا ۔ ۲ ۔ خندق ۔ ۳ ۔ کھائی ۔ ۴ ۔ ایک بت کا نام ۔ ۵ ۔ ایک دیوتا ۔ ۶ ۔ یزدان ۔
بغدادہ ۔ خداداده ۔ بعض اسے بغداد کا مخفف بتاتے ہیں ۔
بغ کردن ۔ ترش رو ہونا ۔ ماتھے پہ بل ڈالنا ۔ تیوری چڑھانا ۔
بُغاث ۔ گدھ ۔ کرگس ۔
بِغاز ۔ لکڑیوں کے پھاڑنے کے واسطے لکڑی کے درمیان جو "فانا" یا چھیلتی رکھی جاتی ہے ۔
بِغال ۔ بغل کی جمع ۔ خچریں ۔
بغاوت ۔ سرکشی ۔ حکومت وقت کے خلاف اقدام ۔
بغتۃً ۔ ناگہاں ۔ اچانک ۔
بُغچہ ۔ چھوٹی گٹھڑی ۔

بقچہ کش ۔ نوکر ۔ ملازم
بُغدر ۔ قیمہ کاٹنے والا قصاب کا بڑا چھُرا۔
بَغداد ۔ عراق عرب کا مشہور قدیمی شہر جو اب بھی عراق کا دار الخلافہ ہے ۔ اور گزشتہ زمانے میں بھی عباسیوں کا پایہ تخت تھا ۔ یہ شہر علم و فضل اور تجارت کا مرکز رہ چکا ہے ۔ اس شہر پر تاتاریوں نے حملہ کیا تو لاکھوں مسلمان موت کے گھاٹ اتار دیے گئے ۔ بڑی تباہی اور بربادی ہوئی ۔ ع دید بغداد آنچہ رو ما ہم ندید یہاں بہت سے اولیاء کرام اور بزرگان دین کے مزار ہیں ۔ یہاں چونکہ نوشیروان عادل حکومت کیا کرتا تھا اس لیے فارسی ترکیب کے لحاظ سے اسے باغ داد کہا گیا ۔ اور پھر الف کے گرنے سے بغداد رہ گیا۔
بغداد خراب است ۔ پیٹ کا خالی ہونا جیسے کہتے ہیں بھوک کے مارے پیٹ میں چوہے دوڑ رہے ہیں ۔
بُغرنج ۔ ۱۔ پیچیدہ ۔ ۲۔ درہم برہم ۔ ۳۔ بُغض ۔ ۴۔ حسد ۔ عناد ۔ کینہ ۔
بُغض گرفتن ۔ دل میں کینہ رکھنا ۔
بُغض در گلو ۔ غمگین اور گا بے خشمناک
بغض بیخ گلویش گرفت ۔ رقت طاری ہو جانا ۔ آواز رُندھ جانا ۔
بغضا ۔ سخت کینہ و عداوت ۔
بغل خواب ۔ رفیقۂ حیات ۔ بیوی
بغل زدن ۔ تیرنا ۔
بغل کردن ۔ گلے ملنا ۔
بغلگیر شدن ۔ رجوع بہ ماقبل
بغلی ۔ جو چیز بغل میں دبائی یا رکھی جا سکے جیسے بغلی قرآن جسے حمائل شریف کہتے ہیں ۔ (دفتر بغلی) وہ رجسٹر جو بغل میں رکھا جا سکے ۔
بغی ۔ ۱۔ سرکش ۔ ۲۔ باغی ۔ ۳۔ بغاوت ۴۔ ستم ۔ ۵۔ اور تشدد ۔

ب ۔ ف

بَفت ۔ جولاہوں کا کپڑا بننے کا اوزار، بڑا سا کنگھا جسے وہ بار بار بلکہ ہر بار استعمال کرتے ہیں ۔
بفاصلہ ۔ دور دراز ۔ باری ۔
بفراست دریافتن ۔ عقلمندی اور دانائی سے سمجھ جانا ۔

بفردا مہمان کارامروزرا۔ آج کا کام کل پر مت چھوڑو۔
بفرزندی قبول کردن۔ منہ بولا بیٹا بنانا یا کسی کو دامادی کا شرف بخشنا۔
بفرمائید۔ تعارف اور احترام کا کلمہ جو ایرانیوں کا تقریباً تکیہ کلام ہے جو وہ تقریباً بہت سی باتوں کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ مثلاً۔ آئیے آئیے ۱۔ تشریف لائیے۔ ۲۔ بیٹھیے۔ ۳۔ اٹھیے۔ ۴۔ جائیے۔ ۵۔ کھائیے۔ ۶۔ بیچیے۔ ۷۔ شروع کیجیے۔ ۸۔ چلئے۔

ب - ق

بَقّ۔ مچھر۔ کھٹمل
بَقا۔ زندگانی۔ زیست۔ ہمیشہ کی زندگی۔
بَقا بقای خدا است۔ سدا رہے نام اللہ کا۔
بَقاء شما باشد۔ خدا تمھاری عمر دراز کرے۔
بقاع۔ ۱۔ بقعہ کی جمع۔ ۲۔ گھر۔ ۳۔ مکانات۔ ۴۔ نشیبی علاقے جہاں پانی ٹھہر جائے۔ زمینیں۔
بقاع منبرکہ۔ بزرگانِ دین کے مدفن۔
بقاعدہ۔ باقاعدہ۔ ترتیب سے۔
بَقّال۔ کنجڑا۔ سبزی فروش۔
بقال الدنگ لیف یوزی۔ سخت بداخلاق جھگڑالو اور آوارہ۔
بقاطر گفتند پدرت کیست گفت اسب آقا وایم۔ ع
کون ہیں تیرے اب و جد کس قبیلے سے ہے تو
جواب ملا کہ شاہی اصطبل کی زینت جو باور فتار گھوڑے ہیں وہ میرے ماموں ہی تو ہیں۔
بقایا۔ باقی ماندہ۔
بقائی ہوش و حواس۔ اپنے ہوش و حواس کے علیٰ ٹھیک اور درست ہونے کے دوران۔
بقچہ۔ رجوع کریں بغچہ
بقدر۔ بمطابق۔ بسیار۔ زیادہ۔
بقر۔ گائے۔
بقر عید۔ عید قربان۔
بقرار۔ بموجب (بقرار زیر) نیچے لکھے ہوئے کے مطابق
بقراط۔ یونان قدیم کا مشہور و معروف

طبیب جس نے پہلی مرتبہ علم و فن طب کو فروغ دیا۔ چھوٹی عمر ہی میں علوم متداولہ پر مکمل دسترس حاصل کر لی۔ اور پھر ایک طول طویل عرصے تک کتابوں کی تصنیف اور عبادت میں مصروف رہا کوئی نوے اور سو سال کے درمیان عمر پائی۔

بُقعہ - ۱۔ مکان۔ ۲۔ نشیبی جگہ۔ ۳۔ کسی بزرگ کا مزار۔ ۴۔ گنبد۔ ۵۔ طاق۔

بقول - کہنے کے مطابق

بَقل - ساگ پات۔ سبزی ترکاری

بقلم دادن - ۱۔ لکھنا۔ ۲ تحریر میں لانا۔ ۳۔ حساب کرنا۔

بقید - حد کے اندر۔ (بقید حیات)

بقیۃ السیف - جنگی غنائم سے بچ رہنے والے۔

بقیع - مدینہ منورہ میں ایک قبرستان کا نام ہے جہاں حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا اور امام حسن کے علاوہ اور بھی بہت سے صحابہ کبار کی قبریں ہیں۔

بُکا - آہ و زاری۔ نالہ و شیون۔ رونا۔

بکار - کام پر۔ استعمال میں (بکار سرکار)

بکار آمدن - کام آنا۔ مفید مطلب ہونا۔

بکار انداختن - کام پر لگانا۔ راہ پر لگانا رائج کرنا۔

بکار بردن - استعمال کرنا۔ ملازمت میں رکھنا۔

بکار بستن - عمل پیرا ہونا (من پند ہائے سود مند شمارا بکار بستم)

بکار خوردن - کام آنا۔

بکار نیامدنی } ناقابل استعمال چیزیں
" نیایندہ } UNServica able

بکارت - دوشیزگی۔ کنوارا پن۔

بکام - خواہش کے مطابق۔ مذاق کے مطابق۔

بکام دوستان } عین خواہشات
بکام کسی بودن } کے مطابق

بکجا - کدھر۔ کس طرف

بِکر - ۱۔ دوشیزہ۔ ۲۔ کنواری۔ ۳۔ تازہ ۴۔ بن چھوئی ہوئی۔

بکردار - مانند۔ (بکردار موم) نرم

ب ک

بکس بازی - مکہ بازی - باکسنگ
بکسمات - بسکٹ یا وہ روٹی ٹکیاں
جو سفر پر لے جاتے ہیں۔
بکشتن - جان سے مار دینا۔ قتل کرنا۔
بکشید دخوشکلم کنید - مزاح کے طور پر
جب قد چھوٹا ہو تو استعمال کرتے ہیں کہ
کھینچ کر مجھے لمبا کر دو تاکہ خوبصورت
لگوں۔
بکف - ہتھیلی پر۔ ع
چہ دلاور است دزدی کہ بکف چراغ دارد
(جان بکف)
بکف آوردن - ہاتھ میں لانا۔ قبضہ کرنا
بک دلک - ناہموار۔ جہالت۔
بکوری چشم حسود - حاسدوں کی خواہشات
کے خلاف۔
بکلافی داخل خریداران یوسف شدن
۱- لہو لگا کر شہیدوں میں داخل ہونا۔
۲- ویسے تلمیح ہے اس بڑھیا کی طرف
جو حضرت یوسف علیہ السلام جب بازار مصر
میں برسر عام بکے تو وہ کچی سوت کی ایک
انٹی لے کر انھیں خریدنے کے لیے گئی۔

ب - گ

بگاہ - ۱- بروقت - ۲- صبح - ۳- پو پھٹے
بگاہ است - اب وقت ہے یا ابھی
وقت ہے۔
بگچ گرفتن - دیوار میں زندہ چنوا دینا۔
بگذار - جانے دو - چھوڑ دو - (بگذار کہ بروم)
یا (بگذار کہ برود)
بگذاشتن - ۱- جانے دینا - ۲- چھوڑ
دینا - ۳- بھیج دینا - ۴- ملازمت سے
ہٹا دینا۔
بگردانیدن - ۱- لوٹا دینا - ۲- موڑ دینا۔
۳- مڑ جانا۔
بگرد آوردن - جمع کرنا۔
بگرد رفتن - مٹ جانا - خاک ہو جانا۔
بگردیدن - پھرنا - گھومنا - بدلنا۔
ع بس بگردید و بگردد روزگار
بگرد کسی نرسیدن - کسی کی دھول یا
خاک پا کو بھی نہ پہنچ سکنا۔
بگردن حق داشتن - کسی پر احسانات
کی وجہ سے حق ہونا کہ وہ بھی نیکی کا بدلہ
نیکی سے دے۔

بگردن گرفتن ۔ ۱۔ اپنے ذمہ لینا ۔
۲۔ بیڑا اٹھانا ۔ ۳۔ قبول کر لینا ۔
بگسل ۔ گسلیدن مصدر سے فعل امر
کٹ جا ۔ ٹوٹ جا ۔
بگماز ۔ شراب کی ایک قسم ۔
بگماز کردن ۔ شراب نوشی کی دعوت دینا ۔
بگوش خر یٰسین خواندن ۔ سیکھ واکو دیجیے
جا کو سیکھ سہا
بگوش رسیدن ۔ کانوں میں بھنک پڑنا
خبر سننا ۔
بگوش دل شنیدن ۔ ۱۔ کسی بات کو بڑی
عقیدت سے سننا ۔ ۲۔ یا قبول کر لینا ۔
بگوشۂ چشم نظر انداختن ۔ ۱۔ کن انکھیوں
سے دیکھنا ۔ ۲۔ مہربان ہونا ۔ ۳۔
عشوہ و غمزہ و ناز و ادا سے کام لینا ۔
بگیر و بہ بند ۔ پکڑ دھکڑ ۔

ب ۔ ل

بلا ۔ بدون ۔ بغیر ۔
بلا اہمال ۔ غفلت کے بغیر ۔
بلا تاخیر ۔ دیر کیے بغیر ۔
بلا تردد ۔ سوچے سمجھے بغیر یا شک و شبہ بغیر
بلا توقف ۔ رکے بغیر ۔
بلا صاحب ۔ مالک یا آقا کے بغیر ۔
بلا عوض ۔ مفت میں ۔
بلا فاصلہ ۔ فوراً ۔ اسی وقت
بلا ۔ ۱۔ مصیبت ۔ ۲۔ دکھ ۔ ۳۔ ابتلا ۔
۴۔ امتحان ۔ ۵۔ آزمائش ۔ ۶۔ شیطان ۔
بلائے آسمانی ۔ وہ بلائیں جو اوپر سے نازل
ہوں مثلاً طوفان بارش کہ نہ تھمے اور
زحمت بن جائے ۔ آندھی کا طوفان کہ
ہلاکت کا باعث بن جائے ۔
بلائے زمینی ۔ ماقبل کے برعکس زمین سے
نازل ہونے والی بلائیں ۔ مثلاً سیلاب ،
سائیکلون ۔ زلزلے وغیرہ وغیرہ ۔
بلا انگیز ۔ فتنہ انگیز ۔ فساد برپا کرنے والا ۔
بلابل ۔ بلبل کی جمع ۔ جسے مرغ ہزار داستان
بھی کہتے ہیں ۔
بلای بی درمان ۔ لاعلاج مصیبت ۔
بلاکش ۔ رنج و مصیبت سہنے والا ۔
بلا نوش ۔ جو الا بلا بھی کھا پی جائے ۔
بلاد ۔ جمع بلد کی شہر ۔
بلادت ۔ کند ذہن ۔ غبی ہونا ۔

بلا دیدن ۔ مصیبت میں پھنس جانا

بلا زدہ ۔ مصیبت کا مارا۔

بلا کشیدن ۔ رنج و غم کا سہنا۔

بلاغت ۔ ۱۔ مخاطب کے مطابق اچھی اور مناسب کلام کرنے والا۔
۲۔ علم بیان کے بلند ترین مرتبے کو پہنچنا
۳۔ الفاظ کی روانی۔ ۴۔ وہ کلام جو عیوب سے مبرا ہو۔ ۵۔ مضمون بلاغت

بلا گردان ۔ صدقہ۔ خیرات۔ قربانی یا وہ نیکی اور عبادت جو مصیبت کو ٹال دے

بلال ۔ ذہرت۔ کھٹہ۔

بِلال ۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقبول و محبوب مؤذن کا نام۔ آپ حبشی تھے۔ حضور پُرنور کی خدمت اقدس میں آنے سے پہلے حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کے غلام تھے مگر انھوں نے راہِ حق میں جب آزاد کر دیا تو حضور پُرنور کی خدمت میں رہنے لگے۔ وہ سابقون الاولون میں سے تھے۔ عمر کے آخری حصہ میں شام میں چلے گئے تھے۔

بلا مقدمہ ۔ اچانک۔ ناگہان۔ فوراً۔

بلا نسبت شما ۔ احترام کے طور پر بولتے ہیں (دور از جناب شما) خدا آپ کو اس سے محفوظ رکھے۔

بلاہت داشتن ۔ ۱۔ کودن و غبی ہونا
۲۔ سادہ و سادہ لوح ہونا۔

بَلایا ۔ جمع بلیہ۔ مصائب۔

بلای سیہ ۔ بہت بڑی آفت۔

بل بشو ۔ ۱۔ کھلبلی۔ ۲۔ نفسا نفسی اور
۳۔ آپا دھاپی۔ ۴۔ جہاں کسی کو کسی سے غرض ہو نہ خوف و خطر۔ ۵۔ اندھیر نگری۔

بلبل زبان ۔ خوش الحان۔

بلبل کسی خواندن ۔ کسی کا طوطی بولنا۔

بلبل نوا ۔ خوش نوا۔

بلبلی ۔ لمبے کانوں والا۔

بلتعہ ۔ زبان دراز عورت

بلد ۔ شہر۔ قصبہ۔ ضلع۔ صوبہ

بلدُ الامین ۔ مکہ معظمہ۔

بلد بودن } واقف ہونا۔ جاننا۔
بلد شدن } آشنا ہونا۔ اہل ہونا۔

بلد گرفتن ۔ اپنے ہمراہ کوئی راہنما لے جانا۔

بُلدرچین ۔ بٹیرا۔

بلژیک ۔ بلجیم ۔ یورپ میں ایک ملک کا نام ۔
بَلَع ۔ نگل جانا ۔
بلعیدن ۔ "
بلعنت شیطان ہم نمی ارزد ۔ کسی کام کا نہیں ۔ پھوٹی کوڑی کا نہیں ۔ مفت ہاتھ آئے تو بھی بُرا ۔
بَلَع و بخور ۔ کھانے کھانے کی لوٹ ۔
بَلعَم باعُور ۔ عور کا بیٹا اور بنی اسرائیل کا ایک بہت بڑا عالم دین، عابد اور ولی اُسی کی بددعا سے حضرت موسیٰ علیہ السلام چالیس سال تک جنگلوں میں سرگرداں رہے آخر حضرت یوشع نبی کی بددعا سے اس کی ولایت ختم ہوئی اور وہ ہمیشہ کے لیے مردود ہو کر رہ گیا ۔ عامیانہ میں مردود ازلی و ابدی کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔
بلغراد ۔ بلگریڈ ۔ ایک شہر کا نام ہے
بلغمی ۔ موٹا ۔ دھیما مزاج ۔
بلغور کردن ۔ تیز تیز باتیں کرنا ۔
بالفضول ۔ لغو آدمی ۔
بلقیس ۔ سبا کی ملکہ کا نام وہ اپنے وقتوں میں حسن و جمال اور علم و فضل میں یکتائے روزگار تھی ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے عقد میں آئی ۔ کہتے ہیں کہ ہُدہُد نے حضرت سلیمان کو اس کا اتہ پتہ دیا تھا ۔
بالمرہ ۔ ابداً ۔ لازماً ۔ اصلاً ۔
بلند آشیاں ۔ بلند مرتبہ ۔
بلند بالا ۔ بہت لمبے قد والا ۔
بلند بانگ ۔ باآواز بلند
بلند صفیر ۔ جس کی آواز بہت تیز اور باریک ہو ۔
بلند کردن ۔ اڑا لینا ۔
بلند و پست دیدہ ۔ تجربہ کار ۔ جہاندیدہ
بلّورین ۔ (ی ۔ ن) نسبتی ۔ جیسے مرمریں بلور کا ۔ کانچ کا بنا ہوا ۔
بلّورین اندام ۔ نہایت خوبصورت صاف شفاف ۔
بلّورین ساق ۔ جس کی پنڈلیاں بلّور جیسی ہوں ۔
بلوا ۔ بلود ۔
بُلُوغ ۔ سنِ بلوغ کو پہنچنا ۔ جوان ہوجانا ۔

بُلُوک ۔ ا۔ شراب کا پیالہ ۔ ۲۔ علاقہ۔ ۳۔ پرگنہ ۔ ۴۔ اضلاع ۔
بُلہ ۔ ابلہ کا مخفف ۔ بیوقوف ۔ احمق ۔
بلہ دیگ بلہ چقندر ۔ ایسے کو ئیسا ۔ ایک دیہاتی کسی شہری کے ساتھ جا رہا تھا، شہری ذرا اینٹھ میں آکر کہنے لگا کہ ہمارے شہر میں اتنی بڑی دیگیں بنتی ہیں جو کمرے میں بھی نہیں آسکتیں ۔ دورانِ گفتگو میں دیہاتی کہنے لگا کہ ہمارے دیہات میں اتنے بڑے چقندر ہوتے ہیں کہ کوئی گدھوں پر بھی ایک چقندر نہیں لادا جاسکتا ۔ شہری پوچھنے لگا تو پھر اُسے پکانے کس برتن میں ہیں دیہاتی نے جواب دیا انہی دیگوں میں جو تمہارے شہر میں بنتی ہیں ۔ شہری کھسیانا ہو کر رہ گیا۔
بُلہوس ۔ ہوا و ہوس کا بندہ ۔
بلی ۔ (بلے) ہاں ۔ آں
بلی گفتنی فنا دی در بلیہ ۔ ایک ناود سو آرام ۔
بلیت ڈکٹ ۔ ہر قسم کا ٹکٹ سوائے ڈاک خانے کے ۔
بلیت بخت آزمائی ۔ لاٹری کا ٹکٹ
بَلیغ ۔ صاحب بلاغت ۔ بلاغت سے بھرا ہوا۔
بَلِیّہ ۔ مصائب ۔ بلائیں ۔ ابتلا ۔

ب ۔ م

بم ۔ ا۔ اونچا ۔ ۲۔ اونچی تان (زیر و بم) ۳۔ نیز ڈھول دھپہ ۔ ۴ ۔ دو منزلہ ۔
بمان ۔ ٹھہر جا ۔ رہ جا ۔ (خدا کند بمانی)
بماندہ ۔ تھکا ہارا ہوا ۔
بماوا آمدن ۔ پناہ میں آنا ۔
بمثابہ ای ۔ اس حد تک
بمثل ۔ مانند ۔
بمجرد ۔ بمحض ا ۔ جونہی ۔
بمرور ۔ بتدریج ۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ
بمقتضا ۔ بموجب ۔ تقاضا کے مطابق ۔
بمواجہ ۔ بالمشافہ ۔ آمنے سامنے ۔ روبرو ۔
بمہر ۔ (مہر شدہ) سر بمہر ۔
بموقع ۔ عین وقت یا موقع پر ۔
بموکشیدن ۔ آسانی سے آجانا ۔ جیسے ہمارے ہاں کہتے ہیں کہ کچے دھاگے سے کھنچے آئے گی سرکار مری ۔
بمیر و بدم ۔ مثل مشہور ہے کہ کسی لڑکے کو

کام کرنے سے بڑی گھن تھی۔ گھر سے بھاگا اور ایک لوہار کی دکان پر جا کے شاگرد ہو گیا۔ استاد نے پہلا کام دھونکنی پھونکنے کو کہا۔ پہلے پہل تو بڑے شوق سے پھولا نہ سمایا اور خوب زور شور سے پھونکنے لگا مگر تھوڑی ہی دیر بعد اکتا گیا اور استاد سے پوچھنے لگا کہ کیا میں بیٹھ کر پھونکتا جاؤں۔ استاد نے کہا بڑے شوق سے بیٹھ جاؤ اور پھونکتے رہو۔ کچھ وقت بیٹھ کر پھونکا پھر جی اکتا گیا تو کہنے لگا کہ اجازت ہو تو پہلو کے بل لیٹ کر پھونکتا رہوں۔ استاد نے کہا کوئی حرج نہیں لیٹ جاؤ اور کام کرتے رہو۔ جب یوں بھی طبیعت اکتا گئی تو پوچھنے لگا کہ کیا میں سو جاؤں اور پھونکتا رہوں۔ استاد نے جھنجلا کر کہا کہ بمیر و بدم کہ بیشک مر جاؤ مگر پھونکتے رہو۔

ب - ن

بُن - ۱- جڑ - ۲- بنیاد - ۳- اصل - ۴- بیخ - ۵- ریشہ - ۶- تہ - ۷- کھجوروں کا گچھہ - ۸- درخت کا تنہ -

بِن - مخفف ابن - بیٹا -

بُنِ آب - پانی کی تہ -

بِنا - عمارت - بنیاد -

بَنّا - معمار - راج - تعمیر کرنے والا -

بِنا بودن - طے پانا - (بنا این بود کہ آنجا باہم خواہیم رفت) فیصلہ ہونا -

بنا بر این - اس وجہ سے - اس لیے -

بنا بر داشتن - عمارت کی بنیاد رکھنا یا اٹھانا -

بَنات - ۱- بنت کی جمع - بیٹیاں - ۲- یا لڑکیوں کے کھیلنے کی گڑیاں -

بناتُ النّعش - سات سہیلوں کا جھمکا یہ سات ستارے ہیں جن میں سے چار ایک چارپائی کی شکل میں ہوتے ہیں اور تین ان کے ساتھ علیحدہ - یہ ساتوں ستارے قطب شمالی کے قریب ہیں اور اسی کے گرد چکر لگاتے رہتے ہیں - ان میں سے پہلے دو ستاروں کی مدد سے قطبی ستارے کا تعین بھی ہو سکتا ہے -

بنادر - بندر کی جمع - بندرگاہیں -

بنا گذاشتن - شروع کرنا - بنیاد رکھنا -

بناف کسی بستن ۔ کسی کو بہت زیادہ کھلا پلا دینا ۔
بناگوش ۔ کان کی لو ۔ جہاں عورتیں چھید کر کے گوشوارہ اور بالیاں پہنتی ہیں ۔
بناگوش کردن ۔ ۱ ۔ فرمانبرداری اور اطاعت ۔ ۲ ۔ نیز بچے کی پیدائش کے وقت اُس کے منہ میں اُنگلی ڈال کر تالو کو اٹھانا ۔
بنام ایزد ۔ خدا کے نام سے ۔
بنام ما بکام تو ۔ نام کسی کا اور فائدہ حاصل کرنے والا کوئی اور ۔ یہ محاورہ عموماً عورتوں کے سلسلہ میں استعمال ہوتا ہے کہ وہ شیر خوار بچے کے بہانے یا نام سے کھانا خود رہتی ہیں اور کر دیتی ہیں کہ یہ بچے کے لیے مفید بلکہ ضروری ہے ۔
بنان ۔ انگلیوں کی پوریں ۔
بنا نہادن ۔ بنیاد رکھنا ۔
بنا ی شلیک گذاشتن ۔ توپ یا بندوق کا فائر کھولنا کے سلسلہ میں شب زندہ داری ۔
بنائی ۔ معمار کا کام کرنا ۔ راج گری ۔
بن بخت برزمین مالیدن ۔ بخت د
مال وجاہ جلال کی استواری ۔
بن بست ۔ بند گلی یا بند کوچہ ۔
بن بینی ۔ ناک کا وہ حصّہ یا آخری سرا جو نتھنوں کے درمیان ہوتا ہے ۔
بنجل ۔ پھٹے پرانے کپڑے ۔ چیتھڑے یا وہ بچی کھچی چیز جس کا کوئی خریدار نہ ہو ۔
بنجشک زوان ۔ ایک دوائی کا نام ہے نیز چڑیوں کی زبانیں ۔
بند ۔ ۱ ۔ طناب ۔ ۲ ۔ رسہ ۔ ۳ ۔ دھاگا ۔ ۴ ۔ بدن کا جوڑ ۔ ۵ ۔ قید ۔ ۶ ۔ شرط ۔ ۷ ۔ قول ۔ ۸ ۔ عہد ۔ ۹ ۔ کمر ۱۰ ۔ کمربند ۔ ۱۱ ۔ ستار ۔ ۱۲ ۔ گرہ ۔ ۱۳ ۔ عقدہ ۔ ۱۴ ۔ زنجیر کھونٹی اور تلوار کا دستہ ۔
بند از بند جدا کردن ۔ ۱ ۔ تکہ بوٹی کرنا ۔ ۲ ۔ بند بند کاٹ کر رکھ دینا ۔
بند انداختن ۔ سولی یا پھانسی پر لٹکانا ۔
بنداب ۔ بند آب ۔ سیلاب کا دریا کے پانی کے روکنے کے لیے جو بند باندھا جائے ۔
بند آہنیں ۔ لوہے کی زنجیریں ۔
بند بستن ۔ ۱ ۔ امید کرنا ۔ ۲ ۔ توقع رکھنا

۲۔ پانی کے آگے بند باندھنا۔ ۴۔ نیز رسیاں اور رسّے نٹ بازی کے لیے باندھنا جن کے اوپر نٹ ناچتے ہیں۔
بند بازی۔ رسوں پر نٹوں کا ناچ۔
بند جوراب۔ گیٹس۔ جوراب بند۔
بند دل پارہ شدن۔ ۱۔ ڈرنا۔ ۲۔ دل کا دہلنا۔ ۳۔ دل کا خوف کے مارے بیٹھنا۔
بند شدن۔ روکے جانا۔ جیل میں جانا۔
بند کردن۔ باندھنا۔ قید کر دینا۔
بند کشادن۔ زنجیریں کھول دینا۔
بند بہ حلال و حرام بار نشدن۔ جتی ستی ہونا۔ لنگوٹے کا پکا ہونا۔
بن دیوار کندن و بام اندودن۔ اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑا مارنا۔
بندر۔ بندرگاہ۔ سمندر کا کنارہ جہاں چھوٹے بڑے جہاز آ کر لنگر انداز ہوتے ہیں۔
بن دامن شبستان کردن۔ ۱۔ زمین پر سونا۔ ۲۔ جاگتے رہنا۔ ۳۔ پہرہ دینا یا ۴۔ محو خیال رہنا اور نہ سونا۔
بندرت۔ کبھی کبھار۔ شاذ و نادر۔

بن دندان۔ مسوڑے۔ کمال میل و رغبت فرمانبرداری اور اطاعت۔
بند کفش۔ فیتہ۔
بندہ۔ غلام۔ نوکر۔
بندۂ درگاہ۔ ملازم۔ عقیدت مند۔
بندۂ شکم۔ پیٹو۔
بندۂ فرمان۔ فرمانبردار۔ اطاعت گزار
بندیوان۔ جیلر۔
بنزین۔ پٹرول۔
بنصر۔ انگوٹھی پہننے والی انگلی۔
بنفسہ۔ خود۔ بذات خود۔
بنفہمی زدن۔ جان بوجھ کر انجان بننا۔
بنگاب۔ } بھنگ۔ چرس۔
بنگ
بنگ کشیدن۔ چرس پینا۔ بھنگ پینا۔
بُنگاہ۔ ۱۔ محکمہ۔ ۲۔ ادارہ۔ ۳۔ گودام جہاں پر نقد اور جنس مال جمع کیا جاتا ہے ۴۔ نیز کلب۔
بنگاہ رادیو انگلیس۔ بی۔ بی۔ سی (B.B.C)
بُن ناپدید۔ اتھاہ۔ جس کی گہرائی کا پتہ نہ چل سکے۔

بَنَوْبَت ۔ باری باری ۔ ایک ایک کر کے
(بن آسیا)
بُنَہ ۔ ا۔ بنیاد ۔ ۲۔ جڑ ۔ ۳۔ اسباب
بنہ بستن ۔ رختِ سفر باندھنا
بنہ کن رفتن ۔ سب مال واسباب سمیٹ کر
چلے جانا ۔ نقل مکانی کرنا ۔
بنی آدم ۔ بنی نوع انسان ۔ اولاد آدمؑ
بنی اسرائیل ۔ حضرت یعقوب علیہ السّلام
کی اولاد ۔
بنیاد افگندن ۔ بنا رکھنا ۔
بنیاد بر انداختن ۔ ڈھا دینا ۔ منہدم کرنا
بنیاد بر آب بُردن ۔ بہت مضبوط
بنیاد رکھنا ۔ عمارت کی بنیاد کو بہت
نیچے سے اٹھانا ۔
بنیاد بر یخ ۔ کمزور ۔ ناپائدار ۔
بنیامین ۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کا
سگا بھائی (ماں جایا) تھا ۔
بنی طے ۔ قبیلہ طے ۔ حاتم طائی کا قبیلہ
بنی فاطمہ ۔ حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا کی
اولاد ۔ ساداتِ فاطمہؓ ۔
بنی و بنین ۔ فرزند ۔ بچے ۔
آل اولاد ۔

ب ۔ و

بُو ۔ خوشبو ۔ امید ۔ نیز کُنیت مخفف ابو
بمعنی باپ ۔
بُوالبشر ۔ حضرت آدم علیہ السّلام ۔
بوّاب ۔ دربان ۔ حاجب ۔
بواسطہ ۔ بوجہ ۔ بہ سبب
بواعث ۔ اسباب ۔ باعث
بُوالحزن ۔ غمگین ۔
بوالعجب ۔ مسخرہ ۔ احمق ۔
بُوالفضول ۔ لغو انسان ۔
بوالہوس ۔ ہوس کا مارا ۔ شہوانی ۔
بوئیدن ۔ سُونگھنا ۔ خوشبو لینا ۔
بو برداشتن ۔ بدبودار ہو جانا ۔ گل سڑ
جانا ۔ دودھ وغیرہ کا پھٹ جانا ۔
بو بردن ۔ سمجھ جانا ۔ تاڑ جانا ۔
بو بلند ۔ آشکارا ۔ ظاہر ۔
بوتراب ۔ حضرت علیؓ کی کنیت
(ابو تُراب)
بُوتہ ۔ جھاڑی ۔ ا۔ سرسبز و شاداب پودا
جو زمین پر چھایا ہوا ہو اور زیادہ اونچا نہ
ہو ۔ ۲۔ تیر کا نشانہ ۔ ۳۔ نیز سونے

اور چاندی کو پگھلانے والی کٹھالی۔
بُوتۂ امتحان ۔ آزمائش کی کسوٹی جس پر کھرے کھوٹے کو پرکھا جائے ۔
بوتۂ خاک ۔ انسان کا جسم ۔
بوتیمار ۔ بگلہ ۔
بوجاسپ ۔ توران کے ایک ہیرو کا نام
بوجار لنجان ۔ نکھٹو نکما اور لغو آدمی جو جدھر منہ اٹھائے چل دے ۔
بوجہل ۔ ۱۔ جاہل ۔ ۲۔ لٹھ ۔ ۳۔ جہالت کا پتلا ۔ ۴۔ نیز مخفف ابوجہل ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا چچا ۔ جو خود کو بوالحکم کہتا تھا ۔ لقب بوجہل حضور پاکؐ ہی کا عطا کردہ ہے ۔ گاہے مراد دشمن اسلام ۔
بُوحفصان ۔ سکول ٹیچر ۔
بوالحکم ۔ دانا و دانشمند ۔
بوحنیفہ ۔ حضرت امام اعظمؒ رجوع کریں ابوحنیفہ . . . . . .
بُود ۔ ہستی ۔ وجود نیز بودن مصدر سے ماضی مطلق بمعنی تھا ۔
بو دادن ۔ بھوننا ۔ سرخ کرنا ۔
بود و باش ۔ رہنے کی جگہ ۔ رہنے سہنے کا ڈھنگ اور طریقہ ۔
بود و نبود ۔ زندگی اور موت نیز امیری اور غریبی ۔
بودنی ۔ ۱۔ امکانی ۔ ۲۔ ناگزیر ۔
بودجہ ۔ بجٹ
بود ہم پیشہ با ہم پیشہ دشمن : پیشہ ور کو پیشہ ور سے ہمیشہ رقابت ہوتی ہے ۔
بو کردن ۔ سونگھنا ۔
بو گرفتن ۔ بدبودار ہو جانا ۔
بور ۔ ۱۔ شرمندہ ۔ ۲۔ کھسیانا ۔ ۳۔ نیز رنگ فق ۔
بوران ۔ طوفان باد و باران ۔ کہر ۔ نیز خسرو پرویز کی بیٹی کا نام ۔ نیز مامون الرشید کی بیٹی کا نام ۔
بورس ۔ ایکسچینج ۔ مارکیٹ ۔
بوز پایت چند گز لیست ۔ تم کتنے پانیوں میں ہو یا کس برتے پر تتا پانی
بوز ۔ باہوش ۔ نیز فہم ۔
بوزینہ ۔ بندر
بوزینہ درچشم مادر غزال است ۔ ۱۔ اپنی اولاد سبھی کو پیاری لگتی ہے ۲۔ اپنا بینگرا اور پرایا ڈھینگر ۔

بُوستان ۔ پھلواری ۔ باغ ۔ باغیچہ ۔ نیز شیخ سعدیؒ کی مشہور عالم کتاب کا نام
بوسلیمان ۔ ہُدہُد
بوس و کنار ۔ چوما چاٹی ۔
بُوف کُور ۔ اُلّو نیز ایران حاضر کے مشہور ادیب صادق ہدایت کی اُس کتاب کا نام جو نادر بیکار تصور ہوتی ہے ۔
بُوفہ ۔ تہنور کی الماری ۔
لب ۔ مخفف ابوطالب حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے چچا اور حضرت علیؓ کے والد بزرگوار ۔
بوعلی سینا ۔ شیخ الرئیس علی ابن عبداللہ المعروف بوعلی سینا ایران کا وہ مایۂ ناز فرزند ہے جسے طب و حکمت میں جالینوس کا ہم پلہ سمجھا جاتا ہے ۔ مدتوں تک یورپ نے اسی کی طبی تصانیف سے استفادہ کیا ۔ آج بھی اس کتاب القانون اور الشفا مستند تصور کی جاتی ہیں ۔ اس کے علاوہ وہ وزارت کے عہدۂ جلیلہ پر بھی مدتوں فائز رہا ۔ اس کا مزار ہمدان میں ہے ۔
بول ۔ پیشاب ۔
بول و براز ۔ پیشاب اور ٹٹی ۔
بول و قولش یکی است ۔ قول کا کچا جس کی بات کا قطعاً اعتبار نہ ہو سکے ۔
بُوقلمون ۔ ۱ ۔ ایک پرندے کا نام ۔ ۲ ۔ ایک ریشمی کپڑے کا نام جس کے رنگ سورج کی شعاع میں کئی رنگوں کی جھلک دیتے ہیں ۔ ۳ ۔ نیز گرگٹ ۔ ۴ ۔ یا وہ آدمی جو ہر گھڑی اپنی بات بدلتا رہے ۔
بوکس بازی ۔ مکا رتی ۔ باکسنگ ۔
بُولہب ۔ مخفف ابولہب ۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ایک چچا کا نام اُس کا چہرہ چونکہ سُرخ انگاری کی طرح دمکتا تھا لہذا وہ ابولہب کہلایا ۔ وہ حضور پاک اور دین اسلام کا دل و جان سے دشمن تھا ۔
بُوم ۔ اُلّو ۔
بومی ۔ گھریلو ۔ پالتو ۔
بوی حلوای کسی بلند شدن ۔ ا کسی کا قریب المرگ ہونا ۔ ۲ ۔ مراد پس مرگ حلوے مانڈے سے ہے ۔
بوی خون آمدن ۔ مارے جان کا سخت

احتمال ہونا۔

بوی شیر از دہن آمدن ۔ بچپنا ۔ سخت انجان ۔ نادان ۔

بوی یک رنگی ۔ ۱۔ مکمل ہم آہنگی ۔ ۲۔ ہم خیال ۔ ۳۔ ہم پایہ و ہم نوالہ ہونا۔

ب ۔ ہ

بہ ۔ حرف جار ۔ یا بطور ہائی زینت ۔ (بہ لاہور رفت ۔ بہ آرزو رسید یا بہ او گفتم)

بہ ۔ ۱۔ اچھا ۔ ۲۔ بہتر ۔ ۳۔ خوب ۔ ۴۔ تندرست ۔ ۵۔ صحیح سالم ۔

بہ اجاق پدرت قسم ۔ کلمات سوگند ہیں۔

بہ شدن ۔ بہتر ہونا ۔ کھوئی ہوئی صحت کو حاصل کر لینا۔

بہ بہ ۔ واہ واہ ۔ کلمہ تحسین ۔

بہا ۔ قیمت ۔ ارزش ۔ قول ۔ روشنی اور رونق ۔

بہاء اشتراک ۔ شرح چندہ ۔

بہاء پیشی ۔ بیعانہ

بہای خلعت ۔ ایک قسم کا ٹیکس جو خلعت کے سیلے ادا کیا جاتا ہے۔

بہای خون ۔ خون بہا ۔ وہ رقم یا قیمت جو حقوق کے وارث قاتل یا اُس کے لواحقین سے وصول کر لیتے ہیں اور قصاص سے ہاتھ اُٹھا لیتے ہیں ۔

بہار ۔ ۱۔ پھول کھلنے کا موسم ۔ ۲۔ لطف ۳۔ رونق ۔ ۴۔ شباب ۔ ۵۔ سرسبزی و شادابی، ۶۔ تازگی، ۷۔ سیر تماشا، ۸۔ سرور ۔

بہاران ۔ بہار کا موسم ۔

بہار امید ۔ جوانی کا زمانہ ۔

بہار افشاں ۔ پھولوں کی کثرت

بہار اندام ۔ خوبصورت نوجوان ۔

بہار خوش ۔ سُکھایا ہوا گوشت ۔

بہارستان ۔ باغ ۔ نیز مولانا عبدالرحمٰن جامی ایک کتاب جو سعدیؒ گلستاں کے جواب میں لکھی گئی ۔

بہانہ ۔ ۱۔ حوالہ ۔ ۲۔ وجہ ۔ ۳۔ سبب ٹال مٹول ۔ ۵۔ دستاویز ۔ ۶۔ نکتہ چینی ۷۔ جواب طلبی بے جا۔

بہانہ شاخ دارد ۔ بہانوں کی کوئی حد نہیں ہوتی ۔ بہانوں کا سلسلہ لامتناہی ہوتا ہے

بہانہ جُو ۔ حیلہ گر ۔ بہانہ تراشنے والا ۔
بہانہ گرفتن ۔ بے جا جواب طلبی کرنا ۔
بہانہ فروش ۔ جو بہانہ جوئی میں ماہر ہو ۔
بہائیم ۔ بہیمہ کی جمع ۔ چوپائے ۔
بہائی ۔ ۱ ۔ بہائی مذہب کا پیرو کار ۔
۲ ۔ قیمتی ۔
بہبود ۔ فلاح ۔ بہتری ۔ صحت و تندرستی
بَہت ۔ ۱ ۔ کھیر ۔ ۲ ۔ شیر ۔ ۳ ۔ برنج ۔
۴ ۔ فرنی ۔
بہت ۔ اچانک حملہ ۔ ناگہان پریشان
سرگردانی اور تحیّر ۔
بُہتان ۔ تہمت ۔ افترا ۔ کسی کے ذمّے
کوئی جھوٹی بات لگانا ۔
بہت زدہ ۔ حیران ۔ ششدر ۔
بہجت ۔ خوشی ۔ رونق ۔ خوبی ۔ تازگی ۔
بہداشت عمومی ۔ پبلک ہیلتھ کا محکمہ
بہداری ۔ محکمہ صحت ۔
بہداشتن ۔ بیماری کی روک تھام اور
انسداد کرنا ۔
بہر ۔ ۱ ۔ برائے ۔ ۲ ۔ واسطے ۔ لیے ۔
۳ ۔ اوپر ۔ ۴ ۔ ہر ۔ ۵ ۔ ہر کسی ۔
مثلاً بہر حال ۔ بہر کیف ۔ بہر رنگ ۔
بہر نوع ۔

بہرام ۔ مریخ ستارہ نیز ایران کے کئی بادشاہو
کا نام نیز ہر مہینے کی بیسویں تاریخ اور
اس پر موکل فرشتے کا نام ۔
بہرام چوبین ۔ ہرمز ابن نوشیروان کا
مشہور جرنیل جس نے پرویز سے سلطنت
چھین لی اور تاج و تخت ساسانی پر
قبضہ جما لیا ۔ وہ چونکہ بہت دُبلا پتلا
تھا اس لیے اسے بہرام چوبین کہتے تھے ۔
بہرام گور ۔ ایران کے ایک بادشاہ کا نام
جو گورخر کے شکار کا بہت شوقین تھا
چونکہ اس شکار کے لیے اُسے پہروں
اور دنوں تک جنگلوں میں پھرنا پڑتا
تھا اُسے بہرام صحرا نشیں بھی کہنے لگے ۔
بہدانہ ۔ بہی دانہ ۔
بہرہ ۔ ۱ ۔ حصہ ۔ ۲ ۔ پارٹ ۔ ۳ ۔ فائدہ ۔
۴ ۔ مسرت ۔ ۵ ۔ خوشحالی ۔ ۶ ۔ نیز
بوجھ جتنا کہ گدھا ، گھوڑا یا اونٹ
اُٹھا سکے ۔
بہرہ بہرہ کردن ۔ حصے بخرے کرنا
بہرہ برداشتن ۔ حصہ لینا ۔ نیز فصل
کی پیداوار اٹھانا ۔
بہرہ مند شدن ۔ فائدہ اٹھانا ۔

بہرۂ وصیت - ورثہ یا ورثے کا وہ حصّہ جو وصیت کے مطابق ملے۔
بہرکس ہرچہ قسمت بود دادند قسمت کیا ہر ایک کو قسّام ازل نے جو شخص کہ جس چیز کے قابل نظر آیا
بہزاد - ایک مشہور و معروف ایرانی مصوّر اور نقاش کا نام۔
بہ شاہ چراغ قسم - کلمات سوگند ہیں۔
بہشت آسا - بہشت کی مانند۔
بہشت خوردن - بہشتی نعمتوں سے بہرہ مند ہونا۔
بہشت در پائے مادران است - بہشت ماں کے قدموں کے نیچے ہے۔
بہشت را بہشتی اگر دنیا را بہشتی - دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔
بہشت زار - نہایت خوبصورت اور حسین۔
بہفت آب شستن - ۱- پورے آداب کے ساتھ وضو کرنا - ۲- کسی چیز کی تطہیر کرنا۔
بہل - چھوڑ دو - ترک کر دو - بہل تو ایں کار نیستی۔
بہل شدن - حساب چکا دینا - نہ کسی سے کچھ لینا ہے اور نہ کسی کا کچھ دینا ہے۔
بہلول - ایک ولی اللہ کا نام ہے - جو بظاہر دیوانہ لیکن بباطن فرزانہ تھا۔ وہ ایک کامل مجذوب تھا، عباسی دور میں ہوگزرا ہے - اس کا مزار بغداد کے گورستان شاہی میں ہے۔
بہم - اکٹھے - ایک دوسرے کے ساتھ - نیز گاہے ایک دوسرے کے مخالف غصّہ، فوراً ناراضگی اور خشم۔
بہمان و فلان - فلاں کے معنوں میں
بہم آمیختگی - باہمی میل جول۔
بہم بر آمدن - ۱- جی بھر آنا - ۲- رقت طاری ہو جانا - ۳- غمگین ہونا - ۴- مایوس ہونا۔
بہم پیوستن - آپس میں گھل مل جانا - شیر و شکر ہو جانا - متحد ہو جانا۔
بہم خوردن - ۱- تصادم ہونا - ۲- منتشر ہونا - ۳- متلی ہونا (ہر دو دوست بہم خوردند و دیگر یکجا نیامدند) یا (حالِ من آنجا بہم خوردہ)
بہم خوردگی - ناسازی طبع۔
بہم رساندن - حاصل کرنا، دو آدمیوں

یا چیزوں کا اکٹھا کرنا۔
بہم زدن ۔ ۱۔ خراب کرنا ۔۲۔ گڑبڑ کرنا ۳۔ جدا کرنا ۔۴۔ غصے میں آنا۔
بہم زدگی ۔ گڑبڑ۔
بَہمَن ۔ ۱۔ لائق ہونا ۔۲۔ بیدار مغز ۔۳۔ نیز ایرانی کیلنڈر کا گیارھواں شمسی مہینہ ۴۔ ایران کے ایک بادشاہ کا نام ۔ ۵۔ نیز اسفندیار کے بیٹے کا نام ۔ ۶۔ ایک دوائی کا نام ۔ ۷۔ برف کا بہت بڑا تودہ (ایوالانچ) جو سورج کی گرمی سے نیچے سرک آتا ہے اور بڑی تباہی کا موجب بنتا ہے ۔
بَہمن زبان ۔ حاکم وقت ۔
بہم بلی با من ہم بلی رجوع کریں (با ہمہ پلاس)
بہوا پرت کردن ۔ ہوا میں اچھالنا ۔ اوپر پھینکنا۔
بہوای چیزی رفتن ۔ کسی چیز کی خواہش کرنا۔
بُہیار ۔ نرس ۔ تیماردار
بہیچ آب نجیسدن ۔ چکنا گھڑا انتہائی ڈھیٹ اور بے شرم ۔
بہیمہ ۔ چوپایہ ۔ گھوڑا، شتر ۔ گدھا وغیرہ

ب ۔ ی

بی ۔ ۱۔ ادات سلب ۔ کلمہ نفی جس لفظ کے ساتھ آئے گا اس سے وہ قوت چھین لے گا مثلاً بی عقل، بیوقوف، بی شعور وغیرہ ۔ ۲۔ بمعنی بغیر ۔ (بی ہمہ و با ہمہ)
بیا ۔ آمدن مصدر سے فعل امر، اور ساتھ بائے زینت ۔
بی آب و تاب ۔ بے رونق جس میں کسی قسم کی کوئی چمک دمک نہ ہو ۔
بی ادب با ہزار کس تنہاست ۔ بے ادب بے نصیب ہوتا ہے ۔
بیابان گرد ۔ صحرائی ۔ صحرا میں گھومنے والا ۔
بیابان نشین ۔ جنگلی ۔ صحرائی ۔
بی آبرو ۔ ذلیل و خوار و رسوا ۔
بی آزار ۔ نرم دل ۔ مہربان ۔
بی آزرم ۔ بے حیا ۔ بے شرم ۔
بی اختیار ۔ بے قابو ۔ بے ارادہ ۔ بے بس ۔

بی ادراک ۔ بے سمجھ ۔ ناداں۔
بی اساس ۔ بے بنیاد۔
بی استحقاق ۔ بدون حق
بی اصل ۔ ۱۔ بے بنیاد ۔ ۲۔ بدتمیز ۔ جس کا باپ آزاد مگر ماں لونڈی ہو ۔ ۳۔ بے اصول انسان۔
بیاو برو ۔ آمدورفت
بیاض ۔ نوٹ بک ۔ سادہ کاغذ یا کاپی۔
بیّاع ۔ بیچنے والا ۔ دلال۔
بی بدل ۔ لاثانی ۔ بے نظیر۔
بی برگ ۔ غریب ۔ بینوا ۔ بنجر
بی بصر ۔ اندھا۔
بی بندو بار ۔ بے لگام ۔ گستاخ ۔ غیر مفید۔
بی بی ۔ گھر کی مالک ۔ خانم ۔ بانو۔
بی پایاں ۔ جس کی کوئی حد اور انتہا نہ ہو۔
بی پدرم ۔ یتیم ۔ نااہل باپ کا بیٹا۔
بی پرو بال ۔ پروں کے بغیر ۔ جس کا کوئی ذریعہ اور وسائل نہ ہوں۔
بی پا ۔ بے معنی ۔ بے بنیاد۔
بی پیر ۔ بے دین ۔ بے مرشد۔
بیت ۔ گھر ۔ شعر۔

بیت الحرام ۔ خانہ کعبہ۔
بَیْتُ الحُزن ۔ غمکدہ وہ مکان جہاں حضرت یعقوب علیہ السّلام اپنے عزیز بیٹے حضرت یوسف علیہ السّلام کی جدائی میں برسوں تک روتے رہے۔
بَیْتُ الخلا ۔ ٹٹی ۔ پاخانہ۔
بَیْتُ العتیق ۔ پرانا گھر مراد ہے خانہ کعبہ
ع دنیا کے بتکدوں میں وہ پہلا گھر خدا کا
بَیْتُ العُرُوس ۔ نئی نویلی دلہن کے لیے جو گھر یا کمرہ آراستہ کیا جاتا ہے۔
بَیْتُ الغزل ۔ شاہ بیت ۔ غزل کا سب سے بہترین اور پھڑکتا ہوا شعر۔
بَیْتُ المال ۔ ملی خزانہ
بَیْتُ المقدس ۔ فلسطین کے شہر یروشلم میں ایک مسجد جس کی بنیاد حضرت داؤدؑ نے رکھی تھی مسلمانوں کا قبلہ اوّل ۔ عیسائی یہودی اور مسلمان سب کے لیے واجب الاحترام ہے اور ان دنوں اسرائیل کے قبضے میں ہے
بیتاب شدن ۔ بے حوصلہ ہونا ۔ مضطرب ہونا۔
بی تأمل ۔ بغیر سوچے سمجھے۔
بی تحاشہ ۔ زور شور سے۔

بی تصدیع ۔ تکلیف کے بغیر۔ بآسانی۔
بی تمیز ارجمند و عاقل خوار ۔ جہاں
امتیاز ناقص و کامل نہ ہو۔ اندھیر نگری
بیتوتہ کردن ۔ شب بسری کرنا۔
بی توشہ ۔ غریب۔ مفلس
بی توفیق ۔ توفیق ربانی سے محروم۔
بی جا ۔ نامناسب۔ بے ربط۔
بی جا کردن ۔ کوئی بے موقع بات کہنا یا
نامناسب کام کرنا۔
بی جہت ۔ بلا وجہ
بی چشم ورو ۔ ا۔ بے حیا۔ ۲۔ ناشکرا۔
۳۔ چکنا گھڑا۔
بی چون وچرا ۔ بلا حیل وحجت۔
بی حال بودن ۔ حال نداشتن ۔
بدحال ہونا۔
بی حقوق ۔ بغیر تنخواہ کے رخصت ۔
ناحق شناس ۔ نمک حرام۔
بیخ ۔ ا۔ جڑ۔ اصل۔ ۳۔ ریشہ۔ ۴۔ تنہ
بی خیالش باش ۔ اس کی پرواہ نہ کرنا۔
بیخ پیدا کردن ۔ ا۔ مضبوط ہوجانا۔ یا
۲۔ زخم کا زیادہ خراب ہوجانا۔
بی خانمان ۔ خانہ خراب ۔

بیخ کندن ۔ جڑ سے اکھاڑنا۔
بی خار ۔ کسی تکلیف، ڈر، خوف یا
پریشانی کے بغیر۔
بیختن ۔ چھاننا۔
بیخ از بن برآوردن ۔ جڑ سے نکال پھینکنا
بی خود ۔ بے ہوش۔ بے حال۔
بیداد ۔ ظلم وستم۔
بیدادگر ۔ ظالم۔
بیدار بخت ۔ بھلے نصیب والا۔
بیدار خواب بودن ۔ رات نیند کا
اچھی طرح نہ آنا۔
بیدار ماندن ۔ جاگتے رہنا۔
بیدپا ۔ ایک مشہور ہندی حکیم کا نام
جو رائے داب شلیم کو دانائی کی باتیں سنایا
کرتا تھا۔ مشہور عالم کتاب پنچ تنتر
اسی کی تصنیف ہے۔ کلیلہ دمنہ جس کا
عربی اور انوار سہیلی فارسی ترجمہ ہے۔
بی دست وپا ۔ بے سہارا۔
بید شتر ۔ لدھڑ۔
بید خوردن ۔ ریشمی یا اونی کپڑوں کو برسات
کے موسم میں جو کیڑا لگ جاتا ہے
جسے عرف عام میں لتہ کہتے ہیں۔

بیذق - شطرنج کا ایک مہرہ - پیادہ
بید رمان - ناقابل علاج -
بید رنگ - بلا تأمل - فوراً
بیدی بلیستم کہ از ین بادہا بلرزم - میں ان گیدڑ بھبکیوں میں آنے والا نہیں ہوں -
بیراہہ - غلط راہ - کٹھن راہ -
بیرق - جھنڈا -
بی رگ - ۱- بے حمیت - ۲- بے غیرت - ۳- لاابالی - ۴- بے حس -
بی روغن سرخ کردن - ہتھیلی پر سرسوں جمانا -
بیرون افتادن - آشکارا ہونا -
بیرونی - مہمان خانہ - مردانہ جہاں نامحرم اور بیگانے لوگ یا مہمان آتے ہوں -
(مع "تا گریزد ہر کہ بیرونی بود")
بی ریب وریا - بغیر شک وشبہ کے -
بی ریخت - بدشکل، بدصورت -
بی سپاس - ناشکر گزار -
بی ریش - ۱- جس کی ہنوز مس نہ بھیگی ہو ۲- خوبصورت لڑکا - ۳- لونڈا -
بی سامانی - پریشان حالی - بے سروسامانی

بلیستم - بیسواں - عدد ترتیبی -
بی سروپا - بے سروپا -
بی سروتہ - ناقص - بے معنی - لغو -
بی سروزبان - ۱- باحیا - ۲- خاموش طبع ۳- محجوب -
بی سواد - ان پڑھ
بلیسوادی کور راست - جہالت تاریکی ہے
بی سیرت - بے آبرو -
بی زن - کنوارا
بی شائبہ - بلاشک - بلا تردید
بی شرف - بے عزت - بے آبرو
بی شکیب - بے صبر - بے حوصلہ
بیشہ - جنگل - بیابان - صحرا
بیشۂ بی توشہ - گوشۂ غریبی -
بی صدا - خاموش - گونگا -
بی صرفہ - یاوہ - احمق
بی صرفہ گو - یاوہ گو - واہی تباہی ہانکنے والا
بی صفت - نمک حرام
بیضا - ۱- سفید - ۲- درخشاں - ۳- روشن - ۴- انڈا - تخم مرغ - ۵- خایۂ انسانی -
بیضاء اسلام - اسلامی ممالک کا حلقہ -

بیضا آتش ۔ سورج
بیضا پروردن ۔ مرغی کے انڈوں کو سینا ۔
بیضا در کلاہ کسی شکستن ۔ ۱۔ ذلیل و خوار کرنا۔ ۲۔ شرمندہ کرنا۔ ۳۔ تمسخر اڑانا۔ ۴۔ چوراہے میں بھانڈا پھوڑنا ۔
بیضا نہادن ۔ انڈے دینا۔
بیضوی ۔ دائرے کی شکل بیضا کی طرح گول۔
بیکار و لگرد ۔ ۱۔ نکھٹو۔ ۲۔ نکما۔ ۳۔ آوارہ ۔
بی طرف ۔ غیر جانب دار ۔
بی عار ۔ بے حیا۔ بے شرم
بیعت کردن ۔ کسی مذہبی پیشوا کا مرید ہونا ۔
بَیع و شرا ۔ خرید و فروخت
بی عاطفہ ۔ بداخلاق ۔ بے احساس ۔
بی علاقہ ۔ بے تعلق ۔
بی غایت ۔ بے انتہا ۔ لا انتہا
بی غش و غل ۔ ۱۔ خالص ۔ ۲۔ کسی قسم کے کھوٹ اور ملاوٹ کے بغیر ۔ ۳۔ وفادار دوست ۔ ہم ۔ کھرا آدمی ۔

بیغولہ ۔ آبادی سے دور ۔ ویرانہ ۔
بی قوارہ ۔ ۱۔ نامتناسب الاعضا۔ ۲۔ انمل بے جوڑ۔
بیک پیالہ مست بودن ۔ کم ظرف ہونا
بی کتاب ۔ لادین ۔ بے مذہب ۔
بیک چشم نگریستن ۔ ۱۔ سب کو ایک آنکھ دیکھنا ۔ ۲۔ یکساں سلوک کرنا ۔
بی کم و کاست ۔ ۱۔ مکمل ۔ ۲۔ بے نقص ۳۔ کمی بیشی یا کانٹ چھانٹ کے بغیر۔
بیکران ۔ جس کا کوئی کنارہ نہ ہو۔
بی کردار ۔ بے وفا۔ نمک حرام ۔
بیک دست دو ہندوانہ بُردن ۔ دو مشکل اور اہم کاموں کو بیک وقت سرانجام دینے کی کوشش کرنا ۔
بی گاہ ۔ بے وقت ۔ (برگشتم کہ بیگاہ بُود)
بی گدار در آب زدن ۔ بغیر سوچے سمجھے اقدام بداحتیاطی کرنا ۔
بیل ۔ بیلچہ ۔
بیل پارو شدن ۔ ۱۔ الٹا نقصان ہوجانا ۲۔ لینے کے دینے پڑ جانا ۔
بیل ہزار من آب بر دارد ۔ ۱۔ اس کی بہت ساکھ ہے ۔ ۲۔ وہ بہت امیر ہے

۳۔ روپے پیسے کی ریل پیل ۔ ۴۔
پونڈوں کے امیر اور رئیس ۔
بیمار دار ۔ نرس ۔
بیمارستان ۔ ہسپتال
بیماری رشتہ ۔ ایک بیماری کا نام ۔
جو پنڈلی پر دھاگے کی لکیر کی طرح
نمودار ہوتی ہے ۔ مگر ٹانگ سوکھتی
جاتی ہے ۔
بیماری واگیر ۔ چھوت کی بیماری ۔
بیماری ہمہ گیر ۔ وبائی مرض ۔
بی مانند ۔ بے نظیر ۔ لاثانی ۔
بی مایہ قطیر نبود ۔ دنیا میں کامیابی
عبادت ہے روپے سے یا علم و فضل
اور یا اثر و رسوخ سے ۔
بی مبالات ۔ بے پرواہ ۔ لاابالی ۔
بیمناک ۔ بزدل ۔ ڈرپوک
بی مورد ۔ بے محل ۔ بے موقع ۔
بیمہ کردن ۔ جان یا مال کا بیمہ کرانا ۔
بینابین ۔ میانہ روی ۔ اعتدال
بین الملل ۔ انٹرنیشنل ۔ بین الاقوامی ۔
بی نماز ۔ حائضہ عورت ۔
بی نمکی کردن ۔ ناشائستہ حرکات کرنا ۔
بے وفائی کرنا ۔ نمک حرام ہونا ۔
بی نیاز شدن ۔ کسی چیز یا حاجت
سے بالاتر ہوجانا یا دولتمند ہوجانا ۔
بی ہمال ۔ لاثانی ۔
بی ہنگام ۔ بے وقت ۔
بینی گرفتن ۔ ناک صاف کرنا ۔
بینی بدیوار آمدن ۔ ا ۔ بے آس ہوجانا
۲ ۔ نومید و مایوس ہوجانا ۔

پ ۔ ا

پا ۔ ا ۔ پاؤں ۔ ۲ ۔ قدم ۔ ۳ ۔ قوت ۔
۴ ۔ مضبوطی ۔ ۵ ۔ طاقت ۔
پا انداز ۔ پاؤں یا جوتا صاف کرنے والی
چٹائی ۔
پا باندازہ گلیم دراز کردن ۔ چادر
کے مطابق پاؤں پھیلانا ۔
پا برجا ۔ ثابت قدم ۔ ڈٹا ہوا ۔ محکم ۔
قائم ۔
پا افراز ۔ جوتا ۔ بوٹ
پا بر کاب ۔ تیار ۔
پا برنجن ۔ خلخال ۔ پازیب ۔

پابرہنہ ۔ ننگے پاؤں ۔
پابست ۔ مقید۔ گرفتار۔ مضبوط۔
پا بسنگ آمدن ۔ ٹھوکر کھانا۔
رکاوٹ پیدا کرنا۔
پا بسن گذاشتن ۔ سن بلوغ کو پہنچ جانا
پا بگل ۔ پھنسا ہوا۔ مصیبت کا مارا۔
پا بلند کردن ۔ بھاگ جانا۔
پا بوس ۔ قدم بوسی۔ انتہائی ادب
پاپ ۔ پوپ
پاپا ۔ بابا۔ باپ دادا
پاپتی ۔ ننگے پاؤں
پاپوش برای شیطان دوختن ۔
سخت چالاک ہونا۔ شیطان کے
بھی کان کترنا۔
پاپوش برای کسی دوختن ۔ کسی کے
خلاف سازش تیار کرنا۔
پاپی ۔ تعاقب۔ دنبال۔
پاپیچ ۔ ۱۔ رکاوٹ ۔۲۔ گرہ ۔۳۔ مانع
پات کردن ۔ ۱۔ درختوں کی کانٹ
چھانٹ کرنا۔ ۲۔ آراستہ و پیراستہ
کرنا۔
پاتوغ ۔ ۱۔ ملنے کی جگہ۔ ۲۔ قرارگاہ۔
۳۔ وعدہ گاہ۔
پاتوی چالہ ۔ گڑھے میں گرنا۔
پاچنار ۔ کام کے لیے ہمیشہ تیار رہنے والا
نوکر۔
پاتوق ۔ رجوع کریں بہ پاتوغ ۔
پاتلہ و پاتیل ۔ پتیلہ۔ کیتلی ۔
پاتیل در رفتن ۔ بڈھے کھوسٹ ہو جانا۔
پاتیل شدن ۔ بدمستی کی حالت میں
لڑکھڑا کر گر پڑنا۔
پاچال ۔ ۱۔ گڑھا۔ ۲۔ نیز لوگوں کے
اکٹھا ہونے کی جگہ۔
پاچک ۔ اُپلے ۔
پاچہ ۔ پنڈلی ۔
پاچہ ورمالیدن ۔ شلوار گھٹنوں تک
اٹھا کر کام کرنے کے لیے آمادہ ہونا۔
پاچہ ورمالیدہ ۔ ۱۔ ٹھگ ۔ ۲۔ لٹیرا۔
۳۔ دھوکے باز۔ ۴۔ فریبی ۔ ۵۔ مکار۔
پاچیلہ ۔ برف پر پھسلنے کے لیے جوتا ۔
پاخوردن ۔ دھوکا کھانا۔ فریب میں آنا۔
پاداش ۔ بدلہ۔
پادادن ۔ پاؤں پر کھڑے کرنا۔
واقع ہونا۔

پا دراز کردن ۔ لیٹنا ۔ سستانا
پا در رکاب ۔ تیار ۔
پا در کفش کسی کردن ۔ ا۔ کسی کی باتوں یا معاملات میں ٹانگ اڑانا ۔
۲۔ دخل در معقولات ۔
پا دریک کفش کردن ۔ ا۔ ایک ہی بات پر اڑے رہنا ۔ ۲۔ مرغے کی ایک ٹانگ کیے جانا ۔
پا د زہر ۔ ا۔ زہر مہرہ ۔ ۲۔ تریاق ۔
۳۔ سانپ کے زہر کو زائل کرنے والی دوا ۔
پادست ۔ آدھار ۔
پادشاہی وانبازی ۔ ا۔ دو متضاد چیزیں ۔ ۲۔ ایک نیام میں دو تلواریں
پادو ۔ سوار کے ساتھ پیدل دوڑنے والا
پار ۔ پچھلے سال ۔ کمایا ہوا چمڑا ۔
پاراشوت ۔ پیراشوٹ جس کے ذریعے ہوائی جہاز سے نیچے کودتے ہیں ۔
پاراف کردن ۔ مختصر دستخط کرنا ۔
پارچہ بافی ۔ کپڑے بننا ۔
پار دم سائیدہ ۔ سیاہ کار دسخت گناہ گار ۔

پارس کردن ۔ بھونکنا ۔ فریاد کرنا ۔
پارسنگ ۔ پاسنگ ترازو ۔
پارک ۔ پبلک گارڈن ۔ عوامی باغ ۔
پارگین بچہ ۔ چھوٹی سی حوضی جس میں گندہ پانی جمع ہوتا رہتا ہے ۔
پارلیمان ۔ پارلیمنٹ
پارو ۔ کدال جس سے برف کوٹھوں پر سے نیچے اتارتے ہیں نیز چپو ۔
پارو زدن } چپو چلانا ۔
〃 کشیدن }
پارہ ۔ ا۔ ٹکڑہ ۔ ۲۔ حصہ ۔ ۳۔ لقمہ ۔
۴۔ تحفہ ۔ ۵۔ رشوت ۔ ۶۔ گرز ۔
۷۔ ایک سفید دھات کا نام ۔
پارہ تن ۔ قریبی رشتہ دار ۔ جگر گوشہ
پارہ پارہ کردن ۔ حصے بخرے کرنا تکہ بوٹی کرنا ۔
پاروی حق گذاشتن ۔ ا۔ حقیقت سے انکار کرنا ۔ ۲۔ حق بات کو پس پشت ڈالنا یا جھٹلانا ۔
پاروی دم مار گذاشتن ۔ ا۔ جان بوجھ کر ہلاکت کے منہ میں جانا ۔
۲۔ سوئے ہوئے فتنے کو جگانا ۔

پارینہ - پرانا - قدیمی -
پاژند - مشہور زردشتی کتاب "زند" کی تفسیر اور ترجمہ -
پاس - ۱- پہرہ - ۲- پاسبانی - ۳- لحاظ ۴- حصّہ - مثلاً (پاسی از شب گذشت) یا پاس آئین محمد مصطفیٰ است) پاس خاطر
پاساخت - بنا بنایا (ریڈی میڈ)
پاسخ - جواب -
پاسخ دادن - جواب دینا -
پاس گاہ - پہرہ دینے کی جگہ - پوسٹ چوکی -
پاشادن - کھڑے ہونا -
پاشمردہ نہادن - ۱- نہایت حزم و احتیاط کے ساتھ چلنا - ۲- قدم پھونک پھونک کر رکھنا -
پاشنہ - ۱- ایڑی - ۲- بندوق کا گھوڑا - ۳- لبلبی -
پاشنہ بُریدہ - آدم بد - وہ آدمی جس کی چوری کے الزام میں ایڑی کاٹ دی جائے -
پاشنہ خوابیدہ - آرام دِہ جوتی - (کفش راحتی) وہ جوتی جس کی ایڑی کو دُہرا کر لیتے ہیں گھر میں آسانی کے ساتھ چلنے پھرنے کے لیے -
پاشنہ سائیدہ - سخت گناہ گار گناہوں میں ڈوبا ہوا -
پاشنہ کش - شُوہارن -
پاشنہ کشیدن - اُکسانا - اشتعال دلانا -
پاشنہ نخواب - اُونچی ایڑی والا جُوتا -
پا افزار - جُوتا - پاپوش -
پاک باختن - سب کچھ ہار دینا -
پاکت - لفافہ -
پاکردن - جوتا پہننا - جوراب پہننا
پاکوفتن - ناچنا - رقص کرنا -
پاک طینت - نیک سرشت
پاک کن - ربڑ -
پاک نویسی کردن - ۱- رف کام کو صاف ۲- ستھرا کر کے لکھنا -
پاک نہاد - پاک سَرشت -
پاکوباں - ناچتے ہوئے - رقص کناں
پاگرفتن - ۱- بچے کا پاؤں چلنا شروع کرنا - ۲- نیز مضبوط اور استوار ہونا -

پاک گوہر ۔ اچھے حسب نسب والا۔
پاگیر ۔ رکاوٹ ۔
پالائش ۔ صفائی ۔
پالتو ۔ اوورکوٹ ۔
پالتو بارانی ۔ برساتی اوورکوٹ
پالان کج بودن ۔ ۱۔ بے دین ہونا
۲۔ بدعقیدہ ہونا ۔
پالغز ۔ ۱۔ پھسلن ۔ ۲۔ خطا ۔ ۳۔ لغزش
پا لنگ بودن ۔ لنگڑا ہونا ۔ ناتوان
ہونا ۔
پالودن ۔ پاک صاف کرنا ۔
پالہنگ ۔ لگام ۔ افسار
پامردی ۔ ۱۔ طاقت ۔ ۲۔ شفاعت
۳۔ مدد ۔ سفارش ۔
پامزد ۔ پیدل چل کر آنے کی اُجرت
(حق القدم) (دست مزد)
پانسمان ۔ مرہم پٹی ۔
پانزدہ سالگی ۔ پندرہ سال کی عمر
پانگرفتن (بچہ) بچے یا بچوں کا نہ بچنا ۔
(بچہ اش پا نمگیرند)
پانہادن ۔ وارد ہونا ۔ نمودار ہونا
دنیا میں آنا ۔

پاورچین پاورچین رفتن ۔ ۱۔ نہایت
ہی آہستہ بی صدا ۔ ۲۔ جس کے چلنے
سے کوئی آہٹ تک نہ آئے ۔
پاورقی ۔ حاشیہ (فٹ نوٹ)
پای زیب ۔ خلخال
پائیز ۔ خزاں ۔
پایاب ۔ ۱۔ قابل عبور ۔ ۲۔ ٹھہراؤ ۔
۳۔ تاب و تواں ۔ ۴۔ گھاٹ ۔
ے برجاناں سہل کن حرف مرا
بہر شاں پایاب کن ژرف مرا
پای پیش و پای پس ۔ دودلی کی حالت
تردد اور گو مگو کی حالت ۔
پای چال ۔ جولاہے کا اڈہ یا وہ گڑھا
جس میں وہ پاؤں رکھتا ہے بُننے وقت
پا ازخط بیرون نہادن ۔ حکم عدولی
کرنا ۔
پای چراغ تاریک است ۔ چراغ تلے
اندھیرا ۔
پایہ پایہ ۔ درجہ بدرجہ ۔ بتدریج ۔
ے ازمقامات تبتل تا فنا
پایہ پایہ تا ملاقات خدا
پائین ۔ نیچے ۔ زیر ۔

پائندہ ۔ استوار ۔ جاوید ۔ ہمیشہ رہے
پاکستان پائندہ باد ۔

پ ۔ پ

پپہ ۔ احمق ۔ کودن ۔ بے ہوش ۔

پ ۔ ت

پچ پچ کردن ۔ سرگوشیاں کرنا ۔
کانا پھوسی کرنا ۔
پچپچو ۔ کانا پھوسی کرنے والا ۔
پتک ۔ ہتھوڑا ۔
پچل ۔ میلا ۔ کچیلا ۔ گندہ ۔
پتو ۔ کمبل ۔
پتواز ۔ کبوتروں کے بیٹھنے کی چھتری ۔
پترروی آفتاب افتادن ۔ پول
کھل جانا ۔ راز آشکار ہو جانا ۔
پتی ۔ ننگا ۔ عریاں ۔
پتیارہ ۔ ۱ ۔ بدشکل ۔ ۲ ۔ بلا ۔
۳ ۔ آفت ۔ ۴ ۔ بدعمل ۔
۵ ۔ زشت ۔

پ ۔ خ

پخ ۔ ۱ ۔ کتے کو بھگانا ۔ ۲ ۔ دور کرنا ۔
۳ ۔ تیز چوڑا اور صاف ۔
پختن ۔ پکانا ۔
پخت ۔ بخار ۔ بھاپ ۔
پخت و پز ۔ پکانا ۔ تیز سازش ۔
دھوکا دہی ۔
پختہ ۔ ۱ ۔ پکا ہوا ۔ ۲ ۔ تجربہ کار ۔ ۳ ۔
آزمودہ کار ۔ ۴ ۔ واقف کار ۔
پخش ۔ حصہ ۔
پخش و پلا کردن ۔ ۱ ۔ پھیلانا ۔ ۲ ۔
بانٹنا ۔ ۳ ۔ حصے بخرے کرنا ۔
پخمہ ۔ ۱ ۔ احمق ۔ ۲ ۔ سرپھرا ۔ ۳ ۔ نالائق
۴ ۔ کودن ۔

پ ۔ د

پدر ۔ باپ ۔ والد
پدراندر ۔ سوتیلا باپ ۔ ماں کا دوسرا شوہر ۔
پدربزرگ ۔ دادا ۔ بابا یا نانا
پدروار ۔ خاندانی ۔ حسب نسب والا

پدرخویش بودن - اپنی بات پر کھڑا ہونے کی کوشش کرنا۔
پدرسگ - گالی ہے۔
پدرم سلطان بود - اپنے بزرگوں اور اسلاف کے کارناموں پر فخر کرنا اور خود کچھ نہ ہونا۔
پدرسوختہ - ۱-خبیث ۲- بدمعاش ۳- بدفطرت
پدرکسی را از گور درآوردن - ۱-کسی کو سخت نقصان پہنچانا - ۲- بے حد تنگ کرنا۔
پدرکسی راسوختن - سخت اذیت دینا۔
پدرنجدی مادر عربی - سخت مشکل پسند انسان۔
پدرود - رخصت ہونا یا کرنا - الوداع۔
پدرود کردن - الوداع کرنا۔
پدری کردن - شفقت کرنا حفاظت کرنا
پدید - آشکارا۔
پدیدار - ۱-ظاہر ۲- نمایاں ۳- آشکارا
پدیدآمدن - ظاہر ہونا۔

پ - ذ

پذیر - قبول کرنا - مان لینا۔
پذیرا - ۱- قبول کرنے والا - ۲- فرمانبردار ۳- استقبال کرنے والا - ۴ - میزبان
پذیرائی - ۱- مہمانوں کا استقبال ۲ قبولیت ۳- مہمانی
پذیرائی کردن - مہمان نوازی کرنا۔
پذیرش - قبولیت - قبولیت نامہ
پذیرفتن - ۱-استقبال کرنا ۲ - قبول کرنا ۳- مان لینا - ۴ - نوازش کرنا
پذیرفتنی - قابل پذیرائی۔
پذیرفتہ - جس کا استقبال کیا جائے یا جسے شرفِ باریابی بخشا جائے ۔
پذیرندہ - ۱- استقبال کرنے والا یا قبول کرنے والا۔

پ - ر

پَر - ۱- پرندے کا پر - ۲- بازو
پُرہ - بھرا ہوا
پرافشان - پروں کا پھڑپھڑانا۔
پرافتخار - شاندار - قابل فخر۔
پراگندن - منتشر کرنا - بکھیرنا۔
پراگندہ کردن - تتر بتر کرنا منتشر کرنا۔

پراگندگی - انتشار (پراگندگیٔ خاطر)
پراگندہ روزی پراگندہ دل - فکرِ معاش میں مبتلا رہنے والے کا سکونِ قلب مفقود ہوتا ہے۔
پراگندہ گو - واہی تباہی بکنے والا۔
پراندن } اڑانا۔ اعلان کرنا
پرانیدن } مشہور کرنا
پرانداختن - ۱- پرندے کا پر جھاڑنا ۲- کمزور ہونا - ۳ - مطیع ہونا۔
پرباد - مغرور- متکبر-
پربہار - قیمتی -
پربسنت - گھنے - گھنی -
پرت - ۱- اُچھالنا - ۲- گرنا ۳- گرانا ۴- نیز بمعنی بے معنی - ۵- یاوہ گوئی لغویات -
پرت شدن - ۱- اوپر سے گرنا - ۲- بدحواس ہونا ۳- سر کا چکرانا -
پرت کردن - دُور پھینک دینا - اوپر سے نیچے گرانا - اندر سے باہر پھینکنا
پرت گفتن - یاوہ گوئی - لغو باتیں کرنا
پرتاپ وزنہ : گولہ پھینکنا -
پرتگاہ - ڈھلوان - ایسی جگہ جہاں سے نیچے گرنے کا احتمال ہو -
پُرتغال - مالٹا - سنگترہ -
پرچانہ - بہت باتیں بنانے والا - باتونی
پرچانگی - زیادہ باتیں کرنا -
پرتو افگندن - عکس ڈالنا -
پرتو شناس - ماہر شناع -
پرچم - جھنڈا -
پرچین - ۱- باڑ - ۲- خاردار درختوں کی شاخوں سے باڑ لگانا -
پُرحرف - باتونی
پرخاش - لڑائی - جھگڑا -
پرخاش جو - لڑاکا -
پرخور - پیٹو - شکم پرست -
پرخیدہ - خاص - رمز - اشارہ
پرداخت - ۱- کام - ۲- شغل - ۳- سوچ - ۴- ادائیگی -
پرداختن - ۱- متوجہ ہونا - ۲- مشغول ہونا ۳- تعلق ہونا ۴- خالی ہونا - ۵- فارغ ہونا - ۶- پاک صاف کرنا - ۷- ترک کرنا - ۸- آراستہ کرنا - ۹- ادا کرنا - ۱۰- صاف کرنا -

پر در آوردن - پر و بال نکالنا - سرکشی کرنا
پردگیان - ۱- پردگی کی جمع ۲- اہل حرم
۳- مستورات ۴- خواتین -
پُردل - بہادر - دلیر - شجاع
پردہ - ۱- حجاب ۲- اوٹ ۳- آواز
۴- نور -
(آہنگ سُر - تال رپردۂ عشاق پردہ حجاز
پردہ خراسان وغیرہ وغیرہ)
پردہ از روی کار برداشتن (راز فاش
" " " برگرفتن) کرنا - بھید
کھول دینا -
پردہ انداختن - نقاب اوڑھنا منہ ڈھانپ لینا
پردہ پوشی - کسی کے عیب اور نقص کو چھپانا
پردہ دریدن - ۱- گستاخی کرنا - ۲- راز
افشا کرنا ۳- بے ادبی کرنا -
پردہ دوز - خیمے بنانے والا -
پردہ صماخ - کان کا پردہ
پردۂ عنکبوت - مکڑی کا جالا - آنکھ
کی بیماری کا نام -
پردہ ناموس - عزت و آبرو -
پردہ ہفت رنگ - دنیا - آسمان
پرزور - ۱- شوخ ۲- بے ادب ۳- بدمزہ

اور دریدہ دہن -
پرستار - ۱- نرس ۲- تیماردار ۳- لونڈی
کنیز -
پرستار زادہ - وہ بیٹا جو کسی لونڈی کے
بطن سے ہو -
پرستار کردن - تیمارداری کرنا - بیمار کی
دیکھ بھال کرنا - (نرسنگ)
پُرسان - اسم حالیہ - پوچھتے پوچھتے -
پرسان پرسان میتوان رفت بکعبہ
پوچھتے پوچھتے آدمی کہیں کا کہیں
پہنچ جاتا ہے -
پرستش - عبادت - پوجا -
پرستیدن - پوجنا - عبادت کرنا -
پرستو - ابابیل - وہ پرندہ جو گرمیوں
میں سرد مقامات پر اور سردیوں میں گرم
جگہوں میں چلا جاتا ہے -
پرسش - پوچھ گچھ - بیمار پرسی - عیادت
(پرسش احوال)
پرسہ - ۱- مرنے پر جانا - ۲- بیمار کی بیمار پرسی
کے لئے جانا - ۳- نیز فقیروں اور درویشوں
کا بھیک کے لئے مارے مارے پھرنا -
پرسہ زدن - قدم زدن - گلیوں میں

گز ناپتے پھرنا۔
پرسیدن - پوچھنا۔
پرسیاوشں - ایک قسم کی گھاس ہے۔
جو نمونیے کی بیماری ہیں دوائی کے
کام آتی ہے۔
پرسکستہ - بے پر۔ بے کس۔
پرز - اُبھار۔ برجستگی۔
پرش - ۱۔چھلانگ۔۲۔اڑان۔۳۔جست
پرش ارتفاع - اُونچی چھلانگ
پرش طول - لمبی چھلانگ
پرفسور - پروفیسر
پُر کار۔ بہت کام کرکے بھی نہ تھکنے والا۔
پرکاہ - گھاس کا تنکا۔ حقیر چیز
پرگنہ - ضلع کا ایک حصہ۔ تحصیل
پُرگو۔ بہت زیادہ شعر کہنے والا۔
(رودکی شاعر پُرگو بود) نیز بہت
زیادہ باتیں کرنے والا۔
پرمنش - مغرور۔ بلند ہمت۔
پرند - سخنانِ لغو۔ مزخرفات - بے
سروپا باتیں۔ (چرند و پرند)
پرواز - اڑان
پرواز بہ بال دیگراں کردن۔ دوسروں
کے بل بوتے پر اڑنا۔
پرواز چشم - آنکھ کا پھڑکنا۔
پرواز کنجشک - ۱۔تھوڑی سی اڑان
۲۔زمین سے لیکر کوٹھے تک۔
پروانگی - اجازت نامہ۔ حکم
پروانک - ایک چھوٹا سا جانور جو شیر
کے آگے آگے چلتا ہے جس سے
دوسروں کو شیر کی آمد کا پتہ چل جاتا ہے
اسے سیہ گوش بھی کہتے ہیں۔
پروبال داشتن - طاقت و قوت کا ہونا
پروراندن - پرورش کروانا۔
پرورش آموز - ۱۔ ایک استاد
۲۔ادیب ۳۔روحانی پیشوا ۴۔مجتہد
پرویز - ایران کا ایک صاحب شان و شکوہ
بادشاہ جو ہرمز کا بیٹا اور نوشیرواں کا
پوتا تھا۔ فرہاد کی محبوبہ شیریں اسی
کی ملکہ تھی۔
پرویزن - غربال۔ چھلنی
پرندہ - ۱۔فائل۔۲۔مقدمے کی مثسل۔
۳۔بنڈل ۔۴۔بستہ
پروین - ۱۔ سات سہیلیوں کا جھمکا۔
۲۔ موتی۔

پرہ بینی - ۱- ناک کے نتھنوں کا درمیانی حصّہ اور ۲- گاہے نتھنے بھی -
پُرہیاہو - ۱- شور و غل سے بھرا ہوا -
۲- جہاں کان پڑی آواز سنائی نہ دے
پرہیز یدن - پرہیز کرنا -
پری پیکر - پری جیسا جسم - خوبصورت حسین -

پری چہرہ
پری رُخ
پری رُو
پری طلعت
} پری جیسا خوب رُو

پریشان گفتن - واہی تباہی ہانکنا
پریشاں اوراق - بکھرے ہوئے کاغذ
" مُو - بکھرے ہوئے بال
" روزگار - بدحال آدمی
پریشب - پرسوں رات
پریشیدن - پریشان ہونا
پری وش - پری کی مانند

پ - ز

پُز - ۱- برف کا گالہ ۲- ہیکل ۳- پیشانی ۴- بیڑ پکانے والا (دیزی پز) آشپز
پز دادن - خودنمائی کرنا -
پزشک - طبیب - ڈاکٹر
پزشک خانہ - کلینک - مطب
پزشکی - ۱- طبابت ۲- حکمت کا پیشہ
پزشکیار - ۱- میڈیکل اسسٹنٹ ڈاکٹر کا معاون -
پز عالی و جیب خالی - اونچی دکان پھیکے پکوان -
پزوا - مفلس و قلاش اور میلے لباس والا -

پ - ژ

پژ - برف کا گالہ - ٹھٹھر جانا - ناہموار زمین -
پژان - مرجھایا ہوا - پژمردہ - بے رونق
پژمردن - ۱- مرجھانا (۲) کملا جانا -
پژمردہ - ۱- افسردہ ہونا ۲- زدلیدہ ۳- بے رونق - پژمردہ -
پژوہ - ۱- تحقیق کرنا - ۲- تلاش کرنا - ۳- کھوج لگانا، مثلاً (دانش پژوہ)
پژوہش - تحقیق - تلاش - ٹوہ -

پژوہش خواستن - ۱- نظر ثانی کروانا- ۲- دوبارہ چھان بین اور فیصلہ کے لئے- ۳- اپیل کرنا-

پ - س

پس - ۱- بعد- ۲- پیچھے- ۳- اس کے بعد- ۴- علاوہ- ۵- لہٰذا ۶- لیکن-

پس آب - بچا کھچا پانی-

پس آخ و تف - آخ کے معنی ہیں کھانسنے کے اور تف بمعنی تھوکنے کے' اس محاورہ کا پس منظر یوں ہے کہ ایک عورت اپنے گھر بار کو شیشے کی طرح صاف ستھرا اور چمکتا ہوا رکھتی تھی- ہر چیز اپنی جگہ پر اور نہایت ہی صاف ستھری برتن- فرنیچر' صحن- فرش اور آنگن- مگر خود وہ بہت میلی کچیلی اور غلیظ رہتی- کپڑے بھی سخت میلے ہوتے- ایک دن میاں جو گھر آیا تو اس نے کھانس کر تھوکنا چاہا- ادھر ادھر دیکھا- ہر شے قرینے اور ڈھب کی سب کچھ صاف شفاف سوچا کہ یہاں تھوکنا تو معیوب ہے بیوی کی طرف دیکھا تو وہ حسب معمول میلی کچیلی- پس اس کے منہ پر تھوک دیا- اور کہا کہ معاف رکھنا اس سے غلیظ جگہ گھر بھر میں نظر نہیں آئی-

پس افتادن - ۱- پیچھے رہ جانا- ۲- دوبارہ بیمار ہونا- ۳- غش آنا- مرجانا-

پس افگندن } روزانہ کے خرچ
پس انداختن } سے کچھ نہ کچھ بچانا-

پس افگندگی - بچت

پس افت - ذخیرہ- بچایا ہوا-

پس انداز - بچت- ذخیرہ- حرف جڑی

پس آمدن - لوٹ آنا-

پس اندیش - عاقبت اندیش

پسا رند - ۱- شعر کا قافیہ- ۲- لاحقہ-

پس پسکی رفتن - الٹے پاؤں جانا-

پست - ڈاک-

پست چی - ڈاکیہ

پست خانہ - ڈاک خانہ

پشتک - بازوؤں کے بغیر کوٹ-

پست - ادنیٰ - کمینہ - سفلہ - بخیل ہموار زمین -
پست کردن - گرا دینا - پچھاڑ دینا - تباہ کرنا -
پستان - تھن - چھاتی
پستانِ مادر را گاز گرفتن - ۱ - نہایت ہی بدسرشت شریر اور بدفطرت ہونا -
پستانِ مادر را بُریدن - بے وفائی کرنا - بے غیرت ہونا -
پستانداران - دُودھ پلانے والے جانور
پستہ دہان - تنگ دہن معشوق
پستۂ شکر فشاں } محبوب کے
پستۂ خنداں } لب اور دہان
پس خوردہ - بچے کھچے ٹکڑے - بچا کھچا کھانا -
پسر خالہ دستہ دیزی - جس کے ساتھ خون کا رشتہ نہ ہو -
پسر خواندگی - منہ بولا بیٹا بنانا -
پسر دائی - ماموں کا بیٹا -
پسر عمو - چچا زاد بھائی
پس زانو نشستن - ۱ - غم کھانا - ۲ - غمگین ہونا - ۳ - سوچ بچار

میں پڑنا -
پس زدن - پیچھے ہٹنا -
پس سر خاریدن - ۱ - سر کھجلانا - ۲ - شرمساری اٹھانا - ۳ - کوتاہی کرنا -
پس فردا - پرسوں آنے والا -
پس گوش افگندن - ۱ - متوجہ نہ ہونا - ۲ - ٹال مٹول کرنا - ۳ - لیت و لعل کرنا - بھلا دینا -
پسندیدہ خصال - عمدہ خصلتوں والا -
پس گردنی - گھونسہ - دھول دھپہ -
پس گرفتن - ۱ - واپس لے لینا - ۲ - بکا ہوا مال موڑ لینا یا - ۳ - اپنی بات یا الفاظ واپس لے لینا -
پس مُردن ذکر خیر - کیا خوب آدمی تھا خدا مغفرت کرے -
پس نشستن - عقب نشینی کرنا -
پسندیدن - پسند کرنا -
پس و پیش کرنا - ۱ - سوچ بچار کرنا - ۲ - تامل کرنا - ۳ - لیت و لعل کرنا -
پسوئنش آتش بگیرد - ۱ - نفرین کا کلمہ ہے ۲ - بددعا - ۳ - اس کے پستانوں کو آگ لگے - ۴ - خدا اسے سخت اذیت دے -

پسیج - قصد - ارادہ - عزم
پسین - ۱ - پچھلا - ۲ - عصر کا وقت
۳ - غروب کے نزدیک

پ - ش

پشت - ۱ - پیٹھ - ۲ - کمر - ۳ - پیچھے
۴ - پناہ - ۵ - سہارا - ۶ - مدد -
۷ - نسل - ۸ - خاندان
پشتارہ - گٹھڑی - بوجھ - کالم -
پشت بام - چھت کی سطح -
پشت بر زمین آوردن - ۱ - زمین پر
پیٹھ لگا دینا - ۲ - پچھاڑ دینا -
۳ - چت گرانا -
پشت بہ پشت - ۱ - نسلاً بعد نسلاً
۲ - مددگار - ۳ - دوست - ۴ -
یگانگت - اتفاق -
پشت بند داشتن } تکیہ یا
پشت بدیوار بودن } سہارا ہونا
پشت بکوہ بودن - بہ ما قبل
نیز کسی کے کھونٹے پر ناچنا -
پشت پا زدہ - ۱ - ٹھکرا دینا - ۲ - رد
کرنا - چھوڑ دینا -

پشت چشم نازک کردن - ۱ - ناز و
ادا کرنا - ۲ - شیخی بگھارنا - ۳ - نیز
ذرا آنکھ کڑوی کرنا -
پشت خار - کھریرا - جس سے گھوڑے
کے جسم کو صاف کرتے ہیں -
پشت خم شدہ - ۱ - تھک جانا - ۲ -
خمیدہ پشت - ۳ - کبڑے ہو جانا -
پشت دست خائیدن - ۱ - افسوس
کے مارے ہاتھ ملنا - ۲ - نادم و
پشیمان ہونا -
پشت دست داغ کردن - ۱ -
۱ - پشیمان و تائب ہونا - ۲ - آئندہ
کے لئے احتیاط کا عہد کرنا کہ اب
کی بار کان پکڑے آیندہ ہرگز ایسا
نہ ہوگا -
پشت دست بدنداں گزیدن -
حسرت اور افسوس کرنا -
پشت سر - پیٹھ پیچھے - کسی کے بعد -
پشت سر کسی حرف زدن -
چغلی کھانا -
پشت سر شاہ بہ پدر شاہ - پیٹھ
تو بادشاہ کو بھی برا بھلا کہہ
لیتے ہیں - مزہ تو جب ہے - کہ

سامنے بات کرے۔
پشت سر انداختن - پس پشت ڈالنا۔
پشت سر ہم - مسلسل۔
پُشتک - ۱- دولتی - ۲- قلابازی - ۳- نیز ایک کھیل کا نام ہے۔
پُشتک زدن - الٹی قلابازی لگانا - یا اُلٹا پانی میں کودنا۔
پشت کار - ثابت قدمی۔ مستقل مزاجی
پشت کوز - کبڑا۔
پشت گرمی - مدد۔ حوصلہ افزائی۔ حمایت
پشت گلی - سرخ رنگ۔
پشت گوش انداختن - التوا میں ڈالنا
پشت نویسی - اسی کاغذ کو الٹا کر دوسری طرف لکھ دینا۔
پشتہ - تہ بہ تہ رکھنا۔
پشتوانا - سرورق - زرِ ضمانت
پشتی - کمک - مدد - یار و یاور
پشک انداختن - قرعہ ڈالنا۔
پُشک - نرم بالوں والی بلی۔
پشکل - بھیڑ بکریوں کی مینگنیاں - نیز اونٹ کا فضلہ۔
پشکن - رجوع کریں لشکن۔
پشت ہم اندازی - فریب - مکاری -

پشم - ۱- اون - ۲- بھیڑ بکری یا اونٹ کی ۳- رونگٹے - ۴- موئے زہار - ۵- حقیر ۶- بے قیمت -
پشم آلود - جس پر بہت زیادہ اون ہو۔
پشم بریدن - اُون اتارنا -
پشم در کلاہ نداشتن - ۱- کوئی عزت آبرو یا ساکھ نہ ہونا - ۲- نہ مال نہ علم اور نہ ہی جذبہ کا ہونا۔
پشم دانستن - پورچ سمجھنا۔
پشم ریس - اون کاتنے والا۔
پشم ریختن - آبرو اور ناموس کا جاتے رہنا
پشمینہ - منسوب بہ پشم -
پشمینہ پوش - قلندر صوفی - درویش
پشہ - مچھر
پشہ بند - مچھر دانی -
پشہ خیز - وہ جگہیں جہاں مچھر بہت ہوتا ہے -
پشہ کش - ڈی - ڈی - ٹی -
پشہ لگدش زدہ - مزاح سے کہتے ہیں کہ بیماری یا مرض کوئی نہیں - بس ڈھونگ رچا رکھا ہے - محض نزاکت کے طور پر۔
پشیز - پائی - دمڑی - ٹیڈی پیسہ -

پشیزہ - مچھلی کے چانے -
پشیمانی - پشیمان ہونا - (چو کار از دست رفت از پشیمانی چہ سُود)

پ - ف

پُف - دم - ہوا - پھونک
پف کردن - ہوا دینا - بھرنا - پھونک مارنا - (چراغ را پف کردن یا فوت بال را پف کردن)
پف آلود - آدم پف کردہ - مٹکاسا -
پفک - بچوں کا غبارہ -
پف پوز - ۱- بد اطوار - ۲- آوارہ - ۳- سُست - ۴- کاہل - ۵- ناشائستہ اور ترش رُو - ۶- بھڑوا -

پ - ک - گ

پَک - بیہودہ - خود پسند - خود رائے
پُک - دم - دُود کش -
پکر - سُست و گیج -
پُک زدن - حقے - پائپ یا سگار کا کش لگانا -
پک و پوز - شکل صورت - چہرہ مہرہ ہیئت -
پک و لک - ۱- جاہل - ۲- سیٹھ - ۳- قلاش
پکیدن و ترکیدن - پارہ شدن
پکنیک - پکنیک پارٹی -
پگاہ - صبح - پو پھٹے - فجر -

پ - ل

پُل آں طرف بودن - بیچارہ ہونا - اپنے کام میں پچھڑ جانا -
پل بستن - نہایت اہم کام سرانجام دینا - نہر یا دریا پر پُل باندھنا -
پلاس - ۱- موٹا چھوٹا کپڑا - ۲- ٹاٹ - ۳- ڈٹ مارنا - ۴- دھوکا یا فریب دینا ۵- چکمہ دینا - ۶- تیز کاسہ و کوزہ - سب اثاثہ -
پلاس گفتن - ۱- دھوکا دینا - ۲- فریب دینا -
پلاس پوشین - درویش -
پلاسیدن - مرجھا جانا - بوسیدہ ہونا -
پلشت - ۱- پلید - ۲- نازک - ۳- میلا کچیلا - ۴- نا اہل - ۵- لٹھ جاہل -

پل خر بگیری - نہایت ہی تنگ راستہ۔
پل صراط - یہ پل جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ بال سے باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہو گا۔ اس پر سے گزر کر نیک اور صالح لوگ جنت جائیں گے۔ گنہ گار لوگ نیچے گر جائیں گے گہرائیوں میں اور دوزخ کے عذاب میں مبتلا رہیں گے۔
پلکاں - سیڑھیاں۔
پلکیدن - پلک جھپکنا یا روٹی اور روزی کمانے کے لئے ہاتھ پاؤں مارنا۔
پلنگ - چیتا۔
پلنگ خو - ۱- بے رحم - ۲- سخت دل - ۳- خونخوار۔
پلنگی - خونخوار ہونا چیتے کی مانند۔
پلہ - سیڑھی کا ایک قدم۔ مفت خورہ۔
پلہ پلہ - ۱- درجہ بدرجہ - ۲- قدم بقدم۔ بتدریج - ع- پلہ پلہ تا ملاقات خدا۔
پلیس - پولیس۔
پلیس مخفی - خفیہ پولیس سی۔ آئی ڈی

پ - ن

پناہ بردن - پناہ گرفتن - پناہ لینا
پناہندہ - پناہ لینے والا۔
پنبہ - روئی - کپاس۔
پنبہ از گوش برآوردن - ۱- ہوش کے ناخن لینا - ۲- بات کو سننا - ۳- نصیحت مان لینا - ۴- ہوش میں آنا۔
پنبہ دانہ - بنولے - کپاس سے نکلنے والے بیج۔
پنبہ در گوش - ۱- غیر متوجہ - ۲- بات کو نہ سننے یا ماننے والا - ۳- توجہ نہ دینے والا۔
پنبہ ای - سوتی - ریشمی کا اُلٹ۔
پنبہ زن - دھنیا - روئی کو دھنکنے والا۔
پنبہ گوش - ۱- غافل - ۲- بے خبر - ۳- بے توجہ۔
پنبہ لحاف کہنہ باز دادن - اپنے پچھلے بزرگوں کی بڑائی اور عظمت کے ڈھول پیٹنا - اور خود آپ صفر ہونا۔
پنتی - بے عار - مکار - بے کار۔
پنجرہ - کھڑکی۔
پنجرۂ بلیت فروشی - ٹکٹ بیچنے کی کھڑکی۔
پنجتن - آل عبا - حضور سرور کائناتؐ

۲۔ حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا ؓ
۳۔ حضرت علی علیہ السلام ۔۴۔
حضرت امام حسن اور ۵۔ حضرت
امام حسین علیہ السلام۔
پنج کسی گردشش بودن ۔ پوری
توجہ اور سخت انہماک کے ساتھ
کسی کام کو کرنا۔
پنجہ افگندن ۔ سختی کرنا۔ طاقت آزمانا
پنجہ نرم کردن ۔ ۱۔ پنجہ آزمائی کرنا۔
۲۔ لڑنا ۔ ۳۔ کشتی کرنا۔
پنجہ گیر ۔ پہلوان
پنجگانہ ۔ پانچوں وقت ۔ عموماً نماز
کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔
(فلاں نماز پنجگانہ می خواند) ۔
پنج یک ۔ عدد کسری ۔ پانچواں حصہ ۔
پند ۔ نصیحت ۔ بھلی بات کہنا ۔
پندار ۔ عقیدہ ۔ خیال ۔ تصور ۔ گمان
اور غرور۔
پنداشتن ۔ خیال کرنا ۔ تصوّر کرنا
ع خود غلط بود آنچہ ما پنداشتیم
پنک ۔ کھجوروں کا گچھہ ۔ ایک
بالشت ۔
پنہانی ۔ چھپا ہوا ۔ پوشیدہ ۔

پ ۔ و

پوچ ۔ ۱۔ بے معنی ۔ ۲۔ لغو ۔ ۳۔ بیہودہ
پور ۔ فرزند ۔ بیٹا ۔
گرچہ ہر مرگ است بر مومن شکر
مرگ پور مرتضیٰ چیزے دگر
پوران دخت ۔ خسرو پرویز کی
بیٹی کا نام جو ایک بہادر عورت
اور حکمران تھی۔
پور دو نار ۔ نانا بابا۔
پور سبکتگین ۔ سلطان محمود غزنوی۔
پور مرتضیٰ رض ۔ حضرت امام حسین ع
پوزہ ۔ لب و دہان ۔ چہرہ مہرہ ۔
پوزہ بند ۔ ۱۔ بھیڑ بکریوں یا مویشیوں
کے منہ پر جو چھکّا سا باندھ دیتے
ہیں تاکہ وہ فصلوں کو نقصان نہ
پہنچائیں ۔ ۲۔ یا بکریوں کے بچوں کے
منہ پر باندھا جاتا ہے ۔ تاکہ وہ دودھ
نہ پی سکیں ۔
پوزخند ۔ مسکراہٹ
پوزش ۔ معافی ۔ معذرت
پوزش خواستن ۔ معذرت چاہنا ۔
معافی کا طلبگار ہونا۔

پوزہ - لب و دہان - چانہ۔
پوست باز کردن - دل کی بات کہہ دینا یا اپنا بھید یا راز کھول دینا۔
پوست بر دہل بستن - رنگ رلیاں منانا - گلچھرے اڑانا - خوب عیش و نشاط میں مست ہونا۔
پوست بستن - زخم کا بھر آنا۔
پوست کشیدن - کھال کھینچنا۔
پوست کلفت - بے شرم - بے غیرت مشٹنڈا۔
پوست کندہ گفتن - (۱) کھل کر بات کہہ دینا - ۲- لگی لپٹی رکھے بغیر بات کہہ دینا - ۳- کھری کھری سنانا۔
پوستین - بالوں والا کوٹ - کھال کا کوٹ
ع - پوستین بھر دی آمدنی بہار
پوستین باز کردن - ننگا کر دینا۔
پوستین دریدن - چغلی کھانا - بدگوئی دینا
پوسیدن - ۱- گل سڑ جانا - ۲- فاسد ہو جانا - ۳- ضائع ہو جانا۔
پوشال - لکڑی کا خاکہ یا کاغذ کا چورا جو بنڈلوں کے باندھنے کے کام آتا ہے
پوشانیدن - پہنانا۔
پوشانہ - سر پوش - سر پر پہننے والی چیز مراد دوپٹہ یا رومال۔
پوشینہ - کیپ قنول
پوشیدنی - پہننے اور ڈھانپنے والی چیز
پوک - نرم زمین - کھوکھلا - بے مغز
پول - روپیہ - پیسہ - زر
پول از پارو بالا رفتن - ۱- روپے کی ریل پیل ہونا - ۲- نہایت امیر اور متمول ہونا - امیر ہونا۔
پول سیاہ - پیسہ۔
پول پول را می کشد - ع
بابا کو بابا ملے کر کر لمبے ہاتھ
پول کار نکردہ - مفت ہاتھ آیا روپیہ
پول را از کاغذ نمی برند - اللے تللے مت کرو گلچھرے نہ اڑاؤ - روپیہ کمانا آسان بات نہیں ہے - مراد یہ ہے دولت مشکل سے ہاتھ آتی ہے۔
پولدار کباب و بے پول ہا بوی کباب - پیسے والے مزے کرتے ہیں - اور مفلس بے چارے انہیں لالچ بھری نگاہوں سے دیکھتے ہیں۔
پول کاغذی - پانچ دس - سو روپے والے نوٹ۔
پولکی - روپے پیسے کا سخت حریص۔

پول رَوی پول می رود - ع -
مایا کو مایا ملے کر کر لمبے ہاتھ

پول غول است دبا بسم اللہ
ہ پیسہ اپنے پاس کہاں!
چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں

پول نداده میان لحاف خوابیده -
ہینگ لگے نہ پھٹکڑی اور مفت میں
مزے اڑاؤ - پس منظر یوں ہے - کہ
دو دوستوں نے مل کر ایک لحاف
بنایا - کڑاکے کی سردی کے دن تھے
ایک اور ننگا دھڑنگا آدمی آن
دھمکا - بے نھے دونوں سادہ لوح
اور وہ تھا خوب جیت چالاک
آدمی - شام ہوئی تو کہنے لگا کہ تم
تو رضائی والے اور میرا چونکہ اس
میں کوئی حصہ نہیں لہذا تم دونو
مزے سے اس کے دونو کناروں
پر آرام سے سو جاؤ اور آپ دونو
کے بیچ میں جو جگہ بچے گی - میں
اس میں سکڑ کر پڑا رہوں گا -

پُول ویلہ - ہر قسم کی نقدی اور مال وغیرہ

پُونہ - خوشبودار گھاس -

پُویَان - دوڑتے ہوئے - اسم حالیہ -

پوئیدن - دوڑنا - ڈھونڈنا -

پہ - ہ

پہلو - ۱ - جانب - ۲ - طرف - ۳ - فائدہ
۴ - نفع - ۵ - کروٹ - ۶ - بغل -
۷ - آغوش - ۸ - گوشہ - ۹ - دفعہ -

پہلوان - طاقتور کشتی گیر - ہیرو -

پہلوان از پر فنی بیا فتند - ہیرے
کی موت اکثر سانپ کے ہاتھوں
واقع ہوتی ہے -

پہلوان پنبہ - کاغذی پہلوان -

پہلو تہی کردن - کنارہ کشی کرنا -
الگ ہو جانا - نیز کنی کترانا -

پہلو دار - ۱ - کاٹ کرنے والی بات -
۲ - دو پہلوؤں والی ۳ - رمز و کنایہ
کی بات -

پہلو دادن - ۱ - سہارا دینا - ۲ - امداد
کرنا - ۳ - تیز منہ پھیر لینا -

پہلوانان - زبان پہلوی - ایران
باستان کی زبان -

پہلو زدن - ۱ - برابری کرنا - ۲ - مال
و دولت جاہ و جلال اور مرتبہ میں

کسی کے برابر ہونے کا دعویٰ کرنا۔
پہلو سا۔ ۱۔ برابر کی چوٹ۔ ۲۔ مقابلہ کرنے والا۔ ۳۔ ساتھ ساتھ چلنے والا۔
پہلو نشین۔ ساتھی۔ رفیق۔
پہلوی۔ ایران باستان کی زبان۔
پہن۔ چوڑا۔ فراخ۔ وسیع۔
پہنا۔ چوڑائی۔ فراخی۔ وسعت۔
پہن پا زدن۔ جوتیاں چٹخانا۔ بے کار مارے مارے پھرنا۔ کسی نہایت معمولی کام پر لگنا۔
پہناور۔ وسیع۔ طویل و عریض
پہناوری۔ چوڑائی اور وسعت
پہین و پہن۔ گھوڑے اور گدھے کی لید وغیرہ
پہن کردن۔ بچھانا۔

پ۔ ی

پی۔ ۱۔ پاؤں۔ ۲۔ پاؤں کا نشان۔ ۳۔ قدم۔ ۴۔ انسانی جسم کا پٹھہ۔ ۵۔ پیچھا۔ ۶۔ تعاقب۔ ۷۔ برائے۔ واسطے۔ ۸۔ ارادہ۔ ۹۔ مرتبہ ۱۰۔ طاقت۔
پیادہ۔ پیدل مسافر۔ نیز جاہل۔ نیز شطرنج کی کھیل کا سب سے ادنیٰ مہرہ۔
پیالہ کش۔ شراب پینے والا۔
پیامبر۔ پیغام لے جانے والا۔ سندیسہ پہنچانے والا۔
پی باز نہادن۔ اُلٹے پاؤں پھر آنا۔
پیاپی۔ لگاتار۔ مسلسل۔
پی بردن۔ کھوج لگانا۔ سمجھ جانا۔ تاڑ لینا۔
پی بر۔ کھوجی۔ کھوج لگانے والا۔
پی جو۔ جستجو کرنے والا۔ تفتیش کرنے والا۔
پی رسیدن۔ جلدی پہنچ جانا۔
پی تفریح۔ سیر و تفریح و تفنن کے واسطے۔
پی ریختن۔ عمارت کی بنیادیں کھول کر انہیں بھرنا۔ بنیاد رکھنا۔
پی ریزی۔ داغ بیل ڈالنا۔
پی کار گرفتن۔ تعاقب کرنا۔ کسی کام کو نہایت انہماک سے کرنا یا کسی کے حسب منشا کام کرنے لگنا۔
پی سپر، پی سپار۔ مسافر۔ رہرو۔ رہگیر
پیادہ پا۔ پیدل چلنے والا۔
پیادہ رو۔ پگڈنڈی۔ فٹ پاتھ وغیرہ

گزرگاہ جو سڑک کے ساتھ ساتھ پیدل چلنے والوں کے لئے بنی ہوئی ہوتی ہے۔
پیادہ شدن ۔ گھوڑے موٹر یا گاڑی سے اُترنا۔
پیادہ کردن ۔ گھوڑے۔ موٹر یا گاڑی سے اتارنا۔
پیانہ ہم داخل میوہ ہا شند۔ ایمنڈ کی کو بھی زکام ہوا۔۲۔ نا اہل بھی اپنے آپ کو اہل لوگوں میں شمار کرنے لگے۔
پیانو زدن ۔ پیانو بجانا۔ پیانو ایک ساز کا نام ہے۔
پیت۔ بھبکا۔ ڈبہ
پیچ ۔ ۱۔ خم۔۲۔موڑ۔ ۳۔ بل۔ ۴۔ تاب ۵۔ رشک اور حسد۔
پیچا۔ گھیر لینے والا۔ احاطہ کرنے والا۔
پیچا پیچ ۔ پیچدار۔ اُلجھا ہوا۔
پیچاق ۔ چاقو۔ چھری
پیچ خوردن ۔۱۔ مروڑنا۔۲۔ پیچ و تاب کھانا۔۳۔ پھرنا۔۴۔ پھر جانا۔
پیچیدگی زبان ۔ زبان میں لکنت ہونا۔
پیچ در پیچ ۔ خم اندر خم۔ بل کھائے ہوئے۔ پیچدار۔
پیچیدن ۔ پیٹنا۔ لپٹنا۔
پیچ وتاب ۔ بُرا حال ہونا۔
پیچ و خم ۔ راہ کے موڑ۔ کس بل۔
پیچاز۔ لکیردار کپڑا۔
پیچازی ۔ چارخانہ کپڑا۔
پیچک ۔ عشق پیچاں کی بیل جو پودوں پر چڑھ جاتی ہے۔ اور انہیں سُکھا دیتی ہے۔
پیچیدہ دست ۔ ناتوان۔ کمزور۔
پیخ ۔ آنکھوں کی گید۔ کان کی میل۔
پیخال ۔ پرندوں کی بیٹ۔
پیچانیدن ۔۱۔ پیچ و تاب دینا۔ ۲۔ موڑنا۔۳۔ بٹنا۔
پیدا۔۱۔ ظاہر۔۲۔ آشکارا۔۳۔ ہویدا۔
پیدا ترازخال خوبان ۔ نہایت ہی ظاہر اور درخشاں اور آشکار چیز۔
پیداشدن ۔ گم شدہ چیز کا مل جانا۔ ظاہر ہونا۔ نمودار ہونا۔
پیدا کردن ۔۱۔ کسی گم چیز کو ڈھونڈ نکالنا۔۲۔ تلاش کر کے پالنا۔
پی در پی ۔ لگاتار۔ مسلسل۔
پیر ۔ ۱۔ بوڑھا۔۲۔ باپ۔۳۔ بزرگ۔

پیرا - ۱ - آراستہ کرنے والا - ۲ - درختوں اور پودوں کی کانٹ چھانٹ کرنے والا -
پیرارسال - دو سال قبل - پچھلے سے پچھلے سال سے مراد ہے - پنجابی کا لفظ "پرار" اسی کی بگڑی ہوئی شکل ہے -
پیرائش - آرائش - پودوں کی کانٹ چھانٹ اور آراستگی -
پیراستہ - آراستہ -
پیرامن - ارد گرد - آس پاس -
پیرامون - گرداگرد - نزدیک و دور -
پیرانہ سر - بڑھاپے میں -
پیراہن - قمیص - کرتا -
پیراہن بلند - لمبی قمیص - لمبا کرتہ -
پیراہن کوتاہ - اونچی قمیص - اونچا کرتہ -
پیراہن خواب - رات کو سونے کا گاؤن
پیراہن کاغذی - پرانے زمانے میں دستور تھا کہ انصاف کی دہائی دینے کے لئے مظلوم کاغذی لباس پہنتے - ع
کاغذی ہے پیرہن ہر پیکر تصویر کا
پیراہن عثمان - تہمت - باطل بات یا کسی سے لڑنے کے لئے جھوٹا بہانہ
پیراہن یوسف - خون آلود کرتہ حضرت یوسف علیہ السلام کے سوتیلے بھائی ان کو جنگل کے ایک کنوئیں میں گرا آئے اور ان کی خون آلود قمیص گھر واپس لے آئے - اور یعقوب علیہ السلام کو کہا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کو ان لوگوں کی عدم موجودگی میں بھیڑیے نے پھاڑ کھایا اور اس کا ثبوت وہ خون سے لتھڑی ہوئی قمیص پیش کی ۲ - نیز کبھی اسے خوشخبری کی علامت بھی کہا جاتا ہے - ع
بوئے پیراہن یوسف یافتہ (رومی)
ایک طویل مدت کے بعد حضرت یوسف علیہ السلام نے حضرت یعقوبؑ کو اپنی خبر بھیجی کہ پیامبر کے ہاتھ اپنا پیرہن جو انہوں نے اپنی آنکھوں سے لگایا - اور کھوئی ہوئی بینائی واپس آ گئی - اور وہ تھا ہی ایلچی - جب مصر سے روانہ ہوئی - پیغمبر علیہ السلام کو اس کی خوشبو کنعان میں آ گئی -
پیر پنبہ - وہ بوڑھا جس کے بال روئی کے گالوں کی طرح سفید ہوں -

پیررا تعلیم دادن - بڈھے طوطے پڑھانا -
پیر چہل سال - ۱- عقل کامل - ۲- حضرت جبرئیل علیہ السلام - ۳- حضرت آدم علیہ السلام کو بھی کہتے ہیں -
پیرِ خرد - عقلمند - دانشمند -
پیرِ زال - سفید بالوں والی بڑھیا - نیز اس دنیا کو بھی کہتے ہیں -
پیر کنعان - حضرت یعقوب علیہ السلام
؎ غنی روز سیاہ پیر کنعاں را تماشا کن
کہ نور دیدہ اش روشن کند چشم زلیخا را
پیرِ صنعا - شیخ صنعا ایک مشہور زاہد اور بزرگ کا نام -
پیرِ مغاں - ۱- آتش پرستوں کا موبد - ۲- آتش خانے کا پیشوا - ۳- محافظ اور مجاور نیز ۴- شراب بیچنے والا - ۵- اور پیر و مرشد "گورو"
؎ پیر مغاں فرنگ کی مے کا نشاط ہے اثر
اسمیں وہ کیف غم نہیں مجھکو تو خانہ ساز دے
ع۔ نکتہ خوب از پیر مغانم یاد است
پیرِ معرکہ گیر - وہ بڈھا جس کے سر میں بڑھاپے کے عالم میں عشق کا جنون سما جائے -
پیر و پاتال ہا - بوڑھے - بڈھے کھوسٹ

پیروی کردن - ۱- تقلید کرنا - ۲- نقش قدم پر چلنا - ۳- مطیع و رام ہونا -
پیروز - ۱- کامیاب - ۲- فاتح - ۳- غالب
پیروز گردیدن - کامیاب ہونا - فاتح ہونا -
پیروزہ - فیروزہ - ہلکے آسمانی رنگ کا قیمتی پتھر -
پیروزی - فتح و کامیابی
پیزار - جوتا - بوٹا - کفش
پیزن - چھلنی - غربال
پیزری - ۱- شیشے کے برتن کا غلاف ۲- نیز نکما - آوارہ - نکھٹو انسان
پیزرلای پالان کسے گذاشتن
۱- دھوکا دینا - فریب دینا -
پیس - برص یا پھلبہری -
پیسہ - پھلبہری کے سفید سفید داغ جو جسم پر نمودار ہوتے ہیں -
پیسی - ۱- برص زدہ جسے پھلبہری ہو ۲- جذامی - ۳- کوڑھی -
پی سار - ۱- راہرو - راہ چلنے والا - ۲- نیز پامال و پائمال -
پی سپردن - پامال کرنا - روندنا -
پی سفید - سبز قدم - منحوس
پیہہ سوز - ۱- چربی کی جلنے والی بتی -

۲- دیا- ۳- چراغ-
پیسی سرکسی آوردن -۱-کسی کی دم میں نمدا باندھنا-۲- ذلیل و خوار کرنا-۳- سخت آزار دینا-
پیش - سامنے- آگے- نزدیک- آئندہ رُوبرو-
پیشا پیش - برابر ثانی- آگے سامنے-
پیشا پیش گرفتن -۱- لیڈ لے جانا- ۲- آگے نکل جانا-۳- پہل کر لینا-
پیشادست - بیعانہ- پیشگی-
پیش افتاد -۱- واقعہ-۲- حادثہ-۳- اِتفاق-
پیش افتادہ -۱- آگے بڑھنا-۲- ترقی کرنا-۳- واقعہ ہونا-
پیش آمدن - واقعہ ہونا- اتفاق ہونا آگے آنا-
پیش آمد - رجوع کریں پیش افتاد-
پیش از مرگ واویلا - کسی کام کے ہونے یا وقت سے پہلے ہی شور و غل مچا دینا-
پیش از روضہ خوان گریستن - رجوع بہ ماقبل
پیش امام - امام مسجد-
پیش انداز -۱- وہ کپڑا جو ڈاکٹر لوگ یا ان کے معاون اسسٹنٹ اور نرس کپڑا دنڈرا پنے سامنے دامن پر باندھ لیتے ہیں-۲- یا سائنس کی لیبارٹری میں کام کرنے اور تجربات کرنے والے سائنس دان اور طلبہ باندھتے ہیں- تاکہ ادویات یا کیمیکل گرنے سے لباس خراب نہ ہو جائے-
پیشانی -۱- ماتھا-۲- جبین-۳- ناصیہ شوخی-۴- ترشروئی-۵- نوشت-۶- بالمقابل-۷- وسعت-۸- کشادگی نیز ماتھے پر گرنے والے بال-
پیشانی بلند - صاحب بخت سکندر طالع مند
پیشانی بہ تنگ خار بدن -۱- جان بوجھ کر مصیبت کے منہ میں جانا- ۲- آ بیل مجھے مار-
پیشانی دار - صاحب اقبال- آسودہ حال
پیشانی کشادہ - خندہ پیشانی سے مسکراتے ہوئے-
پیشانی داشتن - صاحب بخت سکندر ہونا-
پیش آہنگ -۱- پیشرو-۲- آگے چلنے والا-۳- فوج کا کمانڈر اور جرنیل
پیش بخاری -۱- آرائشی انگیٹھی پر

آرائش اور سجاوٹ کے لیے جو خوبصورت کپڑا لٹکایا جاتا ہے۔ ۲۔ یا وہ چیز جو آگ کی انگیٹھی کے سامنے رکھی جاتی ہے تاکہ دہکتے ہوئے کوئلوں کے شعلوں سے کہیں نقصان نہ ہونے پائے۔

پیش بند۔ نیپ کن رجوع کریں بہ پیش انداز۔

پیش بندی۔ دُور اندیشی۔ کسی آنے والے کام یا مشکل کا پہلے سے تدارک کر رکھنا۔

پیش بینی کردن۔ پیشین گوئی کرنا۔

پیش پا۔ بڑے آدمیوں یا حاکموں کے آنے کے موقع پر سٹیج پر جو خوبصورت رنگین کپڑا یا قالین بچھایا جاتا ہے۔

پیش پا افتادہ۔ نہایت نزدیک بالکل ظاہر اور عیاں۔ عام بات جو واضح ہو۔

پیش تاب۔ طپنچہ۔

پیش تاز۔ ۱۔ فوج کا سب سے اگلا اور حملہ کرنے والا دستہ۔ ۲۔ ہراول دستہ۔

پیش تختہ۔ ڈیسک یا چھوٹی میز جس پر کاغذ رکھ کر لکھتے ہیں۔

پیش خدمت۔ نوکر چاکر۔ خدمتگار۔

پیش خدمت باشی۔ حاجب اعلیٰ۔ چیف دربان۔

پیش نفر۔ ملازم۔

پیش خود گفتن۔ ۱۔ اپنے پاس سے کوئی بات کہنا۔ ۲۔ من گھڑت۔

پیش خور۔ پہلے اور جلدی کھا لینے والا۔ یا ان آدمیوں کو کہتے ہیں جو تنخواہ ملنے سے پہلے ہی ادھار اور قرض لے کر کھا لیتے ہیں اور یوں مراد مقروض سے بھی لی جاتی ہے۔

پیش داد۔ ۱۔ منصف۔ ۲۔ مظلوموں کی پہلے داد فریاد سننے والا۔ ۳۔ گاہے اس سے مراد پیشگی اجرت بھی لی جاتی ہے۔

پیشدادی / پیشدادیاں } شاہان ایران باستان کا سب سے پہلا سلسلہ خاندان جو ہوشنگ کیومرث سے شروع ہوتا ہے اور گرشاسپ تک پہنچتا ہے یعنی جمشید سے پہلے کے شاہان ایران

پیش دستی۔ پلیٹ جس میں پھل فروٹ رکھ کر مہمانوں کو پیش کیا جاتا ہے۔ ٹرے۔ سینی

پیش دامن۔ رجوع بہ پیش بند

پیش رس۔ ۱۔ موسمی میووں سے پہلے پک جانے والا پھل۔ ۲۔ یا کسی محفل اور میٹنگ میں پہلے پہنچنے والا انسان۔

پیشرفت۔ ترقی۔

پیشرفت کردن۔ ترقی کرنا۔

پیش سینہ۔ عورتوں کا سینہ بند انگیا۔ یا بچوں کی چھاتی پر جو بب (کپڑا) باندھ دیا جاتا ہے۔ تا کہ دودھ کے قطرات گرنے سے ان کی قمیص خراب نہ ہو۔

پیش قبض۔ خنجر یا کٹار جو سامنے کی طرف لٹکا رہتا ہے۔

پیش کار۔ نائب۔ معاون۔ خدمت گار کارندہ۔

پیش کارہ۔ ۱۔ مڈوائف۔ ۲۔ دائی۔ دایہ۔ ۳۔ نرسوں کی چیف یا ہیڈ۔

پیشکش۔ تحفہ۔ ہدیہ۔ نذرانہ یا تجویز

پیشکش کردن۔ کسی کو کوئی چیز مفت دینا۔ ہدیہ یا نذرانہ پیش کرنا۔

پیش گاہ۔ ۱۔ سامنے۔ ۲۔ روبرو۔ ۳۔ حضور۔ ۴۔ کورٹ۔ صحن۔ ۵۔ چبوترہ ۶۔ محراب۔ ۷۔ درگاہ۔ ۸۔ بارگاہ۔ ۹۔ آستانہ۔

پیشگاہ نشور۔ قیامت کا دن۔

پیشگو۔ پیش گوئی کرنے والا۔ نیز مقدمات کو عدالت میں پیش کرنے والا۔ جسے ہمارے ہاں نائب کورٹ یا ریڈر کہا جاتا ہے۔

پیشگی۔ وہ اجرت جو پہلے ادا کر دی جائے۔

پیش لنگ۔ لنگوٹا یا وہ کپڑا جسے نہاتے وقت باندھ لیتے ہیں۔

پیش مزد۔ وہ اُجرت جو کام سے پہلے بطور امداد ادا کر دی جائے۔ یا۔ ۲۔ وہ رقم جو دودھ کا نذرانہ صبح سویرے سب سے پہلے سودا کو بیچ کر کماتا ہے۔

پیش مصراع۔ مصراع اولیٰ۔ غزل کا نظم کا سب سے پہلا مصراع۔

پی شناس۔ کھوجی۔

پیش نماز۔ امام۔ پیش امام۔

پیشنہاد۔ تجویز۔ ارادہ۔ مقصد

پیشنہاد کردن۔ کسی اعلیٰ افسر یا کسی نمائندہ اسمبلی کے سامنے تبادلۂ خیال اور بحث و تمحیص کے لئے تجویز پیش کرنا۔

پیش نویس۔ رف مسودہ جو ابھی قابل

اصلاح ہو۔
پیشوا۔ امام۔ مذہبی رہنما۔ لیڈر در مجلس۔ مرشد۔
پیشواز رفتن۔ ۱۔ استقبال کے لئے جانا ۲۔ یا گھٹنوں تک ادب کے مارے جھک جانا۔
پیشین۔ نماز ظہر۔
پیشینہ۔ پہلے کا۔
پیشینیاں۔ ۱۔ اگلے زمانے کے لوگ۔ ۲۔ اسلاف ۳۔ آباؤ اجداد۔ اگلے دنوں کے لوگ اور بزرگ۔
پیغام گذاشتن۔ پیغام پہنچانا۔
پیغولہ۔ ۱۔ گوشت۔ ۲۔ کونہ۔ ۳۔ تنگ رستہ ۴۔ درّہ۔
پیک۔ ۱۔ قاصد۔ ۲۔ ایلچی ۳۔ ہرکارہ
پیکِ اجل۔ موت کا فرشتہ
پیکِ امید۔ چاند۔
پیکِ فلک۔ چاند
پیکار۔ جنگ۔ لڑائی۔
پیکان۔ تیر۔ تیر کی نوک۔ انی۔
پیکانِ خارا گذار۔ وہ تیر جو سنگ خارا کو بھی چھید ڈالے۔
پیکر۔ ۱۔ جسم ۲۔ شکل۔ ۳۔ صورت۔ ۴۔ عکس۔ ۵۔ نقش (پری پیکر۔ ماہ پیکر)
پیکرانِ درخشان۔ ستارے۔
پیکر پرست۔ بُت پرست۔ بتوں کو پوجنے والا
پیکر کار۔ مصوّر۔ آرٹسٹ۔
پیکر کدہ۔ بُت کدہ
پیکر نگار۔ ۱۔ نقاش۔ ۲۔ مصوّر۔ ۳۔ عکاس۔
پیل۔ ہاتھی۔ فیل۔ چھوٹا ہاتھیلہ۔
پیل افگندن۔ غالب آنا کسی بہت بڑے آدمی کو گرا دینا شکست دینا۔
پیل محمودی۔ سلطان محمود غزنوی کا ہاتھی بالخصوص وہ ہاتھی جو وہ ہندوستان سے لے گیا۔ اور یا وہ ہاتھی جو اُس نے اپنے دربار کے ملک الشعراء عنصری کو زر و سیم سے بھر کر بطور انعام دیا۔
پیل معلق در ہوا۔ بادل۔ ہوا۔
پیل افگن۔ بہادر۔ دلیر۔ شجاع
پیل اوژن۔ رجوع بہ ماقبل۔
پیلبان۔ مہاوت۔ ہاتھی کو ہانکنے والا۔ یا چلانے والا۔
پیل بند۔ شطرنج کی ایک چال کا نام ہے جس میں دو پیادوں کا زور فیل پر ہوتا ہے۔ اور فیل کا ان دو پیادوں کو۔

شطرنج کے کھیل میں یہ چال بڑی اہم اور حریف کے لئے اس کا توڑ بڑی مشکل سے ہوتا ہے - اس لئے اس محاورے کو عموماً پختگی، استواری، مضبوطی اور استحکام کے معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے -

پیل پیکر - بھاری بھر کم -

پیل پیلی رفتن - مستی کے عالم یا نیند کی حالت میں چلنا -

پیل مال - ہاتھی کے پاؤں تلے روندا نا

پیل گوش - لمبے لمبے کانوں والا -

پیل چشم - چھوٹی چھوٹی آنکھوں والا -

پیل بیاد ہند دستان افتادن - گھر کی یاد کا آنا - گھر کی یاد ستاتی ہے

پیل پایہ - ستون -

پیل تن - ۱- بھاری بھر کم - ۲- نیز شاہنامۂ فردوسی کے ہیرو ایران کے نامور پہلوان رستم کا لقب -

پیل دندان - ہاتھی دانت - عاج

پیل زہرہ - طاقت ور

پیلہ - ۱- ریشم کا کرم (کیڑا) - ۲- ریشم کا کویہ - کچا ریشم - ۳- آنکھ کی پلک - ۴- زخم کی جڑ - ۵- نیز ایک دوائی کا نام بھی ہے - ۶- نیز بمعنی آزار - (فلاں بنائے پیلہ راگذاشت)

پیلہ ور - ۱- پھیری ور - ۲- جو گٹھڑی باندھ کر گھر گھر گلی گلی اور کوچے کوچے میں ریشم بیچتا پھرتا ہے -

پیلہ وری - پھیری لگانے کا کام -

پیلہ دنشیلہ - نادرست

پیما - پیمودن مصدر سے فعل امر، نیز ناپنے والا - پیمائش کرنے والا -

پیمان - وعدہ - قول، اقرار، عہد -

پیمان شکن - وعدہ خلافی کرنے والا - عہد و پیمان کو توڑنے والا -

پیمانہ - ۱- ناپ تول کا برتن - ۲- شراب پینے کا پیالہ -

پیمانہ زدن - شراب پینا -

پیمانۂ عمر پر شدن - زندگی کے دن پورے ہو جانا -

پیمانہ کش - شراب پینے والا -

پینگی - اونگھ - غنودگی -

پیمان گسل - وعدہ خلاف - عہد شکن

پیمودن - ۱- ناپنا - ۲- پیمائش کرنا - ۳- طی کرنا -

(راہ پیمودن - بادہ پیمودن)

۱۱۔ درجنب ما بادہ پیمائی نرشتہ اند)
۲۔ ع۔ چو با حبیب نشینی و بادہ پیمائی ؏
پینہ۔ کپڑے یا چمڑے کا ٹکڑا۔ نیز سخت کام کرنے کی وجہ سے جلد پر جو شکن اُبھر آتے ہیں۔
پینہ زدن۔ ۱۔ جوڑ لگانا ۲۔ کپڑوں اور جوتوں کو پیوند لگانا۔
پینہ دوز۔ جوتوں اور کپڑوں کی جوڑ لگا کر مرمت کرنے والا۔
پیوستن۔ ۱۔ جڑنا ۲۔ چسپاں ہونا۔ ۳۔ باہم مل جانا۔
پیوستہ۔ ہمیشہ۔ جُڑا ہوا۔
پیوستگی۔ ۱۔ رشتہ ۲۔ اتحاد۔ ۳۔ ملاپ۔
پیوند۔ ۱۔ جوڑ ۲۔ وصلہ ۳۔ متصل ۴۔ عزیز و اقارب ۵۔ رشتہ دار
پیوند یا۔ شجنہ
پیوند دادن۔ جوڑنا۔ صلح کرانا۔ رشتہ ناطہ کرنا یا کرانا۔
پیوند دست۔ کلائی۔
پیوند کار۔ وصلہ گر۔ جوڑ لگانے والا۔
پیہ۔ چربی
حرزی بہ تن بالیدن۔ ہر قسم کے مشکل اور خطرناک حالات کا مقابلہ کرنے کے لئے بغیر کسی خوف کے تیار ہو جانا۔
پیہ بگربہ سپردن۔ چوٹ بلی اور جلیبیوں کی رکھوالی۔
پیہ کردن۔ موٹا ہونا۔
پیہ زیادی بپا مالیدن۔ ۱۔ نہایت ہی الٹے تلّلے کرنا ۲۔ گلچھرے اڑانا۔
پیہ سوز۔ وہ لیمپ یا چراغ جو چربی کے ذریعے جلتا ہے۔
پیہم۔ مسلسل۔ لگاتار۔ بے در پے۔
(ع۔ یقین محکم، عمل پیہم، محبت فاتح عالم)

ت

(ت) ضمیر متصل برائے ملکیت یا اضافت کے طور پر استعمال ہوتی ہے۔ مثلاً (کتابت۔ قلمت۔ برادرت) نیز ضمیر کی مفعولی حالت کو ظاہر کرنے کے لئے گفتمت۔ یعنی میں نے تجھ کو کہا۔
تا۔ ۱۔ شکن ۲۔ تہ ۳۔ حرف ربط بمعنی تک جیسے از لاہور تا کراچی۔ بمعنی مفرد یا طاق۔ (جفت کا الٹ) ۴۔ جب تک جیسے این جا باش تا من برگردم۔

۵ - بمعنی گنا - دوتا - سہ تا - ۶ - بمعنی فرد - ولا ثانی جیسے یکتا - ہمتا -
تا زدن - ۱ - تہ کرنا - ۲ - ایک دوسرے کے اوپر رکھنا -
تا کردن - ۱ - تہ کرنا - ۲ - بیٹھنا - ۳ - سلوک کرنا - (فلاں با من خوب نا کرد -
یا فلاں با من بد تا کرد)
تا اینکہ - آخر کار - بالآخر -
تاب - ۱ - چمک - ۲ - گرمی - ۳ - تواں -
۴ - طاقت ا ۵ - روشنی - ۶ - پیچ -
۷ - ہمت -
تابان - ۱ - چمک دار - ۲ - چمکیلا - ۳ - روشن
تاباندن - چمکانا - روشن کرنا -
تاب خوردن - ۱ - بل پڑ جانا - ۲ - رسی پر رقص کرنا نٹوں کی طرح - ۳ -
مروڑے جانا -
تاب دادن - ۱ - الجھا دینا - ۲ - بٹنا -
۳ - روشن کرنا - ۴ - تیز کرنا - ۵ -
چمکانا -
تاب باز دادن - ۱ - بل کھول دینا - ۲ -
الجھاؤ یا الجھن دور کرنا -
تاب دادہ - مضبوط - محکم - بٹا ہوا -
تا بدامان قیامت - رہتی دنیا تک -

تابستان - گرمی کا موسم -
تابستان پدر یتیمان است - سردیوں کے موسم کی بنسبت گرمی کا موسم گذارنا غریبوں اور مفلس و نادار لوگوں کیلئے زیادہ آسان ہوتا ہے -
تابش - ۱ - چمک - ۲ - گرمی - ۳ - روشنی
تابع - ۱ - پیروکار - ۲ - ماتحت - ۳ -
رغبت - ۴ - فرمانبردار -
تابعیت - رعیت ہونا -
تابعین - تابع کی جمع - پیروکار نیز وہ آدمی جس نے حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کے کسی ایک یا ایک سے زیادہ صحابہ کو دیکھا ہو -
تابلو - سائن بورڈ - شیشہ
تابچی - کپ نلک
تابناک - چمکدار - چمکیلا -
تابندگی - چمک - روشنی -
تابوت - وہ صندوق جس میں مردے کو دفن کیا جاتا ہے - کفن میت -
تابوت راہم بدوش کسی نگذاشتن
یہ محاورہ اس نفرت اور عزم کیو قت بولا جاتا ہے - جب کسی کو کسی کے پاس تک نہ پھٹکنے دیا جائے عام طور

پر لڑکی والے رشتہ ناطہ کے موقع
پر جب کسی لڑکے کو رد کرتے
ہیں - تو بولتے ہیں کہ زندہ تو
درکنار روہ تو اسے اس کی میت
تک کو چھونے نہ دیں گے -
تابہ - توا - کڑچھا - فرائی پان -
تابہ نقل - وہ سینی یا ٹرے جس میں
خشک فروٹ رکھ کر پیش کرتے ہیں -
تابکجا - کہاں تک - کب تک -
تابیدن - چمکنا - لپٹنا - بٹنا -
تابینی - فوج میں بھرتی ہونا -
تابال - اُپلے - سوکھا ہوا گوبر جو جلانے
کے کام آئے - تیز درخت کا تنہ -
تابالہ - رجوع - مائل -
تاپو - غلہ رکھنے والے ڈرم یا مٹی کے
بڑے بڑے بھڑولے اور مٹکے -
تاتار - ترکستان
تاتاری - ترکستان کا باشندہ - مراد
منگول -
تتر - تھپتھر -
تریاق از عراق آوردہ شود مار گزیدہ
دہ شود - آگ لگے پہ کنواں دیکھنا -
تنور گرم است نان دربند -

موقع سے پورا پورا فائدہ اٹھا لو -
ع کھیتوں کو دے لو پانی اب بہہ رہی ہے گنگا -
تا توانستم نہ دانستم - جب تک ہمت
تھی تو سوجھ بوجھ نہ تھی یا جب دانت
تھے تو چنے نہ تھے -
تانورہ - ۱ - دھتورا - ۲ - ایک قسم کا زہر -
۳ - تیز گھوڑے کی اگاڑی پچھاڑی -
تانی - پیچھے کا لڑکھڑا کر چلنا -
تاثر - اثر قبول کرنا -
تاثیر کردن } اثر کرنا - نشان چھوڑنا -
تاثیر بودن } خاصیت - نتیجہ -
اثر لینا -
تاج - بادشاہوں کا کلاہ شاہانہ ٹوپی
تاجِ خروس - مرغ کی کلغی، یا
کلغے کا پھول -
تاجر - ۱ - تا بمعنی تہ کرنا اور جر بمعنی پھاڑنا
کپڑے کو تہ کر کے پھاڑنے والا - مراد
سوداگر - ۲ - بنج بیوپار کرنے والا -
تاجر خوردہ فروش - پرچون بیچنے والا
تاجر عمدہ فروش - تھوک بیچنے والا -
تاجِ کیخسرو - سورج - آفتاب -
" گردوں - رجوع بہ مائل
تاجدار - بادشاہ -

تاجیک - عموماً سوداگر کے معنی میں استعمال ہوتا ہے اور بالخصوص وہ تاجر جو ہوں تو عربی النسل، اور پرورش پائی ہو ایران میں - اور فارسی زبان ہی بولتے ہوں - نیز تاجیکستان کا رہنے والا -
تاجور - بادشاہ -
تاحال - اب تک -
تاخت - حملہ - لوٹ مار - دھاوا -
تاخت و تاراج کردن - ۱ - حملہ کرنا - ۲ - دھاوا بول دینا - ۳ - تباہ و برباد کرنا - ۴ - تہ و بالا کرنا -
تاخت و تاز - مار دھاڑ - دھاوا - تباہی - بربادی - حملہ -
تاختن - حملہ کرنا - کسی پر اچانک دھاوا بول دینا -
تا خدا خدائی می کند - تا ابد جب تک دنیا قائم ہے -
تاخیر - ۱ - دیر - ۲ - التوا میں ڈالنا - ۳ - پیچھے رہ جانا - (تا خیر انداختن) - یعنی ٹال مٹول کرنا - یا التوا میں ڈالنا -
تادیب - ۱ - ادب سکھانا - ۲ - اخلاق سکھانا - ۳ - ادبیات پڑھنا - ۴ - تصحیح اور درستی کرنا - نیز سزا دینا -
تادیب کردن - ادبیات و اخلاقیات سکھانا -
تادیہ - ادائیگی - سزا دینا -
تار - ۱ - تاریک - ۲ - اندھیرا - ۳ - دو تارہ ۴ - سازوں کے تار - ۵ - باریک دھاگا - ۶ - تانا -
۱ - ع زخمہ بر تار رگ جان می زنم -
۲ - ع - ہوا مخالف و شب تار بحر طوفان خیز
۳ - ادیب پیراہن مرا تا تار کردہ
تاراج - غارت - لوٹ مار
تاراج کردن - لوٹنا - غارت کرنا -
تاراندن - بھگا دینا -
تار برقی - بجلی کے ذریعے معلومات و رموز سے خبریں پہنچانے والا آلہ -
تار تار - ریزہ ریزہ - ٹکڑے ٹکڑے -
تار زن - ستار بجانے والا -
تارک - مانگ، سر - پیشانی - ماتھا - سر پر پہننے کی جنگی ٹوپی (خود) نیز کسی چیز کو ترک کرنے والا
تارک ادب - بے ادب - بداخلاق -
تارک الدنیا - ۱ - دنیا سے کنارہ کشی

کرنے والا۔۲۔ سنیاسی۔
تارکِ الصلوٰۃ ۔ نماز ترک کر دینے والا۔
تارکُ الصوم ۔ روزہ نہ رکھنے والا۔
تارو پود ۔ تانا بانا۔
تارو تار شدن نیست و نابود ہونا۔
" " **کردن** ۔ ملیا میٹ کرنا۔ تتر بتر
بھگا دینا۔
تاریخ ۔۱۔ ہسٹری۔۲۔ گزرے ہوئے بادشاہوں
اور زمانے کے حالات۔۳۔ روز۔
مہینہ۔ سال۔۴۔ زمانہ۔ صدی۔
۵۔ وقت۔ عہد۔
تاریخ اسکندری ۔ سکندری دور۔
تاریخ میلادی ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام
کی تاریخ ولادت جس سے عیسوی
سال کا شمار ہوتا ہے۔
تاریخ ہجری ۔ حضور پاک نبی کریم صلے
اللہ علیہ وسلم کا مکہ معظمہ سے مدینہ
منورہ کو ہجرت کرنا جس سے سن
ہجری اسلامی کا آغاز ہوتا ہے۔
تاریخ گزاشتن ۔ خط یا کتاب لکھنے کی
تاریخ درج کرنا۔
تاریخی ۔ ہسٹاریکل۔ جو تاریخ کی کتابوں
میں درج ہو یعنی کوئی مشہور و معروف

واقعہ یا اہم شخصیت۔
تار ریشہ در آب است ۔ یعنی امید
قائم ہے اور اکثر دیکھتے ہیں کامیابیاں امید
ہی کے بل بوتے پر حاصل ہوتی ہیں۔
تاریک ۔ سیاہ۔ تیرہ و تار۔
تاریک جان ۔ جس کی روحانی قوت
بالکل ماؤف ہو۔ دل پر گناہوں کے
پردے پڑے ہوئے ہوں۔
تاریک چشم ۔ جس کی نظر کمزور ہو۔
تاریک دل ۔ رجوع بہ تاریک جان۔
تاریک روز ۔۱۔ جس کے بُرے دن
آجائیں۔۲۔ سختی و بدبختی کا دور۔
تاریکی ۔ اندھیرا۔ سیاہی۔
(چشمہ آب حیات درون تاریکی است)
تاز ۔ حملہ آور (ترکتاز)
تازک ۔ رجوع بہ تاجیک۔
تازہ ۔۱۔ نیا۔۲۔ جدید۔۳۔ نئی چیز۔۴۔
نئی خبر۔۵۔ آیا تازہ نہ بود ؟ کیا
کوئی نئی خبر نہ تھی۔۶۔ تیز بمعنی جوان
تازہ بتازہ ۔ نو بنو۔
تازہ بہار ۔ بہار کے موسم کے تازہ اور
کثرت سے کلیوں کا کھلنا۔
تازہ رس ۔ نو وارد۔ حال ہی میں آیا ہوا

باحال ہی میں تازہ پکا ہوا پھل۔

تازہ رُوئی۔خوب صورتی۔ترو تازگی۔

تازہ وارد۔ نو وارد۔

تازہ می پرسد لیلیٰ نر بود یا مادہ۔ جیسے ہمارے ہاں مذاق سے کہتے ہیں کہ ساری رات یوسف زلیخا کی کتاب سنتے رہے اور صبح کو اٹھ کر پوچھا کہ زلیخا عورت تھی یا آدمی ؟

تازی۔۱۔عربی۔۲۔عربی گھوڑا۔۳۔شکاری کتا۔ جیسے ؎ اسپ تازی اگر ضعیف بود
ہمچناں از طویلۂ خر بہ

۲۔ حرف محبت ترکی نہ تازی

۳۔ سگِ تازی۔

تازیانہ۔ کوڑا۔چابک

تازیانہ زدن۔ کوڑے برسانا۔چابک مارنا

تازیانہ یافتن۔ کوڑوں کی سزا پانا۔

تازیانۂ عبرت۔ ناگہانی بلائیں۔آسمان سے نازل ہونے والی یا زمین سے۔مثلاً طوفان باد و باراں۔خوفناک تباہ کن آندھیاں۔سیلاب۔سمندری اور دریائی جو سخت تباہی و بربادی کر کے انسانوں کے لئے عبرت کا موجب بنتی ہیں۔

تازی کہ بزور در بند شکار زندہ نمی آرد

جبر و اکراہ سے کیا ہوا کام درست نہیں ہوتا جیسے ہمارے ہاں کہتے ہیں کہ روتے جائیں اور مُردوں کی خبر لائیں۔

تازیک۔ رجوع بہ تاجیک۔

تازی نژاد۔ عربی النسل۔

تاژ۔۱۔خیمہ۔۲۔شامیانہ۔۳۔ٹینٹ۔۴۔ نیز نرم و نازک۔

تاس۔۱۔ایک بڑا لگن۔۲۔گنجا سر جس پر بال نہ ہوں اور تھالی کی طرح نظر آئے نیز ۳۔اندوہ۔غم۔تشویش۔۴۔نیز کسی چیز کے کھانے کی زبردست خواہش جو عورتوں کو اکثر ایام حمل میں ہوتی ہے۔

تاساغر براست بنوش۔ جب تک بس چل سکے ساغر چلے۔

تاسوعا۔ محرم کی نویں تاریخ جب شیعان علی اور سوگواران امام حسین رضی اللہ عنہ بڑی شدت سے ماتم کرتے ہیں۔

تأسف۔ افسوس۔آہیں۔ماتم۔

تأسف خوردن۔۱۔افسوس کرنا۔۲۔آہیں بھرنا۔۳۔ماتم کرنا۔

تاسہ۔۱۔غمگین۔۲۔آہ و بکا۔۳۔نیز حاملہ عورتوں کا کسی خاص چیز کے کھانے کی خواہش کرنا۔

ناسہ دوسہ - بے قرار - بےچین - مضطرب -
ناسیدہ - جس کا رنگ نق ہو -
ناسیس - بنیاد کا نشان لگانا یا بنیاد رکھنا -
ناش - ۱- صاحب خانہ - ۲ - مالک - ۳ - شریک - ۴ - ساتھی - رفیق - ۵ - غلام -
ع (ماد تو ہر دو خواجہ ناشائیم)
ناشاہ رگ می جنبد - جب تک سانس میں جان ہے - جب تک زندگی ہے -
ناشو - جو چیز جھک جائے یا جو چیز نہ ہو سکے -
نافتن - ۱- بٹنا - ۲ - چمکنا - ۳ - غصے میں آنا - ۴ - رنجیدہ ہونا - ۵ - شعاعیں بکھیرنا -
نافتہ جدا یافتہ - نافتہ ایک قسم کا عمدہ ریشمی کپڑا ہوتا ہے جس کی فضیلت اور برتری ثابت کرنے کے لئے اکثر دوکاندار یہ محاورہ استعمال کرتے ہیں کہ اس کپڑے کے کیا کہنے اس کی تو شان نرالی ہے -
نافتہ جگر - دل جلا - عاشق زار -
ناق - (بمعنی طاق (طاق وجفت)
ناک - انگور کی بیل -
ناکستان - جو انگوروں کی بیلوں کی خوب ریل پیل ہو اور وہ خوب پھلیں پھولیں -

ناکسی - ٹیکسی - کرائے پر چلنے والی موٹر کار -
ناکلاغ بچہ دارشد سیر نخورد - یہ محاورہ اکثر عورتیں استعمال کرتی ہیں کہ ماں کو اولاد یا بچے کی پرورش کے دوران بہت سی کھانے پینے کی چیزوں کو چھوڑنا پڑتا ہے تاکہ بچے کی صحت پر برا اثر نہ پڑے -
ناکیدی - ضروری - لازمی -
نالار - بہت بڑا کمرہ - ہال کمرہ - مہمانوں کی پذیرائی کا کمرہ -
نالار سلام - جہاں مہمانوں کو شرف پذیرائی ملے -
نالف - ۱- باہم الفت - دوستی - ۲ - محبت ۳ - گہری آشنائی - ۴ - نیز نرمی اور شفقت سے گفتگو کرنا -
نالم - درد والم کا ہونا -
نال ومال - ۱- پریشان حال - ۲ - منتشر - ۳ - پراگندہ -
نالی - ۱- پیروکار - ۲ - تقلید اور پیروی کرنے والا - ۳ - نیز مذہبی پیشوا - ۴ - نیز گھوڑ دوڑ میں چوتھے نمبر پہ آنے والا گھوڑا (عمر خیام در فلسفہ تالی بوعلی سینا بود)
نالی ندا شتن - ثانی نہ رکھنا - بے نظیر ہونا -

تالیف - آشنائی و محبت پیدا کرنا - ۲ - ۲ - کتاب لکھنا - ۳ - کتاب کو ترکیب و ترتیب دینا -
تالیفِ قلوب - ۱ - دل جوئی کرنا - ۲ - دلوں میں اُلفت کے بیج بونا -
تام - تمام - مکمل - پورا
تام اختیار - ۱ - کلی اختیارات کا مالک ۲ - سیاہ و سفید کا مالک -
تا مرد سخن نگفتہ باشد - جب تک آدمی چپ رہے اس کے سب عیب یا ہنر چھپے ہوئے ہوتے ہیں - زبان کے کھولنے سے اصل قلعی کھلتی ہے -
تامّل - ۱ - سوچ و بچار - ۲ - غور و فکر - ۳ - حفظِ ماتقدم کے طور پر رُکنا - ۴ - ہچکچانا -
تامین دادن - حفاظت کرنا - ضمانت دینا
تامین - ضامن ہونا -
تامینات - سی - آئی - ڈی
تان - اضافی یا ملکی ضمیر کی نشانی اور علامت خانۂ تان - کتاب تان -) یعنی تمہارا گھر اور تمہاری کتاب -
تا نباشد چوب تر - جب ہاتھ میں ڈنڈا نہ ہو گدھے یا خر مغز انسان کو راہِ راست پہ نہیں لایا جا سکتا -

تا نپرسند نگو - جب تک تم سے کچھ نہ پوچھیں چُپ سادھ رکھو -
(کیونکہ خموشی معنی دارد کہ در گفتن نمی آید)
تا ندہی نستانی - ۱ - اس ہاتھ دے اس ہاتھ لے یہ سودا نقد بہ نقدی ہے -
تانس - اُنس کرنا -
تانک - جنگی گاڑی - ٹینک -
تانی - دیر کرنا - تاخیر کرنا -
تادا - رجوع بہ بار
تادانہ - سخت گرم جگہ یا مکان
تاول - بچھڑا - گدھے کا بچہ - آبلہ پھپھولہ
تاول زدہ - جس آدمی کے بدن پر چیچک کے نشان ہوں -
تاویل - ۱ - کسی بات کا تجزیہ کرنا - ۲ - وضاحت کرنا - ۳ - خواب کی تعبیر بتانا - ۴ - کسی کلام کو اس کے ظاہری معنوں سے پھیر کر احتمالی معانی کی طرف لے جانا -
تاویلات - طرح طرح کی تعبیریں -
تاہل - شادی کرنا - (متاہل شادی شدہ)
تائید - قوت دینا - مدد دینا -
تائید آسمانی } غیبی امداد - حق تعالیٰ کی
تائید ربانی } طرف سے مدد و توفیق
" کردگار } "

تائید کردن - ۱- مدد کرنا - ۲- حمایت کرنا - ۳- تصدیق کرنا۔

ت - ب

تب - بخار۔ تپ - نارمل درجہ حرارت ۹۸.۶ سے درجہ حرارت کا بڑھ جانا۔
تب کردن - بخار چڑھنا
تب استخوان - تپ دق
تب افسردہ شدن - بخار کا گھٹ جانا
تب خفیف - ہلکا سا بخار
تب خنک شدن } بخار کا اتر جانا۔
تب ساکن شدن }
تب لرزہ - ۱- ملیریا- ۲- کپکپی کے ساتھ چڑھنے والا بخار۔
تب لازم - تپ دق
تب محرقہ - میعادی بخار۔
تب نوبہ ، باری کا بخار
تب یک روز درمیان } ایک دن چھوڑ کر چڑھنے والا بخار جسے ہمارے ہاں عُرف عام میں تیّا تاپ کہتے ہیں۔
تبادُر - ۱- کسی کام میں پہل کرنا - ۲- سبقت لے جانا۔

تبادُرِ معنی - کسی بات کو سُن کر جو معنی پہلے پہل ذہن میں آتے ہیں۔
تبادُلِ فکر و نظر - ۱- افکار و نظریات کا تبادلہ کرنا - ۲- تبادلہ خیالات۔
تبار - خاندان - خانوادہ - آبا و اجداد - اسلاف و نیاگان (والاتبار)
تبارک اللہ - خداوند تعالیٰ برکت دے۔ حیرت یا مدح کے وقت استعمال کرتے ہیں۔
تبارک و تعالیٰ - خدائی صفات یعنی اللہ برکت والا اور بلند ہے۔
تباشیر - ایک دوائی کا نام - تیز سفیدی و روشنیٔ صبح۔
تباشیرِ صبح - صبح کی سفیدی
تباشیرِ فرنگی - کنینیا - جلاب کی انگریزی دوائی نہایت کڑوی۔
تباعُد - ایک دوسرے سے بعد اور دُوری کا ہونا۔
تباعُد و تباغُض - دُوری اور اس پر بغض و عناد۔
تبایُن - ۱- دوری - ۲- مخالفت - ۳- جدائی - ۴- فراق -
تبانی کردن - کسی کے خلاف خفیہ

سازش کرنا۔
تَب بُر ۔ بخار کو اتارنے والی دوائی ۔
تب بستن ۔ تعویذ یا گنڈے وغیرہ سے بخار کا علاج کرنا۔ اکثر باری کے بخار کے سلسلہ میں کرتے ہیں۔
تَبَتُّل ۔ ۱۔ اللہ کے سوا باقی سب سے کٹ جانا۔ ۲۔ ترک دنیا و علائق دُنیوی اور محض مائل بہ خدا ؎
از مقاماتِ تبتل تا فنا
پایہ پایہ تا ملاقات خدا (رُومی)
تبِ تند زود عرقش می آید ۔ محاورہ ہے بمعنی کہ یہ جوش جلد ختم ہو جائیگا۔ جتنی جلدی غصہ آیا اسی سرعت سے ٹھنڈا پڑ جائے گا۔ ع
چڑھی ہے یہ آندھی اُتر جائے گی۔
تَبَحُّر ۔ علم میں بحر کی مانند بے کراں۔
تبخال ۔ وہ چھوٹے چھوٹے آبلے جو بخار اُترنے کے بعد ہونٹوں پر نکل آتے ہیں
تبخالہ ۔ رجوع بہ تبخال۔
تبختر ۔ ۱۔ اترا کر چلنا۔ ۲۔ مٹک مٹک کر چلنا ۔ ۳۔ اٹھلا کر ناز و ادا سے چلنا ۔
تبخیر داشتن ⎫ بخارات بن کر اُڑنا یا
" کردن ⎭ اُڑانا ۔ بھاپ بنانا۔

دھوتی دینا۔
تَبَدُّل ۔ بدلنا۔ ادل بدل کرنا۔
تَبَذُّر ۔ زرد ہونا۔ بد ذائقہ ہونا۔
تبذیر ۔ ۱۔ فضول خرچی کرنا ۔ ۲۔ اسراف سے کام لینا ۔ ۳۔ حد اعتدال سے آگے نکل جانا ۔ ۴۔ منتشر ہونا ۔
تَبَر ۔ کلہاڑا۔
تبر تبشہ ۔ ایسا کلہاڑا جس کے ایک سرے پر لکڑیاں کاٹنے والا اوزار ہو۔ اور دوسرے سرے پر ان کو چھیلنے اور چیرنے کا اوزار ہو۔ دوہرا کام کرنیوالا کلہاڑا۔
تبر زن ۔ لکڑ ہارا ۔ یا لکڑیاں پھاڑنے والا مزدور ۔
تبر کار ۔ رجوع بہ ما قبل ۔
تَبَرُّک ۔ برکت حاصل کرنا یا وہ شے جو بطور برکت کے لی جائے ۔
تبرئہ کردن ۔ بری کرنا ۔ رہا کر دینا۔
تبرئہ شدن ۔ بری ہو جانا ۔
تبرید کردن ۔ ٹھنڈا کرنا ۔ سرد کرنا ۔ ٹھنڈک پہنچانا۔
تبریز ۔ ایران کے صوبہ آذربائیجان کا مشہور قدیمی شہر اور دار الخلافہ، نیز ایک درخت کا نام جو اس شہر کے گرد و نواح میں پایا جاتا

اور بالآخر اسی شہر کے نام سے موسوم ہے
تبریزی ۔ یائے نسبتی۔ تبریز کا رہنے والا۔
(بیش ازیں از شمس تبریزی مگو)
تبریک ۔ برکت دینا ۔ مبارکباد کہنا۔
تبریکات ۔ جمع ہے تبریک کی ۔
تبریکات صمیمی یا صمیمانہ ۔ دلی مبارکباد
تبسم ۔ مسکراہٹ ۔
تبسم برق ۔ بجلی کی چمک
تبسم پاش } کھلے ہوئے چہرے
تبسم افشاں } یا مسکراتے ہوئے
انتہائی خندہ پیشانی کے ساتھ۔
تبشیر ۔ بشارت دینا ۔ خوشخبری سنانا۔
تبصرہ کردن ۔ کسی بات کو روشن
اور واضح کرنا۔
تبع ۔ پیروی کرنا ۔
تبع تابعین ۔ ایسا شخص جو تابعین
کی پیروی کرنے والا ہو اور تابعین
کے زمرہ میں وہ لوگ آتے ہیں جنہوں
نے حضور پاک نبی کریم صلے اللہ علیہ
وسلم کے ایک یا ایک سے زیادہ صحابہ
کو خود دیکھا ہو۔
تبعہ ۔ تابع رعیت
تبعیت ۔ تابع ہونا ۔ پیروی کرنا ۔

رغبت ہونا ۔
تبعید کردن } جلا وطن کر دینا ۔
" شدن } بن باس دے دینا ۔
جلا وطن ۔
تبوک ۔ شام سے مدینہ جانے والی
سڑک پر ایک شہر جہاں بڑا مشہور
اور مضبوط قلعہ تھا ۔ جہاں جنگ
تبوک لڑی گئی ۔
تبلیغ ۔ ۱ ۔ ایک بات کو دوسروں تک
پہنچانا ۔ ۲ ۔ خوب کھول کر بیان کرنا ۔
تبلیغات ۔ پروپیگنڈہ
تبہ کار ۔ ۱ ۔ لٹیرا ۔ ۲ ۔ ٹھگ ۔ ۳ ۔
فضول خرچ ۔ ۴ ۔ بدکار
تبیان و تبیین ۔ خوب واضح
کر کے بیان کرنا ۔
تبیرہ ۔ ڈھول
تبیرہ زن ۔ ڈھول بجانے والا ۔

ت ۔ پ

تپاس ۔ تپسیا کرنے والا ۔ مجاہدہ کرنے
والا ۔ کم کھانا کھا کر اور کم سو کر اپنے
نفس امارہ کو مارنے والا ۔

تپان - تپنا ہوا - گرم ع
(سینہ سوزاں دل تپان ماہی زآب آمدبروں)
تپانچہ - پستول - نیز تھپڑ
تپش - گرمی - جلن
تپ لرزہ - ملیریا
تپق زدن - گھوڑے کا اگلے پاؤں پر جھک جانا - یا ٹھوکر کھانا - ناخن لینا نیز زبان کی لکنت یا ہکلاپن جیسے فلاں تپق زدہ بجای طفل طفلت گفت
تپہ - پہاڑی - ٹیلہ
تپہ گل - پھولوں کی کیاری - خیابان -
تپہ ماہور - اونچی نیچی جگہ
تپیدن - ۱- گرم ہونا - ۲- تپنا - ۳- جلنا - ۴- تڑپنا -

ت - ت

تتابع - پیروی کرنا - مسلسل ہونا -
تتبع کردن - علمی مطالعہ کرنا تحقیق کرنا -
تتبع علمی - علمی تحقیق - ریسرچ
تتار - تاتار کا مخفف -
تتر - تاتاری -
تتری - تاتاری نیز (کلاہ تتری)، جو بالعموم تاتاری افسر یا حاکم یا سپاہی پہنتے تھے -
تتق - سراپردہ - خیمہ -
تتق کشیدن - خیمہ نصب کرنا -
تتق سپہر گوں - نیلا پردہ
تتق نیلی فام - آسمان
تتمہ - باقی ماندہ - بقیہ -

ت - ث

تثبیت - ثابت کرنا - تصدیق کرنا مقرر کرنا -
تثبیت شدہ - مقرر شدہ
تثریب - ۱- لعنت ملامت کرنا - برا - ۲- بھلا کہنا - ۳- سخت سست کہنا -
تثقیل - بھاری کرنا -
تثلیث - ۱- سہ گانہ تقسیم - ۲- خداوند تعالیٰ کی ذات کو تین حصوں میں منقسم کرنا - باپ بیٹا اور روح القدس یعنی خدا - حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور حضرت جبریل علیہ السلام
ع - سے گئے تثلیث کے فرزند میراث خلیل)

تثنیہ - ۱- دوگنا کرنا - ۲ - دُہرا کرنا -
۳- دُونا کرنا -

ت ۔ ج

تجادُل - ۱- جنگ و جدال کرنا -۲-
لڑائی جھگڑا کرنا -۳- مقدمہ بازی کرنا
تجاذُب - جذب کرنا -
تجّار - تاجر کی جمع - تجارت کرنے والے
سوداگران -
تجارِب - تجربہ کی جمع - تجربات
تجارت دا تُسلن - افراد - اقوام - یا
ممالک کا آپس میں تجارتی لین
دین کا ہونا -
تجاسُر - ۱- جسارت کرنا - ۲- گستاخی اور
دیدہ دلیری سے پیش آنا -
تجاوُر - ۱- پڑوس - ۲- ہمسائگی - جوار
تجاوُز - حد سے بڑھ جانا -
تجاوز کار - ظالم - متجاوز
تجاوزات - گلی کوچوں یا سڑکوں اور
بازاروں میں لوگوں نے اپنے گھروں
یا دکانوں کے باہر جن جگہوں پہ ناجائز
قبضہ کیا ہوا ہے -

تجاہُل - ۱- جان بوجھ کر جاہل بننا -
۲- ان جان بننا -
تجاہل عارفانہ - کسی بات کو جان
بوجھ کر چھپانا -
تجدّد - اچھوتی بات - نئی
تجدّد خواہ - ۱- آزادی خواہ - ۲ -
اصلاحات چاہنے والا گروہ
تجدید - نئے سرے سے شروع کرنا -
تجدید امتحان - دوبارہ امتحان دینا
تجدید طبع - دوبارہ چھاپنا -
تجدید فراش - دوبارہ شادی کرنا -
تجدید مرض - مرض کا پھر عود کرنا -
تجدید نظر کردن - نظر ثانی کرنا -
تجدیدی - سپلیمنٹری
تجربت - تجربہ - آزمائش
تجرّد - ۱- تنہائی ۲- مجرّد ہونا - ۳ -
شادی نہ کرنا -
تجرید نمودن - ۱- جدا کرنا - ۲- ننگا
کرنا - ۳- تنہا کرنا -
تجرید بخاری - احادیث پیغمبرؐ کے
ایک مجموعے کا نام ہے -
تجزیہ - جزو جزو کرنا -
تقسیم کرنا -

تجسُّس - جستجو۔ تلاش۔ ٹوہ ۔ کھوج
تجلّی - روشنی۔ چمک۔ نورِ الٰہی ۔
تجلیل کردن - تعریف کرنا
" نمودن - "
تجمّل - ۱۔ شان و شکوہ ، ٹھاٹھ باٹھ۔
۲۔ زیب و زینت۔ ۳۔ آرائش۔
تجنیس - ۱۔ ہم جنس کرنا۔ ۲۔ یکساں کرنا
۳۔ برابر ہونا۔ ۴۔ علم بدیع کی اصطلاح
کے لحاظ سے تجنیس ایک صنعت کا
نام ہے۔ جس سے دو یا دو سے زیادہ
ہم شکل لفظوں کی مختلف معانی میں
استعمال کیا جاتا ہے جیسے شام
سے مراد ملک شام لیا جائے۔ اور
شام بمعنی ظہر کے بعد اور غروب سے
پہلے کا وقت۔
تجوید - ۱۔ نیک کرنا۔ ۲۔ قرآن حکیم کو صحیح
تلفظ اور مخارج سے پڑھنا۔ جیسے
علم تجوید یا تجوید القرآن کہتے ہیں۔
تجویزِ اخیر - فیصلہ کن تجویز۔
تجہیز کردن - ۱۔ اسلحہ سے آراستہ کرنا۔
۲۔ تیار کرنا۔ ۳۔ آمادہ کرنا۔ ۴ ۔
مسلح کرنا۔
تجہیزات - جنگی سامان۔

ت - ح

تحادُث - باہم داستان کہنا۔
تحارُب - باہم حرب کرنا۔ جنگ کرنا۔
تحاسُد - حسد کرنا۔
تحاشی - دُور رہنا۔ الگ رہنا۔
یک سُو رہنا۔
تحاکُم - طرفین کا حاکم کی خدمت میں
فیصلہ کرانے کے لئے جانا۔
تحالُف - ۱۔ باہم حلف اٹھانا۔ ۲ ۔
سوگند کھانا۔ ۳۔ تحت۔ ۴۔ نیچے ۔
۵۔ فوق کا اُلٹ ۔
تحتُ الارضی - زیرِ زمین معدنیات
وغیرہ۔
تحتُ البحری - ۱۔ آبدوز کشتیاں۔
۲۔ سب میرین ۔
SUBMARIAN ۔
تحتُ الثّریٰ - زمین کا سب سے
نچلا حصّہ۔ پاتال۔
تحتُ الحنک - پگڑی کا ایک پیچ ۔
ٹھوڑی کے نیچے سے لے جا کر باندھنا۔
تحتُ الشعاع - قمری مہینے کی وہ
آخری تاریخ یا تاریخیں جب چاند نظر

نہیں آتا جسے عرفِ عام میں "مستیا" کہتے ہیں۔
تحت اللفظ۔ لفظی ترجمہ۔ حرف بحرف یا سادہ طریق سے بغیر گائے پڑھنا۔
تحتِ نظر۔ زیرِ نگرانی
تحجّر۔ حجر یعنی پتھر کی طرح سخت ہونا۔
تحدّب۔ کبڑے ہونا۔
تحدید کردن۔ محدود کرنا۔ حدبندی کر دینا۔
تحذیر کردن۔ آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا
تحرّز۔ پرہیز کرنا۔
تحرّک۔ ہلنا۔ حرکت کرنا۔
تحریر۔ ۱۔ لکھنا ۲۔ صاف کر کے لکھنا یا ۳۔ لونڈی اور غلام کو آزاد کرنا۔ ۴۔ اقلیدس کے لحاظ سے علم ہندسہ کو تحریر کہتے ہیں۔
تحریص کردن۔ حرص دلانا۔ لالچ دینا
تحریف۔ بدلنا۔ حرف بدلنا۔
تحریک کردن۔ ۱۔ حرکت دینا ۔۲۔ اکسانا ۔۳۔ ورغلانا ۔۴۔ رغبت دلانا۔
تحریم۔ ۱۔ حرام کرنا ۔۲۔ حرم مکہ میں آنا ۔۳۔ نماز کا تحریمہ باندھنا ۔۴۔ ممنوع قرار دینا۔

تحزین۔ حزین، غمگین ہونا۔
تحسّر۔ حسرت کرنا۔ افسوس کرنا۔
تحسّس۔ تلاش کرنا۔ خبر پوچھنا۔
تحسین۔ تعریف کرنا۔
تحسین آمیز۔ آفرین کے لائق پسندیدہ
تحشیہ۔ کتاب پر حاشیہ لکھنا۔
تحصّن۔ ۱۔ پناہ لینا ۔۲۔ قلعہ بند ہونا۔ ۳۔ یا کسی ایسے بزرگ کے مزار پر جا کر پناہ لے لینا۔ جو سرکار کی دست برد سے باہر ہو۔
تحصیل۔ حاصل کرنا۔ علم سیکھنا۔
تحصیلات۔ تعلیمات۔
تحصیلدار۔ کلکٹر۔ مالیہ وصول کرنے والا افسر۔
تحصیل کردن۔ تعلیم حاصل کرنا۔
تحصیلِ حاصل محال است۔
حاصل کی ہوئی چیز کا حصول یعنی چہ؟ ایسے ہی ہے جیسے حضرت خضر علیہ السلام کو درازی عمر کی دعا دے۔
تحصین۔ شہر کے ارد گرد فصیل یا شہر پناہ بنانا۔ مضبوط و مستحکم کرنا۔
تحضیض۔ ۱۔ اکسانا ۔۲۔ جنگ پر اکسانا ورغلانا۔

تحف۔ تحفہ کی جمع۔
تحفۃ السلاطین۔ وہ تحفہ جو بادشاہوں کے شایانِ شان ہو۔
تحقق۔ ثابت ہونا۔ موجود ہونا۔
تحقیر آمیز۔ حقارت آمیز۔
تحقیق۔ دریافت کرنا۔ کھوج لگانا۔ چھان بین کرنا۔
تحکّم۔ ۱۔ حکومت کرنا۔ ۲۔ حکم چلانا۔ ۳۔ ادعوے کرنا۔ ۴۔ زبردستی کرنا۔
تحکم آمیز۔ خودسرانہ اور آمرانہ حکم۔ ایسا حکم جس کا جواز ہو نہ دلیل۔
تحکیم کردن۔ مضبوط بنانا۔ مستحکم کرنا۔
تحلّی۔ زیور سے آراستہ کرنا۔
تحلیف۔ ۱۔ قسم دینا۔ ۲۔ سوگند دینا۔
تحلیل۔ ۱۔ حل کرنا۔ ۲۔ تجزیہ کرنا۔
تحلیل بردن۔ ہضم کرنا
تحلیل رفتن۔ ۱۔ حل ہونا۔ ۲۔ جذب ہونا ۳۔ ضعیف و ناتواں و کمزور ہونا۔
تحلیل کردن۔ حلال بنانا۔ جائز کرنا۔
تحلیلِ قویٰ۔ قوی کا کمزور ہو جانا۔
تحمّل۔ ۱۔ برداشت کرنا۔ ۲۔ بوجھ اٹھانا ۳۔ شفقت کرنا۔
تحمّل پذیر۔ قابل برداشت۔
تحمّل گداز۔ ناصبور۔ ناقابل برداشت۔
تحمّل ناپذیر۔ ناقابل برداشت۔
تحمید۔ خدا کی حمد بیان کرنا۔
تحمیق۔ احمق بنانا۔ اُلّو بنانا
تحمیل۔ بوجھ لادنا۔
تحوّلات۔ تغیرات۔ تبدیلیاں۔ انقلابات۔
تحویل دادن۔ سونپنا۔ سپرد کرنا۔ حوالے کرنا۔
تحویل سال۔ پچھلے سال کا ختم ہونا۔ اور نئے سال کا چڑھنا۔
تحیّات۔ درود و سلام
تحیّر۔ حیرانی۔ سرگردانی
تحیّر آور۔ حیران کن۔

ت۔ خ

تخاطب۔ بالمشافہ گفتگو کرنا۔ خطاب کرنا
تخالف۔ مخالفت کرنا۔
تختِ آبنوسی۔ رات
تختِ جمشید۔ پرسی پولس یعنی شیراز سے پچیس تیس میل کے فاصلے پر اس شہر کے کھنڈرات ہیں۔ جو آثارِ قدیمہ کے

نادر نمونے ہیں۔ ایرانی انہیں تخت جمشید کہتے ہیں اور بعض ان ہیبت ناک عالیشان عمارات کو دیکھ کر انہیں تخت سلیمان بھی کہتے ہیں۔

تخت خواب - پلنگ۔ چارپائی۔ کھاٹ

تختِ سلیمان - کشمیر میں ایک مقام کا نام ہے۔ نیز کاشغر میں ایک قلعہ کا نام ہے۔

تخت طاؤس - شاہ جہان مغل بادشاہ کا تخت جو دنیا کے عجائبات میں شمار ہوتا ہے۔ جس پہ موروں کی شکلیں تھیں۔ جو ہیرے جواہرات سے مرصع تھے۔

تخت عاج - ہاتھی دانت کا بنا ہوا تخت

تخت یا تختہ - اس موقع پہ استعمال کرتے ہیں جب انسان مرنے مارنے پر آتا ہے۔ یعنی یا تو مراد کو پالیا یا پھر اس کی تلاش میں مر گئے۔

تختہ تختہ - ٹکڑے ٹکڑے۔

تختہ بند - ٹوٹی ہوئی ہڈی کو جوڑ کر تختی نیچے رکھ باندھ دینا۔

تختۂ خاک - زمین

تختہ کردن - بند کرنا۔ کواڑ بند کر دینا۔

تختہ پل - نہر کو عبور کرنے کے لئے جو لکڑی کا پل بنا لیتے ہیں۔

تختہ تابوت - جس پر مردے کو نہلاتے یا جس پہ اٹھا کر لے جاتے ہیں۔ ارتھی۔

تختہ مینا - آسمان

تختہ شطرنج - شطرنج کی بساط

تختہ نرد - نرد کی بساط

تختہ گردن - موٹی گردن والا۔

تختہ مشق - ۱۔ سکول کے طلبہ کے لکھنے کا تختہ ۲۔ تختہ سیاہ۔ ۳۔ بلیک بورڈ۔

تخدیر کردن - ۱۔ ماردینا یا نکوٹین کے ٹیکے دیکر سست کر دینا یا ۲۔ لڑکی کا پردے میں بٹھانا۔

تخریب - ۱۔ خراب کرنا۔ ۲۔ ڈھا دینا۔ ۳۔ ویران کرنا۔

تخریج - خارج کرنا۔

تخمیس - نثر پر تبصرہ۔

تخصص - خصوصی مہارت

تخصیص - اختصاص دینا۔

تخطی - ۱۔ خطا کرنا۔ ۲۔ تجاوز کرنا۔ ۳۔ غلطی کرنا۔ ۴۔ خلاف ورزی کرنا۔

تخفیف - ہلکا کرنا - کم کرنا -
تخفیف دادن - سامان یا چیزوں کو کم قیمت پر بیچنا -
تخفیف کردن - گھٹانا - اہمیت کم کرنا -
تخلف نمودن - ۱ - خلاف وعدہ کرنا یا کہنا - ۲ - پیچھے رہ جانا -
تخلخل - ۱ - خلخال پہننا - ۲ - پازیب پہننا -
تخلیص - ۱ - خلاصی دینا - ۲ - نجات دینا - یا ۳ - خلاصہ بنانا کسی کتاب یا مضمون کا -
تخلیہ - خلوت - تنہائی -
تخلیہ کردن - خالی کرنا - جیسے (زنشتن دشمن شہر را تخلیہ کردند)
تُخم - ۱ - انڈا - ۲ - دانہ - ۳ - خایہ - ۴ - اصل ۵ - نسل - ۶ - نطفہ -
تخم افشاندن - بیج بونا -
تخم بازی - ایک کھیل کا نام ہے جو بچے کھیلتے ہیں - رنگین انڈے استعمال کرتے ہیں - ایک دوسرے کے انڈے کو مارتا ہے جس کا ٹوٹ جائے وہ ہار جاتا ہے
تخم از میان بردن - مٹا دینا - ملیا میٹ کر دینا -
تخم بد - ایک گالی ہے - بد تخم - بد اصل -
تخم بر انداختن - ملیا میٹ کرنا - نام و نشان مٹا دینا -
تخم پاشیدن - بیج بکھیرنا
تخم حرام - گالی ہے - حرامزادہ -
تخم بنگ - بھنگ کا بیج -
تخم دان - ۱ - رحم - ۲ - بیضہ دان نیز - ۳ - پودوں کی پنیری لگانے کی جگہ - گملہ -
تخم دشتر دُزد - چھوٹی موٹی چوریاں کرنے والا بالآخر بہت بڑے جرائم کا مرتکب بھی ہو جاتا ہے -
تخم ریختن - بیج بونا -
تخم سگ - گالی ہے -
تخم کار - کسان - زارع -
تخم کشیدن - خصی کرنا -
تخم چیزے بر افتادن - کسی چیز کا نیست و نابود ہونا -
تخم مرغ - انڈا -
تخم مرغ آب پز - ابلا ہوا انڈا -
تخم مرغ نیم پز - نیم اُبلا ہوا انڈا -
تخم مرغ سفت - پورا اُبلا ہوا انڈا -

تخم مرغ او زرده ندارد۔ وہ نہایت ہی چالاک اور عیار آدمی ہے۔
تخمیر۔ خمیر اٹھانا۔
تخمین کردن } اندازہ لگانا۔
زدن } تخمینہ لگانا۔
تخویف۔ خوف دلانا۔ ڈرانا۔
تخیل۔ خیال میں لانا۔

ت ۔ د

تدابیر۔ تدبیر کی جمع
تدابیر سیاسی۔ سیاسی چالیں
تدابیر حربی۔ جنگی چالیں
تداخل۔ ایک دوسرے میں داخل ہونا نیز ادہر تلے کھانے چلے جانا۔
تدارک۔ روک تھام کے اسباب کرنا۔ چاصل کرنا۔ اصلاح کرنا۔ علاج کرنا۔
تدارک پذیر۔ قابل اصلاح۔ قابل علاج
تدارک ناپذیر۔ ناقابل اصلاح و علاج
تداعی۔ ایک دوسرے کو بلانا۔ چیلنج کرنا۔ دشمن کو بلانا
تدافع۔ ایک دوسرے کو ہٹانا۔ باہم دفاع کرنا۔
تدافعی۔ بطور دفاع۔ روک تھام کے طور پر نیز حملہ کو رد کرنے والا۔
تداول۔ ۱۔ ایک دوسرے سے ہاتھوں ہاتھ لینا۔ ۲۔ رائج ہونا۔ ۳۔ معمول ہونا۔
تداوی کردن۔ علاج کرنا۔
تداین۔ باہم ادھار لینا دینا۔
تدبر۔ ۱۔ دُور اندیشی۔ ۲۔ عاقبت اندیشی۔ ۳۔ سوچ بچار سے کام لینا۔
تدبیر کردن۔ بنیاد رکھنا۔ سوچ بچار سے کام لینا
تدبیر کند بندہ تقدیر زند خندہ۔ آدمی کچھ سوچتا ہے اور تقدیر کو کچھ ہی منظور ہوتا ہے
رام جوڑے بلی بلی رحمان لنڈھائے کپّہ
تدریج۔ درجہ بدرجہ
تدخین۔ حقہ یا سگریٹ پینا۔ دھواں نکالنا
تدریس۔ کتابوں سے سبقاً سبقاً پڑھنا۔
تدفین۔ دفن کرنا۔
تدقیق۔ باریک بینی کرنا۔ چھان بین کرنا
تدلیس۔ ۱۔ کسی چیز کے عیب کو چھپانا۔ ۲۔ فریب دینا۔ ۳۔ ریاکاری کرنا۔ ۴۔ دھوکا دینا۔
تدویر۔ گول کرنا۔ مدور کرنا۔
تدوین۔ جمع کرنا۔ کتب کی تالیف کرنا

تدین داشتن - دیندار ہونا۔

ت - ذ

تذبذب - دو دلی - متردد ہونا - پختہ رائے کا نہ ہونا۔
تذرو - خوب صورت پرندہ - چکور
تذرو زرین - سورج۔
تذکار - یاد دہانی - یادداشت - ذکر۔
تذکاریہ - یاد دہانی کا خط۔
تذکر دادن - یاد دلانا۔
تذکرہ - ۱- شاعروں اور بزرگوں کے حالات نیز - ۲- پروانہ راہداری۔
تذکرہ عبور - پاسپورٹ جس کی بنا پر ایک ملک کی سرحد کو عبور کر کے دوسرے ملک میں جا سکتے ہیں۔
تذلل - ذلیل ہونا - عاجزی کرنا
تذلیل - ذلیل کرنا - رسوا کرنا
تذمیم - ۱- ذم کرنا - ۲- برا کہنا - ۳- بدگوئی کرنا

ت - ر

تر - ۱- گیلا - ۲- تازہ - ۳- آبدار - ۴- پاک
۵- زیادہ - ۶- شرمندہ - ۷- نارم - ۸- خجل
۹- مجرم - ۱۰- گنہ گار۔
تر بودن - شوخ اور ملنسار۔
تر کردن زبان - منہ میں لقمہ دینا۔
تر دماغ شدن - تھکاوٹ دور کرنا
تر و تازہ شدن - ہاتھ منہ دھو کر تازہ دم ہونا۔
تر و خشک بہم سوختن - ۱- ناقص و کامل کا امتیاز نہ کرنا - ۲- سب کو ایک ہی لاٹھی ہانکنا۔
ترو تر - صاف ستھرا - پاکیزہ۔
تر گل در گل - خوب بن ٹھن کر اور بناؤ سنگھار کر کے عطر وغیرہ لگا کر۔
تراب - مٹی - زمین - خاک
تراب آلودہ - مٹی سے لتھڑا ہوا۔
تراج - دراج - تیتر
تراجع - رجوع کرنا۔
تراجم - ترجمے - ترجمہ کی جمع
تراخم - آنکھ کی ایک بیماری جسے عرف عام میں ککرے کہتے ہیں۔
تراز - ۱- ہموار سطح - ۲- نقش - ۳- زیور - ۴- آرائش - ۵- نیز ایک آلہ جس سے زمین کی سطح کو ہموار اور یکساں کیا جاتا ہے۔

تراز کردن - ۱- سطح ہموار کرنا - ۲- لین دین کا - ۳- حساب برابر کرنا -
تراز گرفتن - ہموار کرنا -
ترازنامہ - داصل باقی -
ترازنامہ نویس - داصل باقی نویس جو عموماً مال کی کچہریوں میں بیٹھتے ہیں -
تراز در برافراختن ترازو لگانا - تولنا -
ترازوی زر - سورج - آفتاب -
ترازوی قیامت راسنگ کم نیست - قیامت کے دن پورا پورا عدل و انصاف ہوگا - کسی سے قطعاً کوئی کمی بیشی نہ ہوگی -
ترازوی نارنج - وہ ترازو جو بچے سنگترہ یا مالٹا کے چھلکوں سے بنا کر کھیلتے ہیں -
ترکہ حکم - ۱- زبردست تھپیڑ - ۲- زناٹے دار چپت -
تراش - ۱- درختوں کی کٹی ہوئی ٹہنیاں - ۲- چھانٹ - ۳- قاشیں ۴- لکڑی کا برادہ -
تراشہ - چھلکا - چھلن -
تراشیدہ - ۱- چھیلنا - ۲- تراشنا ۳- کاٹنا -
تراش دادن - بہانوں کو تراشنا -
تراش کردن - درختوں کی کانٹ چھانٹ کرنا -
تراشیدن صورت - حجامت بنانا - ڈاڑھی مونڈنا -
تراشیدن اشکال - بہانے تراشنا - بہانہ جوئی کر کے مشکلات پیدا کرنا -
تراضی - آپس میں راضی ہونا -
تراک - شگاف - درز - تڑک -
تراکتور - ٹریکٹر -
تراکم - ہجوم - بھیڑ ابنوہ -
تراکم شدن - ۱- کام کا جمع ہونا - (۲) فائلوں کے - ۳- ڈھیر یا انبار لگ جانا -
ترانہ - ۱- گیت - ۲- راگ - ۳- سرود - ۴- رباعی - ۵- نغمہ -
ترانہ ہای - عمر خیام کی رباعیات -
ترانزیت - ایک ملک سے دوسرے ملک میں جانا - TRASIT
ترادش - ٹپکنا - قطرہ قطرہ گرنا -
ترادیدن - ٹپکنا - قطرہ کا گرنا
ترب - مولی -
تربچہ - چھوٹی چھوٹی گول مولیاں -

جامی - مولانا نورالدین جامی - ایران کے

مشہور و معروف شاعر ۔ نیز قصبہ جام
کا رہنے والا (رباعی نسبتی ہے)
جان ۔ روح ۔ نفس ۔ حیات ۔ طاقت ۔
جان آدم ۔ نہایت نایاب چیز
جان بدر بردن ۔ سلامتی سے بچ کر
نکل جانا ۔ بچ جانا ۔
جان آفرین ۔ خداوند تعالیٰ
جانب دار ۔ حمایتی ۔ طرفداری کرنے والا
جان بر دمیدن ۔ نئی روح پھونک دینا
جان بلب آمدن ۔ قریب المرگ ہونا ۔
جان پدر ۔ پیارے بیٹے کو کہتے ہیں ۔
جانِ پدر تو سفرۂ بی نان ندیدہ ای
تم ابھی بچے ہو تم نے مشکلات اور
مشکل حالات کا سامنا نہیں کیا ۔
زندگی میں بڑی کٹھن منازل آتی ہیں ۔
جان تسلیم کردن ۔ مرجانا ۔ جان دے دینا
جان جاں ۔ محبوب ۔ معشوق ۔ پیارا ۔
جان در آستین داشتن ۔ ۱ ۔ سخت خطرہ
مول لینا ۔ ۲ ۔ جان جوکھوں میں ڈالنا ۔
جان ستاں ۔ جان لیوا ۔ جان
چھیننے والا ۔
جان فرسا ۔ روح فرسا ۔
جانفشانی کردن ۔ سخت محنت
کرنا ۔ جان مار کر کام کرنا ۔
جانکاہ ۔ جان گداز ۔ روح فرسا ۔
جان لیوا ۔
جان کندن ۔ ۱ ۔ سخت کام کرنا ۔ ۲ ۔
دم توڑنا ۔ ۳ ۔ نزع کا وقت ۔
(از صبح تا شام جان می کنیم وچیزی نگرفتیم)
جان گردی کندن ۔ سخت بخیل ہونا
مثل کرد ۔
جان گسل ۔ رجوع بہ جانکاہ ۔
جانماز مصلّٰی جس پر نماز پڑھی جاوے
جان من و جان شما ۔ ایک قسم کی
قسم ہے مراد ہے کہ میری سلامتی میں
تمہاری اور تمہاری سلامتی میں میری
سلامتی ہے ۔
جان در یک قالب بودن ۔ یک
جان دو قالب ہونا ۔ بہت پیار و
محبت ۔
جان من ۔ ۱ ۔ عزیز من ۔ ۲ ۔ عزیزم
بیٹے پیارے ۳ ۔ نیز قسم بھی ہے
کہ مجھے میری جان کی قسم ۔
جانماز آب ۔ مکر و فریب ریا ۔
جانورشناسی ۔ علم حیوانات
جانی ۔ گنہ گار مجرم ۔

جاودان } ہمیشہ قائم دائم۔
جاودانہ } " "
جاوداں باید۔ ہمیشہ سلامت رہے سلامت تا قیامت۔
جاوید۔ ہمیشہ رہنے والا۔ ع۔
زندۂ جاوید ماند ہر کہ نکونام زیست
جاہد۔ محنتی۔ جفاکش۔ جد وجہد کرنے والا۔
جاہلیت۔ جہالت۔ نیز حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے کا زمانہ۔ تاریکی اور جہالت کے ایام جب کفار بت پرستی کرتے تھے۔
جاہ وحشم۔ ٹھاٹھ باٹھ شان وشوکت
جای۔ ۱۔ جگہ۔ ۲۔ مقام۔ ۳۔ مکان۔ ۴۔ نیز عامیانہ میں ٹٹی۔
جای استاد خالی۔ استاد بہرحال استاد ہی ہوتا ہے۔ جب کوئی دانشمند یا دانشور اپنے سے بہتر تجویز پیش کرے تو یہ محاورہ استعمال کرتے ہیں۔ گویا ہم آپ کے سامنے طفلِ مکتب ہیں۔
جای اشتباہ نیست۔ کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں۔
جای ارزن نبودن۔ ۱۔ بہت سخت بھیڑ۔ ۲۔ تل دھرنے کو جگہ نہ ہونا۔
جائزہ۔ انعام۔ صلہ۔
جائزہ گرفتن۔ انعام پانا۔ صلہ پانا۔
جای پناہ۔ پناہ لینے کی جگہ۔
جا در دیدہ کردن۔ نہایت عزیز ہونا۔
جای ضرور۔ ٹٹی۔ پاخانہ۔
جای کسی خالی بودن۔ کسی کی یاد کا ستانا۔ بہت یاد آنا۔
جای کسی سبز بودن۔ رجوع بہ نافیل
جائیکہ گوشت نیست چغندر پہلوان است۔ جہاں اچھی چیز نہ ملے وہاں معمولی چیز بھی غنیمت۔ بلکہ وہی چیز یا آدمی اترانے ہیں۔ جہاں رنڈ نہ ہو وہاں رنڈی پردھان۔
جای مرد و زن در مسجد است۔ جہاں دو بیویوں کی نت کھٹ پٹ رہے وہاں میاں بیچارہ کا رہنا محال ہے۔

ج۔ ب ا

جَبابِرہ۔ جبار کی جمع۔ قہر کرنے والے۔

جبّار - ۱- توڑنا - ۲- طاقت ور - ۳- سرکش نیز - ۴- اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام -
جبّاری - ۱- اکڑ - ۲- سختی - ۳- آمریت
جبال - جبل کی جمع - پہاڑیاں - پہاڑوں کے سلسلے -
جُبان - ۱- بُزدل - ۲- ڈرپوک - ۳ - بد دل -
جَبر - ۱- ٹوٹی ہوئی ہڈیوں کو جوڑنا - ۲- بگڑی قسمت کی اصلاح کرنا - ۳- مجبوری - طاقت - قوت -
جبر کردن - سختی کرنا - تشدد کرنا -
جبر نقصان - نقصان کی تلافی کرنا -
جُبران کردن - نقصان کا معاوضہ دینا
جبران پذیر - قابل تلافی -
جبران ناپذیر - ناقابل تلافی -
جَبرُوت - ۱- بزرگی - ۲- برتری - ۳- عظمت - بلندی - ۴- جلال - ۵- ہیبت - ۶- جلال خداوندی -
رع- قہاری وجباری قدوسی جبرُت)
جَبر و تعدّی - ظلم وستم -
جبر و قدر - مسلمانوں میں یہ دو مختلف عقیدوں کے گروہ ہیں ایک وہ جو یہ کہتے ہیں کہ انسان مجبور محض ہے - قدرت جو چاہتی ہے - آپ کرتی ہے - انسان کو کوئی اختیار نہیں

اور دُوسرا گروہ وہ ہے جو انسان کو یوں بے بس نہیں سمجھتا - بلکہ کہتا ہے کہ انسان کو بھی قدرت حاصل ہے - اُسے کاموں کے کرنے یا نہ کرنے کا اختیار حاصل ہے - وہ فعل مختار ہے - پہلے گروہ کو جبریّہ اور دوسرے کو قدریہ کہتے ہیں - اس شعر میں اسی طرف اشارہ ہے کہ ؎

کہ ایں فرمودۂ سلطان بدراست
کہ ایمان درمیان جبر و قدر است

جبر و مقابلہ - علم ریاضی کا ایک شعبہ جس میں علامات اور حروف کے ذریعے نامعلوم مقدار کو معلوم کرتے ہیں - جبر بمعنی بیشی اور مقابلہ بمعنی کمی -
جِبرئیل - ایک مقرب فرشتے کا نام - جسے روح الامین بھی کہتے ہیں - جو انبیاء پر وحی لایا کرتا تھا -

جَبْرِیَّہ - مسلمانوں کے اس فرقہ کا نام جو یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ انسان مجبورِ محض ہے اُسے کوئی اختیار حاصل نہیں

؎ چاہے ہیں سو آپ کرے ہیں ہم کو عبث بدنام کیا

جَبَل - پہاڑ

جَبَلُ الرَّحمۃ - عرفات میں پہاڑ کا نام

جَبَلُ الطّارق - جبرالٹر -

جِبِلَّت - ۱ - سرشت - ۲ - خصلت - ۳ - طینت - نیچر -

جُبلہ - اونٹ کا کوہان

جِبِلّی - طبعی - نیچرل - فطرتی -

جُبن - ۱ - بزدلی - ۲ - ڈر - ۳ - وہم - ۴ - خوف - ۵ - بددلی - ہراس

جُبَّہ - لمبا پیراہن - صوفیوں کا خاص قسم کا چوغہ - فرغل -

جُبّہ خانہ - اسلحہ خانہ -

جَبہہ - ۱ - ماتھا - ۲ - پیشانی - ۳ - سامنے - ۴ - فرنٹ -

جَبّہ سائی - ۱ - سجدہ کرنا - ۲ - ماتھا رگڑنا - ۳ - منت سماجت کرنا -

جَبۂ شیر خار بدن - نہایت جرأت - بہادری اور دلیری کا کام جس میں جان تک کا خطرہ ہو -

جَبِین - ماتھا - پیشانی -

ج - ث

جُثّہ - بدن - جسم (حصہ - بقدر جُثّہ)

جُثّہ دار - ۱ - موٹا تازہ - ۲ - ہٹا کٹا - ۳ - لحیم شحیم -

ج - ح

جَحد - عمداً - انکار

جحد کردن - جان بوجھ کر حق بات کو نہ ماننا -

جَحد و جُحُود - انکار - اصرار یا ہٹ دھرمی

جَحِیم - ۱ - تیز بھڑکتی ہوئی آگ جس سے شعلے لپکیں - ۲ - دوزخ - ۳ - جہنم -

ج - خ

جَخت - ۱ - ابھی - فوراً - جلدی - تیز دوسری چھینک کو بھی کہتے ہیں جب پہلی چھینک آتی ہے تو کہتے ہیں ٹھیک ہوا - صبر آگیا تھا - مگر ساتھ ہی دوسری چھینک تو کہتے ہیں "جخت شد"

ج - د

جَدّ - دادا - نانا - بزرگ

جِدّ - ۱ - سعی - ۲ - کوشش - ۳ - اصلاح - ۴ - دقت -

جِدّاً - ۱ - یقیناً - ۲ - یقینی طور پر - ۳ - سنجیدگی کے ساتھ -

جِدار - ۱ - دیوار - ۲ - تلوار

جُداگانہ - علیحدہ طور پر -

جِدال کردن - لڑنا - جھگڑنا - بحث کرنا - (جنگ و جدال)

جَدّ بجد - باپ سے بیٹے تک - نسلاً بعد نسلاً -

جِدّت - تازگی - نئی بات - انوکھی چیز -
ع طرح نو افگن کہ ما جدّت پسند افتادہ ایم

جُدری - چیچک -

جُدری کاذب - چیچک کی ایک ہلکی قسم جسے چکن پاکس CHIKEN POX کہتے ہیں -

جَدل - لڑائی جھگڑا - دنگا فساد - جنگ

جَدلی - جھگڑالو - لڑاکا -

جَدوَل - ۱ - نہر - ۲ - راجباہ - جس سے کھیتوں کو پانی دیا جاتا ہے - ۳ - ورق کے گرد والی سرخ لکیریں - نیز زائچہ -

جدول الضرب - پہاڑے

جدول مسطر - پیمانے سے کھینچی ہوئی لکیریں -

جَدّہ - ۱ - دادی - ۲ - نانی - ۳ - نیز سعودی عرب کی بندرگاہ کا نام بھی ہے -

جَدی - بکری کا بچہ - آسمان کا ایک برج جب سورج داخل ہوتا ہے تو نصف کرہ شمالی میں موسم سرد دن چھوٹے اور راتیں بڑی ہوتی ہیں اور اس کے برعکس نصف کرہ جنوبی میں موسم گرمی کا ہوتا ہے - راتیں چھوٹی اور دن لمبے ہوتے ہیں - نیز ایک ستارے کا نام بھی ہے جو قطب شمالی کے نزدیک ہے - ۳ - نیز ایک فرضی دائرہ جو خط استوا کے جنوب میں $23\frac{1}{2}$ درجے پر ہے -

جِدّی - سنجیدہ - متین -

جِدّیت کردن - سر توڑ کوشش کرنا -

جَدید - ۱ - نیا - ۲ - تازہ - ۳ - نیا بھرتی شدہ ۴ - فوجی رنگروٹ

جَدید الورود - نو وارد

ج - ذ

جذّاب - بہت کھینچنے والا - جاذب - دلربا دلکش -
جُذام - کوڑھ - برص
جُذامی - کوڑھی -
جذب کردن - کشش کرنا کھینچنا -
جذبہ - دل کی کشش - خواہش -
ع - الٰہی جذبۂ دل کی مگر تاثیر الٹی ہے
جذبات طبعی اور قدرتی خواہشات

ج - ر

جر - ۱ - کھینچنا - ۲ - پھاڑنا - ۳ - کپڑا پھاڑنے کی آواز -
جر انداختن - ضد کرنا - ہٹ دھرمی کرنا کسی بات پر اڑ جانا -
جر کردن - پھاڑنا - لڑنا -
جر و بحث - قیل و قال - کھینچا تانی -
جر خوردن - کپڑے کا تھان سے پھاڑے جانا -
جر زدن - نار وا - اور ناشائستہ حرکات کرنا - فریب دینا - منہ موڑنا - پیٹھ دکھانا

جرائد - جریدہ کی جمع - اخبارات و رسائل -
جرائم - جرم کی جمع -
جرائم - ۱ - جریمہ کی جمع - ۲ - جرمانے - ۳ - ہرجانے -
جَرّاح - ۱ - جراحت کرنے والا - ۲ - سرجن ۳ - چیر پھاڑ کرنے والا -
جرّاح باشی - شاہی جرّاح
جراحت - زخم - گھاؤ -
جراحت خنداں - تازہ زخم -
جَراد - ۱ - ٹڈی دل - ۲ - مکڑی - ۳ - ملخ - جو فصلوں کو تباہ کر دیتی ہے -
جرّار - سخت کھینچنے والا - بہت بڑا لشکر -
جَرّارہ - بچھو کی ایک قسم (عقرب جرار) نیز بہت بڑا جنگی لشکر -
جَرّ ثقیل - بھاری بوجھ اٹھانے والی کل یا مشین -
جرار عدو شکار - فاتح - عدو شکار
جرار کوچہ و بازار - فقیر - گدا جو گلی کوچوں میں مانگتا پھرتا ہے - اور لوگ اس سے کنی کتراتے ہیں -
جربزہ - بے ادب -
جرثوم - ۱ - مضبوطی سے گڑا ہوا - ۲ - استوار و محکم - نیز اچھی اصل اور نسل کا -

جرثومہ - جڑ - بیخ - اصل -
جرجیس - ایک پیغمبر کا نام ہے -
جرز - دیوار کا سرا -
جرس - گھنٹی - درا - گھڑیال
جرس کارواں - قافلے کی گھنٹی جو کوچ کے وقت بجتی ہے - ؎

یارانِ تیز گام نے محمل کو جا لیا
ہم محوِ نالۂ جرسِ کارواں رہے

یا

ع - جرس فریاد میدارد کہ بر بندید محمل ہا

جُرعہ - گھونٹ -
جُرعہ کش - شرابی - تہِ جام تک پی جانیوالا -
جرفہ - شعلہ -
جِرگہ ۱ - گروہ - ۲ - حلقہ - ۳ - جماعت - ۴ - دستہ - ۵ - انجمن -
جرگہ کشیدن - حلقہ بنانا -
جرگ - جھنکار - چیزوں کے آپس میں ٹکرانے یا ٹوٹنے سے جو آواز پیدا ہوتی ہے
جرنگ برنگ - روپیوں کی جھنکار -
جرّہ باز - تر باز -
جری - بہادر - دلیر
جری شدن - سرکش ہونا - باغی ہونا -
جِریان - ۱ - روانی آب - ۲ - کارروائی - ۳ - گردش - نیز ایک بیماری کا نام -
جریان آب - پانی کی روانی یا بہاؤ -
جریان پول - روپے پیسے کی گردش -
جریان جلسہ - جلسے کی رودداد
جریانات - واقعات -
جریدہ - اخبار - رسالہ - تنہا - رجسٹر -

ع - ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما -

جریدہ رو - تنہا چلنے والا -
جریدہ کردن - بہی کھاتے اور رجسٹر میں درج کرنا -
جریدہ نگار - اخبار نویس -
جریمہ - جرمانہ - تاوان - ہرجانہ

ج - ز

جُز - سوا - بغیر - بدون
جزا - بدلہ - اچھا عوضانہ - اجر
جزاک اللہ - دعائیہ کلمہ - اللہ تعالےٰ تمہیں نیک اجر دے -
(جزاک اللہ فی الدارین خیرا)
جزای گرانفروش نخریدن بود - جو آدمی سودا اسلف مہنگا بیچتا ہو - وہ زبانی بات چیت سے باز نہیں آتا - اس کا

واحد علاج یہ ہے کہ اس سے سودا خرید نا بند کر دیا جائے۔ خود بخود راہِ راست پر آ جائے گا۔

لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے

جزدان۔ بستہ۔ کتابوں کا بنڈل

جزبز۔ تڑتڑ کی آواز جو ہنڈیا سے پھوٹتے وقت آتی ہے۔ نیز صدائے گریہ۔

جزرس۔ کفایت شعار

جَزرو مد۔ ۱۔ جوار بھاٹا۔ ۲۔ سمندر کی لہر جو چاند کی کشش کی کمی بیشی سے گھٹتی بڑھتی رہتی ہے۔

جز زدن۔ رونا دھونا۔ زاری کرنا۔

جَزَع۔ ۱۔ بے صبری۔ ۲۔ بے چینی۔ ۳۔ بے قراری۔

جَزع و فزع۔ آہ و نالہ۔ گریہ و زاری

جُزو بندی۔ کتابوں کے اجزا کو ڈھاگے یا ڈورے کے ساتھ سینا۔

جُزو کش۔ قرآن پاک کے سیپارے پڑھنے والا۔

جُزوی۔ تھوڑا سا۔ کم

جُزویات۔ چھوٹے ٹکڑے۔ (کلیات کا الٹ)

جَزیرہ۔ ٹاپو۔ خشکی کا وہ قطعہ جس کے چاروں طرف پانی ہو۔

جُزیل۔ ۱۔ مضبوط۔ ۲۔ مستحکم۔ ۳۔ فراواں ۴۔ کثرت۔ زیادہ۔ (اجر جزیل)

جزیہ۔ وہ ٹیکس یا خراج جو اسلامی دور میں ان غیر مسلموں سے وصول کیا جاتا تھا جو فوجی خدمات نہ دیتے تھے۔ گویا یہ ایک قسم کا ٹیکس برائے حفاظت یا نگہبانی تھا اور اس سے بوڑھے بچے عورتیں اور اپاہج اس سے مستثنیٰ ہوتے تھے۔

جزیہ خانہ۔ ۱۔ کسٹم ہاؤس۔ ۲۔ انکم ٹیکس کا دفتر۔ ۳۔ یا محصول چونگی خانہ۔

ج ۔ س

جَسارت کردن۔ ۱۔ دلیری کرنا۔ ۲۔ جرأت سے کام لینا۔ ۳۔ گستاخی کرنا۔

جَسارت آمیز۔ جرأت آمیز۔ دلیرانہ۔

جَسامت۔ حجم۔ تن و توش۔ مقدار۔

جَست۔ چھلانگ

جَستن چشمِ راست۔ ۱۔ کسی نیک شگون کا ہونا۔ ۲۔ دائیں آنکھ کے پھڑکنے کو عوام اچھا سمجھتے ہیں۔

جشنِ پادلیل راہ است۔ پاؤں میں کھجلی کا ہونا گویا سفر درپیش آنے کی علامت ہے۔

جست و خیز کردن۔ اونچی چھلانگ لگانا۔ اونچی کودنا۔

جست و جو کردن۔ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا

جستہ۔ ابھرا ہوا۔ باہر نکلا ہوا۔

جستہ جستہ۔ ۱۔ آہستہ آہستہ۔ ۲۔ کہیں کہیں سے۔ ۳۔ تھوڑا تھوڑا (من این مقالہ را جستہ جستہ خواندم)

جستہ جستہ راہ رفتن۔ آہستہ آہستہ چلنا۔ جیسے بچے جب چلنا شروع کرتے ہیں۔

جسد۔ تن جسم۔ بدن

جسدِ بی جان۔ لاش۔ مردہ

جسر۔ پُل (جنگ جسر)

جسور۔ ۱۔ باجسارت۔ ۲۔ دلیر۔ ۳۔ شوخ۔ گستاخ۔

جسیم۔ ۱۔ موٹا۔ ۲۔ تازہ۔ ۲۔ عظیم ضخیم ۳۔ ہٹا کٹا۔

ج۔ ش

جشان۔ کپڑا ناپنے کا گز۔

جشن۔ ۱۔ محفل شادی۔ ۲۔ خوشی و مسرت کی محفل۔ ۳۔ بزم عیش۔ ۴۔ خوشی و انبساط کے موقع پر شاندار اجتماع اور دعوت۔

جشنِ سدہ۔ سدہ کے معنی ہیں لپکتی ہوئی آگ یا شعلے۔ یہ جشن ایران میں بہمن ماہ کی دسویں تاریخ کو بڑے تزک و احتشام سے منایا جاتا ہے۔ ایران باستان سے یہ جشن چلا آتا ہے۔ اس روز پارسی (آتش پرست) عید کی خوشیاں مناتے ہیں اور خوب آگ جلاتے ہیں دشت و بیابان اور کوہ و صحرا میں آگ ہی آگ نظر آتی ہے۔ بقول فرہنگ انجمن آرا اس جشن کی ابتداء کیومرث سے ہوئی۔

جشنِ مہرگان۔ جشن نوروز کے بعد ایران میں یہ سب سے بڑا تہوار ہے۔ اس جشن کی خوشیاں چھ روز تک منائی جاتی ہیں۔

ایران باستان میں اس دن شاہانِ ایران زریں تاج پہنتے اور سب سے پہلے ان کے پاس موبد موبدان آتا۔ (مذہبی پیشوا) وہ اپنے ساتھ ہفت خوان

لاناتھا (نسکہ، ترنج، سیب، بہی، انار، عناب اور انگور) پارسیوں کا عقیدہ یہ تھا کہ جو آدمی اس رات یہ میوے کھائے گلاب چھڑکے بدن پر خوشبو لگائے دستوں پر گلاب چھڑکے۔ اور خوشبو چھڑکے وہ سال بھر ہر قسم کی آفات اور بلیّات سے مامون و مصئون رہتا ہے۔

جَشنِ نورُوز۔ جسے عرف عام میں عید نوروز بھی کہتے ہیں۔ ایران میں زمانہ قدیم سے یہ تہوار انتہائی کرّوفر اور جوش وخروش اور اہتمام سے منایا جاتا ہے۔ تحویل سال سے پندرہ روز پہلے گندم یا عدس کو بو کر سبز کر لیتے ہیں۔ سارے گھر کا سامان، اسباب اور فرنیچر جھاڑتے اور صاف کر لیتے ہیں۔ اور جشن کی رات کو سبھی چھوٹے بڑے نیا لباس پہنتے ہیں۔ اس رات گھر کے سب کمروں میں روشنی کرتے ہیں۔ تاریکی کا گھر میں کہیں نام ونشاں نہیں ہوتا۔ تحویل سال میں جب چند گھڑیاں رہ جاتی ہیں۔ تو سب لوگ "سفرہ ہفت سین" بچھاتے ہیں۔ اس خوان کے اوپر ایک آئینہ رکھتے ہیں۔ دو طرف چار اور شمعدان جن میں صاحب خانہ کی اولاد کی تعداد کے مطابق شمعیں روشن کرتے ہیں۔ خوان پر مندرجہ ذیل اشیا ہوتی ہیں۔ (قرآن پاک۔ نانِ بزرگ، کاسۂ آب اس کے اوپر برگ سبز، شیشہ گلاب خشک میٹھے فروٹ، مٹھائی، مرغ، مچھلی اور ایک خوانچہ میں سات چیزیں جن کے نام (س) سین سے شروع ہوتے ہیں سجاتے ہیں (سپند، سیب، سیہ دانہ۔ سنجد۔ سماق، سبزہ، سرکہ، سمنو، سبزی نیز ان کے علاوہ دودھ، دہی، پنیر اور رنگ کیے ہوئے انڈے بھی ہوتے ہیں۔ تحویل سال کے وقت سب اہل خانہ کا سر سفرہ ہونا ضروری ہے۔ ہاتھوں میں روپے ہوتے ہیں۔ جو اس وقت سر سفرہ نہ ہوگا (ایرانیوں کا عقیدہ ہے) وہ سال بھر سرگرداں رہے گا۔ اس وقت خوشی منانے والا سارا سال خوش وخرّم رہتا ہے۔

جَشنِ سِیزدَہ بَدَر۔ نوروز کے تیرھویں[۱۳] دن سب لوگ گھروں سے باہر نکل جاتے

ہیں ۔ دن بھر سیر و تفریح اور گردش میں گزارتے ہیں۔ تاکہ وہ تیرہ کے عدد کی نحوست کو گھر سے باہر پھینک آئیں۔ کنواری لڑکیاں اپنی شادی کی مراد بر آنے کے لئے سبزہ میں گرہ باندھتی ہیں۔ اور یہ گاتی ہیں ؎

سیزدہ بدر ——— سال دگر
خانہ شوہر ——— بچہ بہ بغل

ج ۔ ع

جَعَالہ ۔ کام کرنے کی مقررہ مزدوری
جُعْبَہ ۔ ۱۔ ترکش ۲۔ صندوقچی جس میں چھوٹی موٹی چیزیں رکھی جاتی ہیں۔ ۳۔ ڈبہ۔ کیس۔ (جعبہ سیگار)
جَعْد ۔ گھونگریالے بال۔
جَعْد آسا ۔ زلف کی مانند پیچدار
جَعْد موی ۔ گھونگریالے بالوں والا۔
جَعْفَر ۔ ندی۔ نالہ۔ نیز آدمیوں کا نام۔
جعفر برمکی ۔ خاندانِ برامکہ کا نامور فرزند اور خلیفہ ہارون الرشید کا منہ چڑھا مشیر اور وزیر اعظم، ہارون الرشید ہی کے ہاتھوں قتل ہوا۔
جعفر طیار ۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے چچیرے اور حضرت علی رضہ کے سگے بھائی کا نام ہے۔
جَعْفَری ۔ گیندے کا پھول۔ موسم گرما میں ہونے والی ایک سبزی۔
جَعْل ۔ بناوٹ۔ جو اصل نہ ہو۔
جَعلساز ۔ دھوکہ باز۔ فریبی۔ مکار۔
جَعْلَق ۔ ۱۔ بدشکل۔ ۲۔ بدخو۔ ۳۔ بداخلاق۔ ۴۔ بے ادب اور آوارہ ۔ ۵۔ پانچوں عیب شرعی۔
جَعَلنقی ۔ ۱۔ بدشکل و بداندام۔ ۲۔ کمینہ۔ ۳۔ سفلہ اور آوارہ منش۔

ج ۔ غ

جُغ ۔ مخفف جوغ کا۔ جُوا۔
جغ جغ ۔ کھٹکھٹانے کی آواز یا پرندوں کے چہچہانے کی آواز۔
جُغد ۔ الو۔ بوم۔ منحوس پرندہ۔
جُغرات ۔ دہی۔
جَغلہ ۔ ۱۔ ٹھنگنا اور مکر ور۔ ۲۔ گاہے چھوکرا اور گاہے ۳ عامیانہ میں ننھا بچہ۔
جغور و لغور ۔ ۱۔ بکھری ہوئی اشیاء۔

تصاویر -۲- بُھنا ہوا جگر جسے گھی اور پیاز کا تڑکا دیا جائے جسے عرف عام میں مسّہ گوشت کہتے ہیں۔

ج - ف

جَفا کردن ظلم و ستم کرنا - زیادتی کرنا -
جَفا پیشہ - ستمگر - ظالم -
جَفّار - علم جفر کا جاننے والا -
جفاکش - محنتی سختیوں کو برداشت کرنے کا عادی -
جفاکیش - ستم پیشہ
جَفَّ القلم - قلم کا خشک ہو جانا - مراد ہوتی ہے کہ قدرت کے قلم یا کاتبِ تقدیر نے جو کچھ ازل میں لکھ دیا ہے - اور مقدر کر دیا ہے - اب نہ بدل سکے گا -
جُفت - جوڑا - دو دو
جُفت آوردن - چوسر وغیرہ کی کھیل میں ایک ہاتھ پھینکنے کے بعد دوسرا ہاتھ پھینکنے کا موقع ملنا - ڈبل باری
جفت در بغداد - اگر کسی زہریلے جانور کو رات کے وقت ماریں تو کہتے ہیں کہ تیرا دوسرا ساتھی دُور ہے -

جفت جفت - دو دو کرکے - جوڑا جوڑا مثلاً ایشاں یکی یکی آمدند و جفت جفت رفتند - یعنی کہ وہ ایک ایک کرکے آئے اور دو دو ہو کر چلے گئے -
جفتش بیار و مفتش ببر - یہ محاورہ عموماً عورتیں استعمال کرتی ہیں جب وہ اپنے بچے کے حسن و جمال کی تعریف کرتی ہیں کہ کوئی اس جیسا لا کر دکھائے - یہ مفت دے دیں گے - مراد ہے کہ اس جیسا پیارا اور حسین و جمیل بچہ جو اس کا ثانی ہو نہ مل سکے گا -
جفت شدن - جفت ہونا - سیسم چسپاں ہونا -
جفت کردن - جوڑنا - ملانا -
جفت گیری - حیوانات - گائے بھینس گھوڑی وغیرہ کا گابھن ہونا یا کرانا -
جفتک انداختن / زدن } گھوڑے یا گدھے کا پچھلے دونوں پاؤں جوڑ کر دولتی مارنا -
جفتک چارکش - بچوں کا ایک کھیل ہے - جس میں بچے گھٹنوں پہ ہاتھ رکھ کر جھک جاتے ہیں اور اسے وہ اپنی اصطلاح میں گھوڑی بننا کہتے ہیں -

دائرے میں ہوتے ہیں ایک لڑکا کوٹلہ لے کر بھاگتا ہے اور کھیل کو عرف عام میں کوٹلہ چھپاکی کہتے ہیں ۔

جفت گاؤ ۔ بیل ۔

جُفتہ ۔ ۱۔ جوڑ ۲۔ سرین ۳۔ گھوڑے یا گدھی کی دولتی ۔ ۴۔ چھید ۵۔ خمیدہ ٹیڑھا ۔

جفنگ شنیدن } لغویات و اہیات
" گفتن } سننا ۔ بے ہودہ اور یاوہ باتیں کرنا ۔

جفنگیات ۔ لغویات ۔ واہیات ۔ خرافات ۔

ج ۔ ق

جَق جَق ۔ بک جھک ۔ خواہ مخواہ کا شور

رجق جق ۔ کلکاہٹ ۔ زخمی پرندوں کی آواز ۔

ج ۔ گ

جگر ۔ ۱۔ کلیجہ ۲۔ حوصلہ ۳۔ تاب ۔ ۴۔ توان طاقت ۵۔ انتظار ۶۔ رنج ۔

۷۔ وسطی حصہ ۔ ۸۔ درمیان ۔

جگر بند ۔ ۱۔ جگر، دل ۔ پھیپھڑے وغیرہ ۲۔ نیز فرزند ۔ بیٹا ۔

جگر بند پیش زاغ نہادن ۔ کسی آنے والی بڑی مشکل یا مصیبت کے لئے تیار ہونا ۔

با بہ تشویش غصہ راضی شنو
یا جگر بند پیش زاغ بنہ

جگر تفتہ ۔ عاشق زار ۔ دل جلا ۔

جگر جگر است و دگر دگر ۔ اپنے پھر بھی اپنے ہوتے ہیں اور غیر غیر ہی رہتے ہیں ۔

اپنا نیت کر پرایا ڈھینگر

جگر خراش ۔ نہایت دل سوز بات ۔

جگر خوردن ۔ خون جگر پینا غمگین ہونا ۔

جگر داشتن ۔ حوصلہ رکھنا ۔ ہمت نہ توڑنا ۔

جگر داری ۔ حوصلہ ۔ ہمت ۔ دلیری

جگر سفید ۔ پھیپھڑا

جگر سیاہ ۔ کلیجہ ۔

جگر گوشہ ۔ بیٹا ۔ فرزند دلبند ۔

جگر نگافتن ۔ نہایت تکلیف دہ

بات جو کلیجہ پھاڑ دے۔
جگرک -۱- مسہ گوشت -۲- پھیپھڑا - کلیجی - دل تلی اور گردے وغیرہ -
جگرکی - مسہ گوشت بیچنے والا -

ج - ل

جَلّ -۱- بزرگ -۲- باعظمت -۳- نیز ایک خوشنما پرندہ - (لارک)
جَلّ جلالہٗ - اس کی عظمت بہت بڑی ہے - خداوند تعالیٰ کو کہتے ہیں -
جَلّ شانہٗ - اس کی شان بہت بلند ہے یہ بھی خداوند قدوس کے لئے مستعمل ہے
جَلّ و عَلا - خدائے بزرگ و برتر
جُل - گدھے یا گھوڑے کا جھول -
جُل بر گاؤ بستن - کوچ یا سفر کے لئے تیار ہو جانا -
جل پلاس - گھر کا پرانا اور کہنہ سامان اور اسباب -
جُل و کُل - سب کے سب یا بیشتر حصہ (البستاں جُل و کل ازیں جا رفتند)
جلا دادن - چمکانا - روشن کرنا -
جلا وطن - وطن سے نکال دینا - بن باس

جُلّ آب - وہ سبز جھلی جو کھڑے پانی کے اوپر آ جاتی ہے -
جُلاجل - گھوڑوں گدھوں خچروں اور اونٹوں کے گلے میں باندھے جانے والی گھنٹیاں اور ان کا آواز
جلّاد - میرغضب - حکم شاہی سے خونی یا قاتل کی گردن اڑا دینے والا سپاہی۔ کا ہے نہایت سخت بے رحم آدمی کو بھی کہتے ہیں -
جلادت - جوانمردی - بہادری - چستی -
جلّادِ فلک - مریخ -
جلافت - کمینگی - ادنی پن - حماقت کھوکھلاپن - نادانی -
جلالتمآب - صاحب جاہ و جلال عزت مآب
جلب کردن - اپنی طرف توجہ کھینچنا یا گواہوں اور ملزموں کو پیش کرنا -
جلب منفعت - فائدہ حاصل کرنا -
جلبت پُست - کاہل - کمینہ - بے قدر و قیمت -
جلد - جسبت - چالاک - چابک
جلز و ولز -۱- اصرار -۲- الحاح -۳- گڑگڑانا -۴- تیز کباب بھونتے وقت جو صدا پیدا ہوتی ہے -

جِلفت - ۱-کھوکھلا - ۲- نالائق - ۳- احمق مسخرہ۔
جلگہ - چٹیل میدان - ۲- ہموار سطح - مرغزار -
جُلمبار - شہدا لفنگا آدمی -
جُلمبر - ۱- خارکن - ۲- لکڑہارا - ۳- غریب - قلاش -
جلنبر - بدشکل و بدصورت اور اس پر برا لباس بھی پہننے والا -
جلنگ - ۱- گھنٹیوں زنجیروں کی جھنکار ۲- جھینگا مچھلی -
جلو - آگے - سامنے -
جلو افتادن - آگے نکل جانا -
جلو انداختن - آگے دھکیلنا یا آگے لے جانا -
جلو گرفتن - آگا روکنا -
جلو گیری کردن - روک تھام کرنا -
جلوت - ظاہر ہونا - ظہور میں آنا - (خلوت کا الٹ)
جُلوس - بادشاہ کا تخت پر بیٹھنا -
جلو دار - گھوڑے کے آگے دوڑنے والا - جیسے اب گورنر یا حاکموں کی کاروں کے آگے پائلٹ جاتے ہیں -

جلو خان - دروازے کے سامنے کا پلاٹ فراخ و کشادہ پلاٹ -
جَلیلُ القدر - عالی شان والا -
جَلی - ظاہر - آشکارا -
جَلیس - ہمدم - ساتھی - ہم نشین -
جَلیقہ - واسکٹ - صدری -

ج - م

جَم - جمشید کا مخفف ایران یا ستان کا ایک نامور شہنشاہ - مطلق بادشاہ - پاک منزہ - یہ لفظ مختلف لفظوں کے ساتھ آکر مختلف معانی دیتا ہے - مثلاً تخت - باد - وحش، طیور، دیو یا پری کے ساتھ آئے تو مراد حضرت سلیمان علیہ السلام سے ہوگی اور اگر آئینہ یا "سد" کے ساتھ آئے - تو مراد اسکندر سے ہوگی - جام کے ساتھ آئے تو جمشید بادشاہ -
جمادات - جماد کی جمع - وہ اشیاء جن میں نشو و نما یا حس و حرکت نہ ہو - دھاتیں پتھر وغیرہ -
جمادی الاوّل - اسلامی سال کا

پانچواں مہینہ۔
جمادی الثانی یا جمادی الآخر۔ اسلامی سال کا چھٹا مہینہ۔
جمّازہ۔ تیز رفتار اونٹنی
جمال۔ حسن۔ خوب صورتی۔ رعنائی۔
جمّال۔ شتربان
جِمال۔ جمل کی جمع۔ بہت سے اونٹ
جماہیر۔ جمہور کی جمع۔
جمہوری } فضول انسان۔ زبان دراز
جمیوڑی } دخل در معقولات دینے والا۔ ہر بیچ میں ٹانگ اڑانے والا۔
جُمجُمہ۔ سر کی کھوپڑی۔
جِمجمہ شناسی۔ کھوپڑیوں کا علم جاننے والا۔
جَمرہ۔ آگ کی چنگاری
جُمرہ۔ حج میں کنکر پھینکنا۔
جَمعیت۔ آبادی۔ ہجوم۔ گروہ۔
جمعیت خاطر۔ سکون قلب
جمعہ بازار۔ بازار میں جمعہ کے روز جبکہ چھٹی ہوتی ہے۔ خرید و فروخت کرنے والوں کا بے پناہ ہجوم۔
جمّ غفیر۔ بہت بڑا ہجوم۔
جَمل۔ نر اونٹ
جُمل۔ جملہ کی جمع۔ تمام۔ سب۔ فقرہ
لفظوں کا وہ مجموعہ جس سے پورا پورا مطلب سمجھ میں آجائے
جملہ فروشی۔ تھوک مال بیچنا۔
جملہ معترضہ۔ ۱۔ بات سے بات کا نکل آنا۔ ۲۔ وہ بات جو موضوع سے ہٹ کر کی جائے۔ یا خارج از بحث ہو۔
جملگی۔ سب کے سب ہمگی۔ تمام۔
جُمود۔ ٹھٹھر جانا۔ جم جانا۔
جمیع۔ سب کے سب۔ تمام۔
جَمیل۔ حسین۔ خوبصورت۔
جمیلہ۔ خوب صورت عورت

ج - ن

جَن۔ جانب۔ طرف۔ سمت
جِن۔ ۱۔ دیو۔ ۲۔ بھوت پری۔ ۳۔ جو انسانوں کی نظروں سے پوشیدہ ہو۔ یہ آتشی پیدا وار ہے۔
جن زدہ۔ جس پر بھوت پریت کا آسیب ہو۔
جن ہا لنش رفتند۔ غصے کا بھوت اتر گیا
جنات۔ جن کی جمع۔

جَنابَت ۔ ناپاک ہونا۔ غسل کرنے کی حاجت ہونا۔
جَناح ۔ پرندے کے پر یعنی بازو۔ آدمی کے ہاتھ۔ لشکر کے دونوں طرف کے فوجی دستے۔ گوشہ۔
جَناحَین ۔ دونوں بازو۔ لشکر کا دایاں بازو اور بایاں بازو
جِناں جنت کی جمع بہشتیں۔ فردوس۔
جِنایَت ۔ گناہ کرنا۔ جرم کرنا۔
جِنایَت کردن ۔ کسی بُرے کام کا مرتکب ہونا۔ ایسا جرم جس کی سزا یا سزائے موت ہو یا عمر قید و حبس دوام۔
جِنایَت کار ۔ رجوع کریں جانی
جُنب ۔ پہلو۔ کنارہ۔ طرف۔
جُنبانیدن ۔ ہلانا۔ حرکت دینا۔
جُنباندن ۔ رجوع بہ ما قبل۔
جُنب خوردن ۔ ہلنا۔ دھکا لگنا۔ دھچکا لگنا۔
جُنبش ۔ حاصل مصدر از جنبیدن۔ حرکت دھکا۔
جنبش آبا ۔ سات سیاروں کی حرکت و گردش۔
جُنبیدن ۔ حرکت کرنا۔ ہلنا۔

جُنبہ ۔ طرف۔ پہلو۔ نظریہ۔
جنبہ داری ۔ طرفداری۔ حمایت۔
جَنّت ۔ فردوس۔ بہشت۔
جنّت آشیانی | **جنّت مکانی** | **جنت مکان** — نہایت متقی نیک اور پرہیز گار۔ مرحوم۔ عموماً بادشاہوں۔ شہزادوں کے لئے استعمال کرتے ہیں۔
جنجال ۔ ہیاہو۔ شور و غوغا۔ ریل پیل
جندک ۔ پسیہ
جِندہ ۔ فاحشہ عورت۔ بدکار عورت۔
جندہ خایہ دار ۔ نہایت ہی بدقماش اور فاحشہ عورت۔
جُندی ۔ سپاہی۔ فوجی آدمی۔
جَنرال ۔ جرنیل۔
جنرال کونسل ۔ کونسل جنرل۔
جِنسیّت ۔ قومیت۔ شہریت۔ نسل۔
جنگ آوردن ۔ لڑنا۔ جھگڑنا ۔ ؎
آنکہ جنگ آرد بخون خویش بازی می کند
روز میداں آنکہ بگریزد بخون لشکری
جنگ آزمودہ ۔ تجربہ کار سپاہی
جنگ اوّل کشتہ شد ۔ جب کوئی

بات پرانی ہوجائے تو بولتے ہیں کہ اس بات کو تو مدت ہوئی۔ وہ بات تو آئی گئی ہوگئی ہے۔
جُنگاہ۔ میدانِ جنگ۔
صفِ جنگاہ میں مردانِ خدا کی تکبیر
جنگ دو سردارد۔ جنگ کے دو نتیجے ہوتے ہیں۔ فتح یا شکست۔
جنگ ساختگی۔ مصنوعی جنگ
جنگ زرگری۔ ظاہر میں جنگ باطن میں دوستی۔ جسے عرف عام میں "نورا کشتی" کہتے ہیں۔
جنگ دگریز۔ گوریلا لڑائی۔
جنگ سگالی۔ لڑائی پہ آمادہ
جنگ مولی۔ درویشوں کا ایسا گروہ جس میں بھانت بھانت کے لوگ جمع ہوں۔
جنگولک بازی۔ بچگانہ لڑائی۔ بے سروپا کام
جنگیدن۔ لڑنا۔ جنگ کرنا۔
جنم۔ قابلیت۔ اہلیت۔ سرشت جنس
جُنود۔ فوجیں۔ لشکر۔
جُنودِ کبریا۔ خدائی لشکر۔ فرشتے۔
جُنون۔ سودا۔ دیوانگی۔

جنون ادواری۔ جس مرض جنون میں دورے پڑتے ہیں کبھی ٹھیک اور کبھی پھر دورہ۔
جُنونی۔ خبطی۔ پاگل۔ دیوانہ
جُنید۔ بغداد کے ایک کامل ولی اللہ اور عارف باللہ۔ بغداد ہی میں مدفون ہیں۔ ؎
شوکت سنجر و سلیم تیرے جلال کی نمود
فقر جنید و بایزید تیرا جمال بے نقاب
ع نفس گم کردہ می آید جنید و بایزید ایں جا
جَنین۔ جو بچہ ابھی شکم مادر میں ہو۔

ج ۔ و

جَو۔ ایک غلہ۔ شعیر
جو۔ ندی۔ نالہ۔
ع بوئے جوئے مولیاں آید ہمی
جواب دادن۔ حاضر جواب ہونا۔ تردید کرنا۔
جواب باصواب۔ نہایت مناسب جواب
جواب جاہلاں باشد خموشی۔
جاہلوں سے بحث میں الجھنے سے مزید خرابی پیدا ہوتی ہے۔ چپ ہی بھلی۔

اسی میں سلامتی ہے۔

جوابِ تُرکی بہ تُرکی ۔ ۱۔ اینٹ کا جواب پتھر ۔ ۲۔ نہلے پہ دہلا۔

جوابِ خالی ۔ ٹکا سا جواب۔

جوابِ زور بہم زور می دہد ۔ اینٹ کا جواب پتھر سے دینا چاہیے۔

جوابِ شافی ۔ نہایت موزوں جواب

جواب نداشتن ۔ لاثانی و بے نظیر ہونا۔

جَوّاد ۔ بخشش کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام۔

جوار ۔ ہمسائیگی ۔ ۲۔ پڑوس (ایران و پاکستان دو مملکت ہم جوار اند)

جواز داشتن ۔ جائز ہونا۔ روا ہونا۔

جوازِ عبور ۔ پروانہ راہداری۔ لائسنس۔

جوازِ مجانی ۔ فری پاس۔ کھیلوں یا سینما وغیرہ میں جو بلا قیمت ٹکٹ دیے جاتے ہیں۔

جواسیس ۔ جاسوس کی جمع۔ مخبری کرنے والے۔

جوال ۔ بوری۔ تھیلا۔

جوال دوز ۔ بوری سینے والا سُوا۔

جوال رفتن ۔ (با کسی) کسی سے لڑائی مول لینا۔

جوّالہ ۔ گرد گھومنے والا۔ چکر کھانے والے (شعلہ جوالہ)

جَوامع ۔ جامع کی جمع۔ سب اور تمام (جوامع الحکایات۔ جوامع اللغات)

جَوامعُ الکلم ۔ قرآن شریف۔

جَوانِب ۔ جانب کی جمع۔ اطراف و جوانب۔

جواں بخت ۔ خوش نصیب۔ جس کا نصیبہ یاور ہو۔

جواں مرگ ۔ عالم جوانی میں مرنے والا۔ ع۔ گفت عرفی جوانا مرگ شدہ

جُوانہ ۔ موسم بہار کی پہلی کونپل۔ شگوفہ۔

جوانہ زدن ۔ بہار کی آمد پر درختوں میں پہلی کونپل کا پھوٹنا (درخت ہا جوانہ زدند)

جوانی کجائی ۔ جوانی کے وہ ولولے کہاں گئے۔

جوانغار و برنغار ۔ فوج کا دایاں اور بایاں بازو۔

جوانی و ہزار رحم خم ۔ جوانی میں لوگ ہزار قسم کی آرائش و زینت کرتے ہیں۔

جواہر نگار ۔ ۱۔ مرصع ۔ ۲۔ جڑاؤ ۔ ۳۔

نہایت خوشخط کاتب

جَوائِز۔ ۱۔ جائز کی جمع۔ ۲۔ انعامات۔ ۳۔ عطیے۔ تحفے۔

جُوجہ۔ چوزہ۔ مرغی کا بچہ۔

جوجہ را بابد در پائیز شمرد۔ بہار کے آغاز میں نکلوائے ہوئے مرغی کے چوزوں کا شمار یا گنتی کہیں خزاں میں کرنی چاہیئے۔ جب وہ پرورش کے سب مرحلے طے کر جائیں۔ کیونکہ آفات سماوی یعنی چیل کوّے لے جاتے ہیں۔ پھر زمینی دشمن کتا۔ بلی کھا جاتے ہیں۔ اور کچھ ہی پروان چڑھتے ہیں۔

جُوجہ فکلی۔ ننھا بچہ جو نکٹائی وغیرہ باندھ کر فیشن ایبل بنا پھرے۔

جُوجہ گرفتن۔ مرغی کے بچے نکلوانا۔

جُود۔ بخشش۔ سخاوت۔

جُودت۔ عمدگی۔ خوبی۔ نیکی۔

جُودی۔ اس پہاڑ کا نام جس پر حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی جا کر لگی تھی۔

جُور۔ ہموار۔ مانند۔ طرح۔ مثلاً چہ جُور؟ کس طرح۔ ایں دو نا باہم جور شد۔ یکساں ہو گئے۔

جور آمدن } موزوں ہونا۔ مطابق ہونا۔
جور در آمدن }

جور کردن۔ جنس بندی کرنا۔ درجہ بدرجہ کرنا۔ ایک جیسا کرنا۔

جور بجور۔ طرح طرح کے۔ متفرق۔

جَور۔ ظلم۔ ستم۔ زیادتی۔

جور کشیدن۔ ستم سہنا۔

جوز۔ اخروٹ۔

جَوزا۔ آسمان میں تیسرے برج کا نام گوسفند۔

جوز بر گنبد۔ لغو لیے ہودہ کام

جوزِ ہندی۔ ناریل

جَوسَق۔ محل۔ کوشک۔ بالاخانہ۔

جوشش۔ اُبال۔ تیزی۔ مستی۔ شہوت۔ حرارت۔ حبِ الٰہی کا غلبہ۔

جوش آمدن۔ اُبلنا۔ اُبال آنا (مثلاً دیزی جوشش آمدہ یعنی ہنڈیا اُبل گئی)

جوشاندہ۔ کاڑھی ہوئی یا جوش دی ہوئی دوائی۔

جوش آوردن۔ غصہ دلانا۔ اشتعال دلانا۔

جوش جوانی۔ جوانی کی مستی و جذبہ۔

جوش خوردن۔ غصے میں آنا۔

جوشش دادن - ویلڈنگ کرنا۔
جوشش زدن - جوش میں آنا۔ گرجنا۔
جوشن - زرد بکتر۔ جنگی لباس۔
جوع - بھوک۔ گرسنگی۔
جوع البقر - ۱- بقر بمعنی گائے گائے کی بھوک - ۲- ایک بیماری کا نام ہے جس میں آدمی سب کچھ کھانے کے باوجود بھی بھوک محسوس کرتا ہے۔
جو فروش گندم نما - منافق - دغاباز
جوق جوق - گروہ در گروہ - ٹولیوں کی شکل میں۔
جو گندم - کھچڑی داڑھی - آدھی کالی آدھی سفید۔
جولانگاہ - گھوڑ دوڑ کا میدان۔
جولقی - گدڑی پوش درویش۔
جونہ - رجوع بہ جوانہ زدن۔
جوہر - ۱- مروارید - ۲- موتی - ۳- نچوڑ - ۴- خلاصہ - ۵- روح - ۶- وہ جز جو قائم بالذات ہو۔
جوہر اول - حضرت جبرائیل علیہ السلام
جوہر ثانی - عقل۔
جوہر دار - چمکدار - ہنر مند

جویا - جوئندہ متلاشی -
جوئبار - ندی (ع - ہوائے خنک می وزد زسوی جوئبارہا)
جویدن - دانتوں سے چبانا -
جوین - (ی ن نسبتی ہے) جو کی بنی ہوئی غذا - ھ

جسے نانِ جوین بخشی ہے تو نے
اسے بازوئے حیدر بھی عطا کر

جوینده یابنده - جس ڈھونڈا تس پایا -
جوی شیر آوردن - نہایت مشکل کام کرنا - ویسے پس منظر میں اس کے تلمیح ہے - جوی شیر سے مراد وہ نہر ہے جو شیریں کے حکم سے اس کے عاشق زار فرہاد نے کوہ بے ستون کاٹ کر بنائی تھی جس میں اوپر والے مرغزار سے تازہ دودھ بہہ کر نیچے شیریں کے محلوں میں جایا کرتا تھا - ھ

کاو کاو سخت جانیہای تنہائی نہ پوچھ
صبح کرنا شام کا لانا ہے جوئے شیر کا

ج - ہ

جِہات - جہت کی جمع - طرفین - اطراف -
جِہاتِ اصلی - شمال - جنوب - مشرق مغرب -
جِہاتِ ستّہ - مشرق - مغرب - شمال - جنوب - اوپر - نیچے -
جِہاد - جہد کردن - دین اور حق کی راہ پر لڑنا -
جِہادِ اصغر - کفار سے لڑنا -
جِہادِ اکبر - نفسِ امارہ سے لڑنا - نفس کشی کرنا -
(بڑے موذی کو مارا نفسِ امارہ کو گر مارا)
جِہار - آشکارا - عیاں - ظاہر - زد بہ دیں سنا
جَہاز - ۱ - دلہن کا جہیز - ۲ - بہت بڑی کشتی - ۳ - مسافر کا سامان -
جہازِ صحرا - اُونٹ - شتر
جُہّال - جاہل کی جمع - ان پڑھ
جَہاں آرا - ۱ - دنیا کو آراستہ کرنے والا - ۲ - چاند - ستارے - سورج
۳ - گاہے کا لقب -
جہان آفرین - خداوند تعالےٰ -
(ع - بنام خدائے جہاں آفرین)
جہاں پناہ - اضافت مقلوب - پناہِ جہاں - مراد بادشاہ وقت ہے
جہاندار - بادشاہ -
جہاں دیدہ - تجربہ کار - سیاح -
جہاں دیدہ بسیار گوید دروغ - جس نے جتنی زیادہ دنیا دیکھی ہوگی اتنا ہی گھاگ ہوگا -
جہاں را بامید خوردہ اند - دنیا بہ اُمید قائم - جب تک سانس تب تک آس -
جُہاں گرد - سیاح -
جہاں کشا - فاتح -
جہاں نُما - دُنیا کا نقشہ
جَہانیدن - اچھالنا -
جَہد - سعی - کوشش -
جُہلا - جاہل لوگ -
جِہلِ بسیط - خالص نادانی بیوقوفی - یعنی ایسا آدمی جو حقیقت سے ناآشنا ہو اور جانتا ہو کہ وہ ناآشنا ہے -
جِہلِ مُرکّب - جہالت کا گھُپ اندھیرا کہ نہ جاننے کے باوجود بھی دعوے

رکھے۔
جَہنّم ۔ دوزخ ۔
جَہُود ۔ یہودی ۔ حضرت موسیٰ کی قسم
جَہُود خُون دیدہ ۔ نہایت کم حوصلہ آدمی جو تھوڑی سی تکلیف پر بلبلا اُٹھے ۔
جَہُول ۔ سخت ۔ بے وقوف ۔
جَہیدن ۔ اچھلنا ۔ کُودنا ۔

ج ۔ ی

جیب ۔ کیسہ ۔
جیب بُر }
جیب تراش } کیسہ تراش
جیبش را تار عنکبوت گرفتہ ۔ اس کے پاس پھوٹی کوڑی تک نہیں بالکل قلاش ۔
جَیِّد ۔ خوب ۔ نیک
جیر دبر ۔ شور و غل
جیر ۔ صابر کے بوٹ ۔
جیر جیر ۔ گرگٹ ۔
جیران ۔ ہمسایہ ۔
جیرہ ۔ راشن ۔ راتب ۔ رسد
جیرہ بندی ۔ غلہ ۔ کھانڈ یا دیگر اشیاء خوردنی دپوشیدنی کا راشننگ ہونا ۔
جیرہ خوار ۔ نوکر ۔ ملازم ۔ نمک پروردہ ۔
جَیش ۔ سپاہ ۔ لشکر ۔
جیغ زدن ۔ داد فریاد کرنا ۔ چیخ وپکار کرنا
جیغ جیغ کردن ۔ چوں چوں کرنا ۔ پرندوں کا چہچہانا ۔
جیفہ ۔ مردار ۔ لاشہ ۔ مال دُنیا ۔
جیک ۔ پرندوں کی آواز ۔
جیک جیک ۔ چہچہانا ۔

چ

چ ۔ ا

چابک ۔ ۱ ۔ چست ۔ ۲ ۔ چالاک ۔ ۳ ۔ پھرتیلا ۔ ۴ ۔ کوڑا ۔ تازیانہ ۔
چابک دست ۔ ہاتھ کا کام کرنے میں ماہر ۔
چابک سوار ۔ ۱ ۔ یکہ سوار ۔ ۲ ۔ گھوڑوں کو سدھانے والا بہترین سوار ۔
چابک زدن ۔ ۱ ۔ کوڑا مارنا ۔ ۲ ۔ کام کی ترغیب دینا ۔

چاپ - ۱- چھپائی - ۲- چھپوائی - ۳- چھاپہ - طباعت نیز ۴- دھوکا - فریب -
چاپ کردن - چھاپنا -
چاپ زدن - دھوکا دینا - فریب دینا
چاپ شدن - چھپنا -
چاپیدن - لوٹنا - دھوکا دینا - فریب دینا -
چاپار - ڈاک -
چاپار خانہ - ڈاک خانہ - پوسٹ آفس
چاپخانہ - چھاپہ خانہ - پریس -
چاپلوس - خوشامدی - جی حضوریہ - ٹوڈی -
چاپی - چھپا ہوا - (اُلٹ ہے خطی کا) نسخہ چاپی - نسخہ خطی - نیز جعلی - نقلی - جیسے خوراک ہائے چاپی وہ غذائیں جن میں ملاوٹ ہو -
چاچ - صاف کئے ہوئے غلّے کے ڈھیر - نیز خوشامدی - ٹوڈی بچہ نیز ترکستان میں ایک شہر کا نام -
چاچول باز - خوشامدی - نیم حکیم -
چاچی (کمان) چاچ کا رہنے والا - اور چاچ کی بنی ہوئی بہترین کمان

چاخان - چاپلوس - خوشامدی جی حضوریہ
چادر - بُرقعہ - اوڑھنی - دوپٹہ - خیمہ -
چادرِ احرام - وہ سفید چادر جو حاجی لوگ حج کے وقت باندھتے ہیں -
چادر رختِ خواب - بستر بند - ہولڈ آل
چادر زدن - خیمہ گاڑنا -
چادر قلعہ زن است - بُرقعہ عورت کی پناہ ہے - برقعہ پوش خواتین سے لوگ شوخی سے بات نہیں کر سکتے
چادر بر کشیدن - برقعہ اوڑھنا - دوپٹہ سر پر لینا -
چادر نشین - خانہ بدوش - صحرا نشین
چادر نماز - جانماز - مصلّیٰ
چار پہلو - جس بات کے بہت سے پہلو نکلتے ہوں - مبہم - ذومعنی بات
چار پہلو شدن - ٹھونس کر کھا لینا - اور پیٹ پھٹنے کو آنا -
چار تکبیر زدن - ۱- کسی چیز یا شے کو ہمیشہ کے لئے ترک کر دینا - ۲ - چار تکبیر سے مراد جنازے کی تکبیریں - محاورۃً تین طلاق دینا -

چار جہت - چاروں کونٹ - مشرق مغرب - شمال - جنوب

چار جوہر - ۱ - اربعہ عناصر - ۲ - آگ - مٹی پانی اور ہوا - جن سے کائنات کی تخلیق ہوئی ہے -

چار چار زدن - واہی تباہی بکنا - لغو باتیں کرنا - بے پر کی اڑانا - لغویات

چار چوب - پھاٹک یا دروازے کا چوکھٹا جس میں دروازہ لگایا جاتا ہے -

چار دانگ - ۱ - چاروں کونٹ - ۲ - نیز دانگ یعنی ½ دو تہائی -

چار دوال - بیلوں کو ہانکنے والا ڈنڈا جس میں نیز لوہے کی میخ لگی ہوتی ہے

چار راہ - چوراہا - چوک -

چار زانو نشستن - دو گھٹنے ٹیک کر درزیوں کی طرح بیٹھنا -

چار سالگی - چار سال کی عمر یا زنقہ

چار ستون بدن درست بودن ۱ - سب اعضا کا ٹھیک ٹھاک کام کرنا - ۲ - عین صحت - چاق چوبند -

چار سو } چوراہا - چوک جہاں چار
چار سوق } سڑکیں آکر ملتی ہیں -

چار شانہ - موٹا تازہ - چوڑا چکلا -

چار طوفان - مراد وہ چار طوفان جو پیغمبروں کے وقتوں میں اس کی نافرمان امتوں پر آئے - پہلا حضرت نوح کے زمانہ میں طوفان نوح - پانی کا طوفان پھر حضرت لوط علیہ السلام کے زمانہ میں پتھروں اور آگ کا طوفان پھر حضرت ہود علیہ السلام کے زمانہ میں آندھی اور حضرت صالح علیہ السلام کی امت نافرمان پر مٹی کا طوفان -

چار عنصر - آگ پانی مٹی اور ہوا -

چار قد - دوپٹہ - اوڑھنی -

چارک آشنا ہشت سیراست - محاورہ ہے کہ یار آئیں اور چھچھڑے پکائیں -

چار مادر - آگ - پانی - مٹی - ہوا - اربعہ عناصر -

چار میخ کردن } شکنجہ میں کس دینا -
چار میخ کشیدن } جسم میں میخیں گاڑ گاڑ کر جان سے مار دینا -

چار مرغ خلیل - وہ چار پرندے یعنی کبوتر - مرغ - مور اور کوا جنہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ذبح کر کے پہاڑی پر پھینک دیا تھا - اور جو پھر ان کے بلانے پر زندہ سلامت

اٹھ کھڑے ہوئے۔ یہ قرآنی تلمیح ہے۔
چاروا۔ باربردار جانور۔ گدھا۔ خچر۔
چاروادار۔ گدھوں والا۔ غیر مہذب۔
چاروناچار۔ مجبوراً۔
چارہفت۔ چار معنی اربعہ عناصر۔ یعنی آگ۔ پانی ہوا اور مٹی۔ جن سے کائنات وجود میں آئی۔ اور جمادات نباتات حیوانات بنے۔
جیسے (چار بودم سہ شدم ہمہ اکنوں دوام)
ہفت سے مراد سات سیارے۔ مریخ۔ زحل۔ عطارد۔ زہرہ شمس قمر اور مشتری ہیں۔
چارہ۔ علاج۔ مداوا۔ درمان
چارہ پرداز۔ معالج۔ مداوا کرنے والا۔ نیز چارہ گر۔ چارہ ساز۔
چارہ پذیر۔ قابل تدارک۔ قابل علاج
چارہ ناپذیر۔ ناقابل تدارک
چہ چارہ؟ اس کا علاج۔
چارہ کردن } مداوا کرنا۔
" شدن } چارہ جوئی کا ہونا۔
چارک } ایک چوتھائی۔ رُبع
چاریک } ¼ حصہ
چاشت۔ ۱۔ کوئی صبح نو دس بجے کا عمل
۲۔ ناشتہ صبحانہ۔
چاشت خوردن۔ ناشتہ کھانا۔
چاشتی صبح۔ صبح کی روشنی۔ پو پھٹنے کی سفیدی۔
چاشنی۔ خمیر کرنے کے لئے ترشی۔
چاق۔ ۱۔ چست۔ ۲۔ چالاک۔ ۳۔ تندرست۔
دماغ تاں چاق است؟ آپ کا مزاج تو ٹھیک ہے۔
چاق کردن۔ تیار کرنا۔
چاق وچلہ۔ ہٹا کٹا۔ موٹا تازہ۔
چاقو دستہ کردن۔ ۱۔ سر بگریبان ہونا۔ ۲۔ پاؤں کے بل بیٹھنا۔
چاقو بے دستہ ساختن۔ ۱۔ جھوٹ بولنا۔ ۲۔ غلط بیانی کرنا۔ ۳۔ دھوکا دینا۔
چاقو دستہ خود را نبرّد۔ اپنے پھر بھی اپنے ہوتے ہیں۔ وہ نقصان پہنچانے وقت دریغ کرتے ہیں۔
چاقوکش۔ ۱۔ شریر و بدفطرت آدمی۔ ۲۔ بدکار و گنہ گار انسان۔
چاقی۔ موٹا تازہ۔ گول مٹول۔
چاک داشتن۔ ۱۔ پھٹے ہوا ہونا۔ نیز ۲۔ صبح کی سفیدی۔ ۳۔ دریچہ۔ ۴۔

۴-تیار۔

چکاچاک - تلواروں کی جھنکار

چاک چاک - بری طرح پھٹا ہوا پارہ پارہ۔

چاکاندن - پھاڑنا۔

چاکر بودن - نوکر ہونا۔ بندہ فرماں بردار۔

چاک دہن را جر دادن - کسی کا جبڑا پھاڑ دینا۔

چال - ۱-گڑھا-۲-نشیب-۳-سوراخ نیز-۴-جلاہے کی کھڈی۔

چال شدن - زمین میں دھنسنا۔

چال کردن - ۱-زمین میں گاڑنا-۲-دفن کرنا-۳-زمین کو کھودنا۔

چال وچول - ۱-نشیب وفراز-۲-ناہموار زمین-۳-اونچی نیچی جگہ۔

چالہ - گڑھا۔

چالیش - ناز وادا سے مٹک مٹک کر چلنا۔

چالیک - گلی ڈنڈا۔

چامہ - شعر۔موزون کلام۔غزل

چامہ دان - فصیح۔

چانہ - ٹھوڑی۔

چانہ انداختن - مرجانا۔

چانہ زدن - مول تول کرنا جھگڑنا۔

چانہ گرم شدن - خوب باتیں کرنا۔

چاووش - ۱-نقیب-۲-کارواں زوّار کے آگے آگے چلنے والا۔

چاووشی خواندن - زائرین کے کارواں کے ساتھ ہیجان انگیز اشعار پڑھنا۔

چاہ - کنواں۔

چاہِ بابل - بابل کے مقام پر ایک کنواں جس میں بعض کے مطابق ہاروت اور ماروت دو فرشتے قید ہیں۔

چاہ بیداد - نہایت گہرا کنواں۔

چاہ بیژن - وہ کنواں جس میں شاہنامہ فردوسی کے مطابق افراسیاب نے بیژن کو قید کر دیا تھا۔

چاہِ زنخدان
چاہِ زنخ
چاہِ ذقن
} ٹھوڑی میں جو گڑھا ہوتا ہے جسے چاہ غبغب بھی کہتے ہیں اور جو حسن وجمال کی علامت سمجھا جاتا ہے۔

چاہ قنات - کاریز

چاہ کن - ۱-کسی کے لئے کنواں کھودنے والا-۲-ظالم-ستمگر

چاہ کن را چاہ درپیش - جیسا کرو گے

واپسا بھر دگئے۔

چاہ مکن کہ خود افتی ۔ دوسروں کے لئے کنواں کھودنے والا خود ہی اس میں گر جاتا ہے۔

چاہِ نخشب ۔ ایک کنوئیں کا نام جس میں سے حکیم ابن مقنع کا سائنس کے ذریعہ سے تیار کیا ہوا چاند جسے ماہِ نخشب کہتے ہیں۔ روزانہ رات کو نکلتا تھا۔

چاہ نسیاں ۔ ویران کنواں

چاہِ یوسف ۔ کنعان سے چند میل کے فاصلہ پر وہ کنواں جس میں حضرت یوسف علیہ السلام کو ان کے بھائیوں نے ڈال دیا تھا۔

(آ رہی ہے چاہِ یوسف سے صدا)

چائیدن ۔ سردی لگ جانا۔ سرما خوردگی

چای خوردن ۔ چائے پینا۔

چای دم کردن ۔ چائے بنانا۔

چای صاف کن ۔ وہ چھلنی جس میں چائے کی پتی کو چھانٹ لیا جاتا ہے۔

چایمان ۔ سرما خوردگی۔ زکام۔

چ ۔ پ

چپ ۔ ۱ ۔ بایاں ۔ ۲ ۔ بائیں طرف ۔ ۳ ۔ مخالف ۔ ۴ ۔ ٹیڑھا ۔ ۵ ۔ ناموافق ۔ نیز ۶ ۔ دغا اور فریب۔

چپ افتادن ۔ مخالف ہونا۔ مخالفت کرنا۔

چپ اندر راست (زخم) × ضرب کی قسم کی جیسا زخم۔

چپاول ۔ لوٹ مار۔ غارت گری

چپ بودن ۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے کا عادی ہونا۔ نیز بائیں بازو کی سیاسی جماعت سے تعلق ہونا۔

چپ چپ نگاہ کردن ۔ قہر آلود نگاہوں سے دیکھنا۔ غصے بھری نگاہوں سے دیکھنا۔

چپ دادن ۔ دھوکا دینا۔

چپ دست ۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا

چپ شدن ۔ باغی ہونا۔

چپر ۔ چھپر

چپ و راست ۔ دایاں اور بایاں

(با ہر کہ راست آید چپ در راست آید)

چپاتہ ۔ چپٹا ۔ چٹیٹ

چپاتی ۔ پھلکا ۔ ہلکی سی روٹی۔

چپ انداز۔ بائیں ہاتھ سے پھینکنے والا۔
۲۔ تیز دھوکے باز۔ ۳۔ فریبی۔ مکار
جعل ساز
چپاول کردن۔ لوٹ مار کرنا۔ غارتگری کرنا
چپوق۔ پائپ۔
چپوق کشیدن } پائپ پینا۔
چپوق کِشیدن
چپو شدن۔ لُٹ جانا۔
چپو کردن۔ لوٹنا۔ غارت کرنا۔
چپوچی۔ غارت گر۔

چ۔ ت

چتر۔ چھتری۔
چتر آبگون۔ آسمان
چتر باز۔ چھتری کے ذریعے کودنے والا۔
چتر زریں۔ سورج۔
چتر عنبریں۔ رات۔
چتر ہوائی۔ پیراشوٹ۔

چ۔ خ

چخ۔ ۱۔ کُتّے کو دور ہانکنے کی آواز (دُر دُر)
۲۔ لڑائی۔ جھگڑا۔
چخاچخ۔ تلواروں کی جھنکار
چخماتش۔ بمعنی چقماق۔ آگ جلانے والا پتھر۔
چخیدن۔ لڑنا۔ کوشش کرنا۔
چاپلوسی کرنا۔

چ۔ ر

چرا۔ ۱۔ چراگاہ۔ ۲۔ چرنا۔
(شب چرا۔ وہ میوے جو سونے سے پہلے کھاتے ہیں۔)
چران۔ چرانے والا۔
چراخور۔ چراگاہ۔
چراندن۔ گائے بھینسوں کا چراگاہ یا وادی میں چرنا۔
چراغ۔ ۱۔ دیا۔ ۲۔ بتی۔ ۳۔ لیمپ۔ ۴۔ موکل۔ ۵۔ گرو۔ ۶۔ پیر و مرشد۔
۷۔ روشنی۔
چراغ از دم کشتن۔ دیئے کو پھونک مار کر بجھانا۔
چراغ آسمان۔ سورج۔ چاند۔ چاندنی
چراغ اللہ۔ درویش کو خدا کی راہ میں

نذر نیاز دینا۔ عامیانہ میں سادہ لوح انسان کو بھی کہتے ہیں۔ جیسے ہم کہتے ہیں اللہ میاں کی گائے۔

چراغ بحر ۔ لائٹ ہاؤس یمندر میں روشنی کا مینار

چراغاں ۔ سزا کی ایک قسم ۔ سر میں چھید کر کے بتیاں جلانا ۔ دیپ مالا۔

چراغاں کردن ۔ کسی خوشی، مسرت یا جشن کے موقع پر بتیاں جلانا۔

چراغ پا ۔ ۱۔ گھوڑے کا اگلے پاؤں اٹھا کر کھڑے ہو جانا ۔ ۲۔ سیخ پا ہونا ۔

چراغ پایہ ۔ چراغدان ۔ شمعدان

چراغ پیش آفتاب ۔ ۱۔ نہایت حقیر سا تحفہ یا ہدیہ ۔ ۲۔ محاورۃً جوہریوں کے بازار میں سیپی ۔ ؎

بر اہل زباں ایں ارمغانی
چراغی ہست پیش آفتابی

چراغ چشم ۔ بیٹا ۔ آنکھوں کا نور ۔ دل کا سرور۔

چراغ خاموش کردن ۔ دیا بجھانا

چراغ خانوادہ را کور کردن ۔ آبائی گھر کا ویران کرنا ۔ نسل اولاد کا نہ ہونا ۔

چراغ خواستن ۔ خیرات مانگنا ۔

چراغ دادن ۔ ہدیہ یا خیرات دینا ۔

چراغ دروغ را فروغ نباشد ۔ جھوٹ کی بیل منڈھے نہیں چڑھتی ۔

چراغ را روشن کردن ۔ دیا جلانا ۔

چراغ را روشن داشتن ۔ آبائی گھر کو ماں باپ کے بعد بھی آباد رکھنا ۔

چراغ سپہر ۔ سورج ۔ چاند ۔ ستارے ۔

چراغ سحر ۔ صبح کا ستارہ ۔ سورج ۔ نیز عمر کے آخری حصے میں ہونا ۔

ع چراغ سحر ہوں بجھا چاہتا ہوں

چراغ سحری ۔ قریب المرگ ہونا ۔ نہایت عمر رسیدہ ہونا ع ۔

کیا یار بھروسہ ہے چراغ سحری کا ۔

چراغ طور ۔ تجلی طور، جو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کوہ طور پر دیکھی

چرا کاری کند کہ باز آید پشیمانی ۔ ایسی کرنی مت کرو جو کر کے پچھتاتے ۔

چراغ کسی تا سحر نمی سوزد ۔ ۱ ۔ دھن دولت آنی جانی ہے ۔ ۲ ۔ دن ہمیشہ یکساں نہیں رہتے ۔

چراغ کذب را نبود فروغی ۔ رجوع چراغ دروغ

چراغ گاز - گیس کا لیمپ
چراغ گل کردن - دیا بجھانا -
چراغ مزار - وہ دیا جو قبر پر جلایا جائے
چراغ مفلس - بے نور - مدھم روشنی
چراغ نذر - بزرگوں کے مزار پر جو چراغ بطور منت یا نذر کے چڑھائے جاتے ہیں -
چرب - ۱ - موٹا - ۲ - چکنا - ۳ - مرغن - غالب -
چرب آخور - عیش و عشرت اور نعمتوں میں پلنے والا انسان -
چرب دادن - غالب آنا -
چرب دست - ماہر - ہنرمند
چرب زبان - چکنی چپڑی باتیں کرنے والا -
چرب زبانی کردن - چاپلوسی کرنا -
چرب سخن دوم جادو است - شیریں زبانی ایک چلتا ہوا جادو ہے میٹھی زبان سے سب رام ہو جاتے ہیں -
چرب کردن - چربی ملنا - مالش کرنا -
چرب و خشک - برا بھلا - سب کچھ -
چرب و نرم - لذیذ - خوش ذائقہ اور عمدہ
چربیدن - غالب آنا - (بالآخر تعارف ایرانی بر تعارف پاکستانی چربید)

چرت - اونگھ - ہلکی
چرت زدن - اونگھ آنا - نیم خواب اور نیم بیداری کی حالت -
چرتکہ - بڑی بڑی دو کانوں پر حساب کرنے کے لئے ایک فریم جس میں گولیاں پروئی ہوتی ہیں - جس کے ذریعے جلدی گنا جا سکتا ہے -
چرت گفتن - یاوا گوئی - واہی تباہی ہانکنا -
چرت و پرت - لغویات - واہیات بکواس -
چرنی - بیٹکی -
چرتیدن - رجوع کریں بہ چرت زدن -
چرچیدہ - میوہ خشک - آچیل - ڈرائی فروٹ -
چرخ - ۱ - آسمان - ۲ - گریبان - ۳ - کمان - ۴ - چکر
چرخی - ۱ - رقص - ۲ - طاق - ۳ - ایک پرندہ - ۴ - پہیہ - ۵ - بیلن - ۶ - دائرے میں حرکت - ۷ - گنبد - ۸ - قسمت - ۹ - روزگار -
چرخاب - بھنور -
چرخ انداز - رہٹ -

چرخاندن - گھمانا۔
چرخ پا - سائیکل یا ٹرائی سیکل ۔
چرخ خرمن - پھلے ۔
چرخشت - چوس (رس) نکالنے والی مشین۔
چَرخ خوردن - گھومنا - چکر کھانا۔ چکرانا۔
چَرخ خیاطی - درزی کی مشین
چَرخ دادن - گھمانا
چَرخ دُولابی - آسمان - رہٹ
چَرخ ریسک - ۱ - جھینگر - ۲ - چھوٹا سا جانور جو اکثر چیختا چلاتا رہتا ہے
چَرخ زدن - اپنے گرد گھمانا - چکر باندھنا۔
چَرخ کبُود - آسمان ۔
چَرخ کسی را چنبر کردن - سخت اذیت دینا۔
چرخوک - لٹو۔
چرخی زدن - خوشی سے ناچنا ۔ بھنگڑا ڈالنا۔
چُرده - سیاہ چہرہ - سرمئی رنگ - رنگت۔
چرس کشیدن - بھنگ کو حقہ کے تمباکو یا سگریٹ میں ملا کر پینا۔
چرغلیہ - کمینہ - ادنیٰ - نیچ قوم کا فرد۔
چرک - ۱ - میل - ۲ - پیپ - ۳ - ریم - ۴ - زنگ۔
چرک آلود - میلا کچیلا۔
چرک تاب - میل خورہ رنگ ۔ جس پر میل ظاہر نہ ہو۔
چرک کردن - میلا ہونا۔
چرکین - میلا کچیلا۔
چرم - چمڑا
چرم خام - ۱ - کچا چمڑہ - ۲ - جو کمایا ہوا نہ ہو - ۳ - جیسے ڈھول یا نقارے کے اوپر کا چمڑہ ۔
چرمہ - گھوڑا۔
چرمی و چرمین - "ی" اور "ین" دونو نسبتی علامت ہیں - مراد چمڑے کا بنا ہوا۔
چَرَند - لغویات - یاوہ گوئی ۔
چَرَند و پَرَند - ۱ - لاف گزاف - ۲ - گپ شپ - بے معنی باتیں کرنا ۔
چُروک - ۱ - شکن - ۲ - بل - ۳ - سلوٹ - ۴ - جھریاں -
چروک خوردن - کپڑے یا چہرے پہ

شکن یا جھریاں پڑنا۔
چروکیدن ۔ رجوع بہ ماقبل
چریدن ۔ چرنا

چ ۔ ز

چزاندن ۔ ستانا ۔ آزردہ کرنا ۔ قافیہ تنگ کرنا ۔
چزیدن ۔ جلنا ۔ بریاں ہونا ۔

چ ۔ س

چسپاں ۔ چہ ساں ۔ کس طرح ۔ کیسے ۔ چہ طور ۔
چسپ ۔ گوند
چسپاندن ۔ ۱ ۔ چپکانا ۔ ۲ ۔ باہم جوڑنا ۳ ۔ چسپاں کرنا ۔
چسبندگی ۔ چپک ۔ دلکشی ۔ دلربائی ۔
چسبیدن ۔ چپکنا ۔ جڑنا ۔
چسُ رفتہ گوز آمدہ ۔ کسی منہ پھٹ حاکم کا آجانا ۔
چست کمان ۔ مضبوط کمان

چ ۔ ش

چشاندن ۔ چکھانا
چشت ۔ ایک جگہ کا نام ہے ۔ اور ایک سلسلہ کا جہاں سے چشتیہ سلسلہ شروع ہوتا ہے ۔
چشم ۔ ۱ ۔ آنکھ ۔ ۲ ۔ نگاہ ۔ ۳ ۔ اُمید ۔ ۴ آس ۔ ۵ ۔ نیز قبولی جواب ۔ بمعنی سرآنکھوں پر ۔
چشم آبچکو ۔ بہتی ہوئی آنکھیں ۔
چشم آشوب ۔ آنکھ کا دکھنا ۔
چشم انداختن ۔ ۱ ۔ دُور سے نگاہ ڈالنا ۔ ۲ ۔ دُور تک نگاہ ڈالنا ۔
چشم انداز ۔ جہاں تک نگاہ کام کرتی ہو ۔
چشم افگندن ۔ نگاہ ڈالنا ۔
چشم باز کردن ۔ آنکھ کھولنا ۔
چشم باطل کردن ۔ کسی کی آنکھیں نکال لینا ۔
چشم بچیزی بستن ۔ ۱ ۔ کسی چیز پر خاص توجہ دینا ۔ ۲ ۔ یا کسی چیز پر آنکھ رکھنا ۔
چشم بخواب رفتن ۔ آنکھ لگنا ۔ سوجانا ۔
چشم بستہ ۔ اندھا ۔ نابینا ۔
چشم بلا را خاریدن ۔ آ بیل مجھے مار ۔

چشم بند۔ شعبدہ بازی۔ مداری گری۔ جادو گری۔
چشم بہم خوردن۔ آنکھ کا دکھنا۔
چشم پوشیدن۔ چشم پوشی کرنا۔ کسی دیکھی ہوئی بات کو ان دیکھی کرنا۔
چشم وچراغ۔ نہایت اہم چیز۔ بہت عزیز شخص۔ بیٹا۔
چشم خانہ۔ آنکھ کا حلقہ
چشم خوردن۔ نظر بد لگ جانا۔
چشم داشتن۔ توقع رکھنا انتظار کرنا۔
چشم دریدہ۔ گستاخ۔ بے ادب۔
چشم روشن شدن۔ کسی کی ملاقات یا زیارت سے مستفیض ہونا۔ (چشم ما روشن دل ما شاد)
چشم روشنی۔ پیدائش پر جشن منانا ہدیہ۔ تحفہ۔
چشم زاغ۔ نیلی آنکھیں
چشم زخم خوردن۔ نظر بد لگ جانا۔
چشم سفید۔ بے مروت۔
چشم سوزن۔ سوئی کا ناکہ۔
چشمک۔ آنکھ کا اشارہ۔
چشم کرایہ مے خواہد۔ بچہ جب کسی اچھی چیز کو دیکھ پاتا ہے۔ تو اُسے لینے کے درپے ہو جاتا ہے۔ رُوٹھ کر یا ضد کر ماں باپ کو اس چیز کے خریدنے پر مجبور کرتا ہے۔ اس موقع پر ماں باپ یہ محاورہ بولتے ہیں۔ کہ گویا یہ اس چیز کو دیکھنے کی اب اجرت یا کرایہ طلب کر رہا ہے۔
چشمک زدن۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔
چشم شیطان کور۔ خدا بری نظر سے بچائے
چشم کشادن۔ پیدا ہونا۔ (چشم بدنیا کشاد) نیز بے ہوشی کے ہوش میں آکر آنکھیں کھولنا۔
چشم گفتن۔ کسی کام کا بیڑا اُٹھانا۔ ذمہ داری لے لینا (بسر وچشم)
چشم کف پات۔ خدا کرے تمہیں میری نظر نہ لگے۔
چشم ورُو انداختن۔ نہایت بے مروّت اور نمک حرام ہونا۔
چشم وگوش بستہ بودن۔ ۱۔ نہایت ہی مودب ۲۔ باحیا اور بامروت ہونا۔
چشمہ پیش دریا بردن۔ اُلٹے بانس بریلی۔
چشمہ حیوان۔ آب حیات
ع۔ (چشمہ حیوان درون تاریکیست)

چشیدن - چکھنا۔

چ - غ

چغ - مدھانی - بلونی - چرخہ
چغالہ - کچا پھل - میوہ خام و نارسیدہ
چغد - الو - بوم۔
چغندر - رجوع کریں چقندر
چغزیدن - ڈرنا - خوف کھانا۔
چغل - ۱ - چین - ۲ - شکن - ۳ - بل سلوٹ - ۴ - سخن چین - ۵ - چغلیاں کرنے والا - ۶ - نیز مشکیزہ۔
چغور - چکور
چغوک - چڑیا۔
چغہ - لبادہ - چوغہ - فرغل۔

چ - ف

چفت - دروازے کی چٹخنی - کنڈی
چفت زدن - تہمت لگانا
چفتیدن - چپکنا۔

چ - ق

چقاچق - تلواروں کی جھنکار۔
چقدر - چہ قدر - کس قدر - کتنا۔
چقماق - آگ جلانے والا پتھر۔
چقندر - ایک سبزی کا نام ہے۔

چ - ک

چک - چیک جو بنک کے نام دیا جاتا ہے۔
چکارہ است - فلاں آدمی کا کیا شغل یا پیشہ ہے - وہ کیا کام کرتا ہے۔
چک دادن - بنک کے نام چیک دینا۔
چک زدن - تھپڑ مارنا - چپت رسید کرنا۔
چکاچک - رجوع کریں چقاچق۔
چکامہ - شعر - سرود - گیت۔
چکامہ سرا - شاعر - نغمے لکھنے والا۔
چکاوک - چنڈول۔
چکانیدن - ٹپکانا۔
چکیدن - ۱ - نادم ہونا - ۲ - کھسیانا ہونا
چکش - ہتھوڑا۔

چکش بخار - بھاپ سے کام کرنے والا ہتھوڑا -
چکشی جواب بہ ادن - دندان شکن جواب دینا
چکمہ - بوٹ
چکمہ بگردن گرفتن - ۱- مرنے مارنے کے لیے تیار ہو کر جانا - ۲- تیغ و کفن لے کر جانا -
چکنم - چہ کنم - کیا کروں - کدھر جاؤں
ع - چہ کنم چہ چارہ سازم
چک و چانہ - جھگڑا - جوڑ توڑ
چک و چانہ زدن - ۱- مول تول کرنا - ۲- سودا سلف کی قیمت گھٹانے کے لئے جھگڑنا -
چکہ - ٹپکا - شوخ آدمی -
چکہ کردن - چھت کا ٹپکنا -
چکیدن - ٹپکنا -
چکیدہ - ٹپکا ہوا - تیز - ماہر - رسیدہ - اپنے کام میں استاد
چکیدہ خون - خالص شراب
چکیدہ نژہ - آنسو - اشک

چ - گ

چگامہ - رجوع کریں چکامہ
چگانی - تربوز کی ایک قسم -
چگک - کنجشک - چڑیا -
چگل - ایک شہر کا نام ہے جہاں کے رہنے والوں کے حسن و جمال کا شہرہ ہے - (خوبان چگل)
چگونگی - کیفیت - کس طرح سے -
چگونہ - کلمہ استفہامیہ - چہ طور - کیسے -

چ - ل

چل - ۱- مخفف چہل - ۲- تیز گنوار - ۳- کردن - ۴- احمق - ۵- بانونی - ۶- حرّاف -
چلاف - ٹنڈا - اپاہج -
چل چلی کردن - بیہودگی کرنا -
چلاندن - کپڑے کو دھونے کے بعد نچوڑنا
چلاؤ } خشکہ چاول - ابلے ہوئے
چلو } چاول -
چلبلہ - جلد باز - شتاب کام کرنے والا -
چلپاسہ - چھپکلی -
چلنوک - ددھان - منجی جس پر

چھلکا ہو۔
چلنتہ - زرہ۔ خفتان -
چلچلا -۱- کچھوا - ۲- چیل -
۳- ابابیل -
چلسار - ۴۰ سال کی عمر کا - چل
ستون - ۲- بہت سے ستونوں
والی عمارت - یہ عمارت اصفہان
میں موجود ہے۔ جسے چہل ستون
کہتے ہیں۔
چلچراغ - فانوس
چلملہ - مفت
چلمن - کودن - گنوار - احمق -
چلمر - بھیڑ بکریوں کی مینگنیاں -
چلنگر - لوہار
چلو - اہل ایران کا ایک عام اور
مقبول کھانا -
چلو کباب - ایرانیوں کی مشہور و معروف
اور مقبول عوام غذا - جو گوشت،
چاول، مکھن، انڈے، سماق اور
دہی سے تیار کی جاتی ہے -
چلوار - لٹھا -
چلو صافی - چھلنی -
چلہ - کمان کی زہ - چالیس دن -
چلہ کشیدن - چلہ کشی کرنا -
چلہ بزرگ - موسم گرما اور سرما کے
پہلے چالیس روز -
چلہ کوچک - چلہ بزرگ کے بعد
کے بیس دن -
چلہ نشستن - چلہ کشی کرنا - چالیس
روز تک -
چلہ نشین - ریاضت کرنے والا -
چلیپا - عیسائی لوگ حضرت عیسیٰ
علیہ السلام کی یاد میں سونے،
چاندی یا لکڑی کی جو صلیب گلے
میں لٹکاتے ہیں -
چلیک - پپیا - تیز دھ چھلکہ جو قلم
سے اترے -

چ - م

چم -۱- حاصل مصدر ہے چمیدن مصدر
کا ہے - ۲- خرامانہ - ۳- ناز و ادا سے
چلنا - ۴- اٹھلانا -
چماچم - مسلسل - تیز سامنے کے بال
لگاتار - دمادم -
چماق - لاٹھی - گرز - کبھی کوڑا

چمان - اسم حالیہ - ناز و ادا یا اٹھلا کر چلتے ہوئے -
چمانہ - شراب کا پیالہ
چمانی - ساقی - شراب پلانے والا -
چمدان - جامہ دان - سوٹ کیس
چمشاک - بوٹ - جوتا -
چمن - ۱ - سبزہ - ۲ - پلاٹ - ۳ - کیاری ۴ - خیابان -
چمن پیرا - باغبان - مالی -
چموش - سرکش اور منہ زور گھوڑا
چم وخم - ناز و ادا
چمیدن - اٹھلا کر چلنا - ناز و ادا سے چلنا -

چ - ن

چنار - ایک درخت کا نام -
چنار و کدونی - اس محاورہ میں ایک مناظرہ کی طرف اشارہ ہے - کہ چنار کے ایک بہت بڑے اور گھنے درخت کے نیچے کدو کی بیل اُگ کھڑی ہوئی اور دیکھتے ہی دیکھتے چند دنوں میں درخت کی چوٹی پر پہنچ گئی - چوٹی پر پہنچکر اپنی ہستی ہی بھول گئی - اور چنار سے کہنے لگی کہ تمہاری عمر کتنی ہوگی چنار نے بڑی متانت سے جواب دیا - کہ کوئی دو سو سال کے لگ بھگ ہوگی کہنے لگی تم کتنے کاہل اور سست ہو سینکڑوں سال میں یہ ترقی - ذرا مجھے دیکھو - میں پندرہ بیس روز ہی میں تم سے آگے نکل گئی - چنار نے کہا مجھے تم سے جھگڑنے کی ضرورت نہیں - اور نہ ہی یہ بحث اور قیل و قال کا وقت ہے - کچھ دنوں کی بات ہے کل کلاں کو جب موسم سرما پڑ و دل پر ہوگا - اور باد مہرگاں چلے گی - تو اس وقت پتہ چل جائے گا کہ کون کتنے پانی میں ہے - میں جیسا ہوں ویسے ہی جوں کا توں کھڑا رہونگا - اور تم سردی کے مارے ٹھٹھر کر جل جاؤ گی - بس پھر ساری قوت کا پتہ چل جائے گا - محاورۃً اس کا مطلب ہے کہ کون کتنے پانی میں ہے یا بامرد کون ہے اور نامرد کون ؟

چُناں ۔ یُوں (چوں آں) اس طرح ۔
چنانکہ افتد دانی ۔ شیخ سعدی کا
مکمل جملہ یوں ہے ۔ درعالمِ جوانی
چنانکہ افتد دانی ۔ یعنی جوانی میں
ہر کسی کے قدم ڈگمگا ہی جاتے ہیں ۔
چناں وچنیں ۔ یا اِس طرح یا اُس طرح
ع با چناں کن یا چنیں
؎ رسید مژدہ کہ ایام غم نخواہد ماند
چناں نماند چنیں نیز ہم نخواہد ماند
چُنبانمہ نشستن ۔ آلتی پالتی مار کر
بیٹھنا ۔
چندک زدن ۔ دوزانو ہوکر بیٹھنا ۔
چندیں ۔ کتنی مرتبہ ۔ چند بار ۔
چنبر ۔ حلقہ
چنبرِ چرخ ۔ آسمان کا دائرہ ۔ آسمانی
دائرہ ۔
چنتہ خالی بُودن ۔ کم عقل ہونا ۔
احمق ہونا ۔
چندش ۔ لرزہ ۔ کپکپی
چندش زدن ۔ لرزنا ۔ کانپنا
چند کلمہ از وہم بشنو ۔ عموماً استہزا
یا نفرت سے کہتے ہیں کہ ذرا ان کی
بکواس بھی سُن لو ۔

چنگ ۔ چونچ ۔ پنجہ ۔ مٹھی
چنگ زدن ۔ ۱ ۔ چونچیں مارنا ۔ ۲ ۔
ٹھونگیں مارنا ۔ ۳ ۔ نیز ہاتھ سے
کپڑوں کو دھوتے وقت مٹھیاں مارنا ۔
چنگ چنگ ۔ مٹھی مٹھی بھر ۔
چنگ ۔ ایک ساز کا نام ہے ۔
؎ آدمی اندر جہاں ہفت رنگ
ہر زماں گرم فغاں مانندِ چنگ
چنگال ۔ جانوروں کا پنجہ ۔ نیز چھری
کانٹا جس سے غذا کھاتے ہیں ۔
چنگ نواختن ۔ چنگ بجانا ۔
ساز بجانا ۔
چنگی ۔ مطرب ۔ ساززن
چنیں وچناں ۔ رجوع کریں ۔
چناں وچنیں ۔

چ ۔ و

چو ۔ جب ۔ چوں کا مخفف ۔ مانند ۔
چوانداختن ۔ بے پر کی اُڑانا ۔
چوال ۔ رجوع بہ جوال
چوب ۔ لکڑی ۔ ایندھن ۔ چھڑی ۔
چوبِ ادب ۔ اُستاد کی چھڑی ۔

یا پولیس کا ڈنڈا۔
چوب از بہشت آمدہ است۔ لاڈ پیار سے اولاد بگڑ جاتی ہے۔
چوب پنبہ۔ بوتل کا کارک۔
چوب تعلیمی۔ استاد کی چھڑی۔
چوب حاکم صدا ندارد۔ حاکموں کی لاٹھی بے آواز
چوب خدا صدا نہ دارد ہر کہ خورد دوا ندارد۔ خدا کی لاٹھی بے آواز اور جسے لگ جائے۔ وہ لا علاج
چوب خوار یا چوب خورک۔ دیمک
چوب دستی۔ سیر کرنے اور چلنے پھرنے والی چھڑی
چوب رخت۔ کھونٹی جس پر کپڑے لٹکائے جاتے ہیں۔
چوبک۔ وہ چھڑی جس سے نقارہ بجایا جاتا ہے۔
چوب لای جرخ گذاشتن کسی کی ترقی کو روکنا۔
چوبین۔ لکڑی کا بنا ہوا
پائے استدلالیاں چوبیں بود
پائے چوبیں سخت بی تمکیں بود
چوپان۔ گڈریا۔ ریوڑ کا رکھوالا۔

چو حلقہ بردار ثابت قدم۔ مقیم۔
چو دخلت نیست خرج آہستہ ترکن اسراف سے بچو۔ جب آمدنی کم ہو تو محتاط ہو کر خرچ کرو۔
چو شصت آمد شکست آمد پدیوار ساٹھ سال کی عمر ہو جائے تو بدنی قوی ڈھیلے پڑ جاتے ہیں۔
چو فردا شود فکر فردا کنیم۔ کل کی بات جب کل آئے گا دیکھی جائے گی۔
چو کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی اگر جڑ ہی اصل میں خرابی ہو تو پھر کیا علاج
چوگان۔ پولو
چوگان باز۔ پولو کھیلنے والا۔
چوگانی۔ وہ گھوڑا جس پر سوار ہو کر پولو کھیلتے ہیں۔
چوگور۔ چوکور۔
چول۔ ۱۔ ویرانہ ۲۔ جنگل ۳۔ بیابان۔
چو میدان فراخ است گوی بزن۔ کھیتوں کو دے لو پانی اب بہہ رہی ہے گنگا۔
چوں زعفران نزد دراز گوش۔ گدھا

کیا جانے زعفران کا بھاؤ۔

چون وچرا ۔ حجت وتکرار

چوں عمر نمی ماند گو ہیچ ممان ۔ آپ مرے جگ پرلو۔

چوں گرش روزہ دار براللہ اکبر بے قراری سے منتظر۔

چ ۔ ہ

چہ ۔ کیا ۔ حرف علت ۔ چرا (آنجا زفہم چہ خوت دُرداں بُود)

چَہ ۔ کنواں ۔۲۔ مخفف چاہ نیز ۔۳۔ علامت تصغیر (در ۔ دریچہ ۔ باغ ۔ باغیچہ ۔ دیگ ۔ دیگچہ)

چہ آنسی باشد کہ لائق قدح باشد ۔ یہ منہ اور مسور کی دال ۔

چہار بالش ۔ تخت ومسند

چہار پا ۔ باربردار حیوانات

چہار پایہ ۔ چوپایہ

چہار دَہم ۔ چودھویں (تم ماہ شب چہاردہم تھے مرے گھر کے)

چہار دہ معصوم ۔ بارہ امام اور حضور سرور کائنات صلعم ۔ اور حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا رض ۔

چہار چشم شدن ۔ آمنے سامنے ہونا ۔ آنکھیں چار ہونا ۔

چہار رکن ۔ اربعہ عناصر ۔ آگ ۔ پانی ۔ مٹی ۔ ہوا ۔

چہار روزہ ۔ چند روزہ

چہار ستون بدن ۔ دونوں پاؤں اور دونوں ہاتھ ۔

چہار سوق ۔ چوراہا ۔ چوک

چہار شنبہ سوری ۔ شمسی سال کا آخری بدھوار ۔

چہار ضربہ زدن ۔ چومکھا لڑنا ۔ ہر طرف سے لڑنا ۔

چہار عنصر ۔ آگ ۔ پانی ۔ مٹی ۔ ہوا ۔

چہار مادر ۔ رجوع بہ ماقبل

چہار مسکوں ۔ ربع مسکون ۔ دنیا کا آباد حصہ ۔

چہر ۔ رخ ۔ سیما ۔ چہرہ ۔

چہرہ نبدن ۔ روبرو ہونا یا لڑنا

چہرہ آتش نما ۔ شراب پی کر یا غصے میں آکر لال ہونا ۔

چہرہ شکستن ۔ رنگ ماند پڑجانا ۔

چہرہ مالیدن ۔ مطیع ہونا ۔

چہرہ کشادن - نمودار ہونا - نقاب کا اُٹھنا -
چہل منار - پرسی پولس کا نام ہے -

چ - ی

چی - ۱- چہ - چرا - ۲ - نیز کام یا پیشہ سے نسبت دینے کے لئے بہ طور علامت جیسے خرچی - گدھوں والا - پست چی - ڈاک والا -
چیت - چھینٹ
چیدن - چننا -
چیرگی - غلبہ - فتح
چیرہ شدن - غالب آنا - فتح پانا -
چیر دست - غالب - زور آور - طاقتور
چیرہ دستی - مہارت - سختی -
چیز دار - مالدار - پیسے والا -
چیزک - چھوٹا - معمولی چیز (ک تصغیر)
چیزہ - کچھوا - خارپشت -
چیزی بار نبودن - کچھ پلے نہ ہونا - بے عقل - کم مایہ -
چیزی بگو کہ بگنجد - جیسے ہمارے ہاں کہتے ہیں - تیلی نے جاٹ سے کہا جاٹ رے جاٹ تیرے سر پہ کھاٹ - اس نے جواب دیا تیلی سے تیلی تیرے سر پہ کولھو - اس نے کہا کوئی ایسی چیز کہو جو اُٹھا تو سکوں -
چیستان - معمہ - پہیلی
چیک چیک - چڑیوں کی چوں چوں -
چیلہ - ایندھن -
چین - ۱- شکن - ۲ - بل - ۳ - سلوٹ - ۴ - تیوری -
خَجالت کش ۔ باشرم وحیا۔ نیز شرمسار۔
خَجستہ ۔مبارک ۔نیک شگون نیز ایک پھول کا نام۔
خجستہ اختر۔خوش بخت ۔طالعمند
خجستہ پَی ۔مبارک قدم ۔
خجستہ رائے ۔خوش تدبیر۔ نیز ایک وزیر کا نام بھی ہے ۔
خَجک ۔ آنکھ کا پھولا۔
خَجِل ۔شرمندہ ۔نادم
خَجلت ۔شرمندگی ۔ندامت

خجلت آور - شرمناک -
خجلت زدہ - شرمسار شرمندہ
خجلت کش - رجوع بہ ماقبل
خجول - بہت باحیا اور نرم
(آں بچہ خجول دفکر دسر بزیر است)

خ - د

خدّ - ۱- رخسار - ۲- گال - ۳- چہرہ
۴- خندق - ۵- گڑھا -
خُدا - اللہ تعالےٰ
خدا از دانت بپرسد - تم نظاہر منہ سے نہ کرتے ہو - مگر جی میں لڈو پھوٹ رہے ہیں -
خدا از دہنت بشنود - ۱- تیری آواز سکے اور مدینے - ۲- خدا کرے ایسا ہی ہو -
خدا آدم دو چشم داد - اللہ تعالےٰ نے دو آنکھیں دی ہیں - دیکھ کر چلو اور دیکھ کر کام کرو -
خدا بگذار - جن کے بچے نہ بچتے ہوں وہ ماں باپ یہ نام رکھ دیتے ہیں کہ خدا اسے بچائے رکھے جیسے ہمارے ہاں رکھ لیتے ہیں اللہ رکھا اللہ دسایو اللہ بچایو -
خدا بردارد - بددعا ہے - خدا اسے اُٹھا لے -
خدا بگیرد - رجوع بہ ماقبل -
خدا بین - پرہیزگار
خدا خدا کردن - خدا کی پناہ میں آنا - آہ وزاری کرنا -
خدا بینی - پرہیزگاری تقویٰ -
خدا پرست - پارسا متقی -
خدا پسند - خدا دوست -
خدا پنج انگشت یکساں نہ کرد خدا نے پانچوں انگلیاں برابر نہیں بنائیں -
خدا ترس - خدا کا خوف رکھنے والا -
خدا تنگ روزی می کند اما قحط روزی نمی کند - اللہ تعالیٰ ہمارے گناہوں کی پاداش میں رزق کم ضرور کر دیتا ہے - مگر بھوکے نہیں مارتا - ع -
مری روزی نہ کی فرق اس نے میری سرکشی پر بھی -
خدا جای حق نشستہ - ۱- اللہ تعالیٰ

نے عین انصاف کیا اور حقدار کو حق پہنچادیا۔ ۲۔ یا ظالم کو ظلم کی سزا مل گئی۔

خداچہارستون بدن تو پنج نکند اللہ تعالٰی تمہیں صحت و سلامتی سے رکھے۔

خداحافظ ۔ الوداع

خداحافظی کردن ۔ الوداع کرنا۔ رخصت کرنا۔

خداداد ۔ وہ نعمت جو بغیر کسی زحمت کے خدا کی طرف سے مل جائے جیسے مملکت خداداد میسور یا مملکت خداداد پاکستان

خدارا ۔ برائے خدا۔

خدا خررا نشناخت و نشاخش نداد ۔ خدا نے بلی کو پر نہیں دیئے ورنہ کوئی پرندہ مشکل ہی سے بچ سکتا۔

خدا صد سال عمر تو یک روز کند

دعائیہ کلمات ہیں۔ خدا تمہیں عمر خضر عطا فرمائے ؎

تم سلامت رہو ہزار برس
ہر برس کے دن ہوں پچاس ہزار

خدارا خدا گفتن عیب نیست ۔ سچ سُن کر آتش زیر پا کیوں ہوتے ہو۔ حق کو حق کہنا تو معیوب نہیں

خدا دیر گیرد اما نمی گزارد ۔ خدا کے ہاں دیر ہے اندھیر نہیں۔ ع

نہ جا اس کے تحمل پر
کہ بیڈھب ہے گرفت اسکی

خدا کس بے کسان است ۔ جس کا کوئی نہ ہو اس کا خدا حامی۔
ع۔ نا خدا جس کا نہ ہو اس کا خدا ہوتا ہے۔

خدا کشتی آنجا کہ خواہد بُرد ۔ کشتی اس پٹن لگتی ہے جہاں خدا چاہے یعنی ع

ہوتا وہی ہے جو منظور خدا ہوتا ہے

خدا میان گندم خط نہادہ ۔ اللہ تعالٰی نے ہر قسم کی روزی مقدر کر رکھی ہے اپنے حصے پر قانع رہو۔

خداوند ۔ صاحب۔ مالک۔ سرکار۔ اللہ تعالٰی۔ خدائے بزرگ۔

خداوندگار ۔ رجوع بہ ماقبل

خدا یار تنبلہا است ؎

ہلانے سے روزی کی گر ڈور ہلتی
تو روزی نکموں کو ہرگز نہ ملتی

خدایک زبان دادہ و دو گوش قدرت نے ایک دو کی نسبت رکھی ہے تاکہ سنو زیادہ اور بولو کم۔
خدایگاں -۱- بزرگ -۲- مالک -۳- بادشاہِ وقت -۴- خدائے مجازی۔ ۵- خاوند۔
خَدَر -۱- اعضا کا سست ہو جانا -۲- شل اور سُن ہو جانا۔
خِدر - پردہ۔
خدشہ -۱- خراش -۲- الجھن -۳- شبہ -۴- خرابی -۵- عیب۔
خدشہ دار کردن - عیب دار کرنا۔
خَدعَہ - لوگوں کو دھوکا فریب دینے والا - نیز دھوکا اور فریب۔
خَدَم - نوکر چاکر - خدمتگار - ملازمین۔
خِدمات - خدمت کی جمع۔
خِدمت - نوکری - بندگی - چاکری
خِدمت خانہ با قضہ لودن - گھر میں کسی نوکرانی کا نہ ہونا اور مالکہ کو خود ہی گھر کے سب کام کاج کرنے پڑیں
خِدمانہ - خدمت کی اُجرت یا عوضانہ
خِدمت - شاہوں کے لئے تحفہ لانا۔
خدمت رسیدن - خدمت میں حاضر ہونا
خدمتگزار - نوکر چاکر - ملازم۔
خِدمتی - نذرانہ - تحفہ۔
خِدن - دوست محبوب۔
خَدَنگ - تیر - نیز وہ سخت لکڑی جس سے تیر بنتے ہیں۔
خُدو - تھوک۔
خُدو انداختن - تھوکنا تھوک پھینکنا۔
خُدوم - بہت ہی دفادار نوکر چاکر۔
خَدیجہ - حضور پاک صلے اللہ علیہ وسلم کا پہلا حرم جو حضرت بی بی فاطمۃ الزہرا کی ماں تھیں۔
خَدیعہ - مکر فریب بہانہ حیلہ۔
خَدیو - خداوند - امیر - بادشاہ -۲- نیز شاہان مصر کا لقب۔

خ - ذ

خَذف - ٹھیکری - کنکر - نیز کنکر کا دو انگلی میں پکڑنا۔
خَذل -۱- چھوڑ دینا -۲- ذلیل و خوار کرنا۔
خُذلان - بے یار و مددگار ہونا۔
خُذ ما صَفا - جو چیز صاف ہے لے لے۔

خذول - شرمندہ - رسوا - بے نصیب
۴ - شکستہ خوردہ

خ - ر

خر - ۱ - گدھا - ۲ - بڑا - ۳ - احمق - ۴ -
بے شعور (خرہ - خراں - خرگہ - خرسگ
خرجہرہ -)
خُر - خراٹے -
خراب - ویران - تباہ
خراب آباد - دنیا -
خرابات - شراب خانہ
خراباتی - شرابی
خراب خستہ - تباہ حال
خرابہ - کھنڈر - ویرانہ
خرازین - کیچوے - گنڈوے -
خراج - زمین کا مالیہ - ٹیکس - باج -
خُراج - ایک قسم کا پھوڑا -
خراج گذار - باجگزار
خر آخر خود را می شناسد - خواہ
اندھیرا ہو یا آدمی بذات خود اندھا
ہو - کھانے وقت لقمہ ہر کوئی اپنے
ہی منہ میں ڈالتا ہے - اس سے
سے کوئی نہیں چوکتا -
خرخرہ - خراٹے
خرو خرخرہ - گلے کے پیچھے ابھری
ہوئی نالی -
خراش - چھیلن کا نشان
خراشیدن - چھیلنا -
خرّاز - موچی - چمار -
خراز پل گذشتن - اپنا مقصد حل ہو جانا -
خرّازی - بساطی کی دکان - چھوٹی موٹی
چیزیں بیچنے والی پنساری کی دکان -
خرازی فروش - پنساری بیچنے والا -
خرّاط - خراد کرنے والا -
خراطی کردن - ۱ - خراد پر چڑھانا -
۲ - کاٹھ کو رندہ کرنا -
خرّاص - سخت جھوٹا - دھوکے باز -
خراطین - رجوع کریں خرازین -
خُرافات - بے ہودہ اور لغو باتیں -
لاف وگزاف -
خُرافت - فضول بات -
خر اگر اطلس بپوشد خر است -
۱ - اصلیت کبھی نہیں بدلتی - گدھے پر
سونے کا جھول دو وہ گدھا ہی رہے گا
خرام - خرامیدن - مصدر سے فعل امر -

نرم و نازک چال (خوش خرام۔ مٹک مٹک کر چلنے والا)
خرامیدگی۔ ٹہلنا۔ چہل قدمی
خراماں۔ ٹہلتے ہوئے اسم حالیہ۔
خرامیدن۔ ٹہلنا۔
خرانبار۔ بہت بڑا ڈھیر
خربار۔ ایک گدھے کا بوجھ۔
خربآسماں نرود۔ رجوع خراگرا طلس
خرعیسیٰ اگر بمکہ رود باز آید ہنوز
خر باشد۔ رجوع بہ باتیل۔
خر بربام۔ جب کوئی نااہل اور نالائق آدمی کسی بڑے مرتبے پر پہنچ جائے تو استعمال کرتے ہیں۔
خربزد۔ خربوزہ۔
خربزہ آب است۔ مراد یہ ہے کہ یہ کوئی مکمل غذا نہیں جس سے بھوک رفع ہو جائے۔
خربندہ۔ گدھوں والا۔
خربزہ و عسل۔ دو متضاد چیزیں۔
خرپا۔ لمبے لمبے پاؤں۔
خرپاچہ۔ گدھے کا بچہ۔
خرپشتہ۔ اونچا ٹیلہ۔
خرپلہ۔ بڑی بڑی سیڑھیاں۔

خرپول۔ روپے کی ریل پیل۔
خرپیروا فسار رنگین۔ بوڑھی گھوڑی لال لگام۔
خرت بچند۔ یونہی دخل در معقولات دینے والے کو کہتے ہیں (ابولی خرت چند) یعنی تجھے کس نے پوچھا ہے جو تم بیچ میں آن دھمکے ہو۔
خرت بستہ بہ ار چہ دزد آشنا ست۔ مراد ہے کہ ہر حال میں خواہ کتنا اثر و رسوخ کیوں نہ ہو اور چوروں سے ذاتی شناسائی بھی کیوں نہ ہو احتیاط اور احتیاطی تدابیر لازم ہیں۔
خرت وپرت۔ غریبوں کے گھر کا ٹوٹا پھوٹا مال و اسباب۔ کباڑخانہ۔
خرتوخر۔ اندھیر نگری۔ جہاں طوائف الملوکی اور بدنظمی کا دور دورہ ہو۔
خرج۔ خرچ۔ ہاتھ سے نکل جانے والا مال۔ ٹیکس۔
خرج۔ خورجین۔ سامان رکھنے کا تھیلہ
خرج راہ۔ توشہ۔ زادِ راہ۔
خرج و دخل۔ خرچ اور آمدنی (ع۔ چو دخلت نیست خرج آہستہ ترکن) یعنی آمدن کے اسباب و سامان نہ ہوں

تو خرچ سوچ سمجھ کر کرو۔)
خرجوئی کاہ نیز بجو۔ شادی کا اگر فکر دامنگیر ہے تو بیوی بچوں کے کھانے دانے اور پہننے کے اسباب کی بھی فکر کرو۔
خرج کردن ۔خرچ کرنا۔
خرجسوبہ ۔گدھا
خرچنگ ۔کیکڑا
خرچہ داند قیمت نقل ونبات گدھا کیا جانے زعفران کا بھاؤ۔
خرحمالی ۔سخت مشقت کرنے والا مزدور
خرخانہ ۔گدھوں کا اصطبل
خرخاوند ۔نوکروں کو جس مالک سے سخت نفرت ہو۔ اُسے نفرت سے کہتے ہیں۔
خرخر کردن ۔خراٹے بھرنا۔
خرخاکی ۔ایک رینگنے والے جانور کا نام ہے۔
خرخرہ ۔زیر گلو گلے کی نالی کا اُبھار۔
خرخرہ برجستہ ۔بہت ابھری ہوئی نالی
خرخری کردن ۔ ۱۔حماقت کرنا۔ یا ۲۔دوسروں کو احمق بنانے کے لئے خود بدھو بننا۔

خرخستہ و خدا ناراضی ۔جان مار کر کام کرنے کے باوجود بھی اگر کسی کا مالک یا آقا خوش نہ ہو اور اس کا ٹھینگا سر پر رہے تو یہ محاورہ استعمال کرتے ہیں۔
خرخشہ ۔مفت کا لڑائی جھگڑا۔
خرخیار ۔بہت بڑا کھیرا۔
خرخود را سواری کردن ۔اپنا مقصد حاصل کر لینا۔
خُرداد ۔ایرانی سال کا تیسرا مہینہ۔ ۲۔تیز ایک فرشتے کا نام ہے۔ ۳۔ایک آتشکدے کا نام ہے۔
خرداده زر داده وسر ہم داده سو پیاز بھی کھائے اور سو جوتے بھی کھائے۔
خِرد بینیہ ۔عقل مند۔
خُرد تر ۔بہت چھوٹا۔
خرِ دجال ۔وہ گدھا جس پر دجال سواری کرے گا۔
خِردل ۔۱۔رائی۔ ۲۔ٹڈر پوک۔ ۳۔بزدل۔
خردلہ ۔رائی کا دانہ
خردیزہ ۔اپنی ہٹ کا پکا۔

خُرد۔ چھوٹا ریزہ۔
خُرد خُرد۔ اندک اندک۔ تھوڑا سا۔
خُردسال۔ کم عمر۔
خردمند۔ عقل مند۔
خُرد و خاکشی۔ تھکا ماندہ۔
خرد و خمیر شدن۔ شکستہ و چور ہونا۔ سخت تھک جانا۔
خردوریز۔ گھر کا چھوٹا موٹا مال اسباب
خورداد۔ رجوع بہ خرداد
خردہ بین۔ باریک بین انسان
خردہ دان۔ رجوع بہ ماقبل
خردہ خردہ۔ تھوڑا تھوڑا۔ کم کم۔
خردہ فرمائش۔ ناجائز حکم۔
خردہ فروش۔ بساطی۔ چھوٹی موٹی اشیا بیچنے والا۔
خردہ فروشی کردن۔ پھٹکل بیچنا۔
خردہ قلم۔ تراشہ قلم۔
خردہ کاری۔ مینا کاری۔ پچی کاری۔
خردہ کردن۔ روپوں کی ریزگاری لینا۔
خردہ گرفتن ۱۔ عیب نکالنا۔ ۲۔ یا تنقید کرنا۔ ۳۔ گھریلو استعمال کی چیز دل کا ہر روز خریدنا۔
خردہ گیر۔ ۱۔ نقاد۔ ۲۔ عیب جو۔ ۳۔ نکتہ چین۔
خردہٴ نان۔ روٹی کا ٹکڑا۔
خررنگ کن۔ دھوکے باز۔ مکار۔ نیز احمق و کودن۔
خرزہرہ۔ کنیر کا درخت جو سرخ اور سفید پھول دیتا ہے۔
خرزی فروش۔ بساطی۔ بنیاری والا۔
خِرس۔ ریچھ۔ بھالو۔
خُرس۔ مٹکا۔ ٹھلیا۔
خِرس باز۔ ریچھ والا۔
خرس درکوہ بوعلی سینا۔ احمقوں کے حلقے میں معمولی قابلیت کا آدمی بھی دانا شمار ہوتا ہے۔ ۲۔ جہاں کوئی درخت نہ ہو وہاں ارنڈ ہی پردھان۔
خَرَسَک۔ اسم تصغیر۔ چھوٹا گدھا۔
خرسک بازی۔ بچوں کے ایک کھیل کا نام ہے۔ جسے عرف عام میں چیل جھپٹا بھی کہتے ہیں۔
خُرسند۔ خوش
خُرسندی۔ خوشی۔ مسرت
خرسنگ۔ بہت بڑا پتھر
خرس مادہ۔ ریچھنی۔

خرسی نشاہی پالان دو ہزار - ۱ - چھچھوندر کے سر میں چنبیلی کا تیل

خرشدن - ۱ - اُلّو بننا - ۲ - احمق بننا - ۳ - دھوکا دینا -

خرش از پُل گذشت - اس کا کام ہوگیا - اس موقع پر بولتے ہیں - جب کام نکل جانے کے بعد کوئی آدمی آنکھیں پھیر لے -

خَرص - اندازہ یا تخمینہ لگانا -

خَرط - لکڑی کا خراد پر چڑھانا -

خرطوم - ۱ - ہاتھی کی سونڈ - ۲ - لمبا ناک

خرط - گلوب - کرۂ ارض -

خرعیسیٰ - حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا گدھا

خرعیسیٰ اگر بمکہ رود - باز آید ہنوز خر باشد ...... رجوع کریں خر آسمان -

خرغلت زدن - کروٹیں بدلنا -

خرف - کم عقل آدمی - بڈھا کھوسٹ

خرفت - کودن - بدھو - بے سمجھ

خرفہم کردن - کسی نالائق آدمی کو کھول کر سمجھانا - وضاحت کے ساتھ بتانا -

خَرق - پھاڑنا -

خرق عادت - ۱ - خلاف عادت چیز کا وقوع پذیر ہونا - ۲ - معجزہ - ۳ - کرامت -

خَرق والتیام - پھٹ جانا اور مل جانا -

خِرقہ - گودڑی - فقیروں اور درویشوں کا لباس - چیتھڑے

خِرقہ از دست کسی پوشیدن - کسی کی بیعت کرنا -

خرقہ از کسی گرفتن - کسی کا خلیفہ بننا - جانشین بننا -

خِرقہ انداختن - ۱ - خودی و تکبر چھوڑ دینا - ۲ - دب جانا - ۳ - گناہ کا اقرار کرلینا - ۴ - تسلیم کرلینا -

خرقہ پوشیدن - ۱ - درویش ہوجانا - ۲ - نیز خلعت پہننا -

خِرقہ کردن - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پھاڑنا -

خرک - کاف تصغیر

خرکچی - گدھے والا -

خرکردن - احمق بنانا - اُلّو بنانا -

خر کیرم لعل کردن - ۱ - کسی کو رشوت دینا - ۲ - کسی کی مٹھی گرم کرنا -

خرکُرہ - ۱ - گدھے کا بچہ - ۲ - نیز

بے ادب بچے کو بھی کہتے ہیں۔
خرکمان - بڑی کمان
خر کہ جو دید کاہ ہمی خورد - جو کے بعد روٹی بمشکل ہی کھائی جاتی ہے - اچھی چیز کو دیکھ کر معمولی چیز سے جی بیزار ہو جاتا ہے۔
خرگاہ - بڑا خیمہ۔
خرگاہ زدن - خیمہ لگانا۔
خرگاہ خضر } آسمان
خرگاہ مینا } ″
خرگردن - موٹی گردن والا۔ موٹا - ہٹا کٹا۔
خرگہ - مخفف خرگاہ۔
خرگہ ماہ - چاند کا ہالہ۔
خُرّم - خوش - تازہ - شاداب
خُرّم شدن - خوش ہونا - مسرور ہونا۔
خرّم کردن - تازہ دم کرنا۔
خرما - کھجور - چھوہارہ۔
خرم بگل نخوابیدہ است - مراد ہے کہ میری کھٹیا تو نہیں کٹی یعنی مجھے کیا مصیبت پڑی ہے۔
خرما کور - بے مزہ کھجور
خرما نتواں خورد از آں خار کہ کشتیم - بوئے بیج ببول کے پھول کہاں سے ہوں۔
خرما دان - کھجوروں کا سٹور
خرم دل - خوش باش
خرم رُو - خوب صورت اور سرسبز شاداب۔
خرمستی - بدمستی۔
خرم فضا - پُربہار جگہ
خرمگس - بڑی مکھی جو کاٹ بھی لیتی ہے اور جانور مویشی بیمار ہو جاتے ہیں۔
خِرمن - کھلیان - ڈھیر - انبار - ذخیرہ۔
خرمن سوختہ - بدنصیب نصیب جلا۔
خِرمن سوختہ را از برق چہ باک
۱- ع- نہ لٹتا دن کو تو کیوں رات کو یوں بیخبر سوتا
۲- ع- مشکلیں اتنی پڑیں مجھ پر کہ آساں ہو گئیں
خِرمن کوب - غلہ نکالنے والی مشین
خِرمن کہنہ بہ باد دادن - پچھلی امارت یا پچھلوں کی دولت پر اترانا - اور شیخی بگھارنا۔
خرمن گیس - (موٹی گت) چوٹی۔
خرمن ماہ - چاند کا ہالہ۔

خرمن ہستی - جان
خرمہرہ - گھونگا - کوڑی
خُرّمی - سرسبزی و شادابی - خوشی و مسرّت -
خُرنا - کرنا جو جنگ میں بجاتے ہیں -
خرناس کشیدن - بڑے بڑے خراٹے بھرنا -
خرندیدہ خریدن - بے ہودہ کام کرنا بلاسوچے سمجھے کام کرنا -
خرنداری از خرگیر چہ نرسی -
رجوع کریں بہ خرمن سوختہ را -
خروار - ایک گدھے کا بوجھ -
خروج - باہر نکلنا - حکم عدولی کرنا -
خروس - مُرغا -
خروس بازی - مرغے لڑانا -
خرُوس بہ بانگ آمدن - بالغ ہو جانا -
خروس بے محل - مُرغ بے ہنگام
خروس جنگی - لڑنے والا مرغا -
خروش - شور و غل - فریاد -
خروشیدن - غل مچانا - شور کرنا -
خرو گاو را بیک چوب راندن
۱- اچھے بُرے کو ایک ہی لاٹھی سے ہانکنا - ۲- ناقص اور کامل کی امتیاز نہ رہنا -
خرہماں خراست پالانش دگر
نئی بوتلوں میں پرانی شراب -
خرید - خریدن مصدر سے ماضی مطلق نیز حاصل مصدر -
خریدن - خریدنا
خرید و فروخت - لین دین
خریدہ - ۱- نابالغ لڑکی - ۲- دُرِ ناسفتہ - ۳- شرمیلی عورت -
خری زاد و خری زیست و خری رفت - دُنیا میں جیسے بدھو آئے - ویسے ہی بدھوؤں کی طرح زندگی گزار کر بدھو کے بدھو مر گئے -
خریطہ - تھیلی - نقشہ
خرِیف - ساونی - خزاں کے موسم میں ہونے والی فصلیں -
خِرِیق - پھٹا ہوا -

خ - ز

خزّ - ۱- پوستین - ۲- ریشمی کپڑے کی ایک قسم -

خزّ۔ نیولا۔
خزرہ۔ عرب کے ایک قبیلہ کا نام
خزاں۔ پت جھڑ کا موسم۔
خزانِ عمر۔ زندگی یا عمر کا پچھلا پہرہ
خزانہ۔ نقدی زر و جواہر اور روپے پیسے کا گودام۔
خزانۂ تفنگ۔ بندوق کی نالی جہاں کارتوس رکھتے ہیں۔
خزانۂ حمام۔ حمام میں گرم پانی رکھنے والی جگہ۔
خزانچی۔ خزانہ دار
خزانہ دار۔ رئیس خزانہ
خزانۂ عامرہ۔ بھرا پُر خزانہ۔
خزانہ کردن۔ جمع کرنا۔ انبار لگانا
خزائن۔ خزانہ کی جمع۔
خزائنِ بے کراں۔ بیشمار خزانے
خزرج۔ عرب کے ایک قبیلہ کا نام
خزری۔ یائے نسبتی۔ منسوب بہ خزر۔ خزر کا رہنے والا۔
خزف۔ پختہ اینٹ۔ ٹھیکرا۔
خزن۔ خزانہ رکھنا۔ جمع کرنا۔
خزندہ۔ حشرات الارض۔ اس کے اندر بل رکھنے والے جانور یا پھر رینگنے والے جانور۔
خزّہ سبز۔ وہ سبز جھلی جو کھڑے پانی کے اُوپر آجاتی ہے۔
خزیدن۔ گھسٹنا۔ رینگنا۔
خزینہ۔ خزانہ۔
خزینہ چی۔ خزانچی
خزینۂ حمام۔ رجوع بہ خزانۂ حمام

خ ۔ س

خس۔ تنکا۔ سوکھی گھاس کوڑا نیز ایک خوشبودار گھاس کا نام ہے جسے موسم گرما میں کھڑکیوں پر اگاتے ہیں۔
خسّ۔ کمینہ۔ ادنیٰ۔ بخیل۔ کنجوس۔
خسارت۔ نقصان۔ گھاٹا۔ ٹوٹا۔
خسارت دادن۔ ۱۔ تاوان ادا کرنا۔ ۲۔ کسی کا خسارہ پورا کرنا۔
خسارت دیدن۔ نقصان اٹھانا۔
خسارت رسانیدن۔ کسی کو نقصان پہنچانا۔ خسارہ پہنچانا۔
خسارہ۔ نقصان۔ کانٹ چھانٹ
خساست۔ کنجوسی۔ بخل۔ کمینگی۔

خسان۔ خس کی جمع۔ کمینے۔
خساندان۔ بھگونا۔ تر کرنا۔
خس بدندان گرفتن۔ بہت عجز و نیاز سے کام لینا۔ گڑگڑانا۔ عاجزی کرنا۔
خس بدہن گرفتن۔ پناہ مانگنا۔
خسبیدن۔ سونا۔
خس پرور۔ کمینہ پرور
خس پوش۔ بے ہودہ آدمی
خس پوشی کردن۔ ناشائستہ کام کرنا
خست۔ کمینہ پن
خستگی۔ تھکاوٹ۔ تکان۔ رنج
خستگی در کردن۔ سستانا۔ ذرا تکان دُور کرنے کے لئے لیٹ جانا
خستگی کشیدن۔ بہت محنت مشقت کرنا
خستگی ناپذیر۔ اَن تھک۔
خستن۔ ۱۔ زخمی ہونا۔ زخمی کرنا۔
خستہ۔ زخمی۔ گھائل۔ بیمار۔
خستہ بند۔ ۱۔ پٹی جو زخم پر باندھی جاتی ہے۔ ۲۔ یا وہ پٹی جو ہڈی کو درست رکھنے کے لئے باندھی جاتی ہے۔ ۳۔ نیز جرّاح
خستہ حال } پریشان حال
خستہ خاطر } دکھیارا۔ غمزدہ اور
خستہ رواں } شکستہ دل۔
خستہ خانہ۔ جہاں محتاج لوگوں کی دیکھ بھال کی جاتی ہے محتاج خانہ۔
خس خانہ۔ خس کی ٹٹی۔
خُسر۔ سُسر۔ بیوی کا باپ
خسر پورہ۔ جورو کا بھائی۔ سالا۔
خُسران۔ گھاٹا۔ نقصان۔
خُسرو۔ فرمانروائے کل۔ بہت بڑا بادشاہ۔ کسریٰ اس کا معرب ہے ۲۔ نیز برصغیر پاک و ہند کے ایک بہت بڑے صوفی منش شاعر کا تخلص۔ جس نے بہت سے بادشاہوں کے دربار دیکھے اور جسے حضرت خواجہ نظام الدین اولیا محبوب الٰہی سے بے حد عقیدت تھی جو شاعری کے علاوہ گانے میں بھی یکتائے روزگار تھا خمسہ نظامی کا جواب آپ سے بڑھ کر آج تک کسی شاعر نے نہیں لکھا۔ آپ کا مزار دہلی میں خواجہ محبوب الٰہی کے مزار کے پاس ہے۔
خسروانہ۔ شاہانہ

خسرو پرویز - ایران کے ایک بہت بڑے ساسانی بادشاہ کا نام جو نوشیروان عادل کا پوتا تھا اور مشہور عالم حسین ملکہ شیریں کا خاوند تھا۔

خسروانِ عجم - ایرانی بادشاہ -

خسرو خاور - سورج

خسروی - شاہی

خسروی و خسروانی - منسوب بہ شاہان ایران

خسف - ۱- زمین میں دھنسنا - ۲ چاند کا گہنانا۔

خسک - ۱- گھاس کے تنکے - ۲- نیز گوکھرو یعنی لوہے کے وہ خاردار گول ٹکڑے جو دشمن کی پیشقدمی کو روکنے کے لئے فوج کی راہ میں بکھیر دیئے جاتے ہیں۔

خسک در راہ مشتاقان حریر و پرنیاں باشد - عشاق کے لئے کوئی مصیبت یا مشکل کٹھن نہیں ہوتی - وہ ہر بلا کو بخوشی قبول کرتے ہیں -

خس کم جہاں پاک - کسی ادنیٰ نالائق اور کمینے انسان کی موت پر بولتے ہیں کہ وہ کوڑا کرکٹ اُٹھ گیا - اور اس ننگ بشر کی نحوست بھی ختم ہوئی -

خسون - غلہ کا کاٹنا -

خسور - گھاٹا کھانے والا -

خسوف - چاند گرہن

خسی - کمینہ - رذیل - ادنیٰ

خسیدن - چبانا -

خسیس - ۱- ادنیٰ - ۲- کمینہ - ۳- کنجوس - ۴- بخیل -

خ - ش

خش - ۱- بغل - ۲- تیز بھاگنا -

خشاب - لکڑیاں بیچنے والا - ایندھن یا ہیزم فروش

خشب - ایندھن جلانے کی لکڑی

خشت - کچی اینٹ

خشت از جای رفتن - اصلاح احوال کی کوئی سبیل یا صورت نظر نہ آنا -

خشتِ اوّل چوں نہد معمار کج

خشت برآب زدن - بے ہودہ اور فضول کام کرنا۔
خشت پختہ - پکی اینٹ
خشت پز - اینٹیں پکانے والا -
خشت تابہ - اینٹوں کا بھٹہ - آوا -
خشت خام - کچی اینٹ
خشت خشت - ۱ - نئے کپڑے کی آواز یا کاغذ کی آواز - ۲ - سرسراہٹ
خشت ساختن - اینٹیں بنانا -
خشت زن - رجوع بہ مانیل
خشتک - وہ کپڑا جو پاجامے یا شلوار کی میانی میں لگایا جاتا ہے -
خشتک دریدن - کسی کو ذلیل وخوار کرنا -
خشت مال - اینٹوں کی مٹی کو اینٹ کے سانچے میں ڈھالنے والا -
خشت مالیدن - ۱ - رجوع بہ مانیل ۲ - تیز جھوٹے وعدے کرنا -
خشتوک - لٹیرا - چور
خشتی - مٹی کا بنا ہوا -
خشتجان - اربعہ عناصر - آگ - مٹی - پانی اور ہوا جن سے کائنات بنی ہے
خش خش - رجوع بہ خشت خشت -

خشدامن - ساس - بیوی کی ماں
خشخاش - پوست کا بیج - بہت چھوٹا -
خشخاش کردن - ریزہ ریزہ کرنا -
خشع - عاجزی - فروتنی - انکسار -
خشک - تر کا الٹ -
خشکاب - روکنے والا -
خشکاندن - سکھانا - خشک کرنا -
خشکار - ان چھانا آٹا -
خشک آوردن - چپ رہنا - اپنی بدمزاجی کی وجہ سے یا نفرت کی وجہ سے -
خشک با خشک نگیرد - سوکھی چیز سوکھی چیز سے نہیں جڑ سکتی - جوڑنے کے لئے تر کرنا یا گیلے ہونا ضروری ہے -
خشک پی - منحوس - بدقدم -
خشک دامن - پاکدامن - بے گناہ
خشک دست - کنجوس - بخیل -
خشک دماغ - جنونی - دیوانہ -
خشک دہان - روزہ دار
خشک زار - جہاں پانی گھاس اور سبزہ وغیرہ نہ ہو - چٹیل - بے آب وعلف -

خشک زدن - ششدر رہ جانا -
خشک سال } قحط کا سال
خشک سالی }
خشک طبیعت - خشک مزاج بے فیض آدمی -
خشک عنان - سرکش گھوڑا
خشک مقدس - بظاہر مقدس مگر باطن میں کچھ اور -
خشک و تر - سارے کا سارا سبھی سب لوگ - ہر چیز - ہر شے -
خشک و تر سوختن - سب کچھ جلا کر راکھ کر دینا - تباہ کرتے وقت اچھے اور بُرے کی تمیز اور تخصیص نہ کرنا -
خشکہ - ۱ - اُبلے ہوئے چاول یا - ۲ - وہ ماہوار تنخواہ جو روٹی کپڑے کے بغیر دیتے ہیں -
خشکہ پارہ - خشک فروٹ - اخروٹ کشمش - بادام - چلغوزے وغیرہ -
خشک شدن - سردی کے مارے ٹھٹھر جانا -
خشکیدن - سوکھ جانا - ٹھٹھرنا -
خشم - غصہ - غضب - ہیجان
خشم آلود کردن - غصے کو بھڑکانا کسی کو غصہ دلانا -
خشم کردن } غیض و غضب
خشم گرفتن } میں آنا -
خشمگین } غصے میں بھرا ہوا -
خشمناک }
خشن - کھُردرا - (این پارچہ بسیار خشن است - یعنی یہ کپڑا بہت کھُردرا ہے -)
خُشنک - گنجا جس کے سر پر بال نہ ہوں
خشنود - خوش - راضی -
خُشنودی - خوشی - مسرت -
خُشنوانہ - درویشوں کی اونی گودڑی -
خَش و خاش - کوڑا کرکٹ - گھاس پھوس -
خُشنودن - درخت کی کانٹ چھانٹ کرنا -
خضوع - عاجزی - فروتنی - گڑگڑاہٹ -
خضوع و خشوع - عاجزی و گڑگڑاہٹ
خشونت - سختی - کھُردراپن -
خشونت کردن - سختی کرنا -
خشیت - ڈرنا - خوف کھانا -
خشیہ - ڈر - خوف

خ-ص

خص - گھاس پھوس - چھپّر
خصّاف - موچی - چمار -
خصال - خصلت کی جمع - عادتیں -
خصام - لڑائی، جھگڑا، لڑنے والا -
خصائص - خصوصیات -
خصب - آسائش - پانی اور سبزہ کی بہتات - آسودگی -
خصم - دشمن - دعویدار - حریف -
خصم افگن - دشمن کو گرا دینے والا -
خصم را حقیر نباید شمرد - دشمن کو خواہ وہ کتنا ہی معمولی کیوں نہ ہو - حقیر نہیں سمجھنا چاہیئے -
خصمانہ - حریفانہ وار - دشمن کی طرح
خصم خانہ - صاحب خانہ - مالک
خصوصی - خاص سپیشل -
خصوصاً - خاص طور پر
خصوصیّت - خاص بات -
خصوصیّت داشتن کسی سے بہت دوستی اور آشنائی ہونا -
خصوم - خصم کی جمع - دشمن -
خصومت - دشمنی - جھگڑا
خصّی - آختہ - نامرد - ہیجڑا -
خصیب - آباد - شاداب -
خصم ضعیف را حقیر نباید دانست
رجوع بہ خصم را ....
خصیم - دشمن - حریف - مدمقابل
خصیہ - انڈا - بیضا - خایہ - فوطہ -

خ-ض

خضاب - بالوں کو لگانے والا وسمہ یا مہندی -
خضب - رنگ کرنا -
خضر - تازگی - ہریاولی - سبزی -
خضر - مشہور پیغمبر یا ولی کا نام جن کے متعلق اعتقاد ہے کہ وہ بھولے بھٹکوں کی راہ نمائی کرتے ہیں اور جنہوں نے آب حیات پینے سے عمر جاوداں پائی - (عمر خضر)
خضر بہار در قدم دارد - وہ مبارک قدم ہیں جہاں جائیں بہار رہی بہار اور سرسبزی و شادابی -
خضراء - سبز - سبز رنگ - (گنبد خضرا

حضور پاکؐ کے روضۂ اقدس کا گنبد)
خُضرت۔ سبزی۔ ہریاول۔
خضرِ راہ۔ راہنما۔
خَضراءُ الدّمَن۔ کھاد اور کوڑے کرکٹ پر اُگنے والا سبزہ۔
خضر مقدم۔ مبارک پی۔ مبارک قدم
خضوع۔ عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا۔
خضُوع وخشوع کردن۔ نہایت عاجزی اور انکساری کرنا۔ گڑگڑانا۔
خَضِیب۔ ۱۔ رنگین ۲۔ یا حنا زدہ ۳۔ وسمہ لگا ہوا۔

خ۔ ط

خَطّ۔ ۱۔ لکیر۔ تِل ۲۔ حروف ۳۔ ابرو ۴۔ لبوں پر سبزہ ۵۔ مکتوب ۶۔ لکھائی۔
خَط۔ لائن۔ رستہ۔ رُوٹ۔
خَطَا۔ غلطی۔ بھول چوک۔ قصور۔ نیز ایک علاقہ کا نام جو چین اور ترکستان کے درمیان واقع ہے۔
خطا آمرز گار۔ گناہ وخطا کو بخشنے والا۔ مراد ہے خداوند تعالےٰ۔

خطِ آب۔ ناپائیدار نقش۔
خِطاب۔ ۱۔ حاکم وقت کی طرف سے ملنے کا لقب ۲۔ نیز روبرو بات کرنا ۳۔ خفگی اور عتاب۔
خطاب بزرگان گرفتن خطاست
بڑوں کے عیب نکالنا سخت غلطی ہے۔
خطاب کردن۔ ۱۔ تقریر کرنا ۲۔ لیکچر دینا ۳۔ روبرو بات چیت کرنا۔
خطابہ۔ خطبہ پڑھنا۔
خَطایا۔ خطائیں۔ گناہ۔ قصور۔
خطِ اجرا۔ پنشن یا وظیفہ کے کاغذات۔
خطِ آزادی۔ آزادی کا پروانہ۔
خطِ آہن۔ ۱۔ ریلوے لائن ۲۔ گرڈر
خطِ اُستوا۔ وہ فرضی دائرہ جو زمین کے بیچوں بیچ قطبین سے برابر فاصلے پر مشرق سے مغرب تک کھنچا ہوا مانا گیا ہے۔ وہاں دن رات برابر ہوتے ہیں۔ اور سارا سال سخت گرمی پڑتی ہے اور بارش ہوتی ہے۔
خَطّاط۔ خط نویس۔ خوش نویس۔
خطِ اُفقی۔ دائیں سے بائیں کو کھنچا ہوا خط مثلاً (———)
خطِ امان۔ امن کا پروانہ

خطِ اوّل -۱- حروفِ تہجی کا پہلا حرف (الف) ۲- نیز عرشِ اعظم -
خطبا - جمع خطیب کی -
خط باطل کشیدہ - منسوخ کر دینا -
خط بجہان کشیدن - دنیا ترک کر دینا -
خط بستن - داڑھی مونچھ کا اُگ آنا -
خط بُطلان - خطِ تنسیخ -
خط بندگی - غلامی کی سند -
خطبہ - وعظ - تقریر -
خِطبہ - نکاح کے لیے درخواست کرنا -
خُطبۂ آدم - وہ دعا جو نکاح کے وقت پڑھی جاتی ہے -
خطِ بیضوی - رسم الخط کی ایک قسم جس میں حروف کی شکل گول ہوتی ہے
خط پشتِ لب - مونچھیں -
خط باقی - حساب بیباق ہونے کی رسید
خط پیشانی - ماتھے کی لکیریں -
خط پای کلاغ - شکستہ خط جو پڑھا نہ جا سکے -
خط ترسا - انگریزی رسم الخط جو اُردو فارسی کے برعکس بائیں سے دائیں جانب کو لکھا جاتا ہے -
خط جدی - کرۂ ارض کا وہ فرضی خط جو خط استوا سے ½23 درجے جنوب کی طرف گزرتا ہے اور جب سورج اس خط پر چمکتا ہے - تو شمالی نصف کرے میں سردی ہوتی ہے - دن چھوٹے اور راتیں لمبی ہوتی ہیں - اور جنوبی نصف کرے میں اس کے برعکس گرمی ہوتی ہے - اور دن بڑے اور راتیں چھوٹی ہوتی ہیں -
خطِ جواز - پروانہ راہداری -
خط خوانا - وہ خط جو بآسانی پڑھا جا سکے -
خط خون - موت کا وارنٹ -
خط دمیدن - سبزہ اُگنا - مسیں بھیگنا -
خط راہ - پاسپورٹ -
خطِ رواں - صاف ستھرا خط جو آسانی سے پڑھا جا سکے -
خط رمز - شارٹ ہینڈ -
خط زبرجد رنگ - مسیں بھیگنا -
خط سبز - عنفوان شباب میں داڑھی مونچھوں کا اُگنا - مسیں بھیگنا -
خط سرطان - کرۂ ارضی کا وہ فرضی خط جو استوا کے شمال میں ½23 درجے پر سے گزرتا ہے اور جب سورج اس پر چمکتا ہے تو بالائی نصف کرہ

شمالی میں موسم گرما ہوتا ہے۔ دن بڑے اور راتیں چھوٹی ہیں اور جنوبی نصف کرہ میں اس کے برعکس۔

خط شعاع۔ سورج کی کرنیں۔

خط شکستہ۔ وہ ٹیڑھا ٹیڑھا خط جو مشکل سے پڑھا جائے۔ یہ خط کہتے ہیں اہل ایران کی ایجاد ہے

خط صلیبی۔ صلیب کی شکل کا رسم الخط

خط ضمانتی۔ ضمانت نامہ۔

خط طغرا۔ شاہی دستخطوں کے لئے فرمان۔

خط عمودی۔ سیدھا ۹۰ درجے کا خط جو اوپر سے نیچے کو خط آتا ہے افقی خط کے بالعکس (|)

خط فاصل۔ حدبندی کی لائن۔

خط فرمان۔ شاہی فرمان نامہ۔

خط کردار۔ نامہ اعمال۔

خط کش۔ پیمانہ۔ مسطر۔ رولر۔

خط کشیدن بچیزے۔ منسوخ کر دینا۔

خط مشکیں۔ تل۔ خال۔

خط معمّا۔ وہ خط جو پڑھا نہ جاسکے۔

خطِ منحنی۔ ٹیڑھی بیڑھی لائن مثلاً (⁀)

خط نصف النہار۔ وہ فرضی خط جو شمال سے جنوب کو دو قطبوں پر ایک دوسرے کو کاٹتا ہوا گزرتا ہے۔

خط متوازی۔ وہ دو خط جن کا درمیانی فاصلہ یکساں ہو اور ان کو خواہ کتنا ہی بڑھاتے چلے جائیں وہ آپس میں کبھی نہیں ملتے۔ مثلاً ریل کی پٹڑی۔

خط مخابرہ۔ خبر رسانی کی لائن۔

خط نسخ۔ عربی رسم الخط۔

خط نستعلیق۔ ایرانی رسم الخط۔ جس میں اکثر و بیشتر اردو کی کتابیں لکھی ہوئی ہیں۔

خط نسیاں کشیدن۔ کسی چیز کو بھلا دینا۔ دل سے نکال دینا۔

خط نشاں کشیدن۔ ڈرانا۔ دھمکانا۔ سختی کرنا۔

خطای خویشتن را کور دائم برعصا بندد۔ ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا

خط نہ کشیدن منسوخ کر دینا۔ کاٹ دینا۔
خطور کردن ۔ سوچھنا۔ کسی بات کا دل سے گزرنا۔
خطوط ۔ ۱۔ لکیریں۔ ۲۔ خط کی جمع ۳۔ مکتوبات۔ ۴۔ نسخے۔
خطوہ ۔ گام۔ قدم
خطہ ۔ زمین کا ایک محدود حصّہ۔
خطیب ۔ ۱۔ خطبہ پڑھنے والا۔ ۲۔ واعظ۔ ۳۔ مقرّر۔ ۴۔ لکچرار۔ ۵۔ لائق فائق آدمی۔
خطیبی کردن ۔ ۱۔ تبلیغ کرنا۔ ۲۔ لکچر دینا۔ ۳۔ وعظ کرنا۔
خطیر ۔ ۱۔ بڑا۔ ۲۔ کلاں۔ ۳۔ اہم۔ ۴۔ باعزت اور پرشکوہ۔

خ ۔ ف

خف ۔ چقماق۔ پتھر جس سے آگ یا شعلہ نکلتا ہے۔
خف ۔ جوتا۔ وہ جوتے جو عام طور استعمال کے لئے گھر پر پہنتے ہیں۔
خفا ۔ پوشیدہ۔ پنہاں۔ چھپا ہوا۔
خفا ۔ ناراض۔ غصّے میں۔
خفا ۔ گلا گھونٹنا۔
خفاش ۔ چمگادڑ
خفاف ۔ جوتے سینے والا۔ نیز جوتیاں بیچنے والا۔
خفافیش ۔ چمگادڑیں۔ جمع ہے خفاش کی۔
خفایا ۔ راز۔ بھید۔ چھپی ہوئی باتیں۔
خفت ۔ ہلکاپن۔ سُبکی۔ ہتک اہانت۔
خفت آمیز ۔ ذلّت آمیز۔
خفت کشیدن ۔ ذلیل وخوار ہونا۔
خفت ۔ سویا۔ ماضی مطلق کا یہ صیغہ واحد غائب ہے۔ خفتن مصدر سے۔
خفتان ۔ چلتہ۔ جنگی لباس۔
خفتانیدن ۔ سُلانا۔
خفتک ۔ ڈراؤنا سپنا۔ بھیانک خواب۔
خفتن ۔ سونا۔
خفتو ۔ ایک بیماری کا نام ہے جو معدے کی گرانی کی وجہ سے پیدا

ہوتی ہے۔ آدمی سوتے میں یوں محسوس کرتا ہے جیسے اس کو دبوچ کر دبا رہا ہے۔ اسے کابوس بھی کہتے ہیں۔ نیز بھیانک خواب۔
خُفتوک ۔ رجوع بہ ما قبل
خُفت و خیز ۔ آہستگی سے بے چینی اضطراب۔
خفت و خیز کردن ۔ ۱۔ اعتراض کرنا ۔ ۲۔ مخالفت کرنا۔
خُفتہ ۔ سویا ہوا۔ اسم مفعول ہے۔
خفتہ ای بر خیز ۔ مراد ہے۔ کہ بالکل وقت ضائع کئے بغیر یہ کام کرو۔
خفتہ را خفتہ کی کند بیدار ۔ جو آپ سویا ہوا ہو دوسروں کو کیسے جگائے۔
(او خود راہ گم کردہ است کرا رہبری کند)
خُفتی ۔ رات کا کھانا
خُفتیدن ۔ سونا۔
خَفچ ۔ رجوع کریں خفنک
خَفچا ۔ رجوع بہ قبل۔
خفچاق ۔ ایک صحرا نشین قبیلہ کا نام ہے۔ جو چینی ترکستان کے دشت خفچاق میں رہتا ہے۔
خَفدان ۔ رجوع کریں خفتان۔
خُفرنج ۔ رجوع کریں خفنو
خفس ۔ استہزا کرنا۔ تمسخر اڑانا۔
خفض ۔ مرتبہ سے نیچے لانا پست کرنا۔ نیز تن آسانی
خَفقان ۔ ۱۔ دل کا دھڑکنا ۔ ۲۔ گلہ گھونٹے جانا۔
خفقانی ۔ جسے اختلاج قلب کا مرض ہو۔
خفگی ۔ نا راضگی ۔ نیز دم کا گھٹنا۔ اور تنگی نفس کا ہونا۔
خَفہ شدن ۔ گلا گھونٹے جانا۔
خفہ شو ۔ چپ کر جا۔ خاموش رہ۔
خفہ کردن ۔ ۱۔ گلا گھونٹنا ۔ ۲۔ مار دینا۔ ۳۔ آگ بجھانا۔
خُفہ ۔ کھانسی
خفہ کن ۔ گلا دبانے والی چیز۔ جس سے سانس رکے۔ نیز وہ جالی نشیشہ گول جسے چولھا بجھانے کے لئے اوپر رکھ دیتے ہیں ۔ یا سپرٹ لیمپ بجھانے کے لئے

استعمال کرتے ہیں۔
خفی - چھپا ہوا - پوشیدہ - جلی کا اُلٹ -
(رای کہ نشناسی خفی را از جلی ہشیار باش)
خفیہ - پوشیدہ
خفیۃً - چوری چھپے - پوشیدہ طور پر -
خفیدن - ۱- گلا گھوٹتے جانا - ۲- تنگی نفس - ۳- تیز چھینکنا -
خفیف - ہلکا - سبک - بے آبرو -
خفیف کردن } ذلیل کرنا -
" نمودن } رسوا کرنا -
خفیہ نگار } سی آئی - ڈی C.I.D
خفیہ نویس } کے رپورٹر -

خ - ل

خَل - خلیدن مصدر سے فعل امر بمعنی چُبھ - نیز بمعنی سرکہ بھی مستعمل ہے - اور بمعنی ترشی اور کھٹائی بھی -
خِلّ - دوست - یارِ غار

خُل
خُلّ - کم عقل - بے سمجھ - دیوانہ -
خَلا - ۱- خالی - ۲- تنہائی - ۳- جائے ضرور - ٹٹی - نیز "ملا" کا اُلٹ یعنی فضا کا وہ حِصّہ جہاں ہَوا نہیں -
خَلاب - ۱- کیچڑ - ۲- طول -
خَلانشہ - کوڑا کرکٹ -
خلاص رہائی - نجات - چھٹکارا -
خلاص خواستن - نجات چاہنا -
خلاص دادن - چھوڑ دینا - رہا کر دینا -
خَلاص شدن - رہائی پانا -
خَلّاص - نجات دہندہ
خُلاصہ - ۱- صاف و پاک - ۲- انتخاب - ۳- نچوڑ - ۴- لب لباب ۵- برگزیدہ - ۶- مختصر مگر روح و مغز ۷- تلخیص - مثلاً
(بعد از مذاکرات خلاصہ آنہا را بہ نخست وزیر گفتم)
خلاصہ نویس - کِسی چیز کی تلخیص کرنے والا - مختصر رپورٹ بنانے والا -

خُلاصگان - منتخب - برگزیدہ چنے ہوئے
خِلاع - خلعت کی جمع - خلعتیں اور پوشاکیں -
خِلاعَت - ۱ - حکم عدولی نافرمانی ۲ - سرکشی ۳ - نافرمانبرداری
خِلاف - اُلٹ - برعکس -
خِلافت - ۱ - پیمبر پاک کی جانشینی - ۲ - نیابت - ۳ - حکومت اسلامی کی سربراہی -
خلافِ شریعت - وہ بات جو شرع دین نبیؐ کے خلاف ہو ے
(خلاف پیمبر کسی راہ گزید
کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید)
خلافِ طبع - طبیعت کے ناموافق -
خلافِ قیاس - عقل کے خلاف -
خلاف ورزیدن - ۱ - مخالفت کرنا ۲ - اُلٹ کرنا - ۳ - تردید کرنا -
خلاف ورز - مخالفت یا تردید کرنے والا -
خلاف ورزی - ۱ - تردید - ۲ - مخالفت ۳ - ناموافقت -
خَلّاق - خلقت کو پیدا کرنے والا - خداوند تعالےٰ -

خلّاقِ سخن - فصیح و بلیغ -
خلّاق المعانی - مشہور قصیدہ گو شاعر افضل الدین خاقانی کا لقب ہے -
خِلال - ۱ - خالی جگہ - ۲ - وقفہ - ۳ - درز - نیز دانتوں کے صاف کرنے کا تنکا تاکہ کھانا کھانے کے بعد جو ریزے خوراک کے دانتوں میں پھنس جاتے ہیں وہ نکل جائیں -
خِلال کردن - دانتوں سے ریزے نکالنا
خَلّال - سکہ بیچنے والا -
خُلّان - خلیل کی جمع - دوست - احباب -
خَلانیدن - چبھونا -
خَلائف - خلیفہ کی جمع - خلیفے -
خلائق - خلقت کی جمع - مخلوقات -
ع (خلائق سب اس کی نحوست سے چھوٹے)
خلائق بندۂ حاجاتِ خویش اند - دنیا والے لوبھ کے بندے اور خود غرض ہوتے ہیں -
خلائق ہر چہ لائق ے
قسمت کیا ہر ایک کو قسام ازل نے
جو شخص کہ جس چیز کے قابل نظر آیا
خَلبان - پائلٹ ہوائی جہاز

چلانے والا۔

خَلَج۔ ایک قبیلہ کا نام ہے جو سخت جاہل اُجڈ اور اکھڑ لوگ ہیں۔ یہ محاورہ عوام میں مشہور ہے کہ آنچہ خر نخورد خلج خورد۔ مراد ظاہر ہے کہ وہ اتنے گئے گزرے کہ گدھے سے بھی بدتر یا ٹھگ سے بچا تو آگے قزاق نے نہ چھوڑا۔

خَلجان۔ ۱۔ دل میں چبھنا۔ ۲۔ کانپنا ۳۔ کسی عضو کا پھڑکنا۔ ۴۔ تشویش وتردد۔

خُلَّخ۔ ۱۔ ترکستان کے ایک شہر کا نام جو اپنے باشندوں کے حسن وجمال کے لئے شہرہ آفاق ہے۔ ۲۔ تیز خوشبودار۔ معطّر۔

خَلخال۔ پازیب

خَلخالِ فلک۔ سورج۔ چاند

خَل خَلی کردن۔ ۱۔ دیوانگی کرنا۔ ۲۔ بے عقلی سے کام لینا۔

خُلد۔ ہمیشہ رہنے کی جگہ۔ بہشت۔ جاودانی۔

خُلد آشیاں } کسی شہزادے یا
خُلد آشیانی } رئیس زادے کو جو مر گیا ہو۔ نیکی سے یاد کرنے وقت کہتے ہیں۔ جنتی۔ بہشتی۔

خُلد بریں۔ جنت کا بلند ترین مقام۔

خُلد مکانی۔ رجوع بہ خلد آشیانی۔

خَلِش۔ ۱۔ چبھن۔ ۲۔ خلیدن مصدر سے حاصل مصدر۔

(غ۔ یہ خلش کہاں سے ہوتی جو جگر کے پار ہوتا)

خُلَصا۔ خالص اور سچے

خَلط۔ ملنا جلنا۔ مل جل جانا۔

خَلطِ مبحث۔ ۱۔ دخل در معقولات۔ ۲۔ فضول اور بے فائدہ بحث۔ اور الجھاؤ۔

خَلط۔ آمیزش۔ ملاوٹ۔

خَلع۔ ۱۔ کسی جگہ سے نکلنا۔ ۲۔ کپڑے اتارنا۔ ۳۔ جوتا اتارنا۔ ۴۔ معزول کرنا۔ ۵۔ رہا کرنا۔

خُلع۔ ایک قسم کی طلاق جو عورت خاوند کو مال معاوضہ دیکر حاصل کرتی ہے۔

خِلعت۔ وہ سروپا جو کسی حاکم کی طرف سے کسی امیر یا رئیس کو عطا ہوتا ہے۔

خلعت فاخرہ۔ قابل فخر پوشاکیں

خلعت نیچے

خَلَف۔ ا۔بیٹا۔ ۲۔ فرزند۔ ۳۔ جانشین
خُلَفا۔ خلیفے۔ نائب۔
خَلَفُ الرّشید۔ نیک بیٹا۔ اچھا جانشین۔
خلفائے راشدین۔ حضورؐ کے بعد پہلے چار خلیفے۔
خُلق۔ خو۔ روش۔ کردار
خَلق۔ پیدا کرنا۔ پرانا ہو جانا۔
خلقت۔ لوگ۔ مخلوقات
خلق نشیں۔ شیاطین
خلق آزار۔ دنیا کو تنگ کرنے والا۔
خلقِ عالم۔ دنیا والے لوگ۔ فانی دنیا سے
خلق می گوید کہ خسرو بت پرستی میکند
آری آری میکنم با خلق عالم کار نیست)
خلقان۔ پھٹے پرانے کپڑے بیچنے والا۔
خِلقت۔ پیدا کرنا۔
خِلقی۔ قدرتی۔ طبعی۔ نیچرل۔
خَلَل۔ رخنہ۔ خرابی۔ فساد۔ فتور۔
خلل انداز۔ ا۔ خلل ڈالنے والا۔ ۲۔ فسادی۔
خلل پذیر۔ خرابی قبول کرنیوالا۔
خلل ناپذیر۔ خرابی قبول نہ کرنیوالا۔

خللِ دماغ۔ جنون۔ دیوانگی۔ دماغی فتور۔
خلل و فرج۔ سوراخ۔ شگاف۔ درزیں۔
خللی۔ فسادی۔
خلنگ۔ ا۔ دورنگا۔ ۲۔ ابلق۔ ۳۔ چتکبرا۔ ۴۔ چیزہ۔
خِلو۔ تنہائی۔ اکیلا۔ تنہا۔
خلوت۔ تنہائی۔
خلوت بودن۔ تنہا ہونا۔
خلوت دوست۔ تنہائی پسند
خلوت کردن۔ ا۔ خالی کرنا۔ ۲۔ ریٹائر ہونا۔
خلوت سرا } تنہائی کی جگہ۔
خلوت گاہ }
خلوت گزیدہ }
خلوت گزیں } تنہائی میں بیٹھنے والا
خلوت نشین }
خلوتی۔ تنہا
خِل و چِل۔ احمق۔ کودن
خُلود۔ ہمیشہ رہنا۔ ہمیشگی۔ جاودان ہونا
خلوص۔ پاک و سادہ۔ خالص ہونا۔
خلوصِ نیت۔ حسنِ نیت۔ نیت کی صفائی و پاکیزگی۔
خَلیدگی۔ چبھن۔ خراش۔ زخم۔

خَلیدن۔ چبھنا۔ زخم کرنا۔
خَلیفہ۔ ۱۔ جانشین۔ ۲۔ نائب۔ ۳۔ اسلامی سلطنت کا حکمران۔
خَلیل۔ سچا دوست۔ حضرت ابراہیم کا لقب۔
خلیل اللہ۔ خدا کا دوست۔ مراد حضرت ابراہیم علیہ السلام۔ ع۔
(خلیل اللہ کے دریا میں ہنگے پھر گرپیدا)
خَلیلی۔ ۱۔ ہتھکڑی۔ ۲۔ تیز انگور کی ایک عمدہ ترین قسم کا نام ہے۔

خ ۔ م

خَم۔ ٹیڑھا۔ کج۔
خُم۔ شراب کا مٹکا۔
خم یا بروآمدن۔ ۱۔ ماتھے پر تیوری آنا۔ ۲۔ بل ڈالنا۔ ۳۔ ناراضگی کا اظہار کرنا۔
خم بابرو نیاوردن۔ قطعاً متاثر نہ ہونا۔ ۲۔ بردباری اور تحمل کا ثبوت دینا۔
خِمار۔ عورت کا دوپٹہ۔ اوڑھنی۔
خَمّار۔ ۱۔ شراب فروش۔ ۲۔ بہت شراب پینے والا۔
خمار۔ نشہ کا اترنا جس سے اعضا شکنی ہوتی ہے۔
خمار خانہ۔ شراب خانہ۔
خمار آلود۔ نشہ اترنے کی حالت میں
خمار آلود باجامی می سازد۔ جب نشہ ٹوٹ رہا ہو تو جو مل جائے غنیمت ہے۔ ویسے عام طور پر محاورہ اس معنی میں استعمال ہوتا ہے۔ کہ عاشق پیام یار ہی سے مطمئن بلکہ خوش ہو جاتا ہے۔
خم اندر خم۔ پیچ در پیچ۔
خم آوردن۔ جھک جانا۔ خمیدہ ہونا۔
خم دادن۔ جھکانا۔
خم زدن۔ ۱۔ کنی کترانا۔ جھک کر ایک طرف ہو جانا۔
خم شدن۔ جھک جانا۔ لڑھک جانا۔
خمار شکن۔ نشہ کو توڑنے والی شے۔
خم لبالب زدن۔ خوب ڈٹ کر شراب پینا۔
خَماندن۔ خم کھانا۔ خم کرنا۔
خمّان۔ ادنی لوگ۔ بھانڈ اور نقّال۔
خمپارہ۔ وہ بم جو ہوائی جہاز کے

ذریعے گرائے جاتے ہیں یا وہ گولے
جو توپ سے پھینکے جاتے ہیں۔
خُمپارہ دستی ۔ دستی بم
خُمچہ ۔ ۱۔ اسم تصغیر خم سے ۔ ۲۔ چھوٹا
مٹکا یا مٹکی۔
خُمخانہ ۔ شراب خانہ۔
خم دار ۔ پیچیدہ
خَمر ۔ شراب۔ انگور کا نچوڑ۔
(پاسبانان را نشاید روز و شب
گاہے اندر خمر و گاہے در خمار)
خُمرہ ۔ ۱۔ شراب کا بڑا مٹکا۔ ۲۔ نیز
بڑا اور بھدا سر۔
خمر فروش ۔ شراب بیچنے والا۔
خُمس ۔ پانچ (ز د)
خُمس ۔ پانچواں حصہ۔ ⅕
خُمستان ۔ شراب خانہ۔ میکدہ
خمسہ آل عبا ۔ پنجتن پاک حضورؐ
سرور کائنات ۔ حضرت علیؓ حضرت
بی بی فاطمہؓ حضرت امام حسنؓ
اور حضرت امام حسینؓ۔
خمسۂ نظامی ۔ شیخ گنج نظامی گنجوی
جو پانچ مشہور و معروف مثنویوں پر
مشتمل ہے۔ ۱۔ مثنوی مخزن الاسرار
خسرو شیریں لیلیٰ مجنوں ہفت پیکر
سکندر نامہ)
خم کدہ ۔ میکدہ ۔ شراب خانہ
خم لاجورد ۔ آسمان
خم و چم ۔ ناز و ادا ۔ نخرے
خمود ۔ ۱۔ آگ کا بجھنا۔
۲۔ خاموش ہونا۔
خموش ۔ خاموشی کا مخفف چپ چاپ
خموشیدن ۔ چپ ہونا۔
خموشی معنی دارد کہ در گفتن نمی آید
خاموش رہنے کے ہزاروں فواید ہیں۔
خمول ۔ گمنامی
خمیدگی ۔ جھکاؤ
خمیازہ ۔ جمائی۔
خمیازہ کشیدن ۔ جمائی لینا۔
خمیدن ۔ جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا۔
خمیدہ ۔ جھکا ہوا ۔ کبڑا ۔ ٹیڑھا۔
خمیدہ قد ۔ بوڑھا ۔ کبڑا
خمیر ۔ گندھا ہوا آٹا ۔ ۲۔ نیز وہ
ترشی جو آٹے کو پھلا دیتی ہے۔
خمیر کردن ۔ گوندھنا۔
خمیر فطیر ۔ وہ تازہ گوندھا ہوا آٹا جو
ابھی پوری طرح خمیر نہ ہو۔

خمیر در آمدن - خمیر کا تیار ہو جانا
خمیرہ - سرشت - جبلت
خمیس - جمعرات کا دن

خ - ن

خنا - لغویات - بے حیائی کا کام -
خناث - خنثیٰ کی جمع - مخنث - ہیجڑے -
خناجر - خنجر کی جمع -
خنادق - خندق کی جمع -
خنازیر - خنزیر کی جمع - سور - نیز ایک بیماری کا نام جو گردن میں نمودار ہوتی ہے - جسے کنٹھ مالا بھی کہتے ہیں
خناس - شیطان - دیو - بھوت
خناق - گلے کی ایک بیماری کا نام ہے
خناق - ۱ - پھندا دینے والا - ۲ - پھانسی دینے والا -
خنب - خم - شراب کا مٹکا -
خنثی - ہیجڑا - زنخہ
خنثی نمودن - کالعدم کرنا - باطل کرنا -
خنج - نفع - عیش -
خنج خنج - ناک کے ذریعے زور زور سے سانس لینا -
خنجر بر سنگ کشیدن - خنجر تیز کرنا -
خنجر صبح - آفتاب کی پہلی شعاعیں -
خنجر بکف - ہاتھ میں خنجر اٹھائے یا لئے -
خند - خندیدن مصدر سے فعل امر -
خندان - اسم حالیہ - ہنستے ہوئے (خند خندان است و باکس یار نیست)
خندانیدن - ہنسانا
خندق - کھائی
خندگی - ہنسی
خند و تند - تباہ - الٹ پلٹ -
خندہ - ہنسی
خندۂ آفتاب - صبح
خندہ آور - مضحکہ خیز
خندۂ برق - بجلی کی چمک
خندہ پیشانی - بڑی خوشی اور مسرت سے -
خندہ زدن - ۱ - ہنسنا - قہقہہ لگانا -
خندہ زن - ہنسنے والا -
خندہ زور کی کردن - مصنوعی

ہنسی ہنسنا۔
خندہ زیرلب ۔ مسکراہٹ
خندہ شیشہ ۔ قلقل مینا ۔
خندہ صراحی ۔ رجوع بہ مانیل
خندہ غنچہ ۔ غنچے کا کھلنا ۔
خندہ کردن ۔ ہنسنا ۔ استہزا کرنا ۔
خندۂ گل ۔ پھول کا کھلنا ۔
خندیدن ۔ ہنسنا ۔
خنزیر ۔ سوئر ۔
خنق ۔ گلا گھونٹنا ۔
خنک ۔ ٹھنڈا ۔ سرد ۔ خوب خوش
خنک ساختن ۔ ٹھنڈا کرنا ۔
خنک کردن ۔ کسی کا غصہ ٹھنڈا کرنا
(مثلاً آب خنک ۔ ٹھنڈا پانی
ہوائی خنک ۔ ٹھنڈی ہوا
ہوای خنک می وزد زسوی جوئبار ہا
مزاج خنک ۔ سرد مزاج
ای خنک روزی کہ آئی سوے ما
کتنا ہی اچھا دن ہوگا جب تم آؤ گے
خنک آنکس کہ تخم نیکی کاشت
خنک آنکس کہ ز آغاز انجام است
خوش بخت ہے وہ جس نے نیکی کا بیج بویا
خوش نصیب ہے وہ جس نے آغاز سے انجام کو دیکھا
خنک دمی کہ نپید دمی نیاسائید
خوش بخت ہے وہ انسان جو عمر بھر
عشق خدا میں تڑپتا رہا اور لمحہ بھر
کے لئے سکون نہ پایا)
خنکا ۔ خوشخبری ۔ خوشنا ۔
خنک جان ۔ سرد مزاج ۔
معتدل مزاج والا ۔
خنک شدن ۔ تازہ دم ہونا ۔
خنک کنندہ ۔ فرخ ۔
خنکی ۔ ٹھنڈک ۔ سردی ۔ خوشحالی
خنکی کردن ۔ بدمزگی کرنا ۔
ناپسندیدہ کام کرنا ۔
خنکی چشم ۔ آنکھوں کی طراوت
(قرۃ العین)
خُنگ ۔ بدنفس ۔ بدذات
خِنگ ۔ نالائق ۔ احمق ۔ کودن
نیز سفید گھوڑا ۔ نقرہ گھوڑا ۔
خنگ و لوک ۔ کمزور ۔ نکھٹو
نکما ۔ کم فہم ۔ کودن ۔
خضوع ۔ اطاعت ۔ انکساری ۔
خنیا ۔ نغمہ ۔ سرود ۔ گیت ۔
خنیاگر ۔ گویا ۔ ساز بجانے والا ۔
مطرب ۔

خلیدہ۔ ماہر۔ مشہور۔ موافق۔ معروف اور دلپسند۔ ہر دلعزیز۔
خلیدن۔ شہرت پانا۔ گانا بجانا۔

خ۔ و

خو } خصلت۔ عادت۔ خلق
خوی } " " "
(خوی بد را بہانہ بسیار)
خو۔ ۱۔ عمارت بنانے کے معمار بانسوں سے جو "پاڑ" باندھتے ہیں
۲۔ خودرو گھاس۔ ۳۔ مٹھی بھر۔
۴۔ ہتھیلی۔ ۵۔ عشق پیچاں۔
خواب۔ نیند۔ سپنا۔ غفلت۔
خواب ابدی۔ موت۔
خواب اجل۔ موت کی نیند۔
خواب آشفتہ۔ اُکھڑی اُکھڑی اور پریشان قسم کی نیند۔
خواب آور۔ ایسی دوا جو نیند لے آئے
خواب آوردن۔ سُلانا
خواب از چشم پریدن } نیند
" " رمیدن } کا
اچاٹ ہو جانا۔

خواب آلودہ۔ نیند سے چُور۔ سویا ہوا۔
خواب آمدن۔ نیند کا آنا۔
خواباندن۔ سُلانا
خواب پُریدن۔ سوتے میں کسی کو جگانا۔ نیند میں خلل ڈالنا۔
خواب پا۔ پاؤں کا سُن ہو جانا۔
خوابِ پریشان۔ ڈراؤنا اور بھیانک خواب۔ نیز بے آرامی کی نیند۔
خواب جامہ۔ سونے کا لباس
خواب جاوید۔ موت۔
خواب خرگوش۔ غفلت کی نیند۔
خواب خرگوش دادن۔ ناز و ادا سے یا ٹال مٹول سے وعدے وعید کرتے رہنا۔
خواب دیدن۔ سپنا دیکھنا۔
خواب رفتن۔ سو جانا۔
خواب رفتن عضو۔ کسی عضو کا سُن ہو جانا۔
خواب زن چپ است۔ عورتوں کی خواب کی تعبیر اُلٹی ہوتی ہے۔

خوابِ سُبک - ہلکی نیند - جو معمولی سی آہٹ سے بھی کھل جائے -
خوابِ سنگین - گہری نیند -
خوابِ شیریں - سہانی نیند
خوابِ صیاد - جھوٹ موٹ کی نیند جو پرندوں کو جال میں پھانسنے کے لئے ہوتی ہے -
خواب کردن - ۱- سلانا - ۲ - دھوکا دینا -
خواب گاہ - سونے کی جگہ - نیز بستر اور لیستر بند وغیرہ -
خواب گفتن - خواب کی تعبیر بتانا -
خوابِ نوشیں - گہری اور میٹھی نیند
خواب و خور - کھانے پینے اور رہنے سہنے کا انتظام -
خواب و خیال - وہم و گمان
خوابیدگی - غفلت -
خوابیدن - سونا لیٹنا - نیز بیمار ہو کر بستر سے چمٹے رہنا - اردو ہفتہ بیمارستان خوابیدم - میں دو ہفتے تک ہسپتال میں بیمار پڑا رہا)
خوابیدن آواز - گلے کا بیٹھ جانا -
خوابیدن ساعت - گھڑی کا چلنے سے رک جانا -
خوابیدن دستگاہ - ۱- کسی ادارے کا بند ہونا - ۲ - یا ادارہ میں چھٹی ہونا
خَواتم - خاتم کی جمع - انگوٹھیاں -
خواتین - خاتون کی جمع - پردہ نشین عورتیں -
خواجگی - مالدار سوداگر ہونا - سرداری بزرگی - بڑائی -
خَواجہ - ۱- بزرگ - ۲ - امیر - ۳ - مالک ۴ - وزیر کا لقب - ۵ - استاد - ۶ - پیر و مرشد - ۷ - حاکم - ۸ - نیز خصی -
خواجہ اجمیر - مراد ہے حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ سے جن کا مزار شریف اجمیر میں ہے اور جو برصغیر پاک و ہند کے سرکردہ ترین صوفی تھے - انہیں خواجہ سلطان الہند بھی کہتے ہیں - کفرستان ہند میں دینِ اسلام کی شمع جلانے والوں میں سے ہیں - آپ حضرت عثمان ہارونی کے خلیفہ تھے - اور ادھر اپنے بعد حضرت خواجہ بختیار کاکی کو اپنا خلیفہ بنایا -
خواجہ لعبت و نشر - حضور پاک نبی کریمؐ

خواجہ بقال۔ سبزی فروش
خواجہ تاش ۔ ایک ہی مالک کے نوکر
نیز بمعنی آقا اور مالک بھی آتا ہے۔
(ع ۔ من و تو ہر دو خواجہ تاشانیم)
(میں اور تم دونو ایک ہی آقا کے
غلام ہیں)
خواجہ سرا ۔ نامرد غلام یا نوکر۔ ہیجڑا
زنخہ۔ جو بادشاہوں کے زنانہ
حرم میں آجا سکے ۔ نیز سرداروں
کے رہنے کی جگہ کو بھی کہتے ہیں ۔
خواجہ بزرگ۔ تاریخ ادبیات ایران میں
اس سے مراد ایران کا مشہور و
معروف وزیر خواجہ نظام الملک
طوسی ہے۔ جو الپ ارسلان اور
ملک شاہ کا وزیر اعظم تھا۔ اک عرصہ
دراز تک اس عہدہ جلیلہ پر فائز
رہا۔ اور بالآخر ایک اسمٰعیلی کے
ہاتھوں نہاوند کے مقام پر خنجر کے
زخم سے ابدی نیند سو گیا)
خواجہ غریب نواز۔ رجوع کریں خواجہ اجمیر
خواجہ فلک ۔ سورج
خوار ۔ ذلیل ۔ رسوا ۔ پست ۔ بے نوا ۔
خوار داشتن ۔ ہیٹا سمجھنا ۔

خوار شدن ۔ ذلیل ہونا ۔
خوار کردن ۔ ذلیل کرنا ۔
خوار بار ۔ اشیائے خوردنی ۔ کھانے
پینے کی چیزیں ۔
خوار بار کش ۔ اشیائے خوردنی لانے والا ۔
خوارج ۔ خارجی کی جمع ۔ ایک فرقہ کا
نام ہے جس نے حضرت علیؓ کے
خلاف بغاوت کی تھی ۔
خوار خوری ۔ بُرا سلوک ۔
خوارزم ۔ خیوا کا قدیمی نام ۔ خوارزم
شاہ کئی بادشاہوں کا لقب تھا ۔
جن میں جلال الدین اور علاؤ الدین
مشہور ترین ہیں ۔
خوارق ۔ معجزے ۔ کرامتیں ۔ خلاف
عادت اور خلاف معمول باتیں ۔
خوار کار ۔ ظالم ۔ ستمگر ۔
خواری ۔ ذلت و رسوائی
خوار و زار ۔ ذلیل و پست اور بے نوا ۔
خوارہ ۔ روزینہ ۔ وظیفہ
خواز ۔ گدھے یا بیل کو ہانکنے کی چھڑی ۔
خواست ۔ ۱ ۔ مانگنا ۔ ۲ ۔ سوال کرنا ۔
۳ ۔ خواہش کرنا ۔ ۴ ۔ چاہنا ۔
خواستار ۔ مانگنے والا ۔ سائل ۔ طالب

خواستار شدن - درخواست کرنا -
خواستگار - ۱- خواہشمند - ۲- بہت چاہنے والا - ۳- عاشق -
خواستگاری کردن - ۱- کسی سے شادی کی تمنا کرنا - ۲- منگنی کرنا -
خواستن - چاہنا - طلبگار ہونا -
خواستن توانستن است - جہاں چاہ وہاں راہ ہوتی ہے -
خواستن گدیہ است - ع - مانگنے والا گدا ہے صدقہ مانگے یا خراج
خواستہ - ۱- جس چیز یا انسان کے لئے دل چاہے - ۲- منتخب ۳- برگزیدہ -
خواص - خاص کی جمع -
خواص داشتن - پرُ تاثیر ہونا - فائدہ مند ہوتا -
خواطر - جمع خاطر کی - طبائع -
خواطر و مدارات - خیالات - دل جبیعتیں - دلی ارادے -
خواقین - خاقان کی جمع - شاہان بزرگ -
خوالگر - باورچی -
خوالیگری یا درچی گری -
خوان - ۱- دستر خوان - ۲- کھانے

کا میز (برین خوان یغما چہ دشمن چہ دوست) اس دستر خوان ربانی پرسب یکساں ہیں)
خوان - خواندن مصدر سے فعل امر پڑھ -
خوان - خواندہ - پڑھنے والا - علامت اسم فاعل - فارسی خوان - فارسی پڑھنے والا -
خوانا - جو پڑھا جا سکے - نیز پڑھنے والا -
خوان آراستن - دستر خوان بچھانا
خوانا بینا است - پڑھا لکھا آدمی دانا ہوتا ہے -
خوانچہ - خوان سے اسم تصغیر - یعنی چھوٹا دستر خوان سینی - ٹرے -
خوانچہ سپہر - سورج
خوان چیدن - دستر خوان بچھانا -
خوان دل - خانہ کعبہ -
خوان یغما - وہ دستر خوان جس پر دعوت کے لئے صلائے عام ہو -
خواندگی - پڑھائی -
خواندن - ۱- پڑھنا - ۲- بلانا - ۳- گانا -

خوانِ کرم ینگر۔ جہاں مفت کھانا تقسیم ہوتا ہو۔
خوانندہ ۔۱۔ پڑھنے والا ۔گانے والا
خوانندہ وسازندہ ۔گانے بجانے والا
خواندنی ۔ پڑھنے کے لائق
خواندنی ہا ۔ وہ کہانیاں اور حکایات جو پڑھنے کے قابل اور دلچسپ ہوں۔
خوان سالار ۔ میزبان۔
خوان گستردن ۔دستر خوان بچھانا
خواتین ۔خوان کی جمع
خواہ ۔ خواستن مصدر سے فعل امر بمعنی چاہ۔ مانگ۔ نیز علامت اسم فاعل بھی ہے۔ ہوا خواہ ۔بھلا چاہنے والا۔
خواہاں ۔چاہنے والا۔
خواہاں کسی باش کہ خواہان تو باشند ۔کسی ایسے سے محبت کر جو تمہیں بھی چاہے۔ ورنہ یک طرفہ محبت تو نرا عذاب ہے۔
خواہد ۔چاہے ۔فعل مضارع ہے خواستن مصدر سے ۔۲۔ نیز علامت مستقبل (خواہد کرد ۔کرے گا۔ خواہد رفت ۔جائے گا)

خواہر ۔ ہمشیرہ ۔بہن۔
خواہر اندر ۔ سوتیلی بہن
خواہر خواندہ ۔منہ بولی بہن ۔
خواہر شوہر مار زیر فرش است
خاوند کی بہن یعنی نند مار آستین ہوتی ہے ۔جس سے نئی نویلی دلہن کو اکثر تکلیف پہنچتی ہے ۔
خواہر زادہ ۔بھتیجا ۔بہن کا لڑکا۔
خواہش ۔۱۔ استدعا ۔آرزو۔
خواہش کردن ۔۱۔ تمنا کرنا ۔۲۔ استدعا کرنا ۔۳۔ التجا کرنا۔
خواہشمند بودن / شدن } رجوع بہ ماقبل
خواہ نخواہ ۔چار و ناچار۔ مجبوراً ۔
خواہندہ ۔سائل ۔طلب گار۔
خواہی نخواہی ۔رجوع بہ خواہ نخواہ
خوب ۔۱۔ اچھا ۔۲۔ پسندیدہ ۔۳۔ زیبا ۔۴۔ نفیس ۔۵۔ معشوق ۔۶۔ مضبوط۔
خوب است ۔ بالکل ٹھیک ہے (خیلی خوب ۔نہایت ہی اچھا ۔بہت اچھا)
خوباز کردن ۔۱۔ عادت بدل لینا ۔ ۲۔ ترک کر دینا ۔۳۔ چھوڑ دینا۔

خوبان۔ خوب کی جمع۔ محبوبان معشوقان حسینان ؎

(حسنِ یوسف دمِ عیسیٰ ید بیضا داری
آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری)

خوبانی۔ خرمانی۔ ایک میوہ۔ زرد آلو۔

خوب آئین۔ نیکو کار۔ اچھی سیرت والا۔

خوب تر۔ بہت اچھا۔ تفضیل بعض۔

خوب ترین۔ بہت ہی اچھا۔ تفضیل کل صفت کا تیسرا درجہ۔

خوب حاصل۔ زرخیز۔ زمین جہاں پیداوار خوب ہوتی ہے۔

خوب رخسار۔ پیارے پیارے گالوں والا۔

خوب رویان۔ حسین۔ خوبصورت لوگ

خوب صورت۔ اچھی شکل وصورت والا۔ حسین۔

خوب فرجام۔ نیک سیرت۔ نیک انجام

خوب کردار۔ اچھے اخلاق والا۔

خوب منظر۔ نظارے والی جگہ۔ دیکھنے کو خوب صورت۔

خوبو۔ رنگ ڈھنگ۔ عادت و اطوار

خوبی۔ عمدگی۔ حسن۔ گن۔

خوبی کردن۔ ۱۔ بھلائی کرنا۔ ۲۔ کسی کی خوبیوں کے گن گانا۔ ۳۔ کسی کو بھلائی سے یاد کرنا۔

خوبی گم نشود۔ بھلائی اور نیکی کا اجر خواہ دیر سے ملے۔ آخر مل ہی جاتا ہے۔

خوبی و وفا ہر دو بہم گرد نیاید
حسینوں میں وفا نہیں پائی جاتی یہ دو چیزیں کم و بیش متضاد ہیں۔

خود۔ سر کی ٹوپی جو جنگ میں پہنتے ہیں۔

خود۔ آپ

خود آرا۔ خود نمائی کرنے والا۔

خود باختن۔ ڈرنا۔ سہم جانا

خود بخود۔ اپنے آپ

خود بین۔ مغرور۔

خود بینی۔ کبر و غرور۔ تکبر۔

خود بین خدا نشود۔ مغرور اور متکبر آدمی خدا کو نہیں پہنچ سکتا۔ خدا بینی کے لئے دوئی کو مٹانا ضروری ہے۔

خود پرست۔ مطلبی آدمی۔

خود پسند۔ مغرور۔ من مانی کرنے والا۔

خود پسندی۔ رجوع بہ ما قبل۔

خورنت۔ تو خور (خورنت گفتی)

خود نان۔ آپ لوگ۔
خود حساب۔ اپنے آپ کا جائزہ لینے والا۔
خود خواہ۔ متکبر۔ مطلبی۔
خود خواہی۔ رجوع بہ ماقبل۔
خود دار۔ اپنی ساکھ کا خیال رکھنے والا۔
خود داری۔ ساکھ و عزت و آبرو کا خیال
(نہیں یہ شان خود داری چمن سے توڑ کر تجھکو
کوئی دستار میں رکھ لے کوئی زیب گلو کر لے)
خود داری کردن } ۱۔ ضبط کرنا۔
خود داری نمودن } ۲۔ روکنا۔
۳۔ بچنا۔
خود را بآب و آتش زدن۔ بڑی جرأت سے کام لینا۔ جان کو جوکھوں میں ڈال کر کام کرنا۔
خود را بلند کشیدن۔ بہت بڑے بننا۔
خود را در یافتن۔ اپنے آپ کو پالینا۔
خود را از تنگ و تا نیند اختن۔
اپنی ہٹ پر قائم رہنا۔
خود را خوردن۔ غم و اندوہ کو اندر ہی اندر کھانا اور ظاہر نہ ہونے دینا۔
خود را گم کردن۔ اپنے ہی خیالات میں مگن رہنا اور دوسروں سے

بے نیاز رہنا۔
خود رو۔ خود بخود اُگنے والا۔
خود سر۔ ضدی
خود سری کردن۔ ۱۔ ضد کرنا۔ ۲۔ ہٹ پر اڑنا۔ ۳۔ سرکشی کرنا۔
خود سوار۔ خود سر
خود ستا۔ اپنی تعریف آپ کرنے والا۔ اپنے منہ میاں مٹھو۔
خود ستائی جہان من برہان نادانی بود
(کرتے ہیں تہی مغز ثنا آپ اپنی
جو ظرف کہ خالی ہے صدا دیتا ہے)
خودش۔ وہ خود صیغہ واحد غائب
خودش است و دو گوشش۔
گھر میں بالکل تن تنہا ہونا۔
خودشان۔ وہ سب خود صیغہ جمع غائب
خود شکن۔ منکسر المزاج
خود شناس۔ اپنے آپ کو اور اپنی اصلیت و حقیقت کو پہچاننے والا۔
خود شیرینی کردن۔ اپنے میاں آپ ہی میاں مٹھو بننا۔ ۲۔ شیریں زبانی سے کام لینا۔ ۳۔ بد مزگی کرنا۔ ۴۔
خود غرض۔ مطلب پرست۔
خود غلط بود آنچہ ما پنداشتیم۔

ہم نے کچھ سمجھا وہ کچھ نکلے۔ بڑی غلطی ہوئی۔

خودفروشی۔۱۔ اپنا ڈھنڈورہ پٹنا۔ ۲۔ اپنی اور اپنے علم و فضل کی نمائش کرنا۔

خودکار۔۱۔ وہ آلہ یا مشین جو اپنے آپ کام کرے۔ ۲۔ وہ آدمی جو بغیر کہنے کے کام کرے۔

خودکام۔ خودسر۔ ہوس ران

خودکامی۔ ہوس رانی۔ ع

(ہمہ کاری یہ خود کامی بہ بدنامی رسید آخر)

خودکردہ را علاجے نیست۔ اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑا مارنا۔

خودکشتہ را تعزیت نمی دارند رجوع کریں خودکردہ را

خودکشی کردن۔ اپنے آپ کو مارلینا۔

خودم کردم کہ لعنت بر خودم باد اپنا کیا اپنے آگے۔ رجوع کریں خودکردہ را......

خود گویم و خود خندم خود مرد ہنرمندم اپنے منہ آپ میاں مٹھو۔

خودم۔ میں خود۔ صیغہ واحد متکلم

خودمان۔ ہم خود۔ صیغہ جمع متکلم۔

خودمانی۔ بہت رازداری۔ ہمارے آپ ہی کے درمیان۔

خودمختار۔ آزاد۔

خودمرد فضیحت دیگراں را نصیحت آپ سب سے بڑا اور دوسروں کو نیکی کی تلقین۔

خودنما۔ اپنی نمائش کرنے والا۔

خودنمائی۔ رجوع بہ ماقبل۔

خودی۔ اپنی ذات۔ خودسری۔ تکبر۔ نیز خودآگاہی۔ استحکام ذات۔

خور۔ خوردن مصدر سے فعل امر۔ کھا۔ ۲۔ نیز اسم فاعل کی علامت۔ نان خور۔ روٹی کھانے والا۔ ۳۔ مخفف خورشید۔ نیز روشنی اور نور۔

خورا۔ درخور۔ سزاوار۔ لائق

ع۔ من چہ پیش تو بیارم کہ خورائے تو بود)

خوراک۔۱۔ کھانے کی اشیاء۔ ۲۔ ایک وقت کا کھانا۔

خورانیدن۔ کھلانا۔

خوردگی۔ قابل خوردن۔ خوردنی۔ ۲۔ نیز روزینہ یا ہزینہ۔

خورپارہ۔ ٹکڑے حصے بخرے۔

خورپرست۔۱۔ سورج کی پرستش کرنے

والا۔ ۲۔ نیز سورج مکھی پھول جس کا رُخ سورج کی جانب رہتا ہے۔
خُورتاب۔ جہاں سورج دوسری سمتوں کی نسبت زیادہ چمکے۔ (شمال)
خورجین۔ چیزیں رکھنے کا تھیلا۔
خورخوان۔ کھانے کی طرے یا سینی۔
خورد۔ ۱۔ فعل ماضی مطلق کا صیغہ۔ واحد غائب خوردن مصدر سے۔
۲۔ چھوٹا۔ معمولی۔ مناسب۔
خورداد۔ رجوع بہ خردار
خوردبرد۔ غبن۔ بددیانتی۔ خیانت۔
خورد کردن۔ ۱۔ ریزے ریزے کرنا۔
۲۔ ریز گاری لینا۔
خوردن۔ کھانا۔
خوردنی۔ کھانے کے لائق۔
خوردہ۔ ۱۔ اسم مفعول۔ کھایا ہوا۔
۲۔ نیز ریزگاری۔
خورد و خواب۔ محض کھانا پینا اور سو رہنا۔ دیگر کام نہ کرنا۔
خورد و کلاں۔ چھوٹے بڑے۔
خوردہ و بُردہ۔ ڈر۔ خوف۔ (من از خوردہ بردہ ندارم)
خُوردہ بین۔ باریک بین۔

خوردہ پز۔ باورچی۔
خوردہ فروشی۔ پرچون بیچنا۔
خورسند۔ خوش
خورسندی۔ خوشی۔
خورش۔ سالن۔
خورش دستاس۔ گالا۔ وہ مٹھی بھر دانے جو دستی چکی میں پیسنے کے لئے ڈالتے ہیں۔
خورشید۔ سورج۔
خورشید با گل اندودن۔ کسی آشکار حقیقت کو چھپانے کی کوشش کرنا۔
خورشید بر لب بام۔ غروب کے نزدیک ۲۔ نیز عمر کا پچھلا پہرہ۔
خورشید پیکر۔ خوب صورت
خورشید جہاں تاب۔ سورج
خورشید طلعت۔ بہت حسین
خورشید لقا۔ رجوع بہ ما قبل
خورماہ۔ گرمی کے ایک مہینے کا نام۔
خورندہ۔ اسم فاعل۔ کھانے والا۔ پیٹو۔
خَورنق۔ وہ محل جو نعمان بن منذر نے بہرام چوبین کے لئے تعمیر کیا۔ اور اب اکثر شاندار محل یا عمارت

کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں۔
خورد پوش۔ کھانا دانہ اور کپڑا۔
خورد و نوش۔ کھانا پینا۔
خورہ۔ کوڑھ۔ جذام۔ تیز گلنے کی ایک بیماری کا نام۔
خوز۔ گنا۔ نیشکر
خوزم۔ کہر۔ دُھند۔
خوس۔ دھوکا دینا۔ خیانت کرنا۔
خوسانیدن۔ ا۔ گیلا کرنا۔ ۲۔ تر کرنا۔
خوسہ۔ وہ شکل جو کھیتوں یا جانوروں اور پرندوں کو ڈرانے کے لئے بناتے ہیں۔
خوش۔ خوب۔ خرم۔ شاد۔
خوشا۔ بہت اچھا۔
(خوشا و خرم آں دمی کہ بود یار با من
خوشا شیراز و وضع بے مثالش)
خوشاب۔ تر و تازہ۔ سیراب۔ خوش اخلاق۔ اچھے اخلاق والا۔
خوش اسلوب۔ عمدہ اور دلپسند
خوش اطوار۔ اچھی عادتوں والا۔
خوش الحان۔ اچھی آواز والا۔
خوش آمد۔ استقبال کرنا چاپلوسی

خوشامد بر کرا کردی خوش آمد۔
خوشامد خدا کو بھی پسند ہے۔
خوشانیدن۔ کھانا خشک کرنا۔
خوش آہنگ۔ اچھی آواز والا۔
خوش آیند۔ بھلا لگنے والا۔ پیارا۔
خوش باش۔ ا۔ احترام اور استقبال ۲۔ نیز بہت خوش رہنے والا۔
خوش باش زدن۔ ا۔ تکلف کرنا۔ ۲۔ کھاتے وقت کسی کو ساتھ کھانے کی دعوت دینا۔
خوش باور۔ زود اعتقاد۔
خوش بخت۔ خوش نصیب
خوش بختانہ۔ خوش نصیبی سے۔
خوش بدہ۔ ا۔ لین دین کا اچھا آدمی۔ ۲۔ ادھار لے کر واپس کر دینے والا۔
خوشبودار۔ عمدہ خوشبو والی چیز۔
خوش بین۔ چیزوں کا روشن پہلو دیکھنے والا انسان۔ (بدبین کا اُلٹ)
خوش بینی۔ رجائیت۔
خوش پوشاک اچھا لباس پہننے والا
خوش تراش۔ اچھی وضع قطع والا۔

خوش ترکیب متناسب الاعضاء
خوش جلیس ۔نیک سیرت شریف
خوش چشم ۔خوبصورت آنکھوں والا۔
خوشحال ۔جس کی گزر بسر خوب
ہوتی ہو۔
خوش حرف ۔اچھی باتیں کرنے والا۔
خوش حساب ۔لین دین کا اچھا۔
خوش خصال ۔ اچھی عادتوں والا۔
خوش خط ۔ عمدہ لکھنے والا۔
خوش خط و خال ۔خوب صورت
جس کے نین دلکش ہوں۔
خوش خو ۔ اچھی خوبو والا ۔نیک
عادت والا۔
خوش خوراک ۔ اچھی خوراک کھانے والا
خوش خوئی ۔عمدہ خوبو۔ اچھی
عادت۔
خوش خیال ۔بھلے خیالات والا۔
خوش دل ۔ خوش و خرم۔
خوشدلی داشتن ۔خوش و
خرم ہونا۔
خوش دندان ۔خوب صورت و
سفید دانت رکھنے والا۔
خوش ذائقہ ۔عمدہ ذائقہ۔

خوش رفتار ۔ نیک سلوک کرنے والا
اچھے عادات و اطوار کا مالک۔
خوش رُو ۔خنداں ہنس مکھ۔
خوش ریخت ۔خوبصورت خوش اندام
خوش سابقہ ۔ اچھے ریکارڈ والا۔
جس کا ماضی بے عیب ہو۔
خوش سلوک ۔ اچھا سلوک کرنے والا۔
خوش شکل ۔خوب صورت ۔
خوش سفر ۔ اچھا ساتھی۔
خوش صحبت ۔اچھا رفیق اچھا ساتھی
خوش طبع ۔ اچھے مزاج والا۔
خوش ظاہر و بد باطن ۔ جس کا
ظاہر دیکھنے کو بہت اچھا ہو۔ مگر
باطن برا جیسے ہاتھی دانت کہ
کھانے کے اور دکھانے کے اور
خوش عنان ۔مطیع گھوڑا۔
خوش فرش بوریا و گدائی خواب من
۱۔چھپر والا سوئے کہ جھٹے والا
روئے۔ ۲۔ یا جن کے رہتے ہیں
سوا ان کو سوا مشکل ہے۔
خوش قدم ۔ مبارک قدم
خوش قلم ۔ خوشخط۔
خوش قوال ۔ ۱۔بھلی اور دلکش

باتیں کرنے والا۔۲۔ وعدے اور
قول کا دھنی۔
خوش قیافہ ۔خوب صورت
خوش کردار۔نیک اچھی سیرت والا۔
خوش گفتار۔رجوع بہ خوش حرف
خوش گل۔ خوب صورت
خوش گوار۔خوش ذائقہ عمدہ
زود ہضم۔ بھلا۔
خوش مزہ۔رجوع بہ خوش ذائقہ۔
خوش مشرب۔ اچھی خوبو والا۔
بھلے مسلک اور طریق والا۔
خوش معاملہ۔لین دین کا اچھا۔
خوش منش۔رجوع بہ خوش طبع
خوش منظر۔ دیکھنے کو بھلا۔
پُر نظارہ جگہ۔
خوش نگاہ ۔خوش منظر۔
خوشنما۔خوب صورت۔
خوش نویس۔خوشخط۔کاتب
خوش نہاد۔اچھی سیرت والا۔
خوش وقت بودن ۔خوش ہونا
مسرور ہونا۔
خوشنودی۔ خوشنودی
خو کردن ۔ عادی ہونا۔

خو کردن۔ عادی ہونا۔
خو گرفتن۔رجوع بہ ماقبل
خوشہ۔گچھا۔سِٹہ۔
خوشہ چین۔ فائدہ حاصل کرنے
والا۔خوشے چننے والا۔
خوش ہیکل۔خوب تن و توش والا۔
خوشیدن۔خشک ہونا۔
خوش یمن۔مبارک فال۔
خوض کردن ۔غور کرنا۔سوچ بچار کرنا
خوفناک۔ڈراونا۔بھیانک
خوک۔سؤر۔خنزیر۔
خوگر۔ عادی۔
خوگیر۔ا۔پسینہ جوسنے والا۔۲۔
نمدزین کا نمدہ۔
خولی بکفم بہ زکانگی کہ درہواست
تو نقد نہ بتیرہ ادھار
خونابہ۔ا۔آب خون آلود۔ ۲۔
خالص خون۔
خون از بینی کسی نیامدن ۔کسی
کی نکسیر تک نہ پھوٹنا۔یعنی کسی
قسم کا خون خرابہ نہ ہونا۔
خون آشام۔خون پینے والا۔
ظالم۔سفاک۔

خون آلود - خون میں لت پت -
خون آمدن - ۱- خون کا جاری ہونا
۲- زخمی ہونا -
خون بجوش آمدن - خون کا جوش مارنا - رشتہ داری کی وجہ سے کسی کے خلاف غصہ آنا -
خون بگردن گرفتن - کسی کے خون کے بدلے قصاص ادا کرنا -
خون بہا - ۱- خون کی قیمت ادا کرنا
۲- قصاص -
خون تاک - شراب - انگور
خون جگر - غم و غصّہ
خون خریدن - قصاص دے کر معاملہ رفع دفع کرنا -
خون خم - شراب
خونخوار - رجوع بہ خون آشام -
خونخواہ - انتقام لینے والا -
خون خوردن - رنج سہنا - غم کھانا -
خون دل خوردن - ۱- خون جگر پینا - ۲- انتہائی رنج والم میں ہونا -
خون در گردن داشتن - رجوع بہ خون گرفتن -
خون رز - شراب -

خون ریختن - خون بہانا - قتل کرنا -
خونریزی - خون خرابہ -
خون سرد - بے مہر
خون سیاوش بجوش آمدن -
۱- یاسی کڑاہی میں اُبال آنا -
۲- کسی بے حس میں احساس کا پیدا ہونا -
خون شدن آرزو - آرزوؤں اور تمناؤں کا خون ہونا -
خون شدن امید - امیدوں کا خون ہونا -
خون شدن دل - انتہائی رنج و غم -
خون کردن - مار دینا - قتل کر دینا -
خون عاقبت جانب خون کشد گلّنا آخر پیٹ کی طرف ہی جھکنا ہے - مراد ہے کہ رشتہ دار چونکہ ایک ہی خون سے ہوتے ہیں اس لئے وہ آخر کار مل بیٹھتے ہیں -
خون کشیدن - فصد کھولنا -
خون گرم - ہمدرد
خون گرمی - محبت - ہمدردی
خوناب - ۱- خون اپنے ایک کرکے

کیا ہوا کام۔ ۲۔ سخت رنج و محنت و مشقت ۳۔ خون کے آنسو
خونابِ خم۔ شراب۔
خونِ کسی را بہ شیشہ کردن۔ ۱۔ کسی کو جان سے مار دینا۔ ۲۔ نہایت ہی گراں بیچنا۔ ۳۔ ذخیرہ اندوزی کرنا۔
خون گریستن۔ خون کے آنسو۔
خون نخسپد۔ قتل کو چھپایا نہیں جا سکتا۔ خونی کو اپنے کئے کی سزا بھگتنی پڑتی ہے۔
ع۔ جو چپ رہے گی زبانِ خنجر لہو پکارے گا آستین کا
خونِ ناحق نمی خوابد رجوع بہ قاتل
خونین۔ خون آلودہ
خوی۔ عادت خصلت
خوی۔ پسینہ۔
خوید۔ گندم اور جو کی ہری ہری بالیں۔
خویسہ۔ بحث تمحیص۔ قیل و قال
خویش۔ اپنا۔ آپ۔ عزیز و اقارب
دو پادشاہ در اقلیمے نگنجند ۔ ایک نیام میں دو تلواریں نہیں سما سکتیں ۔

دوپشتہ ۔ قطار در قطار

دوپیازہ ۔ گوشت میں پیاز ڈال کر پکایا ہوا سالن ۔

دُوپیکر ۔ بُرج جوزا

دوتا ۔ ۱۔ دُہرا ۔ دوچند ۔ ۲۔ کبڑا ۔

دوتا شدن ۔ ۱۔ سیدھا ہونا ۔ ۲۔ دو حصوں میں تقسیم ہونا ۔

دوتائی ۔ دو تلفی ۔

دوترکہ ۔ ایک گھوڑے ، گدھے یا خچر یا سائیکل پر دو آدمیوں کا سوار ہونا ۔

دوتن نہ چو یک تن است ۔ ایک اکیلا اور دو گیارہ ۔

دوتیغ ۔ دو دھاری تلوار

دوتیغہ باز ۔ دونوں ہاتھوں سے تلوار چلانے والا۔

دوجا ۔ احول ۔ بھینگا۔

دوجہان ۔ دنیا اور آخرت

دوچار شدن ۔ ملاقات ہونا ۔

دوچرخہ ۔ سائیکل ۔

دوچرخہ سواری کردن ۔ ۱۔ سائیکل پر سواری کرنا ۔ ۲ ۔ سائیکل چلانا ۔

دوچرخہ باری ۔ بوجھ لادنے والا سائیکل

دوچشمہ رواں ۔ آنکھیں ۔ یا ماں کے دو تو پستان جن سے بچہ دودھ پیتا ہے

دوچند } دگنا
دوچنداں } ڈبل ۔ دوگنا ۔

دوحرف۔ مراد ہے ک اور ن یعنی "کن" جن سے تخلیق کائنات ہوئی۔
دوخ - ویران۔ خشک اور بنجر جگہ
دو خاتون۔ سورج اور چاند
دوخت۔ سلائی
دوختن۔ سینا۔ سلائی کرنا
دوختہ فروش۔ سلے سلائے کپڑے بیچنے والا۔
دُود۔ دھواں۔ غبار۔ رنج۔ غم
دُود از دمار بر آمدن } معرض ہلاکت
دُود از دماغ بر آمدن } میں آنا۔
کسی کا سخت تکلیف اور رنج و مصائب برداشت کرنا۔
دُود آسا۔ دھوئیں کی مانند۔
دود آلود۔ دھوئیں دار۔
دُود بر انگیختن۔ تباہ و برباد کر دینا
دُود بر آوردن
دُود از دمار بر آوردن۔ دماغ کا بھیجا نکال دینا۔
دُود آہ۔ آہوں کا دھواں۔
دُود بسوی آسمان رود۔ دنیا دولتمندوں کی طرف متوجہ ہوتی ہے۔
دُود از سر بلند شدن۔ حیران اور ششدر ہو جانا۔
دُود از کندہ بلند شدن۔ تجربہ کار بوڑھوں سے اعلیٰ بات اور تجویز کی توقع رکھنا۔
دُود بر آوردن۔ آہیں بھرنا۔ ۲۔ ویران کرنا۔
دو دم۔ دو دھاری
دُودمان۔ خاندان۔ بہت بڑا کنبہ قبیلہ۔ خانوادہ
دُودہ۔ وہ سیاہی جو توے کے نیچے دھوئیں کے باعث جم جاتی ہے۔
دُودی ۱۔ حقہ سگرٹ پینے والا۔ ۲۔ وہ آگ جو غریب لوگ سردی میں تاپنے کے لئے جلاتے ہیں۔ ۳۔ تیرہ رنگ
دَور۔ زمانہ۔ عہد۔ عمر۔ گردش۔ کئی سالوں کا پیریڈ۔ بُرے دن۔
دوری گردن قلیان۔ حقے کا پہلا کش لگانا۔ پہلا گھونٹ پینا۔
دور چرخ۔ آسمان کی گردش
دَور زمان۔ زمانے کی گردش۔
دور کردن۔ گھیرا ڈال لینا۔ ۲۔ حلقہ بنانا۔
دور کسی گرفتن۔ کسی کے گرد جمع ہونا۔

دورۂ تحصیلات۔ تعلیمی پیریڈ۔
دورہ گرد۔ ۱۔ پھیری والا ۔ ۲۔ آوارہ گرد
۳۔ بیکار۔
دُور۔ پرے۔ بہت فاصلے پر۔
دُور از کار۔ بے مقصد۔ اُلٹ
دُور از ما۔ ہم سے پرے یعنی فلاں
بلا سے خدا ہمیں بچائے۔
دُور افگندن۔ پرے پھینکنا
دُور داشتن۔ پرے رکھنا۔
دُور کردن۔ ۱۔ نکال دینا ۔ ۲۔ جلاوطن کرنا
دُور افتادن۔ پرے رہ جانا الگ رہ جانا۔
دُور افتادہ۔ ۱۔ دُور بسنے والا ۔ ۲۔
مقصد سے بہت دُور۔
دَوران۔ گردش۔ سائیکل۔ پیریڈ
عرصہ۔ قسمت۔
دورانِ خون | خون کی گردش
دورانِ دم |
دورانِ سر۔ سر کا چکرانا۔ دردِ سر
دُور انداختنی۔ دُور اور پرے
پھینک دینے کے قابل۔
دُور اندیش۔ بہت دُور کی بات سوچ
لینے والا۔
دُور اندیشی۔ رجوع بہ ماقبل

دُور باد۔ خدا اس بچائے۔
دُور باش۔ ۱۔ پرے رہ ۔ ۲۔ دُور رہو۔
۳۔ نیزہ دو شاخہ نیزہ جس کی لکڑی پر
مرصع جواہر موجود ہوتے ہیں اور جو
شاہانہ سواری کے آگے آگے لے کر
چلتے ہیں تاکہ لوگ پرے پرے رہیں۔
دَور بر آمدن۔ بدبخت ہونا۔
دُور بین۔ ایک آلہ جس کی مدد سے
دُور کی چیزیں آسانی سے دیکھی جا
سکتی ہیں۔
دور بینی۔ رجوع بہ دور اندیشی
دور بیندار۔ دور کی باتوں کو سوچ لینے والا
دُور تنگ۔ تھوڑا سا دُور
دُور دست۔ بہت دُور۔ رسائی سے باہر
دُور دستی۔ فاصلہ۔ دُوری۔
دور کسی گردیدن۔ کسی پہ قربان ہونا۔
فدا ہونا۔
دورگہ۔ دوغلا۔
دورگی۔ ۱۔ مختلف رنگ ۲۔ منافقت
دورنما۔ ۱۔ اردگرد کے مناظر۔ ۲۔
دیدگاہ۔
دورو۔ دھوکے باز۔ منافق۔ مکار۔
دوردبر۔ گرد و نواح۔ نزدیک۔

دوروزہ عمر۔ بہت تھوڑی عمر۔ چند روزہ۔
دورہ کردن ۔ ۱۔ گھیرنا۔ ۲۔ کتاب کو چند مرتبہ پڑھنا۔ دہرانا۔
دوروئی۔ منافقت
دورویہ۔ دو طرف جانب۔
دُوری کُن ۱۔ دشمن۔ مخالف۔
دوری و دوستی۔ دور رہ کر بھی دوستی کو نبھانا اور قائم رکھنا۔
دوزانیدن۔ سِلانا۔
دوزبان۔ بے زبان۔ منافق۔
دوزخ بان۔ داروغہ دوزخ
دوزخی۔ ۱۔ جہنمی۔ ۲۔ پیٹو۔
دوزندگی۔ سوئی کا کام۔ سلائی کڑھائی
دوزنگی و رومی۔ دن اور رات۔
دوزنہ۔ بھڑ کا ڈنگ۔ سوئی کی نوک۔
دوزنہ دار۔ ۱۔ ڈنگ مارنے والے کیڑے ۲۔ دو بیویوں والا آدمی۔
دوزد کلک چیدن۔ ۱۔ کسی کے خلاف سازش کرنا۔ ۲۔ ظلم و ستم کرنا۔
دوزہ۔ گوند۔ لاکھ۔
دوزیدن۔ سینا۔
دوزیست۔ خشکی اور تری میں دونوں میں زندگی بسر کرنے والے جانور جیسے مینڈک۔
دوژہ۔ مچھر یا بھڑ کا ڈنگ
دوست۔ یار۔ محب۔ رفیق۔
دوستا۔ گھر بار اور گھر والوں سے دوستوں سے پیار و محبت کرنے والا۔
دوست دار۔ ہمکار۔ ساتھی۔
دوست داشتن۔ ۱۔ پسند کرنا۔ ۲۔ کسی شخص یا چیز کو عزیز جاننا۔
دوست کام۔ ۱۔ جس کا کام دوستوں کی عین خواہشات کے مطابق ہو۔ ۲۔ دوست نواز۔
دوست کامی۔ ایک برتن کو کہتے ہیں۔ جس میں شربت بنا کر دوستوں کو پلاتے ہیں یا وہ جام شراب جو کسی دوست کی یاد میں پیا جائے۔
دوستی۔ محبت۔ رفاقت۔
دوستی خالہ خرسہ۔ نادان کی دوستی۔ ع دوستی ناداں کی ہے جی کا زیاں ہو جائیگا
در اصل یہ محاورہ مثنوی مولانا روم سے یوں منقول ہے کہ کسی آدمی کے پاس سدھایا ہوا ریچھ تھا جو ہر وقت اس کے ساتھ رہتا۔ ایک گرم دوپہر کو

خود تو نے بکا۔ تو اُسے پیٹ پر بٹھا دیا۔
بالک ہو گیا تو ایک مکھی اس کے منہ
پر آ کر بیٹھ گئی۔ ریچھ نے اُسے اڑایا پھر
آ بیٹھی۔ پھر اڑایا اور یوں وہ جھنجلا سا اٹھا
اور ایک بڑا پتھر اٹھا لایا۔ کہ اب کے
بیٹھی تو اس کا کچومر نکال دوں گا۔ مکھی
ڈھیٹ ہوتی ہے وہ پھر آئی اور ناک پہ
بیٹھی اس نے پورے زور سے پتھر دے
مارا۔ مکھی تو اڑ گئی مگر بالک کا بھرکس
نکل گیا۔ ملاحظہ ہو ؎

بر گرفت آں آسیا سنگ وبزد
بر مگس تا آں مگس واپس خزد
سنگ روی خفتہ را خشخاش کرد
ویں مثل بر جملہ عالم فاش کرد
مہر ابلہ مہر خرس آمد یقیں
کین او مہر است و مہر او ست کین
دستیٔ دوستاں کمینہ کامہ را لقا نباشد

جیسے کمینے یا اوباش کے دلوں میں
دوستی گانٹھنے والوں کی دوستی پائیدار
نہیں ہوتی۔

دو سلام گفتن۔ ع
تجھے دونو ہاتھوں سے بندگی
تیری دوستی کو سلام ہے

دوسنبہ۔ تہہ شدہ۔ دہرا
دو سنگ۔ دو پتھر۔ مراد صفا اور مروہ
کی پہاڑیاں ہیں۔ جن کے درمیان حاجی
لوگ سعی کرتے ہیں۔ تیز چلتے یا
بھاگتے ہیں۔

دوسیدن۔ ۱۔ پلستر لگانا۔ ۲۔ گوند لگانا۔
۳۔ سیمنٹ سے جوڑنا۔

دوسیدہ۔ پلستر شدہ۔

دوش۔ ۱۔ کندھا۔ ۲۔ کل رات۔
جیسے او بار خانوادہ بر دوش دارد۔
یعنی اس کے کندھوں پہ خاندان کا بوجھ
ہے۔ یا حافظ کا وہ شعر ؎
(دوش وقت سحر از غصہ نجاتم دادند
وندراں ظلمت شب آب حیاتم دادند)

دوشا۔ دودھ دینے والا مویشی

دوشاب۔ ۱۔ انگور کا رس۔ ۲۔ پھلوں کے
کا رس۔

دوشاب دل جس کا دل ہر لحظہ ہر گھڑی
اک نئی چیز کو چاہے۔

دوشاب دلی۔ ہر دم نئی چیز کی خواہش۔

دوشاخہ۔ ۱۔ دو شاخوں والی لکڑی۔

دوشادوش } شانہ بشانہ
دوش بدوش } ہمدم

دوشاہین۔ ترازو کے دو پلڑے نیز ترازو کے دستے کو بھی کہتے ہیں۔
دوشائیدن۔ دودھ دوہنا یا کسی سے دُودھ نکلوانا۔
دوشک۔ توشک۔ نہالی
دوشنبہ۔ دم دار
دوشنبہ بازار۔ کھلے بازار میں سامان بیچنے کا دن۔
دوشندہ۔ دودھ دوہنے والا۔ گوالہ
دوشنہ۔ دودھ دوہنے کا برتن۔
دوشیدن۔ دوہنا۔
دوشیزگان۔ جمع ہے دوشیزہ کی۔ کنواری لڑکیاں۔
دوشیزگان جنت۔ حوران بہشتی
دوشیزگی۔ کنوارا پن۔ کنوارپنہ
دوشیزہ۔ کنواری۔ باکرہ
دوشین } کل رات کا
دوشینہ }
دوصحن۔ زمین اور آسمان۔
دوصد گفتہ چو نیم کردار نیست۔ قول کی نسبت فعل بہت بلند چیز ہے
دوضربہ زدن۔ ۱۔ چوکھے لڑنا۔ ۲۔ دو جگہوں سے فائدہ اٹھانا۔
دوطفل پسندیدہ۔ آنکھ کی پتلیاں۔
دوطوطی۔ محبوب کے ہونٹ۔
دوعالم۔ دنیا اور آخرت۔
دوعالم برہم زدن۔ زمین و آسمان کو ہلا دینا۔ سخت کوشش کرنا۔
دوعلوی۔ زحل اور مشتری
دوعملی۔ بدانتظامی۔ جہاں دو رخی پالیسی ہو۔
دوعیار طرار۔ دن اور رات
دوغ۔ چھاچھ
دوغبا۔ چھاچھ سے بنائی ہوئی کڑھی
دوغ بودن میلا کچیلا ہونا۔ گندہ ہونا۔
دوغ خوردن۔ غلطی کھانا۔
دوغلو۔ رجوع بہ دورگہ
دُوغو۔ گھی بنانے کے لئے مکھن کو جب گرم کیا جاتا ہے تو جو تلچھٹ بچ جاتی ہے اُسے دوغو کہتے ہیں۔
دُوک۔ تکلا
دوکاک۔ آنکھ کی پتلیاں
دوکانداری کردن۔ خوشامد کرنا۔
دوک دان۔ ۱۔ چرخی یا چرخہ۔ ۲۔ یا وہ بکس جس میں پونیاں وغیرہ رکھتے ہیں۔

دوک ریس۔ رسی بٹنے والا۔
دوک ریسہ۔ وہ چرخی جس پہ رسی بٹتے ہیں۔
دوکعبتین۔ سورج اور چاند
دوکون۔ دونو جہان۔ یہ دنیا اور آخرت۔
دوکوہا۔ دوکوہانوں والا اُونٹ۔
دوگانہ۔ دومزنبہ۔ دو رکعت نماز۔
دوگانہ زدن۔ جڑواں بچے پیدا ہونا۔
دوگانہ زائیدہ۔ جڑواں بچے جننے والی عورت۔
دوگاو پیر۔ دن اور رات
دوگاہوارہ۔ زمین و آسمان
دوگونہ۔ دوہرا۔ ڈبل ــہ
دوگونہ عذاب است جان مجنوں را
دوگوہر۔ عقل اور روح
دوگیتی۔ دونوں جہان۔ دنیا اور آخرت
دُوَل۔ دولت کی جمع۔ دولتیں۔
دُولا۔ ڈبل۔ دُگنا۔ دوچند۔ گھڑا۔
دُولا رفتن۔ جھکتے جھکتے جانا
دولاب۔ رہٹ۔ مال
دولاب مینا۔ آسمان
دولابہ۔ رہٹ۔

دولا کردن۔ جھکانا۔ دوہرا کرنا۔
دولار۔ ڈالر
دولبند۔ پگڑی دستار نیز کمربند۔
دولت۔ ۱۔ مال۔ ۲۔ دھن۔ ۳۔ بخت۔ ۴۔ نعمت۔ ۵۔ اقبال۔ ۶۔ نیز وزیروں کی کابینہ جو سرکاری کام انجام دیتی ہے۔
دولت بیدار۔ بخت بیدار۔ منفعت بخش مال۔
دولت بخش تیز۔ خوش بختی تیز۔ یا کسی چیز کا یکایک مل جانا۔
دولت جان پرور۔ داناؤں کی دانایانہ باتیں اور حکیمانہ باتیں۔
دولت خوابیدہ۔ ۱۔ بخت خوابیدہ۔ سویا ہوا نصیبہ۔ ۲۔ یا وہ مال جس سے فائدہ حاصل نہ کیا جا سکے۔
دولت خداداد۔ گنج بے رنج۔
دولت خواہ۔ سرکار کا حمایتی۔
دولت دار۔ امیر۔ متمول
دولت سرا۔ دولت کدہ۔
دولت مند شدن۔ امیر کبیر ہونا۔
دولتی۔ مربوط بہ دولت۔ گورنمنٹ سے متعلق۔ سرکاری اداراہ امیر گورنمنٹ

آفسر۔ سرکاری دفاتر)
دولت یاب - امیر۔
دولچہ۔ چمڑے کا ڈول
دولول - دونالی بندوق
دولہ - آندھی طوفان - واٹو - بگولا۔
دولہ و دولق - آندھی اور بگولا۔
دولی - مکر و فریب۔
دومار۔ دو سانپ جو ضحاک بادشاہ
کے کندھوں پر نمودار ہو گئے تھے۔
دو میخ۔ قطب شمالی اور قطب جنوبی۔
دو مغز۔ دریک بادام - ایک جان
اور دو قالب۔
دو منزل۔ یہ دنیا اور اگلی دنیا۔
دو مین - دوسرا۔ عدد ترتیبی
دون -۱- ادنیٰ -۲- کمینہ ۳- خسیس
۴- سوا -۵- بجز - بغیر۔
دونان - کمینے - ادنیٰ لوگ
دونان گرم و سرد۔ سورج اور چاند
دون پرور۔ کمینوں اور ادنوں کی
پرورش کرنے والا -۲- نیز دنیا۔
دوندگی - حاصل مصدر ہے دویدن
سے بھاگ دوڑ۔
دوندہ - اسم فاعل - دوڑنے والا۔

دون صفت۔ ناکس۔ نااہل
دون نواز۔ رجوع بہ دون پرور
دون ہمت۔ پست ہمت
دون ہمتی۔ پست ہمتی۔ کم ہمتی۔
دونی - ادنی پن - کمینہ۔
دو نیم۔ دو نصف
دو ہندو - سیاہ پتلیاں۔
دو ہمزاد۔ جڑواں بچے۔
دو ہمزم را بہم بہتر بود سوز۔ ع۔
خوب گزرے گی جو مل بیٹھیں گے دیوانے دو
دویدن - بھاگنا - دوڑنا
دو بیست - دوسو - ۲۰۰ عدد اصلی
دو بستم۔ دوسواں $\frac{1}{200}$ حصہ
دوئی - دورنگی
ع۔ جو دوئی کی بو بھی ہوتی تو کہیں دو چار ہوتا
ع۔ دوئی را چوں برون کردم
دو عالم را یکی دیدم

د - ہ

دَہ - دس -۱۰- عدد اصلی
دِہ - گاؤں - قصبہ
دَہا - دانائی - ہوشش - تدبیر - حیلہ

دہات - جمع دہ کی - بہت سے گاؤں
دہاتی - گاؤں کا رہنے والا - بدّو -
غیر مہذب -
دہاقین - جمع دہقان کی
دہالیز - جمع دہلیز کی
دہان - منہ -
دہان اژدر - بہت بڑا منہ -
دہان باز کردن - منہ کھولنا - بولنا -
دہان بین - دوسروں کا منہ دیکھنے
والا یا دوسروں کی ہاں میں ہاں
ملانے والا -
دہان درہ - جمائی -
دہان دریدہ - منہ پھٹ گستاخ -
دہان ضیغم - برج اسد
دہانیدن - دلانا اور دینا -
دہاد دہش - داد و دہش
عطا و سخا - جود و سخا -
دہان غنچہ کردن - ناز و ادا کرنا -
یا مسکرانا -
دہ نجی - کھوٹا سکہ
دہان گرفتن کسی کسی کو چپ کرانا -
دہ تاس - کھڑا دیں -
دہ چند - دس گنا -

دہ خان - نمبردار گاؤں کا -
دہان گرم داشتن - خوب کھل کر گانا
دہان لق لق کردن - ۱ - راز چھپا نہ
رکھنا - ۲ - بے موقع بات کہنا -
دہان لقی - ہرزہ سرائی -
دہانہ - سوراخ یا دہ توبرہ جو جانوروں
کے منہ پر باندھا جاتا ہے -
دہانہ کردن - گھوڑوں کے منہ پہ
توبرہ باندھ دینا -
دہخدا - رجوع بہ دہ خان
دہ دار - نمبردار -
دہ دلہ - متلون مزاج - بہادر - دلیر
بے وفا - پریشان - ہرجائی -
دہ دہ - کھرا کھوٹا -
دہر - زمانہ
دہ رگ } بہت بہادر اور
دہ رگہ } دلیر آدمی
دہرہ - خنجر -
دہرہ صبح - سفیدہ -
دہری - بے دین - نیز ایک فرقے
کا نام جو نہ خدا کو مانتے ہیں اور
نہ ہی قیامت کے قائل ہیں -
دہ ریش - گھنی داڑھی -

دہریہ - رجوع بہ دہری
دہ زبان - بات کر کے پھر جانیوالا -
دہستان - بہت سے گاؤں
کا مجموعہ - تحصیل -
دہش - داد - عدل
دہشت - خوف - پریشانی - ہراس
دہشت انگیز - خوفناک
دہشت زدہ - ڈرا ہوا -
دہشت ناک - خوفناک
دہقان - گاؤں کا رہنے والا -
دہقانی - گنوار
دہقانیت - گنوارپن -
دہقنت - زراعت کا کام -
کھیتی باڑی -
دہکدہ - گاؤں -
دہکدہ ویران شود زجور کدیور
ظالم کے ظلم و ستم سے آبادیاں
ویران ہو جاتی ہیں -
دہ کیا - نمبردار
دہگان - دہقان
دُہل - ڈھول
دہل باز - ڈھول بجانے والا -
دہل دریدہ - ذلیل - رسوا - چُپ

دہل زدن - رجوع دہل بانہ
دہلہ - پل -
دہم - دسواں - عدد ترتیبی -
دہ مردہ بہت زور آور
دہ مردہ گو - بہت باتونی - گپی -
دہمین - ۱/۱۰ دسواں حصّہ
دَہن - منہ
دُہن - چربی
دہن بآب کشیدن - وضو کرنا -
منہ دھونا -
دہن بند - رجوع بہ دہلہ
دہن تیغ - تلوار کی دھار
دہن درہ - جمائی -
دہندگی - بخشش
دہندہ - دینے والا -
دہن دیزی باز لود حیائے سگ
کجا رفت - ہنڈیا کا منہ کھلا تھا
تو کتا ہی شرم کر لیتا - اس کی
حیا کو کیا ہوا -
دہن سگ بہ لقمہ دوختہ بہ -
لالچی کے منہ میں کچھ نہ کچھ ڈال دو
تاکہ وہ بکنے سے باز رہے -
دہن سوز - ۱ - فائدہ مند - ۲ - بہت

گرم جوش جلائے۔۲۔ دلربا
دہنش آستر ندارد۔ وہ گرم سے گرم شے بھی بڑی آسانی سے کھا سکتا ہے
دہنش بوی شیر دہد۔ وہ ابھی بچہ ہے
دہن کسی شیرین کردن۔ کسی کو رشوت دینا۔۲۔ کسی کی مٹھی گرم کرنا۔
دہنہ۔ لگام۔
دہور۔ دہر کی جمع۔ زمانے
دہہ۔ عشرہ (دہۂ محرم)
دہیک۔ ۱/۱۰ حصہ

د۔ی

دَی۔ ایرانی سال کا دسواں مہینہ۔
دِی۔ گزرا ہوا کل۔
دِیات۔ جمع دیت کی۔ خون بہا۔
دِیار۔ گھر۔ شہر۔ آبادی
دیار۔ باشندہ۔ گھر کا مالک
دیارِ مشرق۔ مشرقی ممالک
دیارِ مغربی۔ یورپی ممالک
دیان۔ قرض دینے والا۔
دیانت داشتن۔ دین و آئین و شرع کا پابند ہونا۔ دیندار ہونا۔

دیبا۔ ریشم۔ حریر
دیبا کہنہ نشود ولیکن پایانہ نمی نشود
رجوع کریں از اسب افتادہ ایم۔
دیباچہ۔ کتاب کا آغاز۔ رخسار۔ چہرہ
دیبای چینی۔ چینی ریشم۔
دیبای رومی۔ رومی ریشم۔
دیپلوم۔ ڈپلوما
دیپلوماٹ۔ ڈپلومیٹک۔ سیاسی۔
دیپلوماسی۔ حکمت عملی
دِیت۔ خون بہا
دیجور۔ بہت تاریک
دید۔ دیکھتا۔ دیکھا۔ نیز ملاقات یعنی حاصل مصدر۔
دیدار۔ ملاقات
دیدار بقیامت افتادن۔ مرجانا۔
دیدبان۔ پاسبان۔ نگہبان
دید زدن۔ کسی چیز کی قیمت کا اندازہ یا تخمینہ لگانا۔ یا مقرر کرنا۔
دید کردن۔ ملنا۔ زیارت کرنا۔
دیدگاہ۔ منظر۔ حد نگاہ۔ نیز دیدبان کے بیٹھنے کی جگہ۔
دیدن۔ دیکھنا۔
دیدنی۔ قابل دید

دیدنی بودن - دیکھنے کے لائق ہونا -
دید و باز دید - ملاقات اور پھر
جوابی ملاقات -
دیدہ - آنکھ -
دیدۂ دوست عیب بین نبود
دوست دوستوں کے عیب
نہیں دیکھتے -
دیدہ براہ داشتن - منتظر ہونا -
دیدہ برہم زدن - اونگھنا - آنکھیں
بند کرنا -
دیدہ بریدن - آنکھ کا پھڑکنا -
دیدہ در قفای کسی بودن - کسی کا
شدت سے انتظار کرنا -
دیدہ دوختن - چشم پوشی کرنا -
دیدہ سفید شدن - اندھا ہو جانا -
دیدہ گرم کردن - تھوڑی دیر کے لئے
سو جانا - آنکھ گرم کرنا -
دیدہ ور - صاحب نظر -
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا
دیدۂ میزان - ترازو کے پلڑے -
دَیر - بت خانہ - گرجا -
دیر - تاخیر - ڈھیل -
دیر آئی درست آئی - سچ پکے سو
میٹھا ہو -
دیر باز - لمبی مدت -
دیر باور - بدگمان
دیر بزی - دیر تک زندہ رہ -
دیر پا - پائدار
دیر زیستن - لمبی عمر پانا -
دیر شدن - تاخیر ہونا -
دیر کردن - تاخیر کرنا -
دَیر کہن - دنیا -
دیر گاہاں - دیر تک - مدت تک
دیر گوار - دیر ہضم -
دیر مکافات - دنیا -
دیر وقت - بہت دیر سے - قدیمی -
بہت پہلے
دیرزہ - گدا کا کل -
دیر یاب - دیر میں سمجھنے والا -
دیرین } پرانا
دیرینہ } کہنہ -
دیز - قلعہ
دیزدان - لوہے کا سہ پایہ چولہا -
دیزی - ہنڈیا -
دیزی بار آمدہ - استعمال شدہ ہنڈیا اور
نیز شادی شدہ اور مطلقہ عورت کو

بھی کہتے ہیں۔
دیشب - کل رات۔
دیکتاتور - ڈکٹیٹر۔
دیگ - پکانے کا بہت بڑا برتن -
دیگ بدیگ گوید رویت سیاہ - چھاج بولے سو بولے چھلنی کیوں بولے جس میں اکہتر سو چھید -
دیگ پایہ - چولھا -
دیگدان - رجوع بہ ماقبل۔
دیگر - غیر - بیگانہ - دُوسرا -
دیگر بقیامت است دیدار - مرنے کے موقع پر استعمال کرتے ہیں کہ اب ہم اور تم قیامت ہی کو ملیں گے -
دیگر سرای - اگلا جہان -
دیگِ شراکت بجوش نیاید - دو ملاؤں میں مرغی حرام۔
دیگی کہ برای من نجوشد تو لیش سگ بجوشد - جس میں ہمارا حصہ نہیں ہمارے لیے وہ حرام ہو جائے تو کیا۔
دیلا - لمبا دھڑنگا - فضول آدمی -
دیلاغ - رجوع بہ ماقبل
دیلم - دو غلا - لوہے کا بیلن جس سے چیزیں دبایا کرتے ہیں - نیز گیلان میں ایک شہر کا نام بھی ہے -
دیلماج - ہم زبان
دیلمک - مکڑی کی قسم کا ایک زہریلا جانور۔
دیلمی - یای نسبتی - دیلم کا رہنے والا۔
دیم - ۱- چہرہ - ۲ - منہ - ۳ - بارش -
دیمہ - رجوع بہ ماقبل -
دی ماہ - ایرانی شمسی سال کا گیارہواں مہینہ۔
دیم - خشک و ویران اور بنجر -
دیم زار - بارانی زمین -
دیماس - حمام - تہ خانہ
دیمی - بارانی زمین -
دیمنین - گلی ڈنڈا -
دَین - قرض -
دَین دار - مقروض -
دِین - مذہب -
دینار - اشرفی -
دینار سُرخ - خالص سونا -
دین بدنیا فروشاں خراند - دین کو دنیا کے بدلے بیچنے والے سخت احمق اور نادان ہوتے ہیں -
دیو - جن - بھوت - پہلوان -

دیوار افتادن - دیوار کا گرنا -
دیوار انداختن - دیوار کا گرانا -
دیوار بستن - دیوار بنانا -
دیوار بلند داشتن - امیر کبیر ہونا - صاحب اثر و رسوخ اور صاحب جاہ و جلال ہونا -
دیوار حائشا بلند است - ایک نہ اور سو آرام -
دیوار کوتاہ بودن - غریب ہونا بے اثر و رسوخ ہونا -
دیوار کج - ٹیڑھی دیوار -
خشت اوّل چوں نہد معمار کج
تا ثریا می رود دیوار کج)
دیوار گوش دارد - راز کی بات زیادہ اونچی نہ کہنی چاہیئے - دیوار کے بھی کان ہوتے ہیں - یعنی دیوار کے اس پار بھی کوئی ہو سکتا ہے جو سُن لے - ویسے اصل محاورہ یوں ہے کہ دیوار موش دارد و موش ہم گوش دارد -
دیوار ہیچکس کوتاہ نباشد - خدا کرے کوئی غریب بے چارہ بے اثر و رسوخ نہ ہو
دیوان - ۱ - دربار - ۲ - کچہری - ۳ - عدالت - ۴ - نیز غزلیات کا مجموعہ جیسے دیوان حافظ یا دیوان شمس تبریزی ۵ - نیز دیو کی جمع بھی ہے -
دیوان بار کردن - کچہری لگانا -
دیوان خانہ - عدالت - کچہری -
دیوان سیاہ کردن - بہت زیادہ گناہ کرنا - اپنا نامہ اعمال سیاہ کرنا -
دیوان کشور - ہائی کورٹ -
دیوان کیفر - تعزیری عدالت -
دیوانہ - پاگل -
دیوانگان - دیوانہ کی جمع -
دیوانہ بر وکہ مست آمد مطلب یہ ہے کہ شرابی یا شراب کے نشہ میں مست آدمی پاگل سے بھی زیادہ خطرناک ہوتا ہے -
دیوانہ بکار خویش ہشیار - اپنے مطلب کا پکا -
دیوانۂ زنجیری - ۱ - سخت پاگل جو تشدد کرے اور جسے اکثر زنجیروں میں جکڑ دیا جاتا ہے - ۲ - نیز عاشق زار -
دیوانہ را بپرس کہ چندم ماہ ہست یعنی کسی صاحب ہوش سے پوچھو
دیوانہ وار - دیوانوں کی طرح -
دیوانی - وہ عدالت جس میں قرضے اور

لین دین کے مقدمات سنے جاتے ہیں
(فوجداری کا الٹ)

دیوباد - بگولا -
دیوبند - ۱- ایک دوائی کا نام - ۲- ایک عمل یا ورد وظیفہ کا نام جس سے بھوت پریت کو پرے رکھتے ہیں - ۳- ایک شہر کا نام -
دیوپا - مکڑی
دیوث - بھڑوا - بے غیرت -
دیوجان - سخت جان - بے رحم - بدنفس -
دیودیدن - پاگل ہونا -
دیودار - صنوبر -
دیو درون - نفس امارہ جو برائیوں پر اکساتا ہے -
دیودل - سیاہ دل
دیوسار - مانند دیو -
دیوسفید - شاہنامہ فردوسی میں رستم کے ہاتھوں ہلاک ہونے والے ماژندرانی قوی ہیکل پہلوان کا نام -
دیوک - دیمک -
دیولاخ - گھنا جنگل
دیوبار - اندولی -
دیومردم - بدسرشت آدمی - بن مانس -
دیون - دین کی جمع - قرضے -
دہیہ - گاؤں -
دیہیم - تاج شاہی -

ذ

ذ - ا

ذابح - ذبح کرنے والا -
ذات - نفس - اصل - مبدا - مالک - حقیقت - جنس -
ذات البروج - برجوں والا - آسمان
ذات البین - دو شخصوں کا درمیانی معاملہ -
ذات بے زوال - خدائے پاک -
ذات الجنب - پسلی کا درد
ذات الریہ - نمونیہ - پھیپھڑے کا درد
ذات شریف - نیک پاک آدمی
ذات الشمال - بائیں طرف والے - دوزخی -
ذات الصدر - سینے کا درد
ذات الصدور - سینے کے اندر کی

باتیں۔ دلی بھید، درد، رموز۔
ذات العین۔ آنکھ کا درد
ذات ہمایوں۔ بادشاہ کی مبارک ہستی۔
ذات الیمین۔ دائیں جانب والے لوگ بہشتی۔
ذاتی۔ اصلی جبلی۔
ذاریات۔ اڑالے جانیوالی ہوائیں۔
ذاکر۔ روضہ خوان۔ ذکر کرنے والا۔
ذاکران۔ ذاکر کی جمع۔
ذاکرہ۔ قوت حافظہ
ذاکرین۔ رجوع بہ ذاکران
ذالک۔ عربی اسم اشارہ بمعنی وہ۔
ذائق۔ چکھنے والا۔
ذائقہ۔ چکھنے کی قوت۔
ذائقہ دار۔ مزیدار۔ لذیذ
ذاہب۔ جانے والا۔
ذاہل۔ غافل۔ بے خبر۔ گمراہ۔
ذئاب۔ ذئب کی جمع۔ بھیڑیئے۔
ذئب۔ بھیڑیا۔

ذ۔ب

ذباب۔ مکھی۔ مچھر۔
ذباب السیف۔ تلوار کی دھار۔
ذبالہ۔ فتیلہ۔ بتی۔
ذبح کردن۔ شرعی طور پر قربانی کرنا۔
ذبح عظیم۔ حضرت اسماعیلؑ کی قربانی۔
ذبول۔ پژمردہ۔ کمزور۔
ذبیحہ۔ ذبح کیا ہوا جانور
ذبیح اللہ۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام کا لقب۔

ذ۔خ

ذخائر۔ ذخیرہ کی جمع۔ دفینے۔
ذخائر ملی۔ قومی ذخیرے
ذخر۔ ذخیرہ کرنا۔
ذخیرہ کردن۔ جمع کرنا۔

ذ۔ر

ذرات۔ ذرے۔
ذراری۔ ذریت کی جمع۔ نسلیں۔ اولادیں۔
ذراع۔ ذرعہ۔ گز
ذرائع۔ ذریعے

ذرع ۔ گز۔
ذرع اندر ذرع ۔ ایک مربع گز۔
ذرعان ۔ جنگلی گائے کے بچے۔
ذرع کردن ۔ ناپنا ۔ پیمائش کرنا۔
ذرع نکردہ پارہ مکن ۔ پہلے بات کو تولو ۔ پھر منہ سے بولو۔
ذرع و پیمان کردن ۔ اندازہ کرنا ۔ تخمینہ لگانا۔
ذُروہ ۔ چوٹی۔
ذرہ ۔ ایٹم ۔ چھوٹی سی چیز۔
ذرہ بخورشید بردن ۔ اُلٹے بانس بریلی
ذرہ بین ۔ خوردبین
ذرہ پرور ۔ غریبوں کی پرورش کرنے والا۔
ذرہ ذرہ بشیم قالی می شود ۔ ؎
یونہی بوندیوں بوندیوں بھرے جھیل تال
یونہی کوڑی کوڑی ہوا جمع مال
ذرہ را با آفتاب چہ نسبت ۔ خاک کو عالم پاک سے کیا نسبت ہو سکتی ہے
ذرّیات ۔ جمع ذُرّیّت کی نسلیں۔
ذریعہ ۔ واسطہ ۔ وسیلہ۔
ذرّیہ ۔ نسل۔

ذ۔ق

ذُق ۔ چکھ۔
ذق زدن ۔ ٹسوے بہانا ۔ بناوٹی رونا رونا۔
ذقن ۔ ٹھوڑی (چاہ ذقن)

ذ۔ک

ذَکا ۔ ذہانت ۔ عقلمندی
ذُکا ۔ سورج ۔ روشنی
ذکاوت ۔ ہوش ۔ فہم و فراست
ذکر کردن ۔ یاد کرنا ۔ ۲ ۔ درد وظیفہ کا پڑھنا ۔ ۳ ۔ دعا کرنا۔
ذکر جمیل ۔ محبوب تذکرہ
ذکر خیر ۔ اچھی اور پیاری و سہانی یاد۔
ذکر عیش نصف عیش ۔ ع ۔
ذکر حبیب کم نہیں وصل حبیب سے
ذُکور ۔ جمع ذکر کی بمعنی مذکر۔
ذکی ۔ ہوشمند ۔ زیرک ۔ عقل مند

ذ۔ل

ذِل ۔ ذلیل ہونا۔

ذلت ۔ خواری
ذلہ شدن ۔ ۱۔ جھنجھلانا ۔ ۲۔ ذلیل ورسوا ہونا ۔ ۳۔ بے عزت ہونا ۔

ذ ۔ م

ذم ۔ ہجو ۔ برائی ۔
ذمائم ۔ بدیاں ۔ برایاں ۔ بداخلاقیاں
ذمہ ۔ عہد ۔ ضمانت
ذمہ دار بودن } کسی کا ذمہ لینا ۔
ذمہ دار شدن } بیڑا اٹھانا ۔
ذمی ۔ اہل ذمہ ۔ یعنی جب اہل کتاب اسلامی سلطنت میں پناہ لیں تو وہ ٹیکس ادا کرتے ہیں ۔ انہی ذمی کہتے ہیں ۔
ذمیم } بد ۔ بدخو ۔ بدنما
ذمیمہ } قابل نفرت

ذ ۔ ن

ذنب ۔ دُم ۔ پونچھ ۔
ذنب ۔ گناہ ۔ خطا ۔
ذنوب ۔ جمع ذنب کی ۔ بمعنی خطائیں ۔ گناہ ۔

ذ ۔ و

ذو ۔ صاحب ۔ صاحب فضل
ذوات ۔ جمع ذات کی
ذواضعاف اقل ۔ ریاضی کی سب سے مختصر ضرب کو کہتے ہیں ۔
ذوب کردن ۔ پگھلانا ۔
ذوالجلال ۔ صاحب شوکت خداوند تعالیٰ
ذوالجناح ۔ کوتل ۔ محرم کا گھوڑا
ذوجنبتین ۔ دو پہلو ۔
ذوحیاتین ۔ خشکی اور تری دونوں میں زندگی بسر کرنیوالے جاندار جیسے سانپ اور مینڈک ۔
ذوالفقار ۔ حضرت علیؓ کی تلوار ۔
ذوالفنون ۔ کئی فنون میں ماہر ۔
ذوالقربیٰ ۔ رشتہ دار ۔
ذوالقرنین ۔ سکندر اعظم کا لقب اور بعض کے نزدیک ایک اور بادشاہ کا نام ہے ۔ اور اہل ایران اسے سائرس کہتے ہیں ۔
ذوق ۔ سلیقہ ۔ مزہ ۔

ذوق داشتن } مسرور ہونا۔
ذوق کردن } لطف اندوز ہونا۔
ذوق زدہ۔ ۱۔ بہت خوش و خرم۔
۲۔ پھولے نہ سمانے والا
ذوالقدر۔ عالی شان۔ صاحب قدر
ذوق و حال کردن۔ گپ شپ لگانا
ذوالقعدہ۔ اسلامی سال کا گیارہواں مہینہ
ذووجہین۔ دو جنبہ۔ دو پہلو۔
ذوی العقول۔ صاحب عقل۔

ذیابیطس۔ ایک بیماری کا نام ہے جس میں مریض کو بار بار پیشاب آتا ہے۔
ذی الحج۔ اسلامی سال کا بارھواں مہینہ یعنی آخری مہینہ۔
ذی حق۔ حق دار۔
ذی روح۔ جاندار
ذی شعور۔ صاحب شعور
ذیل۔ دامن۔ نیچے۔
ذی نفع۔ نفع والا۔

ذ۔ ہ

ذہاب۔ جانا۔
ذہاب و ایاب۔ آمد و رفت ٹریفک
ذہب۔ سونا۔
ذہن۔ دماغ
ذہن روشن۔ روشن دماغ
ذہن کور۔ غبی۔ کند ذہن
ذہول۔ غفلت۔
ذہین۔ سمجھ دار

ذ۔ ی

ذِی۔ صاحب۔ مالک۔ والا۔

ر

ر۔ ا

را۔ علامتِ مفعول۔ بمعنی "کو"۔ بسا اوقات یہ علامت را اسم نکرہ کو اسم معرفہ بنا دیتی ہے۔ جیسے نان را خوردم سے مراد ہے کہ میں نے وہ خاص روٹی کھائی ہے جس کا مخاطب کو علم ہے۔ اسی طرح مکان را خریدم میں نے وہ خاص مکان خرید لیا ہے۔ جس کا تمہیں یا مخاطب کو علم ہے۔
رائج۔ سود مند۔ نافع۔

رالفض۔ سائیس گھوڑوں کا۔
رابط۔ ۱۔ رشتہ ۔۲۔ رابطہ ۳۔ مصالحت کرانے والا ۔۴۔ بیچ بچاؤ کرنے والا ۔
رابطہ ۔ تعلق۔ واسطہ۔
رابع ۔ چہارم۔
رابعہ مصری۔ بصرہ کی رہنے والی ایک نیک پاک اور بہت بڑی بزرگ عورت جو اپنے ماں باپ کی چوتھی اولاد تھی۔ اس لئے رابعہ کہلائی ۔
راپورت ۔ رپورٹ۔
راپورت دادن ۔ رپورٹ دینا ۔
راپورت خواستن ۔ رپورٹ مانگنا ۔
راتب۔ روزینہ۔ روزانہ خوراک
راتبہ ۔ روزینہ ۔
راتبہ خور۔ تنخواہ دار۔ وظیفہ دار۔
راتع ۔ چرنے والا ۔
راتق ۔ باندھنے والا۔
راجح ۔ بہتر۔
راجع ۔ متعلق ۔ بابت۔
راجل۔ پیادہ ۔
راجی ۔ امید وار ۔
راح ۔ شراب ۔
راحت ۔ آرام۔

راحت باشں۔ آرام سے کھڑے ہوجاؤ۔ جیسے انگریزی میں "سٹینڈ ایٹ ایز" کہتے ہیں۔
راحت شدن ۔۱۔ آسودہ ہونا ۔۲۔ مرجانا ۔۳۔ صحت یاب ہونا ۔
راحت طلب ۔ آرام طلب۔
راحت کردن ۔۱۔ آرام کرنا ۔ ۲ ۔ تھکاوٹ دور کرنا ۔۳۔ سستانا ۔
راحتی ۔ آرام دہ (کفش راحتی) وہ جو گھر پر عام استعمال کیا جائے ۔
راحل ۔ کوچ کرنے والا۔
راحلہ ۔ سواری کا جانور۔
راحم ۔ رحم کرنے والا۔
راخ ۔ رنج و غم
رادر۔ ۱۔ جوان۔۲۔ باعزت ۔۳۔ سخی ۔۴۔ جوانمرد

رادمرد } سخی ۔ جوانمرد یا مروت
رادمنش } انسان

رادہ کشیدن } ناپسندیدہ۔
رادہ گفتن } بات کہنا ۔

رادیو ۔ ریڈیو
رادیو۔ تیلی ویزن ۔ ٹی۔ وی ۔ T.V.
راز ۔ پوشیدہ بات ۔

رازبان - محرم -
راز بر صحرا نہادن - راز فاش کر دینا - پول کھول دینا -
راز بیرون افتادن - ۱ - پول کھل جانا - ۲ - راز افشا ہو جانا -
راز خاک نباتات -
راز دار - بھیدوں کو جاننے والا - محرم
راز دل - دل کی بات -
راز سر بازار - عام بات - جو معلوم عوام ہو
رازق - خدا -
راز فاش کردن - کسی کا راز عیاں کر دینا -
راز کشادن - رجوع بہ فاش -
راز گل بلبل بداند - پھولوں کی قدر بلبل جانتی ہے -
راز نہادن - کسی کے سامنے اپنا راز بیان کرنا -
راز نہانی - چھپا ہوا بھید -
رازی - ۱ - شہر رے کا رہنے والا - ۲ - امام فخرالدین رازی جو مشہور مصنف اور تفسیر گو ہیں -
راز - ۱ - خرمن - ۲ - غلے کا ڈھیر - ۳ - بدل - ۴ - تودہ شدہ -

راس - سر - اوپر - چوٹی - آخری حصہ نیز خشکی کا وہ قطعہ جو دور تک پانی میں چلا جاتا ہے -
راس المال - سرمایہ - پونجی
راست - درست - ہموار -
راستا - راست - سچ -
راستا حسینی - ۱ - سیدھی سادی ۲ - بے زبان
راستاد - ماہیانہ تنخواہ
راست آمدن - سچ - درست ثابت ہونا
راست بازی - سچ - سچائی -
راست بودن - سیدھا یا مستقیم ہونا
راست باش و ندار از کسی باک - سچ پر رہ یا راہ راست پر رہ - اور کسی سے کھٹکا نہ رکھ - راستی سیدھی سڑک ہے جس پہ کچھ کھٹکا نہیں - کوئی رہرو آج تک اس راہ سے بھٹکا نہیں
راستان - سچے لوگ - پیغمبر -
راست شدن - کھرے ہونا یا خواب کا سچ ثابت ہونا -
راست رفتن - سیدھی راہ پر چلنا -
راست رَو - سیدھی راہ پر چلنے والا

راست گو - سچا -
راست گوش - صحیح بات سننے والا -
راست مزاج - صحیح مزاج والا -
راست معاملہ - لین دین کا کھرا -
راست وریست کردن - ضابطہ بنانا -
راستہ بازار - لمبا اور چھتا ہوا بازار -
راستی - سچائی -
راستی موجب رضائے خداست -
سچ موجب خوشنودی خدا ہوتا ہے -
راستی راز وال کے باشد - ۱ - سانچ
کو آنچ نہیں - ۲ - راستی سیدھی سڑک
ہے جس پہ کچھ کھٹکا نہیں -
راسخ - استوار - مضبوط و پائدار
راسل - ارسال کرنے والا
راسم - لکھنے والا - نگارندہ -
راسو - نیولا -
راسیات - محکم پہاڑ -
راشن - غلے کا ڈھیر -
راشد - راہ درشد یافتہ -
راشی - رشوت لینے والا -
راصد - نجومی -
راضع - دودھ پیتا بچہ -
راضی برضائے دوست باش - خدا
کی رضا میں راضی رہ - ع -
سر تسلیم خم کر جو مزاج یار میں آئے
رضیہ - پسندیدہ -
راعی - چوپان - گڈریا -
راعیل - حضرت زلیخا کا اصل نام -
راغ - سبزہ زار - تہنی رباغ و راغ ،
راغب - رغبت کرنیوالا - چاہنے والا -
راغب جہاد - جہاد پہ مائل -
رافت - مہربانی -
رافض - ۱ - رد کر دینے والا - ۲ - ترک
کر دینے والا -
رافضی - شیعان حضرت علی رض
رافع - بلند کرنے والا -
راقب - انتظار کرنے والا -
راقد - سونے والا -
راقص - رقص کرنے والا -
راقم - ۱ - رقم کرنے والا - ۲ -
لکھنے والا -
راک - جنگلی مینڈھا - ایک ایرانی سُر
راکارہ - فاحشہ عورت -
راکب - سوار
راکد - کھڑا پانی
راکد ماندن - ۱ - کھڑے رہنا - ۲ - رُکے رہنا

راکع ۔ رکوع کرنے والا۔
رام ۔ مطیع ۔ فرمانبردار۔
رامح ۔ نیزہ مارنے والا۔
رامش ۔ خوشی و طرب
رامشخور ۔ موسیقی کی ایک سُر
رامشگر ۔ مطرب ۔ گویا۔
رامیار ۔ گڈریا ۔ چوپان۔
رامین ۔ دیس کا عاشق ۔
ران ۔ کمر سے نیچے اور گھٹنے کے درمیان کا حصّہ۔
راندگان ۔ درگاہ سے راندے ہوئے ۔
راندۂ درگاہ ۔ رجوع بہ ماقبل۔
راندن ۔ ہانکنا ۔
ران کشادن ۔ سوار ہونا ۔
رانندہ ۔ اسم فاعل ہے ۔ ڈرائیور ۔ ہانکنے والا ۔ موٹر یا تانگہ چلانے والا۔
رانندہ کشتی ۔ ملاح
رانندگی ۔ ڈرائیوری
رانین ۔ پاجامہ ۔ وہ جنگی لباس ۔ جنگ کے موقع پر رانوں تک پہنا جاتا ہے ۔
راوی ۔ روایت کرنے والا ۔
راہ ۔ راستہ ۔ اجازت ۔

راہ راہ ۔ دھاری دار ۔ (پارچہ راہ راہ) دھاری دار کپڑا۔
راہ افتادن ۔ روانہ ہونا ۔ راہ لگنا ۔
راہ اسفالت ۔ پکی سڑک ۔
راہ آموز ۔ راہنما ۔
راہ آورد ۔ سوغات ۔ جو تحفہ سفر سے لوٹتے ہیں لایا جائے ۔
راہ باریک ۔ دشوار گذار اور کٹھن راہ ۔ (راہ باریک است و شب تاریک و منزل بس دراز)
راہبر ۔ راہنما ۔
راہ بریدن ۔ راستہ طے کرنا ۔
راہ بستن ۔ راہزنی کرنا ۔ راہ روکنا
راہ از پیش بردن ۔ راستہ طے کر لینا ۔
راہ انداختن ۔ ۱ ۔ کام پر لگانا ۔ ۲ ۔ آمادہ کرنا ۔
راہ بسر بُردن ۔ سفر طے کرنا ۔ سفر ختم کرنا ۔
راہب ۔ پادری ۔ تارک ۔
راہ بند ۔ ڈاکو ۔ رہزن ۔
راہ پیش پای کسی گذاشتن ۔ ۱ ۔ کسی کو راستہ بتانا ۔ ۲ ۔ راہ نمائی کرنا ۔

راہ پیما - مسافر - راہی -
راہ پیمودن - راہ طے کرنا -
راہ چپ کردن - ٹھیک یا سیدھا راستہ چھوڑ دینا -
راہ خلوت - وہ سڑک جس پر آمد و رفت بہت کم ہو -
راہ خود در پیش گرفتن - ۱- اپنے کام سے کام رکھنا - ۲- اپنی راہ پر لگنا -
راہ دادن - راستہ دینا -
راہداری - محصول چونگی -
راہ دویدن کفش بریدن - ۱- جوتیاں چٹخاتے پھرنا - ۲- ہرزہ گردی -
راہ داشتن - آسان ہونا -
راہ راست - سیدھا راستہ -
راہ رانزدیک کردن - ۱- شارٹ کٹ کرنا - ۲- دنیا سے کوچ کر جانا -
راہ رفتن - راستہ چلنا -
راہرو - مسافر - راہی -
راہ زدن - ۱- راستہ روکنا - ۲ رہزنی کرنا -
راہ زن - ڈاکو
راہ ساختن - راستہ بنانا
راہ شوسہ - پکی سڑک

راہ طی کردن - سفر طے کرنا -
راہ گذر - گزرگاہ - راستہ
راہ گشودن - راستہ دینا -
راہ گیر - مسافر - راہی -
راہ نامہ - مال اور مسافروں کا چارٹ
راہ نشین - سڑک پر مانگنے والا -
راہنما - رستہ بتانے یا دکھانے والا -
راہنمائی - رجوع بہ ماقبل
راہ نمودن - رستہ دکھانا یا بتانا -
راہ نورد - مسافر - راہی -
راہ نوردیدن - سفر کرنا - راستہ طے کرنا -
راہوار - گھوڑا -
راہ و رسم - تعلقات
راہ یافتن - راستہ پانا -
راہی شدن - مسافر ہونا - سفر پر جانا -
راہی کردن - روانہ کردن
رای - ۱- تجویز - ۲- دانائی - ۳- خیال ۴- اندیشہ -
رای اعتماد - اعتماد کا ووٹ -
رایات - جمع رایت کی جھنڈے -
رای دادن - ووٹ دینا -
رای زن - مشیر
رایزنی - مشورہ دینا

رای قاطع - کاسٹنگ ووٹ فیصلہ کُن - اگر طرفین کے یعنی حزبِ مخالف اور حزبِ اقتدار کے ووٹ یکساں ہوں تو صدر کا ووٹ جو ہوگا۔ وہ فیصلہ کن ہوگا - اُسے رائے قاطع کہتے ہیں -

رایت - جھنڈا -

رائج - رواج دار - جاری

رای گرفتن - ووٹ لینا -

رائگاں - مفت -

رائیگان خوار بالانشین - گدائے آزادخان -

رائیگان گران است - مفت ہاتھ آئے تو بھی مہنگا ہے

رای العین - آنکھوں دیکھا -

ر - ب

رَب - خدا -

رُب - شیرہ انار کا -

رُبا - لے جانے والا - تیز علامت اسم فاعل بھی ہے - (دل رُبا)

رِبا - سُود -

رباب - ایک ساز کا نام ہے -

رباخوار - سود خوار -

رباط - سرائے -

رُباع - چار -

رباعی - وہ کلمہ جس کے چار حرف ہوں یا وہ منظوم جس کے چار مصرعے ہوں -

ربّ الارباب - سب کا پالنہار -

ربّ البیت - صاحب خانہ -

ربّ العالمین - دونوں جہان کا پالنے والا -

ربّ کعبہ - خداوند تعالیٰ -

ربّ النوع روزی کور است - مُراد ہے کہ دنیا میں دولت کی تقسیم سخت ناہموار ہے - جیسے اقبال نے اپنے مخصوص انداز میں یوں باندھا ہے ؎

اک مفلس خود دار یہ کہتا تھا خدا سے
میں کر نہیں سکتا گلۂ دردِ فقیری
لیکن یہ بتا تیری اجازت سے فرشتے
کرتے ہیں عطا مرد فرومایہ کو میری

ربّانی - منسوب بہ رب -

ربائیدن - اُچک کر لے جانا -

ربائش - حاصل مصدر ہے -

رِبح ۔ سُود ۔
رَبط ۔ جوڑ
رَبع ۔ مکان ۔ منزل ۔
رُبع ۔ چوتھائی ۔
رُبعِ مسکون ۔ زمین کا خشکی کا
حصہ جس میں آبادی ہے ۔
رِبقہ ۔ رسی کا حلقہ ۔
رِبقۂ اطاعت ۔ طوقِ غلامی ۔
غلامی کا جُوا ۔
رُبوبیت ۔ ۱ ۔ خدائی ۔ ۲ ۔ پروردگاری
ربودن ۔ چھین کرلے جانا ۔
ربوسہ ۔ اوڑھنی برقعہ ۔
ربوع ۔ ربع کی جمع ۔ سرائیں ۔
ربوہ ۔ تودہ ۔ ٹیلہ ۔ اونچی زمین ۔
ربیب ۔ کسی عورت کا پہلے خاوند
سے لڑکا ۔ پچھلگ لڑکا ۔
ربیبہ ۔ پچھلگ (پہلے خاوند سے) لڑکی
ربیع ۔ بہار کا موسم
ربیع الاوّل ۔ اسلامی سال کا تیسرا مہینہ
ربیع الآخر ۔ ” ” چوتھا ”

ر ۔ ت

رَت ۔ ننگا ۔

رِتاع ۔ کھلا چرنا ۔
رتبہ ۔ مرتبہ
رتق ۔ باندھنا ۔ اصلاح کرنا ۔
رتق و فتق ۔ باندھنا اور کھولنا مراد ہے
بست وکشاد ۔ ضبط و نسق ۔ بندوبست
رتیل ۔ بچھو کی مانند ایک زہریلے
جانور کا نام ہے ۔

ر ۔ ث

رَث ۔ پرانا ۔ کہنہ ۔
رثا ۔ نوحہ کرنا ۔ سوگواری ۔
رثا خواندن ۔ مرثیہ پڑھنا ۔
نوحہ خوانی ۔

ر ۔ ج

رَجَز ۔ ردیف ۔ قطار
رجا ۔ امید ۔ بھروسہ
رجال ۔ جمع رجل کی ۔ آدمی ۔
رجا واثق ۔ پکی امید ۔
رجال دولت ۔ سرکاری ملازم ۔
رجال سیاست ۔ سیاسی آدمی ۔

رُجحان - جھکاؤ۔ فضیلت ۔ برتری ۔
رِجز ۔ جنگی ترانہ ۔
رجز خواندن ۔ جنگی ترانہ پڑھنا ۔
جس سے بہادروں کا دل جوش
پکڑیں ۔
رِجس ۔ نجس ۔ گناہگار
رجعت ۔ ۱ - لوٹنا ۔ ۲ - پھرنا ۔ ۳ -
طلاق دے کر بیوی کی طرف پھر
سے رجوع کرنا ۔
رجعت قہقری ۔ الٹے پاؤں لوٹنا ۔
رجعت کردن ۔ واپس آنا ۔
رجعت مرض ۔ مرض کا عود کر آنا ۔
رَجم کردن ۔ سنگسار کرنا ۔
رَجم شیاطین ۔ شیطانوں پر پھر پھینکنا ۔
شہاب ثاقب ۔
رجوع ۔ رجوع بہ رجعت ۔ توجہ کرنا
رجیم ۔ سنگسار شدہ ۔

ر ۔ ج

رِنج ۔ زخم کا پانی جیرانا ۔ پیپ
پڑجانا ۔
رنج افتادن ۔ زخم کا پانی اور پیپ
کے باعث خراب ہوجانا ۔
رِچال ۔ ۱ - دوائی کا ایک مرکب ۔
۲ - مٹھائی ۔

ر ۔ ح

رَحا ۔ چکی ۔ آسیا ۔
رِحاب ۔ کھلی چراگاہ ۔ کھلی
زمین جہاں گھاس اور سبزہ ہو ۔
رِحال ۔ کوچ کرنے والا ۔ ۲ -
بوجھ اٹھانے والا ۔
رِحالت ۔ چمڑے کی زین ۔
رَحب ۔ فراخ ۔ کشادہ ۔ وسیع
کشادہ زمین ۔
رحبہ ۔ مسجد و مندر کا صحن ۔
کھلی زمین ۔
رَحراح ۔ کشادہ ۔ فراخ ۔ وسیع
رَحل ۔ ۱ - مال واسباب ۔ ۲ - ساز و
سامان ۔ ۳ - اونٹ کا پالان ۔
قرآن مجید پڑھنے کے لئے دو تختوں
سے جو چھوٹی سی سیٹ بنا لیتے ہیں
رحل افگندن ۔ پڑاؤ کرنا ۔ ڈیرہ
ڈالنا ۔ مال اسباب وغیرہ کا اتار کر

مقیم ہونا۔
رحلِ اقامت۔ رجوع بہ ماقبل۔
رحلت۔ ۱۔ کوچ۔ ۲۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ ۳۔ مرجانا۔
رحم۔ مہربانی۔ عنایت کرنا۔
رحم۔ ۱۔ بچہ دانی جس کے اندر بچہ ماں کے پیٹ میں پرورش پاتا ہے۔ ۲۔ خویش و اقارب۔ ماں باپ کی نسبت سے رشتہ دار۔
رحما۔ رحیم کی جمع۔ رحم کرنے والے مہربان۔
رحمان۔ خداوند تعالےٰ کا نام۔
رحم آشنا۔ رحم اور ترس کھانے والا
رحمانی۔ متعلق۔ رحمان۔ آسمانی۔
رحمت فرستادن۔ کسی کے حق میں دعائے خیر کرنا۔ رحیض۔ دُھلی ہوئی یا دھوئی ہوئی شے۔
رحیق۔ خالص شراب۔
رحیل۔ کوچ کرنا۔ ۲۔ چلے جانا۔ ۳۔ مرجانا۔

نھی کسی در ماندہ رہبر کی صدائے دردناک
جس کو آواز رحیل کارواں سمجھا تھا میں

رحیل آوردن۔ چلے جانا۔
رحیل گاہ۔ پڑاؤ کرنے کا مقام۔ ریسٹ ہاؤس۔
رحیم۔ نہایت مہربان۔ نہایت رحم کرنے والا۔ نیز خداوند تعالیٰ کا نام۔

ر۔خ

رُخ۔ چہرہ۔ رخسار۔ شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔ سمت۔ طرف۔
رُخ دادن۔ واقع ہونا۔
رُخ زدن۔ بہار کے موسم میں درخت کی کونپلوں اور شگوفوں کا پھوٹنا۔
رُخ کردن۔ رُخ کرنا۔
رُخ نہادن۔ رجوع بہ ماقبل۔
رُخ نمودن۔ ۱۔ نمایاں ہونا۔ ۲۔ متوجہ ہونا۔ ۳۔ دیکھنا۔
رَخا۔ نرمی۔ سستی۔ خوشحالی۔ آسائش اور آسانی۔
رُخا۔ نرم۔
رخام۔ سفید اور نرم پتھر۔ سنگ مرمر
رُخامی۔ سنگ مرمر کا بنا ہوا۔
رخان۔ رجوع بہ رُخ
رَخت۔ مال اسباب۔ لباس۔

رختِ از جہاں بُردن - مرجانا۔

رخت افگندن - ۱- قیام کرنا - ۲- ٹھہرنا۔

رخت بر بستن - ۱- کُوچ کر جانا۔ ۲- مرجانا۔

رخت برچیدن - روانہ ہونا۔

رخت بر خر نہادن - سفر کرنا۔

رخت بصحرا کشیدن - ۱- سیر و تفریح کے لئے جانا - ۲- گھر سے باہر جانا۔

رخت بزیر زمین کشیدن - مرجانا

رخت بر صحرا نہادن - رجوع رخت بصحرا

رخت بیرون کشیدن - ۱- باہر چلے جانا ۲- مرجانا۔

رختِ خود را بر دوزخ کشیدن - انتہائی گنہ گاری اور سیاہ کاری کی حالت میں مرجانا۔

رخت دو جاری را در یک طشت نمی تواں شست - دو بھائیوں کی بیویوں میں اکثر نہیں بنتی - اور کھٹ پٹ رہتی ہے - اور ایک دُوسرے کی حاسد ہوتی ہیں۔

رخت ریختن } کسی جگہ پڑاؤ کرنا۔
رخت کشودن } منزل کرنا۔ مقیم ہونا

رخت خواب - بستر۔

رخت خواب پیچ - بستر بند۔

رختِ خورشید - سورج کی کرن شعاعیں۔

رخت سفر - سفری سامان۔

رختِ سلامی - وہ لباس جو دربار میں سلام کے لئے پہن کر جاتے ہیں۔

رخت شو - دھوبی۔

رخت شوخانہ - گھر میں وہ جگہ جہاں کپڑے دھوتے ہیں - (کھُرا)

رخت شوئی - ۱- لانڈری ۲- گھاٹ

رخت عُروس - جہیز

رخت عزا - ماتمی لباس

رخت کش - مسافر۔

رخت کشیدن - سفر کرنا۔ ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا۔

رخت کن - حمام میں کپڑے اتارنے کی جگہ۔

رخت ماتم پوشیدن - ماتمی لباس پہننا۔

رخت نظامی - فوجی وردی۔

رخت و بخت - اثاثہ - گھر کا مال و اسباب۔

رخت ومتاع ۔ رجوع بہ ماقبل
رخت ہستی ۔ جان ۔ فہم ۔ ادراک
عقل ۔
رخسار ۔ گال ۔
رخسارگان ۔ رخسارہ کی جمع ۔
رخسارہ ۔ گال ۔
رخش ۔ ۱ ۔ بجلی ۔ چمک ۔ ۲ ۔ درخش
کا مخفف ۔ توس وقزح ۔ نیز
سرخ وسفید رنگ ۔ سُرخ وسفید
رنگ کا گھوڑا ۔ رُستم کے گھوڑے
کا نام ۔ چونکہ اس کا رنگ سرخ و
سفید تھا ۔ نیز اب اس سے ہر گھوڑا
بھی مراد لی جاتی ہے ۔
رخشان ۔ چمکتا ہوا ۔ اسم حالیہ ہے
۔ درخشیدن مصدر سے ۔
رخش بہار ۔ باد بہاری ۔ ابر بہار ۔
رخشگر ۔ گویا ۔ مطرب
رخش عنان تاب ۔ نہایت منہ زور
اور تند تیز گھوڑا ۔
رخشندگی ۔ چمک
رخشیدن ۔ چمکنا ۔
رخص ۔ نرم ۔ لچک دار ۔
رخصت خواستن ۔ اجازت مانگنا ۔
رخصت ہونے کے لئے اجازت مانگنا ۔
رخصت داشتن ۔ اجازت ۔
رخصت شدن ۔ جانے کے لئے
اجازت کا ملنا ۔ یا سرے سے چھٹی
مل جانا ۔ موقوف ہو جانا ۔
رخصت فرمودن ۔ چھٹی دینا ۔
رخصت کردن ۔ ۱ ۔ چلتے کرنا ۔
۲ ۔ موقوف کر دینا ۔
رخصت گرفتن ۔ اجازت حاصل کرنا ۔
رخصت یافتن ۔ رہا ہونا ۔
رخصانہ ۔ رخصت کے وقت جو تحفہ
دیا جاتا ہے ۔
رخصتی ۔ الوداعی تحفہ ۔
رُخ فیروز ۔ مہینے کی ساتویں تاریخ ۔
رُخ کسی بردن کسی کی بے عزتی کرنا ۔
رخم ۔ نرمی ۔ دوستی ۔ مہربانی ۔
نیز مکہ معظمہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام
رخنہ ۔ سوراخ ۔ شگاف ۔ عیب ۔ فساد
رخنہ دار ۔ شگاف خوردہ ۔
رخنہ در دیوار آوردن ۔ مذہبی زندگی
کو ترک کر دینا ۔
رخنہ کردن ۔ شگاف ڈالنا ۔
سوراخ کرنا ۔

رخنہ گرفتن۔ عیب نکالنا۔
رخوت۔ سستی۔ نرمی
رفوگر۔ رفوگر
رخیدن۔ ہانپنا۔ سانس کا
پھول جانا۔
رخیص۔ ارزاں۔ کم قیمت۔ سستا
رخیم۔ نرم۔ ہموار۔ جلد ٹوٹ جانیوالا۔
رخبین۔ ۱۔ چابک۔ ۲۔ کوڑا۔ ۳۔ بلونی۔

ر ۔ د

رد۔ پیچھے دھکیلنا۔ لوٹا دینا۔
رد احسان۔ لوٹا دینا۔ واپس کر دینا۔
ردّ پا۔ نقش پا۔ کھوج۔
ردّ پا برداشتن۔ کھوج نکالنا۔
ردّ جواب۔ مدعی کے جواب میں
مدعا علیہ کا مدلل جواب۔
ردّ خور نداشتن۔ ۱۔ یقینی ہونا۔
۲۔ کسی امر کا مسلّم ہونا۔
ردّ دادن۔ لوٹا دینا۔ پیچھے دھکیلنا۔
ردّ سلام۔ سلام علیکم کے جواب
دوسرے کو سلام دینا۔
ردّ شدن۔ ۱۔ گزرنا۔ ۲۔ پیچھے ہٹنا۔

۳۔ نیل ہونا۔
ردّ کردن۔ رد کرنا۔ تردید کرنا۔
نفی کرنا۔ واپس کرنا۔ لوٹا دینا۔
ردا۔ چادر۔
ردائت۔ تباہی۔ پستی۔ تباہ ہونا۔
ردا پوش۔ چادر پوش۔ درویش۔
عابد و زاہد۔
ردائے نیل۔ ۱۔ رات۔ ۲۔ آسمان۔
ردزدہ۔ مردود۔
ردزن۔ کھوجی۔ سراغ لگانے والا۔
ردع۔ روکنا۔ منع کرنا
ردف۔ کسی کے پیچھے آنا۔ باہم آگے
پیچھے سوار ہونا۔
ردم۔ بند کرنا۔ چٹخنی چڑھانا۔
رد و بد۔ ناسزا۔ ناشائستہ۔
ردّ و قد۔ اُلٹ پلٹ اور ناشائستہ
باتیں جو لڑائی جھگڑے کے وقت
منہ سے نکل جاتی ہیں۔
ردہ۔ قطار۔ صف۔ تیز الیسی بات
کہنا جو کفر اور ارتداد کا باعث ہو۔
ردہ بندی۔ درجہ بندی۔ طبقہ بندی
ردہ کشیدن۔ ۱۔ ترتیب وار رکھنا۔
۲۔ قطار باندھنا۔

رذی۔ ناچیز۔ حقیر۔ نکما۔
ردیف۔ ۱۔ ایک ہی گھوڑے پر کسی کے پیچھے سوار ہونے والا۔ ۲۔ وہ لفظ جو مصرعوں میں آخر قافیہ کے بعد مکرر در مکرر آئے۔ ۳۔ لائن۔
ردیف ایستادہ۔ ۱۔ لائن میں کھڑے ہونا۔ ۲۔ قطاریں باندھنا۔
ردیف کردن۔ صف میں کھڑے کرنا۔
ردیف گذاشتن۔ قطار بنانا۔

ر ۔ ذ

رذالت۔ کمینگی۔ ادنیٰ پن
رذائل۔ رذیلہ کی جمع
رذل۔ کمینہ۔ ادنیٰ
رذیلہ۔ ۱۔ ادنیٰ عورت۔ ۲۔ اُمور بد
رذم۔ لبالب ہونا۔ چھلکنا۔
رذیل۔ بد۔ ذلیل۔ ناپسند۔

ر ۔ ز

رزیہ۔ انگور کی بیل۔ انگور
رزز۔ میخ گاڑنا۔

رُز۔ چاول۔
رزّاز۔ ۱۔ چاول بیچنے والا۔ ۲۔ دھان کوٹنے والا۔
رزاق۔ روزی دینے والا۔ رزق بخشنے والا۔ خداتعالیٰ۔
رزاقی۔ رزق بانٹنے یا تقسیم کرنے کا کام ؎

سمندر سے ملے پیاسے کو شبنم
بخیلی ہے یہ رزاقی نہیں ہے

رزانت۔ استواری۔ بردباری۔ استحکام۔ وقار۔ گرانباری۔ مضبوطی
رزایا۔ مصیبتیں۔ بلائیں۔
رزب۔ ڈٹے رہنا۔ قائم رہنا۔
رزبان۔ انگور کی بیلوں کی دیکھ بھال کرنے والا۔ مالی۔ باغبان
رزبر۔ انگور کی بیلوں کو کاٹنے کا آلہ
رزد۔ پٹھو۔
رزدہ۔ ۱۔ شکستہ۔ ۲۔ تھکا ماندہ ۳۔ ہارا ہوا۔
رزستان۔ انگوروں کا باغ۔
رزق۔ روزی۔ کھانا۔
رزق جو۔ تلاش معاش کرنیوالا۔
رزم۔ ۱۔ لڑائی بھڑائی۔ ۲۔ فوج

کے دو گروہوں کے درمیان تصادم۔
رزم آرا - ماہر جنگجو - افواج کو ترتیب دینے والا۔
رزم آزما - تجربہ کار اور ماہر جنگجو
رزم افگن - بہادر - دلیر شجاع
رزم خواہ - جنگ جو - لڑاکا۔
رزم دیدہ - تجربہ کار سپاہی -
رزم زن تجربہ کار - سپاہی جنگجو -
رزم ساز - جو جنگی چالوں اور نقشوں سے خوب واقف ہو۔
رزم گاہ - میدان جنگ
رزمہ - بستہ - دستہ گٹھڑی - لفچہ -
رزم لوز سخت لڑاکا - بہادر جنگجو -
رزمیہ - جنگی داستان یا نظم -
رزنہ - جھالر سنجاف - گول لٹھا - نیز وہ رسی جس پر کپڑے سوکھنے کے لئے ڈالتے ہیں -
رز بدن - رنگنا
رزیت } مصیبت - دکھ
رزیہ } ابتلا
رزین - مضبوط - مستحکم - استوار

ر - ژ

رژم - جنگ - لڑائی - رزم
رژد - پیٹو - لالچی
رژہ - قطار - ردیف -
رژہ رفتن - قطار میں چلنا - لوگوں کے سامنے سے مارچ پاسٹ کرنا -
رژیم - سیاسی وضع قطع نیز طرز حکومت -

ر - س

رس - رسیدن مصدر سے فعل امر پہنچ - نیز علامت اسم فاعل مثلاً فریادرس - دادرس سے
آہ ہے نیم رس ابھی نالہ ہے نارسا ابھی
رسا - پہنچنے والا - مکمل - کافی - کامل
رساتیق - رستاق کی جمع - دیہات گاؤں -
رسانع - گھوڑے یا خچر وغیرہ کی اگاڑی جس سے اس کی اگلی ٹانگ باندھ دیتے ہیں -
رسالات - جمع ہے رسالہ کی -

رسالت۔ پیغمبری۔ پیغام۔ کتاب
رسالت پناہ ۔ مراد ہے حضور سرور کائنات محمد صلے اللہ علیہ وسلم ۔
رسالت گری ۔ ایلچی گری
رسالہ دکتری ۔ ڈاکٹریٹ کا مقالہ
رسّام ۔ نقاش ۔ مصوّر ۔
رسالت مآب ۔ رجوع بہ رسالت پناہ ۔
رسان ۔ پہنچانے والا جیسے چٹھی رسان ۔
رساندن ۔ پہنچانا
رسانیدن ۔ پہنچانا ۔
رسانہ ۔ حسرت ۔ غم ۔ اندوہ ۔ افسوس ۔
رسائل ۔ رسالے ۔ تحریریں ۔ نامے ۔ مکاتیب ۔
رسائی ۔ پہنچ ۔ دانائی ۔ کمال ۔ قابلیت ۔ دسترس ۔ نیز رسیدن مصدر سے حاصل مصدر ہے ۔
رسپانڈینٹ ۔ RESPONDENT ۔ مدعا علیہ ۔
رست ۔ رستن مصدر سے ماضی مطلق رہائی یافتہ ۔ آزاد ۔ مضبوط ۔ مستحکم ۔
رُست ۔ رُستن مصدر سے ماضی مطلق ۔ بمعنی اُگا ہوا یا وہ مٹی جس میں کنکریاں نہ ہوں ۔ نیز زمین ۔ مضبوط ۔ دلیر ۔ مستحکم ۔
رُستا ۔ مارکیٹ ۔ بستی ۔
رُستاخیز ۔ روز حشر ۔ قیامت کا دن جب مُردے اپنی قبروں سے اٹھینگے ۔
رُستاد ۔ روزینہ ۔ تنخواہ ۔ نیز نجات ۔ خلاصی ۔
رستاق ۔ بستی ۔ گاؤں ۔ مارکیٹ ۔
رستاک ۔ کونپل ۔ تازہ شاخ ۔
رستانیدن ۔ اگانا ۔
رستخیز ۔ مُردوں کے قبروں سے اُٹھنے کا دن ۔ روز قیامت ۔
رستک ۔ چھوٹی سی مارکیٹ
رستگار ۔ خلاصی پانے والا ۔
رستگاری ۔ رہائی ۔ خلاصی
رستگان ۔ نجات یافتگان ۔
رُستم ۔ یہ شاہنامہ فردوسی کے محبوب اور مشہور و معروف ہیرو کا نام ہے جو زال ابن سام کا بیٹا اور سیستان کا رہنے والا تھا ۔ کہتے ہیں کہ اس کی پیدائش کے وقت اس کی جان کے لالے پڑ گئے ۔ آخر جب بچہ پیدا ہوا ۔ تو اس کی ماں کی جان چھوٹی ۔ اور اس کی منہ سے بے اختیار نکلا کہ

"رستم" یعنی میں نجات پا گئی۔ اسی وجہ سے لڑکے کا نام بھی رستم پڑ گیا جو کثرت استعمال سے رُستم میں بدل گیا۔

رستم برت - برت کے گالوں سے بنائی ہوئی پہلوان کی تصویر۔

رستم داستان } مُراد رستم جیسا کہ
رُستم دستان } فردوسی کے اس شعر میں ہے۔

منش کردہ ام رستم داستان
دگرنہ یلے بود از سیستان

رستم در حمام - کاغذی پہلوان

رستم رکاب - بہادر۔ دلیر۔ شجاع

رستم صولت - ظاہری نمود والا کاغذی پہلوان۔

رستم عنان - بہادر۔ دلیر۔

رَستن - رہا ہونا - خلاصی پانا -

رُستن - اُگنا۔

رستنی - رُدئیدگی - زمین سے اُگنے والی چیزیں۔

رَستہ - رہا شدہ - آزاد شدہ۔ نیز ہم پیشہ لوگوں کا گروہ۔

رُستہ خاک - تمام موجودات۔

رَسَد - قسمت - حصّہ - داخل ہونا۔

رسد بان - لفٹیننٹ -

رُسغ - کلائی۔

رَسَل - ۱- نرم روی - ۲- لٹکے ہوئے بال - ۳- نرم رفتار اونٹ -

رُسُل - رسول کی جمع - قاصد - ایلچی - پیامبر -

رسم - ۱- قاعدہ - ۲- قانون - ۳- دستور - ۴- نشان - ۵- وظیفہ - ۶- داغ - ۷- لکھنا۔

رسماً - سرکاری طور پر

رسمان - دھاگا - رسی - ایمان

رسم الخط - لکھنے کا طریق

رسم بودن - معمول ہونا

رسم شدن - عادت یا معمول ہونا۔

رسم کردن - نقشہ بنانا - رسم بنانا -

رسمو - شہد کی مکھی -

رسمی - ۱- سرکاری دستور اور قاعدہ - قانون کے مطابق - ۲- باضابطہ - ۳- حسب قانون جیسے

رمجالس رسمی - سرکاری میٹنگیں یا لباس رسمی - نارمل ڈریس ا

رسمیت پیدا کردن - جائز ہونا - رائج ہونا - رسمی ہونا۔

رسمیت دادن } رواج دینا۔
رسمیت یافتن } رسمی ہونا۔
رسن - رسی۔ پھانسی کا پھندا۔
رسن آفتاب - سورج کی کرن شعاع۔
رسن باز - بازی گر۔ نٹ۔
رسن برزدن - پیمایش کرنا۔
رسن بستہ - رسیوں میں جکڑا ہوا۔
رسن پیچ - وہ چرخی جس پر ڈول کی رسی لپٹی رہتی ہے۔
رسن تاب - حیلہ باز۔ نٹ۔ بازیگر
رسن تافتن - رسی پر تماشا کرنا نیز رسی کاٹنا۔
رسن در گردن ماہ - محبوب کی زلف
رسن در گردن - ۱- جس کے گلے میں پھندا ہو۔ ۲- جکڑا ہوا۔
رسن سست کردن - ۱- کسی کی رسی دراز کرنا۔ ۲- مہلت دینا۔ ۳- ڈھیل دینا۔
رسوا شدن } ذلیل و خوار ہونا۔
رسوا کردن } ذلیل و خوار کرنا۔
رسوائی - ذلت۔ خواری ؎
عرصہ محشر میں میری خوب رسوائی ہوئی
داور محشر کو اپنا راز داں سمجھا تھا میں

رسوب - تہ نشین۔ تلچھٹ۔
رسوخ - اثر۔ نفوذ۔ استواری۔ متنقل (صاحب اثر و رسوخ)
رسوخ داشتن صاحب اثر و رسوخ ہونا۔
رسول - قاصد۔ پیغمبر۔ ایلچی
رسول اللہ - مراد حضور نبی کریم صلے اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہے۔
ع۔ نگاہی یا رسول اللہ نگاہی!
رسوم - رسم کی جمع نیز مالیات
رسومات - جمع الجمع اسم ہے۔
رسید - وہ تحریر جو کسی چیز کے ملنے پر لکھ کر دی جائے۔ نیز رسیدن مصدر سے ماضی مطلق۔
رسید دادن } تحریر دینا۔
رسید گرفتن } رسید لینا۔
رسیدگی - تحقیق۔ چھان بین۔
رسیدگی کردن - ۱- جانچ پڑتال کرنا۔ ۲- کسی کا حال چال دریافت کرنا ۳- کسی کا خیال رکھنا۔
رسیدن - ۱- پہنچنا۔ ۲- میوے کا پکنا۔
رسیدہ - پہنچا ہوا۔ جیسے خدا رسیدہ۔ اور نیز پکا ہوا۔ جیسے میوۂ رسیدہ یعنی پکا ہوا پھل۔ ۳- بالغ رشیدہ۔ ہم جیسا

رسیدہ بود بلائے ولی بخیر گذشت مصیبت آئی تو تھی مگر خیر گذری۔

رسیس ۔۱۔ آغاز محبت ۔۲۔ محکم استوار اور مضبوط۔

رسیل ۔۱۔ بھیجنے والا ۔۲۔ پیغام

ر ۔ ش

رَش ۔ بوندا باندی۔ آنسو کا گرنا تیز مخفف ارش نصف گز۔ رعونت دینا۔

رشا ۔ ہرن کا بچّہ۔

رشا ۔ رسی۔

رشاد ۔ درستی۔ راہ راست پر آنا۔ ہدایت پانا۔

رشادت ۔ ہدایت اور نیکی کی راہ چلنا۔ دلیری۔

رشاقت ۔ خوش قامت ہونا۔ عمدہ قد ہونا۔ خوش اندام۔

رشایح ۔ رشحات۔ قطرات۔

رُست ۔ گرد و خاک۔ کوڑا کرکٹ

رستن ۔ کاتنا۔

رستن در دو بارہ پنبہ شدن ۔۱۔ کئے کرائے پر پانی پھر جانا ۔۲۔ بیہودہ رنج اٹھانا ۔۳۔ کام کا فائدہ مند نہ ہونا۔

رشتہ ۔۱۔ دھاگا ۔۲۔ سِلا ہوا ۔۳۔ موتیوں کی لڑی ۔۴۔ ایک بیماری کا نام ہے۔ جس سے پنڈلی پر باریک سی دھاری نمودار ہو کر ٹانگ کو بے کار کر دیتی ہے ۔۵۔ نطفہ ۔۶۔ رابطہ ۔۷۔ پیوند ۔۸۔ سیویاں۔

رشتہ آر دیری ۔ سیویاں بنانے کی مشین۔

رشتہ باراں مسلسل بارش۔

رشتہ بر بدن ۔۱۔ خمیر کو آتش بنانے کے لئے چھوڑنا ۔۲۔ قطع تعلق کرنا۔

رشتہ بر انگشت پیچیدن ۔ کسی چیز یا بات کو یاد رکھنے کے لئے انگلی پر دھاگا لپیٹ دینا۔

رشتہ بے جان ۔۱۔ کچا دھاگا ۔۲۔ نہایت معمولی سا تعلق۔

رشتہ پیچان ۔ کنڈلی والا سانپ۔

رشتہ پارہ شدن ۔ قطع تعلق۔ ناطہ ٹوٹ جانا۔

رشتہ پلو ۔ چاول کی ایک ایرانی غذا کا نام ہے۔

رشتۂ تپ ۔ سوت کی دو لڑی یا انٹی

جس پر دم کر دا کے بطور تعویذ یا گنڈا استعمال کیا جائے۔
رشتۂ جان۔ سانس کا ڈورا۔
رشتۂ جان بدو ناداشتن۔ ۱۔ سخت خطرے میں ہونا۔ ۲۔ جان جوکھوں میں ڈالنا۔
رشتہ دراز۔ طویل مدت۔
رشتہ در دست خواب و خور دادن صرف کھانا پینا اور سو رہنا بالکل کوئی کام کاج نہ کرنا۔
رشتہ دراز دادن۔ لمبی مہلت۔
رشتۂ دنداں۔ دانتوں کا سیٹ۔
رشتہ زدن۔ ناپنا۔ پیمائش کرنا۔
رشتہ سخن۔ بات کا ڈورا۔ جہاں سے چھوڑنا وہیں سے پکڑنا۔
رشتہ سر دراز داشتن۔ لمبی اور طویل داستان۔
رشتہ سر در گم شدن۔ کسی کام میں سرگردانی و پریشانی۔
رشتہ شب۔ درازی شب
رشتہ شمع۔ موم بتی کا دھاگا۔
رشتۂ صبح۔ صبح کاذب۔
رشتہ عمر۔ ۱۔ زندگی کے مہ و سال۔ ۲۔ یا سالگرہ کا ڈورا جس پر ڈالی ہوئی گرہوں سے عمر کے سالوں کا حساب کیا جاتا ہے۔
رشتہ کار بدست آمدن۔ ۱۔ کام کا خوب چل نکلنا۔ ۲۔ یا کام میں مہارت ہوجانا۔
رشتہ گسیختن۔ ۱۔ دھاگے کا ٹوٹ جانا۔ ۲۔ تعلق اور رابطہ کا ختم ہوجانا۔
رشتۂ مریم۔ حضرت مریم علیہ السلام کا کاتا ہوا سوت جو اپنی نزاکت اور خوبی و باریکی کے سبب ضرب المثل بن گیا۔
رشتی۔ بھنگی۔ خاکروب۔
رشح۔ پانی کا ٹپکنا۔
رشحات۔ رجوع کریں مابعد
رشحہ۔ برتن سے ٹپکنے والا پانی ۲۔ قطرات۔
رشحاتِ قلم۔ خیالات جو حیطۂ تحریر میں لے آئے جائیں
رُشد۔ نشوونما۔ بالیدگی۔ بلوغت۔ راہ راست پر آنا۔
رشد کردن۔ پھلنا پھولنا۔ بڑھنا۔ نیز بالغ ہونا۔

رُشد یافتن - ہدایت پانا۔
رُشف - چوسنا۔
رشق - تیر اندازی۔
رَشک - غیرت۔ جلاپا۔ حسد
رشک بردن - رشک کرنا۔
رشک ورزیدن - تنگ نظر ہونا۔
رِشک - جوؤں کی بیٹ جیسے بخیلی ہیں لیکھ کہتے ہیں۔ انہی سے بڑھ کر جوئیں بن جاتی ہیں۔ ۲۔ نیز سخت گھنی داڑھی۔
رشکن - غیور۔ رشک کرنے والا۔
رَشمیز - دیمک۔
رَشن - ۱۔ زخم۔ ۲۔ بن بلایا مہمان۔
رِشوت - کسی معاملہ یا مقدمہ میں ناجائز چیز یا نقدی دینا۔ تاکہ حق کو باطل اور باطل کو حق قرار دے دیا جائے۔
رشوت دہ - رشوت دینے والا۔
رشوت خور رشوت لینے والا۔
رشوت گیر - رجوع بہ ماقبل۔
رَشید - صاحب رشادت۔ دلیر۔ بہادر ہدایت یافتہ۔ راہ یافتہ۔ نیز خداوند تعالےٰ کا نام بھی ہے۔

رَشیق - خوش قد۔ خوش اندام۔ سرو قد انسان۔

ر - ص

رَصّ - استوار کرنا۔
رَصّاد - ہیئت دان۔ منجم۔
رَصاص - قلعی
رَصافت - استوار ہونا۔ مضبوط ہونا۔
رَصانت - رجوع بہ ماقبل۔
رصانت ساختمان - عمارت کی مضبوطی و استواری۔
رَصَد - دیکھنے والے۔ خبر گیری کرنے والے۔ نیز دیکھنا۔ دیکھ بھال کرنا۔ بلند مقام پر بنایا ہوا چبوترہ جس میں بیٹھ کر علم ہیئت کی بنا پر ستاروں کا حال دیکھتے ہیں۔
رصد بند - نجومی۔ ستارہ شناس نیز رصدگاہ کا سردار۔
رصد بان - پاسبان رصد
رصد بستن - ۱۔ رصدگاہ قائم کرنا ۲۔ زائچہ بتانا۔
رصدگاہ - نظر گاہ۔ ستاروں کا حال

رصدنشین۔ رجوع بہ رصدیان ۔ معلوم کرنے کی بلند جگہ ۔

ر ض

رِضا۔ خوشنودی۔ صوفیا کی اصطلاح میں صبر سے اگلا مقام جہاں انسان رنج و راحت میں یکساں طور پہ راضی رہتا ہے ۔۲۔آٹھویں امام علی کا لقب جن کا مزار مشہد مقدس میں ہے ۔مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے اور خلیفہ مامون الرشید کے عہد میں طوس کے مقام پر شہید ہوئے ۔انہی کی نسبت اور شہادت سے یہ جگہ مشہد کہلانے لگی ۔

رضا دادن۔ راضی برضا ہونا ؎

رضا بدادہ بدہ وز جبیں گرہ بکشا
کہ بر من و تو در اختیار نکشودہ است

رضا خان کبیر۔موجودہ شہنشاہِ ایران کے والد بزرگوار کا نام جو ایرانِ نو کے بانی متصور ہوتے ہیں ۔

رضا داشتن } راضی ہونا ۔
رضا شدن } " "

رضا کردن۔ راضی کرنا ۔

رِضاع۔ شیر خوارگی ۔

رَضاعت۔ بچے کا ماں کے پستان سے دودھ پینے کا پیریڈ ۔

رضایت۔تسلی ۔اطمینان ۔

رضایت بخش۔ تسلی بخش ۔

رضایت دادن۔ قبول کرنا ۔ رضامندی ظاہر کرنا ۔

رضایت نامہ۔ راضی نامہ ۔

رِضع۔ بچے کا دودھ چوسنا ۔

رَضف۔ گرم پتھر یا گرم پتھر سے کسی چیز کو داغنا ۔

رِضوان۔۱۔خوشنودی ۔۲۔رضامندی ۳۔ باغ بہشت ۔۴۔ نیز داروغۂ بہشت کا نام بھی ہے ۔

رضوان کدہ۔ بہشت ۔

رِضوی۔ مربوط یا منسوب بہ امام رضا ۔

رضوانی ۔ متعلق بہ بہشت

رَضی۔ پسندیدہ ۔

رَضیض۔ ٹوٹا پھوٹا ۔ کوٹا ہوا ۔

رَضیع۔ شیر خوار بچہ ۔

رَضیّہ۔ رضی کا مؤنث ۔ راضی شدہ ۔

ر - ط

رُطابہ - تر و تازہ ہونا -
رُطازات - لغویات -
رطب - تر و تازہ - گیلا -
رُطب - پکی ہوئی کھجور -
رَطبُ اللِّسان - تیز زبان - کلام کرنے والا - کسی کا ذکر خیر کرنیوالا
رطب چیدن - کھجوریں چننا -
رطب و یابس بہم بافتن - ہر موضوع پہ بولتے جانا - بہت زیادہ بولنا -
رطل - ۱ - پیمانہ - ۱۲ اوقیہ جو آدھ سیر کے لگ بھگ ہوتا ہے -
۲ - شراب کا وہ پیالہ جس میں اتنی شراب سما سکے -
رطل زن - تولنے والا -
رطل کش - میکش - شراب نوش -
رطل گراں - بہت بڑا پیمانہ -
رَطم - پھینکنا - کیچڑ میں پھینکنا -
رطوبت - تری - نمی -
رطوبت ناپذیر - واٹر پروف آب آزما -
رطوبی - گیلا - تر - نم آلود -
رطوبتی - متعلق بہ رطوبت - مراد ہے تر مزاج -
رطوم - احمق - خبطی - پاگل -
رطیب - تر و تازہ - نرم و نازک -

ر - ع

رِعا - گڈریے - چرواہے - گلہ بان -
رُعات - راعی - چوپان - گڈریا -
رَعلع - کمینہ - نکما - ادنٰے - پست ہمت -
رُعاف - نکسیر پھوٹنا -
رعایا - رعیت - پرجا -
رعایا پرور - محکوم کی پرورش کرنے والا -
رعایت - نگہبانی کرنا - طرفداری کرنا - لحاظ کرنا -
رعایت فرمودن - مشاہدہ ملاحظہ کرنا - لحاظ رکھنا - توجہ دینا -
رعایت کردن - رجوع بہ ماقبل
رعایتاً - رعایتی طور پر -
رُعب - دبدبہ - خوف - ڈر -

رَعبان - دریائے فرات کے کنارے ایک شہر کا نام ہے -
رَعد - بادل کی گرج - ۲ - بجلی کی کڑک - ۳ - ایک عاشق کا نام - ۴ - بادلوں کے موکل فرشتہ کا نام -
رعد آسا - ۱ - بجلی کی کڑک کی مانند - ۲ - بہت ہیبت ناک آواز کے ساتھ
رعد انداز - توپچی - توپ -
رعد زدن - بادل کا گرجنا -
رعد وار - مانند رعد -
رعده - کپکپی -
رَعسان - عمر کے باعث سر کا ہلنا -
رَعش - کانپنا -
رعشہ - ۱ - لرزہ - کپکپی - ۲ - نیز ایک ایک بیماری کا نام ہے جس میں انسانی جسم کے بعض اعضا خود بخود ہلتے رہتے ہیں -
رعشہ دار - جو آدمی رعشہ کی بیماری میں جس کا ذکر اوپر آیا ہے مبتلا ہو -
رعشہ براندام - لرزہ بر تن
رعشہ برتن افتادن - خوف کے مارے کانپنے لگ جانا -
رَعف - ناک سے خون بہنا - نکسیر پھوٹنا -
رَعل - تلوار یا خنجر سے چھیدنا -
رَعَن - لوُلگنا - سن سٹروک -
رَعنا - سست اور احمق عورت جو اپنی سستی کے باعث برباد شدگار میں لگی رہتی ہے - ۲ - دلربا - ۳ - خوشنما - ۴ - زیبا - ۵ - خود آرا -
رعنائی - خود آرائی - دلربائی - زیبائی -
رعنائی فروش - حسن و جمال کی نمائش کرنے والا - یا اس سے کمائی کرنیوالا -
رعنائی فروشان چمن - پھل پھلاری پھول اور کلیاں -
رَعو - متوجہ - بُرے اور بد سے کنی کترانے والا -
رُعود - رعد کی جمع - گرجیں اور کڑکیں -
رَعونت - نرم و نازان - سرکشی - غرور و خود آرائی - بدمزگی - کم مائگی -
رِعی - سبز گھاس -
رَعی - چرنا - چرانا -
رعیّت - کسی جگہ یا ملک کے عوام اور محکوم -
رعیت پرور - داد گستر -

رعیت داری نظم و نسق۔ گورنمنٹ۔
رعیت داری کردن ۔ حکومت کا کام چلانا
رعیت نواز ۔ رجوع بہ رعیت پرور
رعنی ۔ کھیتی باڑی

ر۔غ

رَغاب ۔ نرم زمین۔
رِغام ۔ مٹی۔ ریتلی مٹی۔ نرم مٹی۔
رَغائب ۔ مرغوب چیزیں۔ من پسند اشیاء۔
رغب ۔ خواہش کرنا۔
رغبت داشتن } مائل ہونا۔
رغبت کردن } خواہش ہونا۔
رغث ۔ انار کے پھول۔
رغد ۔ نعمت عیش۔ لطف۔ مزہ۔
رغم ۔ ناپسندیدہ سمجھنا۔ ذلیل رکھنا۔ کسی کے خلاف کام کرنا۔ خاک آلود ہونا۔
(علی الرغم اد۔ اس کے خلاف)
رَغن ۔ کسی بات کو توجہ اور التفات سے سننا۔
رَغَشَد ۔ شکاری جانوروں کی آواز۔

رغنتن ۔ رجس۔
رغنگ ۔ بھینگاپن۔ بھینگا۔
رغو ۔ جھاگ
رغیب ۔ راغب پسندیدہ۔ مرغوب
رغیبہ ۔ پسندیدہ چیز۔
رغید ۔ خوش بخت انسان عیش و تنعم میں زندگی بسر کرنے والا۔
رغیف ۔۱۔ موٹی اور بڑی روٹی۔۲۔ کیک۔

ر۔ف

رَف ۔ ہونٹوں کے کناروں سے بوسہ لینا۔ مہربانی کرنا۔ برآمدہ یا طاق۔
رفات ۔ بوسیدہ۔ کہنہ۔ ٹوٹا پھوٹا سامان۔
رفادہ ۔ پٹی۔ کپڑے کی تہ کی ہوئی گدی۔
رفاغ ۔ ہموار اور نرم زمین۔
رفاغت ۔ عیش و تنعم کی کثرت اور فراوانی۔
رِفاق ۔ اونٹ کا گھٹنا باندھنے والا رسہ۔

رفاقت۔ رفیق ہونا۔ سفر میں ساتھی ہونا
رفاقت بازی۔ دوستی کا دم بھرنا۔
رفان۔ شفاعت کرنے والا۔
رفاہ۔ خوشی۔ آسائش۔ سکون۔
بہبودی۔ آسودگی۔
رفاہت۔ بے فکری۔ آسائش کا
آرام کا نصیب ہونا۔
رفاہ عام۔ ایسے کام جن سے مخلوق
خدا کا بھلا ہو۔
رفت۔ رفتن مصدر سے ماضی مطلق۔
بمعنی گیا۔
رفتار۔ چال۔ سلوک
رفتار شدن۔ سلوک کئے جانا۔
رفتار کردن۔ سلوک کرنا۔ برتاؤ کرنا
(ایشاں با من رفتار خوبی نہ کردند۔
انہوں نے مجھ سے اچھا سلوک نہ کیا)
رفت آنچہ رفت۔ گزر گئی گذران
کیا جھونپڑی کیا میدان۔
رفت ثواب کند۔ آ گئے تھے نماز
بخشوانے اُلٹے روزے گلے پڑے
۲۔ لینے کے دینے۔
رفت ریش بیارد سبلش را ہم
باخت۔ رجوع بہ ماقبل۔

رُفتگر۔ جاروب کش۔ جھاڑو دینے والا۔
رفتگی۔ روانگی
رفتگان۔ جو لوگ دنیا سے اٹھ گئے
ہوں ؎
نام نیک رفتگاں ضائع مکن
تا بماند نام نیکت برقرار
رفتگی خون۔ خون کا بہ جانا۔
رفتگی شنوائی۔ قوت سامع کا ضائع
ہو جانا۔
رفت گذشت۔ گذشتہ۔ آئی
گئی بات۔
رفتن۔ جانا۔ چلے جانا۔
رُفتن۔ جھاڑو دینا
رفتنم با خودم آمدنم با دیگراں۔ جانا
اپنے بس میں آنا پرائے بس میں۔
رفتنی۔ جلدی جانے یا مرجانے والا۔
رفت و آمد۔ ٹریفک۔ آمد و رفت
رفت و آمد کردن۔ آنا جانا۔
رفت و روب۔ صفائی کرنا۔ جھاڑ
پونچھ کرنا۔ جھاڑو دینا۔
رفتن شکم۔ دست لگ جانا۔
رفتہ۔ گزشتہ
رفتہ رفتہ۔ آہستہ آہستہ۔

رُفتہ۔ جھاڑو دیا ہوا۔ صاف شدہ۔
رفتہ رُوب۔ رجوع بہ ماقبل۔
رَفرف۔ ۱۔ شترمرغ۔ ۲۔ پرندے کا
پر دل کو پھڑپھڑانا۔ ۳۔ خیمہ۔
۴۔ تکیہ۔ ۵۔ حضور پاک سرورِ کائنات
کے اس سواری کے جاندار کا نام
جس پہ آپؐ معراج پہ تشریف
لے گئے۔
رَفض۔ اونٹوں کو چرنے کے لئے
کھلا چھوڑ دینا۔ ترک کر دینا۔
چھوڑ دینا۔ رد کر دینا۔ قبول نہ کرنا
سدہ - پیشگاہ - ڈیوڑھی
سدہ بنہ - آستانہ مبارک
سَدہ - ایک ایرانی جشن جو عید نوروز سے پچاس دن قبل ہوتا ہے

اس دن ایرانی خوشیاں مناتے
اور آتش بازی چلاتے ہیں۔
سدید۔ درست۔ راست۔ محکم۔
صحیح معقول۔

س ۔ ر

سُر۔ چوٹی۔ سر۔ سردار۔ چیف۔ ارادہ
سرا۔ آغاز۔ خیال۔
سِر۔ راز۔ بھید۔ پوشیدہ بات
(در ہیچ سری نیست کہ سرّی ز
خدا نیست) بمعنی وہ کون سا سر
ہے اسے خدا جس میں تیرا سودا سمایا
ہوا نہیں ہے۔
سرا۔ گھر۔ غزل۔
سراب۔ ریت جو مسافروں کو دھوپ
میں دُور سے بہتے ہوئے پانی کی
طرح معلوم ہوتی ہے۔
سرابستان۔ باغ کے اندر باغبان
کا کمرہ۔
سراپا۔ سر سے پاؤں تک ع
(سراپا آفت جان بود
نشب جائیکہ من بودم)

سراپردہ۔ حرم۔ زنان خانہ
سراپردہ زدن۔ خیمہ لگانا۔
سراج۔ چراغ۔ روشنی
سرّاج۔ ۱۔ زین ساز۔ ۲۔ چمڑے
کا کاروبار کرنے والا۔
سراج اللیل۔ چاند۔
سراجلاس۔ بر سر عام۔
سرّاجی۔ چمڑے کا کاروبار۔
سراچہ۔ چھوٹا مکان
سرادق۔ بڑا خیمہ۔ شاہیانہ۔
سراز آب بیگانہ شستن۔ مفت
کا مال ہاتھ آنا۔
سراز بالین تہی کردن۔ مسلسل کام
اور محنت کے باعث اپنا آرام
حرام کر دینا۔
سراز پا نشناختن۔ بہت زیادہ
عجلت اور تندی میں ہونا۔ عجیب
سراسیمگی۔
سراز چیزی بیرون آوردن۔
کسی کام سے فارغ ہونا۔
سراز خط برداشتن۔ سرکشی کرنا۔
سراز خواب برداشتن۔ نیند
سے بیدار ہونا۔

سراز زانو برداشتن ۔ مراقبے سے اٹھنا
سراز سرا بدر کردن ۔ گھر سے باہر نکلنا
سراز کار درآوردن ۔ کسی کام کی
حقیقت سے آگاہ ہونا ۔
سراز یر شدن ۔ سرنگون ہونا ۔
لڑھکنا ۔ گرنا ۔
سراز یر کردن ۔ ۱ ۔ اوندھا گرنا ۔
لڑھکانا ۔ ۲ ۔ ڈھلان کرنا ۔
سرازیری ۔ ڈھلوان ۔ ڈھلان ۔
سراسر ۔ سرتاپا ۔
سراسیمہ ۔ حیران وپریشان
سراسیمہ شدن ۔ حیران وپریشان ہونا
سراسیمہ کردن ۔ حیران وپریشان کرنا
سراشیب ۔ رجوع بہ سرازیری
سراغ گرفتن ۔ کھوج لگانا ۔ کھوج لگانا
سرآغاز ۔ آغاز نامہ
سرآفتاب ۔ ہنگام طلوع
سرافراز شدن ۔ سربلند ہونا ۔
سرافراز کردن } سربلند ہونا
سرافراز فرمودن } ״
سرافرازی ۔ بلندی ۔ عزت
سرافگندہ بودن } شرمندہ ہونا ۔
سرافگندہ کردن } نادم ہونا ۔
سر جھکانا ۔
سرافگندگی ۔ ذلت وخواری ۔ رسوائی ۔
سرآکوفت ۔ سرزنش طعنہ
سرآمد ۔ کامل ساہر
سرآمدن ۔ ۱ ۔ سبقت لے جانا ۔
۲ ۔ پورا ہونا ۔ ختم ہونا ۔
(ع ۔ سرآمد روزگاراین فقیری)
(یعنی مجھ فقیر کے دن پورے ہو گئے
دیگ بہ سرآمد ۔ ہانڈی کو ابال آگیا)
سران ۔ جمع سرکی ۔ بندگان ۔
(سران قوم یا سران لشکر)
سرانجام ۔ آخر کار
سرانجام بشہر بود زیر خاک ۔ آخر
ہر انسان کا انجام قبر میں بسیرا ہے ۔
سرانداز ۔ اوڑھنی
سرآہنگ ۔ کوتوال ۔ ہیڈ پاسبان
علم بردار ۔
سرای ۔ گھر ۔ مکان ۔ منزل ۔
سرای جاوید ۔ بہشت
سرای جزا ۔ آخرت ۔
سرانچہ ۔ چھوٹا مکان
سرای سپنجی ۔ عارضی رہائش گاہ
دنیا ۔

سرای سپنجی نماند بکس ۔ یہ دنیا کسی سے بھی وفا نہیں کی ۔
سرائیدن ۔ گانا ۔
سرائیدہ ۔ گانے والا ۔
سرباختن ۔ سر قربان کرنا ۔
سربار ۔۱۔ چھوٹی گٹھڑی جو بڑی گٹھڑی جو بڑی گٹھڑی کے اوپر رکھی جائے ۔۲۔ سرچارج ۔ مزید ٹیکس ۔
سرباری ۔ رجوع بہ ماقبل ۔
سربار شدن ۔ باعث زحمت ہونا
سرباز ۔ فوجی سپاہی
سرباز پیادہ ۔ پیدل فوج کا سپاہی
سرباز خانہ ۔ فوجی بیرکس
سرباز جدید ۔ رنگروٹ
سرباز سوارہ ۔ سوار فوج کا سپاہی
سرباز خواستن ۔ فوجی ملازمت چاہنا ۔ بھرتی مانگنا ۔
سرباز گرفتن ۔ بھرتی کرنا ۔ فوج میں لینا ۔
سربازگیری ۔ فوجی بھرتی
سرباز زدن ۔۱۔ نافرمانی کرنا ۔ ۲۔ انکار کرنا ۔
سربازی ۔ فداکاری ۔

سربالا ۔ سربلند ۔ پرافتخار ۔
سربالا کردن ۔ سربلند کرنا ۔
سربالا جواب دادن ۔۱۔ تردید کرنا ۔۲۔ جھگڑا کرنا ۔
سربالائی ۔ بلندی ۔ ٹیلہ ۔
سربتن ارزیدن ۔ شائستہ و سزاوار ہونا ۔
سر بجیب عدم کشیدن ۔ مرجانا
سر بجہنم زدن ۔ انتہائی بد اور بدکردار ہونا ۔
سر بخواب در آمدن ۔ سونا ۔
سر بدیوار آوردن ۔ ٹکریں مارنا ۔
سر براہ بودن ۔ فرمانبردار ہونا ۔ بانشرم ہونا ۔ مطیع و فرمانبردار ہونا ۔
سر برداشتن ۔ سر اٹھانا ۔
سر بردن ۔ بسر کرنا ۔
سر بر زدن ۔ باغی ہونا ۔
سر بزرگ بلای بزرگ دارد ۔
ع۔ جن کے رتبے ہیں سوا ان کو سوا مشکل ہے
سر بزانو نہادن ۔۱۔ غمناک ہونا ۲۔ سر اقبے میں جانا ۔
سر بزمین گذاشتن ۔ مرجانا ۔

سربستن - باندھنا۔
سربستہ - بندھا ہوا - پوشیدہ چھپا ہوا۔ (رازہای سربستہ)
سربصحرا بہ دادن - دیوانہ بنانا۔
سربکوہ و بیابان دادن - آبادی کو چھوڑ کر یا تنگ کر کے یا ہر کوہ و بیابان میں چلے جانا۔
(صبا بلطف بگو آن غزال رعنا را
کہ سربکوہ و بیابان تو دادہ ای مارا)
سربسر کردن - مساوی کرنا - برابر کرنا - تیز ہنسی مذاق کرنا شوخی کرنا۔
سربسنگ خوردن - شکست کھانا۔ ناامید ہونا۔
سربطری - بوتل کا کارک
سربکلاہ ارزیدن - شائستہ تاج ہونا - ارجمند ہونا۔
سربگریبان فرو بردن - ۱ - سوچ وبچار کرنا - ۲ - غمگین و اندوہناک ہونا۔
سربلند شدن - سربلند ہونا۔
سربلند کردن - سربلند کرنا۔
سربلندی - عزت و بزرگی۔
سربند - بند کوچہ۔

سربہ نیست کردن - تباہ کرنا۔
سربہا - خون بہا - زرفدیہ۔
سربہ ہم آمدن - زخم کا مندمل ہونا۔
سربہ ہوا بودن - سر کا چکرانا۔
سربی صاحب تراشیدن - ۱ - دخل در معقولات دینا - ۲ - بے ربط و مہمل بے جوڑ کام کرنا۔
سربہ بیابان نہادن - ۱ - فرار کرنا۔ ۲ - بھاگ جانا۔
سربہ نعلین و پا در کلاہ - انتہائی سراسیمگی و گھبراہٹ کا عالم۔
سربیگناہ پای داری رود اسر داری نرود - بے گناہ پھانسی کے تختے تک جائے تو پہنچ جائے لیکن پھانسی پر لٹکنے سے بچ جاتا ہے۔ یعنی بے حد بے شمار سختیاں جھیلنے کے بعد آخر کار معصوم اور بیگناہ آدمی رہا ہو جاتا ہے۔
سرپا - پاؤں پر کھڑا ہونا
سرپائی - نوکر - تیز آرام دہ جوتا جو گھر پر پہنا جاتا ہے۔
سرپاس - حوالدار - محافظ۔
سرپاسبان - ہیڈ کانسٹیبل - حوالدار

سرپرست۔ نوکر۔ گھر کا سردار۔ نگہبان
سرپرستی۔ خبرگیری
سرپزشک۔ سول سرجن
سرپنجگی۔ قوت پنجہ۔ تشدد۔
سرپوش۔ ۱۔ ڈھکنا۔ ۲۔ امین
ناز دان۔
سرپوش از روی راز افتادن
۱۔ راز کا افشاء ہونا۔ ۲۔ بھید
کا کھل جانا۔
سرپوش روی کار نہادن۔
۱۔ راز کا چھپانا۔ سر
سرپوشیدہ۔ ۱۔ مسقف جگہ۔ ۲۔
کنواری لڑکی۔
سرپی۔ ٹھوکر۔
سرپیچ۔ ۱۔ نافرمان۔ ۲۔ گستاخ
۳۔ پگڑی۔ ۴۔ سڑک کا موڑ
سرپیچانیدن۔ دھوکا۔ فریب دینا۔
سرپیچیدن۔ ۱۔ دھوکا دینا۔
۲۔ فریب دینا۔ ۳۔ رد کرنا۔
سرپیچی۔ سرکشی۔ نافرمانی۔ گستاخی
سرپیچی نمودن۔ انحراف کرنا۔
سرپیری و معرکہ گیری۔ ۱۔ بڑھاپے
میں عشق کا بھوت سر پر سوار ہوتا۔

۲۔ بوڑھی گھوڑی لال لگام۔
سرتابی۔ سرکشی۔ نافرمانی
سرتاج۔ ۱۔ گیسو پوش۔ ۲۔ خاوند۔
سرتاسر۔ سرتاپا۔
سرتافتن۔ نافرمانی کرنا۔
سرت سبز باد۔ خدا تمہیں عمر خضر
عطا فرمائے۔
سرتکان دادن۔ سر ہلانا۔
سرت گردم۔ میں تیرے قربان
جاؤں۔ ع
(سرت گردم تو ہم فانوس
پیشین ساز دہ ساقی)
سرتنہا۔ اکیلا۔
سرتوی حساب بودن۔ کسی کام
سے آگاہ ہونا۔
سرتوی سرہا آوردن۔ ہجوم میں
وارد ہونا۔
سرتیپ۔ بریگیڈیر۔
سرتیر مردن۔ نشانہ لگتے ہی مرجانا۔
سرتیغ۔ پہاڑ کی چوٹی۔
سرج۔ گھوڑے کی زین۔
سرجائے خود نشستن۔ آرام سے
بیٹھ جانا۔

سرجفت کردن - سر سے سر جوڑ کر باہم سرگوشیاں کرنا۔
سرجملہ - منتخب - خلاصہ
سرجنبان - باغی - فتنہ انگیز
سرجنباندن - بغاوت کرنا۔
سرجنبانیدن - کسی کی تعریف میں سر ہلانا۔
سرجنگ داشتن - لڑائی کا متمنی ہونا۔
سرجوش - وہ سوراخ جس میں سے پانی حوض میں داخل ہوتا ہے یا باہر نکلتا ہے۔
سرجوقہ - فوجی دستے کا سردار کارپورل
سرجین - گوبر۔
سرچاہ - کنوئیں کا منہ۔
سرچرا بندم چو درد سر نماند - جب درد نہیں تو دوائی کاہے کو لوں۔
سرچراغ - ۱- دیا جلانے کا وقت ۲- رات کے وقت بیچا ہوا پہلا سودا۔
سرچشمہ - منبع -
سرچشمہ دارد - ۱- دھوکے باز ۲- ذخیرہ اندوز -

سرچنگ - ڈھول دھپہ -
سرچنگ زدن - دھپہ مارنا -
سرچنگی - چپت - ڈھول دھپہ
سرچین - برگزیدہ دوسرے سے بہتر -
سرچیزے داشتن - کسی چیز کے حاصل کرنے کا ارادہ رکھنا -
سرجان - بھیڑیا -
سرحد - دو ملکوں کے درمیان حدبندی کی لائن - بونڈری لائن
سرحدات - جمع ہے سرحد کی -
سرحد دار - رینجرز - سرحدوں کی حفاظت اور دیکھ بھال کرنیوالے
سرحدنشین } ملک کی سرحدوں پر
سرحدی } رہنے والے لوگ
سرحرف ایستادن - اپنی بات پر ڈٹ جانا -
سرحرف باز کردن - بات چیت شروع کرنا -
سرحساب - واقف کار -
سرحساب باز کردن فال لینا -
سرحلقہ - پیشوا - سردار
سُرخاب - ۱- غازہ - ۲- ایک پرندے کا نام ۳- شراب -

سرخاب را آب رنگ می دہد و وسمہ را خواب۔ سرخاب کے نکھار کے لئے تھوڑی پانی کی ملاوٹ اور وسمہ کے رنگ کی سیاہی کے ابھار اور نکھار کے لئے رات بھر اس کا پڑا رہنا ضروری ہوتا ہے۔
سر خاریدن۔ سر کھجلانا۔
سر خاک رفتن۔ کسی کی قبر پہ فاتحہ خوانی کے لئے جانا۔
سر خانہ رفتن داماد۔ گھر جوائی رکھنا
سرخچہ۔ خسرہ۔ (ایک بیماری)
سُرخ چشم۔ خونخوار۔ جلاّد۔
سر خود۔ خود سر آدمی
سر خود کار کردن۔ خود سر ہونا۔
سر خود گرفتن۔ اپنے کام سے کام رکھنا۔
سر خر۔ نامحرم۔ بدتمیز
سرخ رگ۔ شریان
سُرخرو۔ پھول سا چہرہ ۔۲۔ کامیاب ہونا۔ ۳۔ تمتمایا ہوا چہرہ۔
سرخ سر۔ قزلباش۔
سرخ شدن ۔۱۔ لال پیلا ہونا
۲۔ شرمندہ و خجل ہونا۔
سر خفت رفتن۔ عورت کے وضع حمل کے لئے تیار ہونا۔
سرخ فام۔ سرخ چمڑی والے۔
سُرخ کردن۔ بھوننا۔
سُرخک۔ کھٹمل
سر خور بودن۔ اس عورت کے متعلق استعمال کرتے ہیں جس کے کئی خاوند مر چکے ہوں۔
سر خوردن۔ ہمت ہارنا۔ مایوس ہونا۔ لغزش کھانا پھسلنا۔
سر خوش۔ مدہوش و سرشار
سر خوشی۔ مدہوش و سرشاری۔
سر خیل۔ سالار کاروان
سرداب۔ تہ خانہ۔
سردابہ۔ رجوع بہ مافیل۔
سر دادن۔ مارے جانا۔ اپنا سر نچھاور کرنا۔
سر را قمی می شکنند و تا دانش را کاشتی میدہد۔ کرے کوئی بھرے کوئی۔
سردار۔ رئیس۔ فرمانبردار
سرداستان۔ داستان کی سرخی

یا عنوان ۔
سر دبیان ۔ غیر موثر
سر دبیر ۔ ۱ ۔ مدبر اعلیٰ ۔ ۲ ۔ ہیڈ کلرک
سر در آوردن ۔ سمجھنا ۔
سر در پیش ۔ سرافگندہ خجل اور
نادم و شرمندہ ۔
سر درختی ۔ درختوں کے پھل
سر درد دادن ۔ زحمت کا باعث ہونا
سر درد کشیدن ۔ زحمت اٹھانا ۔
سر در گم ۔ پریشان ۔
سر در ہوا ۔ پریشان ۔ آوارہ باغی
سر دست ۔ ۱ ۔ آستین ۔ ۲ ۔ فی الحال
سر دسیر ۔ سرد مقام
سر دست افشاندن ۔ غصے کی وجہ
سے ہاتھ جھٹکنا ۔
سر دستی ۔ فی الفور ۔ فی الحال ۔
سر دفتر ۔ رئیس دفتر ۔
سر دم ۔ ۱ ۔ قمار خانہ ۔ ۲ ۔ جوا خانہ ۔
۳ ۔ قہوہ خانہ ۔
سر دم دار ۔ قہوہ خانہ یا قمار خانہ کا والی
اور وارث ۔

سرد مہر ۔ بے مروت
سرد مہری ۔ بے مروتی ۔ ع ۔
(چل اے ہوای سرد تو
سرد مہری احباب سے زیادہ نہیں)
سر دندان سفید کردن ۔ مسکرانا ۔
سر دواندن ۔ ٹال مٹول کر دینا ۔
سر راہ ۔ راستے میں ۔
سر راہ گرفتن ۔ ۱ ۔ راہ روکنا ۔
۲ ۔ کسی کی گھات یا کمین میں بیٹھنا ۔
سر رسیدن ۔ اچانک آدھمکنا ۔
سر رسید ۔ قرض ادا کرنے کی آخری
تاریخ یا وعدے کا دن ۔
سر رشتہ ۔ ۱ ۔ کام کے ایچ پیچ ۔
۲ ۔ دھاگے کا سرا ۔ ہار ۔ اہلیت
تدبیر ۔
سر رشتہ ۔ ا ۔ مجاز اً مدعا ، مقصود ۔ ۲ ۔ دفتر حسابی ۔
سر رشتہ دار ۔ جس کے ہاتھ میں کسی کام
کی باگ ڈور ہو ۔
سر رشتہ از دست دادن ۔ کسی کام کے صحیح
طریق کار اور تدبیر کو ہاتھ سے کھو دینا ۔
سر رفتن ۔ ۱ ۔ ہنڈرنا

کام کا سرے لگنا۔
سررفتہ۔ چھلکا ہوا
سرزا رفتن۔ بچے کو جنم دیتے وقت مر جانا۔
سرزدن۔ کسی شخص کا کسی مجلس میں اچانک آجانا۔ واقع ہو جانا۔
سرزدہ آمدن۔ اچانک آ دھمکنا
(ع سرزدہ داخل مشو میکدہ حمام نیست)
سرزلف۔ زلف کا سرا۔
سرزلف تو نباشد سرزلف دیگری
خدا سر سلامت رکھے سرہانے بہت
سرزنش۔ لعنت ملامت
سرزنش دادن } ڈانٹ ڈپٹ
سرزنش کردن } پلانا۔ لعنت ملامت کرنا۔
سرزنش یافتن۔ جھاڑ جھپٹ کھانا
سرسال۔ شروع سال
سرسام۔ ایک خطرناک مرض جس میں دماغ پر ورم آ جاتا ہے۔
سرسالم بگور نبردن۔ قتل ہو جانا۔
سرسبک کردن۔ ۱۔ معدہ کا خالی کرنا۔ ۲۔ رفع حاجت کرنا۔

سرسخت۔ خودرا۔ ہٹیلا۔ ڈھیٹ
سرسخت خوردن۔ سخت صدمہ اٹھانا
سرسختی کردن۔ ہٹ دھرمی کرنا۔
سرسخن۔ سُرخی۔ عنوان
سُرسرہ۔ ڈھلوان جہاں سے پھسلتے ہیں۔ پھسلنے کا راستہ۔
سرسری کردن۔ کوتاہی کرنا۔ بغیر سوچے سمجھے کام کرنا۔
سرسری جواب دادن۔ ٹالا ٹالی جواب دینا۔
سرسلامتی۔ ۱۔ دل جوئی۔ ۲۔ ماتم پرسی۔
سرسلامتی دادن و گفتن کے لیے جانا اور نوازش کرنا۔
سرسلسلہ۔ خاندان کا بانی۔
سرسنگیں بودن۔ بے توجہ ہونا۔
سرسیاہ زمستان سخت کڑاکے کی سردی و تاریکی۔
سرشاخ شدن باکسی۔ کسی سے لڑنا۔ مار کٹائی کرنا۔
سرشاخہ۔ چھوٹی ٹہنی۔
سرشار۔ خوش۔ لبریز۔ شاد۔

سرشار بودن } خوش و خرم ہونا ۔
سرشار شدن } شاد و شادکام ہونا ۔
سرشام ۔ شام ہوتے ہی ۔ ع
(سرشام میرے مزار پر جو دیا کسی نے جلا دیا)
سرشب ۔ اول شب
سرشت ۔ طبیعت ۔ جبلّت ۔ خمیر ۔ خو ۔ پیدائش ۔
سرشتن ۔ خمیر ہونا ۔ یا کرنا ۔ گوندھنا ۔
سرشدن ۔ جاری ہونا ۔ بندوق کا قائم ہونا ۔
سَرشف ۔ سرسوں ۔
سرشک ۔ ۱ ۔ آنسو ۔ ۲ ۔ بارش کا قطرہ ۔
سرشک باران ۔ بارش کے قطرے
سرشک باریدن ۔ رونا ۔ آنسو بہانا ۔
سرشک خندان ۔ خوشی کے آنسو ۔
سرشکستہ ۔ سرافگندہ ۔ بدنام بے آبرو ۔
سرشکستگی ۔ بدنامی ۔ ناکامی خواری
سرشمار ۔ مردم شماری کرنے والا ۔
سرشماری ۔ مردم شماری
سرشناس بودن } مشہور و معروف ہونا
سرشناس شدن }

سرشیر ۔ بالائی ۔ دودھ کی ملائی ۔
سرشیر آوردن ۔ کوئی بڑا نمایاں اور بہادری کا کام کرنا ۔
سرصفحہ ۔ سرورق ۔ ٹائیٹل
سرطاس ۔ پرنالہ ۔ نیز گنجا ۔
سرطاس شستن ۔ فال لینا ۔
سرطان ۔ ۱ ۔ کیکڑا ۔ ۲ ۔ آسمان میں چوتھے برج کا نام ۔ ۳ ۔ ایک بیماری جسے عرف میں CANCIR کینسر کہتے ہیں ۔
سرطویلہ ۔ اصطبل ۔
سُرعت ۔ تیزی ۔
سرعسکر ۔ کمانڈران چیف ۔
سرغزل ۔ مطلع ۔ غزل کا پہلا شعر
سرغلیان ۔ حقے کی چلم ۔ ٹوپی ۔
سرغنہ ۔ سرگروہ ۔ سرکردہ
سَرفراز ۔ سربلند
سُرفہ ۔ کھانسی
سُرفہ کردن ۔ کھانسنا ۔
سُرفیدن ۔ کھانسنا
سرقت ۔ چوری کرنا ۔
سرقت کردن ۔ چوری کرنا ۔
سرقفلی ۔ تجارتی شہرت

سرقلم ۔ تب ۔
سرقلم کردن ۔ سر اڑا دینا ۔
سرقوچ ۔ تر بکرا
سرقوزہ افتادن ۔ ہٹ دھرمی کرنا
سرقول خود ایستادن ۔ اپنی بات یا وعدے پر قائم رہنا ۔
سرقہ ۔ چوری
سرکچل دعق چین ۔ یہ منہ اور مسور کی دال
سرکردن ۔ ۱ ۔ شروع کرنا ۔ ۲ ۔ پورا کرنا ۔ ۳ ۔ لبسر کرنا ۔ ۴ ۔ پہننا اوڑھنا ۔
سرکردہ ۔ سردار ۔ دستہ کا چیف ۔
سرکردگان ۔ جمع ہے سرکردہ کی ۔
سرکسی بی کلاہ ماندن ۔ کچھ حاصل نہ ہونا ۔ کچھ ہاتھ نہ لگنا ۔
سرکسی دور دیدن ۔ کسی کی عدم موجودگی سے فائدہ اٹھانا ۔
سرکسی شیرہ مالیدن ۔ کسی کو جکہ دینا ۔ دھوکا اور فریب دینا ۔
سرکش ۔ باغی ۔ گستاخ ۔ سرپھرا ۔
سرکشی کردن ۔ نافرمانی و لبغاوت کرنا
سرکشیدن ۔ ۱ ۔ سر اٹھانا ۔ ۲ ۔ اڈیل لینا ۔ ۳ ۔ چوری چھپے کھانا ۔
سرکلانتری ۔ محکمہ پولیس
سرکنگبین ۔ سرکہ اور انگبین سے تیار کردہ مرکب جسے عرف عام میں سکنجبین کہتے ہیں اور جو صفرا کے دور کرنے کے لئے نہایت مفید ہوتی ہے ۔

(از قضا سرکنگبین صفرا فزود
روغن بادام خشکی می نمود)

سرکوبی کردن ۔ کچل دینا ۔
سرکہ ۔ ترشی مادہ ۔
سرکہ ابرو ۔ چین بہ جبین ۔
سرکہ جبین ۔ ترش رو ہونا ۔
سرکہ فروختن ۔ رجوع بہ ماقبل ۔
سرکہ فروش ۔ ترش رو ۔
سرکہ نقد بہ از حلوای نسیہ ۔ نو نقد نہ تیرہ ادھار ۔
سرکبس ۔ دھنک ۔ قوس قزح ۔
سرکیسہ شل کردن ۔ ۱ ۔ خوب کھل کر خرچ کرنا ۔ ۲ ۔ بخشش وجود وسخا کرنا ۔
سرو کیسہ کردن ۔ ننگا کر دینا ۔ کسی سے ٹیکس یا خراج وصول کرنا

سرکیف بودن - خوب مست و سرشار ہونا -
سرگاو وتوی خمرہ - بڑی مشکل اور الجھن میں پھنس جانا -
سرگذشت - ماجرا - داستان
سرگذشت داشتن } کتھا کہانی
سرگذشت گفتن } سنانا -
سرگذشت نوشتن
سرگرد - میجر
سرگردان - پریشان - آشفتہ حال
سرگرفتن - ۱ - شروع کرنا - ۲ - رائج ہونا -
سرگرمی - جوش وخروش -
سرگشتگی - سرکا چکرانا - ۲ - پریشانی اور حیرانی -
سرگشتہ - حیران وپریشان حال
سرگلہ باز کردن - شکوہ وشکایت کا آغاز کرنا -
سرگم شدن - اوسان خطا ہونا -
سرگنج نشستن - بہت مالدار ہونا - اور ساتھ ہی کنجوس مکھی چوس ہونا -
سرگوش حرف زدن - سرگوشیاں کرنا

سرگنجشک خوردہ است - بہت باتونی
سرگوشی - کانا پھوسی
سرگوشی گفتن - کانا پھوسی کہنا -
سرگیج رفتن - سرکا چکرانا -
سرگیجہ - چکر - پریشانی -
سرگین - گوبر - لید
سرلشکر - فوج کا سردار - میجر جنرل -
سرلوح - نمونہ - سرمشق
سرماخوردگی - ۱ - سردی لگ جانا - کپکپی - ۲ - زکام -
سرماخوردن - سردی لگ جانا - زکام ہونا -
سرماخوردہ - جسے سردی لگ جائے -
سرماریزگی - ۱ - اولے ۲ - برف کے تکے یا برف کے گالے -
سرمانک - آنکھ مچولی
سرمایہ دار - روپے پیسے والے -
سرمایہ داری - پولداری
سرمایہ گذاشتن - سرمایہ لگانا -
سرمائی - مربوط بہ سرما
سرمد - ہمیشہ - پیوستہ - ازلی اور ابدی مراد خداوند تعالیٰ سے لیتے ہیں -

سرمدی - ابدی ؎

(پیکری روشن ز نور سرمدی
در سراپایش سرور سرمدی)

سرمست - سرشار

سرمشق - نمونہ

سرمقالہ - اداریہ

سرمو - بال کا سرا

سُرمہ از چشم ربودن - آنکھ کا
کاجل چرانا -

سرمہ کش - سُرمے کی سلائی -

سرمہ کشیدن - سرمہ لگانا -

سرمگیں - سُرمہ لگی آنکھیں ؎

ع تری سرمگیں آنکھوں کے صدقے

سرمہ سا - رجوع بہ ماقبل ع

نہ پوچھ اے ہمنشیں مجھ سے
وہ چشم سُرمہ سا کیا ہے -

سرمئی - سُرمہ کے رنگ کا -

سُرنا - شہنائی

سرنا از نہ باد کردن - اُلٹی
بنسری بجانا -

سرناچی - شہنائی بجانے والا -

سرنامہ - لفافے کے باہر
ایڈریس -

(ع آنکھ کی تصویر سرنامہ پہ کھینچی ہے
تجھ پہ یہ کھل جائے اس کو حسرت دیدار ہے)

سرنترس - دلیر - نڈر - جرأت والا

سرنگون - اوندھا - الٹا

سرنگون شدن - اوندھا ہونا -

سرنگوں کردن - شکست دینا -

سرنوشت - نوشتہ مقدر - تقدیر

سروِ آزاد - سرو کا درخت جو سیدھا
اور مخروطی شکل کا ہوتا ہے - ع

(سروِ آزادی ز بستان رسول
مراد حضرت امام حسین علیہ السلام)

سرو اندام - راست قد محبوب -

سروِ سیمیں - محبوب حسین و جمیل

(ع سرو سیمینا کہ تنہا میروی)

سروقد - رجوع بہ سرو اندام

سروا کردن - زخم کا منہ کھل جانا -

سروان - کیپٹن -

سروبرگ - ارادہ - خیال -

سروپا - ۱- خلعت - ۲- تمام -

سروپا گم کردن - سراسیمہ ہونا -
اوسان خطا ہونا -

سروِچماں - لہلہاتا ہوا سرو -
محبوب

سرو خراماں۔ محبوب۔
سرود ۔ ۱۔ گیت ۔ ۲۔ راگ ۔ ۳۔ نغمہ
۴۔ شعر ع
بہ سرود زندگانی سحر آفریدہ ام من
سرود خواندن۔ راگ گانا۔
سرود ملی ۔ قومی ترانہ
سرود باد دستان دادن مست
کو تحریک ترغیب دینا۔ شریر
کو شرارت پر اکسانا۔
سَرور۔ بڑا۔ بزرگ
سرور کائنات ۔ مراد ہے حضور
پاک نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم
سے جو کائنات کے افضل ترین
انسان تھے۔
سرور۔ خوشی ۔ مسرت ع
(سرور رفتہ باز آید کہ ناید
نسیمی از حجاز آید کہ ناید)
سرور داشتن ۔ خوشحال ہونا۔
سرور رعنا۔ مراد محبوب
سُرودن۔ گانا۔
سرورق ۔ ٹائیٹل ۔ پہلا حصہ۔
سروری ۔ بزرگی ۔
سروری زیبا فقط اس ذات بے ہمتا کو ہے

سرو ساماں۔ مال اسباب۔
سرو سایہ ۔ راست
سرو سہی۔ راست قد محبوب
سروش ۔ ہاتف غیبی ۔
(آتے ہیں غیب سے یہ مضامیں خیال میں
غالب صریر خامہ نوائے سروش ہے)
سرو صدا ۔ ہیاہو ۔ شور و غل
سرو صورت پیدا کردن ۔ پر
و بال نکالنا ۔
سر وقت ۔ عین وقت اور موقع پر ۔
سر وکار ۔ تعلق ۔ لگاؤ ۔
سروکار داشتن ۔ تعلق رکھنا ۔
کسی کے ہاں آنا جانا ۔
سر وکلہ زدن ۔ بحث کرنا۔
سُرد مرد گنُدہ ۔ تندرست ۔ صحیح
وسالم اور خوش وخرم ۔
سرویس ۔ ملازمت
سَرہ ۔ پاکیزہ ۔ خالص ۔
سرہ کردن ۔ کھوٹے اور کھرے کو
الگ الگ کرنا ۔
سرہم ۔ باہم
سرہ مردہ کھرا آدمی
سرہم بندی ۔ الٹا سیدھا پیوند ۔

سرہم بندی کردن۔ کسی کام کو بدسلیقگی اور پھوہڑپن سے انجام دینا۔
سرہنگ۔ کرنل
سرہنگ دوم۔ لفٹیننٹ کرنل
سرّی۔ راز نہانی۔
سری نزی سرلے در آوردن۔ کسی شمار قطار میں آنا۔ داخل لیل و نہار ہونا۔
سریر۔ تخت
سریر آرائے سلطنت۔ تخت نشین ہونا۔
سَری سقطی۔ دنیائے اسلام کے مشہور و معروف ولی اللہ کا نام۔ آپ حضرت معروف کرخیؒ کے شاگرد اور حضرت جنید بغدادیؒ کے استاد تھے۔ گورستان بغداد میں اپنے عزیز شاگرد کے پہلو میں مدفون ہیں۔
سَریع۔ تند و تیز۔
سریع السیر۔ تیز رفتار۔ ع۔
(دل سریع السیر چوں ماہی بود
قطار سریع السیر۔ ایکسپریس گاڑی
سریع القلم۔ سٹینو گرافر
سریع الہضم۔ زود ہضم
سُرین۔ چوتڑ۔

س۔ ز

سزا۔ بدلہ۔ پاداش۔ اُجرت۔ لائق
سزا دادن۔ بدلہ یا پاداش دینا۔
سزا دیدن۔ انتقام دینا۔ پاداش میں بھگتنا۔
سزاوار۔ شائستہ۔ لائق۔ مناسب
سزایاب۔ سزا پائے ہوئے۔
سزیدن۔ سزاوار ہونا۔
(سروری فقط خدا راسزد)
(ع صنم رہ قلندر سزاوار بمن نمائی)

س۔ س

سُست زبان۔ فیصلہ دینے میں سُست۔
سست آمدن۔ ڈھیلا میں پڑ جانا
سست اندام۔ نامرد
سست بخت۔ بدبخت۔

سُست پی - آہستہ چلنے والا
سُست قدم
سُست پیمان - وعدے کا کچا -
سُست رانسب خوب می شناسد
گھوڑا ڈھیلے سوار کو فوراً پہچان
لیتا ہے -
سست رگ - غافل - نامرد
سُست ریش - احمق - کودن
سادہ لوح -
سست عنان - کاہل -
سُست عنصر - کاہل سست
و غافل -
سست کمر - رجوع بہ سست اندام
سست گرفتن - لاپرواہی برتنا -
سست مہار - مطیع رام اور
فرمانبردار -
سست مہر - بے مہر
سستی کردن - کوتاہی کرنا -

س - ط

سَطبر - موٹا - بھدا
(دختر دہقان سطبری بدگلی)
سطبر گردن - موٹی گردن والا -
سطحی - سرسری
سَطل - تھال - سینی
سَطوت - دبدبہ - قہر - جلال
سطور - جمع سطر کی - لائنیں -
سطوح - جمع سطح کی -

س - ع

سعادت - نیکی - نیک بختی -
سعادت کیش } نیک و
سعادت مند } نیک بخت
سُعال - کھانسی -
سُعالین - کھانسی کی دوائی -
سعایت - چغلی کھانا - کسی کی بدگوئی
یا بدخواہی کرنا -
سعایت کردن - بدنام کرنا -
سَعد - نیک - مبارک - نیک بخت -
نیز عرب کے اس مشہور قبیلہ کا نام
جس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی دائی حلیمہ کا تعلق تھا -
سعد ابن ابی وقاص - حضورؐ پاک کا
مشہور و معروف صحابی جس کا شمار

عشرہ مبشرہ میں ہوتا ہے یعنی جنہیں رسول اللہ نے جیتے جی جنت کی بشارت دی تھی آپ حضور پاک کے ساتھ بھی اسلامی جنگوں میں شریک رہے۔ اور پھر حضرت عمرؓ کے عہد حکومت میں اسلامی فوجوں کی ایرانی کے خلاف قیادت کی۔

سعد بن زنگی۔ شیراز کے ایک مشہور اتابک خاندان کے حکمرانوں کا نام سعدی شیرازی اسی کے عہد میں ہو گزرا ہے۔ ؎
اکہ سعدی کہ گوی بلاغت ربود
در ایام ابوبکر بن سعد بود)

سعد اکبر۔ مشتری ستارہ

سعد و اسماء۔ عرب کے دو مشہور عاشق و معشوق کا نام۔

سعدی۔ شیراز کا وہ مشہور زمانہ شاعر اور ادیب جس کے شعر و ادب میں کمال کی آج تک دھاک ہے نام مصلح الدین ابن عبداللہ۔ سعد بن زنگی کے عہد میں پیدا ہوا اور اسی مناسبت میں ابتدائی تعلیم حاصل کی اور پھر مدرسہ نظامیہ بغداد میں اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے اٹھ گئے۔ وہیں شیخ شہاب الدین سہروردی کی شاگردی اور بیعت کی۔ چودہ حج پا پیادہ کئے۔ مدتوں عشق و عاشقی اور سیر و سیاحت میں زندگی بسر کی۔ پھر شیراز میں آکر گوشہ نشین ہو گئے۔ اور وہیں اپنی شہرہ آفاق کتب گلستان اور بوستان تالیف کی جس کا آج تک کسی شاعر اور ادیب سے جواب نہیں بن پڑا ؎
من آن مرغ سخن گویم کہ در خاکم بود صورت
ہنوز آواز می آید کہ سعدی در گلستانم
سعدی کا مزار شیراز سے ڈیڑھ دو ڈھائی میل کے فاصلے پر ایک نہایت ہی فرحت افزا مقام میں واقع ہے۔ جسے ان دنوں سعدیا کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

سعدیت۔ خوش بختی۔

سعدین۔ دو مبارک فال ستارے جیسے زہرہ اور مشتری۔

سِعر۔ بھاؤ۔ نرخ۔ ارز
سعی کردن۔ کوشش کرنا۔
سعی بودن۔ خوش بخت ہونا۔
سعیر۔ آگ کا لپکتا ہوا شعلہ

س ف

سفّاح۔ بدکار۔ خونخوار
سفارت۔ سفیر پن
سفارت خانہ۔ سفیر کا دفتر
سفارش دادن۔ کسی چیز کے لیے مزید حاصل کرنے کا حکم دینا
سفارش کردن۔ سفارش کرنا۔ ہدایات جاری کرنا۔
سفارشی۔ رجسٹرڈ۔ ڈاک
سفّاک۔ بے رحم۔ سنگدل
سفّاکی۔ بے رحمی۔ خونریزی
سفال۔ ٹھیکرا۔ مٹی کا ٹوٹا ہوا برتن
(سے اٹھانہ شیشہ گران فرنگ کے احسان
سفال ہند سے مینا و جام پیدا کر)
سفال ساز۔ کمہار
سفالہ۔ تلچھٹ
سفالین۔ سفال کی جنس سے یعنی مٹی کا۔
سفالی را جفت چینی دادن مجمل پر ٹاٹ کا پیوند لگانا۔ انمل بے جوڑ
سفاہت۔ ادنیٰ پن۔
سفائن۔ جمع ہے سفینہ کی کشتیاں۔
سِفت۔ مضبوط۔ محکم۔ استوار
سفت کردن۔ مضبوط بنانا۔
سُفتن۔ چھید کرنا۔ پرونا۔
سُفتہ۔ ۱۔ پرویا ہوا۔ ۲۔ سوغات
سفتہ بازی۔ ہنڈی کی خرید فروخت
سفتہ گوش۔ چھدے ہوئے کانوں والا۔ پرانے زمانے میں یہ دستور تھا کہ غلام اور لونڈی کنیز کے کانوں کو چھید دیتے۔ اب مراد غلام و لونڈی۔
(سفتہ گوش شاہان نیم)
سُفرا۔ سفیر کی جمع۔
سفرنامہ۔ کسی بڑے آدمی کے سیر و سیاحت کے احوال اور داستان۔ نیز مشہور ایرانی شاعر ناصر خسرو کی ایک کتاب کا نام۔
سفرہ۔ دسترخوان
(جان پدر تو سفرہ بی نان ندیدای)

سفرہ بہن داشتن - مزاح سے اُسے کہتے ہیں جو پیٹ کا ہلکا ہوا
سفرہ خانہ - ڈائننگ روم - کھانے کا کمرہ -
سفلہ - کمینہ - ادنیٰ
سفلہ بودن - کمینہ ہونا -
سفلہ پرور - ادنوں اور کمینوں کی پرورش کرنے والا خود کمینہ -
سفلیس - آتشک
سفلگان - سفلہ کی جمع - کمینے -
سفیدار - سپیدے کا درخت -
سفید بخت - خوش بخت
سفید کاری - چونے کی قلعی کرنا -
سفید گر - قلعی گر سفیدی کرنے والا
سفیدہ دم - صبح سویرے نور کے تڑکے
سفیدہ تخم مرغ - انڈے کی سفیدی
سفیر فوق العادہ - عارضی طور پر کسی اہم آدمی کو سفیر بنا کر بھیجنا -
سفینہ - کشتی -
(جن کو ڈوبنا ہو ڈوب جاتے ہیں سفینوں میں)
سفیہ - نادان - کم عقلی

س - ق

سَق - سقف دہان - تالو -
سَقّا - ماشکی -
سَقّائی - ماشکی کا کام
(ع - غازیان ملت بیضا کی سقائی ملی)
سقایت - سیراب کرنا -
سقای زمستانی - سخت مشکل کٹھن اور دشوار کام -
سقای کربلا - حضرت عباسؓ علمدار
سَقَر - دوزخ
سُقراط - شہرہ آفاق یونانی حکیم جو حکمت و دانائی کا مجسمہ تھا - یونانی حکومت کے حکم پر اسے زہر پیش کیا گیا - اور یوں وہ نابغۂ روزگار مرا -
سَقط شدن - حمل کا گرنا - مرجانا - تلف ہونا - ضائع ہونا -
سقط کردن - بچے کا وقت سے پہلے گرجانا -
سقط فروش - تھوک فروش -
سقط گفتن - گالی گلوچ دینا -
سقف - چھت -
سقف لاجوردی - آسمان -

سُقلمہ ۔ گھونسہ ۔
سقم ۔ بیماری نقص
سقوط کردن ۔ نیچے گرنا ۔ زوال آنا ۔
سقیم ۔ بیمار ۔

س ک

سُکاریٰ ۔ سکران کی جمع ۔ نشہ کی حالت میں ۔ نشہ میں ۔ مست چور
(در حلقۂ گل و مل خوش خواند دوش بلبل)
(ہات الصّبوح حیّ یا ایُّھا السُّکاریٰ)
سُکّان کشتی کا عقبی حصّہ ۔ لنگر ۔
سکان ۔ ساکن کی جمع ۔
سکبا ۔ گندم اور گوشت سے تیار شدہ یخنی ۔
سکتہ ۔ ایک مرض کا نام ہے جس میں آدمی کا بدن بالکل بےحس و حرکت ہو جاتا ہے ۔ بالکل مُردوں کی مانند ۔
سُکر ۔ نشہ
سکر داشتن مست و بیخود ہونا ۔
سُکرات ۔ غشی ۔ بےہوشی
سکرات مرگ ۔ موت کی بیہوشی

سکنات ۔ حرکات ۔
سکنجبین ۔ رجوع بہ سرکنگبین ۔
سکندر ۔ یونان کے بادشاہ فیلقوس کا بیٹا جو دنیا کی تسخیر کے عزم سے نکلا ۔ دارا اعظم کو شکست دی اور پھر ہندوستان کی طرف بڑھا ۔ اور جہلم تک کا علاقہ فتح کیا ۔ واپسی پر ۳۲۰ قبل مسیح میں بابل کے مقام پر مرگیا ۔ ــــ ۵
(آئینہ سکندر جام جم است بنگر
تا بر تو عرضہ دارد احوال ملک دارا)
سکندری ۔ ٹھوکر ۔
سکندری خوردن ۔ ٹھوکر کھانا ۔
سکنی شدن ۔ سکونت اختیار کرنا ۔
سکو ۔ پلیٹ فارم ۔
سکوت ۔ خاموشی ۔
(ع ایسا سکوت جس پہ تقریر بھی فدا ہو)
سکوت مرگ ۔ موت کی سی خاموشی
(ع کیوں سکوت مرگ طاری ہو گیا تھا لون پہ)
سکون ۔ قرار ۔ آرام ۔
(سکون محال ہے قدرت کے کارخانے میں)
سکۂ باطل ۔ کھوٹا سکہ ۔

سکہ حق است و بندہ بسم اللہ چیل
سے گھونسلے میں ماس کہاں ۔
سکہ داشتن ۔ رواج پانا ۔ رائج ہونا
سکہ خوردن ۔ سکہ بنایا جانا ۔
سکہ زدن ۔ سکہ ڈھالنا ۔
سکہ شناس ۔ صراف
سکہ مردمی ۔ نیک نامی
سکینہ ۔ ۱ ۔ آہستگی ۔ ۲ ۔ حضرت امام
حسینؓ کی صاحبزادی کا پاک نام ۔
سکینۃ الاولیاء ۔ ایک مشہور کتاب کا
نام ہے ۔ دارا شکوہ کی تصنیف ہے

س گ

سگِ آبی ۔ لدھڑ
سگ است ہماں با قلادۂ زریں
گدھے پر سنہری جھول
سگال ۔ خیال ۔ اندیشہ
سگالیدن ۔ سوچنا ۔ غور و فکر کرنا ۔
سگانِ آز ۔ لالچی کتے ۔
سگ باش برادرِ خورد مباش
چھوٹے بھائی کو اکثر و بیشتر سب
چھوٹے موٹے کام کرنے پڑتے ہیں
اور ہر کسی کی گھر کی اور سختی برداشت
کرنی پڑتی ہے ۔
سگ پاسبان ۔ رکھوالے کتے ۔
سگ تولہ ۔ پلہ ۔
سگ جان ۔ سخت جان ۔
سگِ حضوری ۔ ہمیشہ خدمت میں
حاضر رہنے والا ۔
سگِ حضوری بہ از برادرِ دوری
ہر وقت پاس رہنے والا کتا اس
عزیز رشتہ دار سے اچھا جو کالے
کوسوں دور رہتا ہو اور مصیبت کے
وقت کام نہ آ سکے ۔
سگ حق شناس بہ از مرد ناسپاس
وفادار کتا ناشکرے انسان کی
نسبت بہتر ہوتا ہے ۔
سگ خور شدن ۔ مال کا بے ہودہ
ضائع جانا ۔
سگ در خانہ خود شیر است ۔ اپنی
گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے ۔
سگ زرد برادرِ شغال ۔ چور کا
بھائی گرہ کٹ ۔
سگ صاحب خود را می شناسد
کتا بہت وفادار جانور ہے اور اپنے

مالک کو خوب پہچانتا ہے۔ اگر وہ
بھی نہ پہچان سکے تو مطلب ہے
کہ عجب نفسا نفسی کا عالم ہے۔
اور کھلبلی مچی ہوئی ہے۔
سگ لیلیٰ ۔عزیز شے۔
سگ و گربہ ۔ دو متضاد چیزیں۔
سگِ ہار ۔ باؤلا کتا۔

س۔ل

سَل ۔ نہر یا ندی پر باندھا ہوا
لکڑی کا پُل۔
سِل ۔ پھیپھڑے کا مرض
سلاجقہ ۔ سلجوق کی جمع ۔ ایران کا
ایک مشہور و معروف حکمران
خاندان ۔ الپ ارسلان ۔ ملک شاہ
اور سنجر اس کے مشہور و معروف حکمران
اور نظام الملک انہی کا نامور وزیر
باتدبیر ہو گزرا ہے۔
سلاح ۔ اسلحہ
سلاح خانہ ۔ بوچڑ خانہ
سلاحی کردن ۔ ذبح کرنا۔
سلاست داشتن ۔ کلام یا عبارت
میں روانی کا ہونا۔
سلاسل ۔ سلسلہ کی جمع ۔ زنجیریں۔
سلاطین ۔ سلطان کی جمع ۔ بادشاہ
(ع ہمنوا میرے سلاطین کے ندیم)
سلام از کوچک است ۔ یوں
تو سلام ہر کسی پر واجب ہے۔
لیکن چھوٹے کو سلام کرنے میں
ہمیشہ پہل کرنی چاہیے۔
سلام بزرگ و کوچک را اندازد ۔
سلام کرنے میں ہر کسی کو سبقت
لے جانے کی کوشش کرنی چاہیئے۔
سلام روستائی ۔ خود غرضی کا سلام
سلام روستائی بے غرض نیست
دیہاتی مطلب کے بغیر سلام
نہیں کرتے۔
سلام و علیک داشتن تھوڑی
بہت آشنائی اور جان پہچان
کا ہونا۔
سلب کردن ۔ نفی کرنا ۔ چھین لینا۔
سلحشور ۔ جنگی بہادر ۔ ۲۔ دلیر۔
۳۔ رزم آزما۔
سلخ ۔ مہینے کی تاریخ ۔
سلسل البول ۔ ایک بیماری جس

پیشاب قطرہ قطرہ بے ارادہ ہی ٹپکتا رہتا ہے۔
سلسبیل۔ ۱۔ بہشت کے ایک چشمہ کا نام۔ ۲۔ آب خوش ذائقہ۔
(ردمی آں عشق ومحبت کا دلیل)
تشنہ کامان را کلامش سلسبیل)
سِلسلہ۔ زنجیر۔ نسل۔ خاندان اولاد۔
سلسلہ جنبان۔ خاندان کا بزرگ
سلطان اختران۔ سورج۔
سلطان درولشان۔ مراد ہے حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے۔
سلطان فلک۔ سورج۔
سلطانہ۔ ملکہ۔
(نام تو سلطانہ آمد شود زیر)
سلطہ داشتن۔ تسلط رکھنا۔
سَلعہ۔ زخم۔ مسا۔ موہکا
سِلعہ۔ تجارتی مال واسباب
سَلَف۔ گذشتہ۔ پہلے لوگ
(شاہان سلف۔ پچھلے بادشاہ)
سُلف۔ کھانسی۔
سَلف فروختن۔ کسی مال یا شے کو کسی مجبوری کی بنا پر قبل از وقت بیچ دینا۔
سُلفدان۔ اگالدان
سلفیدان۔ کھانسنا۔
سُلک۔ پرونا۔
سِلک۔ لڑی۔ ڈورا۔
سِلم۔ آشتی۔ صلح۔
سلمانؓ۔ حضور پاک صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک مشہور ومقبول صحابی کا نام۔ وہ ایران کے رہنے والے تھے اور حضور اور اہل بیت کرام سے ان کی محبت عقیدت اور ارادت ضرب المثل ہے۔
سلمان فارسی۔ رجوع بہ ماقبل۔
سلمیٰ } عرب کی ایک نہایت ہی
سلیمیٰ } حسین وجمیل عورت کا نام۔ اب مراد ہر محبوب سے لی جاتی ہے
(کدام نغمہ کہ در بربط سلیمیٰ نیست)
وہ کونسا گیت یا نغمہ ہے۔ جو اسلامی بربط میں نہیں)
سلمانی۔ حجام۔ آرائش گر۔
سلمیہ۔ کھردرا۔ ناہموار

سلوک۔ راہ چلنا۔ رویہ۔ روش
صوفیائے کرام کی اصطلاح میں خدا
کی راہ میں گامزن ہونے کو کہتے ہیں۔
سلوک کردن۔ سلوک کرنا۔
سلوک نمودن۔ برتاؤ کرنا۔
سلول۔ خلیہ
سلوی۔ بٹیر
سلّہ۔ ٹوکری۔ پٹاری۔ زنبیل
سلح۔ جنگی ہتھیار
سلیس۔ آسان۔ رواں نیز بھاری
بھرکم اور مشکل الفاظ سے عبارت
یا کلام۔
سلیط۔ طاقتور اور توانا آدمی۔
سلیطہ۔ ۱۔ زبان دراز عورت۔
۲۔ تسلّط رکھنے والی عورت۔
سلیطہ بازاری۔ بازاری۔ فاحشہ
اور بدزبان عورت۔
سلیقہ
سلیقہ ہا مختلف است۔ نظر
اپنی اپنی پسند اپنی اپنی۔
سَلیم۔ ۱۔ تندرست۔ صحیح سالم۔
۲۔ سلامت روی والا۔ نیز وہ
انسان جسے سانپ نے کاٹ کھایا ہو

سلیم الطبع۔ متین طبیعت والا۔
سلیم النفس۔ رجوع بہ ماقبل
سلیمان۔ حضرت داؤد علیہ السلام
کے بیٹے اور نامور پیغمبر کا نام۔ ہوا
اور جنات آپ کے زیر فرمان تھے
وہ اپنے زمانے کے بہت بڑے
حکمران تھے۔ بیت المقدس
آپ ہی کے دست مبارک پہ
تعمیر ہوا۔

س۔م

سُم۔ چوپائے کا کھر۔
سُم قاطر خوردہ است۔ مزاح
سے بانجھ عورت کو کہتے ہیں۔
سَم۔ زہر ؎
رم زندگی دم زندگی غم زندگی سم زندگی
دم رم نہ کر سم غم نہ کھا کہ یہی نشانِ زندگی
سم افگندن۔ ۱۔ مطیع اور فرمانبردار
ہونا۔ ۲۔ لنگڑا ہونا۔
سَما۔ آسمان۔ بلندی۔
سماجت۔ سختی۔ درشتی۔ خوشامد
اور چاپلوسی۔

سماحت - سخی و جوانمرد ہونا -
سماخ - کان کا سوراخ
سماچہ - انگیا - عورت کا سینہ بند
سماروخ } کھمبیاں
سمارُوغ }
سمارک - کبوتر
سماط - دستر خوان
سماع - راگ سننا -
سماعی - سنا ہوا - (قیاسی کا الٹ)
سماغ } ایک ترش پھل جس سے
سماق } جس قسم کا چورن بھی
بنایا جاتا ہے -
سماق بکیدن - ۱ - بے کار ہونا -
۲ - کسی چیز سے محروم رہنا -
۳ - ہوا کھانا -
سم الخیاط - سوئی کا ناکہ
سم الفار - سنکھیا -
سماور - سماوار - کیتلی جس میں
چائے تیار کی جاتی ہے -
سماوات - سماء کی جمع - آسمان
سماوی - مربوط بہ سما - آسمانی
جیسے (آفات سماوی - آسمانی
آفتیں - بلائیں جیسے طوفانِ باد
وباراں وغیرہ)
سمت الراس - عین سر کے اوپر
سجع - زنخت - ہٹ دھرم -
سمح - جوانمردی - سخاوت
سمر - نام و نمود - شہرت - کہانی -
قصہ -
سمرقند - ترکستان کا ایک مشہور
قدیمی اور تاریخی جس سے فارسی
لٹریچر میں کئی واقعات وابستہ ہیں
(اگر آں ترک شیرازی بدست آرد دل مارا
بخال ہندوش بخشم سمرقند و بخارا را)
سمسار - دلّال - آڑھتی
سمسم - تل - کنجد
سمع - سننا -
سمعک - وہ آلہ جو بہرے آدمی
اپنے کانوں سے لگاتے ہیں -
سمک - مچھلی (از سمک تا سما)
سمن - چنبیلی کا پھول - یہ لفظ
در اصل سمین کا مخفف ہے -
سمن اندام - چنبیلی کے پھول
جیسا خوب صورت -
سمن بر - رجوع بہ ماقبل
سمن پیکر - رجوع بہ سمن اندام -

سمنت۔ سیمنٹ۔
سمن ساق۔ سفید پنڈلی والا۔ حسین۔
سمن سیما۔ خوبصورت پیشانی والا۔
سمند۔ گھوڑا جس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے۔
سمندر۔ آگ کا کیڑا جو باہر نکلے تو مر جاتا ہے اس کی پوستین سے ٹوپیاں بنتی ہیں۔
سمندر نہ گرد آتش مگرد۔ تم میں اگر وہ خصوصیت نہیں تو آگ میں مت کودو۔
سمن عذر۔ پھولدار چھینٹ۔
سمنگان۔ ایک شہر کا نام۔ رستم کی بیوی تہمینہ جہاں کے حاکم کی بیٹی تھی۔ ع
(خبر چون بہ شاہ سمنگان رسید)
سمنو۔ گیہوں کا دلیہ جو نوروز کے موقع پر خاص طور پر دیگر اشیا کے ساتھ رکھا جاتا ہے۔
سموات۔ آسمان
سمور۔ لومڑی کی قسم کا اس سے ذرا بڑا جانور جس کی کھال کی پوستین نہایت قیمتی ہوتی ہے۔ ع
(شب تو اگر گزشت وشب سمور گزشت)
سموم۔ لو۔ گرم ہوا۔ زہریلی ہوا۔ جو عموماً صحراؤں میں چلتی ہے)
سُموم۔ جمع سم کی۔ زہر
سمیت داشتن۔ زہر رکھنا۔ زہریلا ہونا۔
سمیر نجیب۔ نیکی سے یاد رکھنا
سمیع۔ سننے والا۔ خداوند تعالے
سمین۔ موٹا تازہ۔ چاق وچوبند۔
سمینہ۔ باریک اور نازک کپڑا۔

س۔ ن

سن۔ عمر۔ سال
سن خوردہ۔ سال خوردہ
سنا۔ روشنی۔ بلندی۔ رفعت نیز ایران میں قانون ساز اسمبلی کو کہتے ہیں۔
سنابل۔ سنبلہ کی جمع۔ خوشے۔ بال۔
سناتور۔ سینیٹر۔ مجلس سنا کا ممبر۔

سنام۔ اونٹ کی کوہان۔
سنان۔ نیزہ۔ بھالا۔ ع
(شمشیر و سنان اول طاؤس و رباب آخر)
سنبادہ۔ سان۔ ریتی۔
سُنبل۔ نااہل۔ بے قدر و قیمت۔ بد فطرت۔ نیز ایک خوبصورت پھول
سنبل کاری۔ پھوہڑ پن۔
سنبل کردن۔ زیب دینا۔
سنبل تر۔ محبوب کی زلف
سن بلوغ۔ جوانی کی عمر۔
سنبلہ۔ گندم کا خوشہ
سُنبہ۔ ورما جس سے چھید کرتے ہیں۔
سنبیدن۔ چھید کرنا۔ سوراخ کرنا۔
سنّت۔ راہ۔ روش۔ طریق۔
فقیہاں کی اصطلاح میں وہ بات جس پر حضور پرُنور صلے اللہ علیہ سلم نے ہمیشہ عمل کیا ہو (سنت پیغمبر)
سنت اللہ } احکام شرعی۔
سنت خدا } خدائی طریق۔
سنج۔ رنا پینے والا۔ (گرد سنج)
سنجاب۔ ایک جانور جس کی پوستین قیمتی ہے۔
سنجر۔ سلجوق خاندان کا نامور اور صاحب جاہ و جلال بادشاہ ۔ ؎
(شوکت سنجر و سلیم تیرے جلال کی نمود
فقر جنید و بایزید تیرا جمال بے نقاب)
سنجاق۔ پن
سنجاق زدن۔ پن لگانا۔
سنجاق زلف۔ ہیئر پن جو بالوں میں لگاتے ہیں۔
سنجیدن۔ وزن کرنا۔ ناپنا۔
سنجیدگی۔ برداشت۔ موزونیت۔ متانت۔
سنجش۔ ناپ۔ تول۔
سِندان۔ آہرن جس پر لوہار لوہا کوٹتے ہیں۔
سندبیع۔ بیچک۔
سن رشاد۔ رجوع بہ سن بلوغت۔
سُندس۔ دیبا۔ ریشم۔
سندساز۔ جعل ساز آدمی جو جعلی سندیں تیار کرے۔
سن شعور۔ رجوع بہ سن رشاد۔
سندیت۔ سند ہونا۔
سندیکا۔ سنڈیکیٹ
سنگ آسیا۔ چکی کا پاٹ۔
سنگ آشنا سہ چارک است۔

یار آئیں چھچھڑے بکائیں۔
سنگ انداز - گوپیا۔ فلاخن
سنگ آہن کش۔ مقناطیس
سنگ آہک - چونا یا چونے کی پتھریلی ڈلیاں جنہیں گرم کرکے چونا تیار کرتے ہیں۔
سنگ بالین۔ وہ اینٹ یا پتھر جو سرہانے رکھا جائے۔
سنگ بہ در شکستہ می آید۔ تکلیفیں اور مصائب بیچارے غریبوں ہی کے لئے ہوتی ہیں۔
سنگ بر دندان۔ دندان شکن جواب ملنا۔
سنگ بہ شکم بستن۔ بھوک اور فاقہ برداشت کرنا۔ پیٹ پر پتھر باندھنا۔
سنگ بر شیشہ افتادن۔ راز کا فاش ہو جانا۔ چوراہے میں بھانڈا کا پھوٹنا۔
سنگ بوم۔ پتھریلی زمین۔
سنگ پا۔ جھاواں جس سے پاؤں کی چھت اور تلیاں صاف کی جاتی ہیں۔
سنگ پشت۔ کچھوا۔
سنگ ترازو۔ وزن کے باٹ۔

سنگ تراش۔ جو آدمی پتھر تراشنے کا کام کرتا ہو۔
سنگ تمام۔ بالکل پورا۔ کانٹے کے تول۔
سنگ جراحت۔ وہ پتھر جسے پیس کر زخموں پر لگاتے ہیں۔
سنگ چقماق۔ چقماق پتھر جس سے آگ نکلتی ہے۔
سنگ در دندان۔ سخت تکلیف میں ہونا۔
سنگ در موزہ۔ سخت بے آرامی۔
سنگ دان۔ پوٹا۔ حوصلہ
سنگر۔ مورچہ۔ خندق
سنگر بستن۔ مورچہ بنانا۔
سنگر بندی۔ مورچہ بندی
سنگ راہ شدن۔ مزاحم ہونا۔ راہ میں حائل ہونا۔
سنگ رو۔ گستاخ۔ بے مروت
سنگ روی سنگ۔ ہرج مرج۔ درہم برہم۔ آشفتگی
سنگریزہ۔ کنکر۔
سنگسار۔ ۱۔ جہاں پتھر بہت سے ہوں۔ ۲۔ سنگ باراں کرنا۔ یعنی پتھر مار مار کر کسی آدمی کو جان سے مار دینا۔

سنگسار کردن - رجوع بہ ماقبل
سنگ سفتن - ناممکن کام کرنا -
سنگ سنگ را می شکند - لوہے کو لوہا کاٹتا ہے -
سنگ راہ - رکاوٹ -
سنگک - ایران میں روٹی کی ایک قسم جسے کنکروں کی گرمی سے پکایا جاتا ہے -
سنگلاخ - پتھریلی
سنگ دیگران را بسینہ زدن - دوسروں کی حمایت کرنا -
سنگ گچ - چونے کا پتھر - چونا -
سنگ محک - کسوٹی جس پر کھرے اور کھوٹے سونے کو پرکھا جاتا ہے -
سنگ و آبگینہ - دو متضاد چیزیں جو ہم یکجا نہ رہ سکیں جیسے پتھر اور شیشہ -
سنگ و سبو - رجوع بہ ماقبل -
سنگ و لشیم - سبز رنگ کا پتھر جس سے زیورات بناتے ہیں -
سنگ یمن - عقیق
سنگی را نتوان برداشت باید بوسید جس ہاتھ کو آپ توڑ موڑ نہ سکیں اُسے بوسہ دینا ہی بہتر ہوگا -
سنگین - بھاری - بوجھل - وزنی باوقار - باادب -
سنگین پا - منحوس قدم
سنگینک - کنکریلا - بجریلا -
سنی - روشن - درخشاں
سنوات - سن کی جمع - سال
سنور - بلّی
سنین - جمع سن کی - سالہای عمر
سوا - بجز (ما سوائے اللہ را مسلمان بندہ نیست)
سو - سمت - طرف
سوا کردن - الگ کرنا - علیحدہ کرنا -
سوی چراغ - دیئے کی روشنی -
سوابق - سابقہ کی جمع - اگلے پہلے - پچھلے -
سواحل - ساحل کی جمع -
سواد - سیاہی - آس پاس - قرب و جوار - لکھنے پڑھنے کی شدھ بدھ -
(بہ سوادِ دیدۂ تو نظر آفریدہ ام من
بہ ضمیر تو جہان دگر آفریدہ ام من)
سوادِ اعظم - بڑا شہر - مکہ معظمہ -

سواد بر داشتن ۔ نقل کرنا ۔
سواد داشتن ۔ لکھنے پڑھنے کی قابلیت رکھنا ۔
سواد کردن ۔ نقل کرنا ۔
سواد نویس ۔ نقل کرنے والا
سوار آب ۔ بلبلا ۔ حباب
سوار از پیادہ خبر ندارد ۔ گھائل کی گھت گھائل جانے اور نہ جانے کو
۲ ۔ دکھیا کا حال دکھیا ہی سمجھ سکتا ہے ۔
سوار پا ۔ پیادہ
سوار کشتی شدن ۔ کسی پر غلبہ پانا ۔
سوار کار ۔ گھوڑوں کو سدھانے والا سائیس ۔
سوارہ ۔ پیادہ کا اُلٹ
سوارہ نظام ۔ گھوڑ سوار فوج ۔
سوال از آسمان جواب از ریسمان ۔ سوال گندم جواب چینہ پوچھا کچھ ہے اور جواب کچھ ادھر ملا ۔
سوانح ۔ سانحہ کی جمع ۔ واردات
سوانح نگار ۔ حالات و واقعات لکھنے والا ۔

سوءِ ادب ۔ بے ادبی
سوءِ استفادہ ۔ غلط اور ناجائز استعمال ۔
سوءِ تدبیر ۔ بد تدبیری
سوءِ خلق ۔ بد خلقی
سوءِ ظن ۔ بدگمانی
سوءِ ہضم ۔ بد ہضمی ۔
سُوپ ۔ شوربا ۔ یخنی
سُوت ۔ سیٹی
سوت زدن ۔ سیٹی بجانا ۔
سوت کشیدن ۔ وسل دینا ۔ گاڑی یا کارخانے وغیرہ کا ۔ (لوکو سوت کشید و قطار حرکت کرد ۔ انجن نے وسل دی ۔ اور گاڑی چل دی)
سوت کردن ۔ پھینک دینا ۔
سوت کور ۔ تاریکی و تنہائی ۔
سونہ بردار ۔ گرز بردار
سوخار ۔ خشک ۔
سوخت ۔ جلن ۔ نیز سوختن سے ماضی مطلق ۔
سوختگی ۔ جلن ۔
سوختن ۔ جلنا ۔ جلانا ۔ ہ

(سوختن در لا الٰہ قہاری است
لا الٰہ ضرب است ضرب کاری است)
سوختہ شدن مال - مال اسباب کا تباہ و برباد ہو جانا -
سوختہ جان - دل جلا
سوختن دماغ - مایوس و نا امید ہونا
سوختنی - جلا دینے کے قابل
سوختہ خرمن - بد نصیب
سُود - نفع - فائدہ - بیاج -
سُود بردن - نفع لینا -
سود دادن - فائدہ دینا - نافع ہونا
سُود کردن - فائدہ حاصل کرنا
سود گرفتن - نفع لینا -
سودا - ۱ - تجارت یا ۲ - زبردست خواہش - ۳ - پاگل پن - ایک خلط کا نام -
(شاد باش اے عشق خوش سودائے ما)
سودابہ - کیکاؤس شاہ ایران کی ملکہ کا نام -
سودا پختن - خیالی پلاؤ پکانا -
سودائی خام پختن - ہوائی قلعے بنانا -
سودا زدہ - پاگل -

سود آور - فائدہ مند
سود سفر سلامتی است - سفر سے صحیح سلامت واپس لوٹ آنا ہی سب سے بڑا تحفہ دار مغان ہوتا ہے -
سودمند - مفید
سُودن - گھِسنا
سُود و زیاں - نفع نقصان
سود ویژہ - خالص نفع -
سُور - ۱ - جشن - ۲ - مہمانی - ۳ - فصیل -
سورتمہ - ہتھوڑا
سُور چران - طفیلی - مفت خورہ -
سُور چراندن - مفت کھانا -
سور دادن - ضیافت دینا -
سُوراخ دعا گم کردن - بے راہ روی -
سورمہ - سرمہ
سور و ساز - دعوت - جشن
سوری - ۱ - سرخ رنگ کا ایک پھول - ۲ - مفت خورہ - ۳ - طفیلی
سوز - حاصل مصدر سوزاندن سے بمعنی جلن -

سوزمی وزد - ایران میں موسم سرما کی اس ٹھنڈی ہوا کو کہتے ہیں۔ جو برف پڑنے کے بعد مطلع صاف ہونے پر چلتی ہے اور ہڈیاں چیر کے رکھ دیتی ہے۔ اس سے جسم میں جلن محسوس ہوتی ہے
سوزاک - ایک بیماری کا نام جس سے پیشاب جل کر آتا ہے
سوزاکی - اوپر والی بیماری میں مبتلا
سوزاندن - جلانا
سوزش - جلن
سوزن - سُوئی۔
سوزن بیاندازی پائیں نمی آید
اس قدر بھیڑ اور ہجوم ہے کہ کہ سوئی گرا دُ تو زمین پر نہ گرے کہیں بیچ ہی میں رہ جائے۔
سوزن زدن - سوئی چبھونا۔
سوزن کار - درزی۔
سوزن ہمہ را پوشاند ولی خودش لُخت است - سوئی سب کے سیتی ہے اور ان کے تن ڈھانپتی ہے لیکن خود عریاں ہے - ۲ - چراغ تلے اندھیرا۔

سوزگداز - درد سوز وجلن -
سوزیدن - رجوع بہ سوختن
سوسک - بھنورا -
سوسمار - گوہ -
(خفتہ اندر کانۂ سر سوسمار)
سوسن - ایک پھول کا نام
سوسوزدن - ٹمٹمانا - ہلکا چمکنا -
سوسیالیست - سوشلسٹ -
سوسہ دار - عیب دار
سوغات - سفر کا تحفہ -
سوغان کردن - گھوڑے کی نعل بندی
سوفار - سوئی کا ناکہ -
سُوفی - حکیم و فیلسوف
سوق - بازار
سوق دواب - مویشی منڈی
سوق الجیش - لشکر کشی
سوق دادن - رہنمائی کرنا
سُوقہ - ان پڑھ عوام
سوگ - مزار - ماتم
سوگلی - چاہیتی
سوگوار - ماتم کرنے والا -
سوگند خوردن - قسم کھانا -
سوگند یاد کردن - رجوع بہ ماقبل

سُوہان - ریتی
سوہان روح - جو چیز رُوحانی آزار اور تکلیف کا باعث ہو۔
سُوی - طرف - جانب ع
(ہوای سرمی وزد زسُوی جویبار دلا)
سوی پا دیدن - شرمندہ و نادم ہونا
سویدا - سیاہ نقطہ جو دل پر ہوتا ہے۔
سُوی کل خود باشد ہمیشہ جنبش اجزاء
ہر جز واپنے کل کی طرف مائل ہوتا ہے
سوِیس - سوئٹزرلینڈ کا بنا ہوا -
(این ساعت ساختہ سویس است)
یہ گھڑی سوئٹزرلینڈ کی بنی ہوئی ہے
سِہام - جمع سہم - بمعنی تیر۔
سہ تا - تین عدد۔
سہ تائی - تین مل کر باہم۔
سہ تار - سہ تارہ
سہ پایہ - چولھا۔
سہ چرخہ - ٹرائی سائیکل تین پہیوں والا بچوں کا سائیکل -
سہ رُوح - موالید ثلاثہ - یعنی حیوانات جمادات - نباتات -
سہ شنبہ - منگل وار -
سہ ظلمت - تین اندھیروں سے مراد ہے - باپ کا صلب، ماں کا پیٹ اور بچے دانی -
سہ ضربہ زدن - ہر طرف سے حملہ کرنا
سہ گوشہ - مثلث
سہروردی - اہل طریقت کا ایک مشہور و معروف گروہ جس کے سر سلسلہ شیخ شہاب الدین سہروردی تھے۔
سہل - آسان
سہل انگار - بے پروا -
سہل گرفتن - بے توجہی سے کام لینا -
سہم کردن - بانٹنا حصے بخرے کرنا -
سہم بُردن - اپنا حصہ لینا -
سہمگین } خوفناک
سہمناک } بھیانک
سہواً - بھول چوک سے -
سَہی - سیدھا راستہ
سُہیل - ایک مشہور ستارے کا نام -
سہیم - حصے دار - شریک
سی - ۳۰ - تیس
سی ام - تیسواں - $\frac{1}{30}$
سیئات - سیئہ کی جمع - برائیاں
سیئات اعمال - بدکاریاں
سیاحت کردن - سیر و گردش کرنا -

سیادت ۔ بزرگی ۔ سرداری
سیّار ۔ بہت گھومنے پھرنے والا ۔
سیّارگان ۔ سیارہ کی جمع
سیّارہ ۔ گھومنے والا ستارہ
سیاست ۔ قانون ۔ حکومت کرنے
کا طریق ۔ تنبیہ ۔ سزا ۔
سیاست باز ۔ سیاست کے پیچھے
بلبلا ٹانگ اڑانے والا ۔
سیاست باف ۔ سیاسی بازیگر
سیاست کار ۔ سیاحت میں حصہ لینے والا
سیاست کردن ۔ سزا دینا
سیاست مدار ۔ سیاست دان
سیاست مداری ۔ حکمت عملی ۔
سیاسی ۔ پولیٹکل
سیّاف ۔ قاتل ۔ جلاد ۔ شمشیرساز
سیّاق ۔ ۱ ۔ روان کرنا ۔ ۲ ۔ طرز رسم ادا
سیاق کلام ۔ طرز ادا ۔
سیّال ۔ بہتا ہوا پارہ ۔ مائع
سیّالہ ۔ رَو ۔
سیاوش ۔ ایران کے نامور بادشاہ،
کیکاؤس کے بیٹے کا نام جس پر اس
کی سوتیلی ماں سودابہ عاشق ہو
گئی تھی ۔

سیاہ بادام چشم محبوب ۔
سیاہ پستان ۔ وہ عورت جس کا بچہ نہ بچے
سیاہ پوش ۔ سوگوار ۔ ماتم کناں
سیاہ چردہ ۔ کالی چمڑی ۔ سیاہ فام ۔
سیاہ خانہ ۔ ۱ ۔ نامبارک جگہ ۔ ۲ ۔
تاریک خانہ ۔ ۳ ۔ قید خانہ ۔ ۵
(جانِ بابا اس سیاہ خانے میں تم کیوں آ گئے
میں تو ہو کے اس عادت سے مجبور آ گیا)
سیاہ دست ۔ کنجوس ۔ بخیل ۔
سیاہ دل ۔ بد نظرت
سیاہ روز ۔ خراب دن ۔ منحوس دن ۔
سیاہ کار ۔ گنہگار
سیاہ کاسہ ۔ بخیل ۔ کنجوس ۔
سیاہ گلیم ۔ بدبخت ۔ قسمت کا ہیٹا ۔
سیاہ گوش ۔ بن بلاؤ ۔ ایک جانور
جو گیدڑ کے لگ بھگ ہوتا ہے
اور شیر کے آگے آگے بولتا ہوا چلتا
ہے ۔ اور دوسرے دل کو جنگل کے بادشاہ
کی آمد سے اطلاع دیتا ہے ۔
سیاہ نامہ ۔ برا نامہ اعمال
سیاہہ ۔ روزانہ جمع وخرچ کا رجسٹر
سیاہ وسفید ۔ چھوٹی بڑی چیز
سیاہ وسفید رانگیز داون ۔ اچھے

بُرے میں تیز کرنا۔

سیب زمینی ۔۱۔ آلو ۔۲۔ بے پیندا لوٹا

سیب دو نیم ۔ باہم مانند جیسے ایک ہی سیب کی دو قاشیں۔

سیب زنخدان ۔ خوبصورت ٹھوڑی

سیب سُرخ برای دست چلاق بد نیست ۔ غریبوں کے ہاتھ میں کوئی اچھی چیز معیوب نہیں ۔ وہ بھی خدا کی مخلوق ہیں۔

سی پارہ ۔ تیس سیپارے ٹکڑے ٹکڑے ۔

ع

وجود دیکھیں ان کو یورپ ہیں تو دل ہوتا ہے سی پارہ ۔

سیخ زدن ۔۱۔ سیخ پر چڑھانا ۔۲۔ اصرار کرنا۔

سیخک ۔ چھوٹی سیخ ۔ تکہ کباب ۔

سیّد ۔ سردار ۔ پیشوا۔

سیّدہ ۔ سیدانی

سیر آفاق ۔ دنیا کی سیر

سیر ۔ پیٹ بھرا ہوا۔

سیر بودن } پیٹ بھر جانا۔
سیر شدن }

سیر کردن ۔ پیٹ بھر کر کھلانا۔

سیری ۔ پُری ۔

یکی از سیری بترکد دیگری از گرسنگی بمیرد ۔ یعنی ایک تو اتنا کھائے کہ پیٹ پھٹا جائے اور ایک فاقوں کے مارے بھوکا مر جائے)

سیر ۔ لہسن ۔

سیراب شدن ۔ سیراب ہونا ۔

سیراب کردن ۔ سیراب کرنا ۔

سیر از گرسنہ خبر ندارد ۔ گھائل کی گھت گھائل جانے اور نہ جانے کو ۔ دکھیا کو دکھیا کی سار ہوتی ہے ۔

سیر آمدن ۔ بیزار ہونا ۔

سیرت ۔ عادت ۔ جبلت ۔

سیزدہ ۔ تیرہ ۔ ۱۳

سیزدہ بدر ۔ ایران میں جشن نوروز کے سلسلہ میں ایرانی چودہ دن تک عید مناتے ہیں ۔ اس میں تیرھویں دن ہر کوئی گھر سے باہر چلا جاتا ہے ۔ باہر باغات میں سیر و گردش کے لئے یا دوسرا شہروں میں ۔ ان کا عقیدہ ہے کہ تیرھویں روز کی نحوست کو دور

کرنے کے لئے گھر سے باہر رہنا چاہیئے۔ سیزدہ بدر سے مراد ہے سیزدہ بیرون در۔

سیزدہم - تیرھواں $\frac{1}{13}$ -

سیستان - رستم کا وطن
(منش کردہ ام رستم داستان
دگر نہ یلی بود از سیستان)

سی صد - تین سو۔

سی صدم - $\frac{1}{300}$ تین سواں حصّہ

سیف - تلوار

سیف اللہ - حضرت خالد بن ولید کا لقب جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود عطا فرمائے۔

سیگار - سگرٹ۔

سیگار کشیدن - ۱- سگرٹ پینا۔
۲- مجامعت کرنا۔

سیل - طغیانی - پانی کا ریلا۔
(تھا ضبط بہت مشکل اس سیل معانی کا
یا
عشق خود ایک سیل ہے سیل کو لیتا ہے تھام)

سیل در خرمن - پریشانی

سیلی - تھپڑ - طمانچہ۔

سیلی خور باد شدن - دیئے کا ہوا کے جھونکے سے بجھ جانا۔

سیلی خوردن - تھپڑ کھانا۔

سیلی زدن - طمانچہ مارنا۔

سیلی نقد از عطائے نسیہ بہ - نو نقد نہ تیرہ ادھار۔

سیلی نقد بہ از حلوائے نسیہ
رجوع بہ ماقبل

سیم - چاندی - تار

سیما - علامت - نشان - پیشانی۔

سیمای مردم آئنہ حال باطن است
انسان کی دلی کیفیت کا اس کے چہرے سے پتہ چل جاتا ہے
۲- چہرے کو دلی جذبات سے ایک انسی تعلق ہوتا ہے۔

سیماب - پارہ۔

سیماب آتشیں - سورج

سیمان - سیمنٹ جو عمارتوں کی تعمیر میں کام آتا ہے۔

سیم بر - رجوع بہ سیم اندام - ع
(بت سیم برے زریں کمرے)

سیم تن - رجوع سیم اندام

سیمرغ - عنقا

سیم کشیدن - تار لگانا - باڑ لگانا۔

سیمیں بدن - رجوع بہ سیم اندام
سیمین ذقن - خوب صورت ٹھوڑی والا محبوب -
سیمین عذار - چاندی جیسے یا نقرئی گالوں والا محبوب -
سینا - ایک پہاڑ کا نام جہاں موسیٰ علیہ السلام کو تجلی حق سے نوازا گیا تھا - جو آن دنوں اسرائیل کے قبضہ میں ہے - نیز بو علی سینا کے جد امجد کا نام -
سینہ بند - انگیا
سینما - سینما
سینما گویا - ٹاکی - جہاں تصویریں بولتی ہیں -
سینہ زیر - نمونیا
سینہ زدن - پیٹنا -
سینہ زن - پیٹنے والا -
سینہ سپر کردن - مقابلے پر ڈٹ جانا
سینہ صاف کردن - کھانسنا -
سینہ کرگدن خار بدن - ۱- آ بیل مجھے مار ۲- شیر کے جبڑوں میں ہاتھ دینا -
سینہ مال رفتن - رینگ کر جانا -

سینہ کشیدن - ڈنٹر پیلنا -
سینی - ٹرے -
سیوف - سیف کی جمع - تلواریں -
سیہ روز - بدبخت - بدنصیب -
سی ہم بر سر ثمین - جہاں سوا وہاں سوا سو - جہاں لادی وہاں سوا لادی -

ش

ش - ا

شاب - جوان پچیس سے چالیس سال کے درمیان -
شاباش کردن - دولہا دلہن کے سر پر سے مٹھائی اور پیسے نچھاور کرنا -
شاباش گفتن - تحسین و آفرین کہنا -
شاپود } چاند کے گرد جو ہار
شاپورد } ہوتا ہے -
شاپور - ایک مشہور و معروف ایرانی بادشاہ جسے شاہپور بھی لکھتے ہیں -
ے شنیدم کہ شاہپور دم در کشید
چو خسرو بر اسمش قلم بر کشید)

شاتم ۔ بدگو۔ گالی گلوچ دینے والا۔
شاتو۔ سیڑھی۔ زینہ۔
شاخ ۔ سینگ۔ ٹہنی۔ ٹکڑا
شاخابہ ۔ ندی۔ نہر
شاخ از پشت کسی برداشتن۔ کسی کی مخالفت چھوڑ دینا۔
شاخ آفتابی۔ سورج کی کرن۔
شاخِ آہو۔ ۱۔ کان ۲۔ جھوٹا وعدہ۔
(برات عاشقاں بر شاخ آہو) محرومیت کے سلسلہ میں استعمال کرتے ہیں۔
شاخ بر آوردن۔ ۱۔ ذلیل وخوار ہونا ۲۔ پر وبال نکالنا۔
شاخدار۔ ۱۔ طویل وعریض۔ ۲۔ سینگوں والا جانور۔
شاخ بہ شاخ۔ دور دراز۔
شاخ بہ شاخ پریدن۔ ۱۔ ڈال ڈال پات پات اُڑ جانا ۲۔ قابو میں نہ آنا۔
شاخ در شاخ ۔ گھنا۔ بکثرت
شاخ در آوردن ۔ ۱۔ منفرد ہونا ۲۔ حیران ہونا۔

شاخ در جیب کسی گذاشتن۔ کسی کو کسی بات پر اکسانا اور اشتعال دلانا
شاخ زدن۔ سینگوں سے ٹکر مارنا
شاخ سمن۔ حسین وجمیل اور راست قد محبوب۔
شاخ نبات۔ کوزہ مصری
شاخ وشانہ کشیدن ۱۔ لڑائی جھگڑائی پر اتر آنا ۲۔ ڈانٹ ڈپٹ پلانا۔
شاخص ۱۔ کھمبا ۲۔ نشان دہندہ ۳۔ ایک آلہ جس سے وقت کا تعین کرتے ہیں۔
شاخہ زدن۔ درختوں کی ٹہنیاں کانٹ چھانٹ کرنا۔
شاد ۔ خوش وخرم۔
شاداب۔ سیراب۔ تر وتازہ
شاد باد۔ دعائیہ کلمہ۔ خدا خوش و خرم رکھے۔ ع
شادباش اے عشق خوش سودائی ما)
شادان وفرحاں۔ خوش وخرم
شادباش۔ آنکہ سوی داوراں تنہا رود۔ قاضی کے پاس تنہا جاکر اس کی مٹھی کو رشوت سے گرم کردینے۔

والا مزے میں رہتا ہے۔ اور خوش و
خرم واپس لوٹتا ہے۔
شاد باید زیستن ناشاید باید زیستن۔
۱۔ یع۔ شمع ہر رنگ میں جلتی ہے سحر ہونے تک
۲۔ رو کر گذار یا اسے ہنس کر گذار دے
شاد بودن۔ خوش ہونا۔
شاد خواب۔ گہری اور میٹھی نیند
شادروان۔ ۱۔ سائبان ۲۔ بساط
۳۔ مرحوم۔ مژدہ۔
شادزی۔ خوش باش ے
اے بخارا شاد باش و شاد زی
شاہ نزدت میہماں آید ہمی
شاد کام۔ خوش و خرم۔ کامیاب
و کامران۔
شادکامی۔ خوشی و مسرت
شاد کردن۔ خوش کرنا
شاد گونہ۔ اوور کوٹ۔ نہالی
شادمان۔ خوش و خرم
شادمانی کردن۔ خوشیاں منانا۔
شادی۔ خوشحالی۔ خوشی۔ جشن
و خرمی۔
شادیانہ۔ خوشی و مسرت کا بینڈ باجہ
شادی بی غم دریں بازار نیست۔
دنیا میں کوئی مسرت ایسی نہیں جس
کے ساتھ غم کی جھلکیاں نہ ہوں۔
شادی فزا۔ مسرت افزا
شادی مرگ۔ بہت زیادہ خوشی
کے باعث مر جانا۔
شاذ۔ بہت کم۔ نادر
شاذ و نادر۔ کمیاب۔ کبھی کبھار۔
شارب۔ ۱۔ پینے والا ۲۔ مونچھ۔
شارب خمر۔ شراب نوشی۔
شارح۔ تشریح کرنے والے۔
شارحان } شرح کرنے والے
شارحین } شارح کی جمع۔
شارژ ڈافر۔ چارج ڈی افیر۔
چھوٹا سفیر۔ جو سفیر کی عدم موجودگی میں
سفارت خانے کا انچارج ہوتا ہے۔
شارع۔ ۱۔ صاحب شرع ۲۔ کھلا
راستہ ۳۔ بڑی سڑک۔
شارع عام۔ عام گذرگاہ
شارق ۱۔ درخشندہ۔ چمکنے والا۔
۲ سورج۔
شارک۔ مینا۔ ہزار داستان
شارلاتان۔ نیم حکیم
شاریدن۔ ۱۔ پانی گرانا ۲۔ شراب لنڈھا،

شاش پیشاب۔
شاش بند آمدن۔ پیشاب کا بند ہوجانا
شاش بو کردن۔ بالغ ہوجانا لڑکے لڑکی کا سن بلوغت کو پہنچنا۔
شاشدان ۔۱۔ مثانہ ۲۔ پیشاب کرنے کا برتن ۳۔ پیشاب خانہ۔
شاش کردن ۔ پیشاب کرنا۔
شاشو ۔ بستر پر پیشاب کرنے کا عادی
شاشیدن پیشاب کرنا۔
شاشیدن بر زمین سفت ۔ کسی طاقتور سے مٹھ بھیڑ ہوجانا۔
شاطر ۔۱۔ چالاک ۲۔ چابکدست ۳۔ زبردست ۴۔ شطرنج باز ۵۔ چور ۶۔ چکا۔
شاطن ۔ بدخو۔ خبیث۔
شاط و شوط ۔ ہنگامہ۔ جھگڑا
شاطی دریا یا ندی کا کنارا۔
شاغل ۔ مشغول۔ معروف
شاغول پنسال
شاقول مہال جو راج معمار دیواروں کی کجی دور کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔
شاف ۔ روئی کی بتی جو روائیں بھگو کر زخم پر رکھتے ہیں۔
شاف ابیض ۔ آنکھوں کی ایک دوائی کا نام ہے۔
شافع ۔ شفاعت کرنے والا۔
شافعی ۔ مسلمانوں کے ایک مجتہد اور امام کا لقب۔ آپ کا نام ابوعبداللہؒ محمد بن ادریس تھا آپ کا شمار چہار ائمہ مجتہدین میں ہوتا ہے ان کے پیروکاروں کو شافعی کہتے ہیں۔
شاف کردن ۔ بتی چڑھانا۔
شافی ۔ شفا دینے والا۔
شافی مطلق ۔۔ خدا۔
شاق ۔ ناگوار۔ سخت، مشکل
شاقول ۔ معماروں کا سہادل
شاقہ ۔ سخت مشکل۔ کٹھن۔
شاکار ۔ بیگار۔ غفلت
شاکر ۔ شکر کرنے والا۔
شاکی ۔ شکایت کرنے والا۔
شاگرد ۔۱ طالب علم ۲۔ نوآموز نوکر۔
شاگرد آشپز ۔ ٹیبل بوائے۔ ہوسٹلوں یا ہوٹلوں میں روٹی کھلانے والے لڑکے۔

شپش لحاف کہنہ - ڈھیٹ -
شپشک - لیکھ جس سے بڑھ کر جوں بنتی ہے -
شپشو - جوؤں سے بھرا ہوا -
شپشہ - سُسری - گھن -
سشپلاق - تھپڑ -

ش - ت

شِتا - جاڑا - سرما - ع
(تا چہ خورم بصیف وچہ پوشم بہ شتا) گرمیوں میں کیا کھائیں اور سردیوں میں کیا پہنیں)
شتابال - جلدی میں -
شتابندہ - جلدباز -
شتابیدن - جلدی کرنا عجلت سے کام لینا -
شتافتن - دوڑنا -
شتالنگ - ٹخنہ
شتام - گالی دینے والا -
شتر بار - لادو اونٹ -
شتربان - ساربان -
شتر بہ نردبان - ۱ - آشکارا - ۲ - ذلیل وخوار اور رسوا -
شترخوار - خاردار گھاس جسے اُونٹ کھاتے ہیں -
شتر درخواب بیند پنبہ دانہ - بلی کو چھچھڑوں کے خواب -
شترخو - کینہ ور -
شتردل - کینہ رکھنے والا - نیز بُزدل -
شتر دیدن نہ دیدن - دیکھی چیز کو اَن دیکھی کر دینا -
شتر غمزہ - ناموزوں ادا -
شتر کرہ - اونٹ کا بچہ
شتر کینہ - نہایت کینہ ور اُونٹ کا کینہ اور انتقام مشہور ہے -
شتر گاؤ پلنگ - ۱ - زرافہ - ۲ - درہم برہم کام -
شتر گربہ - دو متناسب !!
شتر گاو بودن - پہلے بات کو خوب سوچ کر اور تول کر بولنا -
شتر گم کردن وپی مہار گشتن اصل کو چھوڑ کر فرع کے پیچھے بھاگنا -
شتر نامہ - مولانا شیخ فریدالدین عطار کی ایک کتاب کا نام -
شتر نقارخانہ - اتنا شور وشغب سشکر

کہتے ہیں۔
شان ۔۱۔ عزت ۔۲۔ اسم ضمیر غائب البشاں کا مخفف ۔
کتابشاں ۔ ان کی کتاب ۔
شانزدہ ۔ سولہ (۱۶)
شانزدہم ۔ سولھواں ۔
شانس ۔ چانس ۔ بخت ۔
بخت آزمائی ۔
شانہ ۔ کندھا ۔ کنگھی ۔
شانہ لبشانہ داشتن ۔ ساتھ ساتھ رہنا
شانہ زدن ۔ بالوں کو کنگھی کرنا ۔
شانہ اندازی کردن ۔ کنگھی کرنا ۔ نکھارنا ۔
شانہ پہن ۔ چوڑے چکلے سینے والا ۔
شانہ خالی کردن ۔ کسی ذمہ داری سے پہلو تہی کرنا ۔ کنی کترانا ۔
شانہ سرک ۔ ایک کلغی دار جانور جسے عرف عام میں ہُدہُد کہتے ہیں ۔
شاہ اسپرم ۔ تازبو ریحان ۔
شاہ انجم ۔ سورج
شاہ باز ۔ شہباز ۔
شاہ بیت ۔ غزل یا قصیدے کا چوٹی کا شعر ۔
شاہ می بخشند اما شیخ علی خان نمی بخشد ۔ خدا بخش دے علین ممکن ہے مگر مولوی صاحب نہیں بخشیں گے
۲۔ مالک مائل بہ نیکی ہے مگر نوکر اس کی راہ میں حائل ہے ۔
شاہ پور ۔ رجوع بہ نشاپور
شاہترہ ۔ ایک قسم کی گھاس جو دواؤں میں کام آتی ہے ۔
شاہ جان ۔ دادی ۔ نانی ۔
شاہ خانم می زاید ماہ خانم درد می کشد ۔ درد کسی کو ہو رہا ہے ۔ اور چلا کوئی اور رہا ہے ۔
شاہ خاور ۔ سورج ۔
شاہد ۔ گواہ ۔ دلبر
(اصل مشہود و شاہد ایک ہے)
شاہد عادل ۔ سچا گواہ ۔
شاہ دخت ۔ شہزادی ۔
شاہ راہ ۔ بہت بڑی سڑک
شاہ رود ۔ بہت بڑا دریا ۔ خلیج ۔
شاہد غیب ۔ خداوند تعالیٰ ۔
شاہکار ۔ ماسٹر پیس عمدہ ترین کام ۔
شاہ رخ ۔ امیر تیمور کے بیٹے کا نام
شاہ رگ ۔ حبل الورید ۔
رگ بزرگ ۔

شاہِ عرب و عجم - حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مراد ہے ؎
(کرم ای شہِ عرب و عجم کہ کھڑے ہیں منتظرِ کرم)
شاہِ مشرق - سورج -
شاہِ مغرب - چاند -
شاہِ نحل - یعسوب - مکھیوں کی رانی -
شاہنامہ - فردوسی کی مشہور و معروف کتاب -
شاہنا آغوش خوش است -
کام وہ اچھا ہے جس کا کہ مآل اچھا ہے -
شاہنیدن متقی اور پرہیزگار ہونا -
شاہ نشین - وہ اونچی اور بلند جگہ جہاں صدر یا معزز ترین انسان یا بادشاہ جلوہ افروز ہو -
شاہی - ۱ - مربوط بہ شاہ - ۲ - نیز ایک ادنیٰ ترین سکّہ -
شاہوار - ۱ - شاہ کی مانند - ۲ - بے بہا موتی - دُرِ شاہوار -
شاہین - شکاری پرندہ ع
(تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا)
تیز بمعنی ڈنڈی -

شایان - سزاوار اور شائستہ -
شایانِ تمجید - قابلِ ستائش -
شائبہ - احتمال - عیب -
شائستگی - لیاقت -
شائستن - لائق اور سزاوار ہونا -
شائستہ - لائق اور سزاوار -
شائستہ بودن - سزاوار ہونا
شائع - آشکار - منتشر
شائعات - شائع شدہ - افواہیں -
شائع شدن - پھیلنا -
شائق - شوقین
شائیگان - ۱ - گان حرفِ تشبیہ شاہ گان - ۲ - لائق بادشاہان
۳ - مال و اسباب ذخیرہ - ۴ - خزانہ - ۵ - پرویز کے ایک خزانے کا نام

ش - ب

شب - رات
شباب - جوانی
شبا روز - دن رات -
شب افروز - روشن - زیبا - جگنو

نیز وہ تسبیح جو رات کو چمکے۔
شباک۔ جال۔
شبان۔ ۱۔ راتیں ۲۔ گڈریا۔ ۳۔ پاسبان۔
شبان وادی ایمن۔ مراد حضرت موسیٰ علیہ السلام جو اس وادی میں بکریاں چرایا کرتے تھے۔
شبانگاہ۔ رات کے وقت۔
شبانہ۔ رات کے وقت۔ ع۔ مرا طریقہ نہیں کہ رکھ لوں کسی کی خاطر مئے شبانہ۔
شبانہ روز۔ دن رات مسلسل ہمیشہ
شبانہ روزی۔ منسوب بہ شب و روز وہ جگہ جہاں طالب علم دن رات قیام کریں۔ بورڈنگ ہاؤس۔ ہوسٹل
شب آویز۔ ایک پرندے کا نام جو ایک ٹانگ پر لٹک کر حق حق کرتا ہے اور اس قدر فریاد کرتا ہے کہ گلے سے خون ٹپک پڑتا ہے۔ اسے مرغ حق بھی کہتے ہیں۔
شباہت۔ مشابہ ہونا۔
شب آہنگ۔ رات کا وقت مرغ سحر۔ رات کا سفر۔ نیز مسافر مار ستارہ۔ اصطبل۔
شب بارہ۔ راتوں کو آوارہ پھرنے والی عورت۔
شب بازی۔ رات کا تماشہ۔ پتلیوں کا تماشہ۔
شب بخیر۔ رات کے وقت آخری سلام
شب برات۔ شعبان کی پندرہ تاریخ کی رات۔
شب بو۔ ایک پھول کا نام۔
شب بیدار۔ راتوں کو جاگ کر عبادت کرنے والے۔
شب پاس۔ پہرہ دار، چوکیدار
شب پرک } چمگادڑ
شب پرہ } ״
گر نہ بیند بروز شپرہ چشم۔
چشمہ آفتاب را چہ گناہ
شب پوش۔ بستر۔
شب پیما۔ رات کو سفر کرنے والا
شب تاب۔ جگنو
شب تاز۔ شبخون
شب تنور گذشت و شب سمور گذشت۔ کسی کی سرمائی کڑکڑاتی ہوئی رات سمور اور پوستین میں لپٹ۔

کر گزر گئی اور کسی کی آگ تاپتے مراد ہے بُری اور بھلی ہر قسم کی کٹ ہی گئی۔
شبت۔ مکڑی۔
شب چرا۔ ۱۔ رات کو چرنا۔ ۲۔ نیز خشک فروٹ وغیرہ سے رات کا نقل
شب چراغ۔ رات کو چمکنے والی تسبیح۔ سایہ کی مانند۔
دھڑ۔ جسم۔
شب خوش گفتن۔ رات کے وقت رخصت اور الوداع کا سلام۔
گڈ نائیٹ۔
شبخون زدن۔ رات کے وقت اچانک حملہ کرنا۔ یا چھاپہ مارنا۔
شب خیز باش ناکام روا باشی۔ راتوں کو اُٹھ کر خداوند تعالیٰ کو یاد کرو تاکہ تمہاری مشکلات حل ہوں۔ اور حاجات بر آئیں۔
شب خیز۔ شب بیدار
شب خیزی۔ رات کو عبادت کرنا شب بیداری۔
شب دراز و قلندر بے کار مراد ہے کہ فرصت سے فائدہ اٹھاؤ۔ نہ مثل درد لیشاں۔
شب درمیان است۔ ابھی وقت ہے
شب درمیان دادن۔ رات بھر کی مہلت دینا۔ ضمانت دینا۔
شب دیجور۔ اندھیری رات۔ ع (اس زلف پہ پھبتی شب دیجور کی سوجھی)
شب دیز۔ ۱۔ سیاہ رنگ کا گھوڑا۔ ۲۔ خسرو پرویز کے گھوڑے کا نام۔
شب دیگ۔ گوشت و شلغم جو رات بھر پکتے رہیں۔
شبر۔ حضرت امام حسنؑ کا لقب۔
شبرنگ۔ سیاہ رنگ۔
شب زندہ دار۔ راتوں کو عبادت کرنے والا۔
شب زندہ داشتن۔ رات کو عبادت کرنا۔
شب زندہ داری۔ شب بیداری بہ سلسلہ عبادت۔
شبستان۔ ۱۔ رات کو بسیرا کرنے کی جگہ۔ ۲۔ خوابگاہ ۳۔ شاہانہ حرم سرائے
شب رو۔ رات کا مسافر۔ چور
شبستانی۔ رات کے کپڑے۔
شب سمور گذشت و شب تنور

گذشت - رجوع بہ شب تنور۔
شب ظلمات - اندھیری رات
شبعان - سیر۔ شکم پُر۔
شبغاز - اصطبل۔
شبق - شہوت سے پُر۔
شب قدر - ماہ رمضان کی ستائیسویں رات۔
(ہر شب شب قدر است اگر قدر بدانی)
شب کلاہ - رات کو اوڑھنے والی ٹوپی
شب کور - جسے رات کو نظر نہ آئے۔
(رتاندھا)۔
شبکہ - جالی دار چیز۔
شب گرد - داروغہ۔ پہریدار۔
شبگیر - پچھلی رات۔ صبح کے قریب۔
(سوئے گردوں نالۂ شبگیر کا بھیجے سفیر)
شبل - شیر کا بچہ - نیز انسان کے بہادر اور دلیر بچے کا نام۔
شبلی - ایک مشہور و معروف بزرگ اور ولی اللہ کا نام۔ آپ حضرت جنید بغدادی کے شاگرد تھے۔
شب ماہ - چاندنی رات۔
شب نشینی - جشن یا کھیل کے سلسلہ میں رات بھر جاگنا۔
شبنم - اوس۔

شبّو - ایک پھول کا نام۔
شبہ - مانند۔ مثل۔ سایہ۔
شبہات - شبے۔
شبہ جزیرہ - جزیرہ نما۔
شبہ در بازار جوہر یاں جوی نیرزد
سورج کے سامنے چراغ کی کچھ وقعت نہیں ہوتی۔
شبیّر - حضرت امام حسینؓ کا لقب۔
شبیہ - مشابہ۔ مانند۔ شکل۔
شبیہ بودن - مشابہ ہونا۔
شبیہ پیغمبر - حضرت علی اکبرؓ سے مراد ہے۔
شبیہ شدن - مشابہ ہونا۔
شبیہ در آوردن - ڈرامہ کرنا۔ ڈرامے میں پارٹ ادا کرنا۔
شبیہ ساختن - کسی چیز کی مانند کوئی چیز بنانا۔

ش - پ

شپر }
شپرہ } چمگادڑ
شپش - جوں۔

شاگرد شوفر۔ کلینر
شاگردانہ۔ انعام یا بخشش جو نوکر یا بہرے وغیرہ کو دیتے ہیں۔
شاگردی کردن۔ شاگرد ہونا۔
شال۔ گدڑی۔ فرد۔ مفلر۔
شالباف پشمینہ کی چادریں بنانے والا۔
شال ترمہ۔ پشمینے کی حاشیہ دار چادر
شال کلاہ کردن۔ قاچاری بادشاہوں کے دور حکومت میں شاہی سلام کے لئے شال لیتے اور لمبی ٹوپی پہنتے تھے۔
شالکی۔ پٹو۔
شالنگ۔ رسی یا بال بٹنے والا۔
شالنگی۔ بٹنے کا کام۔
شالودہ۔ بنیاد۔
شالودہ ریختن۔ بنیاد رکھنا۔
شالہنگ۔ ۱۔ رہن۔ ۲۔ گرو۔ ۳۔ سرکشی۔ ۴۔ فریب۔
شالی۔ دھان
شالی زار۔ دھان کا کھیت۔
شام۔ رات کا کھانا۔
شام خوردن۔ ڈنر۔ کھانا۔

شام دادن۔ رات کا کھانا دینا۔
شاماخ۔ ۱۔ جبینہ۔ ۲۔ انگیا۔
شامت اعمال۔ گناہوں کی سزا
شامت اعمال ما صورت نادر گرفت۔ نادرشاہ کے حملہ کی سختیوں کی وجہ سے یہ محاورہ بنا کہ وہ ہمارے گناہوں کی سزا بن کر ہم پہ نازل ہوا۔
شامخ۔ اونچا۔ بلند۔
شام رسمی۔ پرتکلف دعوت
شام غریباں۔ غم خیز تاریک رات
شامگاہ۔ شام کے وقت۔
شام و نہار دادن۔ دو وقت کا کھانا کھلانا۔
شام و ناہار، ہیچ اما آفتابہ لگن ہفت دستہ۔ ۱۔ گھر میں نہیں دانے بی اماں چلی پسوانے۔ ۲۔ ظاہری نون فان بڑی مگر پلے کچھ بھی نہ تھا۔
شامہ۔ سونگھنے کی قوت۔
شامی۔ شام کا باشندہ۔ ع
بدلتے رہتے ہیں انداز کوفی و شامی
نیز ایک قسم کے کباب کو بھی شامی

اب کسی شور سے ہراساں نہیں
شتری است کہ در ہر خانہ خواہد
مراد ہے موت جو ہر شاہ و گدا کے
خواب کی تعبیر ہے۔
شترنج - وہ غلہ جس میں سات
اناج ملے ہوئے ہوں۔
شتروار - ایک اونٹ کا بوجھ -
شتل - جوئے باز جوئے میں
جیتی ہوئی رقم سے جو رقم حاضرین
کو کچھ بطور انعام اور بخشیش وغیرہ
دے۔
شتلی - باج - پول لفت - شراب -
شتم - گالی گلوچ -
شتہ زدن - ۱ - درخت کو گھن لگ
جانا - ۲ - درختوں یا پھلوں کی
ایک بیماری -

ش - ج

شجاع بودن - دلیر و بہادر ہونا -
شجاعانہ - از روئے شجاعت -
شجاعت داشتن - دلیری رکھنا -
شجاعت شعار - دلیر و بہادر -
شجانیدن - بزدلی کے مارے بیٹھ جانا -
شجر - درخت -
شجر را از ثمر شناسند - درخت اپنے
پھل سے پہچانا جاتا ہے -
شجر نامہ - شجرہ نسب -
شجرہ - ایک شجر - شجرہ نسب -
شجرۃ الزقوم - تھوہر کا درخت -
شجرستان - جہاں درخت ہی درخت ہوں -
شجعان - بہادر - دلیر -
شجیع - دلیر -

ش - ح

شحام - چربی بیچنے والا -
شحامت - موٹاپا ہونا - چربی دار
شحم - چربی -
شحنگی - کوتوال کا کام -
شحنہ - کوتوال -
شحنہ شب - چوکیدار - عاشق - چور
شحنہ نجف - حضرت علیؓ
شحوم - شحم کی جمع - چربیاں -
شحیم - موٹا تازہ - چربی دار

ش ۔ خ

شخ۔ پہاڑ۔ ٹیلہ۔ دامنِ کوہ
شخص۔ بدن ۔ ذات
شخصاً۔ ذاتی طور پر۔
شخصی۔ ذاتی۔ د آیا شما ماشین ۔
شخصی دارید۔ کیا آپ کے پاس ذاتی موٹر کار ہے۔
شخصیّت داشتن۔ شان وشوکت اور جاہ وجلال والا ہونا۔
شخم۔ شگاف
شخم زدن۔ ہل چلانا۔
شخم کردن ۔ کاشت کرنا۔
شخم کاری۔ کاشتکاری۔
شخولیدن ۔(۱) چیخنا چلانا (۲) سیٹی بجانا۔

ش ۔ د

شُد۔ ہُوا۔ ہوگیا۔
شد آنچہ شد۔ گزر گئی گزران۔ جو ہُوا سو ہُوا۔
شداد۔ قوم عاد کا مشہور بادشاہ جس نے بہشت بنوایا۔ جو باغ ارم کے نام سے مشہور ہے۔ نیز اُس نے خدائی کا دعویٰ بھی کیا تھا۔
شدائد۔ سختیاں
شدّت سختی۔ تنگی۔
شدت یافتن۔ سختی دیکھنا۔
شدن۔ ہونا۔ ہوجانا۔ مرجانا۔
شُدنی۔ ہونی۔ اٹل۔ حتمی
شدنی شد۔ ہونی ہو کر رہی۔
شدید۔ مضبوط۔ استوار۔ سخت
شدید لحن۔ سخت اور کرخت لہجہ۔

ش ۔ ر

شرّ۔ بدی، برائی۔ ابلیس۔ (خیر کا اُلٹ)
شرا۔ خریدنا۔
شراب خوردن۔ شراب پینا
شراب خور۔ شراب پینے والا۔ شرابی
شراب دار ساقی۔
شراب طہور جنت کی شراب
شراب مفت را قاضی ہم خورد مفت کی شراب تو قاضی کو بھی حلال ہے،

شراب ناب - خالص شراب -
شرابہ - جھالر - پیزدہ - تنگ بزنگ کے فیتے جو سپاہی لگاتے ہیں -
شرّاح - بہت شرح کرنے والا -
شرّار - بہت شر پسند -
شرار - چنگاری - ع -
(شعلہ سے بے محل ہے الجھنا شرر کا)
شرارہ - آگ کی چنگاری -
شراع - کشتی کا بادبان -
شرائع - شریعت کی جمع -
شرائف نیکیاں اور بھلائیاں -
شرائن - شریان کی جمع - رگیں -
شُرب - پینا -
شرب الیہود - چوری چھپے شراب پینا -
شربت اکاس - آبدار تلوار -
شربت بیمار - پانی -
شربت حیوان - آب حیات -
شربت دار - قہوہ چی -
شربت شہادت نوشیدن - جام شہادت پینا - شہید ہو جانا -
شرح دادن } تشریح کرنا -
شرح کردن } کھول کر مفصل طور پر بیان کرنا -

شرحہ - تیکہ - پارہ - ٹکڑا -
شرحہ شرحہ - ٹکڑے ٹکڑے -
(سینہ خواہم شرحہ شرحہ از فراق
تا بگویم شرح درد اشتیاق)
شرر - شرارہ کی جمع -
شرر بار - جس سے شرارے نکلیں -
شرر در پیرہن - بے قرار - مضطرب -
شرزد - بپھرا ہوا (شر زرہ)
شُرشُر - ۱- پانی کے گرنے کی آواز
۲- سرسراہٹ -
شرشر - کپڑا پھٹنے کی آواز -
شرشر شدن } ٹکڑے ٹکڑے کرنا -
شرشر کردن } پھاڑنا -
شرط - قید - بند - قرار و پیمان - ع -
(نہ طریق دوستان است
و نہ شرط مہربانی)
شرط بستن - شرط لگانا -
شُرط - موافق ہوا -
(کشتی شکستگانیم اے باد شرطہ برخیز
باشد کہ باز بینیم آں یار آشنا را)
شرع - شریعت - سیدھی راہ -
شرعاً - از روئے شرع -
شرعی - منسوب و مربوط بہ شرع -

شرعیات۔ شرعی اُمور۔
شرف ۔۱۔ عظمت ۔۲۔ بزرگی۔
۳۔ بڑائی ۔۴۔ چابک ۔۵۔
اُونٹ کا کوہان۔
شُرف۔ نزدیک ۔
شرفِ موت۔ نزع کا عالم۔
شرفا ۔ شریف کی جمع۔
شرف داشتن ۔ باعزت ہونا۔
آبرومند ہونا۔
شرفیاب بودن } شرف حاصل
شرفیاب شدن } کرنا۔ حضور
میں حاضر ہونا۔
شرقاً مشرق کے رُخ ۔
شرقی ۔ اہل مشرق ۔
(درویش خدامست نہ شرقی ہے نہ غربی)
شرک آوردن } خدا کے ساتھ
شرک داشتن } کسی دوسرے
کو شریک داشتن۔
شُرکا۔ شریک کی جمع۔
شرکت۔ حصہ۔ کمپنی۔
شرکت تجارتی۔ تجارتی کمپنی۔
شرکت جستن۔ حصہ لینا۔
شرکت سہامی۔ لمیٹڈ کمپنی۔

شرکت کردن ۔ حصہ لینا۔
شرکت نامہ۔ پیمان نامہ۔ عہدنامہ
شرم داشتن۔ حیا کرنا۔
شرم آلودہ۔ شرمندہ۔ نادم۔
نیز باشرم۔
شرم آور۔ خجلت آور۔
شرمسار۔ شرمندہ ۔
شرم عثمان۔ بہت حیا۔
شرمگین ۔ شرمیلا۔
شرمناک۔ باعث شرم۔
شرنگ ۔ اندرائن کا پھل ۔ تُمہ۔
جو سخت کڑوا ہوتا ہے۔
شرور۔ بدکار۔
شریان۔ متحرک رگیں۔
شریعت مدار۔ شرع کا پابند۔
شریکان۔ شرکا۔
شریکِ دزد و رفیقِ قافلہ۔ اِدھر
ہمارے ساتھ اور اُدھر ہمارے
دشمنوں کے ساتھ ساز باز ہے۔
شست ۔ تیر کمان۔ حلقہ
شستِ کسی خبردار شدن ۔
کسی کی پوشیدہ بات سے آگاہ
ہو جانا۔

شست گیر۔ کماندار
شستن۔ دھونا
شست وشو۔ دھلائی
شست وشو کردن۔ دھونا
شستہ۔ دھلا ہوا مہذب۔
شستہ رو۔ سادہ رو صاف ستھرا دھلا ہوا چہرہ۔ ع۔
ز نوجوانان شستہ رو تاریک جان روشن دماغ
شستہ و رفتہ۔ دھلا ہوا صاف شفاف اور پاک صاف
شستی۔ زبری

ش ۔ ش

شش۔ چھ۔
شش۔ پھیپھڑا۔
ششدانگ۔ پورے کا پورا انگ بمعنی ۱/۶ ششدانگ بمعنی ۶/۶ یعنی سالم۔ پورے کا پورا۔ اور تمام
ششدانگ حواس۔ پوری اور کامل توجہ۔
ششدانگ عالم۔ ساری دنیا۔
شش دانگی۔ مکمل۔ سالم۔
ششدر۔ حیران متحیر۔
ششدر رفتا۔ دُنیا
شش روزہ۔ دُنیا۔
ششلول۔ پستول جس سے کئی فائر ہو سکیں۔
ششماہہ بدنیا آمدن۔ عجلت اور تیزی و تندی سے کام لینے والے کے مورد میں استعمال کرتے ہیں۔
شش و پنج۔ حیران و متحیر ہونا۔
شش و پنج زدن۔ جُوا کھیلنا

ش ۔ ص

شصت۔ ساٹھ۔ ۶۰
شصتمیں۔ ساٹھواں۔ ۶۰

ش ۔ ط

شط۔ بہت بڑا دریا۔ شاہ رود
شط العرب خلیج فارس۔
شطر۔ حصہ۔ ٹکڑا۔

تشطل ۔ رجوع بہ تشتل۔
شعاب ۔ شعب کی جمع ۔ پہاڑی رستے ۔ گھاٹیاں۔
شعار ۔ علامت ۔ نشانی ۔ نیز وہ کپڑا جو تن سے چھو رہے۔
شعائر ۔ آداب و رسوم
شعائر اسلام ۔ اسلامی آداب رسوم
شعائر ملی ۔ قومی آداب رسومات۔
شعب ۔ گرڑھا۔
شعب ۔ گردہ ۔ خالوزادہ۔
شعبدہ ۔ جادو ۔ نیرنگ۔
شعبدہ باز ۔ جادوگر ۔ بازی گر
شعرباف ۔ بالوں کو سنوارنے والا
شعر حماسی ۔ رزمیہ شاعری
شعر ہجائی ۔ ہجو یہ شاعری
شعر فہمی ۔ دانائی ۔ تمیز
شعشعہ ۔ سورج کی روشنی۔
شعلہ جام ۔ شراب۔
شعلہ جوالہ ۔ تیز شعلہ۔
شعلہ زبان ۔ تیز زبان۔
شعلہ زدن ۔ بھڑک اٹھنا
شعلہ کشیدن ۔ رجوع بہ ماتیل
شعوب ۔ جمع شعب کی

شعور ۔ دریافت کرنا۔
شعور داشتن ۔ صاحب فہم و تشخیص و تمیز ہونا۔
شعیب ۔ ایک اولوالعزم پیغمبر علیہ السلام کا نام ہے ۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام مصر سے بھاگ کر انہی کے ہاں پہنچے ۔ انہی کی بکریاں چرائیں اور انہی کی صاحبزادی صفورہ سے ان کا عقد ہوا۔
(شعیب آئے اگر کوئی میسّر
شبانی سے کلیمی دو قدم ہے)
شعیر ۔ جو
(کہ جہاں میں نانِ شعیر پہ ہے
مدار قوت حیدری)

ش ۔ غ

شغال ۔ گیدڑ
شغب ۔ شور و غل
شغر بغر ۔ درہم برہم ۔ پراگندہ ۔
شغف ۔ گہرا تعلق
شغک ۔ احمق ۔ کودن ۔
شغل ۔ کام کاج ۔

ش۔ف

شفا۔ علاج۔
شفابخشیدن۔ کامیاب علاج کرنا۔
شفاپذیر۔ قابل علاج۔
شفاخانہ۔ ہسپتال
شفادادن۔ صحت بخش علاج کرنا
شفادہ } شفابخشنے والا۔
شفابخش } ״
شفاہاً۔ زبانی۔ رُوبرو۔
شفاہی۔ زبانی۔ (کتبی کا اُلٹ) تقریری۔
شفاعت۔ وسیلہ بننا۔
شفت۔ گٹھلی دار پھل۔ ہونٹ۔ لب۔
شُفت جنس۔ کودن
شفتالو۔ آڑو۔
شفع۔ شفاعت کرنا۔
شفعاء۔ جمع شفیع کی۔
شُفعہ۔ خرید کے حق کا تقدم۔
شفق۔ سُورج کی سُرخی جو صبح یا شام کے وقت نمودار ہوتی ہے۔
شفق داشتن } مہربانی کرنا۔
شفقت کردن } مہربان ہونا
شفقت نمودن } ״
شفیع۔ شفاعت کرنے والا۔
شفیق۔ مہربان۔

ش۔ق

شق۔ چیرنا۔ پھاڑنا۔
شق القمر۔ حضور سرورِ کائنات ؐ کا معجزہ۔ چاند کا دو ٹکڑے کرنا۔
شق القمر کردن۔ معجزہ کرنا۔
شقا۔ بدبختی۔ سخت دلی۔
شقاق داشتن۔ دشمنی اور مخالفت رکھنا۔
شقاقل۔ جنگلی شلغم۔
شقاقلوس۔ جسم کا بیکار عضو۔
شقاوت۔ سنگدلی۔ بدبختی۔
شقائق۔ پھول۔ لالہ کے پھول۔ نیز شقیقہ کی جمع دیکھئے۔ شقیقہ
شقہ کردن۔ دو برابر حصے کرنا۔
شقی۔ سنگدلی۔ بدبخت۔
شقی القلب۔ بیرحم و سنگدل
شقیق۔ ہر چیز کا نصف۔ ماں باپ

حیا یا بھائی۔

شقیقہ ۔ ۱۔ کنپٹی ۔ ۲۔ ماں باپ ۔ بھائی بہن ۔

ش ک

شک داشتن ۔ شبہ کرنا ۔ دو دل ہونا ۔

شکارچی ۔ شکاری

شکار شدن ۔ شکار ہونا ۔

شکار کردن ۔ شکار کرنا ۔

شکار گرفتن ۔ شکار پکڑنا ۔

شکاف ۔ رجوع بہ شگاف ۔

شکافتن ۔ شگاف کرنا ۔

شکاف دار ۔ شگاف رکھنے والا ۔

شکافہ ۔ مضراب ۔

شکاک ۔ بہت شک والا ۔

شکایات ۔ جمع ہے شکایت کی ۔

شکایت از کہ کنم کہ غماز درون خانہ است ۔ ۱۔ گلہ کریں تو کس کا بھیدی تو گھر کا ہے ۔ ۲۔ گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے ۔

شکرانہ ۔ بطور شکر ۔

شکرانہ سلامت ۔ اپنی صحت و سلامتی کے شکرانے کے طور پر ۔ (اے صاحب کرامت شکرانۂ سلامت روزی تفقدی کن درویش بے نوا را)

شکر آب بودن } شکر رنجی کا ہونا
شکر آب شدن }

شکر بخوزستان بردن ۔ ۱۔ اُلٹے بانس بریلی ۔

شکر بار ۔ شیریں ۔

شکر خند ۔ مسکراہٹ ۔ لب خند ۔

شکر خواب ۔ گہری اور میٹھی نیند ۔

شکر دہان ۔ شیریں زبان ۔

شکر رنج ۔ معمولی رنجش ۔

شکر ریز ۔ ۱۔ فصیح و بلیغ ۔ ۲۔ نیز شیرینی اور پیسے جو دولہا دلہن کے سر پر شادی کے دن نچھاور کرتے ہیں ۔

شکر کسی نخوردہ از نی بوریا ۔ بد سے نیکی کی توقع عبث ۔

شکر لب ۔ شیریں سخن ۔

شکر لنگ ۔ معمولی سا لنگڑا پن ۔

شکر و شیر بودن ۔ آپس میں خوب گھل مل جانا ۔

شکست خوردن ۔ شکست کھانا ۔ ہار جانا

شکستن ۔ ٹوٹنا ۔
(مرا از شکستن چناں عار ناید
کہ از دیگراں خواستن مومیائی)
شکست وبست ۔ توڑ پھوڑ اور درستی
شکستہ بندی ۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی کو صحیح مقام پر رکھ کر جوڑنا اور باندھنا ۔
شکستہ آیند ۔ رجوع بہ ماتیل ۔
شکستہ خاطر ۔ شکستہ دل ۔
شکستہ نفس ۔ عاجز ۔ زردتن ۔
شکستہ نفسی کردن ۔ عجز و نیازمندی سے کام لینا ۔
شکفتن ۔ رجوع بہ شگفتن ۔
شکلات ۔ چاکلیٹ ۔
شکل کشیدن ۔ تصویر بنانا ۔
شکلک درآوردن ۔ منہ چڑانا ۔ نقل اتارنا ۔
شکم ۔ ۱ ۔ پیٹ ۔ ۲ ۔ نومولود بچہ ۔
(ایں زن چند شکم زائیدہ است
یعنی اس عورت نے کتنے بچے جنے ہیں ۔
شکم از عزا درآوردن ۔ ماتم کے بعد پیٹ بھر کر کھانا ۔
شکم بند ۔ وہ کپڑا جسے عورتیں اپنے پیٹ پر باندھ رکھتی ہیں تا کہ پیٹ بڑھنے نہ پائے ۔
شکم بندہ ۔ پیٹو ۔
شکم بندہ کمتر پسند خدا ۔ ٹھونس کر کھانے اور پیٹ بھر لینے والا آدمی کا عبادت گزار ہونا مشکل بات ہے ۔
(اندرون از طعام خالی دار
تا در آں نور معرفت بینی)
شکمبہ ۔ معدہ
شکم پرست ۔ پیٹو ۔
شکم آنچارسو کردن ۔ ٹھونس کر کھانا ۔
شکم خوار ۔ گرسنہ ۔ بھوکا ۔
شکم را صابون زدن ۔ ضیافت کھانے کے لئے خوب ڈٹ کر تیار ہونا ۔
شکم ران ۔ جلاب
شکم گرداں بہ از مادر مہرباں ۔ چھوٹے بچے کا پیٹ اگر ٹھیک ٹھاک ہے ۔ تو وہ ماں کے پیار محبت سے بھی ہزار درجے بہتر ۔
شکم روشن ۔ اسہال ۔ دست ۔

شکم گرسنہ ایمان ندارد۔ بھوک سے غریب کو بھوک اور افلاس کفر کی حدوں تک لے جاتے ہیں۔
شکم گرسنہ آروغ فندقی۔ ۱۔ غریبی میں امیری کے ٹھاٹھ دکھانا۔ ۲۔ ظاہر داری سے کام لینا۔
شکم گرسنہ معشوقہ بازی۔ بے زر عشق بٹیں ٹیں۔
شکمو۔ پیٹو۔
شکن۔ چین۔ سلوٹ۔ گرہیں۔
(ع۔ یک دو شکن زیادہ کن گیسوئے تابدار را)
نیز شکن بمعنی علامت اسم فاعل بھی مستعمل ہے۔ جیسے صف شکن۔ صفوں کو توڑ چھوڑ دینے والا۔
شکنجہ دادن } آزار دینا۔ سخت
شکنجہ کردن } اذیت دینا۔
شکنجیدن۔ شکنجے میں کس دینا۔
شکوخیدن ۱۔ پھسلنا۔ ۲۔ سر کے بل گرنا۔
شکور۔ ۱۔ خداوند تعالیٰ کا نام ہے ۲۔ شکر کرنا۔
شکوک۔ شبہات۔
شکولیدن۔ پراگندہ ہونا یا کرنا۔

شکوہ۔ شان و شوکت
شکوہ خسروی۔ شاہانہ ٹھاٹھ باٹھ
شکوہیدن۔ شان و شوکت دکھانا۔
شکیب۔ صبر۔ آرام ع
(گر تو شکیب داری طاقت نماند مارا)
شکیبا۔ ۱۔ صبر کرنے والا۔ ۲۔ بردبار۔
شکیبیدن۔ بردباری دکھانا۔
شکیل۔ خوبصورت۔ اچھی شکل والا۔
شکیلہ۔ خوش شکل لڑکی۔

ش گ

شگا۔ ترکش۔
شگال۔ بمعنی شغال۔
شگرف۔ عجیب۔ نادر۔
شگفت۔ عجیب (ای شگفت)
(عاشق دلدادہ را خواب ای شگفت)
شگفت آور۔ حیران کن۔
شگفتن۔ کھلنا۔ ع
(یہ ذرت ہے شگفتن گل ہائے نازکا)
شگون داشتن۔ نیک شگون ہونا۔ نیک فال ہونا۔

ش ۔ ل

شَل ۔ لنگڑا ۔ لولا ۔
شُل ۔ ڈھیلا ۔ کھلا ہوا ۔
شل بستن ۔ ڈھیلا کر کے باندھنا ۔
یا ڈھیلی گرہ دینا ۔
شل شدن ۔ سست ہونا ۔
ڈھیلے پڑ جانا ۔
شل کردن ۔ ڈھیلا کرنا یا ہونا ۔
شل گرفتن ۔ ۱ ۔ کوتاہی کرنا ۔ ۲ ۔
بے تعلقی کا اظہار کرنا ۔
شلغم پختہ بہ از نقرہ خامہ ۔
نو نقد نہ تیرہ ادھار ۔
شلاق ۔ کوڑا ۔ چابک
شلاق خوردن ۔ کوڑے کھانا ۔
شلاق زدن ۔ کوڑے مارنا ۔
شلال ۔ لمبا بخیہ ۔
شلال کردن ۔ لمبے لمبے ٹانکے لگانا ۔
شلتاق کردن ۔ ۱ ۔ سختی کرنا ۔
۲ ۔ زیادتی کرنا ۔
شلتوک ۔ مونجی ۔ دھان ۔
شلختہ ۔ پھوہڑ ۔ لغو ۔
بے ہودہ ۔

شلنگ انداختن } لمبے لمبے
شلنگ برداشتن } قدم اٹھانا
ڈگ بھرنا ۔
شلنگ زدن ۔ خوشی کے مارے اچھلنا کودنا ۔
شلوار ۔ پتلون ۔
شلوق ۔ ہجوم
شلوق شدہ ۔ ۱ ۔ بھیڑ بھڑّکا ہونا ۔
۲ ۔ درہم برہم ہونا ۔
شلوق کردن ۔ شور مچانا ۔
گڑ بڑ کرنا ۔
شَلہ ۔ قصاص ۔
شُلہ ۔ آش ۔ یخنی ۔ شوربا ۔
شلہ قلم کار ۔ آش ہمہ آجیل
درہم برہم ۔
شلیتہ ۔ جمپر ۔ عورتوں کا تنگ
پاجامہ ۔
شلیک توپ ۔ گولہ باری ۔
شلیک کردن ۔ بندوق کا
فائر کرنا ۔
شلیک شدن ۔ بندوق کا چل جانا

ش ۔ م

شماتت ۔ ۱ ۔ طعنہ ۔ ۲ ۔ دشمن

کا خوش ہونا۔ ع
(کی نقصان مایہ و دیگر شماتت ہمسایہ)
شمانہ - شماطہ - ساعت دیواری بڑا سا کلاک - گھڑیال -
شمار رفتن - شمار میں آنا -
شمارہ - نمبر شمار - حساب
شمارہ گیر - ٹیلیفون کا ڈائل -
شماع - شمع بنانے اور بیچنے والا -
شمال - شمال کی طرف سے آنے والی ہوا -
شمامہ - خوشبو - عطردان -
شمائل - اچھی عادتیں - نیک خصلتیں -
شمائم - خوشبوئیں -
شمبلیت - میتھی -
شمباید - رجوع بہ ماقبل
شمبلیلہ - "
شمد - ہلکی چادر
شمر - حضرت امام حسینؓ کے قاتل کا نام - تیز بمعنی سنگدل اور بے رحم انسان -
شمر دل - سنگ دل - بے رحم -
شمردن - گننا -

شمردہ - آہستہ آہستہ -
شمردہ سخن گفتن - احتیاط سے آہستہ آہستہ بات چیت کرنا -
شمس - سورج - آفتاب -
شمس تبریز - مولانا رُوم کے مرشد کامل ہے
(مولوی ہرگز نشد مولائے رُوم
تا غلام شمس تبریزی نشد)
شمس را در روشنائی امتحان نکنند - آزمائے کو آزمانا جہل ہے -
شمسہ - ۱ - چھاتا - ۲ - چھتری -
۳ - سنہری کلس -
شمسی - مربوط بہ شمس -
شمشاد - ایک درخت کا نام جو سیدھا ہوتا ہے - اسی نسبت سے عموماً محبوب کے راست قد کو اس سے تشبیہ دیتے ہیں - ع
(شاہ شمشاد قداں خسرو شیریں دہناں)
شمشیر کشیدن - تلوار سونت لینا -
شمع بر در کور - اندھے کو شیشہ دکھانا -
شمع دانی - ایک پھول کا نام ہے -
شمع درہنگام مردن خانہ روشن میکند - مرنے سے پہلے انسان سنبھالا

لینا ہے۔ جسے عرفِ عام میں
دیئے کا سمجھنے سے پہلے مسکرانا
کہتے ہیں۔
شمول۔ شامل ہونا۔
شمّہ۔ حصّہ۔ پارہ۔ ٹکڑا۔
شمیم۔ خوشبو۔

ش ۔ ن

شن۔ سنگریزہ۔
شنا۔ تیراکی۔ تیرنا۔
شناخت۔ پہچان۔ یہ ماضی مطلق ہے
شناختن۔ پہچاننا۔
شناسا۔ آشنا۔
شناساندن۔ آشنا بنانا۔
شناسنامہ۔ شناختی کارڈ
شناعت۔ ۱۔ بُرا کام کرنا۔ ۲۔
طعنہ دینا۔
شنا کردن۔ تیرنا۔
شناگر۔ تیراک۔
شناور۔ تیراک۔ تیرنے والا۔
شناوری۔ تیراکی۔
شناویدن۔ تیرنا۔

شنائع۔ شنیعت کی جمع۔ برائیاں۔
بدیاں۔ خرابیاں۔
شنبہ۔ ہفتہ۔ اسلامی ہفتے کا پہلا
اور عیسوی ہفتے کا آخری دن۔
شنجرف۔ شنگرف۔
شندر۔ بے وقعت۔ کم قیمت چیز۔
شندرغاز۔ ۱۔ کوڑی۔ ۲۔
ادنیٰ ترین سکّہ۔
شندف۔ نقارہ۔ بینڈ۔
شنعت۔ بدی۔ بُرائی
شنفتن۔ سننا۔ سونگھنا۔
شنقار شدن۔ مر جانا۔
شنگ۔ خوب صورت۔ خوش
مزاج۔ رنگیلا۔
شنگ و شوخ۔ خوب رُو اور
خوش مزاج۔
شنگول۔ ۱۔ سرمست۔ ۲۔ ظریف
۳۔ زندہ دل۔
شنگیدن۔ جی کا للچانا۔
شنل۔ آستینوں کے بغیر
کوٹ۔ قمیص یا سویٹر۔ بل اور
وغیرہ۔
شنو۔ جو دوسروں کی بات غور سے

سُنے ۔ مثلاً این شاگرد حرف شنو است) ۔
شنوا ۔ سننے والا ۔
شنید آزما ۔ سننے کا آلہ ۔ آلہ سماعت جو تھوڑے بہرے یا دہ لوگ استعمال کرتے ہیں جنہیں اونچا سنائی دیتا ہو ۔
شنیدن ۔ سننا ۔ سونگھنا ۔
شنیدن کی بود مانند دیدن ۔ سنی سنائی بات دیکھی ہوئی کے برابر کیسے ہو سکتی ہے ۔
شنیدہ کے بود مانند دیدہ رجوع بہ ماقبل
شنیدنی ۔ سننے کے لائق ۔
شنیع ۔ بُرا ۔ بد ۔ رسوا ۔

ش ۔ و

شو ۔ شب ۔ رات
شو ۔ فعل امر ہے شدن مصدر سے ہو جا ۔
شو ۔ شوہر ۔ بز شستن مصدر سے فعل امر بمعنی دھو ۔
شوارع ۔ شارع کی جمع ۔ بمعنی سڑکیں ۔
شواغل ۔ شغل کی جمع ۔ کام کاج ۔
شوامخ ۔ شامخ کی جمع ۔ بمعنی بلندیاں ۔
شواہد ۔ شاہد کی جمع بمعنی گواہ ۔
شوت زدن ۔ پائپ یا حقّے کا لمبا کش لگانا ۔
شوخ ۔ بیباک ۔ نڈر ۔
شوخ چشم ۔ گستاخ ۔ بے ادب ۔ (آں ہمہ رنند دغا ای شوخ چشم ہیچ نگر فتیم از ایشاں اعتبار)
شوخ چشمی ۔ بے حیائی ۔ گستاخی ۔
شوخی زنندہ ۔ طنز بہ مذاق جو دوسروں کو ناگوار گزرے ۔
شوخی شوخی جدّی می شود ۔ ہنسی مذاق میں لیسا اوقات بات بڑھ جاتی ہے ۔ اور معاملہ سنگین صورت اختیار کر جاتا ہے ۔
شوخی کردن ۔ گستاخی کرنا ۔ لغو اور بیہودہ باتیں کرنا ۔
شوخیدن ۔ میلا ہونا ۔ آلودہ ہونا ۔

شور - ۱- غل غپاڑہ -۲- نمکین -
۳- جنون عشق -۴- کھاری پانی
شورابہ - کھاری پانی -
شوران - موسم بہار میں پھولوں
اور درختوں کی پہلی کونپلیں اور
شگوفے -
شوراندن - لوگوں کو شورش
پر اکسانا -
شورانیدن - مضمحل کرنا -
شوربخت - بدبخت - بدنصیب
شورچشم - بدنظر انسان - جس
کی نظر دوسروں کو لگ جائے -
شورش برپا کردن - فتنہ و فساد
کھڑا کر دینا -
شورہ بوم - بنجر و شور زمین -
ناقابل کاشت زمین -
شورہ زار - رجوع بہ ماقبل
شوری - مشورت کرنا -
شوروی - رُوسی -
شوریدہ - آشفتہ حال - پریشان -
(ع- سر شوریدہ بر بالین
آسایش رسید این جا)
شوریدہ بخت - بدنصیب -

شوریدہ حال - پریشان حال -
شوریدہ سر - مضمحل - جنونی -
پریشان حال -
شوریدن - شور و غوغا بپا کرنا -
بغاوت کرنا -
شوسہ - پکی سڑک -
شوشکہ - چھوٹا خنجر - چھرا -
شوفر - ڈرائیور -
شولوق - درہم برہم - ہجوم -
ہرج مرج - کھلبلی -
شوہر خدائے کوچک است -
خاوند مجازی خدا ہوتا ہے -
شوہر دادن - لڑکی کا بیاہ کرنا -
شوہر رفتن - بیاہ ہونا -
شوہر کردن - ۱- لڑکی کا اپنے
لئے خاوند انتخاب کرنا - ۲ -
شادی کرنا -
شوہر کردم دسمہ کنم نہ کہ وصلہ کنم
عام طور پر عورتیں کہتی ہیں - کہ
شادی بناؤ سنگار اور زیب و
زینت کے لئے کی تھی - نہ کہ
گھریلو کام کاج کے لئے -

ش - ہ

شہا - الف ندائیہ بمعنی اے بادشاہ -
شہاب - شعلہ - ستارۂ درخشاں -
شہاب ثاقب - ٹوٹنے والا تارہ -
شہادت - ۱ - شہید ہونا - ۲ - گواہی
شہادتین - خداوند تعالیٰ کی توحید
اور پیغمبر علیہ السلام کی رسالت
پر گواہی دینا -
شہادت نامہ - گواہی نامہ
شہامت - دلیری - غیرت - بہادری
شہب - جمع شہاب کی -
شہباز - بڑا باز -
شہپر - بہت بڑا باز - ؎
(شہپر زاغ و زغن زیبندۂ قید و صید نیست
این سعادت قسمت شاہباز و شاہین کردہ اند)
شہدا - جمع شہید کی -
شہر - ۱ - مہینہ - ۲ - بڑا قصبہ
شہر آرا - کسی کے جشن کے سلسلہ
میں شہر کا سجانا -
شہر آشوب - ۱ - کسی اجڑے ہوئے
شہر کا نوحہ - ۲ - بادہ حسین و
جمیل جو شہرۂ شہر ہو -

شہربان - پاسبان شہر -
شہربانی - پولیس -
شہردار - میونسپل کمیٹی کا صدر
کارپوریشن کا میئر -
شہرداری - کمیٹی - بلدیہ - کارپوریشن
شہرت داشتن - مشہور ہونا -
شہرستان - ضلع - پرگنہ -
شہر ناپرسان - اندھیر نگری -
شہر نبی - مدینہ منوّرہ -
شہرۂ آفاق - جس کی شہرت
چاروں کونٹ پھیل جائے -
شہرۂ انام - مشہور عوام -
شہری - اہل شہر -
شہریار - بادشاہ -
شہر یک چشماں روی یک چشم
شو - جیسا دیس ہو ود بھیس اختیار کرد
شہریور - ایرانی شمسی سال کا چھٹا
(۶) مہینہ -
شہریہ - ماہوار تنخواہ -
شہغہ - فریاد - نعرہ -
شہلا - سیاہ چشم
شہناز - ایک ایرانی دھن کا نام ہے -
شہنائی - بنسری - نفیری -

شہوانی - منسوب بہ شہوت
شہوت پرست - شہوت کا مارا۔
شہوت راں - رجوع بہ ماتیل۔
شہود - شاہد کی جمع -
شہود - وہ مقام جہاں سالک راہِ حق کو ہر سو جلوہ نظر آتا ہے ؎
اصل شہود و شاہد و مشہود ایک ہے
حیراں ہوں پھر مشاہدہ ہے کس حساب میں
شہور - جمع شہر کی - مہینے -
شہید - راہِ خدا میں جان دینے والا۔
(سرِ خاکِ شہیدی برگہای لالہ می پاشم
کہ خونش با نہال ملّتِ ما سازگار آمد)
شہیر - مشہور (اقبال شاعرِ شہیر پاکستان بود)
شہیق - گدھے کے بولنے کی آخری آواز (زفیر کا اُلٹ)

ش - ی

شیّاد - ۱- دھوکے باز - ۲- فریبی - ۳- گرہ کٹ - ۴- عیّار -
شیار - ہل کی لکیر -
شیار کردن - ہل چلانا -
شیاطین - شیطان کی جمع -
شیاع - شائع ہونا - رائج ہونا - مشہور ہونا -
شیاف - دوا کی بتی جو آنکھ میں لگاتے ہیں -
شیاف ابیض - دواؤں کی بتی جو آنکھ کی سوزش اور سُرخی کے لیئے لگاتے ہیں -
شَیب - بڑھاپا -
شیب - پستی -
شیبا - بہت بوڑھا سانپ - افعی -
شیپور - نفیری - بگل -
شیپور آشوب - خطرے کا بگل -
شیپور زدن - خطرے کا بگل یا سائرن بجانا -
شیپور کشیدن - بگل بجانا - الارم دینا - سائرن بجا کر خبردار کرنا -
شیث - حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام ہے - جو ان کے بعد پیغمبر ہوئے -
شیخ - بوڑھا - اُستاد - پیر و مرشد عالم و فاضل - بزرگ -
(شیخ ما از شوقِ بجید چوں سوی ما آمدہ

(زاشتیاق پای بوسی بی سرو پا آمده)
شیخ اجل - سعدی شیرازیؒ
شیخ الرئیس - بوعلی سینا-
شیخوخت - پیر در ہبر اور استاد ہونا-
شید - سوراخ -
شید - دروغ - مکر و فریب -
شیدا شدن - ۱- عاشق ہونا - ۲-
فریفتہ ہونا-
شیر آبی - مگر مچھ-
شیراز - سعدی اور حافظ کا مولد ہے
اور ایران کا ایک خوبصورت اور
مردم خیز شہر ہے
(شیراز ما کہ خال رخ ہفت کشور است)
شیرازہ بندی - کتاب کی جزو بندی
شیرازہ از ہم گسیختن - جمعیت
توڑ دینا - منتشر کر دینا -
شیرازہ در رفتن - شیرازہ بکھر جانا-
شیرازہ کردن - کتاب کو دھاگے
کے ساتھ جزو بندی کرکے سینا-
شیرازی - منسوب بہ شیراز
(شیخ سعدی یا حافظ شیرازی)
شیر انداز - شیر کو گرا دینے والا-
شیر افگن - رجوع بہ ماقبل

شیر اوژن - رجوع بہ ماقبل-
شیر برنج - کھیر-
شیر بہا - بری جو لڑکے والے دلہن
کے گھر بھیجتے ہیں-
شیر خوردن بچے کا دودھ پینا-
**شیر خود شیر است اگر در کوہ دگر در
مرغزار** - شیر جہاں کہیں بھی ہو آخر
شیر ہے-
شیر دوشہ - دودھ دوہنے کا برتن-
شیر را بچہ ہم ماند بدو - ع
شیروں کے پسر شیر ہی ہوتے ہیں -
جہاں میں -
شیر شدہ - گستاخ ہونا -
شیر قالین - جھوٹ موٹ کا شیر-
شیر کی وہ تصویر جو عموماً قالینوں پر
بنی ہوتی ہے یا وہ کھال شیر کی جو
قالینوں پر بچھائی جاتی ہے - ع
(شیر قالین کرد شیر بیشہ را)
شیر کی و شیرہ ای - چرس - چرسی-
شیر کخانہ - چرس خانہ - چنڈو خانہ
شیر نیستان - جنگل کا شیر-
شیردانی - ٹین کی مخروطی چھت جو اکثر
پہاڑی مقامات یا بلند مقامات پر

جہاں برف گرتی ہو بنائی جاتی ہے۔
شیر وشکر شدن ۔ گھل مل جانا۔
شیرہ ۔تریاک ۔ چرس ۔ بھنگ ۔
شیرہ بہ شیرہ زائیدن ۔ ایک پیٹ میں ایک پونڈ دل ہیں۔
شیر دلبر کسی مالیدن ۔ کھلونے دے کے بہلانا ۔ دھوکا دینا ۔ فریب دینا ۔
شیرہ کش ۔ بھنگی ۔ چرسی
شیرہ کشیدن ۔ بھنگ و چرس پینا ۔
شیر یا خط ۔ ایران میں سکے کے ایک طرف شیر کی تصویر ہوتی ہے ۔ تو اکثر میچ کے وقت ٹاس کرتے وقت یہ بولتے ہیں جیسے ہمارے ہاں کہتے ہیں چاند تارا کہ دوسری طرف سیدھا یا اُلٹا۔
شیریں زبان ۔ خوش کلام
شیریں سخن ۔ رجوع بہ ماقبل
شیر وخورشید ۔ جھنڈا
شیر وخورشید سرخ ۔ ریڈ کراس۔
شیشک ۔ بکری کا بچہ جو ایک سال کا ہو۔
شیشکی ۔پیٹ سے ہوا کا خارج ہونا۔

شیشکی لبستن ۔پیٹ سے ہوا خارج کرنا۔
شیشہ ۔ بوتل۔ صراحی۔
شیشہ عکاسی ۔ کیمرا۔
شیشہ باز ۔ حیلہ گر۔ مداری۔
(ہوا اس طرح فاش راز فرنگ
کہ حیرت میں ہے شیشہ باز فرنگ)
شیشہ بر سر بازار شکستن ۔ کسی کا راز بر سرِ عام افشا کر دینا ۔ چوراہے میں بھانڈا پھوڑنا ۔
شیشہ را بسنگ زدن ۔ رجوع بہ ماقبل۔
شیشہ لشکستہ را پیوند کردن مشکل است ۔ ٹوٹے ہوئے دلوں کو جوڑنا آسان کام نہیں۔
شیشہ دل ۔ نازک دل ۔
شیطنت ۔ فتنہ فساد ۔
شیعیان ۔ جمع شیعہ کی ۔
شیفتگی ۔ فریفتگی۔
شیفتن ۔ شیفتہ ہونا ۔ دیوانہ ہونا۔ مدہوش ہونا۔
شیفتہ وفریفتہ ۔ حیران وششدر۔ عاشق زار ۔ گرویدہ ۔ بری طرح سے مائل ۔

شیک ۔ ۱۔ خوب صورت ۔ ۲۔ شاندار۔
۳۔ خوش پوش ۔
شیلان ۔ خوان نعمت ۔ دستر خوان ۔
شیلان کشیدن ۔ دعوت کے لئے
دستر خوان بچھانا ۔
شیلہ ۔ رندی ۔ حیلہ ۔
شیلہ پیلہ ۔ حیلہ گری ۔ حقہ بازی ۔
شیم ۔ خصلتیں
شیمی ۔ علم کیمیا ۔
شیمی دان ۔ کیمیا دان
شیوا ۔ فصیح و بلیغ ۔ رسا ۔
خوش بیان ۔
شیوخ ۔ شیخ کی جمع ۔
شیوع یافتن ۔ رائج ہونا ۔
رواج پانا ۔ شائع ہونا ۔
شیون ۔ نالہ وفغان
شیون کردن ۔ آہ وزاری کرنا ۔
شیوہ ۔ ناز ۔ ادا ۔ کرشمہ ۔
(بسیار شیوہ ہاست بتاں راکہ نام نیست)
شیوہ باز ۔ نخرے باز ۔ عشوہ نما ۔
شیوہ زدن ۔ ناز نخرے کرنا ۔
شیوہ گری ۔ ۱۔ نخرے بازی ۔ ۲۔
دھوکے بازی ۔

شیہہ زدن / شیہہ کشیدن } گھوڑے کا ہنہنانا ۔

ص

ص ۔ ا

صابر ۔ صبر کرنے والا ۔
صابری ۔ چشتیوں کا وہ گروہ جو
حضرت علاؤالدین علی احمد کلیر شریف
والوں کے پیرو ہیں ۔ صابر ان کا
لقب تھا ۔
صابون بشکم زدن ۔ ضیافت کھانے
کے لئے ڈٹ کر تیار ہونا ۔
صابون پز ۔ صابن بنانے والا ۔
صابون زدن ۔ دھونا ۔
صاحب ۔ ۱۔ آقا ۔ ۲۔ ساتھی ۔ ۳۔
دوست ۔ ۴۔ مالک ۔ ۵۔ خداوند ۔
صاحب استخوان ۔ شریف زادہ ۔
صاحب امتیاز ۔ خاص اجارہ
داری رکھنے والا ۔
صاحب جمال ۔ نہایت خوبصورت ۔
صاحب جواز ۔ لائسنس ہولڈر ۔

صاحبدل۔ خدا شناس۔ عارف ؎
(دل میرود ز دستم صاحبدلاں خدارا
دردا کہ راز پنہاں خواہد شد آشکارا)
صاحب دیوان۔ صدر۔ گاہے چیف منسٹر۔
صاحب زمان۔ حضرت امام مہدی علیہ السلام کو کہتے ہیں۔
صاحب قرآن۔ ایسا شخص جس کی ولادت ایسے وقت میں ہو جب ایک بُرج میں دو سعد ستارے اکٹھے ہوں جیسے مشتری اور زہرہ۔
صاحبقران اوّل۔ امیر تیمور۔
صاحبقران ثانی۔ شاہ جہان۔
صاحب کار۔ مالک۔ حاکم
صاحب کتاب۔ پیغمبر جس پر آسمانی کتاب نازل ہوئی ہو۔
صاحب منصب۔ بڑا عہدیدار
صاحب ولایت۔ ولی۔
صاحبی۔ انگور کی ایک قسم کا نام ہے۔
صادر۔ نکلنے والا۔ خارج ہونے والا۔
صادرات۔ برآمدات۔ وہ اشیاء جو ملک سے باہر بھیجی جائیں۔
صادر کردن۔ برآمد کرنا۔
صادر شدن۔ برآمد ہونا۔
صادر کنندہ۔ باہر بھیجنے والا۔ (ایکسپورٹر)
صادر و وارد۔ آنے جانیوالے۔
صادق الاعتقاد۔ جس کا عقیدہ صحیح اور سچا ہو۔
صادق القول۔ اپنے وعدے کا پکا۔ قول کا دھنی۔
صادقانہ۔ مخلصانہ طور پر۔
صادق نفس۔ سچا۔ راستباز۔
صادق وعدہ۔ قول کا پکا۔
صاد کردن۔ منظور کرنا۔
صارم۔ کاٹنے والی تلوار
صاعد۔ اوپر چڑھنے والا۔
صاعقہ۔ آسمانی بجلی۔
صاعقہ آسا۔ بجلی کی مانند۔
صافن۔ تین ٹانگوں پر کھڑا ہونے والا گھوڑا جو چوتھی ٹانگ کا صرف ناخن زمین پر لگاتا ہے اور وہ اکثر بہت تیز رفتار ہوتا ہے۔
صافنات۔ جمع صافن کی۔
صاف و پوست کندہ۔ کھری کھری باتیں۔ لگی لپٹی بغیر۔

باتیں۔ لگی لپٹی بغیر۔
صافی ۔ ا۔ بے داغ ۔ ۲۔ صاف شفاف نیز چھلنی ۔
صافی ضمیر ۔ روشن ضمیر۔ پاک دل ۔
صالح ۔ ا۔ نیک پاک ۔ ۲۔ قوم ثمود کے مشہور و معروف پیغمبر کا نام جن کی دعا سے پتھر سے اونٹنی کا بچہ پیدا ہوا۔ قوم ثمود نے اس بچے کو مار دیا۔ آخر ان پر عذاب الٰہی آیا اور وہ تباہ و برباد ہو گئے۔
صالحات ۔ شائستہ اور نیک کام
صالحان } صالح کی جمع۔ نیک
صالحین } پاک لوگ۔
صالحہ ۔ نیک و پاک عورت ۔
صامت ۔ خاموش ۔ چپ ۔
صانع ۔ کاریگر۔
صانع ازل ۔ خداوند تعالیٰ ۔
صائب ۔ رسا۔ پختہ جیسے رائے
صائب ۔ ۲ ۔ ایک مشہور و معروف شاعر کا تخلص جس کا نام محمد علی تھا
صائب الرائے ۔ پختہ رائے رکھنے والا
صائب بودن ۔ درست ہونا ۔
صائم ۔ روزہ دار ۔
صائم بودن ۔ روزہ دار ہونا ۔

ص ب

صبا ۔ بہار کی ہوا ۔ ع۔
راسے باد صبا این ہمہ آوردۂ تست ؎
صباح ۔ نور کا تڑکا ۔ صبح سویرے
صباح الخیر ۔ صبح کا سلام ۔
صباح النور ۔ رجوع بہ ماقبل
صباحت ۔ خوب صورتی ۔ حسن و جمال ۔
صباحت منظر ۔ خوب صورتی ۔
صباحت نشان ۔ نہایت حسین و جمیل ۔
صباغ ۔ رنگریز
صباغت ۔ رنگریزی
صباغی ۔ رجوع بہ ماقبل
صباوت ۔ بچپن
صبایا ۔ نوجوان لڑکیاں
صبحانہ ۔ ناشتہ ۔
صبح بخیر ۔ صبح کا سلام
صبح خیز ۔ علی الصبح سویرے منہ اندھیرے اُٹھنے والا ۔

صبحدم - صبح کے وقت ع
(صبحدم چو رخ نمودی نشد نماز من قضا
صبح رود - صبح سویرے - تڑکے -
صبح شما بخیر - کسی سے صبح کا سلام
لیتے وقت کہتے ہیں -
صبح صادق - علی الصبح - نور
کے تڑکے -
صبح عارض - خوبصورت رخسار والا -
صبح کاذب - جس پر صبح کا گمان
گزرتا ہے - لیکن دراصل وہ
صبح نہیں ہوتی -
صبحگاہی - صبح کے وقت - ع
(نوائے صبحگاہی نے جگر خوں کر دیا میرا)
صبح نشیناں - صبح کو جلد اٹھنے والے
صبر تلخ است ولیکن بر شیریں دارد
صبر کا پھل ہمیشہ میٹھا ہوتا ہے -
صبر کوناہ خدا سی سال است -
اللہ تعالیٰ بہت صابر ہے وہ اپنی
مخلوق کو بہت ڈھیل دیتا ہے -
صبر مفتاح کارہا است - صبر
کامیابی کی کنجی ہے -
صبوح - ناشتہ -
(در حلقۂ گل دل خوش خواند دوش بلبل)
ہات الصبوح حی یا ایہا السکاریٰ)
صبوحی - وہ شراب جو صبح کے وقت
پیتے ہیں - ع
برمن کہ صبوحی زدہ ام خرقہ حرام است)
صبوحی زدن } صبح کے وقت
صبوحی کشیدن } شراب پینا -
صبور - صابر - حلیم - بُردبار -
(ای دل صبور باش کہ در راہ عاشقی
ہر کسی کہ جان نداد بجاناں نمی رسد)
صبوری - صبر - شکیب ع
(مشتاقی و صبوری از حد گذشت یارا)
صبی - بچہ - جوان
صبیان - صبی کی جمع
صبیح - خوبصورت -
صبیح منظر - حسین و جمیل -

ص ح

صحاب - دوست - یار - ساتھی -
صحابہ - حضور پاک صلی اللہ علیہ
وسلم کے احباب اور ان کی
صحبت میں رہنے والا -
صاحب کی جمع -

صحاح ۔ صحیح
صحاح ستہ ۔ حدیث کی چھ کتابیں ۔
صحاری ۔ صحرا کی جمع ۔
صحّاف ۔ جلد ساز
صحافت ۔ فن اخبار نویسی ۔
صحافی ۔ اخبار نویس
صحافی کردن ۔ جلدیں باندھنا ۔
صحائف ۔ صحیفہ کی جمع ۔ کتب
صحائف آسمانی ۔ آسمانی کتابیں
قرآن حکیم ۔ زبور ۔ توراۃ ۔ انجیل ۔
صحبت احمق بسی خونہا ریخت
احمق اور نادان کی دوستی سے
اکثر جی کا زیاں ہو جاتا ہے ۔
بے ذوق کی دوستی موجب ہلاکت
ثابت ہوتی ہے ۔
صحبت چوں چنیں است ہلاکت
بہتر ۔ اَنمل بے جوڑ ۔
صحبت ۔ گفتگو ۔ بات چیت ۔
صحبت داشتن } بات چیت کرنا
صحبت کردن } گفتگو کرنا ۔
صحرانورد ۔ صحرا میں گھومنے پھرنے والا
صحرائے قدس ۔ عالم لاہوت
صُحف ۔ جمع صحیفہ کی ۔

صحنہ ۔ احاطہ ۔ آنگن ۔ سٹیج ۔
صحہ ۔ دستخط
صحہ گزاشتن ۔ دستخط کرنا ۔ موافقت کرنا ۔
صحیح النسب ۔ پاک زادہ ۔
صحیفہ ۔ کتاب ۔

ص ۔ خ

صخرہ ۔ ۱ ۔ سخت پتھر ۔ ۲ ۔ بیت المقدس
میں معلق پتھر کا نام ہے ۔ ۳ ۔ اس
دیو کا نام ہے جس نے حضرت سلیمان
علیہ السلام کی انگوٹھی چرائی تھی ۔
صخریہ ۔ پتھریلی زمین ۔

ص ۔ د

صد در صد ۔ سو فی صدی
صدی چند ۔ کتنے فی صدی ۔
صدی صد ۔ سو فی صدی ۔
صدا ز چاہ بر آمدن ۔ بہت آہستہ
بولنا جیسے کنوئیں سے آواز آ
رہی ہو ۔
صدا پیچیدن ۔ آواز کا گونجنا ۔

صدا دادن - بلانا۔ پکارنا۔
صدا کردن - آواز دینا۔
صدا در آوردن - بولنا۔
صدای دہل از خالی بودن شکم است - ۱- جو ظرف کہ خالی ہے صدا دیتا ہے۔ ۲- تھوتھا چنا باجے گھنا۔
صدارت مآب - عالی جناب۔
صدا زدن - آواز دینا۔
صُداع - دردسر۔
صدا گرفتہ - بھرائی ہوئی آواز۔
صداقت - سچائی ؎
(ہو صداقت کیلئے جس دل میں مرنے کی تڑپ
پہلے اپنے پیکر خاکی میں جاں پیدا کرے)
صداقت داشتن - سادہ لوح ہونا
زود یاور ہونا۔
صدای خروس - مرغ اور مرغیوں کی آواز۔ کٹ کٹ۔
صدای دق الباب - دروازہ کے کھٹکھٹانے کی آواز۔
صد باز گز کن باز ببر - نہایت حزم واحتیاط سے کام لو۔ پہلے بات کو تولو پھر منہ سے بولو۔
صد بیمار زلب گور برگشت - ضروری نہیں کہ بیمار مر ہی جائے۔ کتنے ہی مریض ایسے ہوتے ہیں جو موت کے منہ سے بچ جاتے ہیں۔
صد تُک زرگر یک تُک آہنگر سو سُنار کی ایک لوہار کی۔
صد چاقو ساختن و یکی دستہ نکردن - ۱- بہت جھوٹ بولنا۔ ۲- سخت عیار ہونا۔
صد ناکل را کلاہ دادن - ۱- بہت ہنرمند ہونا۔ ۲- دوسروں کے کام آنا اور ان کی مشکلکشائی کرنا
صدر - نزدیکی۔ تدبیر۔ تجوید۔
صدر اعظم - وزیر اعظم۔
صدر آنجا کہ نشیند صدر است صدر جہاں کہیں بھی بیٹھ جائے۔ صدر ہے۔
صدر سفرہ - مہمان خصوصی۔
صد سوزن سوزنگر یک جنبش آہنگر - سو سنار کی ایک لوہار کی۔
صدری - چاول کی ایک قسم کا نام ہے۔
صُدغ - کنپٹی۔
صدف - سیپی ؎
(تیرے محیط میں کہیں گوہر زندگی نہیں

دیکھ چکا ہوں موج موج ڈھونڈھ چکا صدف)

صدق - راستی - سچائی -
(صدق خلیل بھی ہے عشق صبر حسین بھی ہے عشق)

صدقات - صدقہ کی جمع -

صدقہ جاریہ - ایسا صدقہ جس کا ثواب ہمیشہ ملتا رہے -

صدقہ دادن - صدقہ دینا -

صدقہ ردّ بلاست - صدقہ دینے سے کتنی ہی بلائیں ٹل جاتی ہیں -

صد کوچہ باغ را اسیر کردہ است وہ بہت چکنا گھڑا ہے -

صد گربہ و یک موش - ایک انار سو بیمار -

صدمہ خوردن - چوٹ لگنا ٹھوکر لگنا -

صدمہ دادن - چوٹ لگانا - صدمہ دینا -

صدمہ زدن - ضرب پہنچانا - زخمی کرنا -

صَدِیق - یار دوست -

صِدِّیق - ۱ - بہت سچا اور حق گو - ۲ - نیز حضرت ابوبکر کا لقب -

صدّیق اکبر - حضرت ابوبکرؓ -

صراحت - آشکارا کہنا - کھلے بندوں کہنا -

صراحت لہجہ - واضح لہجہ

صراحتہً - واضح طور پہ

صُراح - پاک - خالص -

صراحی باز - شیشہ بازی - پانی سے بھری ہوئی صراحی سے کر رسی پہ کرتب دکھانا -

صراحی قد - دراز قد - بلند و بالا -

صُراخ - فریاد کرنا - چیخنا - چنگھاڑنا -

صرارہ - ۱ - جس نے کبھی مکہ معظمہ کی زیارت نہ کی ہو - ۲ - نیز کنوارا -

صراصر - صرصر کی جمع - سرد ہوائیں -

صراط - راہ - راستہ - دوزخ پہ ایک پل کا نام -

صراط مستقیم - سیدھی راہ - راہ راست -

صراع - کشتی لڑنا -

صرّاف - سکوں کو پرکھنے والا -

صرافت - تصور - نظریہ - خالص ہونا -

صراف خانہ - بنک -

صَرصَر - آندھی - تند و تیز ہوا -

صَرع - گرمی - سرسام - پچھاڑنا -

صرع زدہ - مرگی میں مبتلا -

صَرف - گرامر کا ایک حصہ -
(صرف و نحو زبان)

صرف برات - بیمہ کا نفع -
صرف داشتن - نفع حاصل کرنا -
صرف کردن - خرچ کرنا - استعمال کرنا
صرف نظر کردن - ۱- نظر انداز کرنا
۲ - التفات نہ کرنا -
صرف نظر نہ کردنی - ضروری -
ناگزیر امر -
صَرفہ - سُود - فائدہ - نفع - کفایت
شعاری -
صرفہ بُردن - نفع حاصل کرنا
فائدہ اٹھانا -
صرفہ جو - کفایت شعار -
صرفہ جوئی - پس انداز کرنا - کفایت
شعاری -
صرفہ داشتن - فائدہ مند ہونا -
صرفہ کاری - احتیاط -
صرّہ - تھیلی - پوٹلی -
صریح - ظاہر - آشکار - نمایاں -
صریحاً - یقینی طور پر - واضح طور پر
صریر - ۱- پرندوں کی آواز - ۲- قلم
کی آواز ؎
(آتے ہیں غیب سے یہ مضامیں خیال میں
غالب صریر خامہ نوائے سروش ہے)

صَریع - گرا ہوا تھکا ماندہ -

ص ع

صَعب - سخت دشوار - مشکل -
صَعب عبور - دشوار گزار -
صعب علاج - سخت بیماری جس
کا علاج مشکل ہو -
صَعق - بجلی کا گرنا - بجلی کا کسی کو
بے ہوش کر دینا -
صعلوک - درویش - محتاج - پریشان
صعوبت داشتن - سخت مشکل
میں ہونا -
صعود کردن - اوپر چڑھنا - بلند ہونا -
صعُود و نزول - اُتار چڑھاؤ -
صَعوہ - ممولا -

ص غ

صغار - جمع صغر کی - چھوٹے -
صِغر - بچپن -
صِغرِ سن - کم عمری - لڑکپن -
صُغریٰ - ۱- چھوٹی بچی - ۲- حضرت

امام حسینؑ کی صاحبزادی کا نام۔

ص ف

صَفّ۔ قطار۔ ردیف۔ لائن۔
صف اندر صف۔ قطار اندر قطار۔
صف جلو۔ اگلی صف۔
صَفا۔ صفائی۔ خلوص۔ خالص۔ پاک
نیز مکہ معظمہ کے نزدیک ایک پہاڑی
کا نام۔
صفات۔ خوبیاں
صفار۔ ٹھٹھیرا۔
صف آرا۔ صفوں کو ترتیب دینے والا۔
صفا دادن۔ خوشنما بنانا۔
صفا کردن۔ لطف اٹھانا۔
صفاہان۔ اصفہان
صف بستن۔ قطار بندی کرنا۔
صفت داشتن۔ باوفا اور حق
شناس ہونا۔
صفحات۔ نواح۔ اردگرد۔
(صفحات شمال پاکستان سر سبز است
پاکستان کے شمالی حصے سر سبز ہیں)
صفدر۔ صف شکن
صف زدن۔ رجوع بہ صف بستن۔
صف شکستن۔ صفوں کو توڑ
پھوڑ دینا۔
صف شکن۔ صفوں کو درہم برہم
کر دینے والا۔
صفحۂ شطرنج۔ شطرنج کی بساط۔
صفحۂ کشتی۔ جہاز کا تختہ۔ عرشہ۔
صفحۂ ساعت۔ گھڑی کا چہرہ۔
صَفرا۔ اخلاط اربعہ میں سے ایک
صفرا بر۔ صفرا کو کاٹ کرنے والی
ترشی یا دوائی۔ لیموں وغیرہ۔
صفراوی۔ منسوب بہ صفرا۔
صفراوی مزاج۔ تند مزاج
صفر کف۔ خالی ہاتھ۔
صف کشیدن۔ فوجوں کا صفوں
میں ہونا۔
صفا منقر دل۔ مخلص۔ باصفا۔
صف نعال۔ آخری صف جہاں
جوتیاں اتارتے ہیں۔
صفورا۔ حضرت شعیب علیہ السلام
کی صاحبزادی کا نام جو حضرت موسیٰ
علیہ السلام کے نکاح میں آئی۔
صفوی۔ منسوب بہ شاہ صفی۔

صفی - خالص - برگزیدہ -
صفیر - پرندوں کی آواز -
صفیر کشیدن - سیٹی بجانا -

ص - ق

صَقّال - صیقل کرنے والا -
صَقر - چرغ - شاہین -

ص - ک

صَکّ - چیک کا معرب - برات ہُنڈی -
صکّاک - دستاویز لکھنے والا -

ص - ل

صَلا - عام - دعوت -
صلای عام - وہ دعوت جس میں ہر کوئی شامل ہو سکے - ع
(صلای عام ہے یارانِ نکتہ داں کے لئے)
صلابت - سختی - استواری - مضبوطی
صلات - صِلہ کی جمع -
صلاحیت - شائستہ ہونا - نیک ہونا -
صلاحیت دار - ۱ - شائستہ - ۲ - صالح - ۳ - لائق فائق - قابل -
صلاح حال - حال کے مناسب -
صلاح دولت - گورنمنٹ کیلئے مفید
صلاح سمرقندی - دعوت عام -
صلاح وقت - وقت اور موقع کے مناسب
صلاح دید - بصیرت - دانائی -
صلابہ - سِل بٹّہ -
صلابہ کردن - کوٹنا - پیسنا -
صَلب - سولی دینا -
صُلب - پیٹھ کی ہڈی - نسبت پدری - پیٹھ کے مہرے -
صُلبی - نسل سے -
صلحا - صالح کی جمع - نیک متقی لوگ -
صلحنامہ - وہ دستاویز جس پر صلح کی شرائط مندرج ہوں -
صلح خانہ - بوچڑ خانہ
صلح درُون - دو گروہوں میں صلح کرانے کی خاطر دعوت دینا -
صلح دوست - صلح خواہ -

صلح کُل ۔ بے تعصب
صلح موقتی ۔ عارضی صلح ۔
صلحیہ ۔ صلح و آشتی کی جگہ ۔
صلصال ۔ والی مٹی ۔
صلصل ۔ فاختہ
صلع ۔ گنجا ہونا
صلوٰۃ ۔ دُعا و درود ۔ رحمت
صلوٰۃ فرستادن ۔ پیغمبر پاک پر درود بھیجنا ۔
صلہ دادن ۔ انعام دینا ۔
صِلہ رحم ۔ اپنے عزیزوں اور رشتہ داروں کی خبر گیری کرنا ۔
صلیب ۔ سُولی ۔
صلیب سرخ ۔ ہلال احمر ۔ ریڈ کراس ۔
صلیبی ۔ عیسائیت سے مربوط یہ نصاریٰ ۔

ص ۔ م

صم ۔ بہرہ ۔
صماخ ۔ کان کا سُوراخ ۔
صَمت ۔ خاموشی ۔
صَمد ۔ بے نیاز صفت خداوند تعالیٰ ۔
صَمصام ۔ تیز تلوار ۔
صُمغ ۔ گوند ۔
صمیم ۔ خالص ۔
صمیم قلب ۔ دل کی گہرائی سے ۔
صمیمی ۔ حقیقی ۔ واقعی ۔
صمیمیت داشتن ۔ گہری اور خاص دوستی کا ہونا ۔

ص ۔ ن

صَنادید ۔ صندید کی جمع ۔ قوم کے بزرگ ۔ خاندان کے سربراہ ۔
صُنّاع ۔ کاریگر ۔ صانع کی جمع ۔
صناعات ۔ گھریلو دستکاریاں ۔
صَناعت ۔ ہُنر ۔ کاریگری ۔
صنائع وطنی ۔ گھریلو یا ملکی دستکاریاں
صندلی تاشو ۔ فولڈنگ کرسی ۔
صندلی دستہ دار ۔ بازو والی کرسی
صندلی راحتی ۔ آرام کرسی ۔
صندوق آرا ۔ ووٹ ڈالنے والا بکس ۔
صندوق پست ۔ لیٹر بکس ۔

صندوقچہ سرکسی بُودن ۔ کسی کا راز داں ہونا ۔
صندوق دار ۔ کیشیئر ۔ خزانچی ۔
صندید ۔ بزرگ ۔
صُنع ۔ کاریگری
صنعان ۔ ایک مشہور و معروف بزرگ کا نام جن کے سینکڑوں مریدانِ باصفا تھے ۔ ایک وقت ایسا بھی آیا کہ ایک نصاریٰ لڑکی پر عاشق ہو کر وہ گمراہ ہو گئے ۔ اور مدتوں سؤر چراتے پھرے اور پھر تائید غیبی سے راہِ ہدایت پر آ گئے ۔
صنعت کار ۔ کاریگر ۔ ہنرمند
صَنف ۔ قسم ۔ نوع
صنم ۔ بُت ۔ معشوق ۔
صنما ۔ اے صنم ۔ ع
(صنمارہِ قلندر سزد ار بمن نمائی)
صنم پرست ۔ بُت پرست
صنم کدہ ۔ بت کدہ ۔ ع
(صنم کدہ ہے یہاں لا الٰہ الا اللہ)
صنعت ۔ نیکی ۔ احسان ۔

ص ۔ و

صواب ۔ صحیح ۔ درست ۔ راستی
صواب اندیش ۔ نیک اندیش ۔
صوابدید ۔ موافقت ۔ صلاح مشورہ
صواعق ۔ صاعقہ کی جمع ۔ بجلیاں ۔
صوامع ۔ صومعہ کی جمع ۔ گرجے ۔
صَوب ۔ طرف ۔ جانب ۔
صوت ۔ آواز ۔ راگ
صُوَر ۔ صُورت کی جمع
صورِ اسرافیل ۔ وہ صور جس کے پھونکنے پر قیامت بپا ہو گی ۔
صورت اوقات ۔ ٹائم ٹیبل
صورت برداشتن ۔ فہرست بنانا ۔
صورت بند ۔ نقاش ۔ فوٹوگرافر ۔
صورت بہ بیں حالش مپرس
ع معنی خامشی سمجھ صورتِ خامشی نہ دیکھ
صورت پرست ۔ ظاہری حسن و صورت اور شکل کی پرستش کرنے والا ۔
ع صورت نہ پرستم من بت خانہ شکستم من
صورت حساب ۔ بل ۔
صُورت دادن ۔ اصلاح کار کرنا ۔
صورت گر ۔ نقاش ۔

صورت نویس - فہرست مرتب کرنیوالا -
صور سحرگاہی - صبح کی آہیں -
صور نیم شبی - آدھی رات کی آہ -
صُوَری - ظاہری -
صوف - پشم - اُون -
صوف کہنہ می شود اما پایانہ نمی شود
رجوع کریں از اسب افتادہ ام -
صُوفی - پشم پوش - دنیاوی آلائشوں
سے پاک وصاف ؎
(صوفی ابن الوقت باشد ای رفیق
نیست فردا گفتن از شرط طریق)
صوفی منش - پارسا - پرہیزگار
صولت - رعب داب - دبدبہ -
صوم داشتن - روزہ رکھنا -
صومعہ - گرجا - دیر -
(بہ قمار خانہ رفتم ہمہ پاکباز دیدم
چوں بہ صومعہ رسیدم ہمہ یافتم دغائی)
صَہب - کمیت رنگ
صہبا - شراب
صہبای خام - خاص شراب -
صَہبائی - شراب خور -
صِہر - داماد - بہنوئی -
صہیب - رسول پاک صلے اللہ علیہ وسلم
کے ایک صحابی کا نام ہے -
صَہیل - گھوڑے کا ہنہنانا -

ص ی

صیاد - ۱-شکاری - ۲-معشوق -
ع۔ در دام ماندہ باشد وصیاد رفتہ باشد)
صیاد را نیز صیاد است ؎
(نہ کر سختیاں زیر دستوں کیساتھ
کہ تیرے بھی ہے ہاتھ پر کوئی ہاتھ)
صیام - روزے
صیانت - حفاظت - نگہبانی
صِیت - شہرت - نام ونمود -
صیحہ زدن } فریاد کرنا -
صیحہ کشیدن } واویلا کرنا -
صید را چوں اجل آید پی صیاد
رود - گیدڑ کی جب موت آتی ہے
تو وہ شہر کا رُخ کرتا ہے -
صید کردن - شکار کرنا -
صیدگاہ - شکارگاہ
صیغہ کردن - وقتی طور پر شادی کرنا
صیغہ خواندن - نکاح پڑھانا -
صَیف - گرمی - ؎

(تا چہ خورم بہ صیف و چہ پوشم بہ شتا
عمر عزیز اسی ادھیڑ بن میں گزر
گئی کہ گرمیوں میں کیا کھائیں گے -
اور سردیوں میں کیا پہنیں گے)

صیقل - چمکانا - زنگ دور کرنا -

صیقلی کردن - صیقل کرنا -
(ہمچو آہن گرچہ تیرہ ہیکلی
صیقلی کن صیقلی کن صیقلی)

ض

ض - ا

ضابط - ترقی کرنے والا سرکاری افسر
نیز کوتوال شہر -

ضابطہ - قاعدہ - قانون

ضابطان - ضابط کی جمع - دیکھو ضابط

ضاجر - آزار دینے والا -

ضاحک - ہنسنے والا

ضارب - مارنے والا اور ضرب
لگانے والا -

ضاربین - جمع ہے ضارب کی،
دیکھئے ضارب اوپر -

ضال - گمراہ - بھٹکا ہوا -

ضالہ - کھوئی ہوئی چیز -

ضامن - ضامن دینے والا -

ضامن را بدل ضامن گیرند -
ضامنی گھر باپ کا ضامن نہ
ہووے باپ کا -

ضایعات - نقصانات -

ضایعہ - تلف شدہ -

ض - ب

ضبّاط - ریکارڈ کیپر -

ضبط صوت - آواز کا ریکارڈ کرنا -

ض - ج

ضَجر - بیزار کرنا -

ضُجرت - دل تنگی - بددعا -

ض - ح

ضحّاک - بہت ہنسنے والا - ایک ظالم

اور خونخوار۔ نیز ایران کے ایک ظالم وستمگر بادشاہ کا نام جس کے ظلم وستم سے تنگ آکر لوگوں نے علم بغاوت بلند کیا اور اس نے فریدوں سے شکست کھائی۔
ضحک ۔ ہنسی ۔ خندہ ۔
ضحیٰ ۔ پہر دن چڑھنے کا وقت ۔
ضحیہ ۔ قربانی کا جانور ۔

ض ۔ خ

ضخامت ۔ موٹاپا ۔ جسامت
ضخیم ۔ ہٹا کٹا ۔ موٹا ۔

ض ۔ د

ضِد ۔ برخلاف ۔ بالعکس ۔
ضِد سم ۔ تریاق ۔
ضدِ عفونتی ۔ جراثیموں کو مارنا ۔
D.D.T
ضد گوئی ۔ متناقض باتیں ۔
ضد ونقیض ۔ نادرست ۔ انمل بے جوڑ ۔

ضِدیت ۔ مخالفت ۔ دشمنی ۔

ض ۔ ر

ضرّاب ۔ سکّہ زن ۔
ضراب خانہ ۔ ٹکسال ۔
ضرار ۔ باہم تکلیف پہنچانا ۔ نیز مدینہ منورہ میں ایک مسجد کا نام جسے منافقوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ستانے کے لئے بنایا ۔ اور جسے بالآخر حکم خداوندی سے گرایا گیا ۔
ضراعت ۔ زاری ۔ عاجزی ۔
ضرب الحبیب زبیب ۔
(ایسے ہوتے ہیں بھلا کسی کے نصیب جو بلا نازل کرے اس کا حبیب)
ضرب خانہ ۔ رجوع بہ ضراب خانہ
ضرب خوردن ۔ چوٹ کھانا ۔
ضرب دیدن ۔ زخمی ہونا ۔
ضرب زدن ۔ چوٹ لگانا ۔
ضرب ضرب اوّل است ۔
لڑائی میں جو بھی وار کرنے میں پہل کرے فائدے میں رہتا ہے ۔

ضرب کردن - ضرب دینا -
ضرب المثل - کہاوت
ضرّابان - چکی کے دو پاٹ -
ضربانِ قلب - دل کی دھڑکنیں -
ضربت خوردن - زخم کھانا -
ضربت زدی ضربت بخور
اب وار سہنے کے لئے تیار ہو جاؤ -
ضرر رساندن } نقصان پہنچانا -
ضرر زدن } ״
ضرر کردن - خسارہ پڑ پہنچنا -
ضرر کشیدن - خسارہ اٹھانا -
ضرر اگر نفتن سود است -
نقصان سے بچنا بھی گویا منافع ہوتا ہے -
ضرر رسان - نقصان پہنچانے والا -
ضِرس - داڑھ
ضِرغام - شیر درندہ -
ضَریح - قبر - مرقد
ضریح مقدس - پیغمبروں اور اماموں کے مقدس مزارات -
ضریر - اندھا - نابینا -
ضِعف - دگنا -
ضُعف - کمزوری -

ضعفا - ضعیف کی جمع - کمزور لوگ -
ضعف رفتن } غش کھانا -
ضعف کردن } بیہوش ہو جانا -
ضعیف بنیہ - کمزور - لاغر و ناتوان -
ضعیفہ - ناتوان بڑھیا - نیز ان پڑھ اور نادان و کودن عورت کو بھی کہتے ہیں -
ضغط - تنگی - سختی -
ضغطہ - بھینچنا -
ضغنی - کینہ - حسد -
ضِغنیہ - رجوع بہ ماقبل -
ضِلّ - گمراہ -
ضَلال - گمراہی - ہلاکت - ۲ - ضائع ہونا -
ضلالت - گمراہی -
ضالّت - رجوع بہ ماقبل -
ضِلّیل - بھٹکا ہوا - گمراہ -

ض - م

ضمّ - ملانا یا وہ حرکت جسے ہم پیش کہتے ہیں -
ضِماد - لیپ - پلٹس - ٹکور -

ضمان - ضامن ہونا - کفالت کرنا -
ضماندار - کفیل - ضامن -
ضمائم - ضمیمہ کی جمع - اضافے -
ضمائر - ضمیر کی جمع - دل - چیزیں
ضم ضمیمہ - ایک چیز کو دوسری چیز
سے پیوست کرنا -
ضمناً - اس ضمن میں -
ضمیر متصل - ساتھ ملی ہوئی چیزیں
جیسے ش - شان - ت - تان - م
مان - کتابش - کتابشان -
کتابت - کتابتان - کتابم اور
کتابمان وغیرہ -
ضمیر منفصل - الگ ضمیریں - جیسے
او - ایشان - تو - شما - من - ما -
ضمیمہ - تتمہ - اضافہ -
ضمیمہ شدن - اضافہ ہونا -
آمیزش ہونا -

ض - و

ضو - روشنی -
ضوابط - ضابطے - قاعدے - قوانین
ضیا - روشنی - چمک -

ضیاع - کھو دینا -
ضیغم - شیر - درندہ
ضیف - مہمان
ضیق - تنگی - سختی -
ضیق معیشت - رزق کی تنگی -
ضیق النفس - سانس کی تنگی -
دمہ کا مرض -
ضیق مجری - پیشاب کی نالی کی تنگی -
ضیق وقت - وقت کی تنگی -

ط

ط - ا

طابع - طبع کنندہ - چھاپنے والا -
نیز مہر یا سر بمہر -
طاحنہ - داڑھ
طاحونہ - پن چکی -
طارق - رات کو آنے والا - صبح
کا ستارہ - نیز نوجوان فاتح سپین
کا نام جس نے عنفوان شباب
میں ہسپانیہ کی سرزمین کو فتح کیا -
جبل الطارق یا جبرالٹر اسی کے

نام سے منسوب ہے۔ ع۔
طارق چو برکنارۂ اندلس سفینہ سوخت
طارَم } لکڑی کی عمارت جس پر
طارُم } گنبد نما چھت ہو۔
۲۔ انگوروں اور بیلوں کے
چڑھانے کی ٹٹی۔
طاری۔ درختوں کی شاخوں سے
بنایا ہوا مکان جس میں گرمیاں
بسر کی جاتی ہیں۔
طارم اخضر } آسمان
طارم خضرا } ″
طارم نیلگون } ″
طاس۔ طشت۔ بڑا تھال۔ نیز
مزاح سے گنجے سر کو بھی کہتے ہیں۔
طاس آبگون۔ آسمان۔
طاس باز۔ مداری۔ شعبدہ گر۔
طاس حمام۔ بہت بڑا لگن۔
طاس زر۔ سُورج۔
طاس گرفتن۔ پانسے پھینکنا۔
طاس گم شدن۔ کان پڑی آواز
کا سنائی نہ دینا۔
طاعات۔ عبادات
طاعِن۔ طعنہ دینے والا۔

طاغوت۔ بُت۔ شیطان۔ جادوگر۔
سرکش باغی۔
طاق۔ اکیلا۔ فرد۔ نیز محراب۔
طاق باز۔ چت لیٹا ہوا۔
طاق باز خفتن۔ چت لیٹ کر سوتا۔
طاق بستن۔ محراب بنانا۔
طاق نیلوفری۔ آسمان ع۔
بکوہش تکن طاق نیلوفری را
طاق لاجوردی۔ آسمان۔
طاق مُقرنس۔ آسمان۔
طاق شدن۔ جواب دے جانا جیسے
طاقتم طاق شد۔ میری ہمت جواب
دے گئی۔
طاقت آوردن۔ قوت برداشت
پیدا کرنا۔
طاقت فرسا۔ قوت کم کرنے والا۔
طاقہ۔ تھان (رچل طاقہ ما ہوت)
طاقدیس۔ تخت کسریٰ
طاق نصرت۔ جو محرابیں فتح کے
موقع پر بنائی جائیں۔
طالب۔ چاہنے والا۔ مُرید۔
طالبی۔ خربوزے کی ایک قسم۔
طالح۔ صالح کا اُلٹ۔ بدکار ہے

صحبتِ صالح ترا صالح کند
صحبتِ طالح ترا طالح کند

طاق یا جفت - بچّوں کا ایک کھیل جس میں وہ چیز کو مٹھی میں بند کر کے دُوسرے سے پوچھتے ہیں کہ طاق ہے یا جُفت -

طالع - بخت - اقبال - ستارہ - طلوع کرنے والا -

طالع بین - نجومی - رمال -

طالع شناس - رجوع بہ ماقبل

طالق - طلاق یافتہ عورت -

طالوت - بنی اسرائیل سے ایک بڑے سردار کا نام جس کی شکست پر حضرت داوُد علیہ السلام حکمران بنے -

طامات - خرافات - شیخی - جھوٹ -

طامع - طمع کار - لالچی

طاؤس - مور -

طاؤس عرش - حضرت جبرئیل علیہ السلام

طاؤسی - زرد رنگ کا ایک پھول

طاہر - پاک - پاکیزہ -

طائر - پرندہ -

طائران - پرندے -

طائرانِ خوش نوا - عمدہ چہچہانے والے پرندے -

طائرانِ قدس - فرشتے -

طائرِ قدس - حضرت جبرئیل علیہ السلام

طائرِ سدرہ - ~~

طائرِ قدسی - فرشتہ - پاک رُوح -

طائف - عرب کے ایک زرخیز مقام کا نام جو مکہ معظمہ کے قریب ہے -

طائفہ - گروہ - جماعت -

طائیؔ - منسوب بہ قبیلہ طے - حاتم طائی اسی قبیلے سے تھا -

طب

طِب - صحت کو برقرار رکھنے اور مرض کے علاج معالجے کا علم -

طبابت - فنِ طب - ڈاکٹری

طبّاخ - باورچی

طبّاخی کردن - باورچی گیری کرنا - کھانا پکانا -

طباشیر - تباشیر - ایک مشہور دوائی

طباشیرِ صبح - صبح کی سفیدی -

طباطبائی - جو حسب و نسب کے لحاظ

سے حضرت علیؓ کے خاندان سے ہو۔
طباع ۔ طبیعتیں
طباعت ۔ چھپوائی۔
طباق ۔ طبقے ۔ تہیں ۔
طباق الاعداد ۔ متضاد الفاظ کو ہم
لانا جیسے سیاہ و سفید ۔ سرد و
گرم ۔ خشکی و تری ۔
طَبال ۔ طبل زن ۔ نقارچی ۔
طبائع ۔ طبیعتیں ۔
طبخ ۔ پکانا ۔
طبر ۔ رجوع بہ تبر ۔
طبع کردن ۔ چھاپنا ۔
طبیعاً ۔ طبع کے مطابق ۔
طبق ۔ سینی ۔ طبقے ۔ مطابق ۔ دستور
طبق زدن ۔ چپٹی کھیلنا ۔
طبق کش ۔ خوانچہ والا
طبقہ بندی ۔ درجہ بندی ۔
طبل ۔ ڈھول ۔ نقارہ ۔
طبل از زیر گلیم برآمدن ۔
راز کا فاش ہونا ۔
طبلچی ۔ نقارچی
طبل امان زدن ۔ امان چاہنا ۔
پناہ مانگنا ۔

طبل خور ۔ مفت خورہ ۔ پیٹو ۔
طبل تہی ۔ ڈھول کا پول ۔
طبل دریدہ شدن ۔ فاش ہونا
طبل رسوائی زدن ۔ اپنی رسوائی ظاہر کرنا ۔
طبل زیر گلیم زدن ۔ آشکارا بات
کو چھپانے کی کوشش کرنا ۔
طبل نواز ۔ طبلہ بجانے والا ۔
طبیب ۔ حکیم ۔ معالج ۔
طبیب شار لاتان ۔ نیم حکیم ۔
اناڑی حکیم ۔
طبیعی ۔ فطرتی ۔

ط ۔ پ

طپانچہ ۔ پستول
طپاندن ۔ ٹھونس کر بھرنا ۔
طپیدن ۔ تپنا ۔

ط ۔ ح

طحال ۔ تلی
طحّان ۔ آسیابان ۔ آٹا
پیسنے والا ۔

ط-ر

طرّاح - نقشہ نویس - خاکہ بنانے والا -
طرّاحی - نقاشی -
طرّار - دغاباز - فریبی -
طرح - نقشہ - خاکہ - وضع -
طرح افگندن - بنیا درکھنا -
طرح افشاندن - رجوع بہ ماقبل
طرح انداختن - بنیا درکھنا -
طرح برداشتن - نقل کرنا -
طرح ریختن - بنیا درکھنا -
طرب انگیز - مسرّت آنگیز - خوشی کو بڑھانے والا -
طرح کردن - بنیاد قائم کرنا -
طرخان - رئیس و شریف -
طرد کردن - دھکیلنا - دُور کرنا - برطرف کرنا -
طرف - کنارہ - گوشہ -
طرف بستن - فائدہ اٹھانا -
طرف بودن - رقیب یا دشمن ہونا
طرفۃ العین - پلک کا جھپکنا - لمحہ
طرفداری کردن - حمایت کرنا -
طرف شدن - مدمقابل ہونا -
طرفگی - نرالا تماشہ - نرالی چیز
طرفیت داشتن - مخالفت کرنا -
طرف مثبت - مثبت پہلو -
طرف منفی - منفی پہلو
طرفین - دونو طرف -
طُرق - جمع طریق کی - راستے -
طُرّہ - زلف -
طُرّہ بازی - بچوں کے ایک کھیل کا نام ہے جسے پنجابی میں کوڑلہ چھپاکی کہتے ہیں -
طریق - راہ - جادہ - ع
درطریق عشق اول منزل است
طریقت - درویشی کے کمالات میں سے ایک مرحلہ جو شریعت کے بعد آتا ہے - ع
طریقت بجز خدمت خلق نیست
ہ میاش درپی آزار وہرچہ خواہی کن
کہ درطریقت ماجزازین گناہی نیست)

ط-ش

طشت - بڑا تھال -

طشتِ خون - آسمان -
طشت ازبام افتادن - کسی کا بھانڈا پھوٹ جانا - راز فاش ہوجانا -
طشت زر - سورج -
طشتِ طلا بر سر بگیر د برو - مراد ہے کہ رستے بالکل محفوظ ہیں -

ط - ع

طعم - چکھنا -
طعمہ - غذا یا دانہ جو شکار کو دیا جاتا ہے - ع -
طعمہ ہر مرغکی انجیر نیست - یہ منہ اور مسور کی دال -

ط - غ

طغرا - خط طغرا - شاہی مہر -
طغیان کردن } سرکشی کرنا
طغیان نمودن } بغاوت کرنا -
طغرہ زدن - گریز کرنا - پہلو تہی کرنا -
طغرہ زن - ٹال مٹول کرنے والا
طغرہ محال بودن - ناممکن ہونا -

ط - ف

طفلانہ - بچگانہ -
طفلک - طفل سے اسم تصغیر - بچونگڑا -
طفلِ شب - چاند -
طفلِ مکتب - نوآموز - ناتجربہ کار
طفلِ ہندو - آنکھ کی پتلی -
طفولت - بچگی
طفولیت - بچپن
طفیلی - مفت خور -

ط - ق

طقطق - ٹک ٹک -

ط - ل

طلا - سونا -
طلاشوی - نیاریا -

طلای احمر۔ سُرخ سونا۔
طلای دست افشار۔ خسرو پرویز کے خزانہ کا وہ سونا جو موم کی طرح نرم تھا اور دبانے سے پچک جاتا تھا۔
طلای ناب۔ خالص سونا۔
طِلایہ۔ رات کو حفاظت کرنے والی فوج۔
طلب گار۔ قرض خواہ۔
طلبیدن۔ بلانا۔ مانگنا۔ طلب کرنا۔
طلح۔ ۱۔ کھجور کا شگوفہ۔ ۲۔ کیلے کا پودا۔
طَلحہ۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک ممتاز صحابی کا نام۔ جو عشرہ مبشرہ میں گنے جاتے ہیں۔
طلسم۔ عجیب وغریب کھیل۔ جنتر منتر
طلسمات۔ طلسم کی جمع ہے۔
طلسم افتادن۔ کام میں رکاوٹ آجانا
طلسم شکستن۔ کام کی رکاوٹ کا دور جانا۔
طِلعت۔ رُخ۔ چہرہ
طلل۔ کھنڈرات
طلوع کردن۔ ظاہر ہونا۔

دکھائی دینا۔
طمّاع۔ بڑا لالچی۔
طماعت۔ لالچ۔
طمانیت۔ اطمینان۔ تسلی۔
طمطراق۔ شان وشوکت۔ کرّوفر
طمع راسہ حرف است ہر سہ تہی
آدھی چھوڑ ساری کو جاوے۔
آدھی ملے نہ ساری پاوے۔
طمع خام۔ ۱۔ مفت خور۔ ۲۔ سخت لالچی۔ ۳۔ محال چیزوں کی تمنّا۔

ط۔ ن

طناب۔ رسی۔ ڈوری
طناب انداختن۔ پھانسی دینا
طناب بستن۔ رسی سے باندھنا۔
طناب خوردن۔ رسی سے ناپے جانا
طناز بودن۔ شوخ ہونا۔
طنازی داشتن۔ شوخی و دلربائی کرنا۔
طنطنہ۔ ہیاہو۔ شور وغل۔ کروفر
طنطور۔ ٹنکچر
طنین۔ جھنجناہٹ۔ سخت آواز۔

طنین انداز بودن } آواز کا برگشتہ ہونا
طنین انداز شدن } لوٹ کر آنا ۔

ط ۔ و

طواف کردن ۔ گرداگرد گھومنا ۔
طوّاف ۔ پھیری والا ۔
طوائف ۔ طایفہ کی جمع ۔ ملاحظہ ہو طایفہ ۔
طُوبیٰ ۔ ۱ ۔ خوبی ۔ ۲ ۔ خوشی ۔ ۳ ۔ مژدہ ۴ ۔ بشارت ۔ نیز بہشت کے ایک درخت کا نام ۔
طوبیٰ قامت ۔ خوش قد ۔ محبوب ۔
طور ۔ حالت ۔ روش ۔ حال ۔ حال شما چہ طور است ۔ آپ کے مزاج کیسے ہیں ؟
طور سینا ۔ فلسطین کے ایک مشہور پہاڑ کا نام ۔ جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ سے ہمکلام ہونے کا شرف حاصل ہوا ۔
طُوس ۔ معرب توس ۔ موجودہ مشہد ۔ یہی جگہ فردوسی کی مولد و منشا تھی ۔
طوسی ۔ منسوب بہ طوس جیسے فردوسی طوسی ۔
طوطی مقال ۔ فصیح
طوطی وار ۔ بے سوچے سمجھے رٹ لینا طوطے کی طرح ۔
طوطیا ۔ نیلا تھوتھا ۔
طوع ۔ میل و رغبت ۔ اطاعت ۔
طوعاً ۔ رضا و رغبت سے ۔
طوعاً و کرہاً ۔ چار و ناچار ۔ مجبوراً
طوق ۔ گردن بند ۔ پٹہ ۔
طوق بندگی ۔ غلامی کا طوق
طوق گلو افشار ۔ گلا گھونٹ دینے والا طوق ۔
طوق لعنت بگردن آویختن ۱ ۔ کسی بُرے کام بیڑا اٹھانا ۔ ۲ ۔ شادی کرنا ۔ ۳ ۔ ضمانت دینا ۔
طول امل ۔ اُمید کی درازی ۔ حرص دنیا ۔
طول کشیدن ۔ بات کا یا معاملے کا لمبا ہو جانا ۔ تاخیر ہو جانا ۔
طول کلام ۔ بات کا لمبا ہونا ۔ بیہ حرص ۔ فضول و لغویات
طولانی ۔ دراز ع

نما مختصر سی ہے مگر تمہید طولانی
طومار۔ لپٹا ہوا بنڈل
طومار نویس۔ منشی مصدی۔ پٹواری
طہارت۔ پاکیزگی۔ پاکدامنی
وضو
طہارت گرفتن۔ استنجا کرنا۔
طہماسپ۔ ایران قدیم کے ایک مشہور بادشاہ کا نام۔
طہورث۔ پیشداری خاندان کے تیسرے بادشاہ کا نام۔
طہور۔ پاک کرنے والا۔

ط ۔ ی

طی۔ ۱۔ جانا۔ ۲۔ دوران۔ ۳۔ ایک قبیلہ کا نام۔ مشہور سخی حاتم اسی قبیلہ سے تھا۔
طی طریق۔ راہ کا طے کرنا۔
طی مذاکرات۔ مذاکرات کے دوران
طیار۔ بہت اڑنے والا۔ نیز حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ابن ابی طالب کا لقب تھا۔
طیارہ۔ ہوائی جہاز۔
طیب۔ خوشی۔ رضا
طیب خاطر۔ اپنی خوشی اور رغبت سے
طیب۔ پاک۔ حلال
طیبہ۔ مدینہ منورّہ
طیر۔ پرندہ
طیرہ۔ سبکی۔ خفت۔ ندامت
طیران کردن۔ پرواز کرنا۔
(ہواپیما بہ طیران آمد۔ ہوائی جہاز اُڑ گیا)
طیلسان۔ چادر جو اکثر قاضی اور خطیب کندھے پر ڈالتے ہیں۔
طینت۔ سرشت۔ خصلت۔ خمیر
طی نکردہ گز مکن۔ پہلے بات کو تولو پھر منہ سے بولو۔
طیور۔ طیر کی جمع۔ پرندے۔
طیور شناس۔ پرندوں کی عادات اور انواع کو جاننے والا۔

ظ

ظ ۔ ا

ظافر۔ ظفریاب۔ فتح مند

ظالمان و ظالمین - ظلم کرنے والے ستمگار -
ظالمی کردن - نا انصافی کرنا -
ظاہر کردن - کھول کر رکھ دینا -
ظاہر از شیخ و باطن از شیطان
بغل میں چھری منہ میں رام رام -
ظاہر بین - چیزوں کی ظاہری حالت کو دیکھنے والا -
ظاہر ساز - آرائش کرنے والا
ظاہر سازی کردن - ایسی بات کرنا جس کی مطلقاً کوئی تحقیقات نہ ہو -
ظاہر فریب - ریاکار - منافق -

ظ ۔ ر

ظرافت - خوش طبعی - زیرکی - بذلہ سنجی -
ظرافت آتش افروز جدائی است
لڑائی کا گھر ہنسی - روگ کا گھر کھانسی -
ظرائف - ظریفہ کی جمع -
ظرف - برتن - حوصلہ - دانائی -
ظرف ظرف مس است و نان نان گندم - برتنوں میں اور اناج میں سب سے اعلیٰ دو نو ہیں -
ظرفا - ظریف کی جمع -
ظریف حریف خود را می تواند دید - پیشہ ور کو پیشہ ور سے رقابت ہوتی ہے -

ظ ۔ ف

ظفرمند - کامیاب - فتح یاب
ظفر یافتن - فتح پانا - ع
ظفر یافت موری بر سلیمانی ظفر
ظفر - ناخن -

ظ ۔ ل

ظِلّ - سایہ - سرپرستی -
ظل اللہ / ظل الٰہی - خدا کا سایہ - اسلامی بادشاہوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے
ظلال - سایہ - سرپرستی
ظل طلیل - لمبا سایہ - ہمیشہ رہنے

والا سایہ۔
ظُلمات۔ تاریکیاں۔ نیز ایک سمندر کا نام۔
بحرِ ظلمات میں دوڑا دیئے گھوڑے ہم نے
ظلمتِ شب۔ رات کی تاریکی۔
ظلم و شاہی چراغ دباداست۔ ظلم اور بادشاہت دو متضاد چیزیں ہیں۔ مراد ہے کہ ظالم حکمران کی حکومت ناپائیدار ہوتی ہے۔
ظلوم۔ سیاہ کار۔ ظالم۔ ستمگر۔

ظُہر۔ زوالِ آفتاب۔ دوپہر کے بعد کا وقت۔
ظہر نویس۔ ہنڈی یا چیک کے نیچے لکھنے والا۔ یا تصدیق کرنے والا۔
ظہور یافتن۔ ظاہر ہونا۔ واقع ہونا۔
ظہُوری۔ فارسی کے مشہور و معرُوف شاعر کا تخلص۔ ساقی نامہ اور سہ نثر ظہوری اسی کی تصنیفات ہیں۔ وہ بیجاپور کے دربار سے منسلک تھا۔

ظ۔ن

ظن۔ گمان۔
ظن بردن۔ گمان کرنا۔
ظن غالب۔ وہ قیاس جو یقین کے لگ بھگ ہو۔
ظنون۔ جمع ہے ظن کی۔
ظنین شدن۔ بدگمان ہونا۔

ظ۔ہ

ظہر۔ پشت۔ پیٹھ۔

ع

ع۔ا

عابد۔ عبادت کرنے والا۔
عابدہ۔ عبادت کرنے والی عورت
عابر۔ رہرو۔ مسافر۔ راہگیر۔
عابرین۔ عابر کی جمع۔ عابر ملاحظہ کریں۔
عاج۔ ہاتھی دانت۔
عالبس۔ ترش رُو۔

عاجزانہ عجز و ناچاری کے باعث
عاج ساز۔ ہاتھی دانت کا کام کرنے والا۔
عاجل۔ تیز۔ ناپائدار
عاجلاً۔ تیزی و تندی سے۔
عاد۔ حضرت ہود علیہ السلام کی قوم کا نام جو بہت متکبر اور سرکش لوگ تھے۔ آخر ایک آندھی سے ہلاک ہوئے۔
عادت دادن۔ عادی بنا لینا۔
عادت طبیعت ثانوی است
ع جو عادت ہو گئی پکی تو اس کا چھوٹنا مشکل
عادت گرفتن۔ عادی ہو جانا۔
عادل۔ انصاف پسند۔ دادگر۔
عادلانہ۔ عدل پر مبنی۔
عادم۔ نابود کرنے والا۔
عادی۔ عام۔ معمولی۔ عادت کے مطابق۔
عاذل۔ لعنت ملامت کرنے والا۔
عارض۔ گال۔ رخسار۔ نیز شکایت کرنے والا۔
عارض افروختن۔ غصے میں چہرے کا تمتمانا۔
عارض سیمیں۔ گورے گال
عارض شدن۔ شکایت کرنا۔ نالش کرنا۔ تیز رو نما ہونا۔ واقع ہونا۔
عارضہ۔ واقعہ۔ حادثہ۔
عارضین۔ عارضان۔ عرضی دہندگان۔
عارف۔ مرد حق۔ اہل سلوک وغیرہ۔
سر خدا کہ عارف سالک بکس نگفت
در حیرتم کہ بادہ فروش از کجا شنید)
عارف بذات شو نہ بہ دلق۔ قلندری اور درویشی کا تعلق دل سے ہے۔ ظاہری درویشانہ لباس سے نہیں۔
عاری۔ برہنہ۔ ننگا۔
عاریت۔ مانگی ہوئی چیز۔
عاریت گرفتن۔ اُدھار لینا۔ مانگ کر لینا۔
عازم۔ عزم کرنے والا۔
عاشر۔ دسواں۔
عاشقم لبیک تا کنار بام۔

دُودھ پینے والا مجنوں ہوں ۔ نہ
خون دینے والا۔
عاشورہ ۔ محرم کی دسویں جو حضرت
امام حسینؓ کی شہادت کا روز ہے
عاصفہ ۔ سخت آندھی۔
عاصم ۔ نگاہ رکھنے والا ۔ حامی ۔
عاصمہ ۔ پایہ تخت ۔ دارالسلطنت ۔
عاصی ۔ گنہ گار۔
عاصی شدن ۔ تنگ آجانا ۔ گناہ
کرنا ۔ بغاوت و سرکشی کرنا۔
عاطر ۔ خوشبو لگانے والا۔
عاطف ۔ مہربان
عاطفت ۔ مہربانی ۔ عنایت ۔
عاطفہ ۔ رحم ۔ مہربانی ۔ محبت ۔
رقت ۔ عمدہ احساس و جذبہ ۔
عاطل ۔ بے کار ۔ بے اثر و رسوخ ۔
عافیت ۔ سلامتی ۔ تندرستی ۔
خوش بختی ۔
عاق ۔ نافرمان بیٹا جسے ماں باپ
وراثت سے محروم قرار دیدیں ۔
عاق شدن ۔ رجوع بہ ماقبل ۔
عاقبت ۔ آخر ۔ انجام ع
(الٰہی عاقبت محمود گرداں)

عاقبت الامر ۔ آخر کار ۔
عاقبت اندیش ۔ انجام کی سوچنے والا ۔
عاقبت خیر بہ از حالت خیر ۔
۱ ۔ انت بھلا کر بھلا ۔ ۲ ۔ کام
وہ اچھا ہے جس کا کہ مآل اچھا ہے ۔
عاقبت بین ۔ رجوع بہ عاقبت اندیش
عاقبت جوئندہ یابندہ بود ۔
۱ ۔ ڈھونڈنے والا آخر پا ہی لیتا
ہے ۔ ۲ ۔ ڈھونڈنے والے کو ہم
دنیا بھی نہیں دیتے ہیں ۔
عاقبت گرگ زادہ گرگ شود ۔
بھیڑیئے کا بچہ آخر کار
بھیڑیا ہی ہوتا ہے ۔
عاقد ۔ عقد کرنے والا ۔ عہد کرنے والا ۔
عاقر ۔ بانجھ عورت ۔
عاقل مرد ۔ دانا و تجربہ کار آدمی ۔
عاقل را یک اشارہ بس است
عقل مند کے لئے ایک اشارہ
ہی کافی ہوتا ہے ۔
عاقلان ۔ عاقل کی جمع ۔ دانا لوگ سہ
(نا سزای را چو بینی بختیار
عاقلاں تسلیم کردند اختیار)
عاکف ۔ گوشہ نشین ۔ مقیم ۔ عبادت

کے لئے مسجد کے گوشے میں بیٹھنا۔
عالم بی عمل شجر بی ثمر است۔ بے عمل عالم کی مثال اس درخت کی سی ہے جسکو کوئی پھل نہ لگتا ہو
عالمانہ۔ ضد ہے جاہلانہ کی۔
عالَم۔ جہان۔ دنیا۔
عالم آرا۔ جہاں زیب۔
عالم ارواح۔ آخرت
عالم اسباب۔ دُنیا۔
عالم افروز۔ جہاں تاب۔
عالم الغیب۔ غیب کی باتیں جاننے والا۔ خداوند تعالیٰ۔
عالم الامکان۔ دنیا۔
عالم انفس و آفاق۔ ظاہری دنیا۔
عالم برزخ۔ موت اور قیامت کے درمیانی عرصہ کے لئے روحوں کے رہنے کا مقام۔
عالم پناہ۔ بادشاہ۔
عالم کون و فساد۔ دنیا۔
عالم گرد۔ سیاح۔
عالمگیر۔ جہاں کا فاتح۔ نیز اورنگ زیب کا لقب بھی ہے۔
عالم لاہوت۔ ذات ربانی۔
عالم ملکوتی۔ عالم معنوی و روحانی
عالم ناسوت۔ دنیا۔
عالمی۔ دنیاوی۔
عالمیان۔ اہل دنیا۔
عالیات۔ جمع ہے عالیہ کی۔ بلند مرتبہ۔ جیسے عتبات عالیات۔
عالی تبار۔ والاتبار۔
عالی جاہ۔ عالی شان۔
عالی ظرف۔ بلند حوصلہ۔ وسیع القلب
عالی منش۔ رجوع بہ ماقبل۔
عالی نژاد۔ عمدہ نسل کا۔
عام۔ سال۔ نیز ان پڑھ۔ نیز خواص کا اُلٹ۔
عامر۔ آباد کرنے والا۔
عامرہ۔ آباد۔ بہت بڑا شہر۔
عامِل۔ ایجنٹ۔ کارندہ۔ کارکن۔
عالم صغیر۔ مراد انسان۔
عالم صوری۔ مادی دنیا۔
عالم کبیر۔ کائنات۔
عاملان }
عاملین } عمل کنندگان۔
عامی۔ ان پڑھ۔ نادان۔ اندھا۔
عامیانہ۔ بازاری۔ عام لوگوں کے متعلق۔

عابِد۔ عناد رکھنے والا۔
عاہت ۔ آفت ۔ سختی ۔
عاید ۔ ۱۔ لوٹ آنے والا ۔ ۲۔ آمدنی ۔
عایدات ۔ آمدنی ۔ کمائی ۔
عاید داشتن } حساب چکا دینا ۔
عاید ساختن } بیباق کر دینا ۔
عاید داشتن ۔ آمدنی کا ہونا ۔ دخل ہونا ۔
عایدہ ۔ درآمد ۔ آمدنی ۔
عایدی داشتن ۔ آمدنی کا ہونا ۔
عائق ۔ رکاوٹ ۔ مانع ۔
عائلی ۔ محتاجی ۔ درویشی ۔

ع ۔ ب

عَبا ۔ چادر ۔ ردا ۔ لبادہ
عباپوش ۔ لبادہ پہننے والا ۔
عباد ۔ عبد کی جمع ۔ بندے ۔
عبادات ۔ عبادتیں ۔
عبارت ۔ لہجہ ۔ بندش ۔ عبارت ۔
عبارت آرائی کردن ۔ رنگینی والا مضمون لکھنا ۔
عبادت پرداز ۔ منشی ۔ دبیر ۔ سیکرٹری
عبارت سازی ۔ خوبی بندش و ترکیب الفاظ ۔
عَبّاس ۔ شیر درندہ ۲۔ نیز حضرت رسول پاک کے چچا کا نام ۔ ۳ ۔ نیز حضرت علیؓ کے فرزند اور حضرت امام حسینؓ کے سوتیلے بھائی کا نام جسے عرف عام میں عباس علمدار کہتے ہیں ۔
عبّاسی ۔ ۱۔ منسوب بہ حضرت عبّاس ۲ ۔ ایک سکہ کا نام ۔ ۳۔ سیاہ رنگ منسوب بہ عباسیان ۔
عباسیہ ۔ منسوب بہ خلفائے بنی عباس ۔ یہ حضور پاکؐ کے چچا کی اولاد سے تھے ۔ خلفائے عباسیہ انہی کی اولاد تھے ۔ ان کا دارالخلافہ بغداد تھا ۔ ہارون الرشید اور مامون الرشید اسی خاندان کے بادشاہ تھے ۔
عبث ۔ بے ہودہ ۔ بے فائدہ ۔
عبث کار ۔ فضول کام کرنے والا ۔
عَبد ۔ بندہ ۔
عبداللہ ۔ اللہ کا بندہ ۔
عبدِبطن ۔ پیٹ کا بندہ ۔ پیٹو ۔

عبدالدنیا ۔ دنیا دار۔
عبدالقادر جیلانی ۔ حضرت محی الدین محبوب سبحانی پیرانِ پیر، پیر دستگیر جن کا مزار مقدس بغداد شریف میں ہے۔
عَبدُالمطّلب ۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے دادا کا نام جو ہاشم کے بیٹے تھے۔ اور قبیلۂ قریش کے ممتاز سردار اور خانہ کعبہ کے کلید بردار تھے۔
عَبْر ۔ خواب کی تعبیر بتانا۔
عِبر ۔ عبرت پکڑنا۔
عِبرانی ۔ متعلق بہ زبان یہودیاں۔
عِبرت ۔ سبق ۔ پند۔
عِبرت آمیز ۔ سبق آموز۔
عبرت انگیز ۔ عبرت آموز۔
عبرت گرفتن ۔ عبرت حاصل کرنا۔
عِبری ۔ متعلق بہ مذہب و زبان یہودیاں۔
عُبودیّت ۔ بندگی ۔ غلامی۔
عبور دادن ۔ گزارنا۔
عبور کردن ۔ سرایت کرنا۔
عبوراً ۔ عبور کرتے وقت۔

عُبوس ۔ تند بخت ۔ ترش رو۔
عَبہَر ۔ یاسمن
عبہر ۔ عنبر ۔ مشک۔
عبیر آمیز ۔ عنبر بُو ۔ خوشبوؤں میں رچا بسا ہوا۔
عتاب ۔ ملامت ۔ سرزنش۔
عتاب و خطاب کردن ۔ ڈانٹ ڈپٹ پلانا ۔ جواب طلبی کرنا۔
عَتَبات ۔ جمع عتبہ کی ۔ آستانے مزار ۔ تربتیں۔
عَتَبہ ۔ رجوع بہ ما قبل۔
عِتْرت ۔ اولاد ۔ عزیز و اقربا ۔ خویش و اقارب۔
عَتیق ۔ آزاد ۔ قدیم ۔ کہنہ۔
عَتیقہ ۔ کہنہ ۔ پُرانا۔

ع ۔ ج

عُجاب ۔ عجیب شگفت۔
عِجاف ۔ دُبلے ۔ لاغر۔
عَجالت ۔ جلدی کرنا۔
عجالتُ الوقت ۔ عارضی طور پہ
عُجالہ ۔ فوراً حاضر کی گئی چیز۔

عَجالہ۔ سردست
عجائب۔ عجیب کی جمع۔
عجائب وغرائب۔ عجیب وغریب چیزیں۔
عجائب مخلوقات۔ عجیب الخلقت جانور۔
عجائز۔ عجوز کی جمع۔ بڑھیا عورتیں۔
عجب داشتن۔ حیران ہونا۔
عُجب۔ خودپسندی۔ خودبینی۔ تکبر
عُجب کردن۔ تکبر کرنا۔
عَجَبا۔ ای عجب۔
عَجل۔ عجلت کرنا۔
عجلہ کار شیطان است۔ عجلت اور تیزی شیطان کا کام ہے۔
عجلہ کردن۔ جلدی کرنا۔ تیزی کرنا۔
عجلہ داشتن۔ عجلت میں ہونا۔
عَجَم۔ ۱۔ عرب کے علاوہ دوسرے ممالک۔ ۲۔ وہ شخص جو عرب کا باشندہ نہ ہو۔ ۳۔ خصوصاً ایران۔
عج کرم اے شہ عرب و عجم
کہ کھڑے ہیں منتظر
عجمستان۔ ایران
عجمی۔ ۱۔ غیر عربی۔ ۲۔ جو عرب کا باشندہ نہ ہو۔ ۳۔ ایرانی و تورانی۔
عجوز۔ عاجز انسان۔ درماندہ
عجوزہ۔ بُڑھیا۔ عج
(این عجوزہ عروس ہزار داماد است)
عجوزہ زرتوت۔ بڑھیا کھوسٹ۔ منہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت
اکثر مراد دنیا سے بھی لی جاتی ہے۔
عجُول۔ بہت تندی کرنے والا۔
عجیبہ۔ عجیب وغریب شے۔
عجین کردن۔ گوندھنا۔ ملانا۔

ع۔ د

عَدّ۔ گننا۔ شمار کرنا۔
عُدا۔ دشمن
عداد۔ شمار۔ گنتی۔
عدالت۔ انصاف۔ میانہ روی۔
عدالت پناہ۔ انصاف پسند۔
عدالت خانہ۔ کچہری۔
عداوت داشتن۔ دشمنی کرنا یا رکھنا۔
عدس۔ مسور کی دال۔
عَدَسی } محدب شیشہ۔
عَدَسہ } دُوربین۔ عینک۔

عدل - انصاف - گانٹھ -
عدل بستن - گانٹھیں باندھنا -
عدل عمرؓ - حضرت عمرؓ عدل و انصاف کرنے میں بے نظیر تھے - وہیں سے یہ بندش بنی -
عدلیہ - کورٹ
عَدم - نفی - نیستی - دردیشی - فقیری
عدم آباد - آخرت
عدم احضار - حاضر نہ ہونا -
عدم تصویب - نارضامندی
عدم تمائل - بے رغبتی
عدم رضابیت - نارضامندی
عدم مسئولیت - غیر ذمہ داری -
عَدن - بہشت بریں -
عَدن - ایک بندرگاہ کا نام -
عَدنان - حضور سرور کائنات ؐ کے اجداد میں سے ایک کا نام ہے -
عَدو - دُشمن
عدو شرّی برانگیزد کہ خیر ما دراں باشد - گاہ دشمن کی شرانگیز چالوں سے بھی انسان کا بھلا ہو جاتا ہے -
عُدوان - حد سے بڑھ جانا ظلم کرنا
عَدول - رُوگردانی کرنا -
عدول حکم - نافرمانی -
عِدّہ - شمارہ - گنتی -
عَدی - حاتم طائیؔ کے بیٹے کا نام جو صحابہ میں سے تھا -
عدیل - شبیہہ - نظیر - مانند - برابر مساوی -
عدیم - نایاب -
عَدیم المِثال - بے نظیر - لاثانی -

ع - ذ

عذاب کردن - اذیت دینا -
عذاب کشیدن - سزا پانا -
عذاب الیم - سخت دردناک عذاب
عذاب الحریق - دوزخ کی آگ میں جلنے کا عذاب -
عِذار - رخسار - چہرہ
عَذب - شیریں - خوشگوار
عُذر - بہانہ - حیلہ
عذر آوردن } بہانہ بتانا
عذر خواستن }
عذر پذیرفتن - بہانہ کو قبول کرلینا -
عذر زنان - ایام حیض -

عذرخواہ - معذرت چاہنے والا۔
عذرکسی خواستن - کسی کو کام سے ہٹا دینا۔
عُذرلنگ - کمزور بہانہ۔
عُذرنیوش - عذر معذرت کو سُن لینے والا
عُذوبت - شیرینی مٹھاس ؎
گرچہ ہندی در عذوبت شکر است
طرز گفتار دری شیریں تر است)

ع - ر

عرابہ - چھکڑا - گاڑی -
عُرات - ننگے پاؤں -
عُراضہ - تحفہ - سوغات -
عِراق - ۱ - کنار دریا - ۲ - ایک ملک کا نام جو دریاؤں کے کنارے آباد ہے - ۳ - ایک راگ کا نام -
عِراقین - دونو عراق مراد ہے - عراق عجم اور عراق عرب سے -
عِراقی - ۱ - منسوب بہ عراق - ۲ - عربی گھوڑا - ۳ - امام فخرالدین رازی کا تخلص عراقی - ؏
(بیابیا عراقی کہ نو خاص از آنِ مائی)

عرائض - عرضی کی جمع
عَربدہ - بدخلقی - لڑائی جھگڑا -
عَربدہ جُو - لڑاکا -
عَربدہ کشیدن - بدمستی کرنا -
عَرج - لنگڑا اور اپاہج ہونا -
عُرس - شادی کا کھانا -
عُرس - بزرگ کا یوم وفات فاتحہ خوانی -
عرش - تخت - چھت -
عرش آشیانی - شاہان مغلیہ کے مرنے کے بعد تعظیماً اور دُعائیہ طور پر مرحوم کے نام کے ساتھ استعمال کرتے تھے -
عرش اکبر - انسان کا دل
عرشہ - جہاز کا تختہ - ڈیک
عرشیاں - مقرب فرشتے -
عَرصات - قیامت -
عرصہ - میدان - ؏
عرصۂ محشر میں میری خوب رسوائی ہوئی -
عرصۂ شطرنج - شطرنج کی بساط -
عرصہ تنگ شدن - سختی و بدبختی میں آنا -
عرصہ تنگ کردن - کسی کا قافیہ

تنگ کر دینا۔
عَرَض۔ وہ شے جو قائم بذات خود نہ ہو بلکہ قائم بذاتِ دیگر ہو۔ جیسے کاغذ اور یہ حروف۔
یہ حروف عرض ہیں اور کاغذ جوہر ہے۔
عرض حال۔ شکایت نامہ۔
عِرض۔ عزت۔ ناموس۔ آبرو۔
عرض بُردن۔ ذلیل و خوار اور بے عزت کرنا۔
عُرضہ داشتن۔ توانا ہونا۔
عَرضہ داشتن۔ نمائش دینا۔ ع۔
تا بر تو عرضہ دارد احوالِ ملک دارا
عَرعَر۔ چیڑ کا درخت
عرعر کردن۔ کراہنا۔
عُرفا۔ عارف کی جمع۔
عرفات۔ ایک فراخ میدان جو مکہ معظمہ سے چند میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ یہاں حاجی لوگ نماز ظہر و عصر ادا کرتے ہیں اور پھر مکہ معظمہ میں لوٹ آتے ہیں۔
عِرفان۔ معرفت حق تعالیٰ
عَرفہ۔ ذوالحج کی نویں تاریخ جس دن حج ہوتا ہے اور حاجی احکام بجا

لاتے ہیں۔
عُرفی۔ ظاہری۔ رسمی۔ نیز مشہور شاعر جمال الدین کا تخلص۔ ع۔
عرفی تو میندیش ز غوغاے رقیباں
عِرق۔ رگ۔ شریان
عرق حمیت۔ رگ حمیت و غیرت۔
عَرَق۔ پسینہ۔
عَرَق آلود۔ پسینہ میں شرابور۔
عَرَقِ انفعال۔ وہ پسینہ یا قطرے جو ندامت کے مارے پیشانی پر نمودار ہو جاتے ہیں ؎
(موتی سمجھ کے شان کریمی نے چن لئے
قطرے جو تھے مرے عرق انفعال کے)
عرق جبین۔ رجوع بہ ماقبل
عرق چین۔ پسینہ کو پونچھنے کا رومال یا تولیہ۔ نیز ایک قسم کی ٹوپی جو سر پر دستار کے نیچے پہنی جاتی ہے
عرق خوردن۔ شراب پینا۔
عرق ریختن۔ سخت مشکل کام کرنا۔
عرق کردن۔ پسینہ آنا۔
عرق کشیدن۔ عرق نکالنا یا شراب کشید کرنا۔
عرق گیر۔ نمدا

عرق نسا - ایک رگ جو جوڑ سے ایک ٹخنے تک ہوتی ہے اور جس کے درد کو شیاٹیک کہتے ہیں -
عرقوبی - جھوٹ - وعدہ خلافی -
عروج - اوپر چڑھنا -
عروس ارغنون زن - زہرہ ستارہ
عروسانِ چمن - باغ کے پھول پودے
عروس خشک پستان - دنیا -
عروس نمی تواِلست برقصد گفت اطاق کج است - ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا -
عروس کہ بما رسید شب کوتاہ شد
ع میری باری آئی تو چلمن ڈال دی
عروسک - گڑیا -
عروسی کردن - شادی کرنا -
عَروض - علم شعر کا نام -
عُروض - عارض ہونا -
عُروق - رگیں -
عروگوز - شور و غل -
عُروہ - دستہ - وسیلہ -
عروۃ الوثقیٰ - مضبوط دستہ یا وسیلہ
عُریان - برہنہ - ننگا
عریانی - ننگا پن -
ع عریانی و میخواری و بیکاری و افلاس
کیا کم ہیں فرنگی مدنیت کے فتوحات

ع - ز

عِزّ - عزیز و معزز ہونا -
عزا - سوگواری - ماتم پرسی -
عزازیل - شیطان کا نام ع
تکبر عزازیل را خوار کرد
بزندان لعنت گرفتار کرد
عزا گرفتن - سوگواری کرنا - ماتم کرنا -
عزائم - عزیمہ کی جمع - ارادے - جنتر منتر - یا قرآنی آیات جو پڑھ کر مریضوں کو دم کرتے ہیں -
عزائم خوردن - ۱ - دم درود پڑھنے والا - ۲ - جن گیر -
عَزَب - مجرد آدمی -
عزرائیل - موت کا فرشتہ
عزت مدار - محترم -
عزت ہر کسی بدست اوست - رکھ پت رکھا پت -
عَزل - بیکاری -

عزل کردن - معزول کر دینا -
عزلت - گوشہ نشینی
عزلت گزیں - گوشہ نشیں
عزم داشتن } ارادہ کرنا
عزم کردن "
عزم نمودن "
عزم بالجزم - پکا ارادہ -
عزّ و جل - بزرگ و برتر -
عزیز - توانا - بزرگ - مصر - غالب شاہانِ مصر کا لقب -
عزیزی جہت - از خود راضی -
عزیزِ پدر و مادر - لاڈلا بچہ جو لاڈ پیار اور چونچلوں سے بگڑ جائے -
عزیزِ دُردانہ - لاڈلا بچہ -
عزیزِ مصر - مصر کا بادشاہ - عزیز شاہان مصر کا لقب تھا -
عزیمت - ارادہ - قصد - دُعا - منتر

ع - س

عَسَس - محافظ شہر - کوتوال
عسکر - لشکر - فوج - نیز رات کی تاریکی -
عسکری - منسوب بہ لشکر - لشکری فوجی سپاہی - نیز گیارھویں امام کا لقب (حسن عسکری) ۳ - انگور کی ایک قسم -
عسل - شہد -
عُشّاق - عاشق کی جمع -
عشایر - قبیلے - کنبے -
عُشب - سبز گھاس -
عُشر - $\frac{1}{10}$ دسواں حصہ -
عشرات - دہائیاں - دس بیس - تیس -
عشرت - عیاشی - عیش -
عشر خوان - قرآن پڑھنے والا - مبتدی جسے تبرکاً قرآن شریف کی آخری دس آیتیں پڑھاتے ہیں - ۲ - قبر پر قرآن حکیم پڑھنے والا -
عشر عشیر - دسواں حصہ - $\frac{1}{10}$ -
عِشق - بے پناہ اور بے انداز محبت جو جنون کی حد تک چلی جائے ؎
شاد باش ای عشق خوش سودای ما

اے طبیب جملہ علت ہای ما)

عشق پیچاں - ایک مشہور بیل۔

عشق پیری گر بہ جنبد سر بہ رسوائی زند - بڑھاپے میں عشق باعث ذلت و رسوائی ہوتا ہے۔

عشق پیری و سر معرکہ گیری - بڑھاپے میں جوانوں کی سی ہوس باعث ذلت و رسوائی ہوتی ہے ؎

چوں پیر شدی حافظ از میکدہ بیروں شو
رندی و ہوسناکی در عہد شباب اولیٰ

عشق حقیقی - خدا تعالیٰ کا عشق۔

عشق مجازی - دنیوی معشوقوں کا عشق - ع

کھولا ہے مجھ پہ سر حقیقت مجاز نے

عشق ورزیدن - عشق کرنا۔

عشقہ - عشق پیچاں کی بیل

عشوہ - ناز و ادا - کرشمہ۔

عشوہ بے مورد - بے محل ناز و ادا

عشوہ گر - کرشمہ و ناز و ادا کرنے والا۔

ع ص

عصا - لاٹھی - ڈنڈا - چھڑی۔

عصّار - تیلی۔

عصّار خانہ - تیل نکالنے کی فیکٹری

عُصارہ - رس - شیرہ - روغن۔

عصافیر - چڑیاں - عصفور کی جمع۔

عصای پیری - بڑھاپے کی لاٹھی سہارا۔

عصای کلیم / **عصای موسیٰ** } حضرت موسیٰ علیہ السلام کی لاٹھی۔ جو اُن کا ایک کھلا ہوا معجزہ تھا۔ وہ اسے زمین پر گراتے تو وہ ایک اژدھا بن جاتا۔ ع

عصا نہ ہو تو کلیمی ہے کار بے بنیاد

عصب - پٹھے - رگیں۔

عُصبانی - تند مزاج - زود رنج۔

عصبانی شدن - تندی و تیزی میں آنا - ناراض و رنجیدہ ہونا۔

عصبانیت - تندی مزاج۔

عصبی - رگوں اور پٹھوں کی بیماری۔

عصبیت - تعصب - غیرت۔

عصر - ۱ - دور - عہد - زمانہ - ۲ - ظہر اور غروب کے درمیان کا وقت۔

عصرانہ - بعد دوپہر کی چائے۔

عصفور - چڑیا۔

عصمت } بے گناہی۔ پاک دامنی۔
عِصمت } اور پاکیزگی۔
عصمت بی بی است از بے چادری
یہ سب پاکدامنی اور پارسائی محض مفلسی کی آڑ میں ہے۔ ورنہ سامان پاس ہوں تو وہ کھل کھیلے۔
عصمت داشتن۔ پاکباز ہونا۔ پاک دامن ہونا۔ باشمرت و باننگ و ناموس ہونا۔
عِصیان۔ نافرمانی۔ سرکشی۔ گناہ۔
عصیان کردن۔ ۱۔ بغاوت کرنا۔ ۲۔ گناہ کرنا۔
عصیان گر۔ باغی۔ سرکش۔
عصیر۔ پھلوں کا نچوڑ۔ افشردہ

ع۔ض

عضد۔ بازو۔ کمک۔ مدد۔
عضُدالدّولہ۔ سلطنت کا بازو۔ ایک خطاب جو معتمد شاہی کو عطا ہوتا ہے۔
عضلات۔ پٹھے۔
عضلانی۔ مضبوط۔ گٹھا ہوا۔
عُضلہ۔ پٹھا۔
عضلہ دار۔ مضبوط۔ گٹھا ہوا۔
عضو۔ جوڑ۔ رُکن۔ ممبر ؎

چو عضوی بدرد آورد روزگار
دگر عضو ہا را نماند قرار

عضویّت۔ رکنیت۔ ممبرشپ۔
عضویت داشتن۔ ممبر ہونا۔

ع۔ط

عطا۔ بخشش۔ داد و دہش۔
عُطا۔ نسوار۔
عطار۔ عطر فروش۔ دارو فروش نیز حضرت شیخ فریدالدین رح کا تخلّص ؎

عطار رُوح بود سنائی دو چشم او
ما از پئی سنائی و عطار آمدیم

عُطارد۔ مشہور سیارہ جسے منشئ فلک بھی کہتے ہیں۔
عطالت۔ بے کاری
عطایا۔ عطیہ کی جمع
عطای تو بلقای تو۔ کسی کی عطا کی ہوئی چیز کو اسی کو لوٹا دینے کے

چیز کو اسی کو لوٹا دینے کے موقع پر بولتے ہیں۔
عطر آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید۔ عطر میں صحیح جوہر ہوگا تو کسی قسم کے تعارف کا محتاج نہیں ہوگا۔ خوشبو پھیل کر خود ہی بتا دے گی۔
عطر کشیدن۔ عطر نکالنا۔
عِطری۔ خوشبو دینے والی شے۔
عطس۔ چھینک۔ چھینکنا۔
عطسہ کردن۔ چھینکنا۔
عطسۂ کسی بودن۔ کسی سے زبردست مشابہت ہونا۔ یا کسی کا نسخۂ ثانی ہونا۔
عَطش۔ پیاس تشنگی۔
عطش داشتن۔ پیاسا ہونا۔
عطش را تسکین دادن۔ پیاس بجھانا۔
عَطف۔ مہربانی۔ محبت۔ رغبت ربط۔ نیز ایک کلمے کو دوسرے کے ساتھ جوڑنا۔
عطف کردن۔ ۱۔ جوڑنا۔ ۲۔ پھیرنا ۳۔ ربط دینا۔ ۴۔ موڑنا۔

عَطوف۔ مہربان شفیق۔
عطوفت۔ نوازش مہربانی۔
عطیّات۔ عطیہ کی جمع۔
عطیہ۔ بخشش۔ انعام۔ ہدیہ۔

ع۔ظ

عُظام۔ بزرگ۔
عِظام۔ عظیم کی جمع۔ بزرگ لوگ۔
عَظم۔ ہڈی
عُظم۔ بزرگی۔ بڑائی۔
عظما۔ عظیم کی جمع۔ بزرگ لوگ
عظمیٰ۔ اعظم کی تانیث ہر مونث۔
عظیم جثہ۔ موٹا تازہ بدن۔
عظیم الشان۔ بڑی شان والا۔

ع۔ف

عفاریت۔ عفریت کی جمع۔ دیو
عفاف۔ پارسائی و پاکدامنی۔
عِفّت۔ پاکدامنی۔ پرہیزگاری۔
عِفریت۔ دیو۔
عَف عَف۔ کتے کے بھونکنے کی آواز

عَفن - بدبو -
عَفو - معاف کرنا - بخشش دینا -
عفو کردن } بخشش دینا -
عفو فرمودن } معاف کر دینا -
عفو نمودن }
عفو کردن ظالم جور است بر مظلوم - مراد ہے ظالم کو معاف نہیں کرنا چاہیئے - کیونکہ اس کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے اور یہ مظلوم پر گویا ظلم کے مترادف ہے
عفونت - بدبو -
عفونی - وبائی - متعدّی -
عفیف - پارسا - پاکدامن با شرم
عفیفہ - پاک دامن عورت -

ع - ق

عقاب - عذاب دینا - سزا -
عِقاب کردن - سزا دینا -
عُقاب - شاہین -
عُقّار - گھاس کی جڑ دل سے تیار شدہ دوائیاں -
عقار - غیر منقولہ جائداد -
عِقارب - بچھو - عقرب کی جمع -
عقاقیر - رجوع کریں عقار -
عِقال - گھوڑے یا اونٹ کی پچھاڑی زنجیر یا بیڑی وغیرہ -
عقاید - عقیدے -
عقب - پچھلا حِصّہ - پیچھے - ایڑی - پچھلے -
عُقبات - عقبہ کی جمع - دشوار گزار راستے -
عقب افتادن - پیچھے رہ جانا -
عقب افتادگی - تاخیر - دیر - رُکنا -
عقب انداختن - تاخیر کرنا - ملتوی کر دینا -
عقب راندن - پیچھے دھکیل دینا -
عقب زدن - شکست دینا -
عقب کردن - پیچھا کرنا -
عقب کشیدن - پیچھے ہٹ جانا ہٹا دینا - کھینچ لینا -
عقب گذاشتن - پیچھے چھوڑ دینا -
عقب ماندن - پیچھے رہ جانا -
عقب نشستن - فوج کا لوٹ آنا -
عقب نشینی کردن - رجوع یہ مقابل

عقب وجلو۔ آگے اور پیچھے۔
عقبیٰ۔ دار آخرت۔ عاقبت۔
عقد۔ نکاح۔ معاہدہ۔ گرہ باندھنا
عقد کردن۔ شادی کرنا۔ معاہدہ کرنا۔
عِقد۔ گردن بند۔ طوق۔
عُقدہ۔ گرہ۔ بند۔
ع۔
وہ کونسا عقدہ ہے جو وا ہو نہیں سکتا
عقدہ درکار افتادن۔ کام میں رکاوٹ پیدا ہو جانا۔
عقدہ کشا۔ گرہ کشا۔ چارہ جو
عَقر۔ کتے کا کاٹنا۔
عَقر۔ بانجھ ہو جانا۔
عَقرب۔ بچھو۔
عقربک۔ سوئی جیسے گھڑی کی یا ریڈیو اور ترازو کی۔
عُقربہ۔ رجوع بہ ماقبل۔
عُقلا۔ عاقل کی جمع۔
عقل اوّل۔ ۱۔ جوہر اوّل۔ ۲۔ حضور پاک کا نور۔ ۳۔ عرش اعظم۔ ۴۔ حضرت جبرئیل۔
عقل از سر رفتن۔ ہوش وحواس ٹھکانے نہ رہنا۔ مبہوت وششدر۔
عقل بخرج دادن۔ سوجھ بوجھ سے کام لینا۔
عفلت را عوض کن۔ ہوش کے ناخن لو۔
عقل کسی را دزدیدن۔ کسی کو دھوکا دینا۔
عقل کسی را پاربنگ بردن۔ احمق اور سادہ لوح ہونا
عقل چیزے دگر و مدرسہ چیزے دگر۔ آدمیت اور شے ہے عقل ہے کچھ اور شے۔
عقل جزوی عقل استخراج مست
عقل چراغ راہ ہے منزل نہیں ہے
عقل گرد لودن۔ سادہ و احمق ہونا۔
عقم۔ بانجھ پن۔
عقوبات۔ عقوبت کی جمع۔ سزائیں گناہ۔
عقوبت دادن } سزا دینا۔
عقوبت کردن } عذاب دینا۔
عقود۔ عقد کی جمع۔ گرہیں۔
عقوق۔ ماں باپ کی نافرمانی۔
عَقول۔ دانائیاں۔
عقول عشرہ۔ وہ دس فرشتے جنہوں نے حکم خداوندی سے تمام کائنات

کو پیدا کیا۔
عَقیدت۔ کسی بات کو سچ اور حق سمجھ کر اس پر دل سے اعتقاد اور یقین رکھنا۔
عقیق۔ سرخ رنگ کا ایک پتھر۔
ع سو بار جب عقیق کٹا تب نگین ہوا
عقیق لب۔ سُرخ لب۔ محبوب۔
عقیقہ۔ بچے کے پیدا ہونے کے سات روز بعد کی ضیافت۔
عقیل۔ عقل مند اور شریف بی بی۔
عَقیم۔ بانجھ مرد اور عورت ہر دو کے لئے۔
عقیم کردن۔ بانجھ بنانا۔
عقیم ماندن۔ بے اولاد ہونا۔ بے ثمر ہونا۔

ع۔ک

عَکّا۔ ایکڑ۔
عَکّاس۔ فوٹو گرافر
عکّاسی۔ فوٹو گرافی۔
عکّاس خانہ۔ سٹوڈیو۔
عُکّاشہ۔ مکڑی۔ عنکبوت
عُکّاظ۔ طائف کے نزدیک ایک بازار کا نام۔
عِکرمہ۔ ۱۔ کبوتری۔ ۲۔ ابو جہل کے بیٹے کا نام جو صحابہ میں سے ہے۔ اور شام کی جنگوں میں جس نے خوب داد شجاعت دی۔
عکس۔ تصویر۔ فوٹو۔ شبیہہ۔
عکس انداختن۔ فوٹو اتارنا۔
عکس بر گردان۔ فوٹو سے فوٹو لینا۔
عکس عمل۔ ردعمل۔
عکس فوری۔ سنیپ شاٹ
عکس گرفتن۔ فوٹو لینا۔
عکس وطرد۔ شعر کی صنعتوں میں سے ایک صنعت کا نام جس میں نصف مصرع کے الفاظ الٹ کر دوبارہ لے آتے ہیں۔ جیسے
ع ازمن چہ کنی پنہاں پنہاں چہ کنی ازمن

ع۔ل

عِلا | بزرگی
عُلا | بلندی

علاج پذیر - قابل علاج -
علاج ناپذیر - ناقابل علاج -
علاج داشتن - قابل علاج ہونا -
علاج دندان استخراج دندان
خراب اور دکھتے ہوئے دانت کا
علاج آخر اس کا نکلوا دینا
ہی ہوتا ہے -
علاج واقعہ پیش از وقوع کسی
بات کی پہلے پیش بندی کرنا -
عَلّاف - گھاس بیچنے والا -
عِلاقہ - تعلق - رشتہ - محبت - دوستی
لین دین -
علاقہ ابراز کردن - دلچسپی کا اظہار کرنا
علاقہ داشتن - وابستگی رکھنا -
علاقہ مند - وابستہ
علاقہ مندی - وابستگی - دلچسپی -
عَلام - علامت کی جمع
عَلّام - بہت بڑا عالم -
علامات - نشانیاں -
علّام الغیوب - غیب کا علم جاننے
والا - مراد خداوند تعالیٰ -
علامت استفہام - سوالیہ نشانی
علامت خطر - خطرے کا سگنل -

علامت شیر و خورشید - ایرانی جھنڈے
کا نشان -
علامت کارخانہ - ٹریڈ مارک
عَلّامہ دہر - زمانے بھر کا عالم -
عَلّامہ عصر - رجوع بہ ماقبل -
علانیہ - کھلم کھلا -
علاوہ کردن - زیادہ کرنا - اور
بڑھانا - بوجھ کے اوپر بوجھ لادنا -
علائق - تعلقات
علائق دنیوی - دنیاوی تعلقات
علائم - سگنل - نشانیاں
عِلّت - ۱ - بیماری - ۲ - سبب - ۳ -
ساعت - ۴ - حیض -
علّت اصل - عقل کُل -
علّت غائی - اصل غرض و غایت
عِلّت العلل - اصل - واجب الوجود
خداوند تعالیٰ -
علّت برود عادت ترک کرد - عادت
بالآخر طبیعت ثانیہ بن جاتی ہے .
عَلَف - گھاس -
عَلَف بر - درانتی -
علف چر - چراگاہ -
علف چین - درانتی -

علف خشک۔ خشک گھاس۔
علف خوار۔ گھاس کھانیوالے جانور
اور چوپائے۔
علف زار۔ چراگاہ۔
علف ہرزہ۔ خراب گھاس۔
علق۔ ۱۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ۲۔ جونک
علل۔ علت کی جمع۔ امراض اسباب
علم۔ جھنڈا۔ نشان۔
علم افگندن۔ شکست کھانا۔
علم انداختن۔ جھنڈا پھینک دینا۔
گویا شکست تسلیم کرلینا۔
علم الیقین۔ یقین کا پہلا درجہ۔ بغیر
دیکھے یقین۔ دوسرا درجہ عین الیقین
اور تیسرا درجہ حق الیقین۔
علم برپا کردن۔ جھنڈا گاڑنا۔
علم برکشیدن۔ رجوع بہ ما قبل
علمدار۔ جھنڈا بردار۔ نیزہ بردار۔
نیز حضرت عباسؓ کا لقب۔
(عباس علمدار)
علم زدن۔ جھنڈا گاڑنا۔
علم طغیان برافراشتن۔ بغاوت کا
جھنڈا بلند کرنا۔
علم تنگہ راہ انداختن۔ شور و غل برپا کرنا

علم۔ جاننا۔ معلومات۔ سائنس۔
علم ابدان۔ انسانی جسم کا علم۔
علم ادیان۔ مختلف مذہبوں کا علم۔
علم ازہمی سربسر قیل است و قال
یعنی علم سراسر بحث و تحیص پر مبنی
ہوتا ہے۔ مراد ہے کہ ع۔
پای استدلالیاں چوبین بود
علم علی۔ رجوع بہ عدل عمر۔
علم غیب دانستن۔ غیب کا علم جاننا۔
علم فروش۔ بے جا علم و فضل
کا اظہار کرنے والا۔
علم کلام۔ عقائد کا علم جس میں عقلی
دلیلیں دی جائیں۔
علم لدنی۔ الہامی علم۔
علم موسیقی۔ راگ اور گانے بجانے کا علم
علنگ۔ ڈنکے کی چوٹ۔ کھلے بندوں۔
علنی۔ آشکارا۔
علو۔ بلندی۔ بالائی۔
علوفہ۔ چوپائے کی خوراک۔ گھاس۔
علوم۔ علم کی جمع۔
علوم ریاضی۔ حساب و ہندسہ و
ہیئت و موسیقی۔
علوم طبعی۔ فزیکس۔ کیمسٹری اور

جیوان شناسی۔
عَلوی۔ اولادِ علیؓ
عُلوی۔ آسمانی فرشتے۔
عَلویان۔ سادات۔
عُلویان۔ فرشتے۔ ستارے۔
علی۔ بلند۔ اللہ تعالےٰ کا نام۔ نیز حضور سرور کائنات کے چچیرے بھائی کا نام جو چوتھے خلیفہ تھے۔
علی اصغر بزبان آمدہ است۔ مزاح سے کہتے ہیں۔ جس کی زبان میں لکنت ہو۔
علی ماند و حوضش۔ کوئی عالم بر سر منبر وعظ کر رہا تھا کہ حوضِ کوثر پر آبِ کوثر کی تقسیم کے لئے فلاں فلاں شرائط کو پورا کرنا ضروری ہے۔ یہ خصوصیات بھی ہوں یہ نیکیاں بھی ہوں اور یہ صفات بھی ہوں تو کسی نے سب کچھ سُن کر کہا۔ کہ تب تو وہاں کون پہنچے گا۔ بس تنہا حضرت علی ہوں گے اور حوض کوثر۔
علی الاتصال۔ ہمیشہ۔ پے درپے
علی الاطلاق۔ مطلقاً۔
علی الخصوص۔ خاص طور پر۔
علی الدّوام۔ ہمیشہ۔
علی الرّسم۔ رسم کے مطابق۔
علی الرّغم۔ برعکس۔
علی الصباح۔ صبح سویرے۔ نور کے تڑکے۔
علی العموم۔ عموماً۔
علی اللہ۔ توکّل برخدا۔
علی الحالہ۔ بہر دست۔ فعلاً۔
علی العمیا۔ اندھا دھند۔
عُلی بہانہ گیر۔ بہانہ خور بچہ۔
عُلیا۔ بلند رتبہ۔
عُلیاحضرت۔ ہر ہیجٹی۔ ملکہ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اعلیٰ حضرت کا اُلٹ۔
علیل۔ بیمار۔
عَلیم۔ دانا۔ جاننے والا۔ خدا کا صفاتی نام۔
علیّین۔ درجاتِ بلند
عم۔ چچا۔
عماد۔ پایہ۔ ستون۔ تکیہ گاہ۔
عمّار۔ حضور اکرمؐ کے ممتاز صحابی عمّار بن یاسر۔

عماری - کجاوہ - ہودج -
عماری کش - ساربان
عمّال - کارندے -
عمائم - عمامہ کی جمع - پگڑیاں -
عمد - ارادہ - قصد -
عمداً - قصداً - جان بوجھ کر -
عمدہ - اہم - بڑا -
عمدہ فروش - تھوک فروش -
عمران - ۱ - آبادی - ۲ - ترقی نیز حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد کا نام -
عمر بکسی دادن - مرجانا -
عمر خیام - مشہور شاعر اور ہیئت دان جو یورپ میں اپنی رباعیات کے باعث مشہور ہے -
عمر عاص - مشہور صحابی کا نام جو فاتح مصر تھا -
عمر ولیث - ایران کا ایک مشہور بادشاہ جو ٹھیٹھرے سے اٹھ کر اپنی ہمت اور محنت سے بادشاہ بنا -
عم زادہ - چچیرا بھائی -
عمق - گہرائی -
عمق پیما - پنسال -
عمق داشتن - گہرا ہونا - صاحب فکر ہونا - صاحب ہوش ہونا -
عمل - کام -
عمل جراحی - اپریشن -
عمل کردن - جراحی کرنا - اپریشن کرنا -
عملہ - کارگراں
عملہ اجتناب - پولیس کا عملہ -
عملہ کشتی - ملاح -
عملی ساختن - نافذ کرنا -
عملیات - نقل و حرکت جنگی تدابیر
عمو جان - چچا -
عموم - پبلک - عوام
عمومی کردن - عام کرنا -
عمومیت دادن - رجوع بہ قبل -
عمی - اندھا کرنا -
عمیق - گہرا -
عمیم - سب کو گھیرنے والا -

ع - ن

عنا - رنج آور - رنج - دکھ -
عنّاب - انگور بیچنے والا -
عناب - ایک مشہور میوہ جو مصفیّ

خون ہے۔
عُنابی۔ سُرخ رنگ
عناد۔ دشمنی۔
عنادورزیدن
عنادل۔ عندلیب کی جمع بلبلیں۔
عناصر۔ عنصر کی جمع۔
عناصرفساد۔ مفسدین۔
عنان۔ باگ ڈور۔ لگام۔
عنان از دست دادن۔ لگام یا اپنا اختیار ہاتھ سے دے دینا۔
عنان از دست رہا شدن۔ ہاتھ سے باگ ڈور چھوٹ جانا۔
عنان باز کشیدن۔ روک لینا۔ لگام کھینچ لینا۔
عنان بدست کسی دادن۔ اپنا اختیار کسی اور کو دے دینا۔
عنان تافتن۔ روگردانی کرنا۔ منہ پھیر لینا۔ باگ موڑ لینا۔
عنان گسستہ۔ سرپٹ۔
عنب۔ انگور
عنبر۔ ایک مشہور اور عمدہ خوشبو کا نام
عنبر تر۔ زلفِ معشوق۔ محبوب کے خط و خال۔

عنبرسا۔ خوشبودار
عنبریں۔ رجوع بہ ماقبل
عنبر بید۔ " " "
عنتر۔ خرنگس۔ بن مانس۔
عِند۔ نزدیک۔
عنداللہ۔ پیش خدا۔ اللہ کے نزدیک
عندالحاجت۔ ضرورت کے وقت
عندالفرصت۔ فرصت کے وقت
عندالمطالبہ۔ مطالبہ کے وقت۔
عندلیب۔ بلبل۔
عُنصر۔ اصل۔ بنیاد (آگ۔ پانی۔ ہوا اور خاک) اصلی اجزا۔
عنصری۔ سلطان محمود کے دربار کے ملک الشعرا کا تخلص۔
عنف۔ زور۔ سختی۔ بلا۔
عنفاً۔ جبراً۔
عِنفوان۔ آغاز۔
عُنق۔ گردن
عنقا۔ سی مرغ۔ ایک قوی ہیکل مگر ناپید پرندہ۔
عنقا شدن۔ نایاب ہونا۔
عنقا شکار کس نشود دام باز چیں
ع۔ مرغ دانا اب ان گھاتوں سے پھانسا جائے گا۔

عنقای مغرب - فرضی وجود -
عنکبوت - مکڑی -
عنوان - دیباچہ - آغاز - سرنامہ
سرخی - ٹائیٹل -
عنوان کردن - بیان کرنا - شروع کرنا
عنوان داشتن - صاحب اثر و
رسوخ ہونا -
عنود - سرکش - ضدی - پاک -
عنیف - کٹھن - تندخو -
عنّین - نامرد - خواجہ سرا -

ع - و

عوارض - عارضہ کی جمع - بیماریاں
نیز ٹیکس وغیرہ
عوارض شہرداری - محصول چونگی -
کمیٹی کے ٹیکس -
عوارض گمرک - کسٹم کے ٹیکس -
عوارض متفرقہ - دیگر ٹیکسز -
عواصف - آندھیاں - جھکڑ
عواطف - مہربانیاں
عواقب - کاموں کے نتائج -
عوالم - عالم کی جمع - جہاں -

عوام فریبی - عوام کو احمق بنانا -
یا دھوکا دینا -
عوام ناس - عام آدمی -
عوامل - کارندے - نیکٹر -
عوائق - عائق کی جمع - موانع -
عوج - پھرنا - ٹھہرنا -
عوج - خم - کجی -
عود - خوشبو - لکڑی - نیز بربط -
عودخام - خالص عود -
عود زدن - ساز بجانا -
عودسوز - انگیٹھی -
عود کردن - لوٹ کر آنا -
عودت کردن - رجوع بہ ماقبل -
عور - لخت - برہنہ -
عوض - بدل -
عوض دادن - عوض دینا -
معاوضہ دینا -
عوض کردن - بدلنا -
عوضی - بدلے میں -
عوضی گرفتن - کسی شے یا کسی
شخص کے متعلق غلطی کھانا -
عوعو کردن - کتے کا بھونکنا -
عون - کمک - مدد

بہادر شاہ ظفر کے عہد حکومت میں ہو گزرا ہے۔
غالبان - غالب کی جمع۔ غلبہ پانے والا۔
غالب اوقات - اکثر اوقات
غالی - قیمتی - مہنگا - حد سے گزرنے والا - افراطی -
غالیہ - عنبر و مشک اور کافور کی آمیزش سے تیار کردہ خوشبو۔
غالیہ بار - عطر بیز۔
غالیہ ساز - عنبر فروش۔ عطار۔
غامِض - گہرا - گمنام - پیچیدہ۔
غانِم - مال غنیمت لانے والا۔
غانیہ - وہ عورت جو اپنے حسن و جمال کے باعث زیورات سے بے نیاز ہو یا اپنی پارسائی کے باعث اپنے شوہر کے علاوہ دوسروں سے بے نیاز ہو۔
غائص - غوطہ خور۔
غائط - گڑھا نشیبی جگہ۔ بول و براز۔
غائل و غائلہ - فتنہ و آشوب۔ شر - بلا - بدبختی - حادثہ۔
غائی - اصلی - آخری -
غایت - آخر - انجام - غرض -
غایت الامر - آخر کار - انجام کار۔
غایِط - رجوع بہ غائط۔

غ ب

غِبّ - نوبتی - ایک دن چھوڑ کر آنے والا - انتہا اور انجام -
غبار آلود - گرد و غبار میں اٹا ہوا۔
غبار آوردنِ چشم - آنکھوں کا دھندلا جانا۔
غبارِ خاطر - رنجش - ملال -
غبارہ - لاٹھی۔
غباوت - کُند ذہنی - کم فہمی -
غبرا - خاکی رنگ - گرد آلود - تیرگی - سیاہی -
غبرت - خاکی - تیرگی -
غبطہ - رشک (حسد کا اُلٹ)
غبطہ بُردن } رشک کرنا -
غبطہ خوردن } رشک کھانا -
غبغب - ٹھوڑی کے نیچے ڈھلکا ہوا گوشت -
غبن داشتن - لین دین میں مکر و

مکر وفریب کرنا۔
غبن فاش ۔ صریح نقصان ۔
کھلی ہوئی خیانت ۔
غبوق ۔ شام کی شراب ۔
(صبوحی کا الٹ)
غبی ۔ کند ذہن ۔

غ ۔ ث

غثا ۔ کوڑا کرکٹ ۔
غثیان ۔ قے ۔ متلی ۔
غثیان کردن ۔ جی متلانا ۔
قے آنا ۔ متلی ہونا ۔

غ ۔ د

غدّار ۔ بہت غدر کرنے والا ۔
غدارہ ۔ پستول ۔ طپنچہ ۔
غدارہ بند ۔ توانا ۔ زوردار ۔
غدر ۔ بے وفائی ۔ عہد شکنی ۔
غدغد کردن ۔ مرغی کا کٹ کٹ کرنا
غدر کردن ۔ بے وفائی کرنا ۔
غدغن کردن ۔ منع کرنا ۔

غدیر ۔ تالاب ۔ جوہڑ ۔

غ ۔ ذ

غذائیت داشتن ۔ غذائی مادہ کا ہونا ۔

غ ۔ ر

غرادن ۔ ناز نخرے سے چلنا ۔
غرشدن ۔ خصی ہونا ۔ نامرد ہونا ۔
غرکردن ۔ اختہ کرنا ۔ خصی کرنا ۔
غرّا ۔ درخشاں ۔ سفید ۔ روشن ۔ چمکدار
غراب ۔ کوّا ۔ نیز سرکش ۔
غراب بودن ۔ خود پسند ہونا ۔
مغرور ہونا ۔
غرابت داشتن ۔ عجیب ہونا ۔
بیگانگی رکھنا ۔
غراچہ ۔ بھڑوا ۔ دیوث ۔
غرارہ کردن ۔ کلی کرنا ۔
غراشیدن ۔ زخمی ہونا ۔
غرام ۔ عشق ومحبت ۔
غرامت ۔ تاوان ۔ ہرجانہ ۔
ع ۔ آنچہ گناہ او بود
من بکشم غرامتی

غریب نواز ۔ مہمان نواز۔ مسافروں اور اجنبی لوگوں کی دیکھ بھال کرنے والا
غریزہ ۔ اندرونی تحریک ۔ فطرت سرشت ۔ جبلت۔
غریزی ۔ فطرتی ۔ طبعی ۔ جیسے حرارت
غریزی ۔ طبعی درجہ حرارت انسان کے بدن کا جو ۹۸.۴ ہوتا ہے ۔
غریق ۔ ڈوبا ہوا ۔ غرق شدہ
غریق رحمت ۔ خدا کی رحمت میں ڈوبا ہوا ۔
(خدا مرحوم را غریق رحمت کند)
غریقی دست انداز دیکا ہے ۔ ڈوبتے کو تنکے کا سہارا ہی کافی ہوتا ہے ۔
غریو ۔ شور و غل ۔ غوغا ۔
غریو برآوردن ۔ شور و غل مچانا ۔

غ ۔ ز

غزا ۔ جہاد ۔
غزات ۔ مجاہدین
غزال ۔ ہرن ۔ آہو ۔
غزّال ۔ رسی بیچنے والا ۔ موباف ۔
غزالہ ۔ ہرنی ۔
غزالی ۔ غزالہ کا رہنے والا ۔ نیز مشہور و معروف عالم فاضل فلسفہ دان اور صوفی حضرت امام محمد الغزالی کا لقب ہے
عطار ہو رومی ہو رازی ہو غزالی ہو
کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحرگاہی
غزل ۔ شعرہای عاشقانہ ۔
غزلاغ ۔ چکارک ۔
غزل سرائی ۔ غزل گوئی ۔
غزل خداحافظی خواندن ۔ الوداع کہنا
غزلیات ۔ غزل کی جمع ۔ عشقیہ اشعار
غزوات ۔ غزدہ کی جمع ۔
غزوہ ۔ جہاد ۔ دینی جنگ ۔ نیز وہ جنگیں جن میں حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے بہ نفس نفیس شرکت کی ۔

غ ۔ ژ

غژ کردن ۔ جھنکارنا ۔
غژ بدن ۔ چوتڑوں کے بل چلنا ۔

غرامت دادن ۔ تاوان ادا کرنا ۔
غرامت کشیدن ۔ رجوع بہ ماقبل
غرامات ۔ جنگی تاوان
غرامت کردن ۔ تلافی کرنا ۔
غرّاں ۔ غراتے ہوئے ۔
غُربا ۔ غریب کی جمع ۔
غَربال ۔ چھلنی ۔
غربال کردن ۔ چھاننا ۔
غربت ۔ مسافرت ۔
غربی ۔ یورپی ۔ ع ۔
در دلش خدا مست نہ شرقی ہے نہ غربی
غُربیل ۔ رجوع بہ غربال ۔
غُرد ۔ گرمیوں کے رہنے کا مکان ۔
غرده ۔ تانگہ
غرس کردن ۔ پودے لگانا ۔
غرّش ۔ کڑک ۔ گرج ۔ رعد ۔
غرش کردن ۔ کڑکنا ۔ گرجنا ۔
غرض آلود ۔ ذاتی منفعت اور مقصد سے آلوده ۔
غرض داشتن ۔ ذاتی نفع رکھنا ۔
غرض رانی کردن ۔ طرفداری کرنا ۔
غرض ورزیدن ۔ کاموں میں ذاتی منفعت کو ملحوظ رکھنا ۔

غُرغُر کردن ۔ زیر لب گنگنانا ۔
غرغره ۔ غراره کرنا ۔ جھنکارنا ۔
غرغشہ ۔ ہیاہو ۔ شور و غل ۔
غرفہ ۔ دریچہ ۔ کھڑکی ۔ بالاخانہ ۔
سٹال ۔ تھیٹر کا ٹکٹ ۔
غرقاب ۔ گہرا پانی جو ڈبو دے ۔
غرق دردریائے فکر ۔ خیالات کے سمندر میں ڈوبا ہوا ہے ۔ گہری سوچ بچار میں ۔
غرقاب شدن ۔ ڈوب جانا ۔
غرناطہ ۔ سپین میں اسلامی دور کا ایک مشہور شہر ہے
غرناطہ بھی دیکھا میری آنکھوں نے لیکن
تسکین مسافر نہ سفر میں نہ حضر میں
غرنبیدن ۔ شور مچانا ۔
غرنبہ ۔ شور و غوغا ۔
غرنگ ۔ نالہ وزاری کی آواز ۔
غروب اقبال ۔ بدبختی ۔
غرّه ۔ چاند کی پہلی تاریخ ۔
غرّه ۔ فریب خورده ۔ مغرور
غریب ۔ اجنبی ۔ مسافر ۔ خارجی
غریب الدیار ۔ اجنبی ۔
غریب الوطن ۔ رجوع بہ ماقبل ۔

غ ۔ س

غسّال ۔ مُردوں کو غسل دینے والا ۔
غِسالہ ۔ نہلانے والی عورت
غسک ۔ کھٹمل ۔

غ ۔ ش

غش کردن ۔ بے ہوش ہوجانا ۔
غِش ۔ فریب ۔ دھوکا ۔
غشّاش ۔ مکار ۔ فریبی ۔
غشاوہ ۔ پردہ ۔ جھلی
غِشا ۔ پردہ ۔

غ ۔ ص

غصّاب ۔ غصب کرنے والا ۔
غصبی ۔ مال حرام
غصّہ ۔ رنج وغم ۔
غصہ خوردن ۔ غم کھانا ۔

غ ۔ ض

غضبان ۔ خشم ناک ۔

غُضروف ۔ نرم ہڈی ۔
غضنفر ۔ شیر ببر ۔

غ ۔ ط

غِطا ۔ ڈھکنا ۔

غ ۔ ف

غفّار ۔ بڑا بخشنے والا ۔
غفر ۔ ڈھانپنا ۔
غفران ۔ بخشش ۔
غفلت شعار } غافل اور کاہل ۔
غفلت کار } غفلت سے کام لینے والا ۔
غفور ۔ بخشنے والا ۔
غفیر ۔ تمام ۔ تمام وکمال رجم غفیر

غ ۔ ل

غِل ۔ کاغذ کا پلندا ۔ فہرست ۔
غَل دادن ۔ لپیٹنا ۔
غِل خوردن ۔ لڑھکنا ۔

غِلّ - خیانت - فریب -
غلا - مہنگائی -
غِلاظ - غلیظ کی جمع - گاڑھے -
غلت - کروٹ -
غلت زدن - کروٹیں بدلنا -
غلطان - لڑھکتا ہوا -
غلط انداز - مغالطہ آمیز -
غلتک - بیلن - چرخی -
غلتاندن - لڑھکانا -
غلطیدن - لت پت ہونا - لوٹنا ؎
(بنا کردند خوش رسمی بخاک و خون غلطیدن
خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را)
غلغل کردن } قل قل کرنا -
غلغل زدن } ابلنا - بلبلے اٹھانا -
غلغلک کردن - گدگدانا -
غُلغلک - پانی پینے کا چھوٹا سا برتن
غلغلہ انداختن - تہلکہ مچا دینا ؎
(عافیت منزلِ ما وادیٔ خاموشان است
حالیا غلغلہ در گنبدِ افلاک انداز)
غلغلیچ - گدگدانا -
غلق - پیچیدگی - مشکل - کواڑ بند کرنا
غِلمان - غلام کی جمع - لڑکے - وہ
غلام جو بہشت میں جنتی لوگوں کی
خدمت پر مامور ہوں گے -
غلو کردن - مبالغہ کرنا - حد سے گزرنا -
علم معانی کی اصطلاح میں مبالغہ کو
اس حد تک بڑھا دینا کہ عقل اور
قیاس دونوں کی رُو سے محال ہو -
غَلیان - اُبلنے کی حالت - جوش
غلیان کردن - اُبلنا - بلبلے اٹھانا -
غلیان کشیدن - حقہ پینا -
غلیظ - گاڑھا - موٹا - درشت -
غلیل - بہت پیاسا -
غلیواژ - چیل -

غ - م

غمّاز - آنکھ سے اشارہ کرنے والا -
چغلی کھانے والا - ع
(مری غماز تھی شاخِ نشیمن کی کم اوراقی)
غمازی - ناز نخرہ سے کام لینا -
غمام - ابر - بادل -
غم انگیز - اندوہناک -
غمخواری کردن - ہمدردی کرنا -
غمخواراں را غم مید ہد غمخواراں را کی
خدا تسکر خورے کو شکر دیتا ہے -

غمزات۔ غمزہ کی جمع۔
غم زدا ۔ غم ربا۔ آرام دہ
غمزہ ۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔
غمزۂ ستارہ۔ ستارے کا ٹمٹمانا۔
غمض عین۔ چشم پوشی۔
غمگسار۔ غم خوار۔
غم مرگ برادر را برادر مُردہ می داند
گھائل کی گھت گھائل جانے اور
نہ جانے کو۔
غموم۔ غم کی جمع۔
غمین۔ غمناک۔ غمگین۔

غ ۔ ن

غنا۔ نفع۔ فائدہ۔
غِنا۔ نغمہ۔ راگ۔ دولتمندی۔ تونگری
(ع۔ تیری ذات میں ہے اگر شرر
تو خیال فقر و غنا نہ کر)
غنائم۔ غنیمت کی جمع۔
غنج۔ محبوب کا ناز و کرشمہ
غنج زدن دل ۔ ۱۔ کسی چیز کی
ہوس کرنا۔ ۲۔ دل کا مسرور ہونا
غنجال۔ کچا اور کھٹا پھل۔
غنچہ خاطر۔ اداس۔ مغموم۔
غنچہ دہان۔ تنگ دہن۔ محبوب
غنچہ لب۔ رجوع بہ ماقبل
غنم۔ گوسفند۔ بکری
غنودگی۔ اُونگھ۔
غنودن۔ اونگھنا۔
غنی۔ دولت مند۔ بے نیاز۔ ع۔
(تو غنی از ہر دو عالم من فقیر)
غنی و محتاج۔ امیر۔ غریب۔
غنیم۔ لوٹنے والا۔
غنیمت شمردن۔ غنیمت جاننا۔
(خیری کن اے فلان و غنیمت شمار عمر
زاں پیشتر کہ بانگ بر آید فلاں نماند)

غ ۔ و

غوّاص۔ غوطہ خور۔
غوایت۔ گمراہی
غوث۔ فریاد رس۔
غوث اعظم۔ مراد سید شیخ
عبدالقادر جیلانی۔
غوچ۔ مینڈھا۔
غور۔ گہرائی۔ تہ۔ تیز فکر۔

غورت دادن - نگل جانا۔
غوررسی کردن - چھان بین کرنا۔ تحقیق و تدقیق کرنا۔
غورگی - نارس ہونا - خام ہونا۔
(در۔) **غورگی مویز شدن** - بچپن میں بڑائی اور بزرگی کا دعویٰ کرنا۔
غورہ - کھٹا اور کچا انگور۔
غورہ نشدہ بخواہد مویز بشود - رجوع کریں غورگی مویز۔
غوری - چینی کا برتن جس میں چائے دم کرتے ہیں - نیز منسوب بہ غور غور کا رہنے والا - نیز شہاب الدین محمد غوری کا فاتح ہند کا لقب جو غور کا رہنے والا تھا۔
غوزہ - کپاس کا بن کھلا ڈوڈہ۔
غوص - پانی میں غوطہ لگانا۔
غوغا راہ انداختن - شور و غل مچانا۔
غوک - مینڈک۔
غوک چوب - گلی ڈنڈا۔
غول - غار - گڑھا - چھلاوہ۔
غول بیابانی - چھلاوہ۔
غول بے شاخ و دم - بدشکل، بے سڈول اور آوارہ منش آدمی
غولان زمانہ - بدسیرت لوگ۔
غول سیاہ - اندھیری رات۔
غولہ - احمق - کودن۔
غوی - گمراہ۔

غ - ی

غیّ - گمراہی۔
غیاب - غائب ہونا - عدم موجودگی۔
غیاث - فریادرس۔
غیب دان - غیب کا جاننے والا - خدا۔
غیب گوئی - پیش گوئی۔
غیبت - غائب ہونا۔
غیبت - چغلی کھانا - کسی کے پیٹھ پیچھے اس کی برائی کرنا۔
غیبی - مربوط بہ غیب (امداد غیبی)
غیث - بارش - مینہ۔
غیرت داشتن - حمیت کا ہونا۔
غیرتی - باغیرت۔
غیرت چمن / **غیرت گلزار** } بہت حسین خوب صورت۔
غیررسمی - معمولی

غیر عادی۔ ضروری۔ فوق العادہ۔
غیر متناہی۔ بے انتہا۔ لامحدود۔
غیر مرتب۔ بے ترتیب۔
غیر مرئی۔ نادیدہ۔ جو نظر نہ آسکے۔
غیر مستعمل۔ استعمال نشدہ۔ نیا تازہ۔
غیر مستقیم۔ جو سیدھا نہ ہو۔
غیر ملفوظ۔ جس کا تلفظ ادا نہ ہو۔
غیر منقول۔ جو ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ لے جایا جاسکے۔
غیر منکوحہ۔ جس کا نکاح نہ ہوا ہو۔
غیر نظامی۔ سول۔
غیژیدن۔ اپاہج ہونا۔ بچوں کی طرح ہاتھ اور پاؤں کے بل چلنا۔ یا چوتڑوں کے بل چلنا۔
غیظ و غضب۔ سخت غصہ اور ناراضگی۔
غیور۔ باغیرت۔ حمیت دار۔
غیہ زدن } فریاد کرنا۔
غیہ کشیدن } شور مچانا۔

ف

ف۔ ا

فابریک۔ بنا ہوا کپڑا۔
فانت و مات شدن۔ نیست و نابود ہونا۔
فاتحہ۔ ۱۔ فاتح کا مونث۔ ۲۔ کسی چیز کا آغاز۔ ۳۔ دیباچہ۔ ۴۔ ابتدا۔ ۵۔ قرآن شریف کی پہلی سورت۔ ۶۔ دُعائے مغفرت۔
فاتحہ خواندن۔ مُردے کے لئے بخشش کی دُعا مانگنا۔
فاتحہ خواندن از چیزی۔ کسی چیز سے ہاتھ دھو لینا۔
فاتحہ برای کسی نخواندن۔ کسی چیز سے قطعاً التفات اور پرواہ نہ کرنا۔
فاتر۔ سست۔ نرم۔
فاتر العقل۔ جس کی عقل ٹھکانے نہ ہو۔
فائق۔ ۱۔ پھاڑنے والا۔ ۲۔ جس کا حکم چلتا ہو۔ ۳۔ زمام دار۔

فاتِن - فتنہ انگیز۔ شیطان
فاجِر - بدکار۔ حرام کار۔
فاجِرہ - فاجر کی مونث۔ بدکار عورت
فاجِع - دردناک۔ المناک۔
فاجِعہ - مصیبت۔ آسیب۔ آفت
فاحِش - بدی میں حد سے گزرنے والا۔ گندہ۔ زانی۔ بدکار
فاحِشہ - فاحش کی مونث۔ رجوع بہ ماقبل۔
فاحشہ خانہ - قحبہ خانہ۔
فاخِر - فخر کرنے والا۔ عمدہ۔
فادزہر - پادزہر۔ تریاق۔
فاراب - ایک شہر جو ابونصر فارابی کا مولد ومنشا تھا۔
فارِس - گھوڑے کا سوار۔
فارْس - ایران۔
فارسیان - ایرانی۔
فارغ البال - فارغ الحال۔ بے فکر۔ آسودہ حال۔
فارغ البالی - آسودگی۔ بے فکری۔
فارغ التحصیل - جو پڑھ کر فارغ ہو چکا ہو۔
فارغ خطی - آزادی نامہ۔

فارغ شدن - عورت کا بچے کو جنم دیدینا۔
فارِق - فرق کرنے والا۔
فارقلیط - عبرانی لفظ بمعنی احمدؐ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے حواریوں کو حضور سرور کائناتؐ کی بشارت دی تھی۔ کہ خداوند تعالیٰ ایک اور رسول فارقلیط بھیجے گا۔
فاروق - حق و باطل میں فرق کرنے والا۔ نیز لقب ہے حضرت عمرؓ کا۔
فاروق اعظم - حضرت عمر ابن خطاب خلیفہ دوم۔
فاروقی - منسوب بہ فاروق۔
فاسِخ - فسخ کرنے والا۔
فاسِد - بگڑا ہوا۔ تباہ۔
فاسدِ اخلاق - اخلاق کو تباہ کرنے والا۔
فاسد شدن - بدبودار ہونا۔
فاسدعقیدہ - بدعقیدہ۔ بے دین۔
فاسِق - بدکار۔
فاسق داشتن - بدکار عورت کا بدکار لوگوں سے تعلق رکھنا۔
فاش - کھلا۔ ع
(رفاش تر گو زانکہ فہم نارسا است)

فاش کردن۔ کھول دینا۔
فاش گفتن۔ ۱۔ صریحاً بیان کر دینا۔
۲۔ لگی لپٹی رکھے بغیر کہدینا۔
فاصل۔ جدا کر دینے والا۔
فاضلِ اجل۔ بہت بڑا فاضل۔
فاضل باقی۔ زائد۔
فاطر۔ پیدا کرنے والا۔
فاطمی۔ منسوب بہ حضرت فاطمہ زہراؓ۔
فاطن۔ عقل مند۔ دانا۔
فاعلِ حقیقی۔ خداوند تعالیٰ۔
فاق خوردن۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
فاقد۔ گم کرنے والا۔
فاقد البصر۔ اندھا۔ بصارت سے محروم۔
فاقہ کش۔ فاقے برداشت کرنے والا
؎ وہ فاقہ کش کہ موت سے ڈرتا نہیں ذرا
روحِ محمد اس کے بدن سے نکال دو)
فاقہ مست۔ افلاس میں بے نیاز۔
فاقہ و فقر۔ غریبی و محتاجی۔
فاکہہ۔ میوہ۔ پھل۔
فاکولتہ۔ فیکلٹی۔ تعلیم کا شعبہ۔
فال۔ نیک شگون۔
فال زدن۔ فال لینا۔ شگون لینا۔
فال فال کردن۔ پھلوں کی قاشیں
اور ٹکڑے بنا دینا۔
فال گرفتن۔ فال لینا۔
فال گر۔ فال لینے والا۔ فال
نکالنے والا۔
فال گیری کردن۔ رجوع بہ فال۔
فالیز۔ جالیز۔ خربوزوں کا کھیت۔
فالیزِ جہاں بہرِ خراں آمدہ است
(یہ شکایت نہیں ہیں ان کے خزانے معمور
نہیں محفل میں جنہیں بات بھی کرنے کا شعور)
(نظیر بناداں آنچناں روزی رساند
کہ دانا اندراں حیراں بماند)
فام۔ مانند۔ (فرض رسید فام گلفام)
فامیل۔ فیملی۔ خاندان۔
فانی لودن۔ فنا ہونے والا۔
فائز شدن } کامیاب و کامران
فائز گردیدن } ہونا۔
فائض شدن۔ ۱۔ فیضیاب ہونا۔
۲۔ بہرہ مند ہونا۔
فائق۔ بلند و بالا۔
فائق شدن } کامیاب
فائق گردیدن } ہونا۔ کامران
ہونا۔

ف ـ ب

فَبِہَا ـ بہت خوب ـ بہتر ـ ہم اسی پہ راضی ہیں ـ

ف ـ ت

فَتا ـ اے جوان ـ جوانمرد
فتاح ـ کھولنے والا ـ خدا ـ
فتان ـ فتنہ انگیز
فتانہ ـ نہایت خولصورت عورت ـ
فتاوی ـ فتوے کی جمع ـ
فتح الباب ـ دروازے کا کھولنا ـ
فتح باب کردن ـ رجوع بہ ماقبل
فتحہ دادن ـ کسی حرف پر زبر ڈالنا ـ
فتراات ـ رجوع کریں ـ فترت ـ
فتراک ـ شکاربند ـ وہ تسمہ جس کے ساتھ شکار لٹکایا جاتا ہے
کبھی فتراک میں تیرے کوئی نخچیر بھی تھا ـ
فَترت ـ ضعف ـ سستی ـ نیز دو پیغمبروں کے درمیان کا زمانہ ـ
فَتق ـ کشادگی ـ چیرنا پھاڑنا ـ ایک مرض جس میں خصیے بڑھ جاتے ہیں ـ

فِتن ـ فتنہ کی جمع ـ
فتنہ برانگیختن ـ فتنہ برپا کرنا ـ
فتنہ جو ـ فتنہ پرداز ـ
فتنہ درخواب است بیدارش مکن
سوئے ہوئے فتنے کو سویا رہنے دو ـ اسے مت جگاؤ ـ
فتنہ ساماں ـ رجوع فتنہ انگیز ـ
فتوت ـ سخاوت ـ جوانمردی ـ
فتوح ـ کشائش ـ فتح کی جمع ـ
فتوی دادن ـ شرعی فیصلہ دینا ـ
فتور کردن ـ سستی کرنا ـ دھیما ہونا ـ پژمردہ ہونا ـ
فت وفراواں ـ بہت زیادہ
فتی ـ جوانمرد
فتیلہ ـ بتی ـ
(روشن شود سرا رچراغ از فتیلہ ای) عج
فتیلہ گزاشتن ـ بتی چڑھانا ـ

ف ـ ج

فجائع ـ فجیعہ کی جمع ـ دردناک حادثات ـ
فجر ـ صبح کاذب ـ

فجور - بدکار - حرام کار

ف - ح

فحاش - بدزبان - بکواس کرنے والا -
فحاشی کردن - بک جھک کرنا -
گالی گلوچ دینا -
فحش - سخت بد اور زشت -
فحش دادن - بدزبانی کرنا -
فحشا - بدکاری - زناکاری -
فحص - جستجو کرنا - کاوش کرنا -
فحل - نر - مذکر
فحل آمدن - مادہ کا نر کی طرف مائل ہونا -
فحوی - معنی - مفہوم -
فحول - فحل کی جمع -

ف - خ

فخار - فخر کرنا -
فخار - کمہار
فخاری - کمہارپن -
فخام - خوش اور باوقار -
فخامت داشتن - رعب دبدبہ رکھنا -
اور صاحب حسن وجمال و وقار ہونا -
فخر داشتن - اترانا -
فخر رازی - امام فخرالدین رازی جو
ایک عالم و فاضل ومفسر تھا -
فخریہ کردن - اترانا -
فخور - بہت فخر کرنے والا -
فخیم - باوقار -
فدائیان - فدا ہونے والے -
فدراسیون - فیڈریشن
فدرال - فیڈرل
فداکار - جان نثار
فداکارانہ - ازروئے جان نثاری -
فداکاری کردن - جان نثاری کرنا -
فداکردن - صدقہ دینا -
فدای تو شوم - (قربانت شوم)
میں تیرے قربان جاؤں -
فدیہ - تاوان - زرنجات -
فدیہ تقسیم کردن } فدیہ ادا کرنا -
فدیہ دادن } تاوان دینا -

ف - ر

فر - شان وشوکت - جاہ وجلال -

فرد فال - رجوع بہ افبل - ع
(فرد فال محمود سے درگذر)
فر - بالوں کی آرائش کرنے کا آلہ -
فرزدن - آرائش مُو
فرا - طرف - جانب - سوئے - سامنے - نزدیک -
فرا آوردن - بدست آوردن - ہاتھ میں لانا -
فرابرز - دارا کے ایک جرنیل کا نام -
فرات - آب شیریں - تیز ایک دریا کا نام جو کربلا کے نزدیک سے گزرتا ہے - ع
گرچہ ہے تابدار ابھی گیسوئے دجلہ و فرات
فراخا - فراخ - وسیع اور کشادہ جگہ -
فراخ آستین - سخی - کریم -
فراخ دہن - منہ پھٹ - بکواسی -
فراخ دست - فضول خرچ
فراخ شلوار - کاہل -
فراخور - مناسب - موزوں -
فراخ کندری - مہمان نواز -
فراخواندن - بلانا - واپس بلانا -
فرادی - ایک ایک کرکے انفرادی طور پر -

فرارسیدن - آپہنچنا -
فراری بودن - گریز کرنا -
فرار بر قرار اختیار کردن جم کر لڑنے کی بجائے راہِ فرار اختیار کرنا -
فرار بودن - ہوا میں تحلیل ہو جانے والی چیزیں -
فراز - کشادہ - بلند - نزدیک - پست آگے پیچھے - بعد ازیں -
فراز آباد - عالم بالا -
فراز آوردن - قریب لانا - واپس بلانا -
فراز کردن - بلند کرنا -
فراز و نشیب - بلندی و پستی
فراز و نشیب دیدن - تجربہ کار ہونا -
فرازیدن - سربلند ہونا -
فراس - سیاہئیں -
فراست داشتن - عقل و ہوش رکھنا -
فراسخ - فرسخ کی جمع جو تقریباً $3\frac{1}{2}$ میل کے لگ بھگ ہوتا ہے
فراش - فرش بچھانے والا نوکر -
فراش بست - تکیہ -
فراش خانہ - خیمے لی کی جگہ -
فراشا - بدن کا بخار سے پہلے ٹوٹنا - کپکپی - لرزہ -

فراشیدن ۔حالت لرزہ۔
فراعنہ ۔فرعون کی جمع ۔مراد ظالم و ستمگر و جابر حکمران سے ہوتی ہے۔
فراغ ۔فرصت ۔ ~~~~ ۔
(مجھے کتاب سے ممکن نہیں فراغ کہ تو کتاب خواں ہے مگر صاحب کتاب نہیں)
فراغ داشتن ۔فرصت و آسائش کا ہونا۔
فراغت خاطر ۔دلی سکون اور قلبی آسائش۔
فراک ۔رسمی لباس جو رات کو سرکاری دعوتوں پر پہنا جاتا ہے۔
فراکسیون ۔اسمبلی میں سیاسی پارٹیاں۔
فرانسوی ۔فرانسیسی
فرانسہ ۔فرانسیسی زبان ۔
فراگرفتن ۔حاصل کرنا ۔قبضہ میں لینا ۔نیز سیکھنا۔
فراگوش دادن ۔غور سے سننا۔ مطیع اور فرمانبردار ہونا۔
فراموش کردن ۔بھلا دینا۔
فراموش گار ۔بھلا دینے والا پراگندہ دل۔ ~~~ع~~~
(عمرت دراز باد فراموش گار من)
فرامین ۔فرمان کی جمع ۔شاہی احکام اور شاہی پروانے۔
فرانک ۔فرانسیسی سکہ
فرانک ۔فریدون کی ماں کا نام۔
فراوان ۔زیادہ ۔بکثرت ۔
فراوانی ۔کثرت اور بہتات
فراہیختن ۔لہرانا ۔
فرائض ۔فرض کی جمع ۔
فرائض پنجگانہ ۔پانچ وقت کی نماز اور پانچ ارکان اسلامی ۔ نماز ۔ روزہ ۔ حج ۔ زکوٰۃ اور جہاد۔
فرباد ۔شان و شوکت۔
فربال ۔بالاخانہ ۔
فربودی ۔سچائی و حقیقت۔
فربہی ۔موٹا۔
فرتوت ۔بڈھا کھوسٹ
فرج ۔کث ۔لس ۔شگاف ۔ شرمگاہ انسانی ۔
فرجام ۔آخر ۔انجام ۔عاقبت ۔
فرجام خواستن ۔عدل و انصاف طلب کرنا ۔نتیجہ مانگنا ۔
فرجمند ۔ارجمند

فرجہ - سوراخ - کشادگی - درز - شگاف - روزن -
فرخ - مبارک - خوش آئند -
فرخ تبار - اعلیٰ خاندان کا -
فرخ رخ - خوب صورت
فرخ فال - نیک فال
فرخ لقا - خوب صورت -
(مہر و ماہ برمرگ آں فرخ لقا گریستند)
فرخاد - ظفرمند - کامیاب و غالب -
فرخار کردن - آرائش کرنا -
فرخمیدن - جولاہے اور دھنیے کا کام کرنا -
فرخمیدہ - حلاجی شدہ - دھنا ہوا -
فرخندگی - خوش بختی - سعادت
فرخندہ - خجستہ - مبارک فال - خوش و خرم -
فرخندہ بخت - خوش بخت
فرخندہ پی - خوش قدم - مبارک قدم
فرخندہ رائے - مبارک رائے والا -
فرخ نہاد - نیک نہاد - اصیل -
فرخو کردن - پودوں کی کانٹ چھانٹ کرنا - درختوں کو خس و خاشاک سے پاک کرنا -

فرخوی - خوش خلقی -
فرخیدن - خوشیاں منانا - ناچنا -
فرد - اکیلا - تنہا - ایک اکیلے شعر کو بھی کہتے ہیں -
فرد بودن - ۱ - تنہا ہونا - ۲ - مجرد ہونا - ۳ - بے مثال و لاثانی ہونا -
فرداً - سنگل - اکیلے طور پر -
فردا کہ دیدہ - آنے والا کل کس نے دیکھا - کل کی کسے خبر -
فردا فردا چند بگوئی فردا - آخر کب تک ٹال مٹول کرتے رہوگے -
فردا ہم روز خدا است - کل بھی آخر خدا کا دن ہے - سارا کام کاج آج ہی ختم کرنے پہ کیوں مصر ہو - کل بھی آخر دن چڑھیگا -
فرفرد - سب کے سب تمام
فردوس - بہشت - عمدہ آب و ہوا - والی جگہ -
فردوس آشیاں - بہشتی -
فردوس مکان - بہشتی - بابر بادشاہ کے بارے میں استعمال کرتے ہیں -
فردوس بریں - بہشت جاوداں -
فردوسی - حکیم ابوالقاسم کا تخلص جو

طوس کا رہنے والا تھا۔ محمود غزنوی کے دربار سے منسلک تھا اور شاہنامہ اسی کی یادگار ہے۔ رزمیہ شاعری میں وہ شاعر بے مثال تھا۔
فُرز۔ سرسبز و شاداب۔ سبزہ۔
فِرز۔ چالاک۔ تیز۔
فُرز۔ بزرگ۔
فرزانگی۔ دانائی۔ دانشمندی۔
فرزانہ۔ خردمند۔ فیلسوف۔
فرزند آب۔ بلبلا۔ حباب۔
فرزند آفتاب۔ یاقوت۔ عقیق۔
فرزند خواندہ۔ منہ بولا بیٹا۔
فرزند خاک۔ آدمی۔
فرزدق۔ عرب کے ایک مشہور شاعر کا نام۔
فرزین۔ بزرگ۔ وزیر۔
فرزین بند۔ شطرنج کی کھیل میں وہ پیادہ جو فرزین کے زد پر بیٹھا ہوا ہو۔
فرزین شدن۔ شطرنج کا وہ پیادہ جو حریف کے سوار کی جگہ لے۔
فَرَس۔ گھوڑا۔
فرسا۔ خستہ کنندہ۔ (طاقت فرسا)
فرسائی۔ حاصل مصدر از فرسودن۔ یعنی گھسائی (خامہ فرسائی)
فرستادن۔ بھیجنا۔
فرستادہ۔ بھیجا ہوا۔
فرسخ۔ فرسنگ جو تقریباً ½ 3 میل کے لگ بھگ ہوتا ہے۔
فرسنگ۔ رجوع بہ ماقبل۔ ع۔ (عشق تا بہ صبوری ہزار فرسنگ است)
فرسودن۔ گھسنا۔ گھساتا۔
فرسودہ۔ پرانا۔ گھسا ہوا۔
فرش۔ بچھونا۔
فرش باستان۔ زمین۔
فرش زمرّدین۔ سبزہ۔
فرشش زمین است ولحافش آسمان۔ سخت نادار اور مفلس و قلاش جس کے پاس نہ پہننے کو کپڑا اور نہ ہی سونے کو بستر ہو۔
فرش کردن۔ قالین بچھانا۔
فرشتہ۔ ملائکہ۔ نوری
فرشتہ رش۔ فرشتہ خصلت۔
فرش عاج۔ برف۔
فرش فروش۔ قالین بیچنے والا۔

فرصت پیدا کردن - فارغ ہونا۔
فرصت سرخاراندن نداشتن - بے حد مصروف ہونا۔ اور سر کھجلانے کی فرصت نہ ہونا۔
فرصت راغنیمت شمردن - فرصت کو غنیمت شمار کرنا اور موقع سے فائدہ اٹھانا۔
فرض عین - لازمی۔ ہر کسی کے لیئے
فرض کفایہ - وہ فرض جو کسی ایک کے ادا کرنے سے سب کی طرف سے ہو جائیں جیسے جہاد اور جنازہ
فرضاً - بطور فرض۔
فرض محال - اگر فرض کر بھی لیا جائے اگرچہ ایسا کرنا مشکل ہے۔
فرط - زیادہ اور بہتات -
فرع - ٹہنی - شاخ -
فِرعون - ستمگر۔ ضدی - ہٹیلا جابر حکمران نیز زمانہ قدیم میں شاہان مصر کا لقب - بالخصوص وہ جابر بادشاہ جس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ٹکر لی - بنی اسرائیل پر بڑے ظلم وستم کئے - حضرت موسیٰ علیہ السلام قوم کو لے کر روانہ ہوئے تو ان کے پیچھے فوج لے کر نکلا - اور بالآخر عبور دریا کے وقت لشکر سمیت ڈوب کر مرگیا -
فرعی - منسوب بہ فرع - شاخ کا جو اصل نہ ہو -
فرغ - چوزہ - مرغی کا بچہ -
فرغار - بھیگا ہوا - تر -
فرغانہ - ماوراء النہر کا ایک صوبہ - مغل بادشاہ بابر کا مولد ومنشا -
فرغر - چھوٹی سی ندی جس کا پانی خشک ہو چکا ہو -
فرغند - عشق پیچاں -
فرغور - جل ککڑ -
فرغول - سست - کاہل - خاموش -
فرفرہ - لٹو - پھرکی -
فرفری - گھنگریالے بال -
فرق - جدا کرنا - سر کے بالوں کی مانگ نکالنا - نیز سر - کھوپڑی جدائی -
فرق باز کردن - مانگ نکالنا -
فرق کشودن - رجوع بہ ماقبل -
فِرق - فرقہ کی جمع -

فرق دادن - فرق رکھنا۔احتیاط کرنا
فرق داشتن - فرق ہونا۔ مثلاً
(این ہر دو فرق فراواں دارند)۔
فرق گذاشتن - دُوری اور جدائی رکھنا۔
فرقان - حق اور باطل کے درمیان فرق رکھنے والا - قرآن شریف۔
فرقت - جدائی - دُوری۔
فرقدان } قطب شمالی کے نزدیک
فرقدین } کے دو ستارے جو اُن کے گرد گھومتے رہتے ہیں - مسافران سے سمت کا تعین کرتے ہیں -
فرقہ باز - گروہ بندی کرنے والا۔ دھوکے باز -
فرقہ زدن - دھوکا دینا -
فرگاہ - حضرت -حضور۔
فرگندن - پانی کے گزرنے سے گڑھے پڑ جانا -
فرم - غم و اندوہ۔
فرمگین - غمناک -غمگین -
فرمان صادر کردن - حکم جاری کرنا -
فرمان بر - ۱- مطیع - ۲- رام - ۳- ٹڑے یا سینی -
فرمان بردن - خدمت کرنا - نوکری کرنا۔
فرمان دہ - فوجی دستے کا سردار۔
فرمان دار - ضلع کا حاکم - جیسے ڈی - سی۔
فرمان داری - ڈی سی - آفس -
فرمان دہ کل - کمانڈر ان چیف -
فرمان دہ نیروی ہوائی - ہوائی فوج کا کمانڈر ان چیف -
فرمان دہ نیروی دریائی/سمندری بیڑے یا نیوی کا کمانڈر ان چیف -
فرمائش دادن حکم دینا۔فرمائش کرنا -
فرناد - عاقبت - انجام -
فرنگ - یورپی - ممالک -
فرنگستان - یورپی اور امریکائی ممالک -
فرنگی - یورپین
فرنگی مآب - مغرب پرست مغرب زدہ
فرنود - دلیل
فرو بردن - نگل جانا - ڈبونا - دھنسانا -
فروتن بودن - عاجز ہونا -

فروتنی کردن - عاجزی و انکساری کرنا۔
فروخ - جمع فرخ کی۔
فرودا - نیچے - پائیں۔
فرود آمدن - ۱- نیچے اترنا - ۲- قیمتوں کا گرنا۔
فرودست - ماتحت - عاجز - کمزور۔
فرودگاہ - ۱- ہوائی اڈہ - ۲ - قیام گاہ۔
فروردین - ایرانی شمسی سال کا پہلا مہینہ - یہ بہار کا مہینہ اور اکتیس دن کا ہوتا ہے۔
فرورفتن - دھنس جانا۔
فروز - روشنی - تابانی۔
فروزان - روشن - تابان۔
فروزندہ - رجوع بہ تابیل۔
فروش - حاصل مصدر از فروختن مصدر - نیز علامت اسم فاعل۔ پارچہ فروش - کپڑا بیچنے والا۔
فروشندہ - بیچنے والا۔
فروشی - قابل فروخت۔
فروع - جمع فرع کی - شاخیں۔
فروغ دادن - تاب دینا - چمکانا۔
فروکش شدن - اترنا۔

فروگذاشت - کوتاہی - بھول چوک۔
فروگزار - کوتاہی کرنے والا۔
فروگذار کردن - کوتاہی کرنا - بھول جانا - چھوڑ دینا۔
فروماندن - پچھڑ جانا - عاجز آنا۔
فرومایہ - ادنیٰ - کمینہ ے
لیکن بہ بتا تیری اجازت سے فرشتے
کرتے ہیں عطا مرد فرومایہ کو میری
فرومایگی - کمینگی - ادنیٰ پن
فروند - ۱- دروازے کی چٹخنی - ۲- اسمائے معیت جو جہاز اور کشتی کے سلسلہ میں استعمال ہوتا ہے۔ (پنج فروند کشتی)
فرونشاندن - بجھانا - مٹانا - دبا دینا
فرونشستن - بجھ جانا - دب جانا فتنہ وغیرہ کا سو جانا۔
فروہر - ہوہر
فروہشتن - چھوڑ دینا۔
فروہیدن - نمایاں ہونا - ممتاز ہونا - شان وشوکت اور جاہ وجلال کا ہونا۔
فرہمند - صاحب عقل
فرہمندی - دانائی - زیرکی۔

فرہنگ - ۱- تہذیب- تعلیم - ۲- لغت - ۳- ادب -
فرہنگستان - اکیڈمی
فرہنگنامہ - لغت - ڈکشنری -
فرہنگی - ۱- تعلیم سے تعلق رکھنے والا - ۲- استاد -
فرہو - سعادت - خوش بختی
فرہی - شان وشوکت - جاہ وجلال
فرہیختن - ۱- تربیت کرنا - ۲- ادب سکھانا -
فرہیختہ - تربیت یافتہ - سدھایا ہوا
فریادخواہ - فریادی
فریادرس - فریاد سننے والا -
فریادزدن - فریاد کرنا -
فریبا - دھوکا دینے والا -
فریب دادن - دھوکا دینا -
فریبندہ - دھوکا دینے والا -
فرید - یکتا - لاثانی - بے مثال - اکیلا - تنہا -
فریدون - ایران کا مشہور ومعروف بادشاہ جس کا عہد بہت برکات کا حامل تھا - جب ضحاک کا ظلم وستم حد سے بڑھ گیا - تو لوگوں نے اس کے خلاف بغاوت کردی کاوا لوہار نے اپنی دھونکنی کو جھنڈا بنایا لوگ اس کے گرد جمع ہو گئے اور فریدون کو ڈھونڈ کر تخت و تاج وتخت اس کے حوالے کیا -
لاتارکشیدن - لاٹری نکالنا - قرعہ ڈالنا -

لاتاری - لاٹری

لاتعداد - ان گنت - ع

(دشمنان او بصحرا لاتعد)

لاتحصٰی - ان گنت - بے شمار -

لاتخف - مت ڈر -

لاتذر - مت چھوڑ -

لاتقنطوا من رحمۃ اللہ - ۱ - اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو ۲ - نہ ہو نومید نومیدی زوال علم وعرفان ہے -

لاثانی - جس کا کوئی ثانی نہ ہو -

لاجرم - لازمی طور پر

لاجواب - ۱ - جس کا جواب نہ ہو ۲ - مغلوب -

لاجورد - نیلے رنگ کا ایک پتھر -

لاجوردی - نیلے رنگ کا - ع

(اور سر پہ لاجوردی کیا آسمان بنایا)

لاچارگی - مجبوری -

لاچین - ایک ترک قبیلے کا نام امیر خسرو اسی قبیلے سے تھے -

۲۔ نیز بمعنی غلام ۔ نوکر ۔
لاحاصل ۔ بے فائدہ ۔
لاحق } چمٹا ہوا ۔ ملا ہوا ۔
لاحقہ } پیوستہ ۔
لاحول ۔ مجھ میں قوت نہیں ۔ ناتوانی ۔ ضعف ۔ کمزوری ۔ نیز اظہار نفرت کے طور پر بھی مستعمل ہے ۔
لاحول گفتن } لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ
لاحول خواندن } اِلَّا بِاللّٰہ پڑھنا
اظہار نفرت یا اظہار تاسف کے موقع پر ۔
لاحول گویاں ۔ لاحول ولاقوۃ پڑھتے ہوئے ۔
لاخ ۔ اسم ظرف مکان کی علامت جیسے سنگلاخ ۔
لاخہ ۔ کپڑے کا ٹکڑا ۔ پیوند ۔ چیتھڑا ۔ رفعہ ۔
لاخہ دوز ۔ پیوند لگانے والا ۔
لادر ۔ عمارت ۔ دیوار ۔ بنیاد ۔
لادگر ۔ معمار ۔ راج ۔
لادوا ۔ لاعلاج ہے ۔
عشق سے طبیعت نے زیست کا مزہ پایا
درد کی دوا پائی دردِ لادوا پایا)
لادہ ۔ احمق ۔ کودن ۔ بے وقوف
لَارَهْبَانِيَّةَ فِي الْاِسْلَامِ ۔ اسلام میں رہبانیت جائز نہیں ۔
لَارَيْبَ ۔ بلاشک
لازم ۔ ۱ ۔ ضروری ۔ ۲ ۔ نیز وہ فعل جو صرف فاعل کو چاہے ۔ اور مفعول کو نہ چاہے ۔
لازم آمدن ۔ ضروری ہونا ۔
لازم داشتن ۔ ضرورت پڑنا ۔
لازم دانستن ۔ ضروری سمجھنا ۔
لازم و ملزوم ۔ باہم وابستہ ۔
لازمہ ۔ ضروری اسباب ۔
لازوال ۔ ہمیشہ ۔ جسے زوال نہ ہو ۔
لاس ۔ ۱ ۔ موٹا ریشم ۔ ۲ ۔ فلرٹیشن چھیڑ خوانی ۔ ۳ ۔ کتیا ۔
لاس زدن ۔ جھوٹی محبت کا اظہار کرنا
لاسٹیک ۔ ربڑ ۔ ٹائر ۔
لاسٹیکی ۔ ربڑ کا بنا ہوا ۔
لاسی ۔ جھوٹی محبت کرنے والا ۔ چشم دریدہ ۔
لاسبیلی درکردن ۔ ۱ ۔ بات کو اَن سنی کر دینا ۔ ۲ ۔ لغویات پر

کان نہ دھرنا۔
لاشں ۔ مُردہ جسم۔ نعش۔ گوشت کا ٹکڑا۔
لاشخور۔ گدھ۔ چیل
لاشک ۔ بے شک
لاشہ۔ ضعیف وکمزور۔ ۲۔ لاشں
لاشہ خر بہ اسپ تازی چہ نسبت
۱۔ کہاں گنگو تیلی کہاں راجہ بھوج
۲۔ اسمیں اس میں بڑی تفاوت ہے
لاشی ۔ حقیر۔ ناچیز
لاشیٔ محض ۔ کنگال ذقلاش
لا طائل ۔ بے فائدہ ۔ بے ہودہ
لا طائلات ۔ جمع ہے لا طائل کی۔
لاطین ۔ لاطینی زبان ۔
لاطی ۔ بچہ باز۔
لاعب ۔ کھلنڈرا
لاعلاج ۔ لا دوا۔
لاعلم ۔ بے علم
لاغ ۔ ظرافت۔ بذلہ گو۔
لاغر ۔ دُبلا پتلا۔
لاغر شدن ۔ کمزور ہونا۔
لاغیر۔ تن تنہا۔ جہاں اور کوئی نہ ہو۔
لاف ۔ ڈینگ ۔ شوخی ۔ گپ

لاف زدن ۔ ڈینگ مارنا۔
لاف زن ۔ اسم فاعل۔ ڈینگیں مارنے والا
لاف در غربت زدن ۔ مسافرت میں اجنبیوں کے سامنے اپنے فضل وہنر کی ڈینگیں مارنا۔
لاف وگزاف ۔ گپ شپ ۔ بڑیں۔
لافیس ۔ وسوسہ ڈالنے والا شیطان۔
لاقید۔ بے پروا۔ بے فکر۔
لاک ۔ ۱۔ جس سے مہریں وغیرہ بناتے ہیں ۔ ۲۔ لکڑی کا پیالہ۔ ۳۔ تغار
لاک زدن } کسی چیز کو لاکھ لگا کر
لاک کردن } بند کرنا۔
لاک ومہر کردن ۔ لاکھ لگا کر اوپر مہر ثبت کر دینا۔
لاک پشت ۔ کچھوا۔
لاکتاب ۔ بے دین ۔ بدمذہب ۔
لاکردار۔ بدراہ ۔ نمک حرام ۔
لاکلام ۔ بلاشبہ۔
لاکن ۔ لیکن۔ حرف استدراک ۔
لال ۔ ۱۔ گونگا۔ ۲۔ سرخ پتھر (لعل)
لال شدن ۔ گنگ ہونا۔

لال بازی - جان بوجھ کر گونگا بننا۔
لالا - ۱- لوری جو مائیں بچوں کو دیتی ہیں - ۲- درخشاں اور چمکدار (جیسے رلولوی لالا)
لالامرا - خواجہ سرا۔
لالا کردن - بچے کا سونا یا تھپک کر سلانا۔
لالا گفتن } ماں کا بچے کو لوری
لالا خواندن } دینا۔
لالک - جوتا۔
لالہ - ۱- لالٹین - ۲- فانوس -
۳- سرخ رنگ کے ایک پھول کا نام جو باغوں اور بیابانوں میں ہر جگہ ہوتا ہے۔
لالہ برگ - گل لالہ کی پنکھڑی۔
لالہ خطائی - شقایق -
لالہ داغدار - رجوع بہ ماقبل۔ لالے کے پھول کے اندر مرکز میں ایک سیاہ داغ ہوتا ہے (داغ سے کوئی دل نہیں خالی کیا کوئی لالہ زار ہے دنیا)
لالہ دیوار کوب - دیوار میں لٹکانے والی لالٹین۔

لالہ رخ - سرخ - گلابی چہرے والا۔
لالۂ صحرائی - لالے کی ایک قسم۔
لالۂ طور - آگ -
لالۂ عباسی - گل عباسی جسے گل صبح و شام بھی کہتے ہیں- اس لئے کہ وہ فقط صبح اور شام کے وقت کھلتا ہے - باقی وقت بند رہتا ہے -
لالہ عذار - سرخ گلابی گالوں والا-
لالۂ کوہی - گل لالہ کی ایک قسم -
لالۂ گوش - کان کی لو۔
لالہ گون - لالے کی طرح سرخ - خوب صورت -
لالہ لب - محبوب - حسین
لآلی - لؤلؤ کی جمع - موتی۔
لامپ - لیمپ -
لامحالہ - ناچار - بالضرور۔
لامذہب - بے دین۔
لامس - چھونے والا۔
لامسہ - چھونے کی قوت -
لامع } روشن
لامعہ } چمکدار
لامک - دستار - پگڑی -

لامکان - عالمِ خدائی - جو مکان اور اطراف و جہات سے مبرا ہے -
(عہ اپنے لئے لامکاں میرے لئے چار سُو)
لان - بے وفا - بے حقیقت -
لاندن - ہلانا -
لانہ - آشیانہ - گھونسلا - چھتہ - مرغوں کا ڈربہ -
لانۂ زنبور - بھڑوں کا چھتہ -
لانۂ سگ - کتے کے رہنے کی جگہ -
لانہ کردن - مقیم ہونا -
لانیدن - ہلانا -
لاوارث - جس کا کوئی والی وارث نہ ہو -
لا و اللہ - نہیں نہیں - خدا کی قسم -
لاوصول - ناقابل وصول
لا و نعم - ہاں اور نہ - چون و چرا -
لاوک - پرات -
لاوہ - چاپلوسی - خوشامد -
لاہوت - عالم ذاتِ الٰہی - ۲ - جہان باقی - ناسوت کا الٹ -
لاہوتی - رجوع بہ ماقبل ؎
(اے طائرِ لاہوتی اس رزق سے موت اچھی
جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی)

لاہورہ - خربوزے یا تربوز کی قاش - پھانک -
لاہی - بازیگر -
لائی - کیچڑ - تلچھٹ - تہ میں بیٹھ جانے والی چیز - جیسے لائی حوض) نیز بمعنی کتاب (جیسے لائی کتاب)
لائح - واضح - روشن - ظاہر -
لائحہ - پروگرام - فہرست -
لاتجزی - جس کا تجزیہ نہ ہو سکے -
لایتغیر - جو تبدیل نہ ہو سکے -
لایزال - جسے زوال نہ ہو -
لایعلم - بے علم -
لایتناہی - جس کی انتہا نہ ہو -
لایطاق - بے طاقت -
لایعنی - بے ہودہ - بے فائدہ -
لائق - سزاوار اور شائستہ -
لایقرء - ناقابل قرأت
لائم - ملامت کرنے والا -
لایموت - نہ مرنے والا - لافانی - ابدی -
لاینبغی - نامناسب -
لاینصرف - اٹل -
لاینحل - جو حل نہ ہو سکے -

لاینفک - جو جدا نہ ہو سکے -
لاینقطع - مسلسل - لگاتار

ل - ب

لَب - ہونٹ - کنارہ -
لُب - ۱ - ہر چیز کا خلاصہ ۲ - مغز
۳ - رُوح -
لب لباب - خلاصہ - مغز -
لب آب - ندی کے کنارے -
لب آب بردن و تشنہ
برگرداندن - سبز باغ دکھانا -
دھوکا دینا - فریب دینا -
لب بام - کنارے پر - بالکل سرے
پر - ع
دو چار ہاتھ جبکہ لب بام رہ گیا
لُباد - جُوا
لَبّاد - نمدہ بنانے والا -
لبادہ - اُونی جامہ - باراتی -
برسانی -
لبادہ برگاو نہادن - کوچ کر جانا
لباسات - پوشاکیں
لباس النفوی - ۱ - شرم و حیا -
۲ - موٹے جھوٹے اور سادہ کپڑے
لباس الرّجل - عورت -
لباس المرأۃ - مرد -
لباس دربر کردن - لباس پہننا -
لباس راہب - سیاہ لباس -
لباس رسمی - سرکاری لباس -
۲ - درباری لباس -
لباس عباسی - سیاہ پوشاک جو
عباسی خاندان کے بادشاہ
پہنتے تھے -
لباس گرداندن - کپڑے بدلنا -
لباس نظامی - فوجی وردی -
لباس نو کردن - نئی پوشاک پہننا -
لباسی - جعلی - بناوٹی
لبالب - پُر - چھلکتا ہوا -
لبان - لب کی جمع - انسانی ہونٹ
لب بدندان گزیدن - غصے کے
مارے ہونٹ چبانا -
لب برچیدن - بچوں کا منہ بسورنا -
لب بستن - چپ رہنا
لب بستہ - خموش -
لب بہ لب - تمام - پُر
لَبْث - دیر کرنا - تاخیر کرنا -

لب پریدہ - چینی یا بلور کا وہ برتن جس کا کنارہ ٹوٹا ہوا ہو۔
لب تر کا ندن - بات کا آغاز کرنا۔
لب چرا - نُقل - خشک فروٹ -
لب چشن - ذرا سا چکھنا -
لب چیزی تو گذاشتن - ۱- راز کا چھپا جانا - ۲- چپ سادھ لینا -
لب خضرا - افق - آسمان کا کنارا -
لب خند - مسکراہٹ - تبسم -
لب خند زدن - مسکرانا -
لب را بہ شیر نشستن - بچے کا دایہ یا ماں کی چھاتی سے دُودھ پینا -
لب روزی - بہت کم روزی -
لب ریز - پُر - کنارے تک بھرا ہوا -
لب زدن - چکھنا -
لب سفید کردن - مسکرانا -
لب شکری - اب نگا فتہ - ۲ - شیریں لب -
لبش بوی شیر می دہد - وہ ابھی بچہ ہے - اس کے منہ سے ابھی بری نبیر آتی ہے -
لب شور - کھاری پن -
لب شور لودن - کھاری ہوتا -

لب شور شدن - تلخ و بدمزہ ہونا -
لب شیریں کردن - مسکرانا
لب طلائی - زرد حاشیہ
لب کشادن } بولنا - گفتگو کرنا -
لب کشودن
لب کلفت - موٹے ہونٹ
لب گزیدن - پشیمانی سے ہونٹ چبانا یا کاٹنا -
لبلاب - عشق پیچاں -
لبلبو - پکا ہوا چقندر
لب لعل - سرخ ہونٹ -
لبلوس - چاپلوسی -
لبن - حیوانات کے پستان کا دُودھ - پیتے والا دُودھ -
لب نان - روٹی کا ٹکڑا - لقمہ -
لبنی - دُودھ سے بنی ہوئی چیز -
لبنیات - جمع ہے لبنی کی - دُودھ سے بنی ہوئی چیزیں -
لبو - چقندر پختہ -
لبوئی - چقندر بیچنے والا -
لب ولوچہ آویزاں شدن - ۱- منہ لٹکا لینا - ۲- کھسیانا ہونا - ۳- منہ لبسور لینا -

لبہ - کنارہ - کنگرہ -
لبہ دار - کنارہ دار - کنگرہ دار
لبیب - ذہین - دانا - نکتہ سنج -
لبیدن - ڈینگ مارنا - شیخی بگھارنا
لبیدی - شاعری - قصہ خوانی -
لبیک - جوابی کلمہ ہے جس کے معنی ہیں کہ میں حاضر ہوں - خدا کے حضور میں حاجی لوگ میدانِ عرفات میں یہ کلمہ بولتے ہیں کہ اے میرے مالک! میں تیری خدمت میں حاضر ہوں -
لبیک گفتن - لبیک کہنا -

ل - پ

لُپ - بہت بڑا لقمہ -
لپ لپ خوردن - بہت بڑے بڑے لقموں سے کھانا -
لپہ کردن - دو ٹکڑوں میں بانٹ دینا -

ل - ت

لت خوردن - آسیب پہنچنا - دھکا لگنا - نقصان ہونا -
لت دادن آب - دوسروں کا پانی چرا لینا -
لت زدن - ۱ - کسی کے پانی کی باری چرانا - ۲ - نقصان پہنچانا -
لَترہ - موٹا - بیکار - لغو آدمی -
لُتکا - ۱ - ڈونگا - ۲ - چھوٹی کشتی - ۳ - شکارا -
لت و پار - ٹکڑے ٹکڑے -
لت و پار شدن - پراگندہ ہونا - منتشر ہونا -
لُت لُت - ٹکڑے ٹکڑے -
لتنبار - پیٹو - بسیار خور -
لَتہ - کپڑے کا ٹکڑا - چیتھڑا - ۲ - نیز خربوزوں اور ہندوانوں کا کھیت -
لتہ حیض - بے عزت و بے غیرت اور بے آبرو انسان -

ل - ث

لثہ - مسوڑہ -

ل۔ج

لج ۔ ہٹ دھرمی ۔ ضد ۔
لج کردن ۔ ضد کرنا ۔
لج باز ۔ ضدی ۔ ہٹیلا ۔
لج بازی ۔ ہٹیلاپن ۔ ہٹ دھرمی
لجاج کردن ۔ باہم ہٹ دھرمی سے کام لینا ۔
لجاجت ۔ اقرار ۔ نیز رجوع بہ ماقبل ۔
لجام ۔ لگام ۔
لجام کردن ۔ چارپایوں کو لگام دینا ۔
لجام گسیختن ۔ بے لگام یا بے مہار ہو جانا ۔ سرکش و نافرمان ہو جانا ۔
لجام گسیختہ ۔ باغی و سرکش ۔
لجن ۔ چکنا اور سیاہ کیچڑ جیسا کہ عموماً حوض کی تہ میں ہوتا ہے ۔
لجن آلود ۔ کیچڑ میں لت پت ۔
لجن زار ۔ جہاں ہر طرف کیچڑ ہی کیچڑ ہو ۔ پھسلن اور دلدل سی ۔
لجن مالیدن ۔ کسی پر کیچڑ اچھالنا ۔ کسی کو بے آبرو کرنا ۔
لجوج ۔ ضدی ۔ ہٹیلا ۔
لجّہ ۔ جھریاں ۔ شکن ۔

ل۔چ

لچ ۔ رخسار ۔ چہرہ ۔
لچ ۔ جھریاں ۔ شکن
لچ افتادن ۔ چہرے پہ جھریاں پڑ جانا ۔
لچر لودن ۔ آلودہ ۔
لچک ۔ سہ کونہ رومال جو عورتیں سر پہ باندھتی ہیں ۔ ۲ ۔ اوڑھنی ۔ ۳ ۔ دوپٹہ ۔
لچک بر سر ۔ اوڑھنی اوڑھے ہوئے ۲ ۔ باحیا گھریلو عورت ۔ ۳ ۔ ناتوان ضعیفہ ۔

ل۔ح

لحاف ۔ رضائی ۔
لحاف کش ۔ دلال زنانہ
لحد ۔ قبر کا وہ حصہ جہاں مردے کو رکھا جاتا ہے ۔
لحظہ ۔ لمحہ ۔ آنکھ جھپکنے کی دیر ۔ (لحظہ ای بمان) ایک لمحہ کے لئے رک جاؤ ۔

لحظہ بہ لحظہ - دم بدم۔
لحم - گوشت۔
لحمک لحمی - مکمل یگانگت ہونا۔
لحن - ا۔ سریلی آواز۔ نوا۔ ۲۔ سُر۔
لحوم - لحم کی جمع - ملاحظہ ہو لحم۔
لحیم - موٹا تازہ - جس پر خوب گوشت پوست ہو۔
لحیہ - داڑھی۔
لحیہ کردن - ا۔ خود نمائی کرنا۔ ۲۔ خواہ مخواہ دخل دینا۔

ل - خ

لخ - گھاس کی ایک قسم - بانس۔
لخت - حصہ - ٹکڑا۔
لخت - ننگا - برہنہ - عُریاں۔
لخت جگر - جگر گوشہ - فرزند
لخت در - دروازے کا ایک پٹ - کواڑ۔
لخت ورز - پیوند لگانے والا۔
لخت شدن } ننگے ہونا
لخت کردن } ننگے کرنا۔
کسی کو لوٹ لینا اور یا اس کے سب کچھ چھین لینا۔
لخت وعور - سرتا پا برہنہ۔
لخت کردن باغ - باغ کی آرائش کے لئے زاید پودوں کی کانٹ چھانٹ کرنا۔
لختہ - ایک ٹکڑہ۔
لختی - ا۔ لحظہ ای - نیز رجوع بہ لخت وعور۔
لخشیدن - پھسلنا۔
لخلخ - دبلا پتلا - کمزور اور نحیف ونزار۔
لخلخہ - چند خوشبوؤں کا مرکب - گولی عنبر بن۔
لخم - بغیر ہڈی کے گوشت۔
لخم - کمزور - دبلا پتلا

ل - د

لد - سخت جھگڑا۔
لد - جھگڑالو۔
لدن - نزدیک - پاس۔
لدنی - وہ علم جو بغیر کسی سے درس لئے حاصل ہو - علم الہامی

ل - ذ

لذا - لہذا - بنابریں -
لذات - لذت کی جمع - ذائقے -
لذائذ - ذائقے - مزے
لذت بردن - لطف اٹھانا -
لذت انگور بیوہ داند نہ صاحب میوہ - ناز ونعم اور امیری کی گود میں پلنے والے غریبوں کا کیا حال جانیں - محاورے کا مطلب ہے کہ غریب بیوہ جس نے کبھی انگور جی بھر کر نہیں کھایا - اس کا اصل مزہ تو وہی بتا سکتی ہے -
لذت داشتن - ۱ - لذیذ ہونا - ۲ - مزیدار ہونا -
لذیذ بودن - خوش ذائقہ ہونا -

ل - ر

لر - لبغل - لاغر - کمزور
لر - ایرانی النسل کی ایک بادہ نشین قوم کا نام -
لر - درہ - خشک ندی -
لرد - لارڈ -
لرد تلچھٹ - تہ نشین
لرد - نمائش گاہ - نیز گھوڑ دوڑ کا میدان -
لرز - کپکپی -
لرزاندن - ہلانا - جھٹکا دینا -
لرزش - حاصل مصدر لرزیدن بمعنی کپکپی -
لرزہ - رجوع بہ ماقبل -
لرزہ براندام افتادن - جسم پر کپکپی طاری ہو جانا - کانپنے لگنا -
لرزیدن - کانپنا - ع
(دل بادشاہاں بلرزد زگدائے بے نیازے)
لرستان - لر قوم کی رہائش گاہ -

ل - ز

لزاب - چپکنے والا -
لزب - چپکنا -
لزاجت - چپیدگی -
لزج - گوند - سریش
لزدم - لازم ہونا -

لزوماً - بطور لازم۔
لزیر - دانا - پرہیزگار

ل - س

لِسان - زبان کا گوشت کا وہ ٹکڑا جو منہ میں ہوتا ہے - نیز مختلف بولنے کی زبانیں جیسے عربی - فارسی - اُردو اور انگریزی
لِساناً - زبانی - تقریری۔
لسان العصر - اپنے زمانے کا فصیح الکلام شاعر اکبر الہ آبادی کا لقب تھا۔
لسان الغیب - الہامی زبان - خواجہ شمس الدین محمد حافظ شیرازی کا لقب ہے۔
لسانی - زبانی۔
لسانیت - تیز زبانی۔

ل - ش

لَش - ا۔سست - بے حرکت۔ ۲ تلچھٹ۔
لش بودن - بے حس و حرکت ہونا - مانند لاش ہونا۔
لش بازی درآوادن - باہم ایک دوسرے کے درپے آزار ہونا۔
لات بازی - ہرزگی - فضول کام۔
لش نشدن - ا۔سست و بے کار ہونا - ۲۔بے حس و حرکت ہوتا - ۳۔بے غیرت ہونا۔
لش گیری - بیہودہ کاری۔
لَشک - شبنم - اوس۔
لشکر - فوج - سپاہ۔
لشکر کشی - فوج کشی۔
لشکر کشیدن - فوج سے حملہ کر دینا
لشکر گاہ - فوجوں کے پڑاؤ ڈالنے کی جگہ - وہ جگہ جہاں فوجی خیمے نصب ہوں۔
لشکری - فوجی۔
لَشن - سادہ - نرم۔

ل - ط

لطافت - نرمی - تازگی - عمدگی۔
لطائف - لطیفہ کی جمع - دلچسپ

اور لطیف باتیں۔ باریک اور عمدہ باتیں۔
لطائف الحیل۔ دلفریب اور اچھے حیلے۔ حیلہ ہائے لطیف و دلکش۔
لطف داشتن ۔ مہربانی کرنا۔
لطف نمودن ۔ نوازش کرنا۔
لطفاً۔ از رُوئے لطف و مہربانی۔
لطف عالی زیاد۔ یہ دعائے خیر کے کلمات ہیں کہ خدا سن لے کہ آپ کی مجھ پر مہربانی اور عنایت کی نگاہ رہے۔
لُطم۔ تھپڑ مارنا۔ طمانچہ مارنا۔
لطمات۔ لطمہ کی جمع۔ دھپڑ۔ تھپڑ۔ طمانچے۔
لطمہ۔ رجوع بہ ماقبل
لطمہ خوردن۔ تھپڑ کھانا۔
لطمہ زدن ۔ تھپڑ مارنا۔
لطیف۔ باریک۔ نازک۔ مہربان دل نواز۔
لطیف خو۔ پاکیزہ خو۔
لطیفہ۔ دل کو بھلی لگنے والی بات عمدہ و دلکش اور باریک باتیں۔
لطیفہ گو۔ ۱۔ ادیب۔ ۲۔ خوش بیان ۳۔ شوخ۔

ل ع

لِعاب۔ تھوک۔ آب دہن۔
لعّاب۔ کھیلنے والا۔ بازی گر۔
لعاب عنکبوت۔ مکڑی کا جالا۔
لعاب لعل۔ سورج۔
لعاب نگس۔ شہد۔ عسل۔
لِعان۔ باہم دگر لعنت کرنا۔ شرعی اصطلاح میں اُسے کہتے ہیں کہ اگر کوئی شوہر اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگائے مگر اس کے پاس گواہ کوئی نہ ہوں۔ پھر قاضی کے روبرو دونو میاں بیوی چار مرتبہ قسم کھاکر اپنی سچائی ثابت کریں اور پانچویں مرتبہ کہیں کہ ہم میں سے جو جھوٹا ہو اس پر خدا کا قہر اور غضب نازل ہو جائے تو پھر قاضی ان دونو میں ہمیشہ کے لئے جدائی کا اطلاق کر دیتا ہے۔

لَعب - کھیل کود - بازی -
لُعبت - ۱- کھلونا -۲- کپڑے کی بنی ہوئی گڑیا جس سے بچیاں کھیلتی ہیں -
لُعبتانِ دیدہ - آنکھ کی پتلیاں -
لعبت باز - پتلیوں کا تماشا کرنیوالا -
لعل فام - یاقوت کی مانند سُرخ - سُرخ فام -
لعل گوں - لعل کی مانند سُرخ -
لعل بدخشاں } بدخشاں کا مشہور
لعل بدخشانی } و معروف سُرخ پتھر - یاقوت -
لعل خنداں - معشوق کے سُرخ اور یاقوت جیسے ہونٹ -
لعل زر - صبح کی روشنی -
لعل فلک - سورج و آفتاب -
لعل مذاب - پگھلا ہوا لعل - مراد ہے سرخ رنگ کی شراب - یا شراب ارغوانی -
لعل ناسفتہ - ۱- ان چھدا لعل - جس میں کوئی سوراخ نہ کیا گیا ہو - ۲ - نئی تصنیف - ۳- کوئی نیا یا اچھوتا راگ - ۴- دوشیزہ اور

کنواری لڑکی -
لعن کردن - لعنت کرنا -
لعن فرستادن - کسی پر لعنت بھیجنا
لعنت اللہ علیہ - کلمۂ نفرین - اُس پر خدا کی لعنت ہو -
لَعین - ملعون - جس پر لعنت کی گئی ہو -

ل - غ

لَغ - ۱- صاف - ۲- سادہ - ۳- بے نقش ۴- چٹیل - ۵- فاسد - جیسے تخم لغ بمعنی گندہ انڈہ -
لغات - لغت کی جمع - الفاظ اور زبانیں - بولیاں - فرہنگ -
لُذت - رجوع بہ ماقبل -
لغت پیدا نکردن - کسی چیز کی تعریف یا کسی کا شکریہ ادا کرنے کے لئے الفاظ کا نہ ملنا - (بندہ ہیچ لغت پیدا نمی کنم تا از عہدہ تشکر برآیم)
لغز - ۱- پیچیدہ بات - ۲- مبہم بات ۳- تیز جنگلی چوہے کا بل جو بہت

اہم پیچ دار ہوتا ہے۔
لغزان - اسم حالیہ ہے لغزیدن مصدر - بمعنی پھسلتے ہوئے - گرتے پڑتے۔
لغز خواندن - بدگوئی کرنا چغلی کھانا - غیبت کرنا۔
لغز و لغزک خواندن - رجوع بہ ماقبل۔
لغزش - حاصل مصدر لغزیدن سے - غلطی - خطا - بے اختیار حرکت کا سرزد ہونا۔
لغزاندن - پھسلا دینا - ۲ - بہلانا پھسلانا۔
لغ سر - بالکل گنجا - جس کا سر چٹیل میدان ہو۔
لغو - بیہودہ - فضول۔
لغو شدن - منسوخ ہو جانا۔
لغو کردن - منسوخ کر دینا۔
لغو گفتن - بے ہودہ بات کرنا۔
لغو گو - فضول باتیں کرنے والا۔
لغوب - تھکن - تکان - ماندگی۔
لغوہ - کپکپی - رعشہ۔
لغوی - مربوط و منسوب بہ لغت و فرہنگ۔
لغویات - بیہودگیاں - لغو باتیں۔

ل - ف

لَفّ - لپٹینا۔
لِفّ - درضمن۔
لَفّاظ - خوش بیان - لفظوں سے کھیلنے والا۔
لفاظی کردن - ۱ - خوش بیانی کرنا - بہت بولنا۔
لفاف } اوپر کا خول - نیز وہ
لفافہ } کاغذ یا پیکٹ جس میں خط یا کوئی چیز لپیٹی جائے۔
لِفت - بدمزگی - ناز نا روا۔
لِفت دادن - ۱ - ناز و ادا سے کام لینا - ۲ - نخرے کرنا۔
لِفت و لیس - کاسہ لیسی - چاپلوسی
لفزہ - ادنیٰ - کمینہ - سفلہ - رذیل اور لپیٹ۔
لفنہ - رجوع بہ ماقبل۔
لِفتہ و لتزہ - رذیل و پست۔
لفچہ - موٹا اور بھدا ہونٹ۔

۲۔ بغیر ہڈی کے گوشت۔
لفجن ۔ رجوع بہ ماتیل۔
لفظ بہ لفظ ۔ حرف بہ حرف۔
عیناً۔ ہوبہو۔
لفظ قلم ۔ ادبی زبان جو لکھنے میں
تو استعمال ہوتی ہے ۔ مگر بولنے
میں نہیں آتی۔
لفظ قلم صحبت کردن ۔ ادبی زبان
میں باتیں کرنا ۔ کتابی زبان گفتگو
میں استعمال کرنا۔
لف و نشر ۔ لف کے معنی ہیں
لپیٹنا اور نشر کے معنی ہیں پھیلانا
اب علم بیان کی اصطلاح میں
چند چیزوں کا پہلے ذکر کرنا اور
چند چیزیں اور لانا جو پہلی
چیزوں سے نسبت رکھتی ہوں
اور یوں کہ ہر ایک کی نسبت
دوسرے سے مل جائے ؎
(نہ سلیقہ مجھ میں کلیم کا نہ قرینہ تجھ میں خلیل کا
میں ہلاک جادوی سامری تو قتیل شیوہ آذری)
لفیف ۔ لپٹی ہوئی چیز۔
پیچیدہ۔

ل ۔ ق

لق بودن ۔ ۱۔ صاف چٹیل ہونا۔
۲۔ خالی ہونا۔ ۳۔ سست ہونا۔
لق ۔ گستاخ ۔ شوخ چشم ۔ ۴۔
بے ادب۔
لقا ۔ دیکھنا ۔ ملنا ۔ چہرہ ۔ صورت۔
لقاح کردن ۔ حمل کرنا نطفہ بندی
لقب ۔ وہ نام جو کسی اچھائی یا
برائی کی وجہ سے مشہور ہو جائے۔
لق شدن ۔ رجوع بہ لق بودن۔
لقطہ ۔ راہ میں گری ہوئی چیز۔
لقلق ۔ مشہور آبی پرندہ لک لک
عرف عام میں بگلا۔
لقلقہ ۔ ۱۔ زبان کی جنبش ۔ ۲۔
کڑی اور سخت آواز سے بولنا۔
پاگا ہے ہر کڑی اور سخت زبان۔
لقمان ۔ مشہور حکیم ۔ پورا نام لقمان
بن عور ۔ وہ حضرت ایوب علیہ
السلام کے عزیزوں میں سے تھے
بعض نے حضرت داؤد علیہ السلام
کے شاگرد بھی لکھا ہے ۔ ملک حبش
کے رہنے والے تھے ۔ شام میں

علم حاصل کر کے علم وفضل کے
مرتبہ کمال تک پہنچے ۔ بعد از
وفات فلسطین کی سرزمین میں
دفن ہوئے ۔ ۲۔ قرآن حکیم
کی ایک سُورت ۔ (سورہ لقمان)
کا نام۔
لُقمہ ۔ نوالہ۔
لقمہ چرب ۔ گنج بے رنج ۔
لقمہ را از پشت سر بدہان گذاشتن
کسی کام کو الٹ راستے سے
سرانجام دینا۔
لقمۂ صباح ۔ صبح کا ناشتہ۔
لقمان را حکمت آموختن سورج
کو چراغ دکھانا۔
لقمہ ز حوصلہ بیشتر برداشتن
اپنی بساط اور ہمت سے بڑھکر
کوئی کام کرنا۔
لقمہ شمار ۔ بن بلائے دعوت پر آ
پہنچنے والا۔
لُقمہ گرفتن ۔ سیر آدمی کو کچھ نہ کچھ
کھانے پہ مجبور کرنا۔
لَق و دق ۔ ہموار او چٹیل میدان ۔
لقوہ ۔ ایک بیماری جو فالج کی
ایک شاخ ہے اور جس میں انسان
کا منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے ۔
لِقیطہ ۔ قابل نفرت مرد یا عورت
لقیدن ۔ رجوع کریں لق لق ۔

ل ۔ ک

لک ۔ لاکھ ۔ سیاہی ۔ نقطہ ۔ تل
بکواس ۔ ہذیان ۔
لک افتادن ۔ داغدار ہونا ۔
لک داشتن ۔ فاسد ہو جانا ۔
ضائع ہو جانا ۔ داغدار ہونا ۔
لک کردن ۔ خراب کرنا ۔ میلا
کچیلا کر دینا۔
لکا ۔ جوتا ۔ کفش ۔
لکات ۔ بے قدر و قیمت چیز ۔
ذلیل ۔ نیز فاحشہ عورت ۔
لکاتہ ۔ بدکار عورت ۔ فاحشہ عورت
لکد ۔ لات ۔ دولتی ۔
لکد انداختن ۔ کسی کو پرے ہٹانے
کے لئے پچھلے پاؤں سے دولتی مارنا
لکد بہ بخت خوردن ۔ نعمت کا
ہاتھ سے کھو دینا ۔ اپنی ہی مصلحت

کے خلاف کام کرنا۔
لکد بہ گورِ حاتم زدن ۔ حاتم طائی کو سخاوت میں مات کر دینا۔
لکد خوردن ۔ دولتی کھانا۔
لکد زدن ۔ لات مارنا۔ دولتی مارنا۔
لکد کردن ۔ پامال کردن ۔ روندنا۔
لکد کوب شدن ۔ لتاڑے جانا۔
لکد کوب کردن ۔ لتاڑنا۔
لکلک ۔ مشہور آبی پرندہ ۔ بگلا۔
لکن ۔ ہکلاپن ۔
لکنت ۔ ہکلانا۔
لکنتی ۔ از کار افتادہ ۔ ناکارہ ۔ خراب و شکستہ ۔
لک و پک ۔ ناہموار ۔ ناصاف سنگلاخ ۔
لکہ ۔ دھبا ۔ داغ ۔ وھبہ ۔ ننگ آلودگی ۔
لکہ دار ۔ بدنام ۔ داغدار
لکہ دار شدن ۔ بدنام ہونا۔
لکہ دار کردن ۔ بدنام و داغدار کرنا
لکہ رفتن ۔ آہستہ آہستہ دوڑنا۔
لکہ گیری ۔ دھبے مٹانا۔
لکہ گیری کردن ۔ دھونا ۔ دھبے مٹانا ۔ پاک کرنا۔
لوکومو تو ۔ لوکوموٹو انجن ۔
لکبیدن ۔ ادھر ادھر بھاگنا۔

ل ۔ گ

لگن ۔ چلمچی ۔
لگنچہ ۔ طاس ۔ چھوٹی چلمچی ۔

ل ۔ ل

للہ ۔ بچوں کی دیکھ بھال کرنے والا بوڑھا۔
للہ زادہ ۔ امیروں کے بچوں کا نگہبان و محافظ ۔
للّٰہ ۔ برائے خدا ۔ خدا واسطے ۔

ل ۔ م

لم دادن ۔ فراغت سے لیٹنا۔
لم زدن ۔ رجوع بہ ماقبل
لمّ ۔ سبب ۔ علّت
لما لم ۔ لبالب ۔ پُر ۔ لبریز ۔

لمام - زلفیں - کنپٹیاں -
لمبر - تکان - جنبش - حرکت -
لمبر - ران -
لمح - بجلی کا چمکنا -
لمحات - لمحہ کی جمع -
لمحہ - پل - لحظہ - ع
(یک لمحہ راغافل شدم
صد سالہ راہم دور شد)
لمس - چھونا - مس کرنا -
لمس کردن } چھونا -
لمس نمودن } ملنا - مس کرنا -
لمع - چمکنا -
لمعات - روشنیاں -
لمعان - بجلی کا چمکنا -
لمعہ - چمک - روشنی
لمن الملک زدن - فخر کرنا -
غرور و تکبر کرنا -
لمیدن - رجوع بہ لم دادن -
لم یزل - لازوال - خداوند تعالٰے -
لم یزلی - ابدی -

ل - ن

لنبان - وہ بوڑھی عورت جو دلالہ
ہو - نیز موٹا تازہ انسان -
لنبہ - موٹا تازہ ران کا گوشت -
لنتر - لالٹین -
لن ترانی - تو مجھے ہرگز نہیں دیکھ
سکتا - حضرت موسیٰ ؑ کا اصرار
کرنا اور کہنا - ربّ ارنی - اے
اللہ! میں تجھے دیکھنا چاہتا
ہوں - اس کے جواب میں ارشاد
خداوندی کہ تو مجھے نہیں دیکھ سکتا -
لن ترانی گفتن - ۱ - ڈینگ مارنا -
۲ - گالی گلوچ دینا -
لنج - لب - ہونٹ
لنج آویختن - رجوع ولوچہ آویختن -
لنج آویختہ - مایوس و ناامید -
شکست خوردہ - منہ لبسورا ہوا -
لنج - ناز وغمزہ - ناز و ادا -
لنجیدن - مٹک مٹک کر چلنا -
لند - بٹیا -
لند لند - بڑبڑاہٹ
لندوک - لمبا اور لاغر -
لندھور - موٹا تازہ - بلند قامت
اور ہٹا کٹا -
لندولندہ زدن - بڑبڑ کرنا -

لندہ زدن - زیر لب بڑبڑانا-
لند بدن - رجوع بہ ماقبل
لنگ - لنگڑا-
لنگان - لنگڑاتے ہوئے -
لنگ لنگان - رجوع بہ ماقبل -
لنگاندن - لنگڑانا-
لُنگ - تہمد - لنگی - دھوتی -
لنگ انداختن - ا - مطیع ہونا-
۲- بیچ بچاؤ کرنا-
لنگ ملا نصرالدین است -
کہتے ہیں ملا نصرالدین کے ہاں
چوری ہوئی - تو اُس نے
رپٹ درج کرائی کہ اس کا بستر
اس کی دھوتی اور دستار سبھی
کچھ چوری ہو گیا ہے تحقیق و
تفتیش پہ پتہ چلا کہ محض ایک
لنگی گم ہوئی تھی - لوگوں نے
پوچھا ملّا یہ کیا بات ہے -
کہنے لگا کہ میں اسی سے تہمد -
بستر - دھوتی اور پگڑی کا
کام لیتا تھا-
لنگ - ٹخنہ - پنڈلی-
لِنگ دراز - دراز پا-

لِنگ در ہوا - پا در ہوا - نامعلوم
نامعین - مشکوک-
لِنگ و لگد انداختن - مطیع اور
رام نہ ہونا - قبول نہ کرنا-
لنگر انداختن - لنگر انداز ہونا-
قیام کرنا - ٹھہرنا-
لنگر گاہ - جہازوں کے ٹھہرنے
کی جگہ - بندرگاہ-
لنگہ - بیٹ - کواڑ - بوری گٹھڑی
کا نصف - گٹھا - جوتی کا ایک پاؤں
لنگہ بہ لنگہ لودن } جوتی کا
لنگہ بہ لنگہ پوشیدن } دایاں پاؤں
بائیں میں اور بایاں پاؤں دائیں
میں ڈال لینا-
لنگیدن - لنگڑا کر چلنا-

ل - و

لَو - حرف شرط - اگر-
لو - لب - بلندی - ٹیلہ - کنکار-
لِوا - جھنڈا - پرچم-
لَواحق - متعلقات - متعلقین -
لوازِم - ضروریات -

لوازمات ۔ رجوع بہ ماقبل
لوازم التحریر ۔ سٹیشنری ۔ لکھنے کی چیزیں ۔
لواش ۔ چپاتی ۔
لواشہ ۔ سرکش گھوڑے کے منہ کو جس رسّے سے باندھتے ہیں ۔
لواط ۔ قوم لوط کا کام کرنا ۔
لواطت ۔ اغلام ۔ لونڈے بازی
لوّام ۔ سخت ملامت کرنے والا ۔
لوّامہ ۔ رجوع بہ ماقبل
لُوبان ۔ گوگل
لوبیا ۔ رنگ ۔ غلہ کی ایک قسم ہے
لوبیا چشم بلبلی ۔ سفید لوبیا کی وہ قسم جس میں سیاہ داغ ہوتا ہے ۔
لُوت ۔ ننگا ۔ برہنہ
لَوث ۔ آلُودہ ۔
لوث شدن ۔ آلودہ ہونا ۔
لوث کردن ۔ آلُودہ کرنا ۔ داغدار کرنا ۔
لوچ ۔ بھینگا ۔ احول
لُوچہ ۔ لب کوچک
لوح ۔ تختی ۔ صفحہ ۔ رقعہ

لوح تربت ۔ سنگ مزار
لوح خاطر ۔ صفحۂ دل ۔
لوح دورنگ ۔ دُنیا ۔
لوح سادہ ۔ آدمی ۔ تختی
لوح سنگ ۔ پتھر کی تختی
لوح سیمیں ۔ چاندی کی تختی ۔ محبوب کی پیشانی ۔
لوح ضمیر ۔ رجوع موج خاطر ۔
لوح محفوظ ۔ وہ تختی جس پر خداوند کریم نے وہ ہر ایک امر جو وقوع ہوگا لکھ رکھا ہے ۔
لوح محفوظ لودن ۔ علم غیب کا نہ جاننا ۔ کسی بات سے آگاہ نہ ہونا ۔
لوح مرقد } رجوع کریں
لوح مزار } لوح تربت
لوح وقلم ۔ لوح محفوظ اور وہ قلم جس سے اس تختی پر لکھا گیا ۔

ع

(یہ جہاں چیز ہے کیا لوح وقلم تیرے ہیں)
لودہ ۔ لڑکا ۔
لودگی کردن ۔ شوخی کرنا ۔ ہنسانا ۔
لُور ۔ دھنیے کی کمان ۔ پنیر

کُورک۔ بے نمک پنیر
لَوز۔ بادام
لَوزی۔ بادامی
لوزینہ۔ وہ حلوہ جس میں بادام پستہ اور گری وغیرہ ہوں۔
لوزینہ بگاؤ دادن۔ بیہودہ کام کرنا۔
لُوس۔ خوشامد۔ چاپلوسی بے مزہ
لوس گیری کردن۔ بدمزگی کرنا۔ بدادائی کرنا۔ تملق و چاپلوسی کرنا۔
لوسیدن۔ چاپلوسی کرنا۔
لوط۔ مشہور پیغمبر حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے تھے۔ ان کی سرکش قوم کا لواطت محبوب مشغلہ تھا۔ ہر چند آپ نے ان کو وعظ و تبلیغ وارشاد و ہدایت کی مگر وہ نہ مانے۔ بالآخر ان پر خدا کا قہر نازل ہوا اور وہ سب مر گئے۔
لوطی۔ ۱۔ لونڈے باز۔ ۲۔ بے شرم کمینہ۔ ۳۔ بندر یا ریچھ والا۔ ۴۔ بھانڈ۔ ۵۔ بانکا۔
لوطی بازی درآوردن۔ بیہودگی اور بے شرمی کرنا۔
لوطی لوطی۔ بکا بدمعاش۔ غنڈہ۔
لوطی خور شدن۔ لٹ پٹ جانا۔
لوطی خور کردن۔ نقصان پہنچانا۔ مٹانا۔
لوطی گری۔ ۱۔ اوباشی ۲۔ مسخرہ پن۔ ۳۔ مردانگی۔ بیباک حرکت
لوطی گری کردن۔ ۱۔ غیرت کھانا۔ ۲۔ بے تحاشا خرچ کرنا۔
لوکہ۔ دھنکی ہوئی روئی۔
لوکیدن۔ گھسٹ کر چلنا۔
لُول۔ بے شرم۔ بے حیا۔
لول خوردن۔ ہل جانا۔
لولانگ۔ گھی اور تیل رکھنے کا برتن
لُولو۔ ۱۔ موتی مروارید۔ ۲۔ بچوں کو ڈرانے والا ہوّا۔
لولو سر خرمن۔ وہ انسانی شکل جو کپڑوں وغیرہ سے کھیتوں میں بنا دیتے ہیں تاکہ جانور اس سے ڈر کر فصل یا کھیتی کا نقصان نہ کریں۔
لولوی۔ جوہری۔
لُولہ۔ ٹونٹی۔
لُولہ ساز۔ ٹونٹی بنانے والا۔
لولہ پیچ۔ وہ نشان جو ٹونٹی کی طرح

پیٹا ہوا ہو۔ اکثر ریشمی تھانوں کو اس طرح پیٹتے ہیں۔
لولہ تفنگ۔ بندوق کی نالی
لولہ توپ۔ توپ کی کوٹھی جہاں اس کا بارود رکھتے ہیں۔
لولہ کشی۔ نالی لگانا۔
لولی۔ فاحشہ عورت۔ رنڈی۔ بازاری عورت
لولی وش۔ مانند لولی۔ قحبہ عورت کی طرح نیز نازک۔
لولیدن۔ ناز و ادا کرنا۔ نخرے کرنا۔
لولین۔ لوٹا۔
لولین ساز۔ کوزہ گر۔
لوم۔ ملامت کرنا۔ لعنت و سرزنش کرنا
لون۔ رنگ۔
لوند۔ رند۔ بدمعاش۔ کاہل اور عیش پسند لڑکا۔ بدکار لڑکا
لوندی۔ منسوب بہ لوند۔ رجوع بہ ما قبل
لوبز۔ مفت خورہ۔ طفیلی۔ بن بلایا مہمان۔

ل-ہ

لہ شدن۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
لہ کردن۔ روندنا۔ ٹکڑے کرنا۔
لہ۔ ۱۔ نشیبی زمین۔ ۲۔ خشک ندی کسی کے حق میں یعنی کسی کے موافق۔ علیہ کا الٹ۔
لہ کسی بودن۔ کسی کے حق میں ہونا۔
لہ لہ۔ ۱۔ حیوانات کے سانس لینے کی آواز۔ ۲۔ پیاسا ہونا۔
لہ لہ شدن۔ پیاس کی شدت کی وجہ سے ہانپنا۔
لہیب۔ آگ کا شعلہ۔ آگ کی لپیٹ۔
لہجہ۔ طرز۔ ادا۔ ادائیگی تلفظ کا طریق۔ زبان۔ لغت۔
لہجہ کسی در آوردن۔ کسی کے بات کرنے کی طریق کی نقل اتارنا۔
لہراسپ۔ ایران کے مشہور بادشاہ گشتاسپ کے باپ کا نام ہے۔
لہو و لعب۔ کھیل کود۔ وقت کا ضائع کرنا۔ ایسی کھیل جس سے وقت اور مال دونوں کا نقصان ہو۔
لہی۔ اجازت۔ رخصت
لہیب۔ شعلہ دار آگ۔ آگ کی بھڑک۔

لہیدن - ضائع ہونا - خراب ہونا - نرم ہونا -
لہیدہ - ضائع شدہ -
لہیف - غمگین و رنجیدہ -
لہیم - مجروح - حادثہ - بدبختی -

ل - ی

لیاذ - پناہ مانگنا -
لیاقت - استعداد -
لیاقت داشتن - شائستہ ہونا - یا استعداد ہونا -
لیاقت پیدا کردن - استعداد پیدا کرنا
لیاقت ذاتی - ذاتی استعداد جو وہبی ہو کسبی نہ ہو -
لیال - لیل کی جمع - راتیں -
لیبی - لیبیا - ملک کا نام
لیتک - مفلسی - کنگال - قلاش - نیز خوب صورت لونڈی یا بچہ -
لیت ولعل کردن - ٹال مٹول کرنا -
لیچار - انگوروں کا مربہ - ۲ - نامنجار بات - چغلی -
لیچار گفتن - پیٹھ پیچھے کسی کی برائی کرنا چغلی کھانا -
لیرہ - ایک رائج سکہ - پونڈ
لیرۂ کاغذی - نوٹ
لیز - پھسلن - دلدل -
لیز انداختن - پھسلانا -
لیز خوردن - پھسلنا -
لیز دادن - پھسلانا - گرا دینا - دھکا دینا -
لیزیدن - پھسلنا -
لیسیدن - چاٹنا -
لیسہ زدن - صیقل کرنا - چمکانا -
لیسہ کردن - چمکانا -
لیف - ۱ - چھال - ۲ - رسی - ۳ - چولہے کا کچھ -
لیف حمام - صابون کی وہ کپڑے کی تھیلی جس سے رگڑ کر حمام میں بدن کا میل اتارتے ہیں -
لیفہ - نیفہ -
لیقہ - صوف جو دوات میں ڈالتے ہیں -
لیک - لیکن کا مخفف
لیل - رات -
لیلاج - بڑا قمار باز
لیلۃ البدر - چاند کی چودھویں تاریخ

والی رات۔
لیلۃ القدر۔ شب قدر۔ جو عبادت کی رات گنی جاتی ہے۔ قرآن حکیم جسے ہزار مہینوں سے بہتر گنتا ہے۔ رمضان کے آخری عشرے میں طاق تاریخوں ۲۱۔۲۳۔۲۵۔ ۲۷ میں سے ایک ہے۔ اور عام طور پر ۲۷ ویں رات کو کہتے ہیں۔
لیلُو۔ تالاب۔ حوض
لیلوبُر۔ نیلوفر۔ کنول
لی لی کردن۔ ایک پاؤں کے بل چلنا۔
لیل و نہار۔ رات دن۔
لیلیٰ۔ عرب کی ایک مشہور محبوبہ کا نام۔ قیس عامری کی محبوبہ۔
لیمُو۔ نبوُ۔
لیموئی۔ زرد رنگ کا۔
لیموناڈ۔ لیمونیڈ کا مفرس۔
لین۔ نرم۔
لینت۔ کمزوری۔ نرمی۔
لینت دادن۔ ڈھیل دینا یا ڈھیلا کرنا۔
لینت مزاج۔ معدے کا کمزور ہونا
لیوان۔ بڑا گلاس۔

لئیم۔ بہت کنجوس۔ جو نہ تو خود کھائے اور نہ دوسروں کو کھانے دے۔ (مقدور ہو تو خاک سے پوچھوں کہ اے لئیم تو نے وہ گنج ہای گراں مایہ کیا کیے)

م

م۔ ۱۔ علامت نہی (مکن۔ مرد)
۲۔ فعل واحد متکلم کی علامت۔ (کردم۔ رفتم)
۳۔ علامت صفت ترتیبی۔ (دوم۔ سوم)

م۔ ا

ما۔ ہم۔
ما ازاں خانہ برخاستہ ایم۔ ہم وہ نگری چھوڑ چکے۔
ماء۔ پانی
ماء الحیات۔ آب حیات نیز شراب
ماء اللحم۔ گوشت کا عرق
ماء الشعیر۔ آب جو
مالبعد۔ بعد ازاں۔ پیچھے آنے والا۔

مابعدالذکر۔ جس کا ذکر بعد میں آئے گا
مابعدالطبیعۃ۔ علم الٰہی
مابقیٰ۔ باقی ماندہ
مابہ الاحتیاج۔ ضرورت کی چیزیں
مابہ الامتیاز۔ امتیازی نشان
مابین۔ درمیان
مات۔ شطرنج میں بادشاہ کا قید ہونا۔
مات۔ ہار۔ متحیر۔ ہکا بکا۔
مات۔ سو۔ صدی۔
مات شدن۔ باطل ہونا۔ افسردہ
ہونا۔ ہار جانا۔ مبہوت ہونا۔
مات کردن۔ رجوع بہ ماقبل
ماترک۔ متوفی کا چھوڑا ہوا ترکہ
ماتقدم۔ مذکورہ بالا۔ پہلا۔
ماتم داشتن۔ سوگواری و عزاداری۔
ماتم برپا کردن۔ ماتم کرنا۔
ماتم شدہ۔ سوگوار
ماتم کدہ۔ عزاخانہ
ماتم کناں۔ ماتم کرتے ہوئے۔
ماتن۔ متن لکھنے والا۔
ماتیک۔ لپ سٹک۔ عورتوں کی
ہونٹوں کو لگانے والی سرخی۔
مآثر۔ نیک کام۔ اچھی یادگاریں۔

ماثور۔ منقول۔
ماثورہ۔ وہ دعائیں جو حضور نبی کریم
صلے اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں۔
ماجد۔ بزرگوار۔ صاحب فضیلت
ماجدہ۔ بزرگ عورت۔
ماجریٰ۔ جریان کار۔ ماجرا
ماجراجو۔ آشوب طلب۔ شورش خورہ
جنگ جو۔
ماجراکردن۔ قصہ بیان کرنا۔
سرگذشت سنانا۔
ماجور۔ ثواب دیا گیا۔
ماچ۔ بوسہ
ماچ کردن۔ بوسہ دینا
ماچ و موچ۔ بوسہ لینا۔ چومنا۔
ماچہ۔ گدھی۔ خچر کے لئے بھی
استعمال کرتے ہیں۔
ماحصل۔ حاصل شدہ۔ مطلب۔
خلاصہ۔
ماحصل کلام۔ خلاصہ کلام
ماحضر۔ جو شے سردست موجود ہو۔
فارسی میں وہ کھانا جو بغیر کسی وقت
کے گھر پر پہلے ہی سے پکا ہوا ہو۔
ماحی۔ محو کرنے والا۔ مٹانے والا۔

مآخذ۔ اخذ کرنے کی جگہ۔ لینے کی جگہ۔
ماخود شکستہ ایم چہ باشد شکست ما
مرے کو مارے شاہ مدار۔
ماخوذ۔ لیا ہوا۔ پکڑا ہوا۔
ماخول۔ مالیخولیا کا مخفف۔
ماخولیا سوداوی دماغی بیماری کا نام ہے
ماخولیا داشتن } مالیخولیا کے مرض
ماخولیا گرفتن } میں مبتلا ہونا۔
مادام۔ میڈم۔ خانم۔ بانو۔
مادام۔ جس وقت تک یعنی ہمیشہ۔
مادام الحیات۔ رہتی زندگی تک۔
جیتے جی۔
مادام العمر۔ عمر بھر۔ جب تک عمر
باقی ہے۔
مادح۔ مدح کرنے والا۔
مادر۔ ماں۔
مادر اندر۔ سوتیلی ماں۔
مادرانہ۔ ماں کی مانند۔ نیز شفقت
مادر بخطا۔ ایک قسم کی گالی ہے۔
مادر بزرگ۔ دادی۔ نانی
مادر خوانده۔ منہ بولی ماں۔
مادر دزد گاہی خنداں دگاہی گریاں
بکرے کی ماں کب تک خیر منائیگی۔
جب تک چور پکڑا نہیں جاتا مزے
اور گلچھرے اور جب پکڑا گیا تو
پھر رونا دھونا۔
مادرزاد۔ پیدائشی
مادرزن۔ ساس۔
مادر شوہر۔ ساس۔
مادری کردن۔ شفقت کرنا۔
مہربانی کرنا۔
مادگی۔ کاج۔ گھنڈی۔ منسوب بہ مادہ
مادہ۔ نر کا الٹ۔ مونث
مادّہ۔ اصل۔ ہیولا۔ ریشہ۔
مادہ لعضو ضعیف۔ نزلہ بر عضو ضعیف
مادہ کردن زخم۔ زخم میں پیپ
بھر آنا۔
مادہ سگ۔ کتیا۔
مادہ شیر۔ شیرنی۔
مادہ مستعد بودن۔ اسباب کار کا
فراہم ہونا۔
مادی۔ مادہ پرست۔ اہل دنیا۔
منسوب بہ مادہ۔
مادیان۔ گھوڑی
مادیون۔ مادہ پرست لوگ۔
مادینہ۔ مونث۔

مار۔ سانپ
ماراب ۔ گنج بے رنج۔
مار اژدر ۔ اژدہا۔
مار آستین ۔ آستین کا سانپ
مار افسا ۔ سپیرا
مار افسوں ۔ جنتر منتر اور دم درود سے سانپ کو پکڑنے والا۔
مار افسوں بردار نیست ۔ یہ وہ گڑ نہیں جسے چیونٹے کھائیں۔
مار آموز ۔ سپیرا ۔ سانپ کو سدھانے والا
مار از یں چہ کہ گاؤ آمد و خر رفت اپنی بلا سے بوم بسے یا ہما رہے۔
مآرب ۔ ضروریات ۔ لوازمات زندگی
مارا ہم ازیں نمد ۔ اس میں سے کچھ تو ہمیں بھی دو۔
مار بدست دیگراں گرفتن ۔ کسی دوسرے سے مشکل کام کروانا۔
مار بستن ۔ سانپ کو سدھانا۔
مار بلاس ۔ گوہ کی ایک قسم۔
مار پوست می گذارد خو نمی گذارد بچور چوری سے جائے ۔ مگر ہیرا پھیری سے نہیں جاتا۔
مار پیچ ۔ کنڈلی دار سانپ۔

مارچوبہ ۔ گھاس کی ایک قسم جو سانپ نے ملتی جلتی ہے ۔ ؏
(گیرم کہ مارچوبہ کند تن بشکل مار)
مار خوش خط و خال ۔ دغاباز آدمی جس کا ظاہر و باطن یکساں نہ ہو۔
(گرگ در لباس میش)
مارد ۔ درگاہ سے راندہ ہوا۔
مار در آستین داشتن ۔ آستین میں سانپ کا ہونا ۔ دشمن کا اپنے ہی پاس ہونا۔
مار دست ندارد از قتل مار افسا بد بدی سے نہیں چوکتا۔
مار دم کندہ ۔ زک کھایا ہوا دشمن۔
مار ضحاک ۔ وہ سانپ جو کہتے ہیں کہ ظالم بادشاہ ضحاک کے کندھوں پر نمودار ہوا تھا۔
مار کہ پیر شد قور باغہ سوار می شود ۔
(رحوع کریں کہ پیری و صد عیب ۔)
مار ساز ۔ جسم کی مالش ۔ مساج ۔
مارشال ۔ مارشل ۔ فوجی اعزاز ۔ عہدہ
مار گزیدہ ۔ سانپ کا ڈسا ہوا۔
مار گزیدہ از ریسماں می ترسد ۔ دودھ کا جلا ہوا چھاچھ بھی پھونک

پھونک کر پیتا ہے۔
مارگیر۔ سپیرا۔
مارمورک۔ ۱۔ چھپکلی۔ ۲۔ چالاک آدمی۔
مارمُہرہ۔ سانپ کے زہر کو زائل کرنے والا مہرہ۔
مارُوت۔ ہاروت کے ساتھی فرشتے کا نام۔
مازار۔ عطر فروش۔ عطار۔
مازالون۔ اِستسقاء یعنی شدید اور بار بار پیاس لگنے کی بیماری کا دارُو۔
مازندران۔ ماژندران۔
مازو۔ ایک مشہور پھل جو دواؤں میں استعمال ہوتا ہے۔
مازدگراں شندن۔ سوگواری کا بہت عام ہونا۔
مازہ۔ ریڑھ کی ہڈی۔
ماسبق۔ جو پہلے گذر چکا ہو۔
ماست۔ دہی۔ چھاچھ۔
ماست بستن۔ دہی جمانا۔
ماست بند۔ دہی جمانے والا۔
ماستہا را کیسہ کردن۔ ۱۔ مرعوب کرنا ڈرانا۔ دھمکانا۔ ۲۔ خوف کے مارے دم سادھ لینا۔
ماس بند۔ رجوع ماست بند۔
ماس کشیدن۔ دہی کے کونڈوں کو سر پر اٹھا کر لے جانا۔
ماست مالی کردن۔ ۱۔ لیپ پوت کرنا۔ ۲۔ حقیقت کو چھپانا۔
ماستی کہ ترش است از تغارش پیدا۔ رجوع سالی کہ نکو است۔
ماست بدہان زدن چپ کرا دینا۔
ماسک۔ برقع۔
ماسک زدن۔ حلیہ بدلنا۔ اور اپنے آپ کو چھپا لینا۔
ماسلف۔ گذشتہ۔
ماس مالی کردن۔ ناتمام و نادرست کام کرنا۔
ماسوا۔ علاوہ۔ سوا۔ صوفیا کی اصطلاح میں ذات باری تعالیٰ کے علاوہ باقی موجودات۔
ماسورہ۔ ۱۔ بندوق کی نالی۔ ۲۔ لاغر اندام آدمی۔
ماسہ۔ شن نرم۔ سمور۔
ماسہ زار۔ ریتلی جگہ۔

ماسیدن - جمنا - جمانا - منجمد ہونا -
ماشاءاللہ - اگر خدا نے چاہا -
ماشطہ - مشاطہ - عورتوں کے سر میں
بالوں کو کنگھی کرنے والی عورت - ع
(آں نباید ہم چو رنگ ماشطہ)
ماشو - ۱ - چھلنی - ۲ - گدڑی -
ماشورہ - جولاہے کی نلی جس پر وہ
تار لپیٹتا ہے - لوہے کی کونٹی -
ماشہ - لوہاروں کی سنسی یا چمٹا جس
سے وہ گرم لوہا پکڑتے ہیں - نیز
بندوق کا گھوڑا جس کے دبانے
سے بندوق چلتی ہے -
ماش - ہر آش - ہر دیگ کا چمچہ -
ماشین - وہ مشین جو بجلی یا بھاپ
سے چلے - انجن - موٹر -
ماشین آلات - مشینیں - کلیں -
ماشین بخار - دخانی انجن -
ماشین کار - مشین کے چلانے والا -
ماشین کردن - چھاپنا - ٹائپ کرنا -
ماشین گر - مشین درست کرنے والا
ماشین تحریر - ٹائپ رائٹر
ماشین دُودی - موٹر انجن -
ماشین خانہ - ورکشاپ

ماشیہ - چوپائے اور پالتو جانور - گھریلو جانور
ماضی - گزرا ہوا زمانہ -
مافات - گزرا ہوا انسان یا گزری
ہوئی بات -
مافوق - بالا - اوپر والا -
مافوق العادۃ - عادت سے بڑھ کر
خلافِ عادت -
مافی الضمیر - دل کی بات -
مافیہا - جو کچھ اس میں ہے -
ماقبل - پہلے کا -
ماقبل الذکر - جس کا پہلے ذکر آ
چکا ہے -
ماقلّ و دلّ - وہ کلام جس میں
الفاظ قلیل یعنی کم ہوں اور بادلیل
ہو یعنی معانی زیادہ ہوں -
ماکو - جولاہوں کی نالی -
ماکول - خوراک - رسد
ماکولات - جمع ہے ماکول کی -
کھانے کی چیز -
ماکولات و مشروبات - کھانے
اور پینے کی چیزیں -
ماکہ درجہنم ہستیم یک پلہ ہم
پائین تر - ۱ - ہم کہ ہم گے جہنم میں ہیں

ایک درجہ ادر نیچے چلے جائینگے تو کیا - ۲ - جہاں سیر وہاں سوا سیر۔
ماکیان - مرغی
مال - جائداد - ملکیت -
مآل - انجام - نتیجہ -
مالا مال - لبالب - بہت زیادہ -
مآل اندیشی - دور اندیشی -
مالاینحل - جو حل نہ ہوسکے کٹھن دشوار -
مآل خود بہ عقبیٰ فرستادن - نیک کام کرنا جو آخرت میں کام آئیں - نیکیاں - بھلائیاں -
مالِ خودت مالِ خودت مالِ مردم مال مردم - دوسروں کے مال پر طمع نہ کرو - تاکہ وہ تمہارے مال پر دندانِ آز تیز نہ کریں -
مال اجارہ - کرایہ -
مالاریا - ملیریا بخار -
مال بچۂ یتیم نیست - کھائیے آپ کرتے انتے کیوں ہیں - یہ کوئی یتیموں سے کھویا ہوا مال تو نہیں -
مال بدبر بخش صاحبش - رجوع کریں عطائی تو بلقائی تو -
مال بند - کھمبا - ستون -
مال تجارت - تجارتی مال اسباب -
مال حرام بود بجای حرام رفت -
پاپی کا مال پرایت جائے - ڈنڈ پڑے یا چور لے جائے -
مال خودم مال خودم مال مردم ہم مال خودم - رام نام جپنا - پرایا مال اپنا -
مال دنیا بدنیا می ماند - جوڑ جوڑ مر جائیں گے نال جوائی کھائیں گے -
مال شراکت - ساجھے کا مال
مالش دادن دل - بھوک کے مارے بُرا حال ہونا -
مال صامت - سونا چاندی -
مال طیّب - حلال کی کمائی -
مال عرب پیش عرب - اپنا مال اپنی آنکھوں کے سامنے رکھنا چاہیے -
مال غنیمت - لوٹ مار کا مال -
مالک - ۱ - صاحب - خداوند - ۲ - اس سوداگر کا نام جس نے حضرت یوسف علیہ السلام کو ان کے بھائیوں سے خریدا تھا - ۳ - دوزخ کے موکل فرشتہ کا نام - ۴ -

حضرت امام مالکؒ۔
مآل کار۔ انجام کار۔
مالک الملک۔ خداوند تعالےٰ۔
مالک دینار۔ ایک مشہور ولی اللہ کا نام ہے۔
مال غیر منقول۔ وہ جائداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل نہ کی جاسکے جیسے مکان زمین وغیرہ۔
مال منقول۔ وہ جائداد جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کی جاسکے۔
مال مفت دل بے رحم۔ بیرایا مال آخر بیرایا ہوتا ہے اُسے آدمی بڑی بیرحمی سے خرچ اور صرف کرتا ہے۔
مال ناطق۔ چوپائے گھوڑے۔ اونٹ بھینس۔ بھیڑ بکری وغیرہ
مال نثار جان وجان نثار آبرو۔ جائے لاکھ رہے ساکھ۔ جان جاتی ہے تو جائے۔ مگر آبرو پر آنچ نہ آئے۔
مالیدن۔ پامال کرنا۔ روندنا۔ ذلیل وخوار کرنا۔ گارے کا ردا چڑھانا۔
مالیات۔ باج وخراج۔ ٹیکس۔
مالیات بستن۔ ٹیکس لگانا۔
مالیات بر درآمد۔ انکم ٹیکس۔
مالیخولیا۔ خلل دماغ۔ خیال خام۔ جنون کی ایک قسم۔
مالیدن۔ ملنا۔
مالیدن گوش۔ کان اینٹھنا۔
مالیدنی۔ وہ دوائی جو مالش کے لئے ہو۔ کھانے کے لئے نہ ہو۔
مام۔ ماں۔
ماما } دائی۔ دایہ
مامہ } دایہ۔
ماما کہ دو تا شد سر بچہ کج بیرون می آید۔ دو ملاؤں میں مرغی حرام
ما مائی کردن۔ دایہ گیری کرنا۔
ما مضیٰ۔ جو گزر گیا۔
ماءِ معین۔ آب رواں۔
مامک۔ اسم تصغیر ہے ماں سے۔
مامن۔ امن کی جگہ۔
مامور۔ مقرر کیا ہوا۔ گماشتہ۔
ماموراث۔ تقرر۔ عہدہ۔
مامون۔ امن میں بے خوف وخطر۔ نیز خلفائے عباسیہ کا ساتواں خلیفہ مامون الرشید جو ہارون الرشید

کا بیٹا تھا۔
مان ۔ جمع متکلم کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ جیسے کتاب مان ۔ ہماری کتاب ۔ نیز گھر کا مال اسباب ۔ جیسے خانمان ۔ نیز فعل امر کا صیغہ ہے ماندن مصدر سے۔
مانا ۔ مانند ۔ شبیہ
ماندگار ۔ پائدار
ماندگی ۔ تھکن ۔ عاجزی
ماندن ۔ رہنا ۔
ماندہ ۔ تھکا ہوا ۔
مانستن ۔ مانند ہونا ۔
مانع ۔ منع کرنے والا ۔
مانع بودن } مزاحم ہونا ۔
مانع شدن } رکاوٹ پیدا کرنا ۔
مانع تراشں ۔ مزاحم ۔ مشکلات پیدا کرنے والا ۔
مانع تراشیدن ۔ رکاوٹیں پیدا کرنا ۔
مانوک ۔ چکاوک ۔ سرخاب
مانوس شدن ۔ انس ہو جانا ۔
مانی ۔ مشہور نقاش اور مصور کا نام ۔ ارژنگ اس کا مجموعہ ۔ اسی مصوری کی بنا پر اس نے نبوت کا دعویٰ کیا ۔
ماوا ۔ ٹھکانہ ۔ جائے پناہ ۔
ماورا ۔ سوا ۔ علاوہ ۔ اس پار ۔ اگلا جہاں
ماورالنہر ۔ دریا کے اس پار ۔ مراد توران سے ہے ۔ کیونکہ ایران اور اس کے درمیان دریائے جیحون بہتا ہے ۔
ما و شما در کار نبودن ۔ مکمل یک جہتی اور کامل یگانگت کا ہونا ۔
ماہ ۔ چاند ۔ مہینہ
ماہ از کدام طرف بر آمد ۔ آج یہ چاند کدھر سے نکلا ۔ عام طور پر اس وقت اور اس آدمی کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔ جو بہت مدت کے بعد ملے ۔
ماہ آفرید ۔ منوچہر بادشاہ کی ماں کا نام ۔
ماہ پیکر ۔ چاند جیسا خوبصورت ۔
ماہتاب گز کردن ۔ لغو اور بیہودہ کام کرنا ۔
ماہِ جلال ۔ جلال الدین ملک شاہ سلجوقی بادشاہ کا مقرر کردہ شمسی مہینہ
ماہ چہار ہفتہ ۔ معدوم ۔

ماہ خرگہی - ہالہ دار چاند - مراد محبوب سے ہوتی ہے۔
ماہ در عقرب - چاند کا برج عقرب میں ہونا - ان ساعتوں کو منحوس گنا جاتا ہے۔
ماہ رُخ - حسین و خوبصورت۔
ماہ رو - رجوع بہ ماقبل
ماہ سیما - جس کے ماتھے میں چاند کے حسن کی جھلکیاں ہوں۔
ماہ طلعت - چاند سا مکھڑا
ماہ کنعان - حضرت یوسف علیہ السلام
ماہ گرفتہ - گہنایا ہوا چاند - جسے گرہن لگا ہوا ہو۔
ماہ گرفتگی - چاند گرہن
ماہ لقا - چاند سا چہرہ
ماہ مقنع - ماہِ نخشب ملاحظہ ہو۔
ماہ نخشب - نخشب ترکستان کے ایک شہر کا نام ہے - جہاں حکیم ابن عطا نے جسے ابن مقنع بھی کہتے ہیں - سائنسی طریق سے پارہ کی آمیزش سے ایک چاند بنایا جو پہاڑی کے پیچھے سے طلوع ہوتا اور دس بارہ میل تک روشنی دیتا تھا - اور پھر ایک کنوئیں میں غروب ہو جاتا تھا - اس نے نبوت کا دعویٰ بھی کیا - مگر باطل آخر باطل تھا اور وہ مارا گیا۔
ماہِ نو - ہلال۔
ماہ وش - رجوع ماہ رُو -
ماہم خدا داریم - اگر کسی ظالم سے مخاطب ہو تو مراد ہے کہ اتنا ظلم و ستم نہ کر اور خدا سے ڈر جو ہماری بھی سنے گا - اور اگر اپنی زندگی کی مشکلات کا رونا ہو تو طنز ہے کہ زندگی جب اسی طرح روتے دھوتے گزر گئی تو ہم بھی کیا یاد کریں گے کہ خدا رکھتے تھے۔
ماہم رعیت این دہ ہستیم - کچھ تو ہماری طرف بھی نگاہِ التفات کریں - یعنی کچھ تو ہمیں بھی دو۔
ماہور - ٹیلہ۔
ماہوت - بانات
ماہوت پاک کن - برش صاف کرنیوالا
ماہی از سر گندہ گردد نی ز دم - کسی ملک یا سلطنت کی حالت اگر خراب ہونے لگے تو خرابی سر

سے شروع ہوتی ہے۔ پہلے امیر وزیر اور پھر افسران میں خرابی آتی ہے۔ جو آہستہ آہستہ سارے معاشرے میں پھیل جاتی ہے۔
ماہی بزرگ ماہی کوچک را میخورد۔ ہر بڑی مچھلی چھوٹی مچھلی کو نگل لیتی ہے۔
ماہی بی اجل بر خشکی نمی میرد۔ بن آئی موت سے کوئی نہیں ڈرتا۔
ماہی را در دریا فروختن۔ رجوع کریں آہوی ناگرفتہ بخشیدن
ماہیان۔ جمع ہے ماہی کی مچھلیاں۔
ماہیت۔ اصلیت حقیقت۔
ماہی تابہ۔ کڑھائی جس میں مچھلی تلی جاتی ہے۔
ماہیچہ۔ پٹھہ۔
مایحتاج۔ ضرورت کی چیزیں۔
مائدہ۔ نعمتوں کا دسترخوان۔
مالُقرا۔ بُرا خط جو پڑھا نہ جائے۔
مائعات۔ مائع چیزیں بہنے والی اشیاء۔ سیال مادے۔
مایہ۔ سبب۔ باعث۔ پول۔ دولت
مایہ دار۔ پولدار۔
مایہ زدن۔ خمیر بنانا۔ دہی جمانا۔
مایہ گرفتن۔ سازش کرنا۔
مایہ کوبی۔ ٹیکہ لگانا۔ انجکشن دینا۔
مایہ کوبیدن۔ رجوع بہ ماقبل۔
مایۂ نہ من نشیر۔ فسادی اور فتنہ انگیز مفسد۔

م۔ب

مباح۔ جائز۔ حلال۔ روا۔
مباحات۔ جمع ہے مباح کی۔ جائز چیزیں۔
مباحث۔ ۱۔ مبحث کی جگہیں ۲۔ بحثیں۔
مباحثات۔ مباحثہ کی جمع۔
مباحثہ۔ بحث۔ تمحیص۔
مُباد۔ کلمہ دعائیہ ہے۔ نہ ہو۔
مبادا۔ ایسا نہ ہو۔ خدا کرے یوں نہ ہو۔
مبادرت کردن۔ پیشقدمی کرنا۔ سبقت لے جانا۔ آغاز کرنا۔
مبادرت درزیدن۔ رجوع بہ ماقبل
مبادلہ کردن۔ ادل بدل کرنا۔

مبادلات - جمع ہے مبادلہ کی۔
مبادی - جمع ہے مبدء کی -
ابتدائی باتیں۔
مبارات - میاں بیوی کا آپس میں
نفرت کی بنا پر جدا ہو جانا۔
مبارز - جنگجو۔ لڑنے والے
مبارزات - جنگیں۔ لڑائیاں
مبارزان - مبارز کی جمع -
مبارزین - رجوع بہ ماقبل
مبارزت - لڑائی - جنگ
مبارزطلبیدن - اپنے مدمقابل کو
جنگ کی دعوت دینا۔
مبارک بودن - بابرکت ہونا۔
مبارک خوشگل بود آبلہ ہم درآورد
وہ آگے ہی کون سا خوبصورت
تھا کہ اس پر چیچک نکل آئی۔
اور اس کے داغ مستقل طور
پر رہ گئے۔ محاورۃً ایک کریلا
دوسرے نیم چڑھا۔
مبارک قدم - جس کا آنا مبارک ہو
مبارک فال - نیک فال۔
مباش - فعل نہی از بودن - ع
مباش در پی آزار وہرچہ خواہی کن

مُباشِر - نگران - گماشتہ - کارندہ۔
مباشرت کردن - نگرانی کرنا۔
دیکھ بھال کرنا۔
مُباعِدت - بُعد - دُوری - جدائی -
مبال - پیشاب گاہ - ٹٹی۔
مبال شدن - ناپاک ہونا۔
مبال کردن - گلی کوچوں میں پیشاب
کر کے پاک جگہ کو ناپاک کرنا۔
مبالات - پروا - ڈر - خوف - اندیشہ
مبالغ - مبلغات - مبلغات بسیار۔
مبالغہ آمیز - جس میں مبالغہ بھی
شامل ہو جو محض حقیقت نہ ہو۔
مبالغہ گو - مبالغہ سے کام لینے والا۔
مبانی - بنیادیں - اعضا - عمارات
مبانی نہادن - بنیاد رکھنا۔
مباہات - اترانا - فخر کرنا۔
مُباہلہ - باہم ایک دوسرے کے حق
میں بددعا کرنا - ایک دوسرے پر
لعنت کرنا۔
مبایعت - بیعت کرنا۔
مباین - خلاف - جدا۔
مباینت - اختلاف - ناموافقت
مبتدا - شروع - اوّل - نیز جملہ اسمیہ

کا پہلا جزو۔
مبتدع - بدعت کرنے والا - بدعتی
مبتدی بودن - ابتدا کرنے والا ہونا - نو آموز -
مبتذل شدن - ذلیل و خوار ہونا -
مُبتلا - پھنسا ہوا - گرفتار -
مَبدا - نکلنے کی جگہ -
مبدا فیاض - خداوند تعالےٰ -
مبدّل - بدلا ہوا -
مُبذّر - فضول خرچ -
مبذول - خرچ کی ہوئی چیز -
مبذّران } جمع ہے مبذّر کی -
مبذّرین } فضول خرچ کرنے والے لوگ - اسراف سے کام لینے والے
مبرّا - بری - پاک -
مبرّت و مبرّا - خوبی - نیکی -
مبرّدات - سردی پہنچانے والی چیزیں
مُبتکر - ایجاد کرنے والا -
مبتکران - جمع ہے مبتکر کی -
مَبرز - ٹٹی -
مُبرز - نمایاں
مُبرَم - تاکیدی - ضروری - شدید
مِبرِم - ڈھیٹ - اصرار کرنے والا -
مُبرہن - با برہان - مدلل
مبسوط - پھیلا ہوا - فراخ -
مُبشّر - بشارت دینے والا -
مُبشّران } جمع ہے مبشّر کی
مبشّرین } ″
مبشّر نام - نام لے کر خوشخبری دینے والا - مراد ہے - حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے جنہوں نے پیغمبر اسلام سرور کائنات کا نام لے کر ان کے آنے کی خوشخبری دی -
مُبصّر - بینائی والا - کارشناس -
مُبطل - باطل کرنے والا -
مبعوث شدن - بھیجے جانا - پیغمبری کے لئے چنے جانا -
مَبغوض - جس پر غضب نازل ہو -
مُبل - فرنیچر - سامانِ آرائش -
مَبلغ - پول - روپیہ -
مُبلّغ - تبلیغ کرنے والا -
مُبہم - ابہام والی چیز یا بات جس کا مطلب واضح طور پر سمجھ میں نہ آئے -
مُبہمات - ابہام دار - جمع ہے مبہم کی
مبہوت شدن - ہکا بکا رہ جانا -
مبہوت کردن - حیران کر دینا -

مُبین
مبیں بہ چشمِ حقارت بہ ہیچ خصم ضعیف۔ دشمن خواہ کتنا ہی کمزور اور ناتوان کیوں نہ ہو۔ اس سے بچ کر رہو اور اسے کبھی حقیر مت سمجھو۔

م۔ت

مَتاب۔ مت پھیر۔ ع
(آفتاب آمد دلیلِ آفتاب
گر دلیلی خواہی از دی رُو متاب)
مُتابع۔ پیروی کرنے والا۔
مُتابعت۔ پیروی۔ تقلید
مُتأثّر۔ اثر قبول کرنے والا۔
مُتأثّر شدن۔ اثر قبول کرنا۔
مُتاجر۔ باہم تجارت کرنا۔
مُتأخّر۔ پیچھے آنے والا۔
مُتأخّرین۔ پچھلے لوگ۔
مُتأدّب۔ باادب
مُتارکہ۔ جدا ہونا۔
مُتارکہ جنگ۔ جنگ ترک کرنا
مُتأسّف۔ افسوس کرنے والا۔

مُتأسّفانہ۔ درحالِ افسوس۔
مَتاع۔ سرمایہ۔ پونجی۔ سامان۔ ع
(وای ناکامی متاع کارواں جاتا رہا)
متاعِ ردی دست۔ باہر شوکیس میں رکھی ہوئی چیزیں۔
متاعِ غرور۔ دنیا۔
متاعِ کس مخر۔ ایسا سامان جس کا کوئی خریدار نہ ہو۔ نہایت ناقص مال۔
متألم۔ رنجیدہ۔ دکھیا۔
متأمّل۔ تامل کرنے والا۔
متانت۔ سنجیدگی۔
متأہل بودن۔ شادی شدہ ہونا۔
متبادر۔ سبقت کرنے والا۔ جلدی کرنے والا۔
متباین۔ ایک دوسرے سے الگ ایک دوسرے کی ضد۔ مخالف۔
مُتبحّر۔ علم کا سمندر۔ بڑا عالم۔
متبدّل۔ تبدیل کیا گیا۔
متبرّک۔ بابرکت۔ مقدس۔
متبسّم۔ تبسم کرنے والا۔ مسکرانے والا۔
متبنّی۔ لے پالک۔
متبوع۔ جس کی لوگ پیروی کریں۔
متجاوز۔ تجاوز کرنے والا۔

متجاہل - جان بوجھ کر انجان اور جاہل بننے والا -
متجدّد - تجدد خواہ - ترقی خواہ -
متجسّس - تجسّس کرنے والا -
متجمّد - انجماد کرنے والا -
متحرک - حرکت کرنے والا -
متجانس - ہم جنس -
متجمع شدن - جمع ہونا -
متجلّی - تجلی کنندہ - آشکارا درخشاں
متحصّن - قلعہ میں پناہ لینے والا -
متحقق - تحقیق شدہ -
متحلّی - آراستہ - سجا یا ہوا -
متحدّ الفکر - ہم خیال -
متحمل - بردبار - تحمل والا -
متحیّر - حیران - ہکا بکا -
متخاصم - جھگڑا کرنے والا - خصومت رکھنے والا -
متخصّص - خصوصیت رکھنے والا -
متخصص بودن - سپیلیشٹ ہونا - کسی کام میں خاص مہارت رکھنا -
متخطّی - خطا کار قصوردار -
متخلّص - تخلص کیا گیا -
متخلف - خلاف کرنے والا -

متخلّل - خلال ڈالنے والا -
متخیّل - خیال کیا گیا -
متخیّلہ - قوت خیال -
متداول - مروّج
متداولہ - رائج - مروّج
متدرجاً - درجہ وار - بتدریج -
متدیّن - دیندار -
متذکّر - یاد دلانے والا -
متذکّرہ - مذکورہ -
متر - گز
مترادف - ہم معنی
متراکم - انبار شدہ -
مترتّب - ترتیب شدہ -
مترجم - ترجمان -
مترجّی - امیدوار
متردّد - دو دلی میں تردد کرنیوالا -
مترس و مترسک - کپڑے سے آدمی کی شکل بنا کر جو کھیتوں میں نصب کر دیتے ہیں - جانوروں کو ڈرانے کے لئے تاکہ وہ فصلیں خراب نہ کریں - اور خود آدمیوں کو اس سے ڈرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہوتی -

مترس از بلائے کہ شب درمیان است۔ ابھی مصیبت دور ہے
رات بیچ میں ہے۔ دیکھو کل
اونٹ کس کروٹ بیٹھے۔
مُترسّل۔ لکھنے والا۔
مُترشّح۔ ٹپکنے والا۔
مُترقّی۔ ترقی کرنے والا۔
مُترنّم۔ گانے والے
متروک۔ ترک کیا گیا۔
متروکات۔ ترک شدہ چیزیں۔
متزلزَل۔ ہلایا ہوا۔
متزلزِل۔ ہلنے والا۔
مُتساوی باہم برابر۔ مساوی
مُتسّع کردن۔ وسیع کرنا۔ پھیلانا۔
مُتسلّط۔ تسلط جمانے والا۔ غلبہ
پانے والا۔
مُتشابہ۔ باہم شبیہ۔ مانند۔
مُتشاعر۔ بناوٹی شاعر
متشبث شدن۔ رجوع کرنا۔
مُتشخّص۔ عزت دار۔ ممتاز۔
مُتشرّع۔ اہل شریعت
متشکّر۔ شکر گزار۔ ممنون
متشکّی۔ شکایت کرنے والا۔

متشنج شدن۔ جھنجھوڑے جانا۔
تشنج ہونا
مُتصادِف۔ ٹکرانے والا۔
مُتصاعد۔ اوپر چڑھنے والا۔
مُتصدّی۔ پیش کار۔ پیشی میں
کام کرنے والا۔
مُتصرّف۔ تصرف کرنے والا۔
مُتصرّفات۔ مقبوضات۔
مُتّصف۔ باوصف۔ باصفت
مُتّصل۔ ملا ہوا۔ قریب۔
مُتّصلاً۔ لگاتار۔ مسلسل
مُتصوّر۔ تصور کیا گیا۔
مُتصوّفہ۔ منسوب بہ صوفیا و تصوّف
مُتضاد۔ باہم ضد۔ اُلٹ۔ مخالف
مُتضرّر۔ ضرر اور نقصان پہنچانے والا۔
مُتضرّع۔ زاری کرنے والا۔
مُتضمّن۔ ملا ہوا۔ مشتمل۔
مُتظلّم۔ فریادی۔ دادخواہ۔ ظلم
کے خلاف دہائی دینے والا۔
مُتعارِض۔ تعارض کرنے والا۔
چھیڑ چھاڑ کرنے والا۔
مُتعارَف۔ جانا پہچانا ہوا۔
متعارفی۔ مروّجہ۔ رائج۔ حسب دستور

متعاقب۔ عقب میں آنے والا۔
متعاقد۔ عقد کرنے والا۔
متعال۔ بلند اونچا۔ (خدا تعالیٰ)
متعبد۔ عبادت کرنے والا۔
متعدد۔ چند۔ کئی۔
متعدی۔ ۱۔ بڑھنے والا۔ ۲۔ ظالم
۳۔ وہ فعل جو فاعل کے ساتھ
مفعول کو بھی چاہے۔
متعذر۔ محال۔ دشوار
متعرض شدن۔ مزاحمت کرنا۔
متعسر۔ دشوار
متعصب۔ تعصب کرنے والا۔
متعصبان۔ جمع ہے متعصب کی۔
متعفن۔ عفونت دار۔ بدبو دار
متعلقان۔ وابستگان۔ عزیز و
اقارب۔ رشتہ دار۔ تعلق
رکھنے والے۔
متعلم۔ دانش آموز۔ طالب علم
متعلمہ۔ طالبہ
متعہ۔ زن صیغہ۔ عارضی یا میعادی
نکاح والی عورت۔
متعہد۔ عہد کرنے والا۔
متغیر۔ بدلا ہوا۔

متفاوت۔ فرق کیا گیا۔
متفحص شدن۔ جویا۔ جستجو کرنا۔
متفرج۔ تفرج گاہ۔
متفرعات۔ شاخیں۔ ضمنی پیداوار
متفرقات۔ متفرقہ۔ پراگندہ
متفق۔ باہم اتفاق کرنا
متفق الرای۔ ہم رائے۔ ہم خیال
متفق قول۔ رجوع بہ ماقبل
متفق علیہ۔ باہم رائے سے۔
بالاتفاق رائے۔
متفقین۔ اتحادی۔ باہم متفق۔
متفکر۔ فکر کرنے والا۔
متفکران } جمع ہے متفکر کی۔
متفکرین }
متقابل۔ آمنے سامنے۔
متقاضی۔ تقاضا کرنے والا۔
متقاضیان۔ جمع ہے متقاضی کی۔
متقاطع۔ ایک دوسرے کو قطع
کرنے والے۔
متقدمین۔ پہلے زمانے کے لوگ۔
متقاعد۔ ریٹائرڈ۔ پنشن یافتہ۔
منقلب بودن۔ دغاباز۔
دھوکے باز ہونا۔

مُتقلّبانہ - دھوکے باز
مُتّقی بودن - پرہیزگار ہونا۔
مُتّکا - تکیہ گاہ - بالش - سرہانہ
مُتکبّر - مغرور - تکبر کرنے والا۔
مُتکبّران - متکبّر کی جمع۔
مُتکفّل - ضامن - کفیل - کفالت کرنے والا۔
مُتکلّف - تکلیف کرنے والا۔
مُتکلّم - کلام کرنے والا۔
مُتّکی - تکیہ لگانے والا۔
مَتَل - قصہ - افسانہ -
متلک شنیدن - کوئی چھوٹا موٹا قصّہ یا افسانہ سننا۔
متلک گفتن - ۱- قصّہ کہانی سُنانا۔ ۲- شوخی کی باتیں کرنا - ۳- کسی کو گالی گلوچ دینا۔
مُتلازم - لازم ملزوم
مُتلاشی - بکھرا ہوا - منتشر - پراگندہ
مُتلاطم - طوفانی - موج خیز -
مُتلافی - تلافی کرنا۔
مُتلاقی شدن - باہم ملاقات ہونا -
مُتلوّن - تلوّن والا - رنگ برنگ کا
متلوّن مزاج بودن - جس کا عقیدہ راسخ نہ ہو - جلدی بدل جانے والا۔
متلہف - افسوس کرنے والا۔
مُتمّم - تمام کنندہ -
مُتماثل - ہم شکل - شبیہہ۔
متمادی - دراز - طولانی
مُتمارض - بیمار اور مریض بن بیٹھنے والا۔
مُتمایز بودن - معزز اور ممتاز ہونا۔
مُتمتّع شدن - بہرہ مند ہونا۔
متمتّع کردن - بہرہ مند کرنا۔
مُتمدّن - صاحب تمدّن -
مُتمرّد - نافرمان - سرکش۔
مُتمرّدانہ - ازروئے سرکشی
متمکّن - پکڑنے والا - قبضہ جمانے والا - توانا - مالدار -
متملّق - چاپلوس - خوشامدی
متمّم - تمام کرنے والا۔
متمّم مکارم اخلاق - اخلاقی خوبیوں کو کامل کرنے والا - مراد ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے۔
متمنّی - خواہش اور تمنا کرنے والا۔
متموّج - موج زن
متموّل - دولت مند۔

مُتنازع بُودن - باہم نزاع اور جھگڑا ہونا۔
مُتنازع فیہ - وہ بات جس کے متعلق جھگڑا یا تنازعہ ہو۔
مُتناسب - تناسب سے
مُتنافر بُودن - باہم نفرت ہونا۔
مُتناقص - ناقص ہونا۔
مُتناوِب - نوبت بہ نوبت۔
مُتنبّہ - تنبیہ شدہ - آگاہ۔
مُتنزّل - تنزّل کرنے والا۔
مُتنعّم - نعمت دار۔
مُتنفّذ - صاحب نفوذ - اثر رسوخ والا
مُتنفّس - جاندار
مُتنوّع - رنگ برنگ کا - طرح طرح کا
متواری - چھپنے والا۔
متواضع - تواضع کرنے والا انکساری سے کام لینے والا۔
مُتوالی - پے در پے - لگاتار
مُتوحّش - وحشت اختیار کرنے والا
مُتورّع - پرہیزگار
مُتورّم - ورم کردہ - سوجا ہوا۔
مُتوسّل - وسیلہ ڈھونڈنے والا۔
مُتوصّل - ملنے والا۔
مُتوطّن - باشندہ
مُتوفّی - وفات یافتہ - مرا ہوا۔
مُتوفّیان - متوفّی کی جمع۔
مُتوقّع بُودن - توقع رکھنا۔
متوقّف بودن - توقّف کرنا - رُکنا - ٹھہرنا۔

م - ث

مثاب بُودن - ثواب - اجر یا اُجرت پانا
مثابت }
مثابہ } مقام - درجہ - پایہ منزلت۔
مثال - مانند - نظیر
مثانہ - پیشاب جمع کرنے والی تھیلی
مثانی - سورۃ الفاتحہ - الحمد شریف
مُثبت - منفی کا اُلٹ
مَثل - کہانی۔
مِثل - مانند۔
مِثل بودن - مانند ہونا مشہور ہونا۔
مثل آوردن - کسی کا قول نقل کرنا۔
مثل آب خوردن - نہایت آسان کام
مثل آب زر - عین خواہشات کے مطابق۔

مثل آبستناں رفتن - حاملہ عورتوں کی طرح قدم پھونک پھونک کر رکھنا - ۲ - نہایت آہستہ چلنا -
مثل آپ کش - چھیدی چھید
مثل آتش و پنبہ - دو متضاد چیزیں جو باہم اکٹھی نہ رہ سکیں جیسے آگ اور روئی - یا آگ اور پانی -
مثل آسمان غرغرہ - پیٹ میں سخت گڑ بڑ ہونا -
مثل آتش شلہ قلمکار - انمل بے جوڑ چیزوں کا آمیزہ -
مثل آفابا - نہایت ہی مؤدب
مثل آئینہ - صاف دل
مثل ارہ قینچی کی سی زبان -
مثل ارزق شامی - سنگ دل
مثل اشتر در وحل - پھنسا ہوا
مثل الف - سیدھا -
مثل باد رفتن - نہایت تیز جانا -
مثل بچہ آدم - مؤدب - باتمیز
مثل برادران یوسف - بے مہر
مثل بر املہ - تنخی - نباض
مثل پارۂ آجر - سوکھی روٹی کا ٹکڑہ

مثل پستہ - دہان خرد
مثل پلنگ - مغرور
مثل تخت بزازاں - زنگار نگ
مثل توبرہ - گھنی داڑھی
مثل تیر - سیدھا -
مثل جغد - منحوس
مثل چراغ دزداں - مدھم روشنی
مثل چشم سوزن - سنک -
مثل حباب - ناپایدار
مثل حمام زنانہ - شور و غل والی جگہ
مثل خر در گل - بری طرح پھنسا ہوا
مثل خمرہ - مٹکا سا پیٹ -
مثل دم سگ - ٹیڑھ
مثل روباہ - چالاک و عیار
مثل ریگ بیابان - بہت زیادہ کثیر -
مثل سرو سہی - راست قد ہونا -
مثل سگ پشیماں شدن - نہایت پشیمان ہونا - بے موقع و محل کام کرنا -
مثل سوسن دہ زبان - بہت زیادہ زبان دراز -
مثل نشا گرد آتشپز - میلا کچیلا -

مثل شام غریباں۔ دکھ بھری رات
مثل شب آدینہ بچگان۔ خوشی کی رات کیونکہ اگلے دن انہیں مکتب سے چھٹی ہوتی ہے (گولڈن تائٹ)
مثل شمر۔ نہایت سنگدل۔
مثل شیر مادر۔ حلال
مثل قصۂ چہل طوطی۔ بہت لمبی داستان
مثل کبک۔ خوش خرام۔
مثل کنیز حاجی باقر۔ بڑبڑ کرنے والا
مثل کوفیان۔ بے وفا۔
مثل گاو عصار۔ کولھو کے بیل کی طرح۔ جہاں تھے وہیں۔
مثل گدا آزاد خان۔ اکڑباز
مثل گرگ تیر خوردہ۔ نہایت خشمناک اور بپھرا ہوا۔
مثل گوش روزہ دار بر اللہ اکبر۔ نہایت بے تابی سے منتظر۔
مثل ماہ شب چہاردہ۔ حسین و جمیل۔ نکھرا ہوا حسن۔
مثل ماہی بے آب۔ نہایت بیتاب
مثل مسلم۔ غریب الوطن و تنہا۔
مثلث۔ تکون۔ تین خطوں سے گھری ہوئی سطح۔
مثلث حادہ الزاویہ۔ وہ تکون جس کے تینوں زاویے قائمے سے چھوٹے ہوں۔
مثلث قائم الزاویہ۔ وہ مثلث جس کا ایک زاویہ قائمہ ہو۔
مثلث متساوی الاضلاع۔ وہ تکون جس کے تینوں ضلعے برابر ہوں۔
مثلث متساوی الساقین۔ وہ تکون جس کے قاعدے پر کے دونو ضلعے برابر ہوں۔
مثلث منفرجہ الزاویہ۔ وہ تکون جس کا ایک زاویہ قائمے سے بڑا ہو۔
مَثَل زن۔ کہاوت سنانے والے
مثل شدن۔ مشہور ہونا۔
مُثلہ کردن۔ کسی کے ناک اور کان کاٹ کر صورت بگاڑ دینا۔
مُثمِر۔ پھل دینے والا۔ پھل دار۔
مُثمّن۔ ہشت پہلو۔
مَثنیٰ۔ دو۔ دو۔
مَثنوی۔ وہ نظم جس کے ہر شعر میں دو قافیے علحدہ علحدہ ہوں۔ ۲۔ نیز عرف عام میں مشہور مولانا روم کی کتاب مثنوی معنوی ؎
مثنوی معنوی مولوی

ہست قرآں در زبان پہلوی)
مَثُوب ۔ ثواب دیا گیا ۔
مَثُوبات ۔ نیکیوں کے بدلے اجر ۔
مَثَبِل ۔ ہم شکل ۔ مانند ۔

م ۔ ج

مُجاب ۔ قبول کیا گیا ۔
مجاب شدن ۔ قبول ہونا ۔
مجاب کردن ۔ قبول کرنا ۔
مجادل ۔ جھگڑنے والا ۔ جھگڑالو ۔
مجادلات ۔ جھگڑے ۔ جمع ہے مجادلہ کی ۔
مجادلہ ۔ رجوع بہ ماقبل ۔
مجاری ۔ جاری ہونے کی جگہیں ۔
مجاری امور ۔ کاموں کا رواں ہونا ۔
مجاری بدن ۔ بدن کی رگیں ۔
مجاز ۔ حقیقت کی ضد ۔ وہ لفظ جسے اس کے غیر حقیقی معنوں میں استعمال کریں ۔
مجازاً ۔ از روی مجاز ۔
مجازی ۔ غیر حقیقی ۔
مجازات شدن ۔ نیکی یا بدی کی سزا یا جزا پانا ۔
مجازات کردن ۔ نیکی یا بدی کی سزا یا جزا دینا ۔
مُجاعت ۔ قحط ۔ بھوک ۔
مجال ۔ جولانگاہ ۔ طاقت ۔ حوصلہ (این تاب این مجال این طاقت نداشتم)
مجالس ۔ مجلس کی جمع محفلیں ۔
مجالست ۔ ہم نشینی ۔
مُجامع ۔ جماع کرنے والا ۔
مجامعت کردن ۔ رجوع بہ ماقبل ۔
مُجان ۔ مفت ۔ بلا معاوضہ
مجاناً ۔ مفت ۔ بلا قیمت ۔
مجانی ۔ رجوع بہ ماقبل ۔
مجانین ۔ مجنون کی جمع ۔ دیوانے ۔
مُجانست ۔ ہم جنس ہونا ۔
مُجاور ۔ ہمسایہ ۔ پڑوسی ۔ نیز درگاہ کا خادم ۔
مجاوران فلک ۔ سبعہ سیارے ۔ آسمان کے سات مشہور سیارے ۔
مُجاہد ۔ جہاد کرنے والا ۔ جانباز ۔
مجاہدات ۔ سخت کوشش کرنا ۔ سعی کرنا ۔ جہاد کرنا ۔
مُجتبیٰ ۔ برگزیدہ ۔ چنا ہوا ۔

مُجتنِب ۔ اجتناب کرنے والا ۔ بچنے والا ۔
مُجتہد ۔ اجتہاد کرنے والا ۔ فقہ کے مسائل نکالنے والا ۔
مجتہدین ۔ جمع ہے مجتہد کی ۔
مَجد ۔ شرافت ۔ فضیلت ۔ بزرگی
مُجدّد ۔ کسی بات کو نئے سرے سے پیدا کرنے والا ۔ تجدید کرنے والا ۔
مجدداً ۔ از سرِ نو ۔
مجدد الف ثانی ۔ ۱ ۔ دوسرے ہزار سال کا مجدّد ۔ ۲ ۔ برصغیر پاک و ہند کے مشہور ولی اللہ حضرت شیخ احمد سرہندی رح کا لقب جو سرہند شریف میں پیدا ہوئے اور وہیں مدفون ہیں ۔ انہوں نے اکبری دَور کی بدعتوں کے خلاف جہاد کیا ۔
مُجدّر ۔ ۱ ۔ جس کے اردگرد فصیل ہو ۔ ۲ ۔ یا جس پیچک کے داغ ہوں ۔ آبلہ رُو ۔
مُجدور بودن ۔ چہرے پر چیچک کے داغ ہونا ۔ آبلہ دار ہونا ۔

مجذُوب ۔ جذب شدہ ۔ فریفتہ ۔ خدا کی محبت میں ازخود گزشتہ ۔
مجذُوم بُودن ۔ جذام کا مارا ہوا ۔ کوڑھی ہونا ۔
مُجرّب بودن ۔ ۱ ۔ آزمایا ہوا ہونا ۔ ۲ ۔ آزمودہ ۔
مجرّد ۔ تنہا ۔ واحد ۔ اکیلا ۔ کنوارا ۔
مجرّدات ۔ جمع ہے مجرّد کی ۔ نیز ارواح اور ملائک ۔
مجرم بودن ۔ گنہ گار ہونا ۔
مجرمان } جمع ہے مجرم کی فارسی طریق سے
مجرمین } " " عربی طریق سے
مجروح شدن ۔ زخمی ہونا ۔
مجروح کردن ۔ زخمی کرنا ۔ گھائل کرنا ۔
مجروحین ۔ جمع ہے مجروح کی ۔ زخمی اور گھائل لوگ ۔
مجرُور یعنی کھینچا گیا ۔ وہ کلمہ جس کے پہلے حرف جار آئے ۔ مثلاً (در کتاب) در حرفِ جار ہے ۔ اور کتاب مجرُور ہے ۔
مجری داشتن ۔ تعمیل کرنا ۔
مجزّا شدن ۔ تجزیہ ہونا ۔ جدا ہونا ۔
مجزّا کردن ۔ تجزیہ کرنا ۔ جدا جدا

کر دینا۔
مجسّم شدن۔ جسم دار ہونا۔
مجسّمہ۔ جسم بے روح۔ پیکر۔
صورت۔ مورتی۔
مجسّمہ ساز۔ مورتیاں بنانے والا۔
مجعّد۔ گھنگریالے بالوں والا۔ یا
گھونگھریالے بال۔
مجعول۔ جعلی
مجعولات۔ جعلی چیزیں۔
مجلّات۔ مجلّے۔ رسالے
مجلّد۔ جلد بندھی ہوئی چیز
مجلّدات۔ چند جلد کتابیں۔
مجلس۔ محفل۔ انجمن۔ اسمبلی۔ کونسل
مجلس سنا۔ سینٹ۔ ایرانی پارلیمنٹ
کا ایک حصّہ۔
مجلس شوریٰ ملّی۔ نمائندگان قوم
ایرانی پارلیمنٹ کا ایک حصّہ۔
مجلس شب نشینی۔ رات کا جشن۔
مجلس الاعیان۔ دارالامرا۔
مجلس العموم۔ دارالعوام
مجلس نویس۔ اسمبلی یا کونسل
کا سیکرٹری۔
مجلّل۔ بزرگوار

مجلّہ۔ علمی رسالہ
مجلہ رسمی۔ سرکاری گزٹ۔
مجمر۔ انگیٹھی۔ عود دان
مجمع۔ انجمن
مجمع البحرین۔ سنگھم۔ دو دریاؤں
کے ملنے کی جگہ۔
مجمع علیہ۔ متفق علیہ۔
مُجمل۔ مختصر۔ ع
(تو خود حدیث مفصل
بخواں ازیں مجمل)
مجموع۔ تمام۔ سب۔ کل۔ نیز
جسے جمعیت قلب حاصل ہو۔ ع
(مجموع چہ غم دارد از من کہ پریشانم)
مجنون۔ جنون کا مریض۔ دیوانہ۔ نیز
قیس عامری۔ عرب کا مشہور و معروف
جسے لیلیٰ سے عشق تھا۔ ع
(گفت خامش چوں تو مجنوں نیستی)
مجوّز۔ تجویز کرنے والا۔
مجوس۔ آتش پرست۔ گبر۔
مجوسیت۔ آتش پرست
مجوّف۔ کھوکھلا۔ خالی۔
مجہز شدن۔ آمادہ ہونا۔ تیار ہونا۔
مجہول۔ ۱۔ نامعلوم۔ ۲۔ نیز وہ فعل

جس کا فاعل معلوم نہ ہو۔
مجہول النسب ۔جس کے حسب نسب کا پتہ نہ ہو یا جس میں شبہ ہو۔
مجہول ہویت ۔ گمنام۔
مجیب ۔۱۔ قبول کرنے والا۔ نیز ۲۔ خدا کا صفاتی نام۔
مجیب الدعوات ۔جس کی دعا قبول ہو جاتی ہو۔
مجید ۔ بزرگ ۔گرامی۔
مجیر ۔ پناہ دینے والا۔

م ۔ چ

مچ ۔ کلائی۔
مچالہ شدن ۔ مروڑنا ۔مروڑے جانا۔
مچالہ کردن ۔ مروڑنا ۔سلوٹیں اور شکن ڈال دینا۔

م ۔ ح

محابا ۔طرفداری ۔لحاظ ۔رورعایت۔
محابات ۔ جمع ہے محابا کی۔
محاجہ کردن ۔۱۔ توجیہ کرنا ۔۲۔ استدلال کرنا ۔۳۔ وکالت کرنا۔
محادثہ ۔باہم بات چیت۔
محاذی بودن ۔ آمنے سامنے ہونا۔ مقابلہ کرنا۔
محاذی شدن ۔مقابل ہونا۔
محارب ۔جنگجو ۔حرب کرنے والا۔
محاربہ ۔ باہم جنگ کرنا۔
محارست ۔ حراست میں لینا ۔ نگہبانی کرنا۔
محارم ۔محرم ۔راز دار ۔وہ لوگ جو حرم میں آجا سکیں۔
محاسب ۔حساب دان ۔حساب لینے والا۔
محاسبان ۔فارسی طریق سے محاسب کی جمع
محاسبین ۔عربی طریق سے 〃 〃
محاسبہ ۔حساب ۔حساب کرنا۔ حساب کتاب کی جانچ پڑتال کرنا۔
(آنرا کہ حساب پاک است ۔ از محاسبہ چہ باک)
محاسن ۔خوبیاں ۔عمدگیاں۔
محاصرہ کردن ۔گھیر لینا۔
محافظ ۔حفاظت کرنے والا۔
محافظت ۔حفاظت ۔نگہبانی۔

محافظ کار - بزدل - ڈرپوک
محافظان - جمع محافظ کی -
محافل - محفل کی جمع
محافل رسمی - سرکاری حلقے -
محاق - چاند کا گھٹنا - چاند کی وہ آخری تین تاریخیں جن میں وہ نظر نہیں آتا - جسے ہندی میں اوماس کہتے ہیں -
ماہ در محاق است - رجوع بہ ماقبل -
محاکات - داستان سرائی - آپس میں حکایت کرنا -
محاکمہ - مقدمہ یا مقدمے کی سماعت -
محاکمہ داشتن کسی کے ساتھ مقدمہ بازی کی نوبت آنا -
محاکمہ کردن - مقدمہ چلانا یا مقدمے کی سماعت کے لئے بلانا -
محال - ان ہونی بات -
محالات - جمع ہے محال کی - ناممکنات
محال گوئی - نامعقول اور لغویات کہنا
محامد - خوبیاں - اچھائیاں -
محامی - حمایت کرنے والا - وکیل -
محاورات - باہم گفتگو - آپس کی بات چیت -
محاورہ - بات چیت گفتگو -
مُحِبّ - محبت کرنے والا -
محبت داشتن - کسی سے الفت ہونا - دوستی ہونا -
محبت آمیز - دوستانہ
محبس - زندان - جیل -
محبوب الٰہی - ۱ - اللہ کا پیارا -
۲ - نیز لقب ہے حضرت شیخ نظام الدین اولیاء کا جو حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر کے خلیفہ تھے اور جن کا مزار دہلی میں ہے -
محبوبہ - معشوقہ - پیاری -
محبوبیت - دلنشینی - دلنشیں ہونا -
محبوس - حبس شدہ - زندانی -
محبوسان - فارسی طرز سے محبوس کی جمع -
محبوسین - عربی " " " "
محتاج شدن - حاجتمند ہونا -
محتاجان - محتاج کی جمع - حاجتمند لوگ -
محتال بودن - فریبی ہونا - مکار اور عیار ہونا -
محترز بودن - پرہیزگار ہونا -

مُحترف بودن۔ ایک ہی حرفت سے تعلق رکھنا۔ ہم پیشہ ہونا۔
مُحترِق۔ جلنے والا۔ سوختہ۔
مُحترَم۔ باعزت۔ عزت دار۔
محترم داشتن۔ کسی کو معزز رکھنا۔ کسی کی عزت و احترام کرنا۔
محترماً۔ از رُوئے احترام۔
محتسِب۔ حساب لینے والا۔ خلاف شرع باتوں کا احتساب کرنے والا۔ کوتوال شہر۔ ع
(محتسب را درون خانہ چہ کار)
محتسب گر مَی خورد معذور دارد مست را۔ کوتوال جب خود ہی شراب کا عادی ہو تو وہ مستوں کو کیا کہہ سکتا ہے ان کے پھیر گھرے ہی گھرے۔
مُحتشِم۔ صاحب حشمت۔
مُحتضَر بودن } دم مرگ ہونا موت
مُحتضَر گشتن } کے کنارے ہونا۔
مُحتکِر۔ گرانی کی اُمید میں ذخیرہ اندوزی کرنے والا
مُحتکران۔ جمع بطریق فارسی
مُحتکرین۔ " " عربی

مُحتمِل۔ شامل۔ اغلب
مُحتوِی۔ مشتمل۔ گھیرنے والا۔
مَحجُوب۔ باحجاب۔ باشرم وحیا۔
مُحدَّب۔ وہ شیشہ جو درمیان سے موٹا ہو۔ اور کناروں کی طرف آہستہ آہستہ یا باریک ہوتا جائے۔
مُحدِّث۔ حدیث بیان کرنے والا۔ ماہر علم حدیث۔
مُحدِث۔ نئی بات نکالنے والا۔
محدُود۔ حدوں سے گھرا ہوا۔
محذُوف۔ حذف شدہ۔
مِحراب۔ امام کے لئے طاق۔
محراب ابرو۔ محبوب کی بھویں۔
محراب جمشید۔ جام جہاں نما
مُحرِّر۔ نویسندہ۔ تحریر کرنے والا۔
مُحرّران فلک۔ سبعہ سیارے سات سیارے۔
مُحرِق۔ جلانے والا۔
مُحرقہ۔ میعادی بخار۔ ٹائیفائیڈ۔
مُحرِّک۔ حرکت دینے والا۔ تحریک کرنے والا۔
مُحرّم۔ اسلامی سال کا پہلا مہینہ۔ ایام جاہلیت میں اس مہینے میں

جنگ حرام تھی۔
مَحرَم ۔ وہ قریبی رشتہ دار جس سے نکاح جائز نہیں۔ مجازاً راز دار۔ ع
(کوئی محرم نہیں ملتا جہاں میں)
مَحرَمان ۔ محرم کی جمع۔
محرم بیک نقطہ مجرم نشود ۔ کسی ایک ہی لغزش، خطا یا غلطی سے بڑے بڑے عابد پرہیزگار اور متقی پارسا بھی گر جاتے ہیں۔ اور مجرم و گناہگار قرار پاتے ہیں۔ جیسا کہ عزازیل ایک سجدہ نہ کرنے سے اتنے بلند مرتبہ سے اس حال کو پہنچا۔
محرم راز ۔ بھیدوں اور رازوں کو جاننے والا۔ یارِ غار۔
مُحرُور ۔ گرم مزاج۔
محرُوسہ ۔ وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے۔ محفوظ (ممالکِ محروسہ)
محرُوم داشتن ۔ ناامید و نامراد کرنا۔
محرُوم شدن ۔ نامراد ہونا۔
محرُوم کردن ۔ کسی کو نامراد کرنا۔
محرُومیت داشتن ۔ نامراد ہونا۔
محزُون بودن ۔ غمگین ہونا۔
محزُونیت ۔ غم ۔ ملال۔

مُحسِن ۔ احسان کرنے والا۔
مُحسِنات ۔ نیکیاں ۔ اچھائیاں۔
مُحسِنہ ۔ نیکی یا احسان کرنے والی عورت۔
مُحسِنین ۔ نیکی اور احسان کرنے والے حضرات۔
محسُوب شدن ۔ حساب کیا جانا۔
محسُوب بودن ۔ حساب کتاب میں جانا
محسُوسات ۔ جو چیزیں محسوس ہو سکیں۔
مَحشَر ۔ حشر کا میدان۔ قیامت کے دن لوگوں کے ساتھ حساب کے لئے جمع ہونا۔ ع
(روزِ محشر کہ جان گداز بود)
محشر خیز ۔ درہم برہم۔
محشر خرام ۔ محبوب۔
محشُور بودن ۔ حشر کیا جانا۔
مُحَصِّل ۔ ۱۔ حاصل کرنے والا۔ ۲۔ علم حاصل کرنے والا۔ ۳۔ تحصیلدار۔
مُحَصِّلان ۔ فارسی طریق سے جمع محصل کی۔
مُحَصِّلین ۔ عربی " " "
مُحصَلِ کلام ۔ خلاصہ کلام۔ حاصلِ کلام۔

مُحصِن بودن ۔ شادی شدہ ہونا ۔
مُحصِنہ بودن ۔ عورت کا شادی شدہ ہونا ۔
محصُور ۔ گھرا ہوا ۔ جس کا گھیراؤ کیا ہوا ہو ۔
محصُوران ۔ گھرے ہوئے لوگ ۔
محصُورین ۔ رجوع بہ ماقبل ۔
محصُول ۔ حاصل شدہ ۔ غلّہ ۔ دانہ پیداوار ۔
محصُولات ۔ جمع محصول کی ۔
محصُول کشاورزی ۔ زرعی پیداوار
محض خاطر ۔ برائے رضائے دل ۔
محض للّٰہ ۔ برائے خدا ۔
مَحضر ۔ حاضر ہونے کی جگہ ۔
محضر برآب ۔ بیہودہ کام ۔
محظور ۔ ناروا ۔ حرام ۔ ممنوع ۔
محفوظات ۔ ذہن میں حفظ شدہ باتیں ۔ معلومات ۔
مُحقّر ۔ حقیر ۔ ذلیل
محقّق ۔ تحقیق کرنے والا ۔
محققاً ۔ از روئے تحقیق ۔
محققان ۔ جمع از روئے فارسی ۔
محققین ۔ جمع محقق کی از روئے عربی تحقیق کرنے والے حضرات ۔
مُحَک } کسوٹی ۔ کھوٹے ۔
مِحَک } کھرے سونے کو پرکھنے کا پتھر ۔
محک زدن ۔ آزمانا ۔ کسوٹی پر پرکھنا ۔
محک زر ایمان ۔ مراد حجر اسود سے ہے
محکم ۔ مضبوط ۔ استوار ۔
محکم کاری ۔ درست کام کرنا احتیاط سے کام کرنا ۔
مُحکمات ۔ قرآن شریف کی وہ آیتیں جن کے معنی صاف اور واضح ہیں ۔ اور ان کی تاویل کی ضرورت نہیں ۔
محکمۂ استیناف ۔ وہ عدالت جس میں اپیل دائر کی جاسکے ۔
محکمہ بدائیت ۔ ابتدائی عدالتیں ۔ ضلع کچہریاں ۔
محکوم ۔ مطیع و فرمانبردار ۔ جس پر حکم چلایا جائے ۔ ع ۔
(گر ہماری طرح تم بھی غیر کے محکوم ہو)
محکوم شدن ۔ مجرم قرار پانا ۔
محکوم کردن ۔ مجرم قرار دینا
محکوم لہٗ ۔ جس کے حق میں حکم

صادر ہو۔
محل گذاشتن۔ توجہ دینا۔ التفات کرنا
محل نگذاشتن۔ توجہ نہ دینا بے التفاتی کرنا۔
محل داشتن۔ بینک میں ساکھ ہونا۔
محلّات۔ محلے۔ گلی۔ کوچے۔
مُحلّل۔ حلال کنندہ۔ جس عورت کو تین طلاقیں دینے کے بعد اس کا خاوند پھر اس کی طرف رجوع کرنا چاہیے تو وہ عورت جب تک کسی اور غیر محرم سے نکاح نہ کرے پہلے شوہر سے اس کا نکاح نہیں ہو سکتا۔ اب بیچ والا محلل کہلاتا ہے۔
محلّ ماموریت۔ جس جگہ آدمی ملازمت کی ڈیوٹی دے۔ (پوسٹ آف ڈیوٹی)
محلُوج۔ حلاج شدہ۔ دھنکی ہوئی رُوئی۔
محلُول شدن۔ حل ہونا۔ گھل مل جانا۔
محلّی۔ آراستہ۔
محلی۔ مقامی۔ لوکل۔

مُحمّدؐ۔ بہت تعریف کیا گیا۔ بہت سراہا گیا۔ حضور سرورِ کائنات کا اسم مبارک ہے۔
مَحمِدت۔ ستائش۔ تعریف۔
محمل۔ اُونٹ کا کجاوہ۔ ہودج۔ عماری جس میں عورت بیٹھے۔
محمل نشین۔ ہودج میں بیٹھنے والی۔
(رفتم کہ خار از پا کشم محمل نہاں شد از نظر)
محمل گراں شدن۔ ناقہ کا تھک جانا ہے
(مزاج ناقہ را مانند عرفی نیک می دانم
چو محمل را گراں بینم حدی را تیز تر خوانم)
محمول۔ حمل شدہ۔ لدا ہوا۔
محمولات۔ بار بوجھ۔
محموم بُودن۔ تپ زدہ ہونا۔ بخار میں مبتلا ہونا۔
مِحَن۔ محنت کی جمع۔
محنتانہ۔ اُجرت۔ مزدوری۔
محنت زدہ۔ بدبخت۔
محنت زدہ را از ہر طرف سنگ می آید۔ مفلسی میں آٹا گیلا۔
محنت سرا۔ دُنیا۔

محنت کدہ۔ دکھیاروں کی جھونپڑی۔
محنت کش۔ مزدور۔
محو شدن۔ مٹ جانا۔ نیست و نابود ہونا۔ کھو جانا۔
محو کردن۔ مٹانا۔ نیست و نابود کرنا۔
مِحوَر۔ وہ شے جس کے گرد کوئی چیز گھومے اور گردش کرے۔ جیسے گاڑی کا دھرا۔ ۲۔ وہ فرضی خط جس کا ایک سرا قطب شمالی اور دوسرا قطب جنوبی سے ملتا ہے۔ اور جس کے گرد زمین گردش کرتی ہے۔
محوطہ۔ چار دیواری سے گھرا ہوا۔ احاطہ۔ جنگلا۔ باڑہ۔
مُحوِّل۔ سونپنے والا۔ تحویل میں دینے والا۔
مُحوَّل کردن۔ سونپنا۔
مُحیِی۔ زندہ کرنے والا۔ احیا کرنے والا۔
محی الدّین۔ ۱۔ دین کا احیا کرنے والا۔ از سر نو زندہ کرنے والا۔ ۲۔ نیز یہ لقب ہے حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر گیلانی رح کا۔

مُحیَّر۔ حیران۔
مُحیِّر العقول۔ عقلوں کو حیران کرنے والا
مَحِیض۔ حیض کی حالت۔
مُحِیط۔ ۱۔ احاطہ کرنے والا۔ ۲۔ فضا۔ ۳۔ ماحول۔ ۴۔ گرد و پیش کے حالات۔
محیط اجتماعی۔ سوشل ماحول۔
محیط سیاسی۔ سیاسی فضا یا سیاسی ماحول۔
مُحِیل۔ حیلہ گر۔ بہانہ ساز۔

م۔خ

مخابر۔ تار بابو۔ خبر لانے یا دینے والا۔ خبر رساں۔
مخابرہ کردن۔ تار دینا یا سندیسہ یا پیغام دینا۔
مُخادعت۔ فریب دینا۔ دھوکا دینا۔
مَخادیم۔ مخدوم کی جمع۔ جن کی خدمت کی جائے۔
مَخاذِیل۔ مخذول کی جمع بمعنی رُسوا۔ اور ذلیل و خوار۔
مَخارِج۔ نکلنے کی جگہ۔ نیز اخراجات

اور مصارف۔
مخارج داشتن۔ بہت اخراجات کا سر پر آپڑنا۔
مخازن۔ مخزن کی جمع۔ خزانے۔
مخاصم۔ دشمن۔
مخاصمت کردن۔ دشمنی کرنا۔
مخاطِب۔ خطاب کرنے والا۔ متکلم
مخاطَب۔ جس سے خطاب کیا جائے
مخاطبہ۔ باہمی بات چیت۔
مخاطرات۔ خطرے۔
مخاطرہ آمیز بودن۔ خطروں میں ہونا۔
مخافت۔ ڈر۔ خوف۔
مخالطت۔ باہمی اختلاط۔ آپس میں میل جول کرنا۔
مخالفان } مخالف کی جمع
مخالفین } ″ ″ بطریق عربی
مخالفت کردن۔ دشمنی کرنا۔ اختلاف کرنا۔
مخالف شکن۔ اپنے دشمن یا مدمقابل کو پاش پاش کرنے والا۔
مُخبِر۔ خبر لانے والا۔ جاسوس۔
مخبران } جمع مخبر کی بطریق فارسی۔
مخبرین } ″ ″ بطریق عربی
مُخبرِ صادق۔ صحیح اور سچی خبر لانے والا۔ مراد ہے آنحضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم سے
مُخبّط بودن } خبطی ہونا۔ جنونی ہونا
مخبط گشتن } دیوانہ ہونا۔
مخبوط الحواس۔ سودائی۔ خبطی۔ پاگل
مختار بودن۔ آزاد ہونا۔
مختار شدن۔ صاحب اختیار ہونا۔
مختار کردن۔ آزاد کرنا۔ نیز اختیارات سونپنا۔
مختارِ کل۔ سب اختیارات کا مالک سیاہ و سفید کا مالک خداوند تعالی۔
مُختَرِع۔ اختراع کرنے والا۔ نئی بات نکالنے والا۔
مُختَرعات۔ نئی ایجادات۔ نئی اختراعات۔
مُختَصّ۔ خاص کیا گیا۔
مُختصّات۔ خاص خوبیاں خصوصیات۔
مختصراً۔ اجمالاً۔ اختصار کے ساتھ۔
مختفی بودن۔ پنہاں ہونا چھپ جانا۔
مختفی کردن۔ پوشیدہ کرنا چھپانا۔
مختل شدن۔ آشفتہ ہونا۔
مختل حواس۔ دیوانہ جس کے

ہوش و حواس میں خلل ہو۔
مختلس۔ غبن کرنے والا۔
مختلط بودن۔ اختلاط کرنے والا ہونا۔
مختلف فیہ۔ وہ بات جس میں اختلاف ہو۔ باعث اختلاف۔
مختوم۔ مہر لگا ہوا۔
مختون۔ ختنہ کیا ہوا۔
مخدّر۔ شل کرنے والی جیسے افیون۔
مخدّرات۔ اعضا کو بے حس کرنے والی دوائیاں۔
مُخدّرات۔ پردہ نشین عورتیں۔
مخدّرہ۔ پردہ نشین عورت
مخدوش بودن۔ خدشہ دار ہونا۔
مخدوم۔ خدمت کے لائق ہونا۔ جس کی خدمت کی جائے۔ ع۔
(ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد)
مخدوم کائنات۔ ذات باری تعالیٰ
مخذول شدن۔ ذلیل ہونا۔ رسوا ہونا۔
مُخرّب۔ خراب کرنے والا۔
مخرّب اخلاق۔ جو بات اخلاق کو بگاڑنے والی ہو۔
مَخرَج۔ باہر نکلنے کی جگہ۔ خارج ہونے کا راستہ۔

مخروط۔ تراشا ہوا۔ گاجر یا مولی کی شکل کا۔
مخروطی۔ مخروط شکل کا۔
مخزن۔ خزانہ
مخزن اسرار۔ پوشیدہ رازوں کا خزانہ۔ نیز مولانا نظامی گنجوی کی ایک شہرہ آفاق کتاب کا نام۔
مخزونات۔ خزانہ میں رکھی ہوئی چیزیں
مخصوص۔ عام کا اُلٹ۔ خاص۔
مخصوصاً۔ خاص طور پر۔
مُخطّط۔ خط دار۔ لکیر دار۔
مخطور۔ دل سے گزرنے والی چیز خیال۔ اندیشہ۔
مُخطی۔ خیال کرنے والا۔ خطا کار۔
مخفّف۔ تخفیف یافتہ۔
مخفی شدن۔ چھپ جانا۔
مخفی کردن۔ چھپانا۔
مُخل۔ خلل ڈالنے والا۔
مُخلّد۔ ہمیشہ۔ سدا۔
مُخلِص۔ با اخلاص۔ سچا دوست۔
مخلصان۔ مخلص کی فارسی طریق سے جمع۔
مُخلصین۔ 〃 〃 عربی 〃 〃
مُخلَص۔ خلاصہ۔ نچوڑ۔

مخلّف - پیچھے چھوڑا گیا۔
مُخلّفات - مخلّف کی جمع - مُردے کا پیچھے چھوڑا ہوا ترکہ۔
مَخلُوط - خلط ملط - مِلا جُلا۔
مخلوط النسل - دوغلا۔
مخلوط شدن - ا۔ خلط ملط ہونا۔ دوغلا ہونا۔
مخلُوق - خلقت شدہ - تخلیق کی ہوئی چیز۔
مخلُوقات - دنیا اور اس کی سب اشیا۔
مُخلّی - تخلیہ شدہ - خالی کیا گیا۔
مُخمّر - خمیر شدہ - گوندھا ہوا۔
مخمّس - ا۔ پانچ کونہ - پنجکونہ - ۲۔ نیز پانچ مصرعوں والی نظم۔
مَخمصہ - بھوک کی شدت - اضطراب بے چینی - اُلجھن
مَخملک - بچّوں کی ایک بیماری کا نام جس میں سُرخ دانے نکل آتے ہیں۔
مخمُور - نشہ میں چُور - دُھت۔
مخنّث - ہیجڑا - نامرد۔
مُخوّف - ڈرا ہوا - خوف زدہ۔
مخوِّف - ڈرانے والا - خوف زدہ کرنے والا۔
مخیّر بُودن - سخی ہونا - بہت خیرات کرنا۔
مُخیّلہ - قوتِ خیال - سوچ بچار کی قوت۔

م - د

مد کشش - الف - اُوپر مدکشیدہ مُد - فیشن۔
مدّاح - مدح کرنے والا۔
مدّاحی - تعریف - مدح۔
مداخل - ا۔ آمدنی - ۲۔ ناجائز اور غیر قانونی طور پر کمائی ہوئی دولت
مداخل کردن - کمانا۔
مداخلت - دخل دینا۔
مداخلہ کردن - دخل دینا - حائل ہونا۔
مداد - پنسل۔
مداد پاک کن - ربڑ۔
مداد تراش - پنسل تراش۔
مداد کپی - کاپینگ پنسل
مداد گیر - پنسل ہولڈر

مدادی۔ پنسل سے لکھا ہوا۔
مدار۔ ۱۔ گردش کرنے کی جگہ۔
۲۔ دُھر۔ ۳۔ محور۔
مُدارا۔ نرمی۔ ملائمت۔ تواضع ؎
(آسائش دو گیتی تفسیر این دو حرف است)
با دشمناں تلطف با دوستاں مدارا)
مدارا کردن۔ رجوع بہ ماقبل۔
مدارات۔ خاطر۔ تواضع
مَدارج۔ درجے۔ سیڑھیاں۔
مدارک۔ دستاویزیں۔ اسناد۔
مدارائی۔ نرمی۔ ملائمت۔
مُداعب۔ شوخی کرنے والا۔ دل لگی
کرنے والا۔
مُدافع۔ دفاع کرنے والا۔
مُدافعت۔ بچاؤ۔
مُداقہ۔ دقت۔ باریک بینی۔
مدال۔ میڈل۔
مدام۔ ہمیشہ۔ سدا
مدامی۔ دائمی۔
مداوا کردن۔ علاج کرنا۔ دوا دارو
کرنا۔ چارہ جوئی کرنا۔
مُدادم۔ برقرار۔
مُدادمت۔ دوام بخشنا۔

مُداہن۔ سستی کرنے والا۔ چاپلوسی
کرنے والا۔
مدائح۔ مدیحہ کی جمع۔ تعریفیں۔
مدائن۔ مدینہ کی جمع۔ بمعنی شہر۔
عراق عرب کا ایک قدیمی شہر
جو وسیع اور عریض ہونے کی وجہ
سے جمع کے صیغہ میں لکھا گیا۔
بغداد کے کچھ میل کے فاصلہ پر
نوشیرواں نے اس کی بنیاد رکھی
تھی۔ جہاں آج بھی ایوان مدائن
اور دیگر کھنڈرات دیکھ کر سخت
حیرت ہوتی ہے ؎
(ہاں ای دل عبرت بین از دیدہ نظر کن ہاں
ایوان مدائن را آئینہ عبرت دان)
مُدبر۔ بدبخت۔ مقبل کی ضد۔
مُدبّر۔ صاحب تدبیر۔
مدّت مدید۔ بہت لمبا عرصہ
مُدّثر۔ ۱۔ لحاف میں لپٹا ہوا۔ ۲۔ قرآن
حکیم کی ایک سورۃ کا نام۔ ۳۔
حضور نبی کریم صلعم کا وصفی نام۔
مدح۔ تعریف۔ ستائش
مُدحت۔ رجوع بہ ماقبل۔
مُدخل۔ داخل ہونے کی جگہ۔ دروازہ

مَدخول۔ داخل کیا ہوا۔
مدد خواستن۔ مدد مانگنا۔
مدد کار۔ مددگار۔
مُدِرّ۔ جو چیز ادرار کا باعث ہو۔ پیشاب لانے والی چیز۔
مدرسۂ ابتدائی۔ ابتدائی مدرسے۔ کنڈر گارٹن یا پرائمری تک سکول وغیرہ۔
مدرسۂ متوسط۔ مڈل وہائی سکول۔
مدرسۂ عالی۔ کالج۔
مَدعُو۔ جسے دعوت دی گئی ہو۔
مدعوین۔ جمع ہے مدعو کی۔
مدعا علیہ۔ جس پر دعویٰ کیا جائے۔
مدعی۔ دعوےٰ کرنے والا۔
مدعی سُست گواہ چُست۔ رجوع کریں دایہ از مہربان تر۔۔۔۔
مدعیہ۔ دعویٰ کرنے والی عورت۔
مُدغَم۔ ادغام کیا گیا۔ ایک حرف کا دوسرے حرف میں داخل کرنا۔ جیسے نشب پرہ سے شپرہ۔ بدتر سے بتر۔
مَدفُوع۔ فضلہ۔ گوبر
مدفوعات۔ جمع ہے مدفوع کی۔

مَدفُون۔ دفن کیا گیا۔ باریک بین۔
مُدَقِّق۔ دقت کرنے والا۔ باریک بین
مَدقُوق۔ دق اور سل کا مریض۔
مُدَلَّل۔ دلیل دار۔ بابرہان
مُدَمِّغ۔ بددماغ۔ متکبر۔ مغرور۔ اور گستاخ۔
مُدُن۔ مدینہ کی جمع۔ شہر
مُدَنی۔ اجتماعی۔ معاشرتی۔ شہری۔
مَدَنی۔ یائے نسبتی۔ مدینہ منورہ کا رہنے والا۔ (نبیؐ کی وَمَدنی علیہ السلام اسے)
مُدَنِیَّت۔ شہریت۔ تمدن شائستگی
مَدّ و جزر۔ جوار بھاٹا۔ سمندر کی لہروں کا اتار چڑھاؤ۔
مُدَوَّر۔ گول۔
مُدَوَّن۔ تدوین شدہ۔ جمع کیا ہوا۔ مرتب کیا ہوا۔
مدہور۔ بدنصیب۔ بخت برگشتہ۔
مدہوش کردن۔ دہشت زدہ کرنا۔ حیران وہکا بکا کرنا۔
مدہوشی۔ حیرت۔ دہشت۔ بے ہوشی۔
مَدیح } تعریف
مَدیحہ } ستائش

مدیحہ سرا۔ مدح سرا۔ قصیدہ گو
مدید۔ مدت دراز۔ طولانی۔
مُدیر۔ ادارے کو چلانے والا۔ مہتمم۔
ایڈیٹر۔
مدیر روزنامہ۔ اخبار کا ایڈیٹر
مدیر کل۔ ناظم امور۔ ڈائریکٹر
مدیر کل دانشگاہ۔ یونیورسٹی کا رجسٹرار
مدیر مدرسہ۔ ہیڈ ماسٹر
مدیر معاون۔ جائنٹ ایڈیٹر۔
مدیرہ۔ ہیڈ مسٹرس۔
مدینہ۔ شہر۔
مدینۂ طیّبہ۔ وہ مبارک اور مقدس
شہر جہاں حضور پاک صلعم ہجرت
کر کے تشریف لے گئے تھے اور
جہاں اب آپ کا مزار پُرانوار ہے
مدینۃ الحکماء۔ یونان کا دارالخلافہ۔
شہر ایتھنز۔
مدیون بودن۔ زیر بار ہونا کسی کا
مدیون شدن۔ مقروض ہونا۔

م۔ ذ

مُذاب۔ پگھلا ہوا۔

مذاق۔ ذوق۔ مزہ۔ طبع
(این امر بمذاق او بسیار خوش آمد)
مذاکرات۔ گفتگو۔ گفت و شنید۔
مذاکرہ۔ گفتگو۔ بحث۔ مباحثہ
مذاکرہ کردن۔ مشاورت کا جلسہ کرنا۔
بحث مباحثہ کرنا۔
مذاہب۔ جمع مذہب کی۔ ادیان۔
مَذبح۔ ذبح کرنے کی جگہ۔ بوچڑخانہ
مُذبذب۔ متردد۔ ڈودلہ
مُذبذب بودن۔ ۱۔ دودلی میں ہونا۔
۲۔ منافق ہونا۔ ۳۔ بدعقیدہ ہونا۔
مذبوح۔ ذبح شدہ۔
مُذکّر۔ نر۔ مونث کا اُلٹ۔
مُذکّر۔ یاد دلانے والا۔
مذکور } ذکر شدہ۔ جس کا ذکر
مذکورہ } پہلے آچکا ہو۔
مَذلّت۔ رسوائی۔ ذلت۔ خواری۔
مذمّت کردن۔ بُرائی کرنا۔ کسی
کی ہجو کرنا۔
مذموم۔ بُرا۔ قابل مذمت
مُذنب۔ گنہ گار۔
مذہب عاشق ز مذہب ہا جداست
عشق کے آداب و رسوم نرالے ہیں۔

م - ر

مَر - ۱- شمار۔ ۲- حساب - ۳- بطور حرف ربط۔
مُر - کڑوا- تلخ - ببول کی جڑ۔
مرا - مجھے۔
مرای کاشکی مادر نزادی - میں جو اتنا بدبخت اور بدنصیب ہوں کاشکہ میں دُنیا میں پیدا ہی نہ ہوتا۔
مرابحت - نفع پر بیچنا۔
مراتب - مرتبہ کی جمع۔
مُراتع - چراگاہیں۔
مَراثی - مرثیہ کی جمع - مرثیے
مَراجع - مرجع کی جمع - رجوع کرنے کی جگہیں۔
مَراجعت کردن - واپس آنا- لوٹنا
مراجعہ کردن - کسی کام کے لئے کسی کی طرف رجوع کرنا۔
مَراحل - مرحلہ کی جمع - مرحلے۔
مُراحم - عنایات - مہربانیاں۔
مَراحم خسروانہ - شاہانہ عنایات۔

مُراد - پیر- مرشد- مرید کا اُلٹ۔
(پیر مرد مرادِ من دردِ من و دوای من
فاش نمی گویم این سخن شمس من خدای من)
مُراد حاصل شدن - مقصود کو پالینا۔
مرادت کشیدن - سختیاں جھیلنا۔
مُرادِف - ہم ردیف - ہم معنی۔
مراراً - بار بار - کئی بار۔
مرارت - تلخی - کڑواہٹ۔
مرارت کشیدن - کڑوی کسیلی برداشت کرنا - سخت و تلخ سہہ لینا۔
مَرارہ - پتہ۔
مَراسلات - مراسلے - خط۔
مُراسلت - باہم خط و کتابت کرنا۔
مُراسم - رسومات۔
مُراسم بجاآوردن - کسی سلسلہ میں رسومات بجالانا۔
مُراعات کردن - ۱- پاس اور لحاظ کرنا - ۲- ایک دوسرے کی رعایت کرنا۔
مَراعات النظیر - مناسبات کی رعایت کو ملحوظ رکھنا۔ علم اصطلاح میں اسے صنعت تناسب بھی کہتے ہیں باہم مناسبت کے الفاظ لانا جیسے

باغ - گل - باغبان - بلبل - بادصبا
وغیرہ وغیرہ ملاحظہ ہو ؎
زاکنوں کرا دماغ کہ پرسد زباغباں
بلبل چہ گفت وگل چہ شنید وصبا چہ کرد)
مَرَاعی - چراگاہیں -
مُرَاعی - رعایت کرنے والا -
مُرَاغبت - رغبت - خواہش - میل -
مُرَافِع - مدعی - اپیل کرنے والا -
مرافعہ کردن - دعویٰ دائر کرنا -
نالش کرنا - مقدمہ کرنا -
مرافعہ داشتن - باہم دعویٰ جھگڑا
اور نزاع کا ہونا -
مُرافِق - رفاقت کرنے والا ہم سفر
ساتھی -
مُرَافقت - باہمی رفاقت -
مُرَاقِب - نگہبان - مراقبہ کرنے والا -
مُراقبت - باہمی رقابت - ایک
دوسرے کی نگہبانی -
مُراقبہ - حضورِ قلب سے اللہ تعالیٰ
کی طرف توجہ کرنا -
مَراکب - مرکب کی جمع - سواریاں یا
سواری کے جانور یا مشتقیں -
مَرال - بارہ سنگا -

مرام - مراد - خواہش - مقصد -
مراودت - باہمی میل جول -
مراوده داشتن - باہمی میل جول رکھنا
ایک دوسرے کے ہاں آنا جانا -
مُربّع نشستن - آلتی پالتی
مار کر بیٹھنا -
مَربُوط - ربط اور تعلق رکھنے والا -
مُربّی - پالنے والا -
مُرتاض - ریاضت کرنے والا -
جوگی - سنیاسی -
مُرتاضین - مرتاض کی جمع -
مُرتِّب - ترتیب دینے والا -
مُرتَّب - ترتیب یافتہ -
مَرتبت - رتبہ - درجہ - مقام -
مُرتجع - رجعت پسند - قدامت پسند -
مُرتجعین - جمع ہے مرتجع کی -
مُرتجل - ناگہانی -
مُرتحل - رحلت کرنے والا -
مُرتدین - مرتد کی جمع -
مُرتسم - کندہ کرنے والا - نقاشی -
مُرتشی - رشوت لینے والا -
مُرتضیٰ - برگزیدہ - چُنا ہوا - پسندیدہ
۲ - نیز حضرت علی رضی اللہ عنہ

کا لقب ہے۔
مُرتضوی - منسوب بہ حضرت علیؓ
(وہ شمع بارگہِ خاندانِ مرتضوی)
مُرتعش شدن - رعشہ طاری ہونا -
لرزہ طاری ہونا - کانپنے لگنا۔
مُرتفع - با ارتفاع - بلند۔
مُرتفع - رفع شدہ۔
مُرتفع شدن - کسی مشکل کا
رفع ہونا۔
مُرتفع کردن - کسی رکاوٹ کو
دُور کرنا - مشکل کو حل کرنا۔
مُرتکِب - ارتکاب کرنے والا۔
عمل کرنے والا۔
مُرتکز شدن - جاگزین ہونا - مرکز
بن جانا۔
مُرتہِن - رہن لینے والا۔
مُرتہِنین - جمع ہے ماقبل کی۔
مرثیہ خواندن - مرثیہ پڑھنا۔
نوحہ کرنا۔
مرثیہ خوان - نوحہ خوان۔
مَرج - چراگاہ - سبزہ زار
مَرَج - فساد - تباہی - ہرج مرج۔
مَرجان - مونگا۔

مُرَجِّح - ترجیح دینے والا۔
مَرجِع - رجوع کرنے کی جگہ۔
مَرجعِ خلائق - جس کی طرف خلقِ
خدا رجوع کرے۔
مَرحبا گفتن - کلمۂ تحسین ہے۔
کسی کو آفرین و شاباش کہنا۔
مَرحمت کردن } مہربانی کرنا۔
مَرحمت فرمودن } عنایت کرنا۔
مَرحمت زیاد - ایران میں اسے
بطور الوداعی کلمہ استعمال کرتے ہیں
اور کسی کو خدا حافظ کہتے وقت یہ
بولتے ہیں کہ آپ کی بڑی عنایت
ہے کہ آپ تشریف لائے۔
مرحوم شدن - مرجانا۔
مُرخّص شدن - چھٹی مل جانا۔
مُرخّص کردن - ۱- چھٹی دے دینا۔
۲- سبکدوش کرنا - ۳- آزاد کرنا۔
مُرخصی دادن - ملازمین کو ان کی
ماہانہ یا سالانہ چھٹیاں دینا۔
مُرخصی رفتن - چھٹی پر جانا۔
مُرخصیِ ناخوشی - بیماری کے سلسلہ
کی چھٹی۔
مُرد - ماضی مطلق ہے مُردن مصدر سے

بمعنی مرا یا مرگیا۔
مُرداب ۔ گندے پانی کا گڑھا۔ جوہڑ۔ دلدل۔ بدرَرو۔
مردِ آخر بین مبارک بندہ است جو آدمی کاموں کے انجام پر نگاہ رکھے وہ بڑا خوش بخت انسان ہوتا ہے۔
مُرداد ۔۱۔ ایران کے پانچویں شمسی مہینے کا نام۔ ۲۔ نیز ایک فرشتے کا نام۔
مُردارسنگ } ایک معدنی شے جو
مُرداسنگ } خصوصاً زخموں کے لیے بطور دوا استعمال ہوتی ہے۔
مَردانِ راہ ۔ مراد ہے اللہ کی بتائی ہوئی راہ پر چلنے والے۔ اللہ کے نیک بندے۔
مردانگی داشتن ۔۱۔ غیرت مند ہونا ۔۲۔ بہادر و دلیر ہونا۔
مردانگی کردن ۔ جرأت سے کام لینا۔
مَرد بُودن ۔ دلیر ہونا۔ باعزت ہونا غیرت مند ہونا۔
مردِ حق ۔ پارسا۔ اللہ کا نیک بندہ
مردِ خدا ۔ رجوع بہ ماقبل۔
مرد درزیرِ سخن نہان است آدمی بات کرنے سے پہچانا جاتا ہے۔
ورنہ ؏
چُپ ہے جبتک آدمی پردے میں ہے۔
مردرا کار و کار مرا مردان ۔ ہر کوئی اہم کاموں کو انجام دینے کا اہل نہیں ہوتا۔
مرد سرمی دہد سرنمی دہد ۔ بہادر سر دے دیتے ہیں یعنی جان کی بازی لگا دیتے ہیں۔ مگر راز کبھی افشاں نہیں کرتے۔
مَردک ۔ کلمۂ تحقیر ہے۔ مراد ہے بھڑوا۔
مَردکہ ۔ رجوع بہ ماقبل۔
مرد کار بودن ۔ کام کا آدمی ہونا۔ خوب ہنر مند ہونا۔
مُردگان ۔ مُردہ کی جمع ۔ مُردے۔
؏ زانکہ عشقِ مُردگاں پایندہ نیست
مَردُم ۔ انسان ۔ آدمی۔
مردم آزار ۔ لوگوں کو تکلیف دُکھ اور آزار دینے والا
مردم آزاری ۔ لوگوں کو آزار پہنچانے

کا عمل ؎
(چگونہ شکر این نعمت گذارم
کہ زور مردم آزاری ندارم)
مردم آزار - آدمیوں کو کھانے والا وحشی - جلبتی -
مردم داری - حسن سلوک رواداری
مردم دوست بودن - بشر دوست ہونا - بنی نوع انسان سے ہمدردی رکھنا اور ان سے پیار محبت رکھنا -
مردم شناس - لوگوں کی طبائع کو پہچاننے والا - نیک و بد اور برے بھلے کی تمیز کرنے والا -
مردم شناسی - لوگوں کو جاننے اور پہچاننے کا ملکہ -
مردمک - آنکھ کی پتلی -
مرد میدان او نیست - کوئی اس کا مد مقابل نہیں ہے -
مُردن - مرنا - مرجانا - تھک کر شکستہ و چور ہو جانا -
مُردنی بودن - ۱ - قریب المرگ ہونا - ۲ - سخت بیمار رہنا -
مردود شدن - ۱ - رد ہونا - ۲ - راندۂ درگاہ ہونا - ۳ - ذلیل وخوار ہونا - ۴ - فیل ہو جانا -
مُردہ بدستِ زندہ - مرنے والا پھر زندوں کے رحم وکرم پر ہوتا ہے - جیسا چاہیں اس کے ساتھ سلوک کریں - اور جیسے چاہیں تجہیز وتکفین و تدفین کریں -
مُردہ پرست - مُردوں کی پرستش کرنے والا - ۲ - قبروں کے پجاری -
مُردہ ریگ - مرنے والے کا ترکہ -
مُردہ سنگ - رجوع کریں مردار سنگ
مُردہ شوی - مرنے والے کو نہلانا مردے کو غسل دینا -
مُردہ کش - مردے کا تابوت اٹھا کر لے جانے والا -
مردۂ مرا ہیچکس چون من نگرید
جس تن لاگے سوئی جانے -
مردی داشتن - ۱ - مردانگی اور غیرت رکھنا - ۲ - قوت باہ کا ہونا
مردیت را بیازما آنگاہ زن کن

۱۔ پہلے بات کو تولو پھر منہ سے بولو۔ ۲۔ کوئی کام کرنے سے پہلے اس کے نشیب و فراز اور اپنی قوت کا جائزہ ضرور لو۔
مرز۔ سرحد۔ زمین۔
مرزا مزاج ۔ ۱۔ فیشن ایبل۔ ۲۔ بانکا۔
مرزا منش ۔ شریف النفس انسان شاہانہ مزاج رکھنے والا۔
مرزبان ۔ سرحدی سرزمین کا نگہبان
مرزبوم ۔ سرحد۔ وطن۔
مرزدار ۔ رجوع کریں مرزبان۔
مرزدان ۔ رجوع بہ مرزبان۔
مرز و بوم ۔ وطن۔ مادر وطن۔
مرزوق ۔ ۱۔ رزق یافتہ ۔ ۲۔ رزق خوار ۔ ۳۔ رزق سے بہرہ مند
مرز و کشور ۔ ولایت یا سلطنت
مُرَس ۔ کھٹ مٹھا پھل۔
مرسگان را عید باشد مرگ آن
چڑیوں کی موت گنواروں کی ہنسی۔
مُرسَل ۔ فرستادہ ۔ ارسال شدہ ۔ پیغمبر۔
مُرسِل ۔ ارسال کرنے والا۔

مُرسلین ۔ جمع ہے مرسل کی۔ مراد ہے پیغمبران و انبیاء۔
مَرسُوم ۔ ۱۔ رسم شدہ ۔ ۲۔ نشان زدہ ۔ ۳۔ فرمان شاہی ۔ ۴۔ تنخواہ۔ ۵۔ روزینہ۔
مَرسی ۔ یہ فرانسیسی لفظ ہے ۔ جو ایرانی اکثر استعمال کرتے ہیں۔ کسی کا شکریہ ادا کرتے وقت ۔ مراد ہے کہ مہربانی ۔ شکریہ۔ نہایت۔
مُرشِد ۔ رشد و ہدایت دینے والا ہادی۔ رہنما۔ پیر۔
ع
مرشد ردمی کہ گفت منزل ما کبریاست)
مَرصَد ۔ کمینگاہ۔
مُرصّع ۔ جڑاؤ۔ جس میں ہیرے جواہرات جڑے ہوئے ہوں ۔ ۲۔ با مقفی نثر و نظم کو بھی کہتے ہیں۔
مُرصّع زبان ۔ نہایت عمدہ تقریر کرنے والا۔
مرصّع کار ۔ جڑاؤ کام کرنے والا۔ ہیرے جواہرات جڑنے والا۔
مَرَضُ المَوت ۔ ایسی بیماری یا مرض

جو جان لیوا ثابت ہو۔
مرضِ خارجی - جلد کی بیماری یا بیماریاں۔
مرضِ داخلی - اندرونی بیماری یا بیماریاں۔
مُرضِع - دودھ پلانے والی - دایہ۔
مُرضَعہ - رجوع بہ ماقبل۔
مرضِ صعب - سخت کڑی بیماری
مرضِ قند - ذیابیطیس - شوگر کا آنا - وہ بیماری جس میں آدمی کو پیشاب کی راہ شوگر آتی ہے۔
مرضِ مُسری - متعدی بیماری۔
مرضِ معروف - آتشک۔
مرضِ مہلک - ہلاک کر دینے والی مرض۔
مرضیٰ - مریض کی جمع۔
مرضئ طرفین - طرفین کی رضامندی۔
مرضئ مولیٰ از ہمہ اولیٰ - خدا کا دیا سر پر - وہ جو چاہے وہی ہوتا ہے
مرطوب - رطوبت والا - نم دار۔
مرطوبی - ۱- نم ناک جگہ - ۲- بلغمی مزاج۔
مَرعُوب - رعب میں آیا ہوا۔

مرعیٰ - چراگاہ۔
مَرغ - سبزہ۔
مَرغزار - سبزہ زار۔
مُرغ - پرندہ۔

(مُرغ جای بود کہ چینہ بود
نہ بجای رَود کہ چی نہ بود)

مُرغِ آمین - وہ فرشتہ جو ہوا میں پرواز کرتا رہتا ہے اور جس دُعا پر وہ آمین کہے وہ قبول ہو جاتی ہے
مُرغ ابن انجیر نیست - ۱- وہ اس کے لائق نہیں - ۲- یہ مُنہ اور مسُور کی دال۔
مُرغِ چمن - بُلبُل۔
مُرغِ حق - چھوٹا سا پرندہ جو رات کو اُلٹا لٹک کر حق حق کرتا رہتا ہے - بعض (اُلو، بوم) کو بھی کہتے ہیں۔
مُرغِ خانگی - پالتو پرندے۔
مُرغ خوابانیدن - مُرغی کو انڈوں پر بٹھانا۔
مُرغدان - مُرغیوں یا پرندوں کا ڈربہ
مُرغِ دست آموز - سدھایا ہوا پرندہ جو اکثر ہاتھ کے انگوٹھے کی

چڑ پر بٹھایا ہوا ہوتا ہے۔
مُرغِ زرّیں -۱- سُورج -۲- ایک نہایت خوب صورت پرندہ جس کے پر سُنہری اور سر پر کلغی ہوتی ہے
مُرغِ سحر -۱- بلبُل -۲- مُرغا جو صبح کے وقت اذان دیتا ہے۔
مُرغِ سبز قبا - ہریل۔
مُرغِ سلیمان - ہُدہُد۔
مُرغِ را انبشتال سپُردن - چوٹی. بلی جلیبیوں کی رکھوالی۔
مُرغِ سخن گو - بولنے والی مینا۔ اور طوطی نیز شاعر۔ ے
من آں مُرغِ سخن‌گویم کہ درخاکم رود صورت
ہنوز آواز می آید کہ سعدی در گلستانم
مُرغِ فتنا خدار - کلغی دار پرندہ۔
مُرغِ شکاری - باز۔ عقاب۔ شاہین
مُرغِ باد نما - ہوا کا رُخ معلوم کرنے کے لئے رصد گاہوں میں ایک آلہ لگا ہوا ہوتا ہے۔ جو ہوا کے رُخ حرکت کرتا ہے۔ اس کی شکل مُرغ کی شکل جیسی ہوتی ہے۔
مُرغِ باز - مُرغ لڑانے والا۔

مُرغِ باغ - بُلبل۔
مرغِ شب آویز - رجوع کریں مُرغِ حق
مُرغِ قبلہ نما - قطب نما کی طرز پر بنایا ہوا آلہ جس کی ایک سُوئی ہمیشہ قبلہ (خانہ کعبہ) کی سمت کو ظاہر کرتی ہے۔
مُرغک - چوزہ - جوجہ -
مُرغِ گرسنہ درخواب ارزن بیند بلی کے خواب میں چھچھڑے۔
مُرغِ مگس - پدا۔ پدی۔
مُرغِ نامہ بر - کبوتر۔ ہد ہد۔
مُرغوا - بُرا شگون۔ منحوس۔
مرغوب - پسندیدہ۔
مرغوب طبع - من بھاتا۔ اپنی پسند کا
مَرغول - گھنگریالے بال۔
مرغِ ہمایوں فال - ہُما۔
مرغیکہ انجیر مغوردنوکش کج است رجوع کریں طعمۂ ہر مرغکی انجیر نیست
خاص کاموں کے لئے خاص آدمی ہوتے ہیں۔
مُرغِ یک پا دارد - ڈھاک کے تین پات۔
مرفوع القلم - ایسا شخص جس کا جرم

قابلِ گرفت نہ ہو۔ جیسے ایک پاگل اور دیوانہ انسان ۔۲۔عفونشدہ ۔
مُرَفِّہ ۔ آسودہ حال ۔ خوشحال
مرفہ حال ۔ آسودہ حال ۔
مُرفین ۔۱۔ ایک نشہ آور مادہ ۔ ۲۔ مارفیا ۔
مَرقَد ۔ گور ۔ قبر ۔
مُرقّع ۔ پیوند دار ۔ رقعہ بر رقعہ دوختہ ۔ گدڑی ۔
مرقوم شدن ۔ لکھے جانا ۔ رقم شدن
مرقومات ۔ لکھی ہوئی چیزیں ۔
مرقومہ ۔ لکھی ہوئی تحریر ۔
مَرکب ۔ سواری ۔ سواری کی چیز یا سواری کے جانور ۔
مُرکّب ۔ ترکیب یافتہ ۔ کئی چیزوں سے ملا کر تیار کی ہوئی چیز ۔ نیز روشنائی ۔ سیاہی ۔
مرکب تازی ۔ عربی گھوڑا ۔
مرکب خشک کن ۔ سیاہی چوس ۔
مرکز ۔ وسط ۔ دائرے کے بیچ کا وسطی نقطہ ۔
مرکز ثقل ۔ جسم کا وہ نقطہ جس پر جسم کے سب اجزا کا تکیہ ہو ۔

مرکز دولت ۔ دارالخلافہ ۔
مرکز حکومت ۔ رجوع بہ ماقبل
مرکز سلطنت ۔ " "
مرکزیت ۔ مرکز کا ہونا ۔
مَرکُوب ۔ جس پر کوئی چیز سوار ہو ۔
مرکوز ۔ گاڑا ہوا ۔ محکم کیا ہوا ۔
مرکوز خاطر ۔۱۔ دل میں بیٹھی ہوئی چیز ۔۲۔ ذہن نشین بات ۔
مرگ ۔ موت ۔
مرگ آسا ۔ مکمل جمود ۔ موت کا سا جمود ۔
مرگ با بد دل ہم کاسہ است ۔ ڈرا سو مرا ۔
مرگ خبر نمی کند ۔۱۔ موت کا کسی کو علم نہیں ہوتا ۔۲۔ ع
ما رتا ہے نیز تاریکی میں صیادِ اجل)
مرگ نشتر لیست کہ در ہر خانہ خوابیدہ است ۔۱۔ ع
موت کسی کو نہیں چھوڑتی
۲۔ مرگ ہر شاہ و گدا کے خواب کی تعبیر ہے ۔
مرگ ناگہانی ۔ حادثاتی موت ۔
مرگِ من ۔ یہ کلمہ کسی کو قسم دیتے

وقت استعمال کرتے ہیں۔ جیسے
میری جان کی قسم۔
مرگِ مفاجات ۔ ناگہانی موت
مرگ میخواہی برو بہ گیلان ۔
سخت بُری آب و ہوا جس میں
جا کر انسان بیمار ہو جائے ۔
مرمری ۔ } ی اور (ین) دونو نسبتی
مرمرین ۔ } ہیں ۔ مراد مرمر جیسا بلوریں
مانند مرمر ۔ سفید اور گورا چٹا۔
مروا ۔ نیک شگون ۔
مروارید نشان ۔ مروارید میں جڑا ہوا۔
مروّت داشتن ۔ مردانگی غیرت
اور جوانمردی کا حامل ہونا۔
مروارید ناسفتہ ۔ ان چھدا موتی ۔
مَروان ۔ ابن حکم جو بنی امیہ کا ایک
مشہور حاکم تھا ۔
مَروّج ۔ رائج ۔
مُرور ۔ گذرنا ۔ عبور کرنا۔
مرورِ زمان ۔ وقت کا گذرنا ۔
مُرور کردن ۔ ۱۔ عبور کرنا ۔ ۲ ۔
کسی کتاب کا سرسری مطالعہ کرنا
مُرونت ۔ نرمی ۔
مَروہ ۔ مکہ معظمہ کے نزدیک ایک
پہاڑی کا نام ۔
مَروہ و صفا ۔ خانہ کعبہ کے نزدیک
دو پہاڑیاں ہیں جن کے درمیان
حضرت بی بی ہاجرہ کے تتبع
میں دوڑنا ارکان حج میں سے ہے
مَروی ۔ روایت شدن ۔
مرہم بر ریش نہادن ۔ ۱۔ زخم پر
پھایا رکھنا ۔ ۲۔ کسی دکھیارے
کو تسلی دینا۔
مرہم گذاشتن ۔ تسلّی دینا ۔
دل جوئی کرنا ۔
مرہون ۔ رہن شدہ ۔
مرہونِ منت ۔ کسی کا ممنون احسان
مَریخ ۔ مشہور سیارہ جو پانچویں
آسمان پر ہے ۔
مَریز ۔ فعل نہی ہے ریختن مصدر سے
بمعنی مت گرا۔
مریض بودن } بیمار ہونا ۔
مریض شدن } مریض ہونا ۔
مریض خانہ ۔ ہسپتال ۔
مریض خانہ سیّار ۔ گھومتے پھرنے
والا ہسپتال ۔ سفری ہسپتال ۔
مریض دار ۔ پرستار ۔ نرس

مَریَم - ۱- حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کی والدہ کا نام - ۲- کنواری اور دوشیزہ عورت -
مَریَم رشتہ عیسیٰ بافتہ - نہایت ہلکی نایاب شے -

م - ز

مِزاج - طبیعت - خو - عادت
مزاج دار - مغرور - ضدی متکبّر
مزاج دان - جو کسی کے حال اور اس کی طبیعت اور خو بُو سے آشنا ہو -
مزاج گرم را حلوہ زبان است عشاق کو ناصح کی وعظ و نصیحت ناگوار گزرتی ہے -
مزاج گوئی کردن - ۱- خوشامد کرنا - ۲- تملق اور چاپلوسی کرنا -
مَزاح - دل لگی - شوخی - خوش طبعی -
مزاحم بودن } ۱- باعث زحمت ہونا
مزاحم شدن } ۲- رکاوٹ پیدا کرنا
۳- یا کسی کے کام میں مانع ہونا -
مزاحمت کردن - ۱- تکلیف دینا
۲- رکاوٹ پیدا کرنا -
مزار - زیارت کی جگہ - قبر ؎
(بر مزارِ ما غریباں نی چراغی نی گُلی
نی پرِ پروانہ سوزد نی صدای بلبلی)
مزار سنگ - سنگ مزار - لوح مکتبہ
مَزارِع - کھیتیاں -
مُزارِع - کسان کھیتی باڑی کرنے والا -
مُزارِعان - فارسی طریق سے مزارع کی جمع
مزارعین - عربی طریق " " "
مَزامیر - بانسریاں - ساز - گیت نیز حضرت داؤد علیہ السّلام کے سرود و نغمے -
مُزاوجت - شادی کرنا - بیاہ کرنا -
مَزایا - برتری ہا - عمدگیاں بخشش انعامات و عنایات -
مَزبلہ - کھاد جمع کرنے کی جگہ یا وہ جگہ کوڑا کرکٹ پھینکا جاتا ہے -
مَزبُور - ۱- جس کا ذکر اوپر آچکا ہو ۲- نوشتہ - لکھا ہوا -
مُزجات - کم - تھوڑا - حقیر -
مُزخرف - ملمع کی ہوئی شے - بے معنی - وہ جھوٹ جس پر سچ کا

ملمع چڑھا ہوا ہو۔ یاوہ۔
مُزخرفات ۔ یاوہ ہا ۔ بے معنی ۔
بیہودہ باتیں ۔ بک جھک ۔
مُزد ۔ مزدوری ۔ اُجرت ع ۔
(مُزد آں گرفت جانِ برادر کہ کار کرد)
مُزد دادن ۔ اُجرت یا مزدوری دینا
مُزد گرفتن ۔ اُجرت لینا ۔
مُزد یافتن ۔ اُجرت وصول کرنا ۔
مُزد بر ۔ مزدوری پانے والا مزدور
مُزد دنداں ۔ دانت گھسائی جو فقیر
یا درویش لیتے ہیں ۔
مُزدک ۔ ایران کی ایک مشہور و معروف
شخصیت جس نے ایک نئے مذہب
(مزدکیت) کی بنیاد رکھی ۔ وہ
نوشیرواں کے عہد حکومت میں
مارا گیا ۔
مُزدَلفہ ۔ مکہ معظمہ کے نزدیک ایک
مقام کا نام ہے ۔
مزدورِ خوشدل کند کار بیش ۔
کھری مزدوری چوکھا کام ۔
مَزرع ۔ کھیت ۔ باغیچہ ۔
مَزرعہ ۔ رجوع بہ ماقبل ۔
مُزعفر ۔ زردہ جس میں زعفران
ڈالتے ہیں ۔
مُزکّی ۔ ۱ ۔ زکات دینے والا ۔ ۲ ۔
پاک کرنے والا ۔
مُزمار ۔ نے ۔ بنسری ۔ شہنائی ۔
گیت ۔ سرود ۔
مزمزہ کردن ۔ کلی کرنا ۔
مُزّمِّل ۔ ۱ ۔ کپڑے میں لپٹا ہوا ۔
۲ ۔ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم
کا صفاتی نام ۔ ۳ ۔ قرآن مجید
کی ایک سورت ۔
مُزمِن ۔ پرانا ۔ کہنہ (مرض مزمن)
پرانی بیماری جو گھر کر چکی ہو ۔
مزن فالِ بد کا آورد حالِ بد ۔
بُری بات منہ سے مت نکالو ۔
کیونکہ منہ سے نکلی ہوئی بات آگے
آتی ہے ۔
مُزن ۔ سفید بادل ۔ ابرِ نیسان ۔
مُزنہ ۔ سفید بادل کا ایک ٹکڑہ ۔
مُزوّر ۔ دھوکے باز ۔
مُزورانہ ۔ از روئے تزویر ۔
مزہ داشتن ۔ ۱ ۔ مزے دار ہونا ۔
۲ ۔ چکنا ہونا ۔
مزہ شکستن ۔ منہ کا مزہ بدلنا ۔

مزہ کردن -۱- غذا کا چکھنا -
۲- یا کسی چیز کا مزہ چکھنا -
مزہ لوطی خاک است - مزاح سے کہتے ہیں اس لوطی کو جس کے پاس شراب پینے کے بعد "نقل" کے لئے کوئی چیز نہ ہو
مزیّت داشتن - برتری اور فضیلت رکھنا -
مزید شدن - زیادتی ہونا - اور بڑھنا -
مزید کردن - زیادہ کرنا - اور بڑھانا -
مزیدن - چکھنا - چوسنا -
مُزیّن - زینت شدہ - آراستہ -
مُزیّن کردن - آراستہ کرنا - سجانا - زیورات سے اور میک اپ کر کے -

م - ژ

مُژدگانی - خوشخبری کا ہدیہ -
۲- اچھی خبر لانے یا سنانے کا انعام - نیز ۳- خوشخبری -
مُژدہ - خوشخبری - بوند -
مژدہ آوردن - خوشخبری لانا -
مژدہ دادن - خوشخبری دینا -
مژدہ داشتن - کسی کے لئے کوئی اچھی خبر رکھنا -
مژدہ رسان - خوشخبری لانے یا پہنچانے والا -
مژگان - پلکیں
(ز مژگان سیہ کردی ہزاران رخنہ در دینم
بیا کز چشم بیمارت ہزاراں درد برچینم)
مژگاں بہم سودن - پلک بند کرنا - آنکھ مارنا -
مژگانِ سفید - بوڑھا جس کی بھویں اور پلکیں سفید ہو جائیں -
مِژہ } پلک
مُژہ } پلک
مژہ بر مژہ خوردن - پلک لگنا -
مژہ زدن - نیند کی وجہ سے آنکھوں میں رڑک پڑنا - جاگتے رہنا -
مژبیدہ - بچوں کے ایک مقبول کھیل کا نام ہے -

م ۔ س

مِس ۔ تانبا۔
مَس ۔ چھونا۔
مُسا ۔ شام کا وقت غروب کے بعد
مُسابقت ۔ باہم مقابلہ کرنا۔ میچ کھیلنا۔
مسابقہ ۔ مقابلہ ۔ میچ۔
مسابقہ کردن ۔ مقابلہ کرنا۔ میچ کھیلنا۔
مُسابقہ دوچرخہ ۔ سائیکل ریس۔
مساجد ۔ مسجد کی جمع۔
مسّاح ۔ پیمائش کرنے والا۔
مَساحت کردن ۔ ۱۔ زمین کی پیمائش کرنا ۔ ۲۔ جائزہ لینا۔
مُسارعت ۔ سرعت کرنا۔ جلدی کرنا
مَساطر ۔ مسطر کی جمع ۔ پیمانے۔
مُساعد ۔ موافق ۔ مددگار۔
مُساعدت کردن ۔ کمک کرنا۔ مدد کرنا۔
مُساعدہ ۔ پیشگی مدد یا وہ رقم جو کام سے پہلے ادا کر دیتے ہیں۔
مساعدہ دادن ۔ پیشگی دینا۔
مساعدہ گرفتن ۔ پیشگی وصول کرنا۔
مساعی ۔ کوششیں۔
مساعی جمیلہ ۔ اچھی اور عمدہ کوششیں۔
مَسافت ۔ دُوری ۔ فاصلہ۔
مسافت پیما ۔ فاصلہ ناپنے کا آلہ یا وہ میٹر جو موٹروں کے اندر لگا ہوتا ہے۔
مسافران } جمع ہے مسافر بطریق فارسی
مسافرین } " " عربی
مُسافِرت ۔ سفر۔
مسافرت رفتن ۔ سفر پر جانا۔
مساکین ۔ مسکین کی جمع ۔ بیچارے غریب ۔ بے نوا لوگ۔
مَساکن ۔ مسکن کی جمع ۔ سکونتیں ۔ رہنے کی جگہیں۔
مَسالِک ۔ مسلک کی جمع ۔ راہیں راستے۔
مُسالِم ۔ ۱۔ سلامتی طلب ۔ صلح جُو۔ ۲۔ آشتی خواہ۔
مُسالِمت ۔ صلح جوئی ۔ امن طلبی۔
مسالمت آمیز ۔ نیک و نرم۔
مَسامات ۔ بدن کے باریک سوراخ

مسامح - سہل انگار - سست -
مسامحہ کار - بے پروا - کاہل -
غافل -
مسامحہ کردن - عدم توجہی کرنا -
سستی کرنا - غفلت برتنا -
مسانِد - مسند کی جمع -
مساوات داشتن - برابر اور
یکساں ہونا -
مساوی - برابر - یکساں -
مساوی کردن - کانٹ چھانٹ
کر یکساں کرنا -
مساہلت } سہل انگاری غفلت
مساہلہ } لاپرواہی -
مسئلت داشتن - درخواست
کرنا - استدعا کرنا -
مسئلت کردن - رجوع بہ ماقبل
مسئول بودن - ۱- جواب دہ ہونا
۲- کسی چیز کا ذمہ دار ہونا -
مسئولیت - ذمہ داری -
مسئولیت داشتن - ذمہ دار ہونا
مسبّب - سبب بنانے والا -
مسبّب الاسباب - خداوند تعالیٰ
مسبّب بودن - سبب کا باعث ہونا

مسبّح - تسبیح کرنے والا -
مسبوق - باسابقہ - آگاہ - خبردار
مسبوق شدن - آگاہ ہونا -
خبردار ہونا -
مسبوق کردن - آگاہ کرنا -
اطلاع دینا -
مست - نشہ میں چور -
مستان - مست کی جمع - ع
(ماہم از مستان این می بودہ ایم)
مستانہ وار - در حالِ مستی -
مست بازار - مستوں کا جمگھٹا -
مست بازی - بدمستی -
مست خراب - بالکل بے ہوش
شراب کے نشہ میں چور - دھت -
مست شدن - شراب پی کر
نشہ میں مدہوش ہونا -
مست کردن - مستانہ حرکتیں کرنا -
مست لایعقل - بے ہوش
اور حواس باختہ -
مست و بلنگ - بے خود -
مستاجر - ٹھیکے دار -
مستاصل شدن - تباہ و
برباد ہونا -

مُستاصل کردن - تباہ و برباد کرنا
مُستَبِد بودن - ۱- خود رائے اور خود پسند ہونا - ۲- استبداد کرنیوالا -
مُستَبِد بہ رائے - ۱- ضدی - ۲- ہٹ کا پکا - ۳- ہٹیلا -
مُستَبعَد - دُور - بعید
مُستَتِر بودن - چھپنے والا ہونا - پردے میں ہونا -
مُستَثنیٰ بودن - الگ ہونا -
مُستَثنیٰ شدن - رجوع بہ ماقبل
مستثنیٰ کردن - الگ کرنا -
مستجاب بودن - دعا قبول شدہ
مستجاب الدعوات - وہ آدمی جس کی دعا قبول ہوجاتی ہو -
مُستَجیب - دُعا قبول کرنے والا -
مُستَجیر - پناہ جو - پناہ مانگنے والا -
مُستَحَب - ۱- پسندیدہ ۲- نیک نام -
مُستَحبّات - ایسے کام جن کے کرنے میں ثواب ہو اور نہ کرنے میں عذاب نہ ہو -
(یہ لفظ واجبات کا اُلٹ ہے)
مُستَحدَثات - ۱- نئی ظہور میں آئی ہوئی چیزیں - ۲- ایجادات - ۳- اختراعات -
مستحسن بودن - پسندیدہ ہونا -
مستحضر شدن - آگاہ ہونا - مطلع ہونا - نیز سمن وصول کرنا -
مُستَحفِظین - ۱- حفاظت کرنے والے - ۲- گماشتے - سکارندے -
مُستَحق بودن - سزاوار ہونا -
مستحقان - جمع ہے مستحق کی -
مستحق دادا زر علیست - روپے کی صحیح قدر و قیمت مستحق آدمی ہی کو ہوتی ہے -
مُستَحکم - استوار - مضبوط -
مستحکم کردن - مضبوط کرنا -
مُستَخدَم بودن - مخدوم ہونا -
مُستَخدَم - نوکر - خدمت گار -
مستخلص شدن - رہائی پانا - خلاصی پانا -
مُستَدام - دوامی - ہمیشہ - ابدی -
مُستَدعی - استدعا کرنے والا - عرض کرنے والا -
مُستَدیر - گول - مدوّر -
مُستَراح - ٹٹی - پاخانہ
مُستَراح عمومی - وہ ٹٹیاں جو کمیٹی یا کارپوریشن بڑے بڑے شہروں میں

عوام اور مسافرین کی سہولت کے لئے بنادیتی ہے۔
مُستَرد۔ واپس کیا گیا۔
مُسترد شدن۔ ۱۔ واپس کئے جانا ۲۔ بحال ہونا۔
مُستَرشد۔ رشد و ہدایت کا طلبگار مُرید۔ طالب۔
مُستَسقی۔ استسقا کا مریض۔ جسے پیاس بہت زیادہ لگتی ہے۔
مُستَشار۔ جس سے مشورہ لیا جائے۔
مُستَشرق۔ ۱۔ خاورشناس۔ ۲۔ وہ مغربی سکالر جو علوم شرقیہ کا ماہر ہو۔
مُستَطاب۔ پاک۔ پاکیزہ۔
مُستَطرف۔ عمدہ
مُستَظہر۔ مدد مانگنے والا۔
مُستَعار۔ عاریتاً لیا گیا۔
مُستَعجِل۔ جلدی کرنے والا عجلت سے کام لینے والا۔ ع
(خوش درخشید ولی شعلہ مستعجل بود)
مُستَعِد بودن۔ تیار رہنا۔ آمادہ ہونا
مُستَعصِم۔ پشت و پناہ۔
مُستَعصِم باللہ۔ آخری عباسی خلیفہ کا نام جو سقوط بغداد کے وقت ہلاکو خان کے ہاتھوں مارا گیا۔
مُستَعفی۔ استعفا دینے والا۔
مُستَعمرات۔ نوآبادیات۔
مُستَعمَل۔ استعمال میں لایا ہوا۔ استعمال شدہ۔
مُستَغاث۔ جس سے فریاد کی جائے
مُستَغرق۔ غرق ہونے والا۔
مُستَغلات۔ غلہ دینے والا۔ یا وہ جائداد جس سے آمدنی ہو۔
مُستَغنی۔ بے پروا۔ غنی۔ دولت مند
مُستَغیث۔ ۱۔ فریادی۔ ۲۔ دادخواہ ۳۔ استغاثہ کرنے والا۔
مُستَفِید۔ فائدہ مند۔ فائدہ دینے والی۔
مستفید شدن۔ استفادہ کرنے والا ہونا۔
مُستَفیض بودن۔ فیض یاب ہونا۔
مُستَقبح۔ بد۔ زشت۔ بُرا۔
مُستَقر۔ جائے قرار
مُستَقر حکومت۔ دار الخلافہ۔ پایہ تخت
مُستَقِل۔ خودمختار۔ آزاد۔

مُستقیم - سیدھا - راست -
مُستقیماً - براہِ راست -
مُستکبر - مغرور
مُستلذ - لذت دینے والا -
مُستلذات - لذیذ چیزیں -
مُستلزم بودن - لازمی ہونا -
مُستمر بودن - دائمی ہونا -
مُستمری - ماہوار تنخواہ - وظیفہ پنشن -
مُستمع - سننے والا -
مُستمع جو نیست خاموشی بہ - بھینس کے آگے بین بجانا -
مُستمند - حاجتمند - دردمند
مُستند - سند یافتہ -
مستوجب - مستحق - سزاوار
مُستوفی - ہیڈ کلرک
مَستور - چھپا ہوا - ستر اور پردے کے اندر -
مَستورات - پردہ نشین عورتیں -
مُستولی - غلبہ پانے والا - غالب
مُستوی - برابر - ہموار -
مُستہام - حیران و سرگشتہ
مُستہلک - ہلاک ہونے والا -

مسجدِ اقصیٰ - بیت المقدس جو یروشلم میں ہے مسلمانوں کا قبلہ اوّل جو اب اسرائیل کے قبضہ میں ہے -
مسجد جامع - بڑی مسجد جس میں جمعہ کی نماز پڑھی جائے -
مسجد ناساختہ کور عصاکش راقرد - ابھی مسجد مکمل نہیں ہوئی - اور اندھے نابینے مانگنے والے پہلے ہی سے آن دھمکے - جیسے ہمارے ہاں عرفِ عام میں کہتے ہیں - کہ گاؤں تو آباد نہیں ہوا اور اُچکے پہلے ہی آن پہنچے -
مُسجّع - وہ نثر جس کے فقروں کے آخری کلمات میں قافیہ ہو ؎
ز زنِ جوان را در پہلوی پیری بہ کہ تیری
از لبستر زرمش بہ نا کستر گرمش نشاند)
مَسجود - ۱ - جسے سجدہ کیا جائے -
۲ - ذات باری تعالیٰ -
مُسخّر - تسخیر شدہ -
مَسخرگی - تمسخر
مَسخرگی درآوردن - بھانڈ اور نقالی کا کام کرنا -
مَسخرہ آمیز - جس سے تمسخر اور

ٹھٹھول کا پہلو نکلے۔
مسخرہ کردن ۔ تمسخر اڑانا۔
مُسَدّس ۔ وہ اشعار جن کے ہر بند کے چھ مصرعے ہوں۔
مُسدّس حالی ۔ برصغیر کے مشہور و معروف اسلامی شاعر مولانا الطاف حسین حالی کی شہرۂ آفاق کتاب جس میں مولانا نے بکمال دردمندی مسلمانوں کے عروج و زوال کا نقشہ کھینچ کے رکھ دیا ہے۔ آپ پانی پت کے رہنے والے تھے اور وہیں مدفون ہوئے۔
مَسدُود ۔ بند کیا ہوا۔
مسرّت انگیز ۔ خوشی کو ابھارنے والا۔
مُسْرِف ۔ فضول خرچ۔
مَسْرُور ۔ خوش۔ مسرور۔
مُسْرِی ۔ متعدّی مرض ۔ جو ایک سے دوسروں تک سرائت کر جائے
مَسْرُوقہ ۔ چرایا ہوا مال۔
مِسطر ۔ پیمانہ۔ رُولر
مَسطُور ۔ لکھا ہوا۔
مَسعُود ۔ نیک بخت مبارک نیز سلطان محمود غزنوی کے بیٹے کا نام بھی ہے۔
مسقط راس ۔ جنم بھومی۔ جائے ولادت
مسقّف ۔ سقف دار جس پر چھت ہو۔
مِسک ۔ مُشک ۔ کستوری۔ نافہ۔
مُسکرات ۔ نشہ آور چیزیں ع
خواجگی نے خوب چُن چُن کر بنائے مسکرات
مسکن ۔ جائے سکونت رہنے کی جگہ
مُسکّن ۔ سکون آور تسکین دینے والی چیزیں یا دوائیں۔
مَسکنت ۔ مفلسی ۔ غریبی ۔ ناداری۔
مِس گر ۔ ٹھٹھیرا ۔ کانسی تانبے کا کام کرنے والا۔
مسگری کردن ۔ ٹھٹھیرے کا کام کرنا۔
مسکوک ۔ سکّے ۔
مسکین خانہ ۔ اپاہج گھر۔
مسلّح شدن ۔ ہتھیاروں سے سجنا ۔ ہتھیار باندھنا۔
مسلّح کردن ۔ اسلحہ سے اور ہتھیاروں سے لیس کرنا۔
مَسلَخ ۔ بوچڑ خانہ ۔
مَسلک ۔ راہ راستہ ۔ روش ۔ ع

(یا من میا کہ مسلک تسلیم آرزوست)
مُسلّم شدن۔ تسلیم شدہ۔ مان لینا۔
مُسلّم داشتن۔ مسلّمہ طور پر۔
مَسلُوب۔ سلب کیا ہوا۔ چھینا ہوا۔
مَسلُول۔ سل زدہ۔ تپ دق کا مریض۔
مَسلُولین۔ جمع ہے مسلول کی۔
مِسمار۔ میخ۔ کھونٹی۔
مِسمار کردن۔ ڈھانا۔ گرا دینا۔
مَسمُوع۔ سُنا گیا۔
مَسمُوم۔ زہر دیا گیا۔
مُسِن بودن۔ سن رسیدہ ہونا۔ معمّر اور بوڑھے ہونا۔
مَسنَد۔ تکیہ۔ تکیہ گاہ۔ تخت

اور نہ مسند پہ یکایک بیٹھ جا
تا اُٹھا دیوے نہ کوئی دُوسرا

مسند نشین۔ صدر نشین۔
مُسنَد۔ علم نحو کی اصطلاح میں خبر کو کہتے ہیں۔ دیکھیے مثال نیچے مسند الیہ کے محاذ میں۔
مُسند الیہ۔ مبتدا یا فاعل مثلاً حامد بیمار است۔ اس میں حامد مبتدا ہے اور بیمار اس کی خبر یا مسند۔
مُسہِل خوردن۔ جلاب لینا۔
مُسوّدہ۔ رف کیا ہوا۔ جو کام ابھی صاف نہ کیا گیا ہو۔
مِسّی۔ تانبے کے برتن۔
مَسیحا۔ حضرت مسیح السلام سے منسوب۔
مَسیحا دم۔ ماہر طبیب۔ مسیحا نفس۔ جس کے نفس (دم) میں وہی پاکیزگی اور وہی شفا بخشنے کی قوت ہو۔
مسیحائی کردن۔ نئی زندگی بخش دینا۔
مسیحی۔ حضرت مسیح علیہ السلام کے پیروکار۔ عیسائی۔ کرسچین۔
مسیحیان۔ جمع ہے مسیحی کی۔
مسیحیون۔ رجوع بہ ماقبل۔
مِسطر۔ لائن۔ لکیر۔ سڑک
مِسینہ۔ تانبے کا برتن۔

م ش

مُشابہ۔ مانند۔ مثل
مُشابہت۔ مانند ہونا۔

مشاجِر۔ جھگڑا کرنے والا۔
مشاجرہ ۔ جھگڑا۔ تکرار
مُشار۔ اشارہ کیا گیا ۔
مشارٌالیہ ۔جس کی طرف اشارہ کیا جائے۔
مشار بہ بنان ۔جس کی طرف انگلیاں اٹھیں۔
مَشارِب ۔مشرب کی جمع ۔پانی پینے کی جگہیں ۔گھاٹ۔
مشارق ۔مشرق کی جمع
مشارک بودن۔ باہم شریک ہونا۔
مشارکت ۔ شراکت
مشاطہ۔ عورتوں کی خصوصاً دلہنوں کے سروں پر کنگھی کرنے والی عورت
مَشاعِر۔ حاجیوں کے قربانی کرنے کے مقام ۔۲۔حواس۔
مُشاعرہ۔ باہم مل کر شعر پڑھنا مقابلہ باشرط بدکر اشعار بازی۔ یوں کہ ہر شعر کا حرف اول وہ ہو۔ جو پہلے والے کا آخری حرف ہو۔
مشاغل ۔شغل کی جمع ۔پیشے ۔کام
مشافہ ۔ آمنے سامنے گفتگو کرنا۔
مَشام ۔سونگھنے کی قوت ۔

مشاہدہ کردن ۔آنکھوں سے دیکھنا۔ معائنہ کرنا ۔
مشاہرہ۔ ماہوار تنخواہ ۔
مشاور ۔ مشیر
مشاورت کردن ۔ باہم مشورہ کرنا۔
مشاورہ کردن ۔رجوع بہ نائیل۔
مشائخ ۔ شیخ کی جمع ۔بزرگ ۔ عالم وصوفی لوگ۔
مشایعت کردن ۔کسی کو رخصت کرنے کے لئے تھوڑی دور ساتھ جانا ۔
مشائین ۔حکما کا وہ گروہ جو اشیا کی کنہ وحقیقت کی پہچان بین دلائل وبراہین سے کرتے ہیں ۔
مُشبّک ۔جالی دار۔جالی سے بنا ہوا
مشبّہ ۔تشبیہ دیا گیا۔
مشبّہ بہ ۔ وہ چیز جس کے ساتھ تشبیہ دی جائے ۔
مُشت ۔مُکا۔ گھونسہ ۔
مشت باز شدن ۔ا۔راز کھل جانا ۲۔پول کھل جانا ۔
مُشت خوردن ۔گھونسے کھانا ۔
مُشت زدن ۔مُکا مارنا۔
مُشت زن ۔مکا باز۔گھونسے باز۔

مشت گرہ کردن۔ مٹھی بھینچنا۔
مشت مشت۔ مٹھی بھر۔
مشت مشت بسیار ناخیک خیک نریزی۔ رام جوڑے پلی پلی رحمان لنڈھا دے گپّہ۔
مشت نمونہ از خروارے۔ دیگ سے ایک چاول ہی دیکھتے ہیں۔
مُشتاق۔ بڑا زو اشتیاق۔ چاہنے والا۔
مشتاقان۔ جمع مشتاق کی۔
مشتاقانہ۔ شوق سے۔
مشتاقی۔ چاہت۔
مشتاقی بہ کہ ملولی۔ دوست احباب سے ملتے رہنا نہایت ضروری لیکن ع۔ اتنا بھی نہ جاؤ کہ وہ کہدیں کہ نہ آؤ
مُشتبہ۔ جس پر شبہ ہو۔
مشتبہ بودن۔ مشکوک ہونا۔
مُشت خاک } **مشت غبار** } انسان۔ آدمی ع۔ جو کسی کے کام نہ آسکے میں وہ ایک مشت غبار ہوں۔
مُشترک۔ شراکت اور ساجھے کی چیز یا کاروبار۔

مُشتری۔ گاہک۔ خریدار۔ نیز ایک ستارے کا نام۔
مشتری آخر شب خواہش پای خودش است۔ رات کے وقت کافی لیٹ جب دکاندار دکان بڑھانے کو ہوتے ہیں اگر کوئی گاہک آئے تو وہ اسے بالعموم مہنگا سودا بیچتے ہیں۔ محاورے کا مطلب یوں ہوا کہ آخر وہ گاہک اس تاخیر کا خود ذمہ دار ہے کہ نہ وہ اتنی دیر کرتا۔ اور نہ دکاندار اس کی کھال اتارتا۔ گویا یہ سب اس کا اپنا قصور ہے۔
مشتری بودن۔ خریدار ہونا۔
مُشتعل۔ بھڑکنے والا۔ شعلہ زن۔
مشتعل بودن۔ بھڑک اٹھنا۔ غیظ و غضب میں آنا۔
مُشتق۔ پھاڑا گیا۔ بنایا گیا۔ گرامر کی اصطلاح میں وہ لفظ جو کسی دوسرے لفظ سے بنایا گیا ہو۔ سب افعال اسم فاعل اور اسم مفعول اس لحاظ سے مشتق ہیں۔
مُشت و درفش۔ دو ضدیں۔
مُشت و سندان۔ دو جمع تشدد کی

دو متضاد چیزیں ۔ ضدّین ۔
مُشت مال کردن ۔ ۱ ۔ مالش کرنا ۔
۲ ۔ میٹھی چاپی کرنا ۔
مشت نخوردہ بہ مشتِ خود نازد
اونٹ پہاڑ تلے نہیں آیا ۔ نیز
رجوع کریں بہ من سفت .....
مُشتوار ۔ ۱ ۔ مٹھی بھر ۔ ۲ ۔ بڑھئی
کا رندہ جس سے وہ لکڑی تراشتا ہے
مُشتہر ۔ ۱ ۔ اشتہار دینے والا ۔ ۲ ۔
شہرت دینے والا ۔
مُشتہی ۔ خواہش کرنے والا ۔ رغبت
کرنے والا ۔
مُشتی ۔ غیرت مند ۔ جوانمرد ۔
مُشتی کہ بعد از جنگ یاد آید بر
کلۂ خود باید زد ۔
دفت پر اچھا ہے قطرہ ابر خوش ہنگام کا
جل گیا جب کھیت مینہ برسا تو پھر کس کام کا
مشجّر کردن ۔ پودے لگانا ۔
مَشحُون بودن ۔ پُر ہونا ۔ بھرے ہوئے ہونا
مشخص بودن ۔ تشخیص کیے جانا
امتیاز کیے جانا ۔
مشخص کردن ۔ واضح کرنا ۔ تحقیق کرنا
امتیاز کرنا ۔

مشخصات ۔ امتیازی خصوصیات ۔
مشدّد ۔ وہ حرف جس پر "شد" ہو
مشرب ۔ سلیقہ ۔ طور ۔ مسلک
مُشرّح ۔ تشریح کرنے والا ۔
مشرّف بودن ۔ شرف پانا ۔
مشرّف فرمودن ۔ مہمان کا تشریف لانا
مَشرق ۔ سورج کے نکلنے کی جگہ ۔
پورب ۔
مشرق اقصیٰ } پورب سے دور کے
مشرق بعید } مشرقی ممالک ۔
جیسے چین اور جاپان ۔
مشرق زمین ۔ مشرقی ممالک ۔
ایشیائی ممالک ۔
مُشرک شدن ۔ بے دین ہونا ۔ خدا
کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا ۔
مشرکان } فارسی طریق سے مشرک کی جمع
مشرکین } عربی " " "
مشروب ۔ ۱ ۔ پیا گیا ۔ ۲ ۔ شراب
مشروبات ۔ شراب ہائے الکلی ۔
مشروب خوردن ۔ شراب پینا ۔
مشروب شدن ۔ سیراب ہونا ۔
مشروب فروش ۔ شراب فروش
مشروب کردن ۔ سیراب کرنا ۔

مشروح ۔مفصل۔شرح دار
مشروحاً ۔تفصیلاً۔
مشروحہ پائیں ۔جیسا کہ نیچے تفصیل دی گئی ہے۔
مشروط ۔۱۔شرط کیا گیا ۔۲۔پابندی لگائی گئی۔
مشروطہ ۔آئینی حکومت۔
مشروطیت ۔رجوع بہ ماقبل۔
مشروع بودن ۔۱۔شرع دین نبی کے مطابق ہونا ۔۲۔جائز ہونا۔
مشعر الحرام ۔مکہ معظمہ میں وہ مقام جہاں حج کے دنوں میں حاجی لوگ قربانی دیتے اور سر کے بال منڈاتے ہیں
مُشعشع ۔روشن ۔درخشاں۔تاباں چمکیلا۔
مَشعل ۔شمع ۔آتش افروز۔
مشعل افروختن ۔شمع روشن کرنا۔
مَشعل بکف گرفتن ۔نالش کرنا داد خواہی۔
مَشعل دار ۔مشعل کی نگہبانی کرنے والا۔
مشعل چی ۔مشعل بردار۔
مَشعُوف ۔مسرور۔خوش۔شاد
از زیارت حضرت عالی خیلی مشعوف شدم ۔یعنی مجھے جناب کو مل کر بڑی خوشی ہوئی۔
مشعوف بودن ۔خوش ہونا۔مسرور ہونا۔
مشعوف شدن ۔رجوع بہ ماقبل
مشعوف گشتن ۔ " "
مشغلہ داشتن ۔شغل اور کاروبار ہونا
مشغولیات ۔مصروفیات۔
مُشفق بودن ۔مہربان ہونا۔
مشفقانہ ۔از روئے شفقت۔
مشق دادن ۔پریکٹس دینا۔
مشق کردن ۔پریکٹس کرنا۔
مشقت داشتن ۔رنج و سختی میں ہونا۔
مِشک } کستوری۔نافہ
مُشک } " "
مشکات ۔چراغ دان۔
مُشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید ۔جادُو وہ جو سر چڑھ کر بولے۔
مُشکبو ۔مانند مشک خوشبودار۔
مشک بہ ختن بُردن ۔سرزمین

خلق میں نافہ و مشک عام ہوتا ہے

محاورۃً اُلٹے بانس بریلی۔

مُشک بید۔ ۱۔ بید کے درخت کی ایک قسم۔ ۲۔ نیز ایک عرق کی قسم جو مفرح ہوتی ہے۔

مشک تتر۔ خالص کستوری

مُشکچہ مشکیزہ چھوٹی سی مشک (ج تصغیر)

مشک را چوں کسی نہفت آخر۔ عشق اور مُشک چھپائے نہیں چھپتے

مُشک فام۔ مشکی رنگ کا

مشکل کشا۔ ۱۔ مشکل حل کرنے والا ۲۔ نیز حضرت علی کا لقب ہے۔

مشکلی نیست کہ آساں نشود وہ کونسا عقدہ ہے جو حل ہو نہیں سکتا ہمت کرے انسان تو کیا ہو نہیں سکتا

مشک ناب } خالص کستوری
مشک نافہ }

مشکواۃ۔ ۱۔ قندیل رکھنے کا طاق۔ ۲۔ چراغ دان۔ ۳۔ علم حدیث کی ایک شہرہ آفاق کتاب کا نام بھی ہے۔

مُشک کافور۔ دو بہم جمع نشدنی ضدین۔

مشکی۔ سیاہ۔ کالا۔

مشکیزہ۔ چھوٹی مشک۔

مشمار دشمن خرد را خرد۔ دشمن کو خواہ کیسا ہو کبھی حقیر شمار مت کرو۔

مشمّع۔ روغنی کپڑا۔ موم جامہ

مشموم۔ سونگھی ہوئی۔ معطر

مشمومات۔ ۱۔ خوشبودار و معطر چیزیں۔ ۲۔ عطریات۔

مشوب کردن۔ آلودہ کرنا۔ زہریلا کرنا۔

مشوش بودن۔ ۱۔ تشویش میں ہونا۔ ۲۔ پریشان ہونا۔

مَشہد۔ شہادت کی جگہ۔ شہادت گاہ نیز ایران کے صوبہ خراسان کا مشہور شہر جس میں آٹھویں امام حضرت امام رضاؓ کا مزار مقدس ہے۔

مشہد مقدس۔ رجوع بہ ماقبل۔

مشہدی۔ ۱۔ یائی نسبت ہے مشہد کا رہنے والا۔ ۲۔ نیز وہ آدمی جس نے امام رضاؓ کے مقبرہ کی زیارت کی ہوئی ہو۔ جیسے کربلا کی زیارت کرنے والے کو کربلائی کہتے ہیں۔

مَشہُود۔ دیکھا گیا۔ موجود۔ مشاہدہ

شدہ۔ ع
(اصل شہود و شاہد و مشہود ایک ہے)
منتہیٰ - اشتہا پیدا کرنے والا۔
۲- شہوت پیدا کرنے والا۔
مشیّت - ارادہ - مرضی - خواہش۔
مشیت ایزدی - رضائے الٰہی۔
مشیخت - بزرگی - پیری - بڑھاپا۔
مُشیّد - محکم - استوار - مضبوط۔
مُشیر - مشورہ دینے والا۔
مشیمہ - بچہ دانی - رحم

م ص

مصابیح - مصباح کی جمع - چراغ
مصاحب - ساتھی - رفیق
مصاحب بودن - باہم ساتھی و رفیق ہونا۔
مُصاحبت - ہم نشینی - رفاقت۔
مصاحبت داشتن } باہم دوستی
مصاحبت نمودن } اور رفاقت ہونا
مصاحبہ - انٹرویو۔
مصاحبہ کردن - انٹرویو کرنا۔
مصاحف - مصحف کی جمع - آسمانی صحیفے - آسمانی کتب۔
مصادر - مصدر کی جمع - نکلنے کی جگہیں۔
مصادرت - ۱- تاوان - ۲- قرقی - ۳- ضبطی۔
مصادرہ کردن - تاوان لگانا - قرقی کرنا - ضبطی کرنا۔
مصادف شدن - ایک ہی وقت پر رونما ہونا - برابر ہونا۔
مصادقت - سچی دوستی - اخلاص۔
مصادم بودن - باہم صدمہ پہنچانا - باہم ٹکرانا - ضرر پہنچانا۔
مصارعت - کشتی لڑنا - زور آزمائی کرنا۔
مصارف - اخراجات۔
مصاف - میدان جنگ - کارزار صف باندھنے کی جگہ۔
مصافحہ - ہاتھ ملانا - دست پنجہ لینا۔
مصالحت - صلح و آشتی کرنا۔
مصالح - مصلحت کی جمع - بھلائیاں نیز عمارتی سامان - جیسے اینٹ چونا - پتھر اور سیمنٹ وغیرہ۔
مصائب - مصیبت کی جمع -

مُصیبتیں۔

مِصْباح - چراغ - دیا۔قندیل

مُصْحَف - آسمانی صحیفہ۔ قرآن شریف

مصحف لغلی - حمائل شریف۔ چھوٹا سا قرآن۔ جو گلے میں لٹکایا جا سکے۔

مُصحفی - برصغیر کے ایک شاعر کا تخلص جس کا نام غلام ہمدانی تھا۔

مصدرفیوض - فیضوں کے صادر ہونے کی جگہ۔

مُصدّع - دردسر دینے والا۔ تکلیف دینے والا۔

مصدّع بودن زحمت دینا۔
مصدع شدن مخل ہونا۔
دق کرنا۔ تنگ کرنا۔

مصدّق - یقین کرنے والا۔

مصدّقان جمع بطریق فارسی۔
مصدقین جمع بطریق عربی۔

مصدوم شدن - صدمہ دیکھنا۔

مُصر بودن - اصرار کرنا۔

مَصرف - صرف کرنے کی جگہ۔

مصرف کردن - خرچ کرنا - برتنا استعمال کرنا۔

مَصرف نمودن - رجوع بہ ماکیل۔

مَصروع شدن -۱- مرگی کا مریض ہونا -۲- پچھاڑے جانا -۳- گرنا۔

مُصطفٰے -۱- برگزیدہ -۲- حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا لقب۔

ع۔ بہ مصطفیٰ برساں خویش را
کہ دین ہمہ اوست

مصطفوی - منسوب بہ حضرت مصطفیٰ (چراغ مصطفوی سے شرار بولہبی)

مُصطلح - اصلاح شدہ مخصوص بیان

مُصطلحات - اصطلاحاتِ روزمرہ اور محاورہ۔

مُصَغّر - تصغیر شدہ۔

مُصَفّا - صاف - پاک۔

مُصَفّی - تصفیہ شدہ - نیز صاف کرنے والا۔

مِصْقل - صیقل کرنے کا آلہ۔

مُصلّا - جای نماز - نماز کی جگہ۔

مُصلّائے شیراز - شیراز کی مشہور و معروف سیرگاہ اور عیدگاہ ؎

بدہ ساقی مَی باقی کہ در جنت نخواہی یافت
کنارِ آبِ رکنا باد و گلگشتِ مصلیٰ را

مُصلح - اصلاح کرنے والا۔

مُصلّٰی رجوع بہ مُصلّا۔
مُصلّٰی رفتن۔ ۱۔ نماز استسقاء۔ بارانِ رحمت اور بارش کے لئے دُعا مانگنا۔
مَصلحت۔ بھلائی۔ خیر۔ بہتری۔
مَصلحت اندیش۔ بھلائی اور بہتری سوچنے والا۔ خیر چاہنے والا۔
مصلحت بین۔ رجوع بہ ماقبل نیز بہتری اور وقتی بھلائی کو مدِ نظر رکھنے والا۔
مَصلُوب۔ پھانسی دیا گیا۔
مُصلّی۔ نماز گزار
مُصمّت۔ خاموش۔ چپ۔ گنگ
مُصمّم بُودن۔ پختہ ارادہ کرنا۔
مُصنّف۔ تصنیف کرنے والا۔
مُصنّفہ۔ تصنیف شدہ۔
مصنُوعات۔ بنائی ہوئی چیزیں۔
مَصنُوعی۔ ۱۔ قدرتی کا اُلٹ۔ ۲۔ بناوٹی۔ ۳۔ ساختگی۔
مُصوّب۔ تصویب شدہ۔ منظور شدہ۔
مُصوّر۔ تصویر بنانے والا۔
مَصُون۔ محفوظ۔

م۔ ض

مَضاجع۔ مضجع کی جمع۔ خوابگاہیں۔ آرام گاہیں۔
مَضاد بودن۔ باہم ضد ہونا۔ اُلٹ ہونا ایک دُوسرے کا۔ ایک دوسرے کے برعکس ہونا۔
مضادت۔ باہم ضد۔
مَضار۔ ضرر۔ نقصانات۔
مُضارع۔ وہ فعل جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جائیں (رفتن سے رود۔ کردن سے کند)
مُضاعف۔ ڈبل۔ دُگنا۔ دوچند۔
مُضاف۔ نسبت دیا گیا۔ (اسپِ احمد میں اسپ مضاف ہے)
مُضافات۔ ملحقات۔ ارد گرد کے نزدیک کے۔
مُضاف الیہ۔ وہ اسم جس سے کسی شئے کو نسبت دی جائے۔ جیسا کہ اُوپر والی مثال اسپِ احمد میں احمد ہے۔ کہ گھوڑے کو اس سے نسبت دی گئی ہے۔
مضامیر۔ گھوڑ دوڑ کے میدان۔

مضائق - مضیق کی جمع - تنگ جگہیں -
مضائقت - تنگی - دشواری -
مضائقہ - دشواری - قباحت - اندیشہ - حرج -
مضائقہ ای ندارد - اس بات میں کوئی حرج یا کوئی قباحت نہیں ہے -
مضحک - مضحکہ خیز -
مضحکات - ہنسانے والی باتیں -
مضحکہ - ہنسی - مخول - ٹھٹھا -
مضر - ضرر رساں - نقصان دہ -
مضراب - ۱ - جس سے کسی کو ضرب لگائیں - ۲ - ستار بجانے کا آلہ -
مضرت - ضرر - نقصان -
مضروب - جس پر ضرب لگے - جیسے چوٹیں آئیں -
مضطرب - بے قرار - بے چین -
مضغہ - گوشت کا لوتھڑا -
مضل - گمراہ کرنے والا - ؎
(مثنوی ما چو قرآن مدل
ہادی بعضی و بعضی را مضل)
مضمحل کردن - تباہ کرنا - تہ و بالا کرنا - نیست و نابود کرنا -
مضمر - پوشیدہ - نہاں - چھپا ہوا -
مضمضہ کردن - ۱ - کلی کرنا - ۲ - کھنگالنا -
مضمون کوک کردن - بڑی جلی کٹی بات کہنا - طعنہ آمیز بات کرنا -
مضیق - تنگ جگہ -
مضیقہ - تنگ دستی - مشکل - دشواری
مضی ما مضی - جو گزر گیا سو گزر گیا -
گزر گئی گذران
کیا جھونپڑی کیا میدان

م - ط

مطابخ - مطبخ کی جمع - باورچی خانے -
مطابع - مطبع کی جمع - چھاپے خانے -
مطابقت دادن - یک جور کرنا - باہم مطابق کرنا -
مطابقت کردن - موافقت کرنا -
مطالب - مطلب کی جمع - مرادیں -
مطالبات - مطالبہ کی جمع -
حق طلب کرنا - روپیہ طلب کرنا -
مطایبہ کردن - دل لگی کرنا - شوخی کرنا -

مطب داشتن - کلینک کا ہونا - جائے طبابت - جہاں بیٹھ کر طبیب اپنے مریضوں کو دیکھتا ہے -
مَطبَخ - باورچی خانہ -
مطبعہ - چھاپہ خانہ
مطبُوع - خوشگوار - دل پسند -
مطبُوعات - اخبارات - اخبار نویسی چھپی ہوئی کتب یا رسالے -
مطبوعات خارجہ - بیرونی ممالک کا پریس -
مَطَر - بارش کا برسنا -
مُطرّا - آبدار - تازہ -
مُطرِب - طرب پہنچانے والا - گویّا سازندہ -
مُطربان - مطرب کی جمع -
مطرح شدن - مورد بحث قرار پانا - پیش ہونا -
مُطّرح کردن - پیش کرنا - زیر بحث لانا -
مطرُود شدن - مسترد ہونا - راندے جانا
مطعُون بودن } طعنہ دیا جانا -
مطعُون شدن } ؍؍ ؍؍
مُطَلّا - طلا کیا گیا - طلائی سنہری -

مَطلع - ۱ - طلوع ہونے کی جگہ - ۲ - غزل کا قصیدہ کا پہلا شعر - جس کے دونوں مصرعے ہم قافیہ ہوں -
مُطلَق - بے قید - آزاد -
مُطلقاً - عموماً - بطور کلی - بالکل -
مُطلَقُ العِنَان - بے لگام - جس کی لگام نہ ہو - آزاد - خود مختار -
مُطلّقہ - طلاق شدہ عورت -
مُطلّقات - جمع ہے مطلقہ کی - طلاق شدہ عورتیں -
مَطمح - دید گاہ - نظر پڑنے کی جگہ -
مُطمئن - اطمینان پانا - تسلّی ہو جانا -
مطمئن کردن - تسلی کرنا
مُطوّیات - لپٹے ہوئے - پیچیدہ -
مُطَہَّر - پاک کیا گیا -
مُطَہِّر - پاک کرنے والا -
مُطہّرات - پاک - پاکیاتر - پاکیزہ -
مطیع شدن - مطیع ہونا - فرمانبردار ہونا - رام ہونا -
مطیع کردن - رام کر لینا - مطیع بنا لینا -

م - ظ

مَظالِم - مظلم کی جمع - ظلم و ستم

نا انصافیاں اور زیادتیاں۔
مَظاہِر۔ پشتی دینے والا۔ مدد دینے والا۔
مَظرُوف۔ کسی برتن میں رکھی ہوئی چیز
مُظفّر۔ فتح مند۔
مَظلّ۔ سائبان۔ شامیانہ۔
مُظلِم۔ تاریک۔
مظلمہ کردن۔ ظلم وستم کرنا۔ بے انصافی کرنا۔ نیز ظلم کے خلاف انصاف چاہنا۔ دادخواہی کرنا۔
مَظلوم۔ جس پر ظلم کیا جائے۔ ظلم وغیرہ
مظلوماں۔ جمع ہے مظلوم کی۔ ستم رسیدہ لوگ۔
(بترس از آہ مظلوماں کہ ہنگام دعا کردن اجابت از درِ حق بہر استقبال می آید)
مظنون ساختن۔ ۱۔ متہم کرنا۔ ۲۔ موردِ بدگمانی ہونا۔
مَظِنّہ۔ گمان۔ ظن۔ رائے۔ شبہ۔ بدگمانی۔
مظہر۔ جائے ظہور۔

م ع

مَعَ۔ ساتھ۔ ہمراہ۔
مُعا۔ آیتیں۔ ردہ
معاً۔ فوراً۔
مَعابِد۔ معبد کی جمع۔ عبادت گاہیں۔
مَعابِر۔ عبور کرنے کے وسیلے۔ پل اور کشتیاں وغیرہ۔
مُعاتِب۔ عتاب کرنے والا۔
مُعاتَب۔ جس پر عتاب کیا جائے
مُعاتبت۔ عتاب کرنا۔
مَعاد۔ لوٹ کر جانے کی جگہ۔ جائے بازگشت۔ آخرت۔ قیامت۔
مُعادِل۔ برابر۔ مساوی۔ مشابہ۔
مُعادلہ۔ برابری۔ مساوات۔
مَعادِن۔ معدن کی جمع۔ کانیں جہاں سے معدنیات نکلتی ہیں۔
مَعاذ۔ جائے پناہ۔ پناہ گاہ۔ نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کا نام۔
مَعاذ اللہ۔ اللہ پناہ دے۔
مَعارِج۔ سیڑھیاں۔
مُعارِض۔ جھگڑا کرنے والا۔ تعرض کرنے والا۔
معارضین۔ معارض کی جمع۔
مُعارضہ۔ جھگڑا۔ نزاع۔ مقابلہ۔

وتردید۔

مُعارف۔ شناسائیاں۔ جان پہچان والے۔ آشنا لوگ۔ مشہور و معروف لوگ۔ اہل علم وفضل۔ اہل معرفت۔ اہل دانش۔

معارف پرور۔ علم پرور۔ دانش پرور

معارک۔ معرکے۔ جنگیں۔

مُعاریف۔ نامور اور مشہور ہستیاں۔

معاش ۱۔ زندگی گذارنا۔ ۲ معیشت ۳۔ زندگی۔ دُنیا (مَعاد کا اُلٹ)

مُعاشر بودن۔ ہم نشین ہونا۔ رفیق اور ساتھی ہونا۔

معاشرین۔ ہم نشینان و رفیقان۔

معاشر۔ معشر کی جمع۔ گروہ۔

مُعاشرت۔ میل ملاپ۔ رسم و راہ۔

معاشرت داشتن۔ باہم راہ و رسم رکھنا۔ آپس میں میل جول رکھنا۔

مُعاشرت کردن۔ میل ملاپ۔ رسم و راہ

معاشرت باز گرفتن۔ کسی کا بائیکاٹ کر دینا۔ جسے عرف عام میں حقہ پانی بند کر دینا کہتے ہیں۔

معاشقہ۔ عشق بازی کرنا۔

مُعاصر۔ ہم عصر۔ ہم عہد۔

معاصران جمع معاصر کی بطریق فارسی
معاصرین ” ” ” عربی

مُعاصی۔ خطائیں۔ گناہ۔

معاضدت کردن۔ امداد کرنا۔ رعایت کرنا۔

معاطفت داشتن۔ مہربانی کرنا۔

معافیت۔ رعایت بخشش

مُعاقبت۔ عقوبت دینا۔ دکھ دینا۔

مُعالج۔ علاج کرنے والے۔

معالجات۔ چارہ جوئیاں۔ علاج۔

معاملات۔ لین دین۔ باہم معاملہ۔

معاملہ کردن۔ باہم لین دین کرنا۔

معاملہ نقد بوی مشک دہد۔ نو لفظ نہ تیرہ ادھار مراد ہے۔ نقد سودے جیسی کوئی بات اچھی نہیں۔

معاند بودن۔ دشمن ہونا۔

معاندان معاند کی جمع بطریق فارسی۔
معاندین ” ” ” عربی۔

معاندت۔ دشمنی۔ عناد۔

مُعانقہ۔ باہم گلے ملنا۔ بغلگیر ہونا۔

مَعانی۔ معنی کی جمع۔ نیز ایک علم کا نام۔ علم معنی۔

مُعاودت۔ عود کرنا۔ واپسی۔

مُعاوِن - مددگار - اعانت کرنے والا
۲ - نائب -
مُعاونت - ۱ - باہم مدد کرنا - ۲ - نیز نائب سیکرٹری کا عہدہ -
مُعاونان } معاون کی فارسی طریق سے جمع
مُعاونین } " " عربی " "
مُعاہِد - عہد کرنے والا -
معاہدت - باہم عہد وپیمان باندھنا -
معائب - عیوب - نقائص -
مَعبَد - عبادت گاہ
مَعبَر - عبور کرنے کی جگہ - گھاٹ
مِعبَر - پُل - کشتی - جن کے ذریعے عبور کیا جاتا ہے -
مَعبُود - ۱ - جس کی عبادت کی جائے -
۲ - خُدا -
مُعتاد - عادی -
مُعتاد بودن - عادی ہونا -
معتادان - معتاد کی جمع
مُعتادین - رجوع بہ ماقبل -
مُعتدِل بودن - میانہ رَو ہونا - اعتدال کو مدنظر اور ملحوظ خاطر رکھنا -
مُعتذر بودن - عذر خواہ ہونا -
مُعترِض - ۱ - عتراض کرنے والا -

مُعتزِل - گوشہ نشین - یک سوئی اختیار کرنا -
مُعتزِلہ - ایک مشہور فرقہ جو رویتِ حق سے مُنکر ہے - نیکی کو من جانب اللہ اور بدی کو اپنی طرف سے سمجھتے ہیں -
مُعتصِم - پناہ لینے والا -
مُعتصِم باللہ - مشہور عباسی خلیفہ کا نام جو مامون الرشید کے بعد تخت نشین ہوا -
مُعتضد - مدد مانگنے والا -
مُعتقِد - اعتقاد رکھنے والا -
معتقدات - اعتقادات - عقیدے -
مُعتکف - اعتکاف کرنے والا -
مُعتکف بودن - اعتکاف میں بیٹھنا - (ما معتکفانِ حرم کعبۂ وحدت خود را نشناسند خدا را نشناسند)
مُعتمِد - قابلِ اعتماد جس پر اعتماد کیا جائے -
مُعتمدان - جمع ہے معتقد کی -
مُعتمدین - رجوع بہ ماقبل -
مُعجب - مغرور - متکبر -
مِعجر - دوپٹہ - اوڑھنی -
مُعجزات - معجزے -
مُعجزہ - عاجز کرنے والا - وہ خرقِ عادت

کام جس کے کرنے سے دوسرے قاصر ہوں۔ ایسے کام کسی پیغمبر سے سرزد ہوتے ہیں۔ جیسے حضور پاک کا شق القمر۔ موسیٰ علیہ السلام کا ید بیضا اور عیسیٰ ع کا مُردوں کو زندہ کرنا۔

مُعجز نشان ۔ اعجازی۔ کراماتی۔

مُعجمہ ۔ وہ حرف جس پر نقطے ہوں۔

مُعجون ۔ خمیر شدہ۔

مَعدلت ۔ عدل۔ انصاف۔

مَعدن ۔ کان جس سے دھات نکلے۔

معدن شناسی ۔ علم معدنیات۔

معدُود ۔ گنا چنا۔ کم۔ تھوڑا۔ گنتی کے چند عدد۔

معدُوم ۔ نیست و نابود کیا گیا۔

مُعذّب شدن ۔ عذاب کیے جانا

معذرت خواستن ۔ معافی چاہنا۔

معذُور بودن ۔ قاصر ہونا۔ معذور ہونا

معراج ۔ اوپر چڑھنا۔ عروج کرنا۔ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا معراج شریف پر جانا ؎

(سبق ملا ہے یہ معراجِ مصطفٰےؐ سے مجھے
کہ عالمِ بشریت کی زد میں ہے گردوں)

معراجِ جسمانی ۔ جسم یعنی انسانی بدن کے ساتھ معراج کا ہونا۔

مَعرفت ۔ شناخت پہچان۔

مَعرفت اللہ ۔ علم توحید۔ خدا شناسی۔

معرفت الارض ۔ زمین شناسی۔

معرفت داشتن ۔ ۱۔ علم و حکمت کا رکھنا۔ ۲۔ با ادب و با ہیبت ہونا۔

معرفت در دل شکستہ طلب ۔ جتنا کوئی آدمی شکستہ دل ہوگا۔ اتنا ہی وہ خدا کے نزدیک ہوگا ؎

(تو بچا بچا کے نہ رکھ اسے ترا آئینہ ہے وہ آئینہ
کہ شکستہ ہو تو عزیز تر ہے نگاہ آئینہ ساز میں)

مُعرّفی ۔ تعارف۔ شناسائی۔

معرفی کردن ۔ تعارف کرانا۔ پیش کرنا۔

معرفی نمودن ۔ پیش کرنا۔ شناسائی کرانا۔

معرفی نامہ ۔ تعارفی خط۔

معرکہ آرا ۔ صف آرا۔

معرکہ داشتن ۔ معرکہ پیش آنا۔

معرکہ کردن ۔ ہنر نمائی کرنا۔

معرکہ گرفتن ۔ حیرت انگیز۔ خندہ آور اور ہیجان انگیز۔ نمائش کرنا۔

مَعرکہ گیر۔ بازار میں تماشا کرنے والا۔
مَعرُوضات۔ گذارشیں۔عرضیں۔
مَعرُوف۔ مشہور۔جانا پہچانا۔نیکی
احسان۔نیز وہ فعل جس کا فاعل
معلوم ہو۔(مجہول کا اُلٹ)
معروف کرخی۔ ایک مشہور عارفِ
کامل جس کا مزار بغداد میں ہے۔
مَعرُوفیّت داشتن۔ مشہور ہونا۔
مُعِزّ۔ ۱۔عزّت دینے والا۔۲۔خدا۔
مَعزُول شدن۔ بیکار کئے جانا۔
کام سے ہٹا دیئے جانا۔
معزول کردن۔ رجوع ماقبل
معزولیت۔ " "
مَعسکر۔ لشکر گاہ۔
مَعشر۔ گروہ۔ قوم۔
مَعشوقہ۔ محبوبہ۔
معشوقۂ روزِ بی نوائی۔ خداوند تعالیٰ
معشوقیت۔ محبوبیت۔
معصُوم بودن۔ بے گناہ ہونا۔
معصُومین۔ جمع ہے معصوم کی۔
بے گناہ لوگ۔
معصُومہ۔ باعصمت وعفت خاتون۔
بے گناہ عورت۔

معصُومیت۔ بے گناہی۔
مَعصیت۔ گناہ۔نافرمانی۔
معصیت داشتن } نافرمانی کرنا۔
مَعصیت کردن } گنہ گار ہونا۔
مُعضلات۔ معضلہ کی جمع۔مشکلیں۔
معطّر شدن۔ خوشبودار ہونا۔ عطر
میں رچا بسا ہوا ہونا۔
مُعطّل کردن۔ کام سے علیحدہ کرنا۔
معطّل بودن۔ ۱۔غریب اور بغیر پیسے
کے ہونا۔۲۔کچھ وقت انتظار میں رہنا۔
معطّلی داشتن۔ دیر لگانا۔تاخیر کرنا۔
معطّل ماندن۔ رجوع بہ معطّل بودن۔
معطُوف۔ پیٹا ہوا۔عطف کیا گیا۔
پھیرا ہوا۔
مُعطی۔ عطا کرنے والا۔
معظّم۔ عظمت دیا گیا۔بزرگ۔
مُعظّمہ۔ صاحبِ عظمت عورت۔
مَعقُول۔ ۱۔ باعقل۔۲۔خردمند۔
۳۔امورِ عقلی (منقول کا اُلٹ)
معقولات۔ امورِ عقلی۔پسندیدہ۔
مَعکوس۔ اُلٹا۔اوندھا۔
مَعلَف۔ علف۔یعنی گھاس پھوس
کھانے کی جگہ۔ چرنی جیسے عرف

عام میں کھرلی کہتے ہیں۔
مُعلّق ۔ لٹکا ہوا۔
مُعلّقات ۔ لٹکی ہوئی چیزیں۔
معلق زدن ۔ قلابازی کھانا۔
مُعلّم ۔ تعلیم دینے والا۔ استاد۔
مُعلّمِ الملکوت ۔ فرشتوں کا استاد۔ عزازیل۔ شیطان۔
مُعلّمان } معلم کی جمع فارسی طریق سے
مُعلّمین } " " عربی "
مُعلّمات ۔ استانیاں۔
مُعلّمہ ۔ استانی۔
معلول بودن ۔ بیمار ہونا۔ علیل ہونا۔
معلولین ۔ بیمار لوگ۔
مُعمّا ۔ چیستان۔ پہیلی
مُعمّر بودن ۔ بوڑھا ہونا۔ عمر رسیدہ ہونا
معمور ۔ آباد۔ بھرا ہوا۔
معمورہ ۔ بستی۔ آبادی۔ شہر ؎
(رہے اب اس معمورہ میں قحطِ غمِ الفت اسد
ہم نے مانا یہ کہ دلی میں رہے کھائیں گے کیا)
معمول داشتن ۔ روزمرہ کا دستور بنا لینا
معمولاً ۔ حسبِ معمول۔ دستور کے مطابق۔
مُعنبر ۔ عنبریں۔ عنبر آمیز۔
معنون ۔ عنوان کیا گیا۔ کسی کے نام انتساب کیا گیا۔ ڈیڈی کیٹ کیا گیا۔
معنوی ۔ باطنی۔ روحانی ؎
(مثنوی معنوی مولوی
ہست قرآن در زبانِ پہلوی)
معناً ۔ معنی کے لحاظ سے۔
معنی ۔ مقصود۔ مفہوم۔ کلام۔
معنویت داشتن ۔ حقیقت اور رحمانیت کا حامل ہونا۔
معنی از معنی خیزد ۔ بات بات سے نکلتی ہے۔
معہذا ۔ باوجود اس کے۔
معہود ۔ عہد کیا گیا۔ ٹھیرایا گیا۔ معین۔
معہود ذہنی ۔ وہ بات جو متکلم اور اور مخاطب دونوں کے ذہن میں پہلے ہی مشخص اور متعین ہو۔
معیار ۔ کسوٹی۔ کانٹا جس پر تولتے ہیں۔
معیشت ۔ اسبابِ زندگی۔
مُعین ۔ مددگار۔
معینِ فعل ۔ امدادی افعال جیسے استن۔ بودن۔ شدن۔ کردن۔ داشتن۔ خوردن۔ گذاشتن۔ زدن اور ساختن ہیں۔ ان کی مدد سے بہت

و سے کلمات بنتے ہیں۔
مُعیّن شدہ - مقرر کیے جانا۔
انتخاب کیے جانا۔
معینہ - مقرر شدہ - مُعیّن شدہ۔
معیوب بودن - عیب دار ہونا۔

م - غ

مَغ - گہرائی - عمق۔
مَغارات - غاریں - کھڈیں۔
مَغارب - مغرب کی جمع۔
مَغارہ - پہاڑ میں گڑھا - غار کھوہ
مغازہ - دکان۔
مغاک - گہرائی - گڑھا۔
مُغ - آتش پرستوں کا پیشوا۔
مُغان - مغ کی جمع - آتش پرستوں
کے پیشوایان۔
مغازلہ - باہم غزل سرائی کرنا۔
باہم عشق ورزیدن۔
مغازلات - غزل گوئی۔
مغالطہ کردن - غلطی کھانا۔
مَغانم - غنیمتیں - لوٹ مار کے لال۔
مُغانہ - مغوں کی طرح۔

مغایر بودن - باہم غیر اور مخالف ہونا۔
مغایرت - غیریت - موافقت کا اُلٹ
مغبچہ - آتش پرستوں کا لڑکا۔
مَے فروش کا وہ خوبصورت لڑکا جو
شرابیوں کو شراب پلائے اور ساقی
کا کام کرے۔
مَغبُون - وہ شخص جس کا غبن ہوا ہو۔
جسے نقصان پہنچا ہو۔
مغتنم شمردن - غنیمت جاننا۔
مُغتنمات - غنیمت کی چیزیں۔
مُغذّی - غذائیت رکھنے والا۔
۲ - مقوّی۔
مَغرب زمین - برِ اعظم یورپ۔
مغرق شدن - غرق شدن - ڈوبنا۔
مغز استخوان - ہڈی کا گودا۔
مغز بستن - پھل کا کھانے کے
لائق ہو جانا - پک جانا۔
مغز خر خوردن - کودن اور نافہم ہونا
مغز شتر خوردن - رجوع بہ ناقبل۔
مغز شیر بر آوردن - کوئی بہت
بہادری کا کام کرنا۔
مَغشوش - کھوٹا - غیر خالص۔
درہم برہم۔

مغضوب۔ غضب میں آیا ہوا جس پر غضب اور قہر کیا گیا ہو۔
مغضوبان۔ مغضوب کی جمع۔
مغفر۔ آہنی خود۔ سر پر پہننے کی لوہے کی ٹوپی۔
مغفرت۔ بخشش۔
مغفور۔ بخشا گیا۔
مغل و مغول۔ خونخوار۔ وحشی۔ چنگیز خاں کی اولاد سے۔
مغلظات۔ فحش کلامی۔ بڑی گندی گالیاں۔
مغلوب۔ شکست خوردہ۔ عاجز۔
مغلوب الغضب۔ جلد غصے اور غضب میں آجانے والا۔
مغلوبیت۔ شکست۔
مغلول۔ جس کے گلے میں طوق ہو۔
مغموم۔ غم کا مارا۔ اُداس۔ غمگین۔
مغمومیت۔ غم۔ حزن۔ ملال۔
مغناطیس۔ مقناطیس۔
مغنّی۔ گویّا۔ گانے والا ۔
(ڈھونڈتے ہے اس مغنیٔ آتش نفس کو جی
جس کی صدا ہو جلوۂ برق فنا مجھے)
مغنّیہ۔ گانے والی عورت۔
مغنّیہ سرود فرد بنی اصول می سراید ڈومنی کا تال سے بے تال اور سُر سے بے سُر ہو کر گانا۔
مغیث۔ فریاد رس۔
مغیل۔ ببول کا درخت۔ کیکر۔
مغیلاں۔ (رجوع بہ ماقبل)

م۔ف

مُف۔ آب بینی۔ ناک سے بہنے والا گندہ اور غلیظ لعاب۔
مفاتیح۔ مفتاح کی جمع۔ چابیاں۔
مفاتیح الغیب۔ خزانۂ غیب کی کنجیاں۔
مفاجات۔ ناگہانی۔ اچانک۔ ع
(ہے جرم ضعیفی کی سزا مرگِ مفاجات)
مفاخر۔ فخر کرنے والا۔
مفاخرت۔ فخر کرنا۔ بزرگی جتانا۔
مفاد۔ فائدہ۔ معنی۔ ثمر۔ نتیجہ۔ مفہوم۔
مفارقت داشتن۔ جدا ہو جانا۔ علیحدہ ہو جانا۔
مفارقت کردن۔ رجوع بہ ماقبل۔

مُفاصا ۔ حساب۔ فارغ خطی۔
مفاسد ۔ خرابیاں۔ بُرائیاں۔
مفاصا دادن ۔ فارغ خطی دینا۔
مفاصا گرفتن ۔ فارغ خطی لینا۔
مفاصِل ۔ جسم کے جوڑ۔
مفاکہہ ۔ شوخی اور مزاح کی باتیں۔
مفاوضہ کردن ۔ ۱۔ صلاح مشورہ کرنا۔ ۲۔ مذاکرہ کرنا۔
مَفاہیم ۔ مفہوم کی جمع۔
مُفت از دست دادن ۔ صحیح قدر و منزلت نہ جاننا۔ کسی چیز کو رائیگاں کھو دینا۔
مفت باختن ۔ رجوع بہ گول خوردن
مفتّح الابواب ۔ کشایندۂ درہا۔ ذات باری تعالیٰ۔
مفتخر فرمودن ۔ شرف بخشنا۔ احترام کرنا۔
مفت خور ۔ طفیلی۔ بن بلایا مہمان۔
مفت راچہ گفت ۔ مفت کی شراب تو قاضی بھی نہیں چھوڑتا۔
مُفترض طاعت ۔ جس کی اطاعت فرض ہے۔ مراد ہے امام اور پیشوا۔
مُفتَری ۔ افترا باندھنے والا۔ بہتان لگانے والا۔
مفتضح کردن ۔ ذلیل و خوار کرنا۔
مُفتقر ۔ محتاج۔ فقیر۔
مُفتِن ۔ فتنہ اٹھانے والا۔
مَفتنی کردن ۔ دو کو باہم لڑانا۔ دو میں فتنہ ڈالنا۔
مفتوح ۔ فتح شدہ۔
مفتوحہ ۔ فتح کیا ہوا علاقہ۔
مَقتول ۔ بٹا ہوا۔ ع
(بنفشہ طرہ مفتول خود گرہ می زد)
مفتون بودن ۔ فریفتہ ہونا۔ شیفتہ دھوکے میں آنا۔
مُفتی ۔ فتویٰ دینے والا۔
مُفتیان ۔ جمع ہے مُفتی کی۔
مُفتخر ۔ فخر۔ اترانا۔ سبب فخر۔
مَفَر ۔ جائے گریز۔ فرارگاہ۔ پناہ گاہ۔
مُفرِّح ۔ فرحت دینے والا۔
مُفرد ۔ تنہا۔ اکیلا۔
مُفردات ۔ مفرد کی جمع۔ تنہا۔ اکیلے۔ ایک سے دس تک گنتی۔
مَفرَش ۔ بستر۔ بچھونا۔
مَفرُوش ۔ بچھایا ہوا۔ بچھونا۔
مَفرُوضہ ۔ فرض کیا گیا۔

مفروضات۔ مفروضے۔
مُفسِد۔ فساد کرنے والا۔
مفسدہ پرداز۔ فساد ڈلوانے والا
فسادی۔
مُفسِّر۔ تفسیر کرنے والا۔
مُفصَّل۔ کھول۔ تفصیل کے ساتھ ؎
رمزِ از مفصل این باب مجملی گفتم
تو خود حدیث مفصّل بخوان ازیں مجمل
مَفقُود۔ کھویا ہوا۔ غائب۔ ناپید
مفقود اثر۔ بے نام و نشان۔
مُفکّر۔ سوچ بچار کرنے والا۔
مفکّران } جمع ہے مفکر کی فارسی طریق سے
مفکّرین } " " " عربی " "
مفلس در امانِ خداست۔
جس کا کوئی نہ ہو اس کا خدا ہوتا ہے
مَفلُوج۔ فالج زدہ۔
مَفلوک۔ فلک زدہ۔ بدبخت۔
تباہ حال۔
مفلوک الحال۔ بدحال۔ تباہ حال
مُفوِّض۔ تفویض کرنے والا۔
سونپنے والا۔
مَفہُوم۔ مطلب۔ معنی۔

م۔ ق

مَقابر۔ مقبرہ کی جمع۔ مقبرے۔
مَقابِل۔ رُوبرو۔ سامنے۔
مُقاتِل۔ قتل کرنے والا۔
مُقاتِلہ۔ باہم جنگ وجدال کرنا۔
باہم قتل کرنا۔
مَقادیر۔ مقدار کی جمع۔
مقادیر مجہولہ۔ نامعلوم مقداریں۔
مُقارَبَت۔ نزدیکی۔ قُربت۔
مقاربت کردن۔ جماع کرنا۔
مَقارِن۔ نزدیک۔ پاس۔ قریب۔
مَقارِیض۔ مقراض کی جمع۔ قینچیاں۔
مُقاسَمَت۔ باہم تقسیم کرنا۔
مَقاصد۔ مقصد کی جمع۔
مُقاطِع۔ قطع کرنے والا۔
مُقاطِعَت۔ قطع کرنا۔ کاٹنا۔
مُقاطِعہ۔ ٹھیکہ۔
مقاطعہ دادن۔ ٹھیکے پر دینا۔
مقاطعہ کار۔ ٹھیکے دار۔
مقاطعہ کردن۔ ٹھیکہ لینا۔
مَقال۔ بات چیت۔
مقالات۔ مقالہ کی جمع۔ مقالے۔

مَقالہ۔ لکھی ہوئی بات
مَقالید۔ چابیاں۔ کنجیاں۔
مقام کردن۔ منزل کرنا۔ رہنا۔
مقام گرفتن۔ کسی اعلیٰ مقام۔ عہدے یا منصب کو حاصل کرنا۔
مقاومت داشتن۔ ۱۔ مزاحمت کرنا۔ ۲۔ مدافعت کرنا۔ ۳۔ مقابلہ کرنا
مقاومت کردن۔ رجوع بہ ماقبل
مقالبہ۔ موازنہ۔
مقالبہ کردن۔ موازنہ کرنا۔
مَقبرہ۔ گور۔ قبر۔
مُقبل۔ صاحب اقبال۔
مقبوح۔ قبیح۔ بُرا۔ زشت۔
مُقتبس۔ اقتباس کرنے والا۔
مقتبسات۔ اقتباس شدہ چیزیں۔
مُقتدر۔ اقتدار والا۔ توانا۔ طاقتور
مُقتدی۔ اقتدا کرنے۔ پیروی کرنے والا۔ ع
(مقتدیِ تاتار و افغانی امام)
مُقترن۔ باہم نزدیک۔ بہم مربوط۔
مُقتصد۔ میانہ رو۔
مُقتضی۔ تقاضا کرنے والا۔
مَقتل۔ قتل گاہ۔

مقتول۔ جسے قتل کیا گیا ہو۔
مقتولان۔ جمع مقتول کی۔
مَقتولین۔ رجوع بہ ماقبل۔
مُقدّر۔ تقدیر۔ نصیبہ۔
مقدرت۔ توانائی۔
مُقدّس۔ پاک۔ پارسا۔ زاہد۔
مقدّسان } جمع ہے مقدس کی۔
مقدسین } ״ ״
مُقدّمہ۔ پیشرو۔ آگے جانے والا۔ وہ مختصر سی فوج جو لشکر کے آگے چلے۔ نیز دیباچہ۔ کتاب کی غرض و غایت کو مختصراً لکھنا۔
مقدمہ اُردو۔ رجوع بہ ماقبل۔
مقدمۃ الجیش۔ ہراول دستہ۔ فوج کا وہ دستہ جو آگے جائے۔
مقدّمات۔ ابتدائی کوششیں۔ مبادیات۔
مقدماتی۔ ابتدائی۔
مقدُور۔ طاقت وقدرت ؎
مقدور ہو تو خاک سے پوچھوں کہ اے لئیم
تو نے وہ گنج ہائے گرانمایہ کیا کیے
مقدُورات۔ توانائیاں۔ وسائل۔
مَقَر۔ جائے قرار۔ رہنے کی جگہ۔

مُقر آمدن - اقرار کر لینا -
مُقِر شدن - تسلیم کر لینا -
مِقراض - قینچی -
مُقرّب - قریب رہنے والا -
مُقرّبان - جمع ہے مقرّب کی -
مقرّبین - رجوع بہ ماقبل -
مقرّرات - لکھے ہوئے دستور - قواعد و شرائط -
مُقرنس - محراب نما - نقاشی سے آراستہ -
مقرّری - تنخواہ - روزانہ - ہفتہ وار ماہوار یا سالانہ -
مقروض بودن } قرضہ تلے آجانا -
مقروض شدن } " "
مُقرِدن - قریب - پاس - نزدیک -
مقسوم - تقسیم کیا گیا -
مقسوم علیہ - وہ عدد جس پر کسی عدد کو تقسیم کیا جائے -
مقشّر شدن - چھلکا اتارا جانا -
مقشّر کردن - چھلکا اتارنا -
مُقصّر - قصور دار - خطا کار - گنہ گار -
مقصّران } جمع ہے مقصّر کی -
مُقصّرین } گناہگار اور قصور دار لوگ -

مَقصُودِ کُن فکان - حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارک -
مَقصُورہ - حجرہ - مسجد میں امام کے کھڑے ہونے کی جگہ - محراب -
مُقطّعات - چھوٹے چھوٹے ٹکڑے قطعے - چھوٹے وزن کے اشعار -
مُقطّر - تقطیر شدہ -
مقطوع - قطع کیا گیا - مقررہ دوٹوک -
ع
(این جا قیمت ہا مقطوع است)
مَقعد - بیٹھ - دُبر -
مقفل - قفل لگا ہوا - بند -
مقفّیٰ - قافیہ دار -
مُقلّب - بدلنے والا -
مُقلّب القلوب - دلوں کو بدل دینے والا - خداوند تعالےٰ -
مُقلّد - تقلید کرنے والا -
مُقلّدان - جمع ہے مقلّد کی -
مقلّدین - رجوع بہ ماقبل -
مُقنع - قناعت دار -
مقنّن - قانون ساز -
مُقنّنہ - قانون ساز مجلس - اسمبلی
مُقوُر - گنہ

مقولہ - بات - بچن - قول -
مقوی - قوت دینے والا
مقوی باہ - قوتِ باہ کو تقویت دینے والا - شہوت آور -
مقیاس - اندازہ -
مقیاس الحرارت - تھرمامیٹر - بخار کا اندازہ لگانے والا -
مقیاس المطر - بارش ناپنے کا آلہ -
مقید - قیدی -
مقید ساختن - قید کرنا - قیدی بنانا
مقید کردن - رجوع بہ ماقبل

م - ک

مک - مکیدن مصدر سے فعل امر - چوس -
مکابر - سینہ زور - جھگڑالو -
مکابرہ کردن - جھگڑنا - بحث کرنا - اپنی بزرگی - جتانا -
مکاتب - مکتب کی جمع - مدرسے
مکاتبات - خطوط - نامے -
مکاتبت - باہم خط و کتابت کرنا -
مکاتبہ کردن - رجوع بہ ماقبل -

مکارم - نیک کام - خوبیاں -
مکارم اخلاق - اخلاقی خوبیاں -
مکارہ - مکار کی تانیث -
مکارہ - منڈی - خرید و فروخت کی جگہ -
مکاسب - پیشے - حرفے -
مکاشفات - دلی الہامات -
مکاشفہ - امور غیبی کا دل پر کشف ہونا
مکافات - ادلے کا بدلہ ~
(از مکافاتِ عمل غافل مشو
گندم از گندم بروید جو ز جو)
مکافات باں دنیا می ماند -
کاموں کا بدلہ اس دنیا میں ہی مل جاتا ہے -
(کر جگ ہے یہ کل جگ نہیں
اس ہاتھ دے اُس ہاتھ لے)
مکافات شدن - بدلہ ملنا - پاداشش حاصل کرنا -
(دار) مکافات - دنیا -
مکانت - عزت - مرتبہ - رتبہ -
(جو نباشد مر مکانت را عوض)
مکانیک - ماہر فن مشینی
مکانیکی - مشینی -

مکباز - بے شرم لڑکا۔
مکتب - مدرسہ۔
مکتب دار - اُستاد معلّم۔
مُکتسب - کسب کرنے والا۔
مُکتفی - کفایت کرنے والا - کافی۔
مکتوب - خط - نامہ۔
مکتوبات - مکتوب کی جمع - خطوط نامے - خط و کتابت کا مجموعہ۔
مکتوبُ الیہ - جسے خط لکھا جائے۔
مَکتوم داشتن } پوشیدہ رکھنا۔
مَکتُوم ساختن } چھپانا۔
مکث کردن } دیر کرنا
مکث نمودن } تاخیر کرنا۔
مکدّر ساختن } گدلا کرنا۔ رنجیدہ
مکدّر کردن } کرنا - ناراض کرنا۔
مُکرّر - دوبارہ - دُہرانا۔ ع
ز لوح جہاں پہ حرف مکرر نہیں ہُونہیں)
مکرّم - گرامی - بزرگی دیا گیا۔
مُکرّمہ - گرامی و محترم (مکہ مکرمہ)
مَکرمت - فیاضی - سخاوت - نیک کام۔ احسان۔
مکرُوہات - ناپسندیدہ اور مکروہ چیزیں
مکزیک - میکسیکو (ایک ملک کا نام)

مکشوف بودن - ظاہر کیے جانا - کھول لیے جانا۔
مُکفی - کافی - کفایت کرنے والا۔
مکلّف ساختن - ذمہ دار بنانا۔
مکلّف کردن - کسی پر کوئی فرض یا ڈیوٹی کا عاید کرنا۔
مُکلّفان - مکلف کی جمع ہے۔
مُکلّل - سر پر تاج رکھا گیا۔
مَکمن - ۱ - گھات - ۲ - کمینگاہ۔
مِکنت - زور - قوت۔
مِکنت دار - توانا - زور آور۔
مکنون بودن - پوشیدہ ہونا - مخفی ہونا۔
مکنونات - پوشیدگیاں۔
مکنونات خاطر - دل کی پوشیدہ باتیں - دلی اسرار اور بھید۔
مِکیال - پیمانہ - اناج ناپنے کا برتن - (پنجابی ٹوپہ)
مَکیدن - چوسنا۔
مَکین - صاحب مکان - مکان میں رہنے والا۔

م - گ

مگر - حرف استثناء نیز حرف

ہمہ آمدند مگر احمد۔ سوائے احمد کے سبھی آ گئے۔

(مگر آدمی نبودی کہ اسیر دیو ماندی کہ فرشتہ رہ ندارد بمکان آدمیت)

مگر آب آوردہ است۔ اتنی بیرحمی سے کیوں خرچ کر رہے ہو۔

مگر آرد مدسنت گرفتہ۔ کیوں گونگے کا گڑ کھائے ہوئے ہو۔

مگر اجلت رسیدہ۔ جان کو خطرے میں کیوں ڈالتے ہو۔ خواہ مخواہ خطرہ مول کیوں لیتے ہو۔

مگر از ردستا آمدہ ای۔ سادہ لوح

مگر باسب شاہ بالو گفتہ ام۔ میں نے سچی بات کہی ہے۔ کوئی جھوٹ تو نہیں بولا۔

مگر خرم بگل ماندہ۔ میری کون سی اٹکی ہے۔

مگر دنیا اللہ اللہ است۔ کیا دنیا میں نیک بندے نہیں رہتے۔

مگر سرم را داغ کردہ اند۔ آخر میرا سر تو نہیں پھرا۔

مگر سگ بارش گزیدہ۔ وہ خواہ مخواہ دردسری کے پیچھے کیوں پڑ رہا ہے۔ کیا اسے باؤلے کتے نے کاٹ کھایا ہے۔

مگر شما از عقدی ہستید ما از صیغہ۔ آخر تمہیں ہم پر کیا فضیلت حاصل ہے۔

مگر کاروانسرائے است یہ گھر ہے کوئی سرائے یا ہوٹل تو نہیں۔ کہ بغیر اجازت لئے اندر چلے آئے ہو۔

مگر کشتی ہات غرق شدہ۔ اتنے غمگین کیوں ہو۔ جیسے ملاح کشتی ڈبو کر بیٹھتا ہے۔

مگر کنیز حاجی ملا باقری۔ کیوں ہر وقت بڑبڑ کرتے ہو۔

مگس۔ مکھی۔

مگس پرانی۔ سستی۔ کاہلی۔ آرام طلبی۔ کسادبازاری۔ ہاتھ پہ ہاتھ دھرے مکھیاں مارنا۔

مگس پراندن۔ جوتیاں چٹخانا۔

مگس ران۔ مورچھل۔

مگس گیر۔ مکڑی۔

مگو۔ فعل نہی از گفتن مصدر۔ مت کہہ ۲۔ نہ کہنے والی بات۔

مگو زبان فرنگی۔ بگو زبان دگر

مزاح کے طور پر اس وقت :
استعمال کرتے ہیں ۔ جب مجلس
میں دو آدمی کسی ایسی زبان میں
گفتگو کرنے لگ جائیں جو دوسرں
کو نہ آتی ہو۔

م ـ ل

مُل ۔ شراب ۔ ع
(در حلقۂ گل دُمل خوش خواند دوش بلبل)
مَلا ۔ آشکارا ۔
مُلّا ۔ اخوند ۔ پڑھا لکھا ۔
ملا شدن چہ آسان انسان شدن
چہ مشکل ۔ ه
(آدمیت اور شے ہے علم ہے کچھ اور شے
کتنا طوطی کو پڑھایا پر وہ حیواں ہی رہا)
مَلابس ۔ لباس ۔ پوشاکیں ۔
مَلاحت ۔ نمکینی ۔ سانولا رنگ ۔
ملاحدہ ۔ بے دین لوگ ۔ ملحد ۔
ملاحظہ کردن ۔ ۱ ۔ کن انکھیوں سے دیکھنا
گوشۂ چشم سے دیکھنا ۔ ۲ ۔ رقابت
کرنا ۔ ۳ ۔ دیکھنا یا پڑھنا ۔
ملاحظہ کار ۔ نکتہ سنج ۔ بزدل ۔

مَلاذ ۔ پناہ گاہ ۔
ملازم بودن ۔ رکاب میں ہونا ۔
مُلازمان ۔ خدمت گزاران ع
(به ملازمان سلطان که رساند این دعا را)
ملاطفت کردن ۔ نیکی کرنا ۔
احسان کرنا ۔
ملاطفت نمودن ۔ رجوع باقبل)
ملاطفت ورزیدن ۔ نرمی نیکی
اور احسان کرنا ۔
ملاعبت ۔ باہم کھیلنا ۔
ملافہ ۔ چادر ۔ پلنگ پوش ۔
ملاک ۔ محبت ۔ اصل ۔ دلیل ۔ ثبوت
مُلّاک ۔ بڑے بڑے زمیندار ۔ لینڈ لارڈ
ملال داشتن ۔ رنجیدہ ہونا ۔ ملول ہونا ۔
ملال آور ۔ غم آور ۔
ملال انگیز ۔ غم انگیز ۔
ملامت کردن ۔ لعن طعن کرنا ۔
ملامت نمودن ۔ لعنت ملامت کرنا ۔
ملامت گو ۔ لعنت ملامت کرنے والا ۔
ملامسہ ۔ چھونا ۔
ملائم ۔ نرم ۔ پُر سکون ۔ (ہوای ملائم
دھیمی دھیمی ہوا) (تو تون ملائم ۔
نرم تمباکو) (صدای ملائم ۔ نرم آواز)

ملائمت کردن۔ نرمی سے کام لینا۔
ملبوس۔ لباس۔
ملبوسات۔ ملبوس کی جمع۔
ملّت۔ قوم۔ دین۔ مذہب۔
ملتجی شدن۔ التجا کرنا۔
ملتزم بودن۔ ہمیشہ خدمت میں حاضر رہنا
ملتزمِ رکاب۔ ہمیشہ آمادۂ خدمت۔
ملتزمان } جمع ہے ملتزم کی۔
ملتزمین } رجوع بہ ماقبل۔
ملتصق بودن۔ ہم چسپیدہ ہونا۔
ملتفت شدن۔ سمجھ جانا۔ جان لینا۔ متوجہ ہونا۔
ملتقیٰ۔ سنگھم۔ دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ
ملتمس۔ التماس کرنے والا۔
ملتمسان۔ جمع ہے ملتمس کی۔
ملتہب بودن۔ شعلہ در ہونا۔ بھڑک اٹھنا۔
ملجا۔ جائے امن۔ پناہ گاہ۔
ملجای نوح۔ کوہ جودی۔ جہاں طوفانِ نوح کے بعد حضرت نوح علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کی کشتی جا کر کنارے لگی تھی۔
ملح۔ نمک۔ کھاری۔

ملحد بودن۔ بے دین ہونا۔
ملحدان۔ جمع ہے ملحد کی بہ طریق فارسی
ملحدین۔ ؍؍ ؍؍ ؍؍ ؍؍ عربی
ملحق کردن۔ ملانا۔ جوڑنا۔ پیوستہ کرنا
ملحوظات۔ مشاہدات۔ ملاحظات
ملخ۔ ٹڈی۔ جو فصلوں اور سرسبز و شاداب درختوں کو چٹ کر جاتی ہے
ملخ خوردگی۔ قحط۔ گرانی۔ نایابی اشیائے خوردنی۔
ملخص شدن۔ خلاصہ بنایا جانا۔
ملزومات۔ اداروں اور دفتروں میں کام کرنے کا سامان۔
ملس۔ کھٹ مٹھا۔ ترش و شیریں۔
ملطہ۔ مالٹا (ایک جزیرے کا نام ہے)۔
ملعبہ۔ کھلونا۔ گڑیا۔
ملعون۔ لعنت شدہ۔
ملغیٰ شدن۔ لغو قرار دیئے جانا۔ منسوخ ہونا۔
ملغیٰ کردن۔ منسوخ کرنا۔ باطل کرنا۔
ملفوف۔ لفافے میں لپٹا ہوا۔
ملفہ۔ لینز بند۔
مَلَک۔ فرشتہ۔
مَلِک۔ بادشاہ۔

ملک - ملکیت -
ملک الشعرا - سب سے بڑا درباری شاعر
ملک الموت - موت کا فرشتہ عزرائیل -
ملک نقالہ - وہ فرشتہ جو مُردوں کے بدنوں کو جابجا کرتا رہتا ہے -
مُلکِ خدا تنگ نیست پای گدا لنگ نیست - خدا کی دنیا وسیع ہے اور میں بھی چل پھر کر اپنی روزی کما سکتا ہوں - اپاہج نہیں -
مُلک داری - بادشاہت
مُلک ستانی - کشورگیری - ملکوں کو فتح کرنا -
ملکوت - عالم ارواح
ملکوتی - رُوحانی
ملک ویران را اندیشہ تاراج نیست - تباہ حال لوگوں کو کسی لوٹ مار یا رہزنی کا ڈر خدشہ نہیں ہوتا -
ملکہ زنبور عسل - شہد کی مکھیوں کی رانی
ملکات فاضلہ - اچھی عادتیں اور عمدہ اخلاق -
ملکی - کینوس جوتے کی ایک قسم -
ملکی دوز - کینوس کے جوتے سینے والا -

ملمّع کار - منافق -
ملل - ملت کی جمع -
ملنگ - برہنہ - خوش حال مست جو ہر حال میں خوش ہو -
مُلوّث - آلودہ باشد -
مُلوک - بادشاہان - مَلِک کی جمع -
ملوکانہ - شاہانہ -
ملول - ۱ - غمگین - ۲ - نیم گرم -
(آب ملول - نیم گرم پانی)
ملولی بہ کہ مشتاقی - رجوع کریں - مشتاقی بہ کہ ملولی -
مُلوّن - رنگ برنگ کیا گیا -
مُلہِم - الہام کرنے والا -
ملہَم - الہام کیا گیا -
ملہوف - ستم دیدہ - مظلوم
ملّی - قومی
ملیارد - ایک ارب - بلیرڈ
ملیّت - قومیت -
ملیح - زیبا - سانولا رنگ - نمکین -
ملیحہ - سانولے رنگ کی عورت
ملیون - ملین - دس لاکھ -
ملیونر - لکھ پتی -

م - م

ممات - موت - حیات کا اُلٹ ۔
(آنچہ تودانی حیات آنچہ تو خوانی ممات
ہیچ نہ دارد ثبات - ہیچ ندارد ثبات)
مُماثل - ہم مثل - مانند ہونا ۔
مماثل بودن - ہم مثل و شبیہ
مماثل شدن - ہونا ۔
مماثلت - ہم مثل ہونا ۔
مماثلت داشتن - رجوع بہ ماثیل
مُمارست - مشق کرنا - مہارت
ممارست کردن - مشق کرنا ۔
مَماس - دو چیزوں یا دو خطوں کا
باہم ملنا ۔
ممانعت کردن - حکم بجا لانا ۔
جھکنا ۔
ممالک - بہت سے ملک - ملک کی جمع
ممالک محروسہ - وہ ملک جو حراست
میں لئے گئے ہوں - مقبوضہ
ممالکِ مفوّضہ - وہ ملک جو سونپے
گئے ہوں - تفویض شدہ ملک ۔
مَمالیک - مملوک کی جمع - بندے ۔
غلام - زرخرید غلام ۔

ممانعت - منع کرنا ۔
ممتاز - اعلیٰ - امتیاز یافتہ ۔
ممتحن - امتحان لینے والا ۔
مُمتحنان } جمع ہے ممتحن کی بطریق فارسی
مُمتحنین } " " " عربی
مُمتد - مسلسل - دراز کشیدہ
ممتد بودن - دراز ہونا - طولانی ہونا
مسلسل ہونا ۔
ممتنع حصول - جس کا حاصل کرنا
دشوار اور محال ہو - دسترس سے باہر
ممتنع علاج - لا علاج ۔
مُمِد - مدد کرنے والا ۔
ممدوح - جس کی مدح کی جائے ۔
ممدُوحان } جمع بطریق فارسی
ممدوحین } " " عربی
ممرّ - گزرگاہ - جائے مرور ۔
ممزوج - آمیختہ - ملایا ہوا ۔
مُمسک - بخیل - کنجوس - خسیس ۔
ممکنات - وہ باتیں جن کا ہونا ممکن ہو
ممکن الوجود - جس کا ہونا نہ ہونا ایک
برابر ہو ۔
مَملُو - پُر - بھرا ہوا - لبریز ۔
مملو کردن - بھرنا - پُر کرنا ۔

ممنُوع - منع کیا گیا۔
ممنونیت - شکر گزاری - ممنون ہونا۔
مُمیّز - ممتاز - تمیز کیا گیا۔
ممیّزی کردن - جانچ پڑتال کرنا۔
آڈٹ کرنا۔

م - ن

مَن - ضمیر واحد متکلم - بمعنی میں - ایران
میں من ایک وزن بھی ہے - جو ۳
کیلو کے برابر ہوتا ہے۔
مِنا - مکہ معظمہ کے قریب ایک جگہ۔
جہاں حاجی لوگ قربانی دیتے ہیں۔
مِناب - جانشین ہونا۔
مناب بودن } رجوع بہ نائب۔
مناب شدن }
مَنابر - منبر کی جمع۔
منابع - منبع کی جمع چشمے - سرچشمے۔
منابع اخبار - خبروں کے سرچشمے
جہاں سے خبریں لی گئیں۔
مَنات - ۱- زمانہ جاہلیت کے ایک
بت کا نام - ۲- ایک روسی سکہ۔
مُناجات - راز و نیاز کرنا - دردِ دل
کرنا - خدا کے حضور میں اپنا دردِ دل
کہنا - اور راز و نیاز کرنا۔
مُنادمت - باہم ندیم و ہم نشین ہونا۔
مُنادا - حرف ندا کے بعد آنے والا۔
مثلاً اے خدا میں اے حرف ندا ہے۔
اور خدا منادیٰ۔
مُنادی - ڈھنڈورچی۔
منار } چراغدان - روشنی کا مینار
منارہ } نیز موذن کے اذان دینے
کی جگہ۔
مُنازِع - نزاع کرنے والا -
جھگڑنے والا۔
مُنازعت - باہم جھگڑنا۔
منازع فیہ - جس چیز یا بات سے
متعلق نزاع ہو۔
مَنازِل - منزل کی جمع - مکانات - گھر۔
مناسبت - نسبت - تعلق - موزونیت
مناسبت داشتن - لگاؤ اور تعلق رکھنا
مناسک - ۱- حاجیوں کے عبادت
کرنے کے مقامات - ۲- ارکان حج۔
مناسک بجا آوردن - ارکان حج کا
بجا لانا - یعنی طواف کعبہ اور حج کرنا۔
قربانی دینا - وغیرہ

مَناصب۔ منصب کی جمع۔ عہدے
مَناطِق۔ منطقے
مناطِق بارِدہ۔ ٹھنڈے منطقے۔
مناطِق حارہ۔ گرم منطقے۔
مناطِق معتدل۔ معتدل منطقے۔
مَناظِر۔ تماشا گاہیں۔ سین۔ نظارے۔
مَناظِرات۔ مباحثے۔ مناظرے۔
مناعت۔ عالی ظرفی۔ بلند نظری
منافات داشتن۔ باہم ضد ہونا۔ اصل بے جوڑ ہونا۔
مَنافِذ۔ منفذ کی جمع۔ سوراخ۔ راہیں۔
مُنافرت۔ باہم نفرت کرنا۔
مُنافِع۔ نفعے۔
مُنافِق بودن۔ دو رنگہ ہونا۔
منافقان، منافقین } جمع ہے منافق کی۔
مُناقِب۔ منقبت کی جمع۔ اوصاف حمیدہ۔ فضیلتیں۔
مُناقشت۔ باہم جھگڑا کرنا۔
مناقشہ۔ نزاع۔ جھگڑا۔
مناقصہ۔ کم سے کم بولی پر خریدنا۔ یا ٹھیکہ لینا۔ نیز ٹھیکے کا کم سے کم تخمینہ۔
ربہ) مناقصہ گذاشتن۔ کم سے کم ٹنڈر دینے والے کو بلانا یا کام دینا۔
مناقض بودن۔ مخالف ہونا۔
مناکحت۔ نکاح ہونا۔
مَنّان۔ بہت احسان کرنے والا۔ خداوند تعالےٰ کا صفاتی نام۔
مُنبّت۔ وہ نقش جو اپنی جگہ سے اُبھرا ہوا ہو۔ اُبھرے ہوئے نقوش
منبت کاری۔ لکڑی پر اُبھرے ہوئے نقوش بنانا۔
مُنبّت کار۔ رجوع بہ ماقبل۔ اسم فاعل
من بتو مشغولم و تو با زید و بکر۔ ع
ہے مجھ کو تجھ سے تذکرۂ غیر کا گلہ
مِنبر۔ اُونچی جگہ۔ خطبہ پڑھنے کی جگہ۔
منبر دار۔ تخت یا تختہ۔
مَنبع۔ سرچشمہ۔ اصل۔
من بعد۔ بعد ازیں۔
مِنّت۔ احسان۔ نیکی۔
منت داشتن۔ ممنون ہونا۔
منت کشیدن۔ کسی کا زیر بار احسان ہونا ؎
نہیں منت کش تاب شنیدن داستاں میری
خموشی گفتگو ہے بے زبانی ہے زباں میری

مُنتبہ کردن ۔ انتباہ کرنا ۔ آگاہ کرنا خبردار کرنا۔
مُنتخِب ۔ انتخاب کرنے والا۔
منتخَبان ۔ جمع ہے منتخب کی
مُنتخَبین " "
منتخب شدن ۔ چنے جانا۔
منتخبات ۔ انتخاب شدہ
مَنتر ۔ ہندی جوگیوں کا جنتر منتر جو وہ جانوروں کو تسخیر کرنے کے لئے پھونکتے تھے۔
منتر کردن ۱۔ رام کرنا ۲۔ منتر پھونکنا
مُنتسب بودن ۔ منسوب ہونا۔
مُنتشر کردن ۔ پراگندہ کرنا اشاعت کرنا
مُنتظِر ۔ انتظار کرنے والا۔
مُنتظَر ۔ جس کا انتظار کیا جائے ۔ ع ۔ (کبھی اے حقیقتِ منتظر نظر آ لباسِ مجاز میں)
مُنتقِل ۔ انتقال کرنے والا۔
مُنتقِم ۔ انتقام لینے والا۔
منتقم حقیقی ۔ اصل انتقام لینے والا خدا وند تعالیٰ۔
منّت نہادن ۔ احسان کرنا۔
مُنتہی ۔ انتہا کو پہنچنے والا۔

مَنثُور ۔ نثر میں لکھا ہوا (شعر کا اُلٹ)
مُنجر شدن ۔ ختم ہونا۔
مُنجلاب ۔ رجوع بہ مرداب۔
منجّم ۔ ستارہ شناس ۔ نجومی ۔ جوتشی
مُنجنیق ۔ بڑا فلاخن ۔ ایک آلہ جس میں پتھر رکھ کر گھما کر اُسے قلعہ کی دیوار کو توڑنے کے لئے استعمال کرتے تھے۔
منجوق دوزی ۔ کپڑوں پر شیشے اور لگانا۔
مُنجی ۔ نجات دینے والا۔
مُنجیان ۔ جمع ہے منجی کی۔
مُنحرِف ۔ انحراف کرنے والا۔
مُنحرفان } جمع ہے مُنحرف کی
مُنحرفین " "
منحل شدن ۔ تحلیل ہونا۔
منحصراً ۔ واحداجارہ داری۔
منحنی ۔ ٹیڑھا ۔ کج ۔ کبڑا ۔ پیچیدہ۔
مِنخر ۔ نتھنا ۔ ناک کا سوراخ
من درآوردی ۔ من گھڑت بات۔
مندرج شدن ۔ درج کیے جانا۔
مندرجات ۔ درج شدہ باتیں۔
من درچہ خیالم و فلک درچہ خیال

آدمی کچھ سوچتا ہے اور تقدیر کو
کچھ اور ہی منظور ہوتا ہے۔
مُندرِس بُودن - کہنہ ہونا - اور
گھس جانا - گھسا ہوا - فرسودہ
مُندمِل شدن - زخم کا بھر آنا - زخم
کا انگور لے آنا - گوشت کا بھر آنا -
مَندِیل - رُومال - تولیہ - دستار
پگڑی -
من رب ندانم از دستہ
نوشاہ دردی خانم - مزاح سے
کہتے ہیں کہ کوئی فوجی جو بالکل جاہل
اور اَن پڑھ تھا مر گیا - قبر میں
فرشتوں نے اس سے سوال کیا
کہ "من ربک" تیرا رب کون ہے
اس نے کہا کہ میں نوشاہ دردی خان
کے دستہ یا پلٹن سے منسلک
رہا ہوں -
مُنزجر شدن - دُور رہنے والا - کٹ
جانے والا - رُک جانے والا -
مَنزِل - اُترنے کی جگہ - جائے
نزول - گھر مکان -
منزل کردن } مسافروں کا سرائے
منزل گرفتن } یا مکان میں اُترنا۔

منزلت - درجہ - رُتبہ -
منزلہ - بجای - جانشین -
مُنزوی بُودن } گوشہ نشین یا
منزوی شدن } خلوت نشین
ہو جانا -
مُنزّہ بودن - پاک صاف ہونا -
منسوب شدن - نسبت دیے جانا
منسوبان } نسبت رکھنے والے -
منسوبین } خویشان و عزیزان -
منسُوج - بافتہ - بُنا ہوا کپڑا -
منسُوجات - جمع ہے منسوج کی -
منسُوخ - لغو و باطل قرار پانا -
مَنِش - خُو - سرشت (نیک منش)
منشرح شدن - آشکارا ہونا -
کھل جانا -
مُنشعب - شعبوں میں تقسیم شدہ -
شاخ در شاخ ہونے والا یعنی
پھیلا ہوا -
مَنشور - نشر شدہ - اعلامیہ -
منشور ملل - اقوام متحدہ کا آئین -
مُنشی - نویسندہ - دبیر - سیکرٹری -
مُنشی فلک - عطارد ستارہ -
مَنصَب - سرکاری عہدہ -

مُنصرف شدن - کسی چیز سے بدل جانا یا پھر جانا۔
منصُوب گردیدن - مقرر ہونا۔ نامزد ہونا۔
منصُور - مدد دیا گیا۔ فتح مند۔ ظفر مند۔ غالب - نیز بغداد کے ایک مشہور ولی اللہ کا نام (منصور حلاج) جس نے "انا الحق" کا نعرہ لگایا اور اُسے سولی دیا گیا۔
منصوص بودن - کمال تحقیق کو پہنچا ہوا ہونا۔ تصریح شدہ - وہ امر جو قرآن شریف کی آیت صریح یا حدیث صریح سے ثابت ہو۔ اور مزید کسی تاویل کا محتاج نہ ہو۔
مَنصّہ - نمائش کی جگہ۔
مُنضج خوردن - طبیعت کو نرم کرنے کے لئے جلاب سے پہلے پی جانے والی دوائی۔
مُنضمات - ملحقات۔
مُنطبع - طبع شدہ - چھپا ہوا۔
مُنطبق شدن - مطابق یا برابر ہونا۔
مُنطفی - بجھا ہوا شعلہ۔
مَنطِق - لاجک - استدلال - صحیح بات - کلام - سخن۔
مَنطِقی - وہ بات جو دلیل و بُرہان کے ساتھ کی جائے۔
مُنطقیون - اہل منطق۔
مَنظَر - ۱ - جائے نظر - ۲ - نظارہ۔ کھڑکی - دریچہ - جس میں بیٹھ کر باہر کا نظارہ کیا جائے۔
منظر چشم - آنکھ کی پتلی۔
منظرہ - رجوع بہ منظر۔
مُنتظم - با ترتیب - مضبوط - منظم ساختہ۔
منظم بودن - رجوع بہ ماقبل
منظور - مقصد - مقصود۔
منظور داشتن - قدردانی کرنا۔
منظوم - نظم شدہ۔
منظومات - جمع ہے منظوم کی۔
منظومۂ شمسی - نظام شمسی جغرافیائی اصطلاح ہے۔
مُنعَدم - نیست و نابود شدن۔
مُنعطف - کوٹنے والا - مڑنے والا۔
مُنعقد ساختن - پیدا کرنا۔
مُنعکس - الٹ آنے والی شعاع۔
مُنعِم - نعمت دینے والا۔
منعم حقیقی - خداوند تعالے۔

مُنغَص - گدلا - میلا - مکدّر
مُنفَجِر - پھٹا ہوا - چرا ہوا - نیز جاری ہونے کی جگہ -
مُنفَذ - جائے نفوذ - سوراخ
مُنفَرِج } کھلا ہوا - وسیع -
مُنفَرِجہ } کشادہ - حادہ کا اُلٹ یعنی زاویہ قائمہ سے بڑا -
مُنفَرِد - تنہا - اکیلا -
مُنفَرِد بُودن - تنہا ہونا - لاثانی ہونا - فرد واحد ہونا -
مُنفَرِدان - جمع ہے منفرد کی -
مُنفَرِداً - اکیلے - تن تنہا - درحالتِ تنہائی -
مُنفَصِل ساختن } جُدا کرنا -
مُنفَصِل شُدن } جُدا ہونا - کٹ جانا -
مُنفَعت - نفع - فائدہ -
منفعت بُردن - نفع حاصل کرنا -
منفعت داشتن - سُودمند ہونا -
منفعت پرست - سُودخوار - پول پرست - خسیس -
مُنفَعِل ساختن - شرمندہ کرنا - نادم کرنا -
منفعل کردن - ازرجوع بہ ماقبل -
منفور بودن - ناپسند ہونا - نفرت کیے جانا یا نفرت کرنا -
مَنفی - نفی شدہ (مثبت کا اُلٹ)
مَنفی باف - چیزوں کا منفی پہلو دیکھنے والا - عوام فریب - ریاکار -
منفی بافی - ریاکاری -
مُنقاد - فرمانبردار - مطیع -
مِنقار - چونچ -
منقار زیر پر - خاموش - چُپ -
مَنقبت - صحابہ کبار اور اہل بیت کی مدح -
مُنقبِض - سکڑا ہوا - سمٹا ہوا -
مُنقّح - پاک شدہ - صاف شدہ -
مُنقرِض - کترا ہوا - کٹا ہوا -
مُنقرض کردن - تہ و بالا کرنا - زیر و زبر کرنا -
منقسم شدن - تقسیم کیے جانا -
منقصت یافتن - گھاٹا کھانا -
منقّط - نقطہ دار
منقطع شدن - جدا ہونا - کٹ جانا -
منقطع ساختن - رجوع بہ ماقبل
منقضی شدن - میعاد گزر جانا -

رمیعاد کا ختم ہو جانا
مِنقل - انگیٹھی -
منقلب بودن - بحال بے حال ہونا - اُلٹ جانا - دگرگوں ہونا -
منقلب کردن - دگرگوں کرنا -
منقوش - نقش شدہ
منقوط - نقطہ دار -
منقوطہ - رجوع بہ ماقبل
منقول - نقل کیے جانا - روایت شدہ کسی قول کو دہرانا - نیز وہ جائداد جو ایک جگہ سے دُوسری جگہ پر لے جائی جا سکے -
منقولات - قابل نقل چیزیں -
منقولہ - جائداد جو نقل کی جا سکے -
مُنقی - پاک کرنے والا -
مُنکِر - انکار کرنے والا -
مُنکران - جمع بہ طریق فارسی
مُنکرین - " " عربی
مُنکر بودن - انکاری ہونا -
مُنکر شدن - انکار کر دینا - جیسے (منکر از ذاتِ بنی نتواں شدن)
مُنکسر - شکستہ - ٹوٹا ہوا -
مُنکسر المزاج - مسکین طبع -

مُنکشف - ظاہر کرنے والا - کھولنے والا - (مستور کا اُلٹ)
مَنکوب - بدبخت - آفت کا مارا - مُصیبت زدہ -
منکوحہ - نکاح کی ہوئی عورت - بیوی
من کہ می خواہم نُفتم تو ہم ہلو دادی - ادنگھتے کو ٹھیلتے کا بہانہ -
مَنگ - قمار - جوا - جمائی
منگ باختن - جوئے میں ہارنا -
منگ کشیدن - جمائی لینا -
مَنگل - رہزن -
منگولہ - ٹوپی کا پھندنا -
منگبا - جُواخانہ -
منگبا گر - قمار بازی
منگنہ کردن - سُوراخ کرنا -
من مُردہ جہان مُردہ - آپ مرے جگ پرلو - اپنی موت کا دن ہی قیامت کا دن سمجھئے
منم زدن - شیخی بگھارنا -
من مَن زدن - خودستائی کرنا - ڈینگیں مارنا -
من مست و تو دیوانہ ما را کہ برد خانہ - رب ملائی جوڑی - اک اندھا اور ایک کوڑھی

مِنوال - جولاہے کا نکلا جس کے گردا گرد کپڑا لپٹتا ہے - ۲ - دستور طریق -
منُوچہر - در اصل لفظ ہے مینوچہر یعنی بہشت رُو - مراد خوبصورت نیز نام ہے ایک ایرانی بادشاہ کا - جو فریدوں کے بعد تخت پر بیٹھا -
مُنوّر - روشن - نورانی -
مُنوّر فکر - روشن ذہن - بیدار مغز -
منوّرہ - نورانی اور نور افشاں - (جیسے مدینہ منوّرہ)
مَنّ و سلویٰ - حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کا کھاجا - مَن ایک خوردنی کا نام اور سلویٰ ایک جانور کا نام - یہ جانور حضرت موسیٰؑ کے گرد ہزاروں کی تعداد میں جمع ہو جاتے - شام کے اندھیرے میں لوگ انہیں پکڑ کر کباب بنا کر کھا جاتے -
منُوط - منحصر -
منہا - حساب کتاب سے گھٹایا ہوا -
منہا کردن - تفریق کرنا -
منہاج - راہ، سڑک، راہ ورسم، رویہ -

مَنہج - رجوع بہ ماقبل -
مُنہدم - ویران شدہ - گرائی ہوئی عمارت -
مُنہزم - شکست خوردہ - ہزیمت یافتہ -
مَن ہم زنم پائم را شکستہ - کہتے ہیں مولوی صاحب نے مسجد میں وعظ کرتے ہوئے مجمع سے کہا - کہ جو لوگ تم میں سے اپنی بیویوں سے خوش ہیں - وہ بیٹھے رہیں - اور باقی کھڑے ہو جاؤ - دیکھتے ہی دیکھتے سب لوگ کھڑے ہو گئے، سوائے ایک آدمی کے جو بیٹھا رہا - مولوی صاحب نے کہا کہ ایک خوش نصیب انسان ہے جو اپنی بیوی سے خوش ہے - مگر اس نے بات کاٹ کر کہا کہ نہیں مولوی صاحب یوں نہیں - در اصل میں اُٹھنے سے معذور ہوں - کیونکہ بیوی نے مار کر میری ٹانگ توڑ دی ہوئی ہے -
مُنہمک - کسی کام میں غرق -
مُنہیات - منع شدہ چیزیں یا باتیں -
مُنہی - مخبر - جاسوس -

مَنِیّت۔ رجوع منم زدن۔
مُنیر۔ نورانی۔ نور دینے والا۔ خوبصورت۔
مُنیرہ۔ زنِ زیبا۔ سفید رُو۔ چٹی گوری
مَنیژہ۔ افراسیاب کی بیٹی کا نام جو شاہنامۂ فردوسی کے مطابق گیو کے بیٹے بیژن سے عشق میں مُبتلا ہو کر اسے اپنے ہاں لے گئی تھی۔ افراسیاب نے بیژن کو ایک کنوئیں میں قید کر دیا تھا۔ جسے پھر رُستم نے آ کر رہائی دلائی۔
مَنیع۔ بالا۔ مضبوط۔ مُحکم۔

م - و

مُو۔ بال۔ درز۔ شگاف۔ مثلاً موی سرم سفید شد۔ میرے سر کے بال سفید ہو گئے۔ اور این لشقاب چینی مُو دارد چینی کی اس پلیٹ میں بال آ گیا ہے،
مواثیق۔ میثاق کی جمع۔ عہدنامے عہد و پیمان۔ پیکٹ۔
مَوّاج۔ موج زن۔ ٹھاٹھیں مارتا ہوا
مَواجِب۔ ماہوار تنخواہ۔ وظیفہ مشاہرہ۔
مواجب خور۔ پنشن یا وظیفہ لینے والا۔
مواجہ۔ روبرُو۔ آمنے سامنے۔
مواجہ شدن } روبرو ہونا۔
مواجہ گردیدن } دوچار ہونا۔ مقابل اور سامنے ہونا۔
مُؤاخاۃ۔ باہمی بھائی چارہ۔ کسی کو بھائی بنانا۔
موآد۔ مادہ کی جمع۔ مادے۔ اصل۔ سامان۔
موادِ خام۔ حاصلِ زمین۔ زمینی پیداوار۔
مَوارِد۔ مواقع۔ مناسب اوقات
مُوارِیث۔ جمع میراث کی۔
مُوازات۔ برابری۔ مقابلہ۔ رُوبرو
موازن۔ ہم وزن۔ ہم پلہ۔ برابر۔
مُوازنہ۔ ہم وزن کرنا یا ہم
مُوازِی۔ برابر۔ مقابل۔ ہم قیمت نیز بطور اسم ردیف استعمال ہوتا ہے۔ "آنے" سے پہلے تا موازی ہشت آنہ جیسے روپے سے پہلے مبلغ آتا ہے۔

مُوازین۔ میزان کی جمع۔ ترازو۔
موازینِ شرعی۔ دینی مسائل و احکام
مواسات۔ باہم مدد کرنا۔ غمخواری کرنا
مَواشی۔ چوپائے۔
مُواصلت۔ مِل جانا۔ مِلنا۔
مَواضع۔ موضع کی جمع۔ جگہیں۔
مَواطِن۔ وطن۔ جنم بھومی۔
مُواظِب۔ ہوشیار۔ خبردار۔ دیکھ بھال کرنے والا۔ چوکنّا۔ متوجّہ۔
مواظِب باش۔ چوکنّا۔ محتاط رہ۔
مواظبت۔ التفات۔ دیکھ بھال نگہبانی۔ نگرانی۔ توجّہ۔ احتیاط۔
مواظبت کردن۔ حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرنا۔
مَواعِظ۔ موعظہ کی جمع۔ وعظ و نصیحت پند و اندرز و نصائح۔
مواعِید۔ ۱۔ موعود کی جمع۔ وعدے ۲۔ میعاد۔
مواعید عرقوبی۔ بے بنیاد وعدے
موافق بودن } ہم رائے ہونا۔
موافق شدن } متفق ہونا۔
موافقت کردن } اتفاق و موافقت
موافقت داشتن } اور مطابقت رکھنا یا کرنا۔
مَواقِف۔ موقف کی جمع۔ ٹھہرنے کی جگہ۔
مَواکِب۔ موکب کی جمع سواریاں۔ یا سواروں کا گروہ۔ سوار دل کے رسالے۔
مُوالات۔ باہم دوست ہونا۔
موالی۔ مولیٰ کی جمع۔ سرداران۔ آقایان۔ دوست۔
مَوالید۔ مولود کی جمع۔ پیدا شدہ اشیاء
موالیدِ ثلاثہ } حیوانات۔ جمادات
موالیدِ سہ گانہ } اور نباتات۔
موانست۔ باہم اُنس ہونا۔
موانع۔ مانع کی جمع۔ رکاوٹیں۔
مَوانع ایجاد کردن۔ کسی کی راہ میں رکاوٹیں پیدا کرنا۔
مَوانع رفع کردن۔ مشکلات اور رکاوٹوں کو دُور کرنا۔
مَواہِب۔ موہبت کی جمع بخشش۔
مُوباف۔ چوٹی۔ عورتوں کی چوٹی بنانے والی عورت۔
مُوبد۔ آتش پرستوں کا دینی پیشوا۔
مُوبدِ موبدان۔ زرتشتیوں کا سب

سے بڑا دینی پیشوا۔
مُوازِ ماست کشیدن ۔ ۱۔ نہایت دقیق النظری سے کام لینا۔ ۲۔ بال کی کھال کھینچنا۔
مُو بر تن راست شدن ۔ ڈر، وحشت یا خوف کے مارے رونگٹے کھڑے ہونا۔
مُولائی درز چیزی نرفتن ۔ کوئی گنجایش نہ ہونا۔
مُو بہ مُو ۔ ہو بہو۔
مُو تاب ۔ بالوں کو تاب دینے والا۔
مُو تراش ۔ اُسترا۔
مُوتوا قبل اَن تموتوا ۔ مرنے سے پہلے مر جاؤ۔
ع
مٹا دو اپنی ہستی کو اگر کچھ مرتبہ چاہو۔
مُوٹور ۔ موٹر۔ انجن
مُؤثّر ۔ تاثیر کرنے والا۔
مُوثّق ۔ مضبوط۔ استوار
مَوج ۔ پانی کی لہر۔
مُوجبات ۔ علل و اسباب مقاصد
موج خیز ۔ موجدار۔
مُوجد ۔ ایجاد کرنے والا۔
مُوجر ۔ کرایہ پر دینے والا۔
موج زدن ۔ ٹھاٹھیں مارنا۔
مُوجز ۔ مختصر کرنا۔
موج زن ۔ ٹھاٹھیں مارتا ہوا۔
موج شکن ۔ وہ مضبوط بند جو ساحل سمندر پر سمندری موجوں اور لہروں کو روکتا ہے۔
موجودات ۔ کائنات میں موجود چیزیں۔ عالم وجود میں آیا ہوا۔
موجہ ۔ عمدہ۔ معقول۔
موجہانہ ۔ معقول۔ مدلل
موچ ۔ بوسہ۔
موچ کشیدن ۔ بوسہ مانگنا۔ معشوق کو چومنا چاہنا۔
مُوچینہ ۔ عرف عام میں موچنہ جس سے بال کھینچتے ہیں۔
مُوحّد ۔ توحید کا قائل۔
مُوحِش ۔ وحشت میں ڈالنے والا۔
مُؤخّر الذکر ۔ بعد میں ذکر کیا گیا۔
مُؤدِّب ۔ ادب سکھانے والا۔ اُستاد
مُؤدَّب ۔ باادب۔
مُودّت ۔ دوستی۔ محبت۔
مودّت آمیز ۔ مہر انگیز محبت آمیز۔

مُودر آسیا سفید شدن - بالکل ناتجربہ کار اور اناڑی ہونا -
مؤدّی - ادا کرنے والا - ٹیکس دینے والا -
موذّن - اذان دینے والا -
موذن تسبیح - تسبیح کا امام -
موذن میخوارگان - مُرغ -
موذی - ایذا دینے والا -
مُور }
موری } چیونٹی
(میازار موری کہ دانہ کش است
کہ جان دارد و جانِ شیرین خوش است)
مُورّب - ترچھا - ٹیڑھا -
مُورِث - وہ مرنے والا جو وارث اور مال چھوڑ جائے -
مُورثِ اعلیٰ - کسی خاندان کا وہ بزرگ جس کی وراثت خاندان میں تقسیم ہو -
مُورچال - بہ جوع مورچہ -
مُورچانہ - زنگ
مورچہ - ۱- چھوٹی سی چیونٹی - ۲- زنگ - ۳- ضعیف -
مور درخانۂ خود حکم سلیمان دارد - اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے -
مؤرّخ - تاریخ لکھنے والا -
مورخان } جمع بطریق فارسی -
مورخین } " " عربی -
مَورد - مخصوص موقع - مناسب مقام یا مناسب وقت -
موردِ تصویب قرار گرفتن - منظور کیے جانا -
موردِ تعقیب واقع شدن - کسی کا چالان کیے جانا -
موردِ خشمِ کسی گردیدن - کسی کے زیرِ عتاب آنا -
موردِ قبول شدن - منظور کیے جانا یا شرفِ قبولیت پانا -
موردِ مطالعہ قرار دادن - مطالعہ کے لائق سمجھنا -
موردِ معافیت - قابلِ عفو - لائق درگذر
موردِ ثی بودن - وہ چیز جو وراثت میں ملے -
مورُود - وارد شدہ -
مُوریانہ - دیمک -
مُوز - کیلا -

موزون - وزن شدہ - جچا تلا ہوا۔
پسندیدہ - مناسب۔
موزونیت - پسندیدگی - بہتی عمدگی
موزہ - ۱- جراب - ۲- بوٹ - ۳-
عجائب گھر۔
موزہ نہادن - ترک سفر کرنا۔
موزیک - موسیقی۔
موسیس - بنیاد ڈالنے والی۔
موسم گل باغبان کر است - بہار
یا پھولوں کے موسم میں باغبان
کسی کی نہیں سنتا - یہ محاورہ عموماً
اس وقت بولتے ہیں - جب کسی
آدمی کو اچانک دولت مل جائے
اور وہ دولت کے نشہ میں اپنے
عزیزوں سے ملنا بھی ترک کر دے
موسوم - ۱- نام رکھا گیا - ۲- نشان دیا گیا
موس موس کردن - بڑبڑانا۔
موسہ - نکٹائی - گلوبند
موسسہ - ادارہ - محکمہ۔
موسیقی - راگ - ساز و آوازہ۔
موسیو - مسٹر - جناب۔
موش - چوہا۔
موش آب کشیدہ - بھیگا ہوا - تر بتر

موش از دہلیش بلغور می وزدد -
انتہائی نحیف و نزار اور ضعیف جو
منہ پر سے مکھی اڑانے کی سکت
نہ رکھتا ہو۔
موش این جا بالعصا راہ می رود۔
انتہائی حزم و احتیاط سے کام لینا
قدم پھونک پھونک کر رکھنا۔
موش خرما - نیولا۔
موش کور - ۱- چھچھوندر - ۲- چمگادڑ۔
موش مردہ - بے جرأت - ڈرا ہوا۔
موش مردہ شدن - ساکت ہونا۔
خاموش ہونا۔
موشک دواندن - کام میں
رکاوٹیں پیدا کرنا۔
موش گیر - پنجرہ چوہوں کے پکڑنے کا
موصف - وصف کرنے والا۔
موصوف - جس کا وصف کیا گیا۔
موصی - وصیت کرنے والا۔
موضوع بحث - جس موضوع پر
سخن آرائی کی جائے۔
موطن - اصلی وطن - ابنا دیس۔
موطن اصلی - جنم بھومی۔
موطن اجدادی - آباؤ اجداد کا وطن۔

موظف - جس کے سپرد کوئی خاص
ذمہ داری کی گئی ہو۔
موظف بودن } رجوع
موظف شدن } بہ ماقبل
موظف کردن - کوئی ڈیوٹی لگانا۔
کوئی ذمہ داری سونپنا۔
موظفان - جمع ہے بطریق فارسی
موظفین - " " " عربی
موعد - وعدے کی جگہ - وعدے کا وقت
موعد دادن - وعدہ دینا - وچن دینا
موعد گرفتن - وعدہ لینا۔
موعود - وعدہ کیا گیا جس کا
وعدہ کیا جائے۔
موفق - توفیق یافتہ - کامیاب - کامران
موفق شدن - کامیاب ہونا۔
موفق ساختن - کامیاب کرانا یا بنانا
موفقیت - کامیابی۔
موفقیت بدست آوردن کامیابی
حاصل کرنا۔
موفقیت داشتن - رجوع بہ ماقبل
موفقیت یافتن - " "
موفور - کثیر - وافر - زیادہ۔
موقت - مدت دار۔

موقتی - عارضی - وقتی -
(زن موقتی - عارضی بیوی بیٹھ والی)
موقر - با وقار - حلیم - بردبار۔
موقر بودن - با وقار ہونا -
موقر شدن - رجوع بہ ماقبل -
موقع - ہنگامہ۔
موقع شناس - دانا - باہوش آدمی
موقع شناسی - ہشیاری - دانائی -
موقعیت - موقع مناسب۔
موقف - ٹھہرنے کی جگہ - مقام -
موقن - یقین کرنے والا - مطمئن -
موقوف شدن - ترک کئے جانا -
ہٹا دیئے جانا۔
موقوف کردن - ترک کردینا - ہٹا دینا۔
موقوفات - وقف شدہ املاک۔
موقوفہ - وقف شدہ -
موکب - امرا یا شاہانہ سواری کے
آگے پیچھے چلنے دار سوار۔
موکب شاہی } شاہی سواری -
موکب ہمایونی } بادشاہ کا شاہانہ
ٹھاٹھ باٹھ سے چلنا (ان سٹیٹ)
موکِد - تاکید کرنے والا۔
موکَد - تاکید کیا گیا - پرزور۔

مُوکِّل - وکیل کرنے والا۔
موکلان - جمع بطریق فارسی
موکلین - " " عربی
موکول - التوا میں ڈالا گیا۔
موکول شدن - ملتوی ہونا۔
موکول کردن - ملتوی کرنا۔
مُولا - خسیس - لئیم۔
مُول - زنِ دل رُبا - حسینہ۔
مولیٰ - آقا - مددگار - صاحب۔
خداوند - رفیق۔
مولِد - جائے ولادت - جنم بھومی۔
نیز روزِ ولادت۔
مُولِع - راغب - حریص۔
مُولِم - دردناک - درد آور۔
مَولُود - جنا ہوا - نوزائیدہ۔
مولودِ مسعود - خوش بخت بچہ۔
مَولوی - ۱ - منسوب بہ مولائے متقیان
۲ - جلال الدین محمد بلخی المعروف
مولوی یا مولانا رُوم ؎
(مثنوی معنوی مولوی
ہست قرآں در زبان پہلوی)
مولیدن - دیر کرنا - تاخیر کرنا۔
موم نبودن - موم کی ناک ہونا - جس
طرف موڑو - مُڑ جائے - مراد بالکل
مطیع اور فرمانبردار۔
موم شدن - کان دھر کر بات سننا۔
مطیع اور فرمانبردار ہونا۔
مومیا - سلاجیت - چیکنے والا مادّہ
مومیائی } جو پہاڑوں اور غاروں کی
کھوہوں میں پانی کے ٹپکنے سے پتھروں
پر پیدا ہوتا ہے - جوگی اور سنیاسی اور
شکاری لوگ اُسے اکٹھا کر لیتے ہیں۔
بہت کمیاب چیز ہے - اس لئے
تحفتہً دیتے ہیں - ٹوٹی ہوئی ہڈیوں
کے جوڑنے کے لئے بہت مفید ہے۔
ع - (مومیائی کی گدائی سے تو بہتر ہے شکست)
ع - (شکستہ استخواں داند بہای مومیائی را)
مومیائی کی صحیح قدر و قیمت کسی شکستہ
استخواں سے پوچھو۔
مونث - مادہ - عورت۔
مُونِس - انس کرنے والا - ہمدرد۔
رفیق۔
مُوہِب - ہبہ کرنے والا - بخشنے والا۔
مَوہِبت - بخشش - عطا - عطیہ۔
موہبت الٰہی - بخشش خداوندی۔
خداداد۔

موہُوب - ہبہ کیا گیا۔
موہوب لہٗ - ہبہ گیر۔ جس کے نام پر ہبہ کیا جائے۔
موہوبہ - جو چیز ہبہ کی جائے۔
موہوم - وہم کیا گیا۔ وہمی۔
موہومات - امور وہمی۔
موہوم پرست - توہم پرست۔
موہوم شدن - ذلیل وخوار ہونا۔ رسوا ہونا۔
مُوی - بال۔ تار۔
موی از خمیر کشیدن - کسی کام کا نہایت ہی آسان ہونا۔ جیسے گوندھے ہوئے آٹے سے بال بہ آسانی کھینچ لیتے ہیں۔
مُوی دماغ کسی شدن - کسی کی ناک کا بال ہونا۔ کسی امیر کا مصاحب خاص بننا۔
موی را جوال کردن - بات کا بتنگڑ بنانا۔ رائی کا پہاڑ بنانا۔
موی را طناب کردن - رجوع بہ تبل
موی راہفت بخش کردن - ۱۔ بال کی کھال کھینچنا۔ ۲۔ چڑیا کی چونچ اور چودھواں حصّہ۔

مُوی سر را درست کردن - بال سنوارنا۔ بالوں کو کنگھی کرنا۔
مُوئش را آتش زدند - ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کسی کا ذکر ہو رہا ہو اور وہ اچانک دفعتہً آ نکلے۔
مُوی عزرائیل بہ تن - نہایت ہی ڈراؤنا اور بھیانک۔
مؤید - تائید کرنے والا۔
موی دماغ - رجوع بہ موی دماغ کسی۔
مَویز - خشک انگور۔ دھوپ میں سکھائی ہوئی کشمش۔
مویہ - نوحہ۔ گریہ۔ زاری۔
مویہیدن - نوحہ کرنا۔ رونا۔

مہ - ہ

مَہ - مخفف ماہ۔ چاند۔ جیسے مہرُو۔
مِہ - کہُر۔
مِہ - بزرگ۔ بڑا۔ خوب (بہتر)
مَہ آلود - کہُر آلود۔
مَہابَت - ہیبت۔ وحشت۔ خوف
مُہاجِر - ہجرت کرنے والا۔ ترکِ وطن

کرنے والا۔ خدا کی راہ میں گھر بار۔ چھوڑ کر کسی اور جگہ چلے جانے والا۔
مہاجران م جمع بطریق فارسی
مہاجرین م ٫٫ ٫٫ عربی
مہاجرت۔ خدا کی راہ میں ترکِ وطن کرنا۔
مہاجر نشین۔ وہ جگہ جہاں پناہ گیروں کی رہائش ہو۔
مہاجم۔ حملہ آور۔
مہاجمین۔ جمع ہے مہاجم کی۔
مُہار۔ نکیل۔
مہار کردن۔ ۱۔ نکیل ڈالنا۔ دریا کے کنارے سد یا بند باندھنا۔
مہارت پیدا کردن۔ مہارت پیدا کرنا۔
مہارت داشتن۔ ماہر ہونا۔
مہار گُسستہ۔ لگام گسیختہ۔ سرکش خود سر۔ نافرمان۔
مہاری۔ چارپایوں کی لگام۔
مہالک۔ خطرات۔ ہلاکت جگہ۔
مہام۔ مہم کی جمع۔ اہم کام۔
مِہان۔ مہ کی جمع۔ بزرگ لوگ سردار لوگ۔

مہبّ۔ ہوا کے چلنے کی جگہ۔
مہبط۔ جائے نزول۔ اترنے کی جگہ۔ فرودگاہ۔
مہبطِ جبریل } حضرت جبریل
مہبطِ وحی } علیہ السلام کے وحی لیکر اترنے کی جگہ۔
مہتاب بودن۔ چاندنی کا ہونا۔
مہتابی۔ ۱۔ چاندنی ۔۲۔ بغیر چھت کے ایوان۔
مہتاب نشدن۔ چاند کا بادل سے باہر نکل آنا۔
مہتاب بگز پیمودن۔ ۱۔ بیہودہ کام کرنا۔ ۲۔ محال کام کرنا۔
مہتاب را بگِل اندودن۔ کسی کھلی حقیقت کو چھپانے کی کوشش کرنا۔
مہتاب و کتان۔ دو متضاد چیزیں۔ دو جمع نشدنی۔ کہتے ہیں کہ کتان چاند کی چاندنی میں پھٹ جاتا ہے۔
مُہتدی۔ ہدایت شدہ۔
مِہتر۔ بہت بڑا۔ بزرگ تر۔
مِہتران۔ جمع ہے مہتر کی۔
مِہتر۔ سائیس۔
مِہتری کردن۔ سرپرستی کرنا۔

مہ جبین۔ جبین و خوب صورت
مہجور۔ ہجر زدہ۔ ہجرت کردہ۔ وطن اور عزیزوں سے دور۔
مہجوری۔ دوری۔ جدائی۔
مہد۔ گہوارہ۔ پنگھوڑا۔
مہد علیا۔ اونچا گہوارہ مراد ملکہ غالبہ جو ولی عہد کی ماں ہو۔
مہد تمدن۔ تہذیب تمدن کا گہوارہ
مہدم۔ کالا کبوتر جس کی دُم سفید ہو۔
مہد مینائی۔ آسمان۔
مہدی۔ ہدایت شدہ۔
مہدی موعود۔ بارھویں امام کا نام جس کا ظہور ہنوز باقی ہے۔
مہذب۔ تہذیب سکھانے والا۔
مہذب۔ تہذیب یافتہ۔
مہذب الاخلاق۔ خوش اخلاق۔
مہر } حق مہر۔ کابنیہ
مہریہ }
مہر بستن۔ حق مہر باندھنا۔
مہر۔ ۱۔ اشرفی۔ ۲۔ بتیز نام کی سیل۔ ۳۔ نگین۔ ۴۔ خاتم۔
مہر دار۔ خزانے کی یا شاہی مہر کے رکھنے والا۔

مہر شدن۔ مہر لگ جانا۔ خاموش ہو جانا۔
مہر و موم کردن۔ گھر یا مکان کا سیل کیے جانا۔
مہر۔ محبت۔ الفت۔ پیار۔ نیز سورج آفتاب۔ ساتویں ایرانی شمسی مہینے کا نام۔
مہر انگیز۔ محبت آور۔ محبت آمیز۔
مہراس۔ ہاون۔ چٹو۔
مہران۔ ۱۔ ایک بادشاہ کا نام۔ ۲۔ ایک دریا کا نام۔
مہر آوردن۔ مہر انگیزی۔ رحم کرنا۔
مہربان بودن۔ دوست و ہمدرد ہونا۔ نوازش کرنا۔
مہربانی مہربانی آرد۔ دل کو دل سے راہ ہوتا ہے۔
مہر برداشتن } مہر توڑنا کسی کو
مہر شکستن } مہر زدہ چیز کو کھولنا۔
مہرجان۔ معرب ہے مہرگان کا۔ رجوع بہ مہرگان۔
مہرخاوران۔ مراد ہے مشہور و معروف شاعر انوری سے جو خاوران کا رہنے والا تھا اور اسی نسبت سے پہلے خاوری

تخلص کرتا تھا۔ جسے بعد میں انوری سے بدل دیا۔
مہر دہان ۔ خموشی۔ چُپ۔
مہر گیاہ ۔ (موہنی) ایک قسم کی گھاس جس کے متعلق مشہور ہے کہ جس کے پاس ہو دوسروں کا دل خواہ مخواہ اس کی طرف کھنچتا ہے جسے ہم عرفِ عام میں گیدڑ سنگھی بھی کہتے ہیں۔
مہر گیاہ دارد ۔ ۱۔ اس کی آنکھ میں موہنی ہے۔ ۲۔ یا اس کے پاس تو گیدڑ سنگھی ہے۔
مہرگان ۔ مہر ماہ کی سولہ تاریخ کو پارسیوں کے بڑے جشن کا دِن ہوتا ہے۔
مہر گیتی افروز ۔ آفتاب۔ سورج۔
مہر ماہ ۔ شمسی کیلنڈر کا ساتواں مہینہ۔
مہرم حلال و جانم آزاد ۔ جب کوئی عورت اپنے خاوند سے بالکل تنگ آجائے تو وہ کہتی ہے کہ میں نے حق مہر نہیں معاف کیا۔ میری جان چھوڑ دو۔
مُہرِ نبوت ۔ وہ نقش مبارک جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے کندھوں پر تھا۔
مُہر نہادن ۔ مُہر لگانا۔
مِہر ورزیدن ۔ محبت کرنا۔ نوازش کرنا۔
مُہرہ ۔ ۱۔ سیپ کا گھونگا۔ ۲۔ کوڑی۔ ۳۔ پیٹھ کی ہڈی کا منکا۔ ۴۔ سانپ کا منکا۔ ۵۔ کانچ یا پتھر کا منکا۔ تسبیح کا منکا۔
مُہرہ نرد ۔ شطرنج کا مہرہ۔
مُہرہ از کف برون افگندن ۔ بازی ہار جانا۔ شکست مان لینا۔ جیتے ہوئے مُہرے ہاتھ سے پھینکنے کا مطلب اعتراف شکست ہے۔
مہرہ ہای سیمابی ۔ ستارے۔
مہرہ ہای فلک ۔ رجوع بہ ماقبل۔
مہرہ باز ۔ مداری۔
مہرہ بازی ۔ شعبدہ بازی۔ مداری کا کھیل۔
مہرہ در ششدر بودن ۔ قید ہونا۔ عاجز ہونا۔
مہرہ در طاؤس انداختن ۔ خبردار کرنا۔ آگاہ کرنا۔
مہرۂ زر ۔ سورج۔
مہرۂ سفید ۔ ناقوس۔ سنکھ۔

مہرۂ سیمابی۔ چاند
مہرہ زدن۔ کاغذ یا پتھر کو مہرے
سے صاف کرنا۔ اور چکنا کرنا۔
مہرۂ کہربا۔ زرد رنگ کا منکا۔ جسے
گھاس کے تنکے کے پاس کریں۔
تو وہ اُسے اپنی طرف کھینچ لیتا ہے
جیسے کہ مقناطیس لوہے کو۔
مہرہ گلبن۔ زمین۔ کرۂ خاک
مہرہ لاجورد۔ آسمان۔
مہرۂ مار۔ سانپ کا منکا، جو اُس کے
زہر کا تریاق ہوتا ہے۔ نیز کہتے
ہیں کہ جس کے پاس ہو یہ بھی مہر
گیاہ کا سا اثر رکھتا ہے ؎
گیرم کہ مار چوبہ کند تن بشکل مار
کو زہر بہر دشمن و کو مہرہ بہر دوست)
مہرۂ نماز۔ خاک شفا کا وہ مہرہ جو
بعض لوگ نماز کے وقت پیشانی
تلے رکھتے ہیں۔
مہِ کنعان۔ حضرت یوسف علیہ السلام
مہل۔ دیر۔ تاخیر۔ نیز فعل نہی از
مصدر ہلیدن۔
مُہلت۔ تاخیر۔ فرصت۔ دیر۔
مہلت خواستن۔ مہلت مانگنا۔

مہلت دادن۔ مہلت دینا۔
مہلتی بایست تا خون شیر شد ع۔
(آہ کو چاہیئے اک عمر رسا ہونے تک)
مُہلک۔ ہلاک کرنے والا۔
مہلکات۔ ہلاک کرنیوالی چیزیں۔
مُہم۔ اہم کام۔ کٹھن کام۔
مُہمّات۔ مہم کی جمع۔ اُمور عظیم۔
مہماتِ ارتش۔ آلات جنگ۔
مہماز۔ رجوع بہ مہمیز۔
مہمان خانہ۔ لنگر خانہ۔ مہمان کے
اُترنے کی جگہ۔
مہمانِ حبیب خدا است۔ مہمان
گھر والوں کے لیے باعث برکت و
رحمت ہوتا ہے۔
مہمان خرِ صاحب خانہ است
مہمان کو میزبان جو چاہے کھلائے
پلائے اس کی مرضی پر منحصر ہوتا ہے۔
مہمان دار۔ میزبان۔ یا مہمانوں
کی پذیرائی اور دیکھ بھال کرنیوالا۔
مہمان روزی خود را می آورد
ہر مہمان اپنی روزی ساتھ لے کر
آتا ہے۔ اس سے گھبرانا نہیں چاہیئے۔
مہمان عزیز است تا سہ روز۔

ایک دن مہمان دو دن مہمان تیسرے دن بلائے جان۔
مہمان مہمان را نمی تواں دید و صاحب خانہ ہر دو را۔ مہمان مہمان کو نہیں دیکھ سکتا اور صاحب خانہ دونوں سے بیزار ہوتا ہے۔
مہمان سرای۔ مہمانوں اور مسافروں کی پذیرائی کی جگہ۔
مہمان کہ یکی باشد پرایش گاؤ می کشند۔ مہمانوں کا بوجھ ہلکا ہو تو وہ بخوشی قابل تحمل ہوتا ہے۔ ایک آدھ مہمان کی خاطر تواضع خوب اور دل وجان سے کی جا سکتی ہے۔
مہمانی دادن۔ ضیافت دینا۔
مہمانی رفتن۔ دعوت پر جانا۔
مہمل۔ بے کار۔ بے معنی۔ بیہودہ۔ لغو۔ نکما۔ نکھٹو آدمی۔
مہملات۔ جمع ہے مہمل کی۔
مہمل بافی کردن۔ لغو اور بے ہودہ باتیں کرنا۔
مہموم۔ غمگین۔ اندوہناک۔
مہمیز۔ آہنی میخ جس کی نوک تیز ہوتی ہے اور سوار کی ایڑیوں سے بندھی ہوتی ہے جس سے گھوڑے کو تیز کرتا ہے۔
مُہنّا۔ خوش مزہ۔ خوش ذائقہ۔ خوش وخرم۔
مُہندس۔ ہندسہ دان۔ ماہر علم ہندسہ۔ انجنیئر۔
مہندسان۔ جمع بطریق فارسی۔
مہندسین۔ " " عربی۔
مہندس فلک۔ سورج۔
مہ وش۔ چاند کی مانند حسین
مہ وشان۔ جمع ہے مہ وش کی۔
مُہوّع۔ تہوّع آور۔ قے آور۔
مہی۔ سرداری۔ بزرگی۔
مہیا شدن۔ مہیا ہونا۔ موجود ہونا۔
مہیا کردن۔ مہیا کرنا۔
مہیا ساختن۔ رجوع بہ ماقبل۔
مُہیب۔ ہیبت ناک۔ خوفناک۔ ڈراونا اور بھیانک۔
مہیّج۔ ہیجان آور۔ برانگیختہ کرنے والا۔ اعصاب کو لرزا دینے والا۔
مُہیمن۔ خوف سے امان دینے والا۔ خداوند تعالیٰ کا صفاتی نام۔ نیز

یعنی نگہبان اور محافظ۔
مہین ۔کہین کا اُلٹ ۔بزرگ بڑا۔
مہین پور } پہاونی کا لڑکا۔
مہین فرزند } فرزند بزرگ

م ۔ ی

مَی ۔شراب۔بادہ۔
میادین۔میدان کی جمع۔
می آشام ۔شراب پینے والا۔
میّال ۔بہت مائل ہونے والا۔
می آلودہ کردن ۔ سُرخ ہونا۔
میامین ۔ میمنت کی جمع نیکیاں برکتیں ۔سعادتیں۔
مِیان۔ درمیان ۔ ع
(منرس ازبلای کہ شب درمیان است)
نیز تلوار کا غلاف ۔نیام ۔پٹکا۔
میان این وآں دلنشیں بودن ہر کسی کے نزدیک ہر دلعزیز ہونا۔
میان این وآن مونمی گنجد ۔ ان دونوں کے تعلقات کی کچھ نہ پوچھو وہ تو بالکل یک جان ہیں ان کے درمیان سے تو بال بھی نہیں گزر سکتا ۔کمل اتحاد اور مکمل یگانگت ۔یک جان دوقالب۔
میان بُر کردن ۔شارٹ کٹ کرنا۔
میان بستن ۔کمر باندھنا۔تیار ہونا۔
میان تہی ۔بے مغز۔کھوکھلا۔
میان جی ۔بیچ بچاؤ کرنے والا۔ ایلچی ۔قاصد۔
میانجی گری ۔ رجوع بہ ماقبل۔
میانجی می خورد اندر میان مشت گاہی یوں بھی ہوتا ہے کہ بیچ بچاؤ کرنے والے کو لڑائی سے اندر ایک دو گھونسے کھانے بھی پڑ جاتے ہیں۔
میان دعوی حلوی نمی بخشن کنند۔ لڑائی میں لڈو نہیں بٹا کرتے۔
میان دوابرو ۔جنون ۔
میان رو۔ اعتدال پسند۔
میانہ ۔ درمیان کا ۔منجھلا درمیان والا۔
میانہ داشتن ۔آمدورفت کا ہونا ۔کسی کے ہاں آنا جانا۔
میانہ رَو۔ رجوع بہ میان رو۔

میانہ روی - اعتدال پسندی۔
میانہ قابیان - حقّے کی نڑی - وہ حصّہ جو پانی میں ہوتا ہے۔
میان کلام تان شکر - جب کوئی آدمی کسی کی بات کاٹ کر بات کرتا ہے تو اس فقرے سے آغاز کرتا ہے۔
میان مسجد و میخانہ راہی است
درمیان کی راہ - بے تعصب راہ
می پختہ - پرانی شراب۔
می پرست - ہر وقت شراب پینے والا۔
می پرستی - بے تحاشا شراب نوشی۔
میثاق - ۱- عہد پیکیٹ - پیمان۔
۲- روزِ ازل جسے روزِ میثاق بھی کہتے ہیں - اور صرف میثاق بھی۔ جب تمام رُوحوں سے خدا نے پیمان لیا کہ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں اور سب رُوحوں نے اقرار کیا کہ ہاں تو ہمارا رب ہے۔
مئی چشم خروس - سُرخ شراب۔
میخ چشم - باعث آزار، تکلیف دہ۔
می خام - خالص شراب۔

میخانہ - شراب خانہ۔
میخوار - شراب خور۔
میخ قدم - اپاہج جو چل پھر نہ سکے۔
میخچک - ۱- تصغیر ہے میخ کی - ۲- لونگ - قرنفل - ۳- نیز ایک پھول کا نام ہے۔
میخ طویلہ - وہ بڑا کیلہ جس سے گھوڑوں کی پچھاڑیں باندھی جاتی ہے
میخکوب - پابرجا - استوار - محکم۔
میخکوب شدن - ایک ہی جگہ کا ہو کر رہ جانا۔
میخ کوبیدن - میخ گاڑنا۔
می خوش - کھٹ مٹھا - میٹھا بھی اور ترش مزہ بھی۔
میدان بسر آمدن - عمر کا تمام ہونا۔
میدان خاک - زمین۔
میدان دادن بکسی - کسی کو کام کرنے کی مہلت، موقع - اور اجازت دینا
میدان یافتن - موقع پانا۔
میدہ - سالار - باورچی
میر - مخفف امیر کا - سردار - حاکم۔ نیز مشہور و معروف شاعر میر تقی میر

کا تخلص ہے۔
میر۔ مُردن مصدر سے فعل امر۔
میرآب ۔ا۔ پانی کی تقسیم کرنے والا۔
۲۔ باغبان ۔۳۔ نیرک۔ امیرالبحر۔
میرآتش ۔ توپ خانہ کا داروغہ۔
میراث ۔ ترکہ۔ ورثہ۔ مُردے کا مال
جو وارثوں کو ملے۔
میراث بُر۔ وارث۔ مرے کے پیچھلے
میراث پدر خواہی ہنر پدر آموز
اگر باپ کی وراثت کی تمنا ہے۔
تو باپ کے صحیح جانشین بننے کی
کوشش کرو۔
میراث خور۔ رجوع بہ میراث بُر۔
میر اجل ۔ بہت بڑا امیر۔
میر آخور۔ داروغۂ اصطبل۔
میر اندن ۔ مروانا۔ یا کسی کی موت
کا حکم جاری کرنا۔
میر بخشی ۔ سب کی تنخواہ بانٹنے والا۔
میر حاج ۔ حاجیوں کا سالار و سردار
میر داد۔ قاضی القضاۃ چیف جسٹس۔
میرزا۔ اصل لفظ ہے زادۂ میر۔
اضافت مقلوب سے میر زادہ اور
پھر میرزا۔ یعنی نولیسندہ لکھنے
والے۔ سیکرٹری۔
میرزائی ۔ منشی گیری۔ دبیری۔
میرزا بنولیس ۔ ردنولیس۔ کلک۔
میر سامان ۔ خانساماں۔
میر شبگرد۔ کوتوال شہر جو رات کو
گشت لگاتا ہے۔
میر شکار۔ شکارگاہوں کی دیکھ بھال
کرنے والا۔ اور شکاریوں کا سردار۔
میر غضب ۔ جلّاد۔
میر مجلس ۔ صدر
میر میدان ۔ بہادر۔ دلیر۔ شجاع ۔
میر نج ہمیشہ و مرنجاں کس را ۔
جہاں تک ہوسکے کسی کو آزار نہ ہو۔
اور خود تکالیف برداشت کر لو۔
میرہ ۔ خواجہ ۔ بزرگ ۔
میر بہشت بہشت ۔ داروغۂ جنت
رضوان۔
میر ہفتمیں ۔ زحل ستارہ۔
میزاب ۔ پرنالہ۔
میزان ۔ترازو۔ تولنے کا کانٹا۔
۲۔ آسمان پر ایک برج کا نام۔
میزان الحرارت ۔ تھرمامیٹر۔ حرارت
معلوم کرنے کا آلہ۔

میزان باراں - بارش ناپنے کا آلہ۔
میزان موسم - موسم کا حال معلوم کرنے والا آلہ۔
میزان کردن - ۱- درست کرنا - ۲- مرتب کرنا۔
میز بازی - بیڈمنٹن وغیرہ سے کھیلنے کی میز۔
میزبان - صاحب میز۔ صاحب خانہ مہمان دار۔
میز تحریر - دفتری میز۔
میز غذا - کھانا کھانے والی میز۔ ڈائننگ ٹیبل۔
میز محاکمہ - عدالت کی وہ میز جس کے گرداگرد مدعی اور مدعا علیہ اور وکلا کھڑے ہوتے ہیں۔
می زدہ - سخت زیادہ شراب پینے والا جس زیادہ شراب خوری سے جس آدمی کی بھوک مرجائے۔
میزنی مبخوری جیسی کرنی ویسی بھرنی
میسر بودن } ہاتھ لگنا۔
میسر شدن } میسر ہونا۔
میسرہ - فوج کا بایاں بازو۔
میسور - ۱- آسان - ۲- نیز ایک ریاست کا نام جسے سلطان ٹیپو سے نسبت ہے
میش - بھیڑ۔
میش رانگرگ سپردن - چوری بلی اور چھیچھڑوں کی رکھوالی۔
میشی - منسوب بہ میش۔
میشینہ - رجوع ما قبل۔
میعاد - وعدے کا وقت۔ مقررہ وقت - وعدہ - اقرار۔
میعاد گاہ - ۱- وعدہ گاہ - ۲- جمع ہونے کی جگہ۔
میعان - پانی زمین سے پھوٹنا۔ جاری ہونا۔
میغ - بادل - ابر - گھٹا - کہر۔
میغ آلود - کہر آلود۔
میقات - ۱- وقت مقررہ وقت معین وقت - ۲- نیز حج کا احرام باندھنے کی جگہ۔
می کافور - کافوری شراب جس میں شراب کی تیزی کو کم کرنے کے لئے کافور ڈالا جائے۔
میکائیل - ایک فرشتے کا نام جو روزی کا موکل ہے۔
میکدہ - شراب خانہ۔

میکروسب - خوردبین۔
میکروب - جراثیم۔ چھوٹے چھوٹے کیڑے جو خوردبین سے دیکھے جا سکیں۔
میکش - شرابی۔
میگسار - رجوع بہ ماقبل۔
میگون - سُرخ رنگ۔
مِیل - موگری۔ مگدر جن سے پہلوان لوگ ورزش کرتے ہیں۔ نیز سلائی۔ جس سے سرمہ ڈالتے ہیں۔ سُرمچو۔ لوہے تانبے کی سلاخ۔ نیز میل ایک فاصلہ جو ۱۷۶۰ گز کا ہوتا ہے۔
مَیل - خواہش۔ تمنا۔ آرزو۔
میل داشتن - خواہش کرنا۔ مائل ہونا
میل کردن - رجوع بہ ماقبل۔
میل فرمودن - کھانا پینا تناول فرمانا
میل کشیدن - کسی کی آنکھوں میں سلائی پھروا کر اندھا کر دینا۔
میل سرمہ - سرمہ ڈالنے والی سلائی جسے عرف عام میں سُرمچو کہتے ہیں۔
مِیلاد - پیدا ہونے کا وقت یا جگہ۔

میلاد النبیؐ - حضور سرور کائنات آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی پیدائش کا دن
میلادِ مسیح - حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کا دن۔
میلادی - منسوب بہ سنِ سال عیسوی
میل در دیدہ کشیدن - رجوع کریں بہ میل کشیدن۔
میل کبریت فرنگی - ماچس کی دیا سلائی
میل گردان - مگدر پھیرنے والا۔
میلیارد - رجوع ملیارد۔
میلیون - رجوع بہ ملیون۔
میمنت - سعادت۔ برکت۔
میمنت لزوم - جس کے ساتھ سعادت و برکت لازمی ہو۔ بابرکت۔ باسعادت
میمند - افغانستان میں ایک قصبہ۔
میمندی - منسوب بہ میمند۔ (حسن میمندی)
میمنہ - فوج کا دایاں بازو۔
میمون - بندر۔ بوزنہ۔ بابرکت۔ مبارک یا یُمن۔ نیز ایک پھول کا نام ہے۔
(یاد یاراں یار را میمون بود)
دوست کے لیے دوست کا تذکرہ اور اس کی یاد بہت مبارک ہوتی ہے
میمون باز - بندر والا۔

میمون صفت ۔ زود رنج غصیل
ضدی ۔ ڈھیٹ اور سخت نقال ۔
میمون زشت تر بازی بیشتر ۔
جتنا کوئی زیادہ بدصورت اتنا ہی
زیادہ بناؤ سنگار کرتا ہے ۔
مینا ۔ لاجوردی ۔ آسمانی رنگ ۔
ایک پھول کا نام ۔ صراحی ۔ شراب
کا شیشہ ۔
مینائی ۔ لاجوردی ۔
مینا نور ۔ مرصع کاری ۔ نہایت باریک
نقش و نگار کرنا ۔
میناساز ۔ میناکاری کرنے والا ۔
میناکار ۔ جڑاؤ کام کرنے والا ۔
مینا رساعت ۔ گھنٹہ گھر ۔
مینو ۔ بہشت ۔ فردوس ۔ سبزہ زار
مینو چہر ۔ خوبصورت
مینو سرشت ۔ بہشتی خو ۔
مینو نشان ۔ بہشت کی مانند ۔
مینو وش ۔ چمن آسا ۔
مینوی ۔ بہشتی ۔
میو میو ۔ بلی کی میاؤں میاؤں ۔
میوہ ۔ پھل ۔
میوہ جات ۔ جمع ہے میوہ کی ۔

میوہ دادن ۔ درخت کا پھل دینا ۔
میوہ دار ۔ پھلدار ۔
میوۂ دل ۔ بیٹا ۔ فرزند عزیز ۔
میوہ رسیدہ ۔ پکا ہوا پھل ۔
میوہ زمیوہ رنگ گیرد ۔ خربوزے
کو خربوزہ دیکھ کر رنگ پکڑتا ہے
میوہ فروش ۔ نزدٹ بیچنے والا ۔
میوۂ کال ۔ کچا پھل جو ابھی کھانے
کے قابل نہ ہو ۔
میوہ کرمو ۔ وہ پھل جسے کیڑا لگ جائے
میوۂ نارس ۔ رجوع بہ میوۂ کال ۔
میہن ۔ جنم بھومی ۔ وطن ۔
میہن پرست ۔ وطن دوست ۔
میہن دوست ۔ وطن کا دلدادہ اور شیدا
میہن فروش ۔ وطن فروش ۔ غدار
۔ جو اپنے ذاتی مفاد کی خاطر وطن کے
مفاد کو بھینٹ چڑھا دے ۔

ن

ن ۔ علامت فعل نفی ۔ اور گاہے
فعل نہی ۔
نہ باید ۔

ن - ا

نا - نم - نری - (بوئی نا)
نا - علامت حاصل مصدر - جیسے فراخ نا ـــ فراخی - نیز حرف نفی جیسے نادرست - نادیدہ اور ناپسندیدہ
ناآزمودہ - بغیر دیکھے بھالے - ناتجربہ کار - اناڑی -
نااستوار - غیر محکم - سست بنیاد -
ناآشنا - جس سے جان پہچان نہ ہو -
ناامن - بدامنی - چوروں کا غار -
ناامید - بے آس - مایوس -
ناامیدی - مایوسی -
نااہل - نالائق - ناقابل -
نائم - خوابیدہ - سویا ہوا -
ناب - خالص - پاک -
ناباب - نامناسب - ناموزوں ناپسند
نابالغ - وہ عمر جو ابھی سن بلوغت کو نہ پہنچا ہو -
ناپایستہ - نازیبا - نالائق -
نابجا - نامناسب - بے جا - بے محل اور بے موقع -
نابخرد - بے وقوف - احمق -
نابخردی - حماقت -
نابرادر - سوتیلا بھائی -
نابریدہ - جس کا ابھی ختنہ نہ ہوا ہو -
نابسود - اَن چھدا - غیر استعمال شدہ
نابغہ - دارائی بنوع - (GENIUS)
نابکار - نکما نکھٹو - بے کار - نالائق کمینہ - بدکار -
نابل - تیر بنانے والا -
نابلد - ناواقف - اجنبی - بیگانہ - انجان اور اناڑی -
نابلد بودن - ناواقف ہونا -
نابود شدن - نیست ونابود ہونا -
نابود کردن - تباہ و برباد کرنا -
نابینا - اندھا - کور -
نابینا بودن - اندھا ہونا -
نابینا شدن - " -
نابینا کردن - اندھا کرنا -
ناپایدار - جسے دوام نہ ہو - غیر محکم -
ناپایداری - بے ثباتی - بودا پن -
ناپختہ - کچا - اناڑی - ناتجربہ کار -
ناپدر - سوتیلا باپ -
ناپدید - غائب

ناپرہیز - بدپرہیز۔
ناپرہیزی - بدپرہیزی۔
ناپسند - جو پسند نہ ہو۔
ناپسندیدہ - رجوع بہ ما قبل۔
ناپیدا - اوجھل۔ غائب۔
ناپیدا کنار - جس کا کنارا نظر نہ آئے
ناپسر - سوتیلا بیٹا۔
ناتراشیدہ - ان گھڑت۔ جاہل۔
بے ادب۔
ناتمام - ادھورا۔ ناقص۔
ناتکمل - خام۔ کچا۔
ناتندرست - بیمار۔ ناخوش۔
ناتو - خیانت کار۔ ناتوان۔
ناتو بودن - غلط کار ہونا۔ کمزور
و ناتوان ہونا۔
ناتوان - کمزور۔ سست۔ بے نوا۔
ناتوانی - ضعف و کمزوری۔
ناثر - نثر نگار۔
ناجائز - ناروا اور نامناسب۔
ناجنس - بدجنس۔ دوسری جنس کا۔
بے ادب۔ بدسرشت۔
ناجو - صنوبر کا درخت۔
ناجور - بے ترتیب۔ نامناسب بے قرینہ
بکھرا ہوا۔
ناجی - نجات دینے والا۔
ناچار - مجبور۔ عاجز۔ بے چارہ
ضروری۔ لابُد۔
ناچابک - سُست۔
ناچاق - دُبلا پتلا۔ ناساز طبع
اور بیمار۔
ناچخ - چھوٹا نیزہ۔
ناچیز - بے حقیقت۔ ادنیٰ۔ کمینہ۔
ناچیز بودن - بے ارزش اور
بے قیمت ہونا۔
ناحق - بے سبب۔ حق کے خلاف۔
نہ درست۔ ظلم۔
ناحیت - کنارہ۔ کونہ طرف۔
ناحیہ - آبادی کا ایک حصہ۔ کوچہ
طرف۔
ناخدا - خدائی نادر۔ ملاح۔ کشتی
کا مالک ہ
(خدا کشتی آنجا کہ خواہد بُرد
دگر ناخدا جامہ از تن درد)
ناخداترس - جسے خوفِ خدا نہ ہو۔
ناخلف - نااہل۔ نالائق۔ بدکار۔
ناخن آفتاب - آگ۔ سُورج کی کرن

ناخن بدل زدن - دل پر اثر کرنا۔
ناخن بدندان - انگشت بدنداں
ناخن بُر - قینچی
ناخن بسنگ آمدن مشکل پیش آنا۔
ناخن بلب گزیدن - ۱- پشیمان ہونا - ۲- حسرت و افسوس کرنا -
ناخن پیرا - ناخن اتارنے کا نہرنا -
نیز وہ آدمی جو ناخنوں کو درست کرے یا کاٹے -
ناخن خامہ - قلم کا نوک
ناخن خور - جسے ناخن کھانے - یا دانتوں سے کاٹنے کی بدعادت ہو
ناخن خشک - بخیل - خسیس - کنجوس - ضدی - ہٹیلا -
ناخنک - ناخن کی شکل کا وہ گوشت جو انگلیوں کے درمیان اُبھر آتا ہے
ناخنک زدن - چکھنے کے لیے چیزوں کو کھانا - خریدار چیز یا پھل خریدنے سے پہلے جو تھوڑا بہت چکھتے ہیں - جو کم خریداری یا نہ خریداری کے وقت دکاندار پر سخت گراں گزرتا ہے -
ناخن گیر - رجوع بہ ناخن پیرا -

ناخُنہ - آنکھوں میں گوشت کا اُبھر آنا -
ناخواستہ - بے طلب - بغیر مانگے نہ چاہا ہوا - یا بن بلایا -
ناخوان - جو پڑھا نہ جا سکے -
ناخواندہ - اَن پڑھ -
ناخواندہ مہمان - بن بلایا مہمان -
ناخواہ - رجوع بہ ناخواستہ -
ناخوش - بیمار - تھکا ہوا - سُست - مریض - بیزار -
(میں ناخوش و بیزار ہوں مرمر کی سلوں سے
میرے لیے مٹی کا حرم اور بنا دو)
ناخوش احوال - رنجیدہ - افسردہ حالات - جس کے حالات ناسازگار ہوں
ناخوش حال - بُرا حال - غمگین -
ناخوشی آمدن - بیماری کا آنا - وبا کا پھیل جانا -
نادار - جس کے پاس کچھ نہ ہو -
ناداری - غریبی - افلاس -
نادان - انجان - بے وقوف - احمق
نادانستہ - بغیر سوچے سمجھے -
نادانی - حماقت - بے وقوفی -
نادُختر - سوتیلی بیٹی -
نادر - کم و کمیاب -

نادرگ - شاذونادر۔ بہت کم ۔
کبھی کبھار۔
نادرہ - غیر معمولی۔ گراں بہا۔ نایاب ۔
نادرست - بدکار۔ ناتمام۔ جو
ٹھیک نہ ہو۔
نادرشاہ - ایران کا مشہور بادشاہ
جس نے محمد شاہ کے عہد حکومت
میں ہندوستان پر حملہ کیا۔ اور
دہلی میں قتل عام کیا۔ بہت سی
دولت اور تخت طاؤس ادھر سے
سمیٹ کر لے گیا۔
نادم - شرمندہ۔ پشیمان۔ خجل۔
نادم شدن - شرمندہ ہونا۔
نادی - ندا کرنے والا۔
نادیدنی - ناقابل دید۔
نادیدہ - ان دیکھا۔ ناپیدا۔ جیسے
رُوح یا ذات باری تعالی۔
نادیدہ گرفتن - کسی بات یا چیز
کو دیکھ کر بھی ان دیکھا کر دینا۔
نار - آگ۔ نیز مخفف انار کا۔
ناراحت - بے آرام۔ نیز وہ آدمی جو
دو آدمیوں کو آپس میں لڑا دے اپنے
کذب جھوٹ اور غیبت وغیرہ سے۔

ناراست - ٹیڑھا۔ غلط کار۔
نارین - انار کا درخت۔
نارپستان - گول اور سخت پستانوں
والی عورت جو کہ لٹکے ہوئے نہ ہوں۔
نارجیل } ناریل
نارگیل } "
نارخو - تندمزاج۔ نیز طبع۔
ناردان } انار دانہ
ناردانہ } "
نارس - کچا۔
نارسا - نہ پہنچنے والا۔ بے اثر ع
(زیادہ ہے نیم رس ابھی آہ نارسا ابھی)
نارسائی - نا باریابی
نارسیدہ - خام۔ کچا۔ نابالغ۔
نارگل - گل انار
نارنج - نارنگی۔ سنگترہ۔
نارنگ - رجوع بہ ماقبل۔
نارنجستان - سنگتروں کا باغ۔
نارنجک - بارُودی مادے کا گولہ۔
نارنگی - سنگترہ۔
ناروا - ناجائز۔
نارو بودن - خائن ہونا۔ بدعہد ہونا۔
ناروزدن - دھوکا دینا۔ بدعہدی کرنا۔

ناردن - ایک سایہ دار خوب صورت اور سیدھے قد کا درخت جسے عموماً محبوب کے قد سے تشبیہہ دیتے ہیں۔
ناری - آتشی۔ آگ کا۔ دوزخی۔ نیز جنّ۔
ناز - لاڈ۔ پیار۔ غمزہ۔ کرشمہ۔ نخرہ۔ اور ابرو سے اشارہ۔
نازا - بانجھ عورت جس کے بچہ نہ پیدا ہوتا ہو۔
نازا بودن } بانجھ اور عقیم
نازا شدن } ہونا۔
نازال - ناز کرنے والا۔
ناز بالش - نرم تکیہ۔
ناز بالین - رجوع بہ ماقبل۔
ناز پرور - جو دوسرے کو ناز و نعم میں پرورش کرے۔
ناز پرورده - ناز و نعمت میں پلا ہوا۔
ناز پری - بہرام گور کی ملکہ کا نام۔
نازش - لاڈ پیار۔ ناز و ادا۔
نازک - نرم۔ لطیف۔ دبلا۔ خوبصورت
نازک اندام - خوبصورت بدن والا۔
نازک بدن - رجوع بہ ماقبل۔
نازک خیال - شاعر۔ عارف ع۔
(بنام شاہد نازک خیالاں)
ناز کردن - اترانا۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔
ناز خریدن - کسی کا ناز نخرہ برداشت کرنا
ناز شست دادن - ہاتھ سے کئے ہوئے کام کی مزدوری دینا۔
ناز کشیدن - کسی کا ناز نخرہ برداشت کرنا۔
نازک کاری - ہنر ہائے زیبا۔
نازکش بودن - دل و جان سے فدا ہونا۔
نازک نارنجی - نازک دل۔ زود رنج۔ یا جو آدمی گرمی اور سردی کا اثر بہت جلدی قبول کرے۔ نیز شوخی اور مزاح سے بہت جلد تنگ آجانے والا۔
نازل - نیچے آنے والا۔ (صاعقہ کا الٹ)
نازل شدن - نیچے اترنا۔ فرشتوں کا آسمان سے زمین پر آنا۔ پیغمبروں پر کتابوں کا بذریعہ وحی اوپر سے نیچے آنا۔ نیز بارش کا آنا۔
نازنین - نازک اندام۔ لاڈ پیارا۔
نازیب - ناموزون۔
نازیبا - بدنما۔ زشت۔
نازیدن - ناز کرنا۔ اترانا۔
نازی و نازد - نخرے باز۔
ناژد - صنوبر کا درخت۔ کاج۔

ناس۔ انسان۔ اسم جمع (عوام الناس)
ناس۔ نسوار جو ناک میں لیتے ہیں یا چونہ ملا کر بعض کھاتے ہیں۔
ناساز۔ ناموافق۔ طبع کے مخالف۔
ناسازگار۔ ناموافق۔
ناسازگاری۔ ناموافقت۔ ضد۔ مخالفت
نا سازی۔ ناموافقت۔ مخالف۔
ناسپاس۔ ناشکرا۔ ناشکر گذار۔
ناسج۔ بُننے والا۔ جولاہا۔
ناسخ۔ منسوخ کرنے والا۔ باطل کرنے والا۔ مٹانے والا۔
ناسرہ۔ کھوٹا۔ ناخالص۔ بناوٹی جعلی
ناسزا۔ نازیبا۔ ناشائستہ۔ ناپسندیدہ
ناسزا گفتن۔ بُرا بھلا کہنا۔ سخت سست کہنا۔ لعنت ملامت کرنا۔
ناسُفتہ۔ اَن چھیدا۔ کنواری عورت
ناسفتگان۔ جمع ہے ناسفتہ کی۔
ناسق۔ ترتیب دینے والا۔ انتظام کرنے والا۔
ناسک۔ عابد۔ پارسا۔ زاہد۔
ناسکان۔ جمع ہے ناسک کی۔
ناسگالیدہ۔ بلا سوچے سمجھے۔
ناسوت۔ عالم اجسام۔ دُنیا۔
(لاہوت کا اُلٹ)
ناسُوتی۔ مادی۔ دنیاوی۔ منسوب بہ ناسوت۔
ناسُور۔ ہمیشہ بہنے والا زخم۔ وہ زخم جس میں پیپ پڑ جائے۔
ناسی۔ نسیان کا مارا۔ بھولنے والا۔
ناشاد۔ ناخوش۔ اداس۔ مغموم۔
ناشائستہ بودن۔ بد اسلوب ہونا۔ بے شعور ہونا۔
ناشائستگی۔ بدتہذیبی۔ بد اسلوبی۔
ناشایستہ۔ ناپسندیدہ۔ ناسزاوار۔
ناشتا۔ بھوکا ہونا۔ صبح سے کچھ نہ کھانا
ناشتا از منزل رفتن۔ صبح کچھ کھائے پئے بغیر گھر سے روانہ ہونا۔
ناشتا شکستن۔ تہاری کھانا۔ صبح کا ناشتا کرنا۔
ناشتائی خوردن۔ ناشتہ کھانا۔
ناشدنی۔ نہ ہونے کے لائق۔
ناشر۔ نشر کرنے والا۔ اوراق کو تقسیم کرنے والا۔
ناشرات۔ تیز ہوائیں جو بادلوں کو اِدھر اُدھر منتشر کر دیتی ہیں۔
ناشرہ۔ ناشر کی مونث۔

ناشز - عورت سے ناموافقت کرنے والا مرد۔
ناشزہ - مرد سے ناموافقت کرنیوالی عورت
ناشستہ رُو - بے آبرو۔
ناشکر کردن - حق ناشناسی۔
ناشکیب - بے صبر۔ بے قرار۔
(ای مرا تسکین جان ناشکیب
تو اگر از قفس جان گیری نصیب)
ناشکیبا بودن } بے صبر ہونا مضطر
ناشکیبا شدن } ہونا۔ رجوع بہ ناتیل
ناشکیبائی - بے صبری۔ بے قراری۔
ناشناخت - نا آشنا۔ انجان
ناشناس - جو پہچانتا نہ ہو۔ ع
(آہ ازاں معشوق عاشق ناشناس
افسوس ہے اس معشوق پر جو اپنے
چاہنے والے کو پہچانتا ہی نہ ہو)
ناشناسی - بے امتیازی۔
ناشنو - جو بات نہ سُنے
ناشنوا - رجوع بہ ناتیل۔
ناشی - تازہ کار۔ نوآموز۔ غیر ماہر۔
ناصاف - میلا کچیلا۔
ناصب - نصب کرنے والا۔
ناصح - نصیحت کرنے والا۔ ع

(حضرت ناصح گر آدیں دیدہ و دل فرش راہ)
ناصحان } جمع بہ طریق فارسی
ناصحین } " " عربی
ناصر - مددگار۔ یاور۔ صفت خداوندی ہے۔
ناصران } جمع بہ طریق فارسی
ناصرین } " " عربی
ناصرالدین شاہ قاچار - ایران کے مشہور قاچاری خاندان کا چھٹا بادشاہ جو تبریز میں پیدا ہوا۔
ناصرہ - ایک مشہور قصبے کا نام ہے۔ جہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سکونت تھی۔ لفظ نصاری اسی کی مناسبت سے تھا۔
ناصری - ناصرہ کا رہنے والا۔ یائے نسبتی
ناصف - نصف کرنے والا۔
ناصواب - نادرست۔ غلط۔ صواب کا اُلٹ ہے۔ ف
(ای خداوند صواب و ناصواب
من شدم از صحبت آدم خراب)
ناصواب بودن - غلط ونا درست ہونا۔
ناصواب دانستن - کسی چیز کو غلط سمجھنا۔

ناصیہ۔ پیشانی۔ ماتھا۔
ناصیہ فرسائی۔ ماتھا رگڑنا۔
ناطِق۔ صاحبِ نطق۔ بولنے والا۔ زبان دراز۔
ناطِقہ۔ قوتِ گویائی۔ قوتِ نطق گویائی کا وہ خاص ملکہ ہے جو صرف انسان میں ہے اور دیگر حیوانات میں نہیں۔ ع۔ (ناطقہ سر بگریباں کہ اسے کیا کہیئے)
ناطِقان } جمع ہے ناطق کی بطریق فارسی
ناطِقین } ″ ″ عربی
ناظِر۔ دیکھنے والا۔ نگہبان۔ صاحبِ نظر دربان۔ نگرانی کرنے والا۔
ناظِران۔ جمع بطریق فارسی
ناظِرین۔ ″ ″ عربی
ناظِر خرچ۔ روزانہ خرچ کا انتظام کرنے والا۔
ناظر الحربیہ۔ وزیر جنگ
ناظر الخارجیہ۔ وزیر خارجہ
ناظر الداخلیہ۔ ہوم منسٹر
ناظر المالیہ۔ وزیر مال۔
ناظر المدارس۔ انسپکٹر آف سکولز
ناظِم۔ ۱۔ انتظام کرنے والا۔ ۲۔ سپرنٹنڈنٹ۔

ناظمان۔ جمع بہ طریق فارسی
ناظمین۔ ″ ″ عربی
ناعِم۔ نرم۔ ملائم۔
ناغوک۔ ممٹی۔ بالکنی۔
ناغہ۔ بے کاری۔ غیر حاضری۔
ناف۔ ڈھنی۔ نال۔ ہر چیز کا وسط اور درمیان۔
نافِ ارض۔ مکہ معظمہ۔
ناف اُفتادن۔ ناف پڑ جانا۔ بہت زیادہ بوجھ اٹھانے کی وجہ سے تکلیف ہو جانا۔
ناف بریدن۔ نال کاٹنا۔
ناف خاک۔ ۱۔ مکہ معظمہ۔ ۲۔ گور۔ قبر۔
نافِذ۔ نفوذ کرنے والا۔ جاری کرنے والا۔
نافِر۔ نفرت کرنے والا۔
نافرجام۔ بداصل۔ بدانجام۔
نافرمان۔ سرکش۔ باغی۔
نافرمانی۔ بغاوت۔ سرکشی
نافِ روز۔ دوپہر
ناف زدن۔ رجوع بہ ناف بُریدن
ناف زمین۔ مکہ معظمہ۔
نافِ شب۔ آدھی رات۔

نافع - نفع دینے والا-
نافع بودن - مفید اور نفع آور ہونا
نافِ عالم - مکہ معظمہ
نافلہ - وہ عبادت جو واجب نہ ہو
زاید عبادت -
نافلہ نماز - نفلی عبادت -
نافہ مُو - جس کے سر کے سب بال
سفید ہوں -
نافہم - نادان - کم فہم - کودن -
نافہمی کردن - حماقت کرنا -
نافۂ مشک یافتن - نیکنام پانا -
نافی - نفی کرنے والا - رد کرنیوالا -
ناقابل بودن - بے اہمیت ہونا
نالائق واحمق ہونا -
ناقد - ا - پرکھنے والا - ۲ - کھرے اور
کھوٹے سکے کو پرکھنے والا - ۳ -
صراف - ۴ - عیب جو - ۵ -
عیب شناس -
ناقص - کامل کا اُلٹ - ادھورا -
ناتمل -
ناقصان - جمع ہے ناقص کی - ع -
(ناقصاں را پیرِ کامل کاملاں را رہنما)
ناقص کردن - خراب کر دینا -

ناقص خلقت - وہ آدمی جس کے
کسی عضو میں پیدائشی نقص ہو -
ناقص العقل - کم عقل - سادہ لوح
ناقص عیار - کم عیار - جو کسوٹی پر
پورا نہ اُترے -
ناقض - **نقض کنندہ** - توڑنے والا -
ناقل - نقل کرنے والا - روایت
کرنے والا - ایک جگہ سے دوسری
جگہ نقل مکانی کرنے والا -
ناقلا - چالاک - مکار - عیار -
بے ڈھب -
ناقل صوت آواز کو ایک جگہ
سے دوسری جگہ لے جانے والا -
جیسے ٹیلیفون -
ناقلہ - حمل ونقل میں کام آنے والا
ناقور - نرسنگھ - صور - سنکھ -
ناقوس - سنکھ یا گرجے کا بڑا گھنٹہ
ناقہ - اونٹنی -
ناکارہ - بے کار - نکما -
ناکاشتہ - جو بویا نہ گیا ہو -
ناکام - مایوس - نامراد - محروم
ناکامیاب -
ناکامی - محرومی - ناکامی -

ناک بودن - ۱- کھوٹا ہونا - ۲- تہی کیسہ ہونا - ۳- تنگ دست ہونا۔
ناکتخدا - بن بیاہا - کنوارا۔
ناکح - نکاح کرنے والا - یا نکاح کرنے والی۔
ناکدخدا - رجوع بہ ناکتخدا۔
ناکردنی - جو کرنے کے قابل نہ ہو۔
ناکردہ کار - ناتجربہ کار - اناڑی
ناکس - نااہل - نالائق - بے غیرت اور کمینہ (ناکس بہ تربیت نشود اے حکیم کس)
ناکسی - نالائقی
ناگاہان - اچانک - ناگاہ۔
ناگزیر - ناچار - بالضرور - لابُد۔
ناگزیر باش - واجب الوجود - جس کا وجود ضرورت ہو۔
ناگزیری - لاچاری - مجبوری
ناگفتہ - نہ گفتہ - نہ کہی ہوئی بات۔
ناگفتہ بہ - وہ بات جس کا نہ کہنا ہی بہتر ہو - نہایت خراب حالت یا بات۔
ناگفتہ دان - عالم الغیب - خداوند تعالیٰ
ناگفتہ نماناد - یہ بات بھی کہنے کے لائق ہے۔
ناگاہ آمدہ } - اچانک آدھمکنا
ناگاہ سرزدن } اچانک آنکلنا۔
ناگہاں - اچانک - دفعتہً
ناگہانی - ناگہانی طور پر۔
ناگوار بودن - جو گوارا نہ ہو۔ ناپسند - بدمزہ - جو ہضم نہ ہو۔
ناگوار بودن } رجوع بہ ماقبل
ناگوار شدن } " "
نال - قلم - قلم بنانے کے تراشنے سے جو ریشہ نکلتا ہے - کھوکھلا خالی - نیز فعل امر از نالیدن۔
نالاں - اسم حالیہ - روتے ہوئے فریاد کرتے ہوئے۔
نالائق بودن - نااہل ہونا۔
نالش - حاصل مصدر ہے نالیدن سے بمعنی نالہ و فریاد - استغاثہ۔
نالہ کردن - رونا دھونا - گریہ وزاری کرنا۔
نالہ کشیدن - رجوع بہ ماقبل
نالیدن - رجوع بہ ماقبل۔

نام از جہاں ستردن ۔ محو کر دینا مٹا دینا ۔
نام آور ۔ مشہور ۔ نامور
نامبارک ۔ منحوس ۔
نام بردار ۔ مشہور ۔ نامی گرامی
نام بُردن ۔ نام لینا ۔ ذکر کرنا ۔ (واجب آمد چونکہ بُردم نام او شرح کردن رمزی از انعام او)
نام بُر ۔ پیغام رساں ۔
نام بُردہ ۔ جس کا نام لے کر اوپر ذکر کیا گیا ہے ۔
نام بر تیغ بُردن ۔ بھول جانا
نامتصور ۔ جو تصور میں نہ آ سکے ۔
نامتناہی ۔ بے انتہا ۔ بے پایاں
نامجُو ۔ نام وری چاہنے والا ۔ شہرت کا طالب انسان ۔
نام جوئی ۔ شہرت طلبی ۔
نامحدود ۔ بے حد ۔ جس کی کوئی حد نہ ہو
نامحرم ۔ بے گانہ ۔ ناواقف ۔ یا وہ رشتے دار جن سے شادی ہو سکتی ہو
نام خدا ۔ قسم ہے خدا کی یا تعظیم اور تحسین کے موقع پر بھی استعمال کرتے ہیں ۔

نامدار ۔ نامور ۔
نام دویدن بہر سُو ۔ مشہور ہونا ۔ ہر سُو شہرے کا چرچا ہو جانا ۔
نامرغوب ۔ جس چیز سے رغبت نہ ہو ۔ ناپسندیدہ ۔
نامُراد ۔ ناکام ۔ بے مراد
نامردم ۔ وحشی ۔ سنگدل ۔
نامردمی ۔ بے مروّتی ۔ سنگدلی ۔
نامرئی ۔ جو نظر نہ آئے ۔
نامزد ۔ معین ۔ مقرر ۔ مخصوص منگیتر جس سے منگنی ہو چکی ہو ۔ منسوبہ ۔
نامزد شدن ۔ ۱ ۔ منگنی ہونا ۔ نیز کسی عہدہ یا منصب کے مخصوص کئے جانا ۔
نامزد کردن ۔ رجوع بہ ماقبل ۔
نامساعد ناسازگار ۔ ناموافق ۔
نامستعد ۔ ناقابل ۔ بے استعداد غیر معقول ۔
نامشروع ۔ خلاف شرع ۔ ناجائز
نامشخص ۔ جس کی تشخیص نہ ہو
نامطبوع ۔ ناگوار
نامعروف ۔ گمنام ۔
نامعقول ۔ نامناسب ۔ بے وقوفی

اور بے عقلی کی بات۔
نامطلوب - غیر مطلوب - ناپسند
ناملائم - کھردرا - سخت - درشت -
نامقبول شدن - غیر ہردلعزیز ہونا
نامنظم بودن - بے ترتیب اور غیر منظم ہونا -
نام نکو - نیک نام -
نام نکو بردن - نیک نام ہونا -
نام نکو گذاشتن - اپنے کارہائے رفاہ عامہ کی بدولت یا اپنی نیکیوں کی بدولت دنیا میں پیچھے اچھی شہرت چھوڑنا -
نام ننگ - بدنامی - بُری شہرت
ناموری - شہرت - مشہوری -
نام نیک - رجوع بہ نام نکو سے
(نامِ نیک رفتگاں ضائع مکن
تا بماند نام نیکت برقرار)
نام نیک داشتن - رجوع بہ نام نکو بُردن -
ناموزون - نامناسب -
ناموس - شرم - عصمت - حیا - آبرو
سیاست - شریعت - فرشتے - احکام الٰہی - دستور - آئین - حضرت جبریل
علیہ السلام -
ناموس آفرینش - سرِ زندگانی صاحب راز -
ناموس اکبر - ۱ - سب سے بڑا دستور -
۲ - شریعت - ۳ - حضرت جبریل ع -
ناموس کسی بُردن - ۱ - کسی کو بے عزت کرنا - ۲ - کسی کی آبرو ریزی کرنا -
نام ونشان - شخصیت - ہویت -
شکل وصورت - ٹھور ٹھکانہ - آثار اور علامات -
ع
(باقی مگر ہے ابتک نام ونشاں ہمارا)
نامودب - بے ادب -
ناموسِ الٰہی - پاکان وفرشتگان -
نامہ - خط - چٹھی -
نامہ بر - قاصد - چٹھی رساں -
نامہ بری - قاصد کا کام -
نامہ چہارم - مراد ہے قرآن شریف سے - یہ چوتھی آسمانی کتاب ہے - جو دنیا میں نازل ہوئی - اس سے پہلی تین زبور - تورات - اور انجیل ہیں -
نامہ سیاہ - بُرے اعمال -
نامہ سفید - نیک اعمال -

نامہ رساں - چٹھی رساں -
نامہ نگار - نویسندہ -
نامہ نویس - دبیر - منشی -
نامہ نویسی کردن - مکاتبہ کرنا -
نامہربان -
نامہربان - بے محبت - بے مہر ع
(نامہرباں نہ ہو اگر تو مہرباں نہیں)
نامی - ۱ - نمو کنندہ - نشو و نما پانے والا
نباتات - حیوانات - انسان وغیرہ
نامی - مشہور و نامور ع
(نامی کوئی بغیر مشقت نہیں ہوا)
نامیدن - نام رکھنا -
نا بسّر بودن - دشوار ہونا -
نا بسّر شدن - مشکل ہونا -
نان - روٹی -
نان آتش رو - سورج -
نان کسی گرم بودن کسی کی سب
ضروریات زندگی پوری ہونا -
نان آور - گھر کا سرپرست - کماؤ -
نانیا - نانیائی کا مخفف -
نان بر دیوار بستن - بیہودہ کام کرنا -
نان بہ شیشہ مالیدن - نہایت
کنجوس اور بخیل ہونا -

نان بر روغن افتادن - پانچوں گھی
میں - مزے اور گہرے ہی گہرے -
نان بستن - تنور میں روٹی لگانا -
نان بہ نرخ روز خوردن -
موقع شناس ہونا یا ابن الوقت ہونا
نان بہم قرض کردن - دو طرفہ
نفع کو ملحوظ رکھنا -
نان بیات - باسی روٹی -
نان پختن - روٹی پکانا -
نان پز - روٹی پکانے والا -
نان تفتان - تنور پر پکایا ہوا پراٹھا
نان تلخ - باسی روٹی -
نان تنک - چپاتی -
نان توی روغن بودن - پانچوں
گھی میں -
نان جو - بھک منگا - گدا -
نان چاشت - صبح کا ناشتہ -
نان حلال - رزق حلال -
نان خالی خوردن - بغیر سالن
کے روٹی کھانا -
نان خانگی - گھر میں پکی ہوئی روٹی
جو کہ دوکان کی روٹی سے یقیناً
زیادہ اچھی ہوتی ہے -

نان خور۔ اہل وعیال۔ بال بچے۔
نان خورش۔ سالن کچا یا پکا جس کے ساتھ روٹی کھائی جائے۔
نان خوردن ونمک دان شکستن ناشکرگزار ہونا۔ جس ہنڈیا میں کھانا اسی میں چھید کرنا۔
نان درانبان نہادن۔ سفر کے لئے تیار ہو جانا۔
نان درخون افتادن۔ مصیبت میں مبتلا ہو جانا۔
نان درروغن بودن۔ رجوع نانِ تہی...
نان دوآتشہ۔ دو مرتبہ پکی ہوئی روٹی خوب سرخ روٹی۔
نان رباط۔ لنگر کی روٹی۔
نان روغنی۔ پراٹھا۔
نان زرین۔ سورج۔
نان سنگک۔ روٹی کی وہ قسم جس کو پتھر کے ریزوں پر پکاتے ہیں۔ اور جو بہترین روٹی سمجھی جاتی ہے
نان سیمیں۔ چاند۔
نان شب مانده۔ رات کی بچی ہوئی باسی روٹی۔
نان فطیر۔ خمیرہ دلٹ۔ تازہ گوندھے ہوئے آٹے کی روٹی۔
نان کسی را آجر کردن۔ کسی کی روزی کو قطع کرنا۔ نقصان پہنچانا۔ کسی کا رزق بند کرنا۔
نان کسی را ئبریدن۔ رجوع بہ ماقبل
نان کشکیں۔ گندم۔ جو اور چنوں کے آٹے کو ملا کر جو روٹی پکاتے ہیں۔ جیسے ہمارے ہاں عرف عام میں مسّی روٹی کہتے ہیں۔
نان گرم چرخ سورج۔
نانوا۔ نانبائی۔
نانوائی۔ نانبائی کا کام یا اس کی دکان۔
نان وقف۔ لنگرخانہ کی روٹی۔ اللہ کے نام کا کھانا دانہ۔
نان ونمکدان شکستن۔ ناشکری کرنا۔
نانہادہ۔ ۱۔ ناموجود۔ ۲۔ جو چیز قسمت اور مقدر میں نہ ہو۔
ناو۔ کشتی پرنالہ۔ ندی۔ جنگی جہاز۔ نیز دخانی کشتی۔
ناوبان۔ کشتی بان۔ ملاح۔ نیوی یعنی بحریہ کا ایک عہدہ۔ بحری لفٹیننٹ۔

نادبر۔ کشتی کھینے والا۔ ملاح۔
نادچہ۔ چھوٹی کشتی۔ شکارہ۔
نادداں۔ پرنالہ۔ بدرو۔ نالی۔
ناددان شارہ۔ آبشار کی قسم کی نالی
ناورد۔ جنگ۔
ناوردگاہ۔ میدان جنگ۔
ناوشکن۔ سمندری تباہ کن جہاز
ناوک۔ تیر۔
ناوک انداز۔ تیر انداز۔
ناوک سحری۔ صبح کی بددعا۔
ناوک قلبی۔ دلی بد دعا۔
ناوہ۔ تغار۔
ناوہ کش۔ تغار لے جانے والا۔
ناوگان۔ بحری بیڑا۔ جنگی بیڑا۔
ناوی۔ نیوی یعنی بحریہ کا ملازم
ناہار۔ دوپہر کا کھانا۔ لنچ
ناہار خوردن۔ لنچ کھانا۔
ناہار خوری۔ ڈائیننگ روم۔ کھانے کا کمرہ
ناہمتا۔ بے ہمتا۔ لاثانی۔
ناہموار۔ ۱۔ اونچا نیچا۔ جو ہموار نہ ہو۔
۲۔ کھردرا۔ ۳۔ بے ادب۔
ناہنجار۔ بے راہ۔ بدچلن۔ ناپسند
ناہی۔ منع کرنے والا۔ روکنے والا۔

ناہوشمند۔ بے ہوش۔
ناہید۔ زہرہ ستارہ۔
نائل۔ ۱۔ حاصل کرنے والا۔ ۲۔
پانے والا۔
نایاب۔ جو دسترس سے باہر ہو۔
نہ ملنے والی چیز۔
نایافت۔ رجوع بہ ماقبل۔
نائب۔ قائمقام۔ اسسٹنٹ۔
نائبان۔ جمع ہے نائب کی۔
نائچہ۔ ۱۔ چھوٹی سی بانسری۔ ۲۔
حقے کا نیچہ۔
نائرہ۔ شعلہ۔ آگ۔ آگ کی لپیٹ۔
نائم۔ سونے والا۔ سویا ہوا۔
نائل شدن۔ کامیاب ہونا۔
نائل گشتن۔ رجوع بہ ماقبل۔

ن ب

نبات۔ روئیدگی۔ سبزہ۔ اُگی ہوئی
چیزیں۔ مصری۔ شیرینی۔
نباتات۔ سبزیاں۔ روئیدگیاں۔
نباج۔ سوکن۔ سوت۔
نباش۔ گورکن۔ کفن چور۔

نبّاض ۔ نبض پہچاننے والا ۔ نبض شناس طبیب ۔ دانا ۔
نبایدؔ ۔ نہیں چاہیئے ۔
نبرد ۔ لڑائی ۔ جنگ
نبرد کردن } لڑائی کرنا ۔
نبرد نمودن } رجوع بہ ماقبل
نبرد آزما ۔ برسر جنگ
نبرد گاہ ۔ میدان جنگ
نبرد ناؤ ۔ سمندری جنگی جہاز
نبش ۔ مُردے کے کفن کا پھاڑنا ۔
نبشتن ۔ لکھنا (نوشتن)
نبض ۔ کلائی کی خاص رگ جس کی حرکات سے انسانی جسم کی صحت یا بیماری کا اندازہ لگایا جاتا ہے ۔
نبض خورشید ۔ سورج کی کرن ۔
نبض کسی در دست داشتن ۔ کسی کی خو بو کو پا لینا ۔ کسی کو بالکل اپنا مطیع اور فرمانبردار بنا لینا ۔
نَبع ۔ ایک درخت کا نام ہے ۔ جس کی لکڑی بڑی سخت ہوتی ہے ۔ اور اس سے تیر کمان بنتے ہیں ۔
نُبوّت ۔ پیغمبری ۔ خبر رسانی پیغامبری
نَبوی ۔ مربوط بہ نبی (مسجد نبوی)
نُبوغ ۔ نابغہ ہونا ۔
نبی ۔ خبر دینے والا ۔ پیغمبر ۔ خدا کا بھیجا ہوا ۔ پیغمبر اپنے بندوں کی رشد و ہدایت کے واسطے ۔ خواہ صاحب شریعت ہو یا سابقہ شریعت کا حامی صاحب کتاب ہو یا نہ ہو ۔ رسول وہ نبی جو صاحب کتاب ہو
نَبیّین ۔ نبی کی جمع ۔ انبیا ۔
نبیذ ۔ انگور ۔ خرما ۔ اور جَو کی شراب
نبیرہ ۔ پوتا ۔ پوتی ۔ نواسا ۔ نواسی ۔
نبیختہ ۔ کچا ۔ خام ۔ ناتجربہ کار ۔

ن ۔ ت

نِتاج ۔ جنا ہوا ۔ بچہ ۔
نتاسیدن ۔ خوشی اور فراغت سے زندگی بسر کرنا ۔
نتائج ۔ نتیجہ کی جمع ۔ مطالب ۔ نتیجے
نتراشیدہ ۔ غیر مہذب ۔
نترس ۔ نڈر ۔ دلیر ۔ بہادر
نتخراشیدہ ۔ رجوع نتراشیدہ
نتیجہ ۔ غرض ۔ حاصل ۔ مطلب فائدہ
نتیجہ دادن ۔ فائدہ حاصل ہونا ۔

نتیجہ بدست آوردن ۔ کسی کام کا فائدہ ملنا ۔
نتیجہ بخش ۔ سودمند
نتیجہ بخش شدن ۔ فائدہ مند ہونا
نتیجہ داشتن ۔ فائدہ مند ہونا
نتیجہ نہ داشتن ۔ بے فائدہ ہونا ۔

ن ۔ ث

نثار ۔ نچھاور کرنا ۔
نثار کردن ۔ کوئی چیز یا روپے پیسے کسی کے سر پر نچھاور کرنا ۔
نثار کردن جان ۔ اپنی جان قربان کرنا ۔
نثر ۔ وہ عبارت جو نظم نہ ہو ۔ پراگندہ ۔ بکھرا ہوا ۔
نثراً ۔ نثر میں

ن ۔ ج

نجابت ۔ شرافت ۔ بزرگی ۔
نجابت داشتن ۔ صاحب حسب ونسب ہونا ۔

نجات ۔ رہائی ۔ چھٹکارا ۔
نجات دادن ۔ نجات دینا
نجات یافتن ۔ رہائی پانا ۔
نجاح ۔ رہائی ۔ چھٹکارا
نجاح یافتن ۔ راستے پانا
نجار ۔ بڑھئی ۔ ترکھان
نجارہ ۔ برادہ ۔ لکڑی کی تراشیں اور چھیل جو رندے اور آرے سے حاصل ہوتی ہیں ۔
نجاشی ۔ حبش کے اس عیسائی بادشاہ کا نام جو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے وقت میں تھا ۔ اور کچھ مسلمان سب سے پہلے ہجرت کرکے اس کے دربار میں گئے تھے اور وہ ان سے متاثر ہوکر مسلمان ہوا ۔
نجبا ۔ نجیب کی جمع ۔ شرفا ۔
نجدت ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔ بہادری
نجدی ۔ منسوب بہ سرزمین نجد جو حجاز سے مشرق کی طرف خلیج فارس یا اس کے ساتھ ساتھ چلی جاتی ہے ۔
رُوحِ شیخ نجدی آرد پدید
نجف ۔ بلند مقام ۔ ٹیلہ ۔ عراق عرب کا وہ شہر جہاں حضرت علیؓ کا مزار مقدس

ہے۔ ع
(سُرمہ ہے میری آنکھ کا خاکِ مدینہ و نجف)
نجفِ اشرف - رجوع بہ ماقبل۔
نجم - ستارہ۔ بیل جو درختوں پر چڑھ جاتی ہے۔
نجوان - زعفران
نجوم - جمع نجم کی۔ ستارے
نجوا } سرگوشی
نجوی } کانا پھوسی۔
نجوا کردن } سرگوشیاں کرنا
نجوا گفتن } کان میں بات کہنا۔
دردِ دل بیان کرنا۔ راز کی بات کہنا۔
نجیب - اصیل۔ بزرگ۔ شریف اور باشرم انسان۔
نجیبُ الطرفین - صحیح النسب۔ وہ شخص جو ماں اور باپ دونوں کی طرف سے اصیل ہو۔
نجیب زادہ - باحسب و نسب شریف اور شریف زادہ

ن ح

نحاس - تانبا۔ مس۔
نحاس - مس گر۔ تانبے کا کام کرنے والا۔ تانبا بیچنے والا۔
نحر - اونٹ قربان کرنا۔ بھیڑ بکری یا گائے کا ذبح کرنا۔
نحریر - تجربہ کار۔ ماہر۔
نحس - منحوس۔ نامبارک۔ بدشگون۔
نحسی کردن - نوزائیدہ بچے کا ضد کرنا۔ تلخی کرنا اور نہ سونا۔
نحل - شہد کی مکھی۔ زنبورِ عسل
نحو - علم نحو۔ جس میں لفظ کی بجائے جملے سے بحث کی جاتی ہے۔ دستورِ زبان۔ ۲ - طریق۔ ۳ - طور۔ ۴ - انداز۔
نحوست - بدشگونی۔
نحوی - ماہر علم نحو۔
نحویان - جمع ہے نحوی کی بمعنی ماہرین علم نحو۔ ع
(نحویاں را مغز با ید چوں شہاں)
نحیف - کمزور۔ لاغر
نحیف بودن - دبلا پتلا اور کمزور ہونا۔
نحیف شدن - رجوع بہ ماقبل۔

ن خ

نخ ۔ تار ۔ دھاگا ۔ سُوت
نخ رشتن ۔ دھاگا کاتنا ۔
نخ پیچیدن ۔ سوت یا دھاگے کو کسی چیز کے گرد لپٹنا ۔
نخ کردن ۔ سُوئی میں دھاگا پرونا ۔
نخّاس ۔ بردہ فروشی یا وہ بازار جہاں غلام اور حیوانات بکتے ہیں ۔ منڈی
نخاع ۔ مغز حرام ۔
نخالہ ۔ آٹے کا چھان بُورا ۔ ۲ ۔ کوڑا کرکٹ ۔ ۳ ۔ بے قیمت اور حقیر سی چیز ۔
نخالہ گو ۔ لغو گو ۔ ہزلیات بکنے والا ۔
نخ تاب ۔ رسی بٹنے والا ۔
نخچیر ۔ شکار ۔ شکار کیا ہوا جانور ع
کبھی نہ ترا کہیں نیز ے کوئی نخچیر بھی تھا
نخچیر زدن } شکار کرنا
نخچیر کردن } "
نخچیر زن ۔ شکاری ۔
نخچیر گاہ ۔ شکار گاہ ۔
نخ ریس ۔ چرخہ ۔
نخ ریسی ۔ سوت کا کاتنا ۔
(این کارخانہ نخ ریسی است)
نخست ۔ پہلا ۔ اوّل
نخست وزیر ۔ وزیر اعلیٰ ۔ وزیر اعظم ۔
نخستین ۔ رجوع بہ نخست ۔ اوّلین ۔
نخشب ۔ ترکستان کا ایک شہر ۔ ماہِ نخشب اسی سے منسوب تھا ۔
نخشبی ۔ نخشب کا رہنے والا ۔
نخشبہ ۔ دلیل ۔ بُرہان ۔ ثبوت ۔
نخل ۔ کھجور کا درخت ۔
نخل بند ۔ مالی ۔ باغبان
نخلستان ۔ کھجوروں کا باغ ۔
نخلِ طُور ۔ کوہِ طور کا وہ درخت جس سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی تجلّی ہوئی ۔
نخلِ مریم ۔ کھجور کا وہ خشک درخت جس کے نیچے حضرت مریم نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو جنم دیا ۔ اور وہ درخت ہرا بھرا ہو گیا ۔
نخ نخ ۔ ریشے دار ۔
نخوت ۔ غرور ۔ تکبر ۔ ناز
نخوت بہ خرج دادن ۔ غرور و تکبر سے کام لینا ۔
نخوت داشتن ۔ مغرور و متکبر ہونا ۔

نخود - چنا (ایک غلّہ)
نخود آب - چنوں کی یخنی۔
نخود بریز - چنے بھوننے والا بھڑبھونجا
نخودچی ۱- چنے بیچنے والا - ۲- نیز بھنے ہوئے چنے۔
نخود ہر آش بودن - ہر دیگ کا چمچہ ہونا۔
نخور - خسیس۔ بخیل۔ کمینہ۔
نخی - سُوتی -
نخیز - پنیری لگانا۔
نخیل - درخت خرما۔ کھجور کا درخت
(ع - دستِ ما کوتاہ و خرما بر نخیل)
نخیلہ - رجوع بہ نخلستان۔

ن - د

ند - علامت صیغہ جمع غائب - جیسے (آمدند۔ کردند۔ خوردند) می روند۔ می کنند)۔
ندا - آواز۔ صدا۔ بانگ
ندا زدن } آواز دینا
ندا کردن } رجوع بہ ماقبل

نداف - دُھنیا - رُوئی دھنکنے والا۔ پنبہ زدن۔
ندامت - شرمندگی۔ خجالت۔
ندامت زدہ - شرمندہ - نادم۔
ندانم سر از پا - مجھے سر پیر کا ہوش نہیں - سخت اضطراب اور گھراہٹ کا عالم۔
ندانم کار - نادان۔ ناتجربہ کار۔ اناڑی۔
ندانم کاری - ناتجربہ کاری۔
ندب - نالہ وزاری - نوحہ کرنا۔
ندبہ کشیدن - نالہ - نوحہ - بَین -
ندرت - نادر رہنا - عجیب ہونا - کمیاب ہونا۔
ندم - پشیمانی - حسرت۔
ندما - ندیم کی جمع - ہم نشینان - ساتھی۔
ندیدہ گرفتن - دیکھی بات کو اَن دیکھی کر دینا۔
ندیم - ہمدم - ہم نشین - مصاحب - لطیفہ گو

ن - ذ

نذر - چڑھاوا - بھینٹ - پیشکش - تحفہ -
نذرلبستن - منت ماننا - جیسے عورتیں

بزرگوں کے مزاروں پر جاکر اپنی
چوٹی کا کوئی دھاگا وغیرہ یا کسی
پاک کپڑے کا کوئی چیتھڑا باندھ
آتی ہیں - ان کی مراد بر آتی ہے - تو
اسے جاکر کھولتی ہیں - اور چڑھاوا
وغیرہ چڑھاتی ہیں -
نذر دادن - مستحقوں میں نذرانہ کے
روپے - پوشاک یا خوراک وغیرہ
تقسیم کرنا -
نذر کردن - منت ماننا - اپنی حاجت
روائی کے لئے خدا کے نام پر
اپنے اُوپر کچھ واجب کر لینا -
نذری - نذرانہ -
نذور - نذر کی جمع -
نذیر - ڈرانے والا - بدکاروں اور غلط
کاروں کو خدا کے عذاب اور قہر
سے ڈرانے والا - ۲ - نیز حضور نبی
کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا وصفی نام ؎
(یہ اعجاز ہے ایک صحرا نشین کا
بشیری ہے آئینہ دار نذیری)

ن - ر

نَر - مذکر - توانا - درخت کا تنہ - بہتر
زبان کا مخفف -
نرا - باغ کے گرداگرد کی چھوٹی سی
چار دیواری -
نرّاد - نردباز - چوسر کھیلنے والا -
نرجس - نرگس -
نرخ - بھاؤ - رواج -
نرخ بالا بردن - قیمتوں کا بڑھانا -
نرخ بالا کردن - قیمت بڑھانا -
نرخ زیادہ کر دینا ؎
(ہر دو عالم قیمت خود گفتہ ای
نرخ بالا کن کہ ارزانی ہنوز)
نرخ بستن - بھاؤ کا تعین کرنا -
نرخ معین کردن - رجوع بہ ماقبل
نرخ لوبیا راندانی - ابھی تمہیں
آٹے دال کا بھاؤ معلوم نہیں -
نرد - چوسر کی گوٹ (مہرہ)
نردباز - چوسرباز - چوسر کھیلنے والا -
نردبازی کردن - چوسر کھیلنا -
نردبان - سیڑھی - زینہ -
نردبان پلّہ بہ پلّہ - آدمی ایک ایک
قدم کر کے اوپر چڑھتا ہے ؎
(نہال اس گلستاں میں جتنے بڑھے ہیں
ہمیشہ وہ نیچے سے اُوپر چڑھے ہیں)

نردبان درراہ نہادن۔ راستے میں یا ہی بات چیت سے راستے کی تکلیف کو کم کرنا۔
نردبان ہر بام ۔۱۔ ہرجائی۔ ۲۔ یاوہ ۔۳۔ بیہودہ۔
نردبان نرقی۔ ترقی کا زینہ۔
نردہ۔ جنگلے یا کٹہرے کا سلسلہ۔
نردہ ساختن } جنگلا لگانا۔
نردہ کشیدن } کٹہرا لگانا۔
نرسک۔ مسور کی دال۔
نرسیدی بخویش درچہ رسی ۔
(تو بیرون درچہ کردی کہ بدرون خانہ آئی)
نرک۔ وہ درخت جو پیوند نہ ہوا ہو۔ اور پھل اچھا نہ دیتا ہو۔
نرگاؤ۔ بیل۔
نرگدا۔ ڈھیٹ فقیر۔ بے شرم اور اکڑ باز بھکاری۔
نرگس۔ ایک مشہور پھول کا نام جس کی شکل آنکھ سے ملتی ہے اور خوشبو جس کی بھینی ہوتی ہے۔
۲۔ نیز محبوب کی آنکھ کو بھی کہتے ہیں۔

ع ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے

نرگس شہلا۔ نرگس کی وہ قسم جس میں زردی کی بجائے سیاہی ہوتی ہے۔ خوشبو بھی تیز ہوتی ہے۔
نرگس مخمور۔ محبوب کی آنکھ
نرگس مسکین۔ نرگس کی وہ قسم جس میں پھول چھوٹا اور خوشبو کم ہوتی ہے۔
نرگس نیم باز۔ محبوب کی آنکھ۔
نرگسہ۔ ہڈی یا ہاتھی دانت کے بنے ہوئے نرگس کے پھول۔
نرگسی۔ ایک قسم کا کھانا جو مرغی کے انڈوں سے بنتا ہے۔ ۲۔ آنکھ کا اشارہ۔
نرگسی کردن۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔
نرمادگی۔ چھڑ جس سے قفل بند ہوتا ہے۔ یا وہ پیچ جس سے کنڈی بند ہوتی ہے۔
نرم آہن سشت۔ ڈرپوک۔ زبون۔
نرم بُر۔ چاپلوس۔ خوشامدی۔
نرم بیز۔ بہت باریک چھلنی۔
نرم تن۔ نازک بدن۔ سیم اندام۔
نرم چشم۔ بے حیا۔ بے شرم۔
نرم خو۔ مہربان۔ حلیم طبع۔

نرم دست - ملائم کپڑا-
نرم دل - نازک دل
نرم زبان - چاپلوس - چرب زبان-
نرم سار - حلیم-
نرم شانہ - کاہل - سُست-
نرم شدن - رام ہونا - مطیع ہونا-
نرم کردن - مطیع کرنا-
نرم گردن - فرمانبردار-
نرم گرم - سخت سست - بُرا بھلا-
نرم لگام - رام اور مطیع گھوڑا-
نرم نرمک } آہستہ آہستہ
نرمک نرمک } رجوع بہ ماقبل)
(نرم نرمک حلقۂ درکوفتہ)
نَرُوژ } ایک ملک کا نام جسے
نرویج } ناروے کہتے ہیں-
نرمہ - کان کی لَو جس میں بالیاں پہنتے ہیں-
نرمینش - مینڈھا-
نرود میخ آہنی در سنگ - ع-
مرد ناداں پر کلام نرم و نازک بے اثر
نرّہ - نر بزرگ - طاقت ور - نیز بیجڑہ - بدشکل-
نرّہ خر - خر بزرگ - بہت موٹا چھوٹا-

لحیم شحیم - طاقت ور-
نرّہ شیر - بہت طاقتور شیر-
نرّہ غول - ۱- چھلادہ - ۲- موٹا تازہ اونچا لمبا بدشکل آدمی-
نرّہ گاؤ - بیل-
نریم } - رستم کے پر دادا کا
نریمان } نام ہے-
نرینہ - از جنس نر - مادینہ کا اُلٹ-

ن - ز

نزا - نازا - عقیم - بانجھ-
نزار - لاغر - نحیف - دُبلا پتلا-
نزاع - جھگڑا - تکرار-
نزاع داشتن } باہم لڑائی
نزاع کردن } جھگڑا کرنا-
نزاع برپا کردن - جھگڑا و فساد برپا کرنا-
نزاکت - نازک پن - گفتگو میں ادب کو ملحوظ رکھنا-
نزاہت - باصفا - پرہیزگاری پاکیزگی-

نزد - نزدیک - پاس - حضور - قرب -
نزد خر خرمہرہ و گوہر یکیست -
گدھا کیا جانے زعفران کا بھاؤ -
نزدہ رقصیدن - بن پیے مست ہونا
نزدیک - قریب - پاس - قرابت
دار - رشتے دار -
نزدیکان - جمع ہے نزدیک کی -
نزدیک بین - نزدیک کی نظر
درست مگر دور کی نظر کمزور جیسے
بغیر عینک کے دور کی چیزیں
دھندلی دکھائی دیں -
نزدیک بینی - آنکھوں کی کمزوری
ضعف البصر -
نزدیکی - ۱ - نزدیک کی جگہیں -
۲ - حال ہی میں - اخیراً -
نزع - جان کنی - دم توڑنا -
(بیچارہ درحال نزع است)
نزل - گھر - منزل -
نُزل - ہوٹل - سرائے - مہمان -
نیز مہمان - ضیافت -
نزلہ - زکام - سردی لگ جانا -
نزلہ برعضو ضعیف - پانی ہمیشہ
نشیب کی طرف بہتا ہے - یعنی
کمزوروں اور ضعیفوں کو فوراً دبا لیا
جاتا ہے -
نزن نخور - مار نہ کھا - مراد ہے -
جیسی کروگے ویسی بھروگے -
نزول کردن - اترنا - ٹھہرنا - مقام
کرنا -
نزول رحمت - بارش کا موقع پر آنا -
نزو - چھت - سقف -
نزہت - خوشی - خوشحالی - پاکیزگی -
سرسبزی - شادابی -
نزہت داشتن } سرسبز ہونا - خوش
نزہت کردن } و خرم ہونا -
نزہت گاہ - سیرگاہ - پارک -
گردش گاہ -
نزیل - نووارد مہمان - یا نیا آیا
ہوا مسافر -
نزیہ - بانزہت - سرسبز و شاداب
و خرم

ن - ژ

نژاد - نسل - جنس -
نژادشناسی - علم الانسان -

ن ـ س

نسا ـ وہ جگہ جہاں سورج کی روشنی نہ پہنچتی ہو۔
نِسا ـ ۱ـ عورتیں ـ زناں ـ ۲ـ ایک رگ جو چونڑ سے ٹخنے تک جاتی ہے۔
نسّاب ـ بڑے نسب والا ـ نیز علم الانساب کا ماہر انسان ـ
نسّاج ـ بننے والا ـ بافندہ ـ
نسّاجی ـ کاتنے اور بُننے کا کام ـ
نسّاخ ـ نسخہ نویس ـ
نسب ـ اصل ـ نژاد ـ نسل ـ ذاتی قرابت ـ
نِسبَت ـ لگاؤ ـ تعلق ـ علاقہ ـ قرابت ـ رابطہ ـ پیوند ـ
نسبتاً ـ نسبت کے لحاظ سے ـ
نسبت دادن ـ ۱ـ کسی چیز کو کسی دوسری چیز سے نسبت دینا ـ ۲ـ تہمت نامہ ـ
نسب نامہ ـ شجرۂ خاندان
نسترن ـ سیوتی کا پھول جو نہایت ہی خوشبودار ہوتا ہے ـ

نستعلیق ـ خط یا تحریر کی ایک قسم جس میں اُردو اور فارسی لکھتے ہیں ـ
نستعلیق حرف زدن ـ مخارج کو پوری طرح ادا کرنا ـ فصیح و بلیغ گفتگو کرنا ـ
نستعلیق رقم ـ نہایت خوشنما اور خوب صورت لکھنے والا ـ
نستعلیق گو ـ فصیح و بلیغ گفتگو کرنے والا ـ صاف اور عمدہ باتیں کرنے والا ـ
نستوہ ـ طاقتور آدمی جو کام یا لڑائی میں تھکنے والا نہ ہو ـ
نسج ـ بُننا ـ بافت ـ تار و پود ـ تانا بانا ـ
نسخ ـ منسوخ کرنا ـ دُور کرنا ـ زائل کرنا ـ نیز عربی خط جس میں قرآن پاک لکھا ہوتا ہے ـ
نسخ کردن ـ منسوخ کر دینا ـ رد کر دینا ـ
نُسخ ـ جمع ہے نسخہ کی ـ
نُسخہ ـ لکھا ہوا کتاب ـ نیز وہ پرچی یا کاغذ جس پر حکیم یا ڈاکٹر دوا لکھ کر دیتا ہے ـ
نسخہ دادن ـ رجوع بہ ماقبل ـ

نسخہ پیچیدن۔ نسخہ لپیٹنا۔
نسخہ نوشتن۔ نسخہ لکھنا۔
نسخہ بدل۔ ایک لفظ کی بجائے دوسرا یا ایک چیز کی بجائے دوسری چیز یعنی نسخہ ثانی۔
نسخہ دارو ز طبیبان طلب کیجے
حدیث دل کسی درویش بے گلیم سے پوچھ
نسخہ نویس۔ طبیب۔ حکیم۔ وید۔ ڈاکٹر۔
نسر۔ گدھ۔ کرگس۔
نسرین۔ سیوتی کا پھول۔
نسرین بدن۔ محبوب۔
نسرین رُو۔ ماہ رخسار۔ محبوب۔
نسق۔ ترتیب۔ نظم۔
نسق دادن۔ منظم کرنا۔ ترتیب دینا۔
نسق کردن۔ کسی کو سزا دینا۔ تنبیہہ کرنا۔ جرمانہ کرنا۔
نسق چی۔ چوب دار۔ نظم و نسق کا ذمہ دار۔ عذاب و سزا دینے والا۔
نسک۔ گوکھرو۔ خار خسک۔ خدا کی پرستش کرنا۔ اعمال حج۔ نیز مسور کی دال۔
نسکبا۔ شوربای عدس آشِ عدس

نسل بعد نسلاً۔ پشت در پشت۔
نسناس۔ بن مانس۔
نُسود۔ سادہ۔ نرم۔ ہموار۔
نسوری۔ کشاورز۔ کسان۔
نسوز / ناسوز } نہ جلے اور نہ ہی پگھلے۔
نسوان۔ عورتیں۔ خواتین۔
نِسیان۔ بھول۔ فراموشی۔
نَسیان۔ بھلکّڑ۔ زود فراموش۔
نِسیان آوردن / نِسیان داشتن } اس مرض میں مبتلا ہونا۔ جس میں آدمی کی یادداشت کمزور ہو جاتی ہے۔ اور وہ اکثر باتیں بھول جاتا ہے۔
نسیب۔ شریف النسل عالی خاندان
نَسیج۔ باریک بُنی ہوئی چیز۔ بافتہ۔
نَسیم۔ نرم ہوا۔ ٹھنڈی ہوا۔
نسیم آمدن / نسیم وزیدن } بادِ نسیم کا چلنا۔ ״ ״
نسیم خفتہ۔ بہت ہی آہستہ آہستہ بادِ نسیم کا چلنا۔
نسیہ۔ قرض۔ اُدھار۔

قرض اُدھار کا انجام آخر کار لڑائی جھگڑا ہوتا ہے۔

نسیہ بُردن - اُدھار لینا۔

نسیہ خریدن - اُدھار خریدنا۔

نسیہ دادن - اُدھار دینا۔

نسیہ فروختن - اُدھار پر بیچنا۔

ن ش

نشا - پودوں کی نرسری جہاں سے پودے لے جا کر دُوسری جگہ لے جائے جاتے ہیں۔

نشا کردن } رجوع بہ ماقبل۔
نشا کاری } ""

نشاختن - بٹھانا - لگانا جگہ دینا۔

نشاسنہ دادن - کلف دینا۔

نشا شیدی شب دراز است
تمہیں اپنے کیے کی سزا آج نہیں تو کل اور کل نہیں تو پھر کبھی مل کر رہے گی۔

نشاط - خوشی - مسرّت - شادمانی خوشحالی۔

نشاط انگیز - فرحت بخش - مسرّت افزا

نشاط آور } رجوع
نشاط بخش } ماقبل
نشاط خیز } ""

نشان - نشانی - علامت - شاہی فرمان یا تمغہ جو کسی اعلیٰ علمی و ملکی و ملی خدمات کے صلے میں عطا کیا جاتا ہے۔

نشانِ حیدر - پاکستان کا سب سے بڑا فوجی اعزاز۔

نشان دادن - ظاہر کرنا - ثابت کرنا - دکھانا - تمغہ دینا۔

نشان گرفتن - تمغہ حاصل کرنا۔

نشان بردار - علم بردار۔

نشانِ علمی - وہ تمغہ جو عالموں کو ان کی علمی خدمات کے صلے میں دیا جاتا ہے۔

نشان تمثال - وہ تمغہ جس پر شہنشاہ کی تصویر بنی ہوئی ہو۔

نشانہ - ہدف۔

نشانہ زدن - نشانہ لگانا۔

نشانہ گرفتن - نشانہ باندھنا۔

نشانیدن } بٹھانا - اور کسی کو جگہ
نشاندن } دینا۔

نشانگاہ - آماجگاہ -
نشانی - ایڈریس - گھر مکان یا محلے کا اتہ پتہ -
نشاید کوفت آہن جز بہ آہن
لوہے کو لوہا کاٹتا ہے -
نِشپیل - مچھلیاں پکڑنے کا کانٹا -
نِشت - خراب شکستگی ضائع -
نشت کردن - ٹوٹے ہوئے ہونے کی وجہ سے برتن میں سے پانی کا گرنا -
نِشتر - فصد کرنے کا آلہ -
نِشتر زدن - نشتر مارنا -
نِشتر کردن - فصد کھولنا -
نشخوار - جگالی -
نشخوار کردن - جگالی کرنا -
نشخوار کنندگان - جگالی کرنے والے جانور
نَشر - پراگندہ ہونا - چھاپنا -
نشریات - چھاپی ہوئی چیزیں - رسالے - مجلے اور اخبارین
نشریہ - رجوع بہ ماقبل
نشست - جگہ - سیٹ -
نشستن - بیٹھنا -
نشستند و گفتند و برخاستند
عام طور پر اس موقع پر بولتے ہیں جب کوئی مجلس یا میٹنگ بغیر کسی اہم کام کیے یا فیصلہ کیے اُٹھ جائے - کہ آئے بیٹھے اِدھر اُدھر کی ہانک کر چلتے بنے -
نشست و برخاست داشتن
آمد و رفت کا ہونا -
نشست و برخاست کردن -
آنا جانا -
نشکنج - چٹکی -
نشکنج گرفتن - چٹکی کاٹنا -
نِشگردہ - موچی کی رانبی جس سے وہ چمڑا کاٹتا ہے -
نشنیدہ گرفتن - ۱- بات کو ان سنی کر دینا - ۲- بات سن کر کسی کے ساتھ آگے نہ کرنا -
نَشو - بڑھنا - نمو پانا -
نشو و ارتقا - بڑھنا پھلنا پھولنا -
نشو و نما کردن } رجوع بہ
نشو و نما یافتن } ماقبل
نِشوہ - مستی -
نُشور - زندہ ہونا - قبر سے اُٹھنا - جیسے یوم النشور - یعنی قیامت کا دن -

نشوز کردن - عورت کا اپنے خاوند سے نافرمانی کرنا -
نشیب - ۱ - پست زمین - ۲ - پستی ۳ - ڈھلوان - ۴ - نچان -
نشیب و فراز - بلندیاں اور پستیاں نیز زندگی کے اونچ نیچ اُتار چڑھاؤ
نشید - گیت سرود -
نشیط - نشاط دار - زندہ دل -
نشیمن - گھونسلا - مسکن - خانہ - منزل -
نشیمن گاہ - کرسی تخت - بنچ - خلوت گاہ -
نشین - نشستن مصدر سے فعل امر بیٹھ - نیز علامت اسم فاعل جیسے جانشین - دل نشین - صدر نشین وغیرہ -

ن ص

نَص - اصل - متن - حدیث - خبر -
نصِ صریح - عیاں اور واضح جو شرح و تفسیر کی محتاج نہ ہو -
نِصاب - مال کی وہ معین حد جس پر زکوٰۃ واجب ہو -
نُصّاح - ناصح کی جمع -
نَصائح - نصیحت کی جمع -
نَصب - قائم کرنا - گاڑنا -
نصب کردن - رجوع بر ماقبل
نُصب - سامنے - پیش - جلو -
نصب العین - پیش نظر - مد نظر
نصب العین قرار دادن - کسی چیز کو اپنا مطمح نظر بنانا -
نُصح - پند دینا - نصیحت کرنا -
نَصر - یاری کرنا - مدد کرنا -
نُصرت - یاری - کمک - مدد
نصرت دادن مدد دینا -
نصرت خواستن مدد مانگنا -
نصرت یافتن مدد پانا -
نصرانی - منسوب بہ نصیرہ جہاں حضرت عیسٰی علیہ السلام پیدا ہوئے تھے -
نصاریٰ - عیسائی -
نصف شدن - آدھے رہ جانا - کٹ کر آدھے رہ جانا -
نِصف کردن - آدھا کرنا - دو

برابر حصّوں میں بانٹنا۔
نِصفہ کار۔ وہ کام جس کا نصف مالک اور نصف مزدور بٹا لے۔
نصُوح۔ خالص۔ صاف۔ سچی توبہ کہ پھر اس کے بعد ایسا کام نہ کروں گا۔
نصُوص۔ نص کی جمع۔ رجوع بہ نص
نِصیح۔ ناصح۔
نصیحت آمیز۔ نصیحت سے بھرا ہوا۔
نصیحت پذیر۔ نصیحت کو سن کر قبول کر لینے والا۔
نصیحت گو۔ نصیحت کرنے والا۔
نصیحت گوش کردن۔ پند و نصیحت کو کان دھر کر سننا۔ ع
نصیحت گوش کن جاناں
کہ از جاں دوست تر دارند
نِصیر۔ حامی۔ مددگار۔

ن۔ض

نضَارت۔ تر و تازگی۔ سرسبزی و شادابی۔ آب و تاب داری۔
نُضج۔ پھل کا پکنا۔ نرم ہونا۔ نیز زخم کے مادے کا پکنا۔
نُضج پیدا کردن۔ رجوع بہ ماقبل
نضج گرفتن۔ پختہ ہونا۔ پکنا۔ منظم و مرتب ہونا۔
نَضرت۔ تازگی۔ خوبی۔ سرسبزی۔
نَضیج۔ پکا ہوا پھل۔
نَضیر۔ تر و تازہ۔ سرسبز و شاداب

ن۔ط

نِطاق۔ پٹکا۔ کمربند۔
نُطّاق۔ بہت تقریریں کرنے والا۔
نَطع۔ چمڑے کا فرش۔ فرش۔
نَطعی۔ چمڑے کا وہ جانگیا جو پہلوان لوگ کشتی کے وقت باندھتے ہیں۔
نُطفۂ ناتحقیق۔ گالی ہے حرامزادہ
نُطق۔ تقریر
نطق ابراد کردن۔ تقریر کرنا۔
نطق کردن۔ رجوع بہ ماقبل۔

ن۔ظ

نُظّار۔ دیکھنے والا

نظارت ۔ کسی چیز کو دیکھنا ۔ نظر کرنا ۔
نظارت پیشہ ۔ محافظ ۔ نگہبان ۔
نظارت کردن ۔ نگرانی کرنا ۔
نظارگان ۔ دیکھنے والے ۔
نظارگیان ۔ رجوع بہ مائیل ۔
نظارہ کردن ۔ دیکھنا ۔ لطف اندوز ہونا
نظافت ۔ پاکیزگی ۔
نِظام ۔ انتظام ۔ آراستگی ۔ نیز جواہر کی لڑی ۔ سپاہ ۔ فوج ۔
نظام الدین اولیاءؒ ۔ برصغیر کے مشہور و معروف اور چشتیہ سلسلہ کے سرکردہ بزرگ ۔ آپ بابا فریدالدین مسعود گنج شکرؒ کے خلیفہ تھے ۔ اور امیر خسرو کے مرشد تھے ۔ آپ کا مزار مقدس دہلی میں ہے ۔
نظام الملک طوسی ۔ ملک شاہ سلجوقی کا وزیر جس کا ایران کے بلند پایہ ترین وزیروں اور سیاست دانوں میں شمار ہوتا ہے ۔ مدرسہ نظامیہ بغدادیہ اسی نے کھولا ۔ خود زبردست عالم و فاضل تھا ۔ اور عالموں فاضلوں کی دل و جان سے قدر و منزلت کرتا تھا ۔
نظامت ۔ انتظام ۔ بندوبست نیز ناظم کا محکمہ ۔
نظام عالم ۔ انتظام عالم کا سلسلہ ۔
نظام گرفتن ۔ کاموں کا منظم و مرتب ہونا ۔
نظام وظیفہ ۔ فوجی خدمت یا ملازمت
نظام نامہ ۔ آئین نامہ ۔
نظامی ۔ سرباز ۔ سپاہی ۔ فوجی ۔
نظامی ۔ مولانا ابو محمد یوسف نظامی گنجوی جو پنج گنج کے مصنف ہیں جسے عموماً خمسہ نظامی بھی کہتے ہیں ۔ ایک باکمال شاعر تھے ۔ اور علوم ظاہری کے ساتھ ساتھ باطنی علوم میں بھی کمال دسترس رکھتے تھے ۔
نظامیان ۔ فوجی لوگ ۔
نظایر ۔ نظیر کی جمع ۔ مثالیں ۔
نظر انداز ۔ حدِ نگاہ ۔
نظر انداختن ۔ نگاہ ڈالنا ۔ دُور سے دیکھنا ۔

نظرباز ۔ ۱۔ صرف نگاہ سے دیکھنے کا مزہ لینے والا ۔ ۲۔ جاسوس۔ حُسن پرست ۔
نظربازی ۔ حُسن پرستی ۔ شیفتگی جاسوسی۔
نظرتنگ ۔ خسیس ۔ تنگ نظر۔
نظردادن ۔ اپنی رائے کا اظہار کرنا۔ اپنا نظریہ بتانا ۔
نظردوختن بہ چیزی ۔ کسی چیز کی جانب ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا۔
نظرزدن ۔ کسی کو بدنظر لگانا۔
نظرغلط انداز ۔ محبوب کی ایسی نگاہ جو عشاق کو غلط راہ پر ڈال دے ۔ یعنی ہر عاشق یہی سمجھے کہ بس وہ میرا ہی ہے۔
نظرگاہ ۔ تماشا گاہ۔
نظم ۔ ۱۔ موتیوں کی لڑی ۔ ۲۔ نیز موتیوں کو پرونا ۔ ۳۔ شعر آراستہ کرنا ۔ ۴۔ کلام موزون ۔
نظم گفتن } شعر کہنا۔
نظم کردن } رجوع بہ ماقبل
نظمیہ ۔ پولیس کا محکمہ جو نظم ونسق کا ذمہ دار رہتا ہے ۔

نظیر ۔ مانند ۔ مثل ۔ مساوی ۔
نظیربودن ۔ ہم مثل ہونا ۔
نظیف ۔ پاک وپاکیزہ ۔ صاف ستھرا
نظیف بودن ۔ پاک وپاکیزہ ہونا ۔
نظیف کردن ۔ پاک کرنا ۔

ن ۔ ع

نعت ۔ ستایش ۔ وصف ۔ حضور سرورِ کائنات نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی تعریف میں کہے ہوئے شعر ۔ نعتیہ اشعار ۔
نغچہ ۔ بھیڑ ۔
نعرہ ۔ للکار ۔ بلند آواز ۔
نعرہ زدن ۔ نعرہ مارنا ۔
نعرہ کشیدن ۔ رجوع بہ ماقبل ۔
نعش ۔ مُردہ ۔ لاشہ ۔ جنازہ ۔
نعش شدن ۔ مردہ بن جانا ۔ بالکل ہلنے جلنے کے قابل نہ رہنا ۔
نعش کش ۔ لاش کو اٹھا کر لے جانے والے ۔ خواہ آدمی ہوں یا وسیلہ ۔ جیسے گھوڑا گاڑی ۔ اور گاہے توپ بھی ۔

نعف - پہاڑ کی ترائی -
نعل - جوتا - وہ لوہا جو گھوڑے کے پاؤں میں یا جوتی کی ایڑی میں لگاتے ہیں -
نعل بستن - نعل لگانا -
نعل بند - نعل لگانے والا -
نعل شدن - گھوڑے کا نعل لگ جانا
نعل کردن - رجوع بہ نعل زدن -
نعل افگندن - بہت تھک جانا - خستہ و شکستہ ہونا -
نعال - مجلس یا محفل کی آخری صف جہاں لوگ اپنے جوتے وغیرہ اُتارتے ہیں -
نعل بر آتش نہادن - کسی کو سخت بے قرار کرنا -
نعلبکی - گملا دان -
نعلکی - ایڑی - کھری -
نعل وارنہ زدن - چوری چھپے کام کرنا - کسی کو دھوکا دینا - فریب دینا -
نعل واژگوں بستن - بہکانا -
نعلین - دونو جوتیاں - جوڑا -
نعلین تحت العین - مسجد میں یا کسی جلسے میں جاؤ تو جوتے زیر نگاہ رکھنے چاہئیں -
نعلین چوبین - کھڑاویں -
نعم - ہاں - بلے - آرے
نعم - نعمت کی جمع -
نعما - نعمت - عطیہ
نعمات - نعمتیں -
نعم البدل - نیک بدلہ - بہتر عوض
نعمان - ۱ - حضرت امام ابوحنیفہ رح کا نام - ۲ - عرب کے ایک بادشاہ کا نام - نعمان بن منذر -
نعنا - پودینہ -
نعوذ - ہم پناہ مانگتے ہیں -
نعوذباللہ - ہم خدا سے پناہ مانگتے ہیں -
نعیم - نعمت - بہشت - نیکی - لذت
نعمت بخش - نعمت دینے والا -

ن - غ

نغز - خوب - عمدہ - خالص - بہتر
نغزلو - عمدہ - خوشبو
نغزک - آم - انبہ -
نغزگو - خوش گو -

نغم - نغمہ کی جمع - راگ - گیت -
نغمات - نغمے - گیت - سرود - سُریں
نغمہ - دلکش آواز - زمزمہ -
نغمہ سرا - گانے والا -
نغمہ سرائی - گیت الاپنا -
نغول - سیڑھی -

ن ف

نفّاخ - نفخ پیدا کرنے والا - پیٹ کو پھلانے والا -
نفاد - ختم ہو جانا - تمام ہو جانا -
نفاذ - حکم کا جاری کرنا - فرمان جاری کرنا - اثر و رسوخ - اقتدار -
نِفاس - وہ خون جو عورت کو بچہ پیدا ہونے کے بعد آتا ہے -
نفاست - عمدگی - خوبی - مرغوب - نیز عورت کا زچہ ہونا -
نفّاع - بہت نفع بخش -
نِفاق - دوغلاپن - دورُوئی - دشمنی
نِفاق انداختن - دشمنی پیدا کرنا -
نِفاق کردن - رجوع بہ ماقبل
نفائح - نفح کی جمع - خوشبوئیں -
نفائس - نفیسہ کی جمع - عمدہ چیزیں
نفائس فنون - فنون زیبا -
نفت - خام تیل - پٹرول -
نفت چراغ - مٹی کا تیل -
نفخ کردن - پیٹ میں نفخ آجانا -
نفخہ - ایک دفعہ پھونکنا -
نفخۂ رُوح - وہ دَم جو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے حضرت بی بی مریمؑ کے آستین میں پھونکا تھا -
نفخۂ صُور - وہ کرنا جو حضرت اسرافیل علیہ السلام قیامت کے دن پھونکیں گے اور جس کی آواز سے سب مُردے اپنی اپنی قبروں سے اُٹھ کھڑے ہوں گے -
نفر - ایک آدمی - نیز تین سے دس تک آدمی -
نفرت - کراہت - گھن -
نفرت داشتن - کسی سے گھن آنا -
نفرت انگیز - ایسی بات چیز یا حرکت جس سے نفرت پیدا ہو -
نفرت آور - رجوع بہ ماقبل -
نفرین - بددعا - لعنت - پھٹکار -
نفرین شدن - پھٹکارے جانا -
نفرین کردن - لعنت کرنا -

نفرین کردہ ۔ ملعون ۔ مغضوب ۔
نفس ۔ ذات ۔ شخص ۔
نفس ۔ سانس ۔ دم ۔
نفس آباد ۔ پھیپھڑا ۔
نفس امارہ ۔ نفسانی خواہشات کا حکم کرنے والا ۔ جو آدمیوں کو برائیوں پر اکساتا ہے ۔
نفس آخر کشیدن ۔ مر جانا ۔
نفس از جان گرم بیرون آمدن
۱ ۔ کسی دوسرے کا پشت پناہی کرنا ۔ ۲ ۔ کھونٹے کے بل ناچنا ۔
۳ ۔ ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا ۔
نفس باز پسین ۔ آخری سانس ۔
نفس بر آوردن ۔ بولنا ۔
نفس بریدن ۔ سانس پھول جانا ۔ ہانپنا ۔
نفس پرست ۔ خود غرض ۔ عیاش ۔
نفس دراز ۔ باتونی ۔ بسیار گو ۔
نفس تازہ کردن ۔ دم کی دم سستانا
نفس زدن ۔ سانس لینا ۔
نفس سوختن ۔ ہانپنا ۔
نفس کشتن ۔ نفس کو مارنا ۔
نفس کشتی ۔ نفس کو مارنے کا عمل ۔
نفس کشی ۔ نفس کو مارنے کا عمل ۔
نفس کشیدن ۔ سانس لینا ۔
نفس گرفتن ۔ آواز کا دب جانا ۔ گلا گھونٹے جانا ۔ چپ سادھ لینا ۔
نفس لوامہ ۔ انسان کو ان کے گناہوں پر ملامت کرنے والا نفس جس سے انسان اپنے کئے پر نادم ہوتا ہے ۔
نفس مطمئنہ ۔ وہ نفس جو برائیوں سے بالکل صاف اور مبرّا ہو کر اپنے خدا کے حضور میں اطمینان سے جاتا ہے یہ نفس مخصوص با صالحان اور پیغمبران ہے ۔
نفس ملہمہ ۔ وہ نفس جس کے ذریعہ بزرگوں کو الہام ہوتا ہے ۔
نفس ناطقہ ۔ بولنے والی روح ۔
نفسانی ۔ مربوط بہ نفس ۔
نفس نفس زدن ۔ ہانپنا ۔ سانس کا بری طرح پھول جانا ۔
نفط ۔ رجوع بہ نفت ۔
نفع بردن ۔ فائدہ اٹھانا ۔
نفع داشتن ۔ فائدہ ہونا ۔
نفع گرفتن ۔ نفع حاصل کرنا ۔

نفع رساندن - کسی کو فائدہ پہنچانا۔
نفقات - جمع ہے نفقہ کی۔
نفقہ - خرچ - کھانا کپڑا اور رہائش جو انسان اپنے بیوی بچوں کو مہیا کرتا ہے۔
نفلہ - فضول خرچی - ضیاع۔
نفلہ کردن - فضول خرچی - دولت اور دھن کا ضائع کرنا۔
نفوخ - نسوار۔
نفوذ - اثر در سوخ - نیز حکم یا فرمان کا جاری ہونا۔
نفوذ پیدا کردن - اثر و رسوخ پیدا کرنا
نفوذ داشتن - صاحب اثر و رسوخ ہونا
نفوذ کردن - گھسنا - داخل ہونا۔
نفوذ کلام - بات کی تاثیر۔
نفور - نفرت کرنا۔
نفوس - نفس کی جمع - رُوحیں۔
نفوس ثلاثہ - تینوں نفس - ۱- نفس امارہ - ۲- نفس لوامہ اور ۳- نفس مطمئنہ - نیز تینوں رُوحوں کو بھی کہتے ہیں - یعنی ۱- رُوح حیوانی - ۲- رُوح نباتی - ۳- رُوح جمادی۔
نفوس قدسیہ - فرشتے - نیک رُوحیں - نیک بندے۔
نفی - انکار کرنا - دُور کرنا - نابود کرنا۔
نفی بلد کردن - شہر بدر کرنا۔
نفی بلد شدن - شہر بدر کئے جانا۔
نفی در نفی اثبات گیرد - نفی کو نفی سے ضرب دیں تو حاصل جمع مثبت ہوگا

نفی × نفی = جمع

نفیر - بگل - کرناہ - چیخ و پکار - شور - نالہ۔
نفیر کشیدن - ۱- بگل جانا - ۲- خراٹے لینا۔
نفیس - عمدہ شے - قیمتی چیز۔

ن - ق

نق - بڑبڑاہٹ
نقاب - روبند - وہ پردا جو عورت اپنے چہرے پر ڈالتی ہے -
نقاب برداشتن - پردہ اُٹھا دینا۔
نقاب پوش - نقاب پہننے والی یا والا۔
نقاب دار - پوشیدہ رُو۔

نقاب داشتن - نقاب پہننا۔
نقابت - رہبری - سرداری۔
نقابت کردن - رہبری کرنا
نقاب زدن - نقاب اوڑھنا۔
نقابی - پردہ دار عورت۔
نقاد - تنقید کرنے والا۔ کھرے کو کھوٹے سے الگ کر دینے والا۔
نقادی کردن - تنقید کرنا۔
نقار - دشمنی - عداوت - کینہ
نقارچی - نقارہ بجانے والا۔
نقارخانہ - جہاں نقارے بجتے ہوں
نقارہ - ڈھول - نوبت
نقارہ زدن } ڈھول بجانا۔
نقارہ کوبیدن } نوبت بجانا
نقاش - رنگ کار - مصوّر - صورت گر
نقاشی - مصوّری - عمل صورت گری
نقاشی کردن - مصوّری کرنا - تصویر اتارنا - نقش و نگار سے آراستہ کرنا۔
نقاط - جمع ہے نقطہ کی - نقطے۔
نقال - نقل کرنے والا - داستان بیان کرنے والا - قصہ گو۔
نقالہ - وہ فرشتہ جو نیکوں کو مقام محمود اور بدوں کو عذاب کی جگہ لے جاتا ہے۔
نقالی کردن - ۱ - قصہ سرائی کرنا ۲ - نقل کرنا۔
نقاوت - برگزیدہ ہونا - پرہیزگاری
نقاوہ - برگزیدہ - خلاصہ - پسندیدہ
نقاہت - کمزوری - ضعف و ناتوانی
نقائص - عیب - برائیاں - خامیاں
نقب - سوراخ کرنا - سرنگ
نقب زدن - چوری کے لئے سوراخ نقب لگانا۔
نقب کندن - سرنگ کھودنا۔
نقبا - نقیب کی جمع - اللہ کے ولی۔
نقب زن - نقب لگانے والا۔
نقد - اشرفی - روپیہ - پیسہ - اُدھار کا اُلٹ ہے - روک - حال - نیز فوری۔
نقداً - فی الحال - ابھی۔
نقد پای ترازو دادن - اسی وقت قیمت ادا کر دینا۔
نقد را باش - ۱ - بہتی گنگا میں ہاتھ دھو لو - ۲ - جو کرنا ہو اب کر لو - اسے التوا میں مت ڈالو۔
نقدجاں - روح۔

نقدِ رواں ۔ رائج سکہ۔
نقد فروختن ۔ قیمت وصول کرکے چیز کو بیچنا۔
نقد کردن ۔ قیمت وصول کرلینا ۔ یعنی مال اسباب کے بدلے قیمت اسی وقت لے لینا۔
نقدینہ ۔ زرِ نقد۔
نقد گیر ۔ رشوت خور۔ طالبِ دنیا۔
نقد و جنس ۔ دھن دولت اور مال و اسباب۔
نِقرس ۔ ایک بیماری کا نام ہے جس کا شدید درد پاؤں میں اُٹھتا ہے۔
نقرہ ۔ پگھلی ہوئی چاندی
نقرہ کاری ۔ نقرہ پر کندہ کاری کرنا۔
نقرہ آلات ۔ چاندی کے برتن۔
نقرہ ای ۔ چاندی کا۔ روپہلی۔
نقرہ بآہن رسیدن ۔ نیکی کا بدی اور فراغت کا حاجت سے بدل جانا۔
نقرہ خام ۔ خالص چاندی۔
نقرہ خنگ ۔ نقرئی گھوڑا جس کا رنگ سفید چاندی کی طرح ہو۔
نقش ۔ صورت۔ نگار۔ شکل و صورت تصویر۔ مینیت کاری ۔ نیز نرد میں ایک داؤ کا نام ۔ جادو ۔ جنتر۔ تعویذ نشان۔ تاثیر۔ خیال۔
نقشِ بد بستن ۔ کام کا حسبِ منشا نہ ہونا جسے عرفِ عام میں تین کانے کہتے ہیں۔
نقش بدیوار ۔ حیران۔ ہکا بکا۔
نقش برآب ۔ بے ثبات ۔
نقش برآب بودن ۔ ۱۔ سطحی ہونا۔ ۲۔ بے ثبات اور ناپائیدار ہونا۔
نقش برآب زدن ۔ لاحاصل کام کرنا۔
نقش برخاستن ۔ نشان مٹ جانا۔
نقش بُردن ۔ مٹانا۔ زائل کرنا۔
نقش بستن ۔ صورت بنانا۔ خیال باندھنا۔ تصویر بنانا۔ تصور کرنا۔
نقش بند ۔ نقاش۔ مصوّر۔ صانع۔
نقش بندِ حوادث ۔ خداوند تعالیٰ۔ (کہ نقش بندِ حوادث ورای چون و چراست)
نقشبندی ۔ مصوری۔ نقاشی۔ ۲۔ نیز منسوب بہ فرقۂ نقشبندیہ۔
نقش بے غبار ۔ مظلوم کی بد دعا۔
نقش حرام ۔ درشتی بیٹھہ۔

نقش خوب نشستن - بالکل حسب منشا کام ہونا۔
نقش خود در آئینہ دیدن - اپنی ہی جلوہ گری۔
نقش زدن - ۱۔ منصوبہ تیار کرنا۔ ۲۔ خاکہ بنانا۔ ۳۔ نقشہ اتارنا۔
نقش طرازی - مصوّری۔
نقش قندھار - حسین و دلکش۔
نقش کسی بہ تیر زدن - کسی سے سخت دشمنی اور عداوت کا ہونا۔ کسی کی ہوا کو تیر مارنا۔
نقش گل - عرش۔
نقش گر - نقاش۔ مصوّر
نقش گر ازل - خدا - ع۔
(نقش گر ازل ترا نقش ہے ناتمام ابھی)
نقش بر تر بازی کردن - بڑا اہم پارٹ ادا کرنا۔ اہم کردار ادا کرنا۔
نقش و رنگ - ڈیل ڈول۔
نقش و نگار - شکل و صورت ع۔
(نقش و نگار دیر میں خون جگر نہ کر تلف)
نقشہ بردار - سروے کرنے والا۔
نقشہ برداری - سروے کرنا۔

نقشہ کش - ۱۔ جغرافیائی یا عمارتی نقشوں کا بنانے والا۔ ۲۔ سازشی
نقشہ کشیدن - رجوع بہ ماقبل۔
نقص - خامی۔
نقص داشتن - خامی یا کمی کا ہونا۔
نقض - عہد کا توڑنا۔
نقض کردن } رجوع بہ ماقبل
نقض نمودن }
نقض غرض - مقصد کے برخلاف
نقض غرض کردن - مصلحت کے خلاف اقدام کرنا۔
نقض قول و عہد - اپنے عہد و پیمان کو توڑنا۔
نُقط - نقطہ کی جمع - نقطے۔
نقطہ - جگہ - مقام - صفر - وہ جو تقسیم قبول نہ کرے۔
نقطۂ اتصال - ملنے کا کام جنکشن
نقطۂ انجماد - منجمد ہونے کا مقام۔
نقطۂ پرکار - مرکز - ہادی پیغمبر
نقطۂ دائرہ - دائرے کا مرکز - مراد حضور سرور کائنات نبی کریمؐ سے بھی لیتے ہیں۔
نقطہ ریختن - رمل سے فال نکالنے

کے لئے پانسوں کا پھینکنا۔

نقطہ غلیان - پانی میں جوش آنے کا درجہ۔ اُبال آنے کا درجہ

نقطہ دار - وہ حرف جن پر نقطے ہوں

نقطہ گذاری کردن - نقطہ لگانا۔

نُقطہ بہ نقطہ - ہر جگہ۔ ہر مقام پر۔

نَقل - ۱- ایک جگہ سے دُوسری جگہ جانا - ۲- روایت کرنا ۳- حدیث کہنا

نُقل - وہ چیز جو شراب کے بعد منہ کا ذائقہ بدلنے کے لئے کھاتے ہیں۔ مثلاً کباب۔ میوہ مٹھائی وغیرہ

نَقل کردن - روایت کرنا۔

نقل قول کردن - کسی کا قول پیش کرنا۔

نقل کفر کفر نہ باشد - کسی کی مناسبت سے کفر کا کسی بات کا روایت کرنا کفر نہیں ہوتا۔

نقل زبان ہا بودن } ہر جگہ اس کا
نقل زبان ہا شدن } چرچا ہونا

نقل محافل شدن - ہر محفل میں اس کا ذکر اور چرچا ہونا۔

نقل مکانی کردن - مکان بدل کر کسی اور جگہ چلے جانا۔

نقلی ندارد - عیبی ندارد - کوئی مضائقہ نہیں۔

نَقلیہ - وسائل حمل و نقل۔

نَقل بیابان - بھٹہ۔

نقل عروسی - ایرانی اسے شاباش بھی کہتے ہیں۔ جو دلہن کے سر پہ رکھ کر واری کرتے ہیں۔ اس میں مٹھائی کے ساتھ روپے پیسے بھی ہوتے ہیں۔

نقل نوروز - خشک فروٹ جو نوروز کے دن مہمانوں کو کھلائے جاتے ہیں۔

نقُود - نقد کی جمع۔ نقدیاں۔

نقوش - نقش کی جمع۔

نقوی - منسوب بہ نقی رضؓ۔

نقی - پاک۔ برگزیدہ۔ نیز بارہ اماموں میں سے دسویں امام کا نام جن کا مزار مقدس کاظمین میں ہے۔

نَقیب - سردار۔ بزرگ۔ چودھری۔ قوم کا رہنما۔

نقیر - تھوڑی سی چیز۔ اندک۔

نقیر و قطمیر - تھوڑا بہت۔ کم و بیش۔

نَقیض۔ توڑنے والا۔

ن ۔ ک

نُک ۔ نوک کا مخفف
نِک ۔ نیک کا مخفف ۔ اے لو۔
نِکات ۔ نکتہ کی جمع ۔ باریکیاں۔
نِکاح ۔ ایک مستقل بیوی کا گھر میں لانا ۔ ملاحظہ ہو نچلا محاورہ۔
نکاح موقت داشتن } زن
نکاح موقت گرفتن } صیغہ ای
متعہ کی عورت کو لانا ۔ عارضی نکاح
نِکبَت ۔ مصیبت ۔ دردمندی بدبختی۔
نکبت زدہ ۔ مصیبت زدہ ۔
نُکَت ۔ نکتہ کی جمع ۔
نکتہ ۔ وہ دقیق باریک اور پاک بات جو ہر کسی کی سمجھ میں نہ آ سکے ۔ کلام کی باریکی ۔
نکتہ بین ۔ دقیق ۔ باریک بین۔
نکتہ دان ۔ دقیقہ رس۔
نکتہ دانی ۔ باریک بینی ۔
نکتہ چین ۔ عیب جو۔
نکتہ چینی ۔ عیب جوئی ۔
نکتہ رس ۔ ذکی ۔ تیز فہم ۔
نکتہ سنج ۔ دانا ۔ سخن فہم ۔
نکتہ گیر ۔ عیب گیر ۔
نکتہ گو ۔ حاضر جواب
نَکِرہ ۔ ناآشنا ۔ وہ اسم جو عام چیزوں کے لئے استعمال ہوتا ہے ۔ (معرفہ کا اُلٹ)
نُکس کردن ۔ عود کر آنا ۔ بیماری کا لوٹ آنا۔
نکس شدن ۔ سرنگون ہونا ۔ ناتوان ہونا ۔ تیز رجوع بہ ماقبل ۔
نکند ۔ خدا نہ کرے ۔
نکوکار ۔ نیک ۔ بھلے کام کرنے والا۔
نکول کردن ۔ ہنڈی یا چیک کا قبول نہ کیے جانا ۔ DISHONOUR ہو جانا ۔
نکونام ۔ نیک نام ع
(زندہ جاوید ماند ہر کہ نکونام زیست)
نکوہش ۔ دھمکی ۔ سرزنش ملامت ع
(نکوہش مکن چرخ نیلوفری را)
نکوہش کردن ۔ بُرا بھلا کہنا ۔ سخت سُست کہنا ۔

نکوہیدن ۔ سرزنش کرنا ۔
نکوہیدہ ۔ اسم مفعول ہے سرزنش شدہ
نکوئی ۔ نیکی ۔
نکوئی کن و در آب انداز ۔ نیکی
کو کوئیں میں ڈال اُسے بھول جا ۔
اور کر کے بھر اُسے جتلاتا نہ پھر ۔
(نکوئی با بداں کردن چنان است
کہ بد کردن بجائے نیک مرداں)
نکیر ۔ قبر میں سوال کرنے والے دو
فرشتوں میں سے ایک کا نام ہے
نکیرین ۔ منکر اور نکیر دونو فرشتے ۔

ن ۔ گ

نگار ۔ محبوب ۔ خوب رُو معشوق
خوب صورت بُت حسین صنم ع
(نگارِ من بمکتب نرفت و خط ننوشت)
نگارِ ارمنی ۔ مراد ہے فرہاد کی محبوبہ
شیریں سے جو ارمن کی شہزادی تھی
نگار بر دست کسی بستن کسی
کو کسی کام کا نہ چھوڑنا ۔
نگار بستن ۔ مہندی لگانا ۔
نگار خانہ ۔ وہ مکان جس میں نقش و
نگار سے آرائش کی گئی ہو ۔
نگارستان ۔ رجوع بہ ما قبل ۔
نگارش ۔ نگاشتن سے حاصل مصدر
لکھائی ۔ اسلوب ع
(ترے نام سے ابتدا کر رہا ہوں
مری انتہائے نگارش یہی ہے)
نگاشتن ۔ لکھنا ۔
نگارِ عالم ۔ دنیا بھر کا خوبصورت و
حسین نگارندہ ۔
نگارندہ ۔ نویسندہ ۔ کاتب ۔
لکھنے والا ۔ مؤلف ۔ نقاش ۔
نگارین ۔ مہندی سے نقش کیا ہوا
ہاتھ ۔ رنگین خوبرو ۔ زیبا ۔
نگاہ ۔ نظر ع
(نگاہے یا رسول اللہ نگاہے)
نگاہبان ۔ نگہبان
نگاہداشت ۔ دیکھ بھال سنبھال ۔
نگاہ داشتن ۔ دیکھ بھال کرنا ۔
سنبھالنا ۔ نیز روکنا (تا کسی را
نگہ دار) یعنی روک لے ۔
نگاہ زدن } ایک نظر سے ذرا
نگاہ کردن } دیکھنا ۔
نگر ۔ فعل امر ہے نگریستن مصدر سے

بمعنی دیکھ (چشم بدی از کشا باز بخویشتن نگر)
نگران بودن - فکر مند ہونا پریشان ہونا
نگرانی - پریشانی - اضطراب - فکر - تردد -
نگرانی داشتن - رجوع بہ تامل
نگریستن - دیکھنا
نگون - اوندھا - الٹا -
نگون بخت - بدبخت - برگشتہ -
نگون سار - اوندھا - اُلٹا -
نگوشنو - نہ بُری بھلی کہہ اور نہ ہی کسی سے کڑوی کسیلی سن -
ع - ہے یہ گنبد کی صدا جیسی کہے ویسی سنے
نگوں ہمت - کم ہمت -
نگہ - نگاہ -
نگہبان - محافظ
نگہداشتن - حفاظت کرنا
نگیسا - خسرو پرویز کے ایک مشہور مطرب کا نام ہے -
نگین / **نگینہ** } قیمتی پتھر - ہیرا جواہر

ن - ل

نلبکی - رجوع نعلبکی

ن - م

نم - نمی - تری - رطوبت
نما - بڑھنا - اُگنا - نشوونما پانا -
نما - مانند - مثل -
نماز استخارہ - تردد و تفکر میں استخارہ کرکے فال لینا -
نماز استسقا - باران رحمت کے لئے نماز پڑھنا -
نمار کردن - اشارہ کرنا -
نم آلود - گیلا - تر -
نماز بر کسی کردن - کسی کی نماز جنازہ پڑھنا -
نماز پیشین - نماز ظہر -
نماز جماعت - باجماعت نماز -
نماز چاشت - اشراق کی نماز -
نماز خسوف - وہ نماز جو چاند گرہن کے وقت پڑھی جائے -
نماز خفتن - عشا کی نماز

نمازدیگر۔ عصر کی نماز۔
نمازِشام ۔مغرب کی نماز
نمازگزاردن ۔نماز پڑھنا۔
نمازِ نافلہ ۔ نفلی عبادت
نمازی کردن ۔پاک کرنا۔دھونا۔
نمام ۔چغل خور۔
نمامی ۔چغل خوری۔غیبت کرنے کا عمل۔
نمایاں ۔ظاہر۔ آشکارا
نمایاں بودن } ظاہر۔آشکار
نمایاں شدن } ہونا
نمائش ۔ دکھاوا۔ ڈرامہ
نمائش کار۔ ایکٹر۔ڈرامہ کرنے والا۔
نمایش گاہ ۔جہاں نمایش کی جائے۔
نمایشگاہ صنعتی ۔انڈسٹریل۔ نمایش کی جگہ۔
نمائش گاہ فلاحتی ۔زراعتی نمائش کا مقام۔
نمائندہ پارلان ۔ پارلیمنٹ کا ممبر۔
نم پس دادن۔ ٹپکنا۔ایک چیز سے دوسری چیز تک پہنچنا۔
نم پس ندادن ۔بخیل و خسیس ہونا۔
نمدار ۔گیلا تر۔
نمدار بودن ۔گیلا ہونا۔
نمدار شدن ۔رجوع بہ ماقبل۔
نم در جگر داشتن ۔تھوڑا بہت سرمایہ اور پونجی کا پاس ہونا۔
نم زدن ۔تھوڑا سا تر کرنا جیسے کپڑوں کو استری کرتے وقت ذرا سا نم دیتے ہیں۔
نم کردہ ۔نم دیا ہوا۔آب زدہ۔
نم کشیدن ۔ نمناک ہونا۔
نمد ۔ نمدہ۔
نمدبان ۔چمڑے اور نمدے کو سینے والا۔
نمدزین } گھوڑے کی زین کے
نمدی } نیچے جو نمدہ رکھا جاتا ہے۔
نمدی آفتاب کردن ۔فرصت و فراغت پانا۔
نمردہ عزا گرفتن ۔قبل از مرگ واویلا۔
نمرُود ۔ایک جابر، سرکش و کافر بادشاہ کا نام جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے وقتوں میں حکمران تھا جس کے حکم سے حضرت ابراہیم کو آگ میں ڈالا گیا۔اس نے خدائی

کا دعویٰ کر رکھا تھا۔ بالآخر دماغ
میں ایک مچھر گھس جانے سے
اس کی موت واقع ہوئی ہے ؎
(آگ ہے اولادِ ابراہیم ہے نمرود ہے
کیا کسی کو پھر کسی کا امتحان مقصود ہے)
نُمرہ - نمبر۔
نمرہ دار - جس پر نمبر لگے ہوں۔
نمرہ گزاری - نمبر لگانا۔
نمرہ زدن - صفحات پر نمبر لگانا۔
نمط - روش - رویّہ - طریقہ -
دستور - رویّہ۔
نمک بحرام - نمک حرام
نمک بر جراحت زدن - زخموں
پر نمک چھڑکنا۔
نمک بر زخم پاشیدن - رجوع
بہ ماقبل -
نمک چش - ہنڈیا میں سے نمک
چکھنے والا۔
نمک خوار - پروردہ - جس نے
کسی کا نمک کھایا ہوا۔
نمک خوردن و نمکدان شکستن
۱ - جس ہنڈیا میں کھانا اسی
میں چھید کرنا - ۲ - نمک حرام ہونا

نمک در جگر داشتن - دکھ پہ
دکھ سہنا۔
نمک سار - نمک کی کان۔
نمک سُود - نمکین - نمک لگا ہوا۔
نمک سُود کردن - نمک لگانا -
نمک مرچ لگانا۔
نمک گیر شدن - کسی کا نمک کھا کر
اس کا ممنونِ احسان ہونا۔
نمک نشناس - نمک حرام۔
نمل - چیونٹی - نیز قرآن حکیم کی
سورت کا نام۔
نمناک - گیلا - نم آلود۔
نم نداشتن - مفلس و قلاش ہونا۔
نم نم باران آمدن - بوندا باندی ہونا -
نمو - بالیدگی -
نمود - شان - نمائش - ظاہر - خوبی
شان - شوکت -
نمودار - ظاہر - آشکار۔
نمودار شدن - ظاہر ہونا۔
نمودن - دکھانا۔
نمونہ دادن - بطور نمونہ دینا۔
نمونہ گرفتن - نمونہ لینا -
نمون - مخفف رہنمون - راہنما۔

نمیدانم راحت جان است۔
ایک نہ اور سو آرام۔
رَنمیر۔لافانی۔جسے موت نہ ہو۔
صفت خداوندی ہے۔

ل۔ن

نَہَر۔ بدمزہ۔لاپرواہ۔دلیر۔
ننگ۔ عار۔شرم۔عیب۔ ع
(ما نمی خواہیم ننگ و نام را)
ننگ آمیز۔ ذلت آمیز۔
ننگ خاندان۔جو اپنے
کی ذات درسوائی کا موجب ہوا
خاندان کے نام پر دھبہ۔
ننگ خلایق۔ دنیا بھر کا ذلیل
ورسوا انسانیت کے نام پر دھبہ۔
ننگ آدم ننگ دین ننگ
وطن۔ انسان جو انسانیت اپنے
دین و مذہب اور اپنے ملک و ملت
کے لئے باعث ذلت ورسوائی ہو۔
ننگ و نام۔عزت و ذلت　ع
مانمی خواہیم ننگ و نام را
ننگ و ناموس۔عزت و آبرو۔

نیز رجوع بہ ماقبل۔
لنگین۔معیوب۔بڑا۔بدنام۔
نَنُو۔جھولا۔ کھٹولا۔
نَنہ۔امی جان۔اماں۔
نَنہ جان۔دادی اماں یا نانی۔
ننہ من غریب در آورد دل۔
اپنی مفلسی اور غریبی کا ڈھنڈورا
پیٹنا۔

ل۔و

لَو۔تازہ۔نیا۔　ع
(نو را حلاوتی است دگر)
لَوا۔آواز۔صدا۔راگ۔نغمہ۔
اسباب۔خوراک۔لحن۔آہنگ۔
نو آئین۔نیا قانون۔
نو آموز۔طفیل۔مکتبی۔نیا نیا۔
داخل ہوا بچہ۔
نواب۔نیابت کرنے والا۔نائب
صوبیدار۔گورنر۔
نوابغ۔جمع نابغہ کی۔باکمال لوگ
نواحی۔ناحیہ کی جمع۔کنارے
اطراف۔گرد و نواح۔

نواختن - حاصل مصدر ہے نواختن سے نیز ماضی مطلق بھی ہے۔
نواختن - نوازنا - گانا - بجانا -
نوادر - نادرہ کی جمع - عجیب و غریب چیزیں -
نوارہ - نبیرہ - پوتا - نواسہ -
نوارہ پسری - پوتا -
نوارہ دختری - نوسہ
نواز - نواختن سے فعل امر - نیز اسم فاعل کی علامت ہے۔ جیسے مہمان نواز - غریب نواز - بندہ نواز -
نوازش - عنایت - مہربانی -
نوازشات - جمع نوازش کی - عنایات -
نوازش نامہ - نامہ پُر از عنایات -
نوازندہ - ساز بجانے والا -
نوازیدن - گانا بجانا -
نواساز - ہم آہنگ ساز -
نواسیر - نیا نیا پھنسا ہوا - نیا قیدی
نوافل - نفل کی جمع -
نواقص - نقائص - خامیاں
نوال - بخشش - عطا -
نوالہ - رجوع بہ ماقبل
نومید - مایوس ع
رنہ ہو نومید نومیدی زوال علم و عرفاں ہے،
نوامیس - جمع ہے - رجوع بہ ناموس
نوان - بے نواں - ناتواں
نوان خانہ - اپاہج گھر -
نو آورد - ایجاد - اختراع -
نواہی - جمع نہی کی - رجوع بہ نہی -
نوائر - نائرہ کی جمع - شعلے -
نوبادہ - نیا میوہ - نیا لگایا ہوا پودا - نیز نوزائیدہ بچہ -
نوبادہ کردن - پھل نیا کرنا - یعنی کوئی پھل پہلے پہل کھانا -
نوبت - نقارہ - خیمہ - باری - فرصت
نوبت بہ نوبت - باری - باری
نوبت خانہ - نقار خانہ -
نوبت زدن - نقارہ بجانا -
نوبت ما رسید کہ خر زائید - ع
میری باری آئی تو چلمن ڈال دی
نوبتی - نقارچی - پہریدار
نوبر کردن - تازہ اور نیا پھل کھانا -
نوبہ - باری کا تپ جو ایک دن چھوڑ کر چڑھتا ہے -
نوبہار - فصل بہار - ع
نغمۂ نوبہار اگر میرے نصیب میں نہ ہو -

نوبہ کردن ۔ تپ لرزہ کا ایک دن چھوڑ کر چڑھنا۔
نوبہ خیز ۔ ایسی جگہ جہاں بلیریا بہت زیادہ پھیلتا ہے۔
نوبا نش ۔ دائم ۔ ہمیشہ ۔ سدا
نوُچ ۔ چنیدہ ۔ چکنا
نوچہ ۔ حیوان یا انسان کا چھوٹا سا بچہ یا چھوٹا سا پودا ۔ نوآموز۔
نوح ۔ رونا پیٹنا ۔ گریہ وزاری کرنا۔
نوُح ۔ بہت نوحہ کرنے والا رونے والا ۔ ایک مشہور و معروف پیغمبر کا نام جس نے نو سو سال تک اپنے ہم عصروں کو پیغام حق سنایا۔ مگر ان کے کان پر جوں تک نہ رینگی ۔ اور پھر آخر ان کی بے راہ روی ہنسی مخول اور مذاق سے تنگ آ کر ان کے حق میں بد دعا کی ۔ طوفانِ نوح اسی کا نتیجہ تھا۔
نوحہ ۔ بین ۔ سوگواری۔
نوحہ خواندن ۔ تعزیت کے یا ماتمی اشعار پڑھنا۔
نوحہ خوان ۔ ماتمی اشعار پڑھنے والا۔
نوحہ خوانی ۔ ماتمی اشعار پڑھنے کا عمل
نوحہ گری ۔ رجوع بہ ماقبل ۔
نوخواستہ ۔ اٹھتی جوانی ۔ نوآموز
نوخط ۔ جس کا ابھی آغاز سبزہ نہ ہوا ہو ۔ نوجوان۔
نوَد ۔ نوے (۹۰)
نودولت ۔ نودولتیا۔
نوُر ۔ روشنی ۔ روشنائی ۔ نیز قرآنِ حکیم کی ایک سورۃ کا نام۔
نور پاشیدن ۔ نورافشانی کرنا۔
نور دادن ۔ روشنی دینا ۔
نورافشان ۔ رجوع بہ نورپاشیدن۔
نوُرالعین ۔ آنکھوں کا نور ۔ بیٹا ۔ بیٹی ۔
نورافگن ۔ رجوع بہ نور افشان۔
نورانی ۔ درخشاں ۔ روشن ۔
نورانیت ۔ روشنی دینا۔
نوربخش ۔ نور دینے والا۔
نورچشم ۔ بیٹا ۔ آنکھوں کا نور۔
نورچشمی ۔ رجوع بہ ماقبل۔
نوَرد ۔ پیچ و تاب ۔ پیچ ۔ بل ۔ نیز جولاہوں کی وہ لکڑی جس پر بُنا ہوا کپڑا لپیٹتے ہیں ۔
نَوَرد رفتن باکسی ۔ کسی کے ساتھ

۱- گرما گرم بحث کرنا-۲- کسی سے کشتی لڑنا -۳- بہم مارکٹائی کرنا-
نورد ملوکانہ- شاہی پوشاک-
نوردن- تہ کرنا- لپیٹنا-
نوردہ- قبالہ پیچیدہ- طومار
نوردیدن- رجوع بہ نوردن
نور دیدہ- بیٹا-
نورس- تازہ اور نو رسیدہ- تازہ پکا ہوا پھل-
نورستہ- نیا اگا ہوا ع-
سبزہ نورستہ اس گھر کی نگہبانی کرے
نورسیدہ- تازہ وارد-
نورٌ علیٰ نور- نورٌ ہی نور- ایک سے بڑھ کر ایک-
نوردبین- تہ کرنا- لپیٹنا-
نورِ نخستیں- حضور نبی کریمؐ-
نورند- ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرنا-
نوروز- ماہ فروردین کی پہلی تاریخ - ایرانی شمسی سال کا پہلا دن جب سورج برج حمل میں ہوتا ہے- مارچ کی اکیسویں تاریخ ...... کے مطابق اور مساواتِ لیل و نہار ہوتی ہے- ایرانیوں کی قدیم زمانہ سے یہ ملی عید چلی آتی ہے- جو چودہ دن تک رہتی ہے- ؎

(نوروز و نو بہار می و دلربا خوش است
بابر بعیش کوش کہ عالم دوبارہ نیست)

نوروزی- وہ تحفہ جو نوروز کی تقریب پہ شاہ کو دیا جاتا ہے-
نورہ ساختن } بال صفا پاؤڈر
نورہ کشیدن } لگانا-
نورہ کشیدہ- پاک صاف-
نوری- منسوب بہ نور- فرشتہ- نیز زرد آلو کی ایک قسم ؎

(کجا نوری کہ غیر از قاصدی چیزی نمی دادند
کجا خاکی کہ در آغوش دارد آسمانی را)

نوزاد- نوزائیدہ بچہ-
نوزادگان- تازہ اُگے ہوئے بیل بوٹے شگوفے شاخیں اور کونپلیں-
نوزدہ- انیس- ۱۹-
نوزدہم- انیسواں-
نوساخت- نئی بنی ہوئی جگہ-
نوش- فعل امر ہے نوشیدن- نیز گوارا- لذیذ- خوش مزہ- آب حیات- امرت-

نوشابہ - آبِ حیات - شیریں پانی - الکحل - شراب۔
نوشانیدن - پلانا۔
نوشا نوش - پیو اور پلاؤ کی صدائیں۔
نوش باد - دعائیہ کلمات ہیں - کہ نوشِ جاں باشد - آپ کے لیئے یہ امرت اور آبحیات ثابت ہو۔
نوشت - نوشتن سے ماضی مطلق - ۲ - لکھت - تحریر۔
نوشت افزا - لکھنے کا سامان سٹیشنری
نوشتن - لکھنا۔
نوشتنی - لکھنے کے قابل
نوشتہ - لکھا ہوا۔
نوشتہ بر دیوار - واضح - صاف
نوشخند - خندۂ شادی -
نوشدارو - تریاق - وہ دوائی جو زہر کے اثر کو دُور کرتی ہے - نیز مومیائی یعنی سلاجیت - جو بہت نایاب دوا ہے اور زخموں کے لیئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے - نیز بمعنی مشروب -
نوش جان - جسم و جان کے لیئے مفید دعائیہ کلمات ہیں۔
نوش جان کردن - پینا - کھانا۔
نوش خواہی نیش می باید چشید - اگر نوش حاصل کرنا چاہتے ہیں - تو اس کے حصول کے لیئے راہ میں آنے والی تکالیف کو برداشت کرنے کے لیئے بھی تیار رہو - رنج بن گنج نہیں -
نوشدارو پس از مرگ سہراب - وہ اکسیر جو کسی کے مرنے کے بعد حاصل ہوا - بے محل اور بے فائدہ -
نوشگفتہ - نیا کھِلا ہوا۔
نوش گیاہ - وہ گھاس جو دافع زہر ہے۔
نوشیدن - پینا۔
نوشیں - میٹھا - شیریں - خوش مزہ -
نوشیں بادہ - شراب خوش مزہ -
نوشیں روان - جان شیریں -
نوظہور بودن - نوزائیدہ -
نوع - قسم - طرز - طبقہ - دستہ -
نوعاً - عموماً - بطور کلی -
نوعروسانِ چمن - باغ میں کھلے ہوئے پھول اور نئے اُگے ہوئے

بیل بوٹے اور شاخیں کونپلیں۔
نوع سافل۔ سب سے نچلی قسم۔
نوعمر۔ چھوٹی عمر کا۔
نوعمری۔ کم عمری
نوعی۔ ایک قسم کی
نوکار۔ تازہ کار۔ ناتجربہ کار۔
نوکر باب۔ سرکاری ملازم۔ نیز نوکری کے لائق طبقہ۔
نوکری مواجب تاج سر۔ وہ نوکر جسے تنخواہ نہ دی جائے اور مفت کام کرایا جائے۔ وہ اچھا کام مشکل ہی کرتا ہے۔ بلکہ آقا بن کر رہتا ہے
نوکندن۔ نئی جگہ کھودنا۔
نوکیسہ۔ رجوع بہ نودولت
نوگرفتار۔ رجوع بہ نواسیر
نوگل۔ تازہ کھلا ہوا پھول
نوم۔ نیند۔ خواب۔ سونا۔
نومید شدن۔ مایوس ہونا۔
نومید کردن۔ مایوس کرنا۔
نون۔ نان۔ روٹی۔
نونوار۔ نیا نویلا۔ نئی نویلی۔
نونہال۔ نیا پودا۔
نونہالان چمن۔ باغ میں نئے اُگے ہوئے پودے۔
نونیاز۔ نومشق۔ شاگرد۔ نیا مُرید۔ نیا طالب۔
نوہ۔ نواسہ
نوی۔ نیا پن
نوید۔ خوشخبری
نویساندن۔ لکھانا
نویسندہ۔ لکھنے والا۔ نیز ادیب نثر نگار (نویسندہ داند کہ در نامہ چیست)
نویسندگی۔ منشی گری۔ دبیری
نوین۔ جدید۔ تازہ۔ نیا۔

ن۔ ہ

نہ۔ کلمہ نفی۔ نہیں
نِہ۔ فعل امر نہادن سے بمعنی رکھ۔
نُہ۔ نو۔ (۹)
نہاد۔ ماضی مطلق از نہادن۔ رکھا بنیاد۔ سرشت خلقت۔ آفرینش باطن۔ اسم۔ دستور۔
نہادن۔ رکھنا۔
نہار۔ دن۔ روز۔

نہاری - ناشتہ - صبح کا کھانا -
نِہاری - وہ طالب علم جو سکول - کالج یا یونیورسٹی کے محض ڈے سکالر ہو اور ہوسٹل میں نہ رہتا ہو
نِہال - نورستہ پودا جسے ایک سری سے دُوسری جگہ لگایا جائے -
نہالستان - نرسری -
نہ امید دنیا نہ عقبیٰ بدست - نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم -
نہ ادھر کے رہے نہ اُدھر کے رہے -
نہان - چھپا ہوا - پوشیدہ
نِہان پیکران - فرشتے - پریان -
نِہان خانہ - تہ خانہ
نہاں درہ - خزانہ - گنجینہ - خزینہ -
نہان شدہ - چھپ جانا -
نہانی - پوشیدہ - ہ
(آتش دو زرخ میں یہ گرمی کہاں
سوز غم ہای نہانی اور ہے)
نہاوند - عراق عجم میں ایک شہر کا نام ہے جو عربوں اور ایرانیوں کی جنگ کے لئے مشہور ہے -
نہایت - آخر - انتہا - ع
(ظلیم نہایتی آں کہ نہایتی نہ دارد)

نَہب - غارت کرنا - لوٹنا - لُوٹ مار کا مال - مال غنیمت -
نُہ بام - نو آسمان -
نہبت - لوٹ مار -
نہ بُود دارد نہ خاصیت - کسی کام کا نہیں -
نہ پدر } آسمان
نہ پردہ }
نہ پای رفتن نہ جای ماندن -
عجیب بے کسی کی حالت کہ تھک کر شکستہ و چور بھی ہیں اور رہنے کو کوئی مقام نہیں - عجیب مصیبت اور مشکل میں پھنس جانا -
نہ پای گریز نہ دست ستیز - رجوع بہ ما تقبل -
نَہج - راہ - راستہ - طریقہ - ڈھب -
نہ پشت دارد نہ مشت - کسی کام کا نہ ہونا -
نہ خیر - منفی جواب لیکن دُعا کے ساتھ کہ نہیں - خدا خیر کرے -
نہ در کار آوردن - کسی کام کے آغاز میں بد شگونی کرنا -
نہاد شاخ پُرمیوہ سر بر زمین -

عقل مند آدمی تواضع اور انکساری کو اپنا شیوہ بناتے ہیں۔
نہ دختر دنیا نہ پسر آخرت ۔
ع نہ خدا ہی ملا نہ وصال صنم
نہ سر پیاز نہ نہ پیاز ۔ کسی کام سے دُور کا تعلق بھی نہ ہونا۔
نہ رواق ۔ نو آسمان۔
نہروان ۔ ایک شہر کا نام
نہرہ ۔ مٹی کا برتن
نہ ہر زن زن است نہ ہر مرد مرد پانچوں انگلیاں ایک برابر نہیں ہوتیں
نہضت ۔ اٹھنا۔ نقل و حرکت ۔ کوچ۔ ترقی۔ تحریک۔
نہضت کردن ۔ جنبش کرنا۔ حرکت کرنا۔ شورش کرنا۔
نہضت ملی ۔ قومی تحریک
نہفت ۔ ماضی مطلق ہے نہفتن مصدر سے۔
نہفتن ۔ چھپانا۔
نہفتہ ۔ پوشیدہ۔
نہم ۔ نواں
نہ مقصر باش نہ عالی ۔ میانہ روی اختیار کرو۔

نہنگ ۔ مگرمچھ۔
نہنگ اجل ۔ موت کا فرشتہ
نہی ۔ منع کرنا۔ روکنا۔ باز رکھنا۔ (نہی از منکر) وہ بات جس کے نہ کرنے کا شرعی حکم ہو۔
نہیب ۔ لوٹنے والا۔ ڈر۔ خوف۔ لٹیرا۔
نہیب دادن ۔ ڈرانا۔ دھمکانا۔
نہیدن ۔ غم کھانا۔ سوچ بچار کرنا

ن ۔ ی

نی ۔ بانسری۔ شہنائی۔
(بشنو از نی چوں حکایت می کند
وز جدائی ہا شکایت می کند)
نی ۔ کلک۔ قلم۔ نیشکر۔ بانس۔ نرسل۔ نیز نفی کا کلمہ۔
نیابت ۔ نائب ہونا۔
نیاز ۔ احتیاج۔ حاجت۔ خواہش۔ رغبت۔
نیاز داشتن ۔ کسی چیز کا محتاج ہونا۔ خواہشمند و ضرورت مند ہونا
نیاز کردن ۔ التماس کرنا۔

نیازمند۔ حاجتمند۔
نیازیدن۔ زاری کرنا۔
نیاگان۔ بزرگ۔ دادے نانے
نیام۔ تلوار کا میان
نی انبان۔ بین باجا۔
نیایش۔ تحسین و آفرین۔
ستایش۔ تعریف۔ گریہ زاری۔
نیایش کردن۔ التماس کرنا۔
دعا کرنا۔ عبادت کرنا۔
نی نبوک دماغ نرسیدن۔
کسی کی کھوپڑی میں بات کا نہ سمانا۔
نیت داشتن } نیت کرنا۔
نیت کردن }
نیّر۔ نہایت روشنی دینے والا۔ سورج
نیّر اصغر۔ چاند۔
نیّر اعظم۔ آفتاب۔ سورج۔
نیّر اکبر۔ رجوع بہ ماقبل
نیران۔ آگ۔ دوزخ۔
نیرنگ۔ جادو۔ منتر۔ افسون۔
طلسم۔ دھوکا۔ فریب۔
نیرنگ زدن } عجیب وغریب بات
نیرنگ کردن } کرنا۔ طلسم کرنا
دھوکا دینا۔

نیرنگیٔ زمانہ۔ دنیا کے عجائبات۔
نیرو۔ طاقت۔ قدرت۔ قوت۔
نیرو دادن۔ قوت دینا۔ مدد کرنا۔
نیرو سنج۔ ایک آلہ جس کے ذریعے
قوت اور توانائی کو جانچتے ہیں۔
نیرومند۔ توانا۔ قوی۔
نیروئی دریائی۔ بحری فورس۔
نیروئی ہوائی۔ ائیر فورس۔
بحری طاقت۔
نیرو یافتن۔ قوی ہونا۔ غالب آنا۔
نیز۔ بھی۔
نی زار۔ نرسل اگنے کی جگہ۔
نیزۂ آفتاب۔ سورج کی کرن۔
نیزہ بازی۔ ۱۔ نیزہ سے وار کرنا۔
۲۔ مفت خوری۔
نیزہ زدن۔ مفت کا مال ہاتھ میں لانا۔
نیسیاری۔ والنٹیر۔ رضاکار۔ فوجی
سپاہی۔ لشکری۔
نیسان۔ رومیوں کے ایک مہینے کا
نام جو موجودہ فروردین سے ملتا ہے
جب کہ سورج برج حمل میں ہوتا ہے
بہار کا مہینہ۔ اس ماہ کی بارش کو
بھی نیسان کہتے ہیں اور اس ماہ کی

بارش کے قطرات سیپی میں موتی
بنتے ہیں۔
نیست۔ نہیں ہے۔ معدوم۔ نابود۔
نیستان۔ رجوع بہ نی زار۔ ع
(از نیستاں تامرا ببریدہ اند)
نیست شدن۔ نابود ہونا۔ مٹ
جانا۔ تباہ ہونا۔ مرنا۔
نیست کردن۔ نیست و نابود کرنا۔
تباہ و برباد کرنا۔ مٹا دینا۔ مار دینا۔
نیستی۔ عدم۔ ہستی کا اُلٹ۔
نیش۔ بچھو۔ بھڑ اور زہریلے جانور
کا ڈنگ۔
نیش عقرب۔ بچھو کا ڈنگ۔ ؎
(نیش عقرب نہ از پئے کین است
مقتضائے طبیعتش این است)
نیش زدن۔ ڈنگ مارنا۔
نیش باز کردن۔ تھوڑا سا مسکرانا۔
نیشتر زدن۔ نشتر مارنا۔ فصد کھولنا۔
نیش زن۔ ۱۔ طعن و تشنیع والی بات
بات کرنے والا۔ ۲۔ جو دوسرے
کو کاٹے۔
نیش غولی۔ شیطانی۔ لغو۔ وہمی۔
بے بنیاد۔

نیشکر۔ گنا۔
نیشو۔ جس کا منہ ہمیشہ کھلا رہے۔
اور سامنے کے دانت نظر آتے رہیں
نیفہ سست کردن۔ آرام کے لئے
تیار ہونا۔
نیک۔ رجوع بہ نکو
نیک اختر۔ خوش نصیب
نیک انجام۔ جس کا انجام اچھا ہو۔
نیک اندیش۔ بھلا سوچنے والا۔
نیک بخت۔ خوش نصیب۔
نیک پی۔ خوش قدم۔
نیک خصلت۔ خوش خصال
اچھی عادتوں والا۔
نیک خصال۔ رجوع بہ ماقبل
نیک خو۔ اچھی عادت والا۔
نیک خواہ۔ خیر خواہ۔
نیک رفتار۔ اچھا سلوک کرنے والا۔
نیک سرشت۔ خوش خو۔ عمدہ عادت والا
نیک سیرت۔ رجوع بہ ماقبل۔
نیک طینت۔ اچھی جبلت و سرشت والا۔
نیک فال۔ اچھا شگون۔
نیک فرجام۔ نیک انجام۔
نیک کردار۔ اچھے اخلاق و اعمال والا۔

نیک گفتار - شیریں گفتار - بھلی بات کرنے والا۔
نیک محضر - خوش صحبت
نیک منظر - اچھا منظر یا نظارہ
نیک نام - رجوع نکونام
نیک نژاد - اچھی نسل کا۔
نیک نفس - نیک طبع۔
نیک نہاد - رجوع نیک سرشت و نیک سیرت
نیکو سرشت - رجوع نیک سرشت۔
نیکو سگال - رجوع نیک اندیش۔
نیکو سیر - نیک سیرت۔
نیکو کار - نیک کام کرنے والا۔
نیکوئی کردن - نیکی کرنا۔
نیکوئی کردن و در آب انداختن - نیکی کر کنوئیں میں ڈال - یعنی پھر کسی کو اپنی نیکی کا احسان نہ جتانا۔
نیکی برباد گناہ لازم - کیے کا ثواب نہیں بلکہ اُلٹا عذاب۔
نیکی و پرسش - نیکی اور پوچھ پوچھ۔
نیل - حاصل کرنا - پانا۔
نیل - ۱- ایک دریا کا نام جو مصر میں ہے - ۲- ایک رنگ۔
نیل زدن - نیلا رنگ کرنا۔

نیل فام - نیلے رنگ کا۔
نیلگوں - نیلا۔
نیلوپر - نیلوفر
نیل گاؤ - نیل گائے۔
نیلی - آسمان
نیم - نصف - آدھا۔
نیما نیم - آدھا آدھا - دو برابر حصّوں میں۔
نیم باز - آدھ کھلا - ع
(دیدۂ نیم باز را شوخیٔ ہزار بود)
نیم برشت - آدھا بھنا ہوا۔
نیم بسمل - نیم گھائل - نیم کشتہ - جس کی شاہ رگ چھیڑ دی جائے۔
نیم پختہ - رجوع نیم پز۔
نیم پز - نصف اُبلا ہوا۔
نیم تخت - آرام کرسی - آرام چوکی
نیم تنہ - صدری - واسکٹ
نیم جان - ادھ موا۔
نیم جوش - تھوڑا اُبلا ہوا۔
نیمچہ - چھوٹی تلوار یا خنجر۔
نیم حکیم - ناکامل طبیب۔
نیم حکیم خطرۂ جان - جو طبیب نا اہل ہو - اس سے صحت کی بجائے نقصان

کا زیادہ احتمال ہوتا ہے۔
نیم خند۔ لب خند مسکراہٹ
نیم خواب۔ کچی نیند۔
نیم خوردہ۔ جھوٹا کھانا پس ماندہ کھانا بچا کھچا۔
نیم خوردۂ سگ ہم سگ را شائد
ناپاک چیز ناپاک کو ہی زیب دیتی ہے۔
نیم خیز۔ کسی کی تعظیم یا احترام کے لیے تھوڑا سا اٹھنا۔
نیم دائرہ۔ قوس۔ کمان
نیم رخ۔ ایک رخی تصویر۔
نیم رس۔ جو ابھی پختہ نہ ہوا ہو۔
(بادہ ہے نیم رس ابھی
آہ ہے نارسا ابھی)
نیم راہ۔ آدھی راہ۔ بیوفا دوست۔
نیمرد۔ آدھا تلا ہوا انڈہ۔
نیمروز۔ دوپہر کا وقت۔
نیم سیر۔ آدھا رجا ہوا۔ جو مکمل طور پر سیر نہ ہوا ہو۔
نیم شب۔ آدھی رات کا وقت
نیم قد۔ کوتاہ قد۔
نیم کارہ۔ ناتمام۔
نیم کاسہ۔ چھوٹا کاسہ
نیم کاسہ درزیر کاشہ داشتن
دال میں کچھ کالا ہونا۔
نیم کت۔ بنچ۔ صوفہ۔
نیم کش۔ وہ تیر یا تلوار جو آدھی کھینچی ہو۔ ؎
(آہ وہ تیر نیم کش جس کا نہ ہو کوئی ہدف)
نیم کرہ۔ نصف کرہ۔
نیم گرم۔ آب ملول۔ نیم گرم۔
نیم مردہ۔ نیم جان۔ ادھ موا۔
نیمہ۔ آدھا۔ نصف۔
نی نواز۔ بنسری بجانے والا۔ ؎
(نی آن نی نوازی پاک بازی
مرا با عشق و مستی آشنا کرد)
نینوی۔ ایک شہر کا نام جہاں حضرت یونس علیہ السلام مبعوث ہوئے
نیوشیدن۔ سننا۔ ؏
(میری سنو جو گوش نصیحت نیوش ہو)

و

و ۔ ا

وا ۔ کلمہ تعجب ۔ واہ ۔
وا اسفا ۔ اے افسوس ۔
وا افسارن ۔ سست پڑنا ۔ لیٹ رہنا ۔ پیچھے ہٹنا ۔
واایستادن ۔ ٹھہرنا ۔ رکنا ۔
وابستگان ۔ ایک ہی کنبہ کے متعلق لوگ ۔ رشتہ دار ۔ عزیز واقربا ۔
وابستن باہم باندھنا ۔
وابستہ ۔ مربوط ۔ نزدیک، خویش باہم بندھے ہوئے

وابستہ است سلسلۂ موجہا بہم ۔
خود را شکستہ ہر کہ دل ما شکستہ است ۔

وابستہ ۔ آتاشی ۔
وابستہ مطبوعات ۔ پریس آتاشی
وابین کردن ۔ جانچنا ۔ معائنہ کرنا ۔
واپس دادن ۔ لوٹانا ۔
واپس گرفتن ۔ واپس لینا ۔
واپسیں ۔ آخریں ۔ آخری

واثق ۔ مضبوط ۔ استوار ۔ پختہ ۔
واثق بودن ۔ قطعی ہونا ۔ استوار ہونا ۔ مطمئن ہونا ۔
واجب ۔ ہمیشہ ۔ سدا ۔ لازم ۔ ضروری

(واجب آمد چونکہ آمد نام او شرح کردن رمزی از انعام او)

واجبات واجب کی جمع ۔
واجبات نماز ۔ ارکان ولوازم نماز ۔
واجب الادابودن ۔ جو ادا کرنے کے واجب ہو ۔
واجب التخظیم شدن ۔ احترام کیے جانے کے قابل ہونا ۔
واجب القتل بودن ۔ جس کا قتل کیا جانا واجب ہو ۔
واجب الوجود ۔ اللہ تعالیٰ ۔
واجد ۔ پانے والا ۔ رکھنے والا ۔
واجد بودن ۔ قبضے میں رکھنا ۔
واجد نیدن ۔ اونگھ جانا
واح ۔ نخلستان ۔
واحد ۔ یگانہ ۔ تنہا ۔ ایک ۔ اکیلا ۔
وحدانیت خدا کو ایک ماننا ۔
واجد بموت ۔ ایک چھوٹا سا ڈنڈا ۔

جس کی ایک ہی ضرب سے آدمی
مرجائے۔
واخواست کردن۔ بازپرس کرنا۔
اعتراض کرنا۔
واخواندن۔ دوبارہ پڑھنا یا
پڑھ کے سُنانا۔
واخواہ۔ معترض۔ احتجاج کرنے والا۔
واخواہی۔ اعتراض۔ اپیل۔ احتجاج
وافیدن۔ رُوئی دھنکنا۔ نیز
جدا کرنا۔
وادادن۔ چھوڑ دینا۔
وادار کردن۔ ترغیب دینا۔ آمادہ
کرنا۔ اُکسانا۔
واداشتن۔ قائم کرنا۔ مقرر کرنا۔
روکنا اور ترغیب دینا۔
وادشاد۔ ہدیہ۔ عطیہ۔ انعام۔
وادنگ کردن۔ ۱۔ قول و قرار کو
توڑ دینا۔ ۲۔ غلطی کا اعتراف کرکے
کسی چیز سے ہاتھ اٹھا لینا۔ ۳۔
کسی بات کو رد کر دینا۔
وادیٔ ایمن۔ وہ وادی جس میں
حضرت موسیٰ علیہ السلام نے
درخت کے اُوپر نور دیکھا تھا۔
چونکہ یہ وادی کوہِ طور کے داہنی
جانب ہے۔ اس کو وادیٔ ایمن
ایمن کہتے ہیں۔
وادیدن۔ پڑتال کرنا۔ نظرثانی کرنا۔
وادید کردن۔ رجوع بہ ماقبل۔
وارث۔ ورثہ لینے والا۔
وارثِ تاج و تخت۔ ولی عہد
وارثِ داؤد۔ حضرت سلیمان علیہ السلام
وارثان } جمع بطریق فارسی
وارثین } " " عربی
وارد شدن۔ داخل ہونا۔ شامل ہونا
وارد کردن۔ درآمد کرنا۔ اندراج
کرنا۔ درج کرنا۔
واردات۔ وہ حال جو آدمی پر گزرے
واقعات و حادثات وغیرہ۔ نیز
درآمدات۔ ع
کہنہ ہے بزم کائنات تازہ ہیں میرے واردات
وارستن۔ رہا ہونا۔ آزاد ہونا۔
وارستگی۔ نجات۔ رہائی۔
وارستہ۔ رہا شدہ۔ آزاد۔
وارسی کردن۔ تجسس کرنا۔ تفتیش کرنا۔
جانچنا۔ چھان بین کرنا۔
وارفتن۔ بے خبر ہونا۔ شل ہونا۔

غافل ہونا۔
وارفتگی۔ بے خودی۔ غفلت
وارو۔ اُلٹا۔ معکوس۔
واروزدن۔ اُلٹ کرنا۔ برعکس کرنا۔
وارونہ۔ اوندھا۔ الٹا۔
وارونہ کردن۔ اوندھا کرنا۔ الٹانا یا اُلٹا کرنا۔
وارہانیدن۔ دوبارہ آزاد کرنا۔
وارہیدن خلاصی پانا۔
واریختن۔ تصفیہ کرنا۔
واریز۔ تصفیہ حساب۔
وازشدن۔ کھلنا (بازشدن)
وازکردن۔ کھولنا۔
وازدن۔ رد کرنا۔ انکار کرنا۔ نامنظور کرنا۔ پیچھے ہٹنا۔
وازنش۔ پسپائی
واژگون سیم اُلٹا۔ اوندھا۔
واژگونہ۔ پلٹا ہوا۔
واژگون کردن۔ پلٹنا۔ اوندھا کرنا
واژہ۔ لفظ
واستاندن۔ واپس لینا۔
واسطہ بودن۔ سیانجی ہونا۔
واسطہ شدن۔ رجوع بہ ماقبل

واسطۃ العقد۔ موتیوں کی لڑی کا سب سے بڑا موتی۔
واصف۔ وصف کرنے والا۔
واصل شدن۔ لحق رسیدن۔ جاملنا۔ پہنچنا۔ وصول ہونا۔
واصل گردیدن۔ رجوع بہ ماقبل۔
واضح شدن۔ آشکارا ہونا۔
واضح کردن۔ آشکارا مظاہر و روشن کرنا۔
واضع۔ وضع کرنے والا۔ بنانے والا بنیاد رکھنے والا۔
واعظ۔ پندو موعظمت دینے والا۔
واعظان۔ جمع ہے واعظ کی۔
واعظان کین جلوہ بر محراب و منبر می کنند
چوں بخلوت می روند آں کار دیگر می کنند)
وافر۔ زیادہ۔
وافور کشیدن۔ چرس پینا۔
وافوری۔ چرسی۔ افیونی۔ بھنگ پینے والا۔
واقعاً۔ حقیقتاً۔
واقعی۔ حقیقی۔ بلاشبہ۔
واقعیت داشتن۔ وقوع پذیر ہونا واقع ہونا۔

واقفین ۔ واقف کی جمع ۔
واکردن۔ کھولنا ۔
واکس ۔ بوٹ پالش
واکس زدن۔ پالش کرنا۔ روغن کرنا
واکنش۔ ردعمل ۔
واکن کیسہ بخور رہرلسیہ ۔ روپے کی دُھال ٹال دے دبال ۔
واگذار کردن چھوڑ دینا۔ سپرد کرنا
واگذارشدن۔ چھوٹ جانا ۔
واگذاردن۔ رجوع بہ ماقبل
واگذاشتن۔ منتقل کرنا ۔
واگیرائی ۔ انحراف
واگرفتن۔ کسی متعدی یا چھوت چھات کی بیماری میں مبتلا ہونا ۔
واگن } ریل گاڑی کا ویگن
ویگون } ریل کا ڈبہ
واگیر } متعدی مرض
واگیرہ } چھوت کی بیماری
واگیرہ کردن ۔ چھوت سے بیماری کا لگ جانا ۔
والا۔ بلند بالا ۔
والاجاہ ۔ بلند مرتبہ ۔
والاحضرت ۔ شاہی خاندان کا خطاب ۔

واللہ اعلم ۔ اللہ جانتا ہے ۔
وال گونہ ۔ غازہ ۔ گلگونہ ۔ اُبٹنا ۔
والمیدن ۔ لیٹنا ۔ آرام کرنا ۔
وام ۔ قرض
وام خواستن ۔ اُدھار مانگنا یا لینا ۔
وام گرفتن ۔ قرض لینا ۔
وام دادن ۔ قرض دینا ۔
وام خواہ قرض خواہ
وام گیر ۔ مقروض ۔ قرض لینے والا ۔
وام واجارہ ۔ ادھار ٹھیر ۔
واماندن ۔ تھک جانا ۔ پیچھے رہ جانا ۔
واماندگی ۔ تھکن ۔ شکستگی ۔ خستگی ۔
واماندہ بہ کہ درماندہ ۔ گرے ہوئے سے تھکا ہوا اچھا ۔
واماندہ شدن ۔ رجوع بہ واماندن
وامق ۔ چاہنے والا ۔ طالب ۔ عرب کے ایک مشہور عاشق کا نام جس کی محبوبہ عذرا تھی ۔
وامی ۔ مقروض ۔
وانگریستن ۔ دیکھنا ۔
وانمود کردن ۔ دکھانا ۔ ظاہر کرنا ۔ غلط دعویٰ کرنا ۔
وانمودن ۔ دکھانا ۔ نمائش کرنا ۔

داو عاطفہ - وہ داؤ جو دو کلموں کے ربط پیدا کرے (حامد و محمود)
داویلا - افسوس - حیف - گریہ وزاری -
داویلا کردن - آہ وزاری کرنا - افسوس کرنا -
واہب - بخشنے والا -
واہب عطایا - خداوند تعالیٰ -
واہلہ - حضرت نوح علیہ السلام کی بیوی کا نام -
واہم - وہمی
واہمہ - وہم کی قوت یعنی وہ قوت جس سے وہم و گمان اور وسواس پیدا ہوتے ہیں -
واہی - لغو - بیہودہ - بے بنیاد -
واہی گفتن واہی تباہی بکنا -
وای - آہ - کلمہ درد ؎
ای وای بر اسیرے کز یاد رفتہ باشد
در دام ماندہ باشد و صیاد رفتہ باشد
وای بکاری کہ نسازد خدا - خدا کی رضا پر راضی رہنا چاہیئے -
وایہ خواستن - حاجت مانگنا -

و - ب

وبا - وبائی مرض جیسے ہیضہ - طاعون وغیرہ -
وبائی - مربوط - وبا -
وبال - سختی - زحمت - رنج - عذاب (مہر طاؤس وبال طاؤس)

و - ت

وتد - کھونٹی - میخ -
وتیرہ - راہ - روش - دستور - طرز -

و - ث

وثاق - قید - بند -
وثاق - گھر - حرم - سرائے - خانہ
وثن - بت
وثنی - بت پرست -
وثوق - اعتماد - بھروسہ - اعتماد کرنا -
وثیق - استوار - مضبوط -
وثیقہ - عہد و پیمان - عہد نامہ تمسک -

وثیقہ نویس - عرائض نویس

و - ج

وجاہت - خوب صورتی - چہرے کا روشن ہونا - عزت و آبرو
وجب - بالشت
وجب کردن - بالشتوں سے ناپنا
وجد - شوق - طرب - بزدہ خاص کیفیت جو سماع یا یاد الٰہی سے طاری ہوتی ہے - ع
(رُوحِ جبرئیل ہم آمد بوجد)
وجدان - نفسی - باطنی - ضمیر
وجداناً - از رُوئے وجدان
وجدانی - قلبی اور باطنی امور و بات جو حواس باطنہ سے معلوم ہو -
وجدانیات - جمع ہے وجدانی کی
وجد کردن - ذوق و مستی کی حالت میں حرکت کرنا -
وجع کردن - دکھ دینا - آزار دینا -
وجع المفاصل - جوڑوں کا درد - گنٹھیا -
وجنات - وجنہ کی جمع - رخسار - گال -
وجوب - واجب ہونا -
وجود - ہستی - تن - بدن ع -
(زہد وجود خود شہادت خواستند)
وجود عنقا بودن - نایاب ہونا -
وجہ - چہرا - منہ - طور - طریقہ - رُخ - سبب -
وجہ تسمیہ - نام رکھنے کا سبب -
وجہ احسن - بہتر راہ -
وجہ - طرف - پہلو - دستور -
وجہ داشتن - اثر و رسوخ کا ہونا -
وجہ کفاف - وہ رقم جو گذارے کے لئے کافی ہو -
وجہ معاش - وہ چیز جس کے سبب سے معاش پیدا کی جائے
وجیز - مختصر - خلاصہ -
وجیہ - صاحب جاہ - دولت مند خوب صورت - زیبا -

و - ح

وحدانیت - واحد ہونا - ایک ہونا -
وحدت - ایک ہونا - ایک اکائی

وحدت الوجود۔ تمام موجودات کوذات باری تعالٰے کا وجود خیال کرنا۔ اور باقی ماسوی کو محض اعتباری سمجھنا۔ جو ہے سب ایک ہی نور ہے۔
وحش۔ وحشی۔ جنگلی جانور۔
وحشت۔ ڈر۔ خوف
وحشت داشتن۔ ڈرنا۔
وحشت انگیز۔ ہولناک۔
وحشت ناک۔ خوفناک
وحشی۔ جنگلی۔ غیر مہذب۔ آدم خور
وحشیانہ۔ از رُوئے وحشی پن
وحشی گری۔ حرکات وحشیانہ
وحوش۔ وحش کی جمع۔ درندے جنگلی جانور۔
وحی۔ خدائی پیغام۔ پوشیدہ بات۔
وحی رسیدن۔ وحی کا آنا۔
وحی فرستادن۔ فرشتہ وحی کو بھیجنا
وحی نازل شدن۔ فرشتہ وحی کا نازل ہونا۔
وحید۔ تنہا۔ اکیلا۔ یگانہ۔ لاثانی۔
وَحیدُالعَصر۔ یکتائے روزگار۔

و۔خ

وَخامت۔ بُرائی۔ نقص۔
وَخامتِ اوضاع۔ حالات کی خرابی۔ بُرے حالات۔
وَخامت داشتن۔ ناقص ہونا۔ خطرناک ہونا۔ خراب ہونا۔
وَخشور۔ پیغمبر
وَخ وَخ۔ کلمہ تعجب وانبساط۔ بہ بہ۔ چہ خوب۔ چہ خوش۔
وَخیم۔ بد۔ زیان آور۔ مضر۔ خطرناک دشوار

و۔د

وُدّ۔ دوستی۔ مہربانی
وِداد۔ رجوع بہ ماتیل۔
وِداد داشتن۔ دوستی رکھنا۔ شفقت کرنا۔
وِدادی۔ دوستانہ۔ مشفقانہ۔ محبّانہ
وَداع کردن۔ الوداع کرنا۔ خدا حافظ کہنا۔
وَدائع۔ ودیعت کی جمع امانتیں۔

ودائعِ خداوندی۔ اللہ کی امانتیں پاک نفس لوگ۔ اولیاء اللہ اماماں اور پیغمبران۔
وُدود۔ دوست با صفا۔ بہت مہربان یہ صفت خداوندی ہے۔
وَدیعت۔ امانت۔
وَدیعت گذار۔ جو امانت کسی کے پاس رکھے۔ صاحب مال۔ سپرد کرنے والا
ودیعت گذاردن۔ کسی کے پاس امانت رکھنا۔
ودیعت گیر۔ جو امانت لیتا ہے یا یا جسے امانت سونپی جاتی ہے

و۔ ر

وَر۔ حرارت۔ گرمی پھل کا پکنا۔ طرف۔ کنارہ۔
وَرا۔ پیچھے۔ سوا۔ علاوہ۔ مخفف اورا۔
وِراثت۔ میراث پانا۔ مُردے کا مال۔
وَرافتادن۔ متروک ہو جانا۔ کہنہ اور پرانا ہو جانا۔
ورآمدن۔ اُبھر آنا۔ پک جانا۔
ورانداز۔ تخمینہ۔ جائزہ۔
ورانداز کردن۔ تخمینہ لگانا جائزہ لینا۔
ورپریدن۔ مٹ جانا۔ اچانک مرجانا۔
وِرزدن۔ بہت باتیں بنانا۔
وراج۔ باتونی۔ بیادہ گو۔
وراجی کردن۔ ہرزہ سرائی۔ لغو باتیں کرنا۔ واہی تباہی ہانکنا۔
وَرّاق۔ کاغذ بنانے والا۔ کاغذ فروش۔
ورت نیست بیا ببین۔ ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے۔
ورجستن۔ دوبارہ کودنا۔ مسلسل حرکت کرنا۔
ورخوردن۔ ملنا۔ ملاقات کرنا۔
وَرد۔ گل سرخ۔ گلاب۔
وِرد۔ ذکر۔ وظیفہ
وردار ودربال۔ ہرج مرج کھلبلی لوٹ پڑی ہیں جو نہ لوٹے سو وہ بھی نامعقول۔

وبردل نشستن ۔ کسی کے پاس سے جدا نہ ہونا ۔ ڈھارس بندھانا ۔ دل جوئی کرنا ۔
وَردست ۔ مددگار ۔ یاور ۔ دستگیر
وَر رفتن ۔ کسی کے قریب ہونا ۔ کسی سے چمٹنا ۔
وَرز ۔ حاصل ۔ پیداوار ۔ کھیتی ۔
ورزاد ۔ بیل جس کے سر پہ کھیتی باڑی کا دارومدار ہے ۔
وَرزش ۔ ورزیدن مصدر سے حاصل مصدر ۔ جسمانی ریاضت ۔ کھیل کود ۔
ورزش دادن } برائے ہردو ۔
ورزش کردن } رجوع بہ ماتیل ۔
ورزش کار ۔ کھیل کود کا شوقین ۔ پہلوان ۔ زور آزما ۔
ورزش گاہ ۔ اکھاڑہ جمنیزیم ۔
ورزشگر ۔ کھلاڑی ۔ طاقت ور ۔
وَرزندہ ۔ استاد ورزش ۔ ڈرل ماسٹر
وَرزیدہ ۔ ورزشی ۔ گٹھا ہوا ۔ طاقتور تجربہ کار ۔
ورز کار ۔ مزارعہ کسان
ورزگر ۔ دہقان ۔ کشاورز ۔

وَرس ۔ اونٹ کی نکیل
ورسنگ ۔ تانزد کا پاسنگ
ورشکست ۔ دیوالیہ
ورشکست شدن ۔ دیوالیہ ہونا ۔
ورشکستگی ۔ دیوالیہ پنا ۔
وَرطہ ۔ بھنور ۔ غرقاب ۔
وَرَع ۔ پرہیزگاری ۔ گناہوں سے بچنا ۔ مذہبی نقطہ نگاہ سے مشکوک کاموں سے کنی کترانا ۔
ورِع ۔ پارسا ۔ پرہیزگار
ورغلانیدن ۔ ورغلانا
وَرفان ۔ شفیع شفاعت کرنے والا ۔
ورفانی ۔ شفاعت ۔ وساطت ۔
وَرَق ۔ برگ ۔ کاغذ ۔ درخت کا پتہ ۔
وَرقا ۔ فاختہ ۔ کبوتر ۔
ورق باز ۔ ۱ ۔ جُوا کھیلنے والا ۔ ۲ ۔ تاش کھیلنے والا ۔
ورق بازی ۔ تاش کھیلنا ۔
ورق برگشتن ۔ معاملہ بگڑ جانا ۔ حالات کا پلٹا کھا جانا بدل جانا ۔
ورق زدن ۔ ورق الٹنا ۔
ورق شمار ۔ صفحے گننے والا
ورق شماری کردن ۔ کتاب کے

صفحوں کو گننا یا ان پر نمبر لگانا۔
ورقہ کردن۔ ورق ورق الگ کر دینا
ورقہ۔ اتہام۔ فرد جرم۔
ورقہ زیارت۔ ملاقاتی کارڈ۔
ورقہ بانک۔ بنک کا چیک
ورقہ پوست۔ پوسٹ کارڈ
ورقہ تحویل۔ ہنڈی۔ چیک
ورقہ گنجفہ۔ تاش کا پتہ۔
ورمال۔ ٹھگ۔ لیٹرا۔
ورمالیدن۔ آستین چڑھانا۔
بھاگ جانا۔ فرار کرنا۔ ٹھگنا۔
ورنام۔ لقب
ورنامہ۔ ایڈریس۔ سرنامہ
ورود۔ وارد ہونا۔ داخل ہونا
ورود کردن۔ رجوع بہ ما قبل۔
وردور کردن بڑبڑ کرنا۔ لغو و فضول باتوں کو دہرانا
ورودیہ۔ حق ورد۔ وہ ٹیکس جو وارد ہونے پر لیا جاتا ہے۔
ورید۔ شاہ رگ۔ علم طب میں اس رگ کو کہتے ہیں۔ جو پھڑکتی نہ ہو۔

و ۔ ز

وزاق۔ ۱۔ بڑا وزن کرنے والا۔ ۲۔ تولنے والا۔
وزان۔ اسم حالیہ ہے وزیدن مصدر سے بمعنی در حال وزیدن۔
وزر۔ بار۔ بوجھ۔ وبال۔ گناہ۔
وزرا۔ جمع وزیر کی۔
وزش۔ حاصل مصدر۔ جھونکا ہوا۔
وزغ　مینڈک۔
وزن　تولنا۔ بوجھ۔ بار۔ نیز شان اعتبار۔ ساکھ اور حیثیت۔
وزن داشتن ۱۔ بوجھل ہونا۔ ۲۔ باعزت و باوقار ہونا۔
وزن کردن۔ تولنا۔
وزنہ۔ جس کے باعث ترازو کا وزن قائم رہتا ہے (پارنگ)
وزیدن۔ ہوا کا چلنا۔
(ہوای خنک می وزد مگر زجو ئبار ہا)
وزیر۔ وزر بمعنی بوجھ۔ ذمہ داری۔ لہذا وزیر جو کہ سلطنت کے کاروبار کا بوجھ اٹھاتا اور ذمہ داری قبول کرتا ہے۔

وزیرِ مختار۔ سفیر۔
وزیرِ وزیراں ۔ وزیرِ اعظم چیف منسٹر
وزیرے چنیں شہریاری چناں
اندھی نگری چوپٹ راجہ۔
وزیر بودن۔ بادشاہ اور صاحبِ جاہ وجلال ہونا۔

و ۔ س

وِسادہ ۔تکیہ۔ سرہانہ۔ بالشں۔
وِساطت۔ وسیلہ۔ واسطہ۔
وساوِس ۔جمع وسوسہ کی۔
وسائِد۔ جمع ہے وسادہ کی۔ رجوع کریں وسادہ۔
وسائِط۔ واسطہ کی جمع۔
وسائِل۔ وسیلہ کی جمع۔
وَسنا۔ خدا کی تعریف
وَسنی۔ شرح۔ ترجمہ۔ تفسیر۔
